قرآن مجید کے تمام الفاظ کا مکمل حل
الیاقوت والمرجان
فی
حل صیغ القرآن
www.KitaboSunnat.com
تالیف
مولانا مختار احمد سلفی
نظر ثانی
حافظ محمود احمد تبسم
مکتبہ اثریہ

قرآن مجید کے تمام الفاظ کا مکمّل حل
الیاقوت والمرجان
فی
حل صیغ القرآن
تالیف
مولانا مختار احمد سلفی
نظر ثانی
حافظ محمود احمد تبسّم
مکتبہ اثریہ

کتاب

تالیف

مکتبہ اسلامیہ

لاہور ہادیہ حلیمہ سینٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
042-37244973 - 37232369

بیسمنٹ سمٹ بینک بالمقابل شیل پٹرول پمپ کوتوالی روڈ، فیصل آباد
041-2631204 - 2641204

0300-8661763
/maktabaislamia1
www.maktabaislamiapk.com
maktabaislamiapk@gmail.com

خصوصیت

اس کتاب میں قرآنی الفاظ کو قرآن مجید کے الفاظ کی موجودہ شکل کا لحاظ کرتے ہوئے حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے، تاکہ ابتدائی طلباء کے لیے لفظ کو تلاش کرنا آسان ہو جائے، اب قرآن مجید کا کوئی لفظ بھی تلاش کرنے کے لیے اس کا ''مادہ'' معلوم کرنے کی ضرورت نہیں ہے، بلکہ اس کی قرآن مجید میں موجودہ شکل کے اعتبار سے تلاش کیا جائے گا، مثلاً قَـال کو ''باب القاف'' کی ق اور الف کی تختی میں دیکھیں اور ق، و، ل مادہ دیکھنے کی ضرورت نہیں، تُقَاةً کو ''باب التاء'' کی ت اور ق کی تختی میں دیکھیں اور و، ق، ی مادہ دیکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

انتساب

میں قرآن مجید کی اس خدمت کی ادنیٰ سی کاوش کی
نسبت اپنے خالق و مالک کی طرف کرتا ہوں جس
نے مجھ جیسے کمزور و ناتواں کو یہ توفیق بخشی

فہرست

ہدایات

اس کتاب کی تدوین میں درج ذیل امور کو پیش نظر رکھا گیا ہے:

① کتاب کو اٹھائیس ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے یعنی حروف تہجی میں سے ہر حرف سے شروع ہونے والے الفاظ کو الگ باب میں لکھا گیا ہے ،جیسے: باب الالف، باب الباء

② ہر صفحے کے اوپر بائیں جانب ان پہلے دو حروف کی نشاندہی بھی کر دی گئی ہے، جو اس صفحے میں آنے والے الفاظ کے شروع میں ہیں۔

③ قرآنی الفاظ کو قرآن مجید کے الفاظ کی موجودہ شکل کے لحاظ سے حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے، ترتیب میں صرف نفس لفظ کا لحاظ ہی رکھا گیا ہے، اگر اس سے پہلے کوئی اضافی حرف کسی خاص غرض کے لیے متصل ہو کر آرہا ہے تو ترتیب میں اس کا اعتبار نہیں کیا گیا ،مثلاً: جب کسی لفظ سے پہلے الف لام، حرف جر باء، تاء، کاف، لام، حرف عطف فاء یا واؤ، لام تاکید، لام امر، لام کَـیْ یا سین وغیرہ متصل ہو کر آجائیں تو اس لفظ کی ابتدا اصل لفظ سے سمجھی جائے گی، جیسے: فَـأْذَنُـوْا کو باب الھمزہ میں ذکر کیا گیا ہے ۔ ہاں اگر اسم کے شروع میں الف لام لازمہ ہو تو اس کا اعتبار کیا گیا ہے، جیسے: آلْاٰنَ ،کو باب الھمزہ میں ذکر کیا گیا ہے، بسا اوقات بعض الفاظ کے شروع میں آنے والے اضافی حروف اس کلمہ ہی کا حصہ محسوس ہوتے ہیں، ابتدائی طلباء فرق نہیں کر سکتے کہ یہ اضافی حروف ہیں یا اس کلمہ کا جزء ہیں، جیسے: وَقِـنَا، اس میں بظاہر ایسے معلوم ہوتا ہے کہ واؤ لفظ کا حصہ ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے ،لہٰذا اس جیسے الفاظ کو دو جگہ ذکر کر دیا گیا ہے یعنی شروع میں آنے والے حروف کی زیادتی کے ساتھ اور بغیر زیادتی کے، جیسے: فَـرَاغَ اس کو ایک جگہ باب الفاء میں اور دوسری بار باب الراء میں لکھا گیا ہے۔

④ اگر کوئی حرف کسی لفظ کے ساتھ متصل نہ ہو، مگر وہ لفظی یا معنوی عمل کر رہا ہو تو اسے بھی ساتھ لکھا گیا ہے، مثلاً کسی لفظ سے پہلے لائے نہی ،حرف نفی مَا ،لَا ،لَنْ ،لَمْ ،اور اَنْ ،اِنْ ،کَیْ ،حَتّٰی ،اِذَنْ وغیرہ آجائے تو ابتدا اصل فعل سے ہی شمار ہوگی، جیسے: لَمْ تُؤْمِنْ کو باب التاء میں لایا گیا ہے، البتہ اصل کلمہ کے شروع میں آنے والے عامل کو جو لفظی یا معنوی عمل کر رہا ہو الگ سے لکھ دیا گیا ہے تاکہ لفظ کو سمجھنا آسان ہو جائے۔

⑤ اگر کسی فعل امر غائب معلوم یا مجہول سے پہلے فاء یا واؤ آجائے تو ابتدا اصل فعل سے ہی سمجھی جائے گی ،البتہ پڑھنے کی آسانی کے لیے انہیں اور لام امر کو فعل کے ساتھ لکھا گیا ہے مگر ترتیب میں ان کا اعتبار نہیں کیا گیا، جیسے: فَلْيَأْتِنَا کو باب الیاء میں لکھا گیا ہے اور وَلْتَنْظُرْ کو باب التاء میں لکھا گیا ہے۔

⑥ تکرار سے حتی الوسع بچنے کی کوشش کی گئی ہے، یہی وجہ ہے کہ اسم میں معرف باللام اور غیر معرف باللام اور اس کی اعرابی حالت کا لحاظ نہیں کیا گیا یعنی اگر کوئی اسم رفعی نصبی اور جری تینوں حالتوں میں آرہا ہے تو اس کی صرف ایک حالت پر اکتفاء کر لیا گیا ہے، سوائے تثنیہ اور جمع مذکر سالم کے، اسی طرح اسماء کے ساتھ ضمیر مجرور متصل اور افعال میں ضمیر منصوب متصل کے آنے کا لحاظ نہیں کیا گیا، ہاں اگر تعلیل وغیرہ میں فرق پڑ جائے تو دوبارہ بھی وہ صیغہ لکھا گیا ہے ،اسی طرح اگر کسی جگہ کوئی اضافی فائدہ ہو تو اس کے پیش نظر ایک صیغہ دوبارہ بھی ذکر کر دیا گیا ہے ،مثلاً فعل مضارع پر داخل ہونے والے مختلف عوامل کی وضاحت کرنا۔

⑦ ترتیب کے دوران تشدید والے حرف کو ایک ہی شمار کیا گیا ہے۔

⑧ ہمزہ کا نمبر ترتیب میں الف کے بعد آتا ہے، ترتیب میں ہمزہ کے رسم الخط کا فرق نہیں کیا گیا، خواہ وہ الف پر لکھا ہوا ہو ''أ''، واؤ پر لکھا ہوا ہو ''ؤ'' یا یاء پر لکھا ہوا ہو ''ئ''۔

⑨ الفاظ کو قرآنی رسم الخط کے مطابق لکھا گیا ہے، اگر اس میں کوئی زائد حرف ہو تو حاشیہ میں اس کی وضاحت کر دی ہے۔

⑩ کسی لفظ کو تلاش کرتے وقت اگر بعینہ وہی لفظ نہ ملے تو اس کے شروع اور آخر سے زوائد کو ہٹا کر وہ لفظ دیکھیں۔

⑪ ترجمہ، قرآن کے سیاق وسباق کوملحوظ رکھ کرلکھا گیا ہے، مثلاً اگرکسی فعل کا فاعل جمع اسم ظاہر ہو یا فاعل جمع مکسر تو اس کا ترجمہ فاعل کے اعتبار سے جمع والا ہوگا، قرآن مجید کا ترجمہ سیکھتے ہوئے جب ایک لفظ مختلف جگہوں پر آتا ہے تو ہر جگہ اس لفظ کا ترجمہ دوبارہ سے یاد کرنا پڑتا ہے، اور اسی طرح بسا اوقات ایک ہی لفظ کا ترجمہ مختلف جگہوں پر مفعول، صلہ یا باب وغیرہ کے تبدیل ہونے سے بدل جاتا ہے تو ترجمہ یاد کرنے والا تشویش کا شکار ہو جاتا ہے کہ پیچھے اس کا ترجمہ اور تھا اور یہاں اس کا ترجمہ یہ ہو رہا ہے، ہم نے تمام قرآنی الفاظ کو بغیر تکرار کے ذکر کر دیا ہے تاکہ ایک لفظ کا ترجمہ جب ایک جگہ یاد کر لیں تو دوبارہ یاد کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے اور اسی طرح اگر وہ لفظ قرآن مجید میں مختلف جگہوں پر مختلف معانی کے لیے استعمال ہوا ہے تو اس کے باقی معانی بھی حاشیہ میں ذکر کر دیے ہیں اور اگر اس کی کوئی وجہ ہے تو وہ بھی ساتھ لکھ دی ہے۔

⑫ سہ اقسام کے ضمن میں صرف اسم، فعل اور حرف لکھنے پر اکتفاء نہیں کیا گیا بلکہ ان کی نوعیت بھی لکھی گئی ہے، مثلاً اگر وہ اسم ہے تو ساتھ یہ بھی لکھ دیا ہے کہ وہ اسم جامد ہے، مصدر ہے یا وہ مشتق کی فلاں قسم ہے، مثلاً اسم فاعل، اسم مفعول وغیرہ، اسی طرح اگر وہ فعل ہے تو فعل کی قسم ماضی، مضارع اور امر وغیرہ کا بھی تعین کر دیا گیا ہے، اور اگر وہ حرف ہے تو اس کی قسم بھی بتا دی گئی ہے کہ وہ حرف جر ہے یا حرف مشبہ بالفعل ہے وغیرہ۔

⑬ جب کوئی کلمہ اسم ہو اور اسم کی قسموں میں سے وہ مصدر ہو تو سہ اقسام کے خانے میں اس سے پہلے لفظِ اسم کو بریکٹ میں لکھا گیا ہے، کیونکہ اسم کو مصدر کے ساتھ لکھنے سے یہ اشکال پیدا ہوتا ہے کہ شاید یہ مصدر کی قسموں میں سے ایک ذیلی قسم، اسم مصدر ہے۔

⑭ بعض الفاظ درحقیقت دو کلمے ہوتے ہیں لیکن بظاہر ایک نظر آتے ہیں، ان پر سہ اقسام کے اعتبار سے صرف اسم یا فعل یا حرف کا حکم نہیں لگایا جاسکتا، اس لیے سہ اقسام کے خانے میں مرکب لکھ دیا ہے اور حاشیہ میں اس کی وضاحت کر دی ہے۔

⑮ وہ الفاظ جو اصل میں مصدر یا اسم فاعل ہیں مگر قرآن مجید میں اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہے ہیں تو ان کے استعمال کا لحاظ کرتے ہوئے انہیں اسم جامد ہی لکھا گیا ہے اور حاشیہ میں وضاحت کر دی گئی ہے، جیسے: اَلْكِتَابُ اصل میں مصدر ہے مگر استعمال میں اس سے مراد قرآن مجید ہے تو اسے اسم جامد لکھا گیا ہے، اور حَاصِبًا اصل میں اسم فاعل ہے، مگر استعمال میں اس سے مراد پتھر ہیں تو اسے اسم جامد لکھا گیا ہے۔

⑯ اسم مشتق کی قسم جو ظرف ہے اسے اسم ظرف لکھا گیا ہے، جیسے: مَسْجِدٌ اور جو نحو کے اعتبار سے اسم غیر متمکن (اسم مبنی) کی قسم ظرف ہے، اسے اسم جامد لکھا گیا ہے، جیسے: مَتٰى، البتہ اس کے حاشیہ میں ظرف مکان اور ظرف زمان لکھا گیا ہے۔

⑰ کسی لفظ سے جب ثلاثی مجرد کے ایک سے زائد ابواب آئیں تو باب کے خانے میں مکمل باب کا نام لکھنے کی بجائے صرف پہلا حرف لکھا گیا ہے۔

⑱ اسم جامد میں شش اقسام کا تعین واحد کے اعتبار سے ہوتا ہے، مثلاً حُمُرٌ کو ثلاثی مزید فیہ لکھا گیا ہے کیونکہ اس کا واحد حِمَارٌ ثلاثی مزید فیہ ہے۔

⑲ الفاظ قرآنی میں جو حرف محذوف ہے، اس کے وزن میں بھی وہ حرف حذف کر دیا گیا ہے، تاکہ وزن کو دیکھتے ہی پتا چل جائے کہ اس میں سے کون سا کلمہ حذف ہو چکا ہے، البتہ وہ صیغے جن میں ابدال اور قلب ہوا ہے ان میں ان کی اصل کے اعتبار سے وزن لکھا گیا ہے۔

⑳ ناقص کے ابواب سے صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معلوم کی اصل بتاتے وقت سہولت کے لیے حرف علت کو ظاہر کر کے لکھا گیا ہے، مثلاً اِبْتَغِ کی اصل اِبْتَغِيْ لکھی گئی ہے، اگرچہ امر حاضر معلوم تو براہ راست مضارع حاضر معلوم سے بنتا ہے، اس لیے اس میں مزید تعلیل تو نہیں ہوگی، لیکن یہ صرف قاری اور طالب علم کی سہولت کے لیے ہے۔

㉑ اصل کے خانے میں جو نمبر لکھے گئے ہیں، وہ حاشیہ پر دلالت کرتے ہیں، حاشیہ میں اس لفظ کی تعلیل، واحد کی جمع، جمع کا واحد، اور اس کے علاوہ دیگر فوائد ذکر کیے گئے ہیں، قاعدہ کا صرف نام لکھا گیا ہے، مکمل قواعد بمع امثلہ اور ان کی تعلیل، کتاب کے شروع میں لکھے گئے ہیں۔

㉒ اگر مختلف الفاظ کا حاشیہ ایک سا ہے تو ان کا نمبر ایک جیسا ہی لکھ دیا گیا ہے۔

㉓ ”قاعدہ نون تاکید ثقیلہ“ اس لیے لکھا جاتا ہے کہ نون تاکید ثقیلہ یا خفیفہ آنے کی صورت میں لفظ میں ہونے والی تبدیلی کی تفصیل قاعدہ میں دیکھ لی جائے۔

㉔ حوالہ کے ضمن میں پہلے سورت کا نام اور پھر اس کا آیت نمبر لکھا گیا ہے۔

㉕ بعض الفاظ کی اہمیت کے پیش نظر ان کی وضاحت کے لیے مختصر مگر جامع تشریح کر دی گئی ہے۔

رموز

اس کتاب میں مندرجہ ذیل رموز استعمال کیے گئے ہیں:

م : سے مراد مفرد ہے۔

ج: سے مراد جمع ہے۔

× : کراس کا یہ نشان جس خانے میں ہو اس لفظ کے بارے میں اس خانے والی چیز کے نہ ہونے پر دلالت کرتا ہے، جب یہ نشان ''اصل'' کے خانے میں ہو تو اس سے مراد ہوتا ہے کہ یہ لفظ اپنی اصل پر ہے، اس میں کوئی تبدیلی (تعلیل) نہیں ہوئی۔

// : یہ نشان ظاہر کرتا ہے کہ یہاں پر بھی اوپر والی چیز ہی دوبارہ سمجھ لیں۔

ثلاثی مجرد کے ابواب:

فَعَلَ يَفْعُلُ کے لیے نصر	فَعَلَ يَفْعِلُ کے لیے ضرب
فَعِلَ يَفْعَلُ کے لیے سمع	فَعَلَ يَفْعَلُ کے لیے فتح
فَعُلَ يَفْعُلُ کے لیے کرم	فَعِلَ يَفْعِلُ کے لیے حسب

اور ایک لفظ کے لیے زیادہ باب آنے کی صورت میں

باب نصر کے لیے '' ن''	باب ضرب کے لیے '' ض''
باب سمع کے لیے '' س''	باب فتح کے لیے '' ف''
باب کرم کے لیے '' ك''	باب حسب کے لیے '' ح''

عرضِ مؤلف

الحمدللّٰہ وحدہ والصلاۃ والسلام علی من لانبی بعدہ امابعد!

قرآن مجید کلام الٰہی ہے جو ہر مسلمان کے لیے ضابطۂ حیات ہے، اس کا پڑھنا اور اسے سمجھنا انتہائی ضروری ہے۔ اس کو صحیح معنوں میں سمجھنے اور اس کا فہم حاصل کرنے کے لیے اس کے مفردات کو حل کرنا انتہائی ضروری ہے، مفردات کو حل کرنے کے لیے لغت، صرف اور نحو کی اشد ضرورت ہوتی ہے، اسی لیے اس کتاب میں قرآن مجید کو سمجھنے کا شوق رکھنے والے طلبا کی سہولت کے لیے ان چیزوں پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

اس کتاب کو لکھنے کا محرک یہ بات بنی کہ جب دورانِ تعلیم قرآن مجید کے ترجمہ اور اجراء کے دوران اساتذہ کرام صیغوں کے بارے میں پوچھتے تو ان کو حل کرنے میں بڑی محنت کرنا پڑتی، منتہی طلبا کی مدد اور اساتذہ کرام کی راہنمائی سے مختلف تفاسیر سے تلاش کرنے میں بڑی دقت محسوس ہوتی بعض صیغے مل جاتے اور بعض نہ ملتے، دل میں یہ ارمان پیدا ہوتا کہ کاش کوئی ایسی کتاب موجود ہو جس میں تمام صیغوں کا حل موجود ہو۔ بعد میں جب اللہ تعالیٰ نے تدریس کا موقع دیا تو قرآن مجید کا ترجمہ پڑھاتے ہوئے طلبا کو جب صیغے حل کرنے کا کہا تو انہوں نے بھی اسی خواہش کا اظہار کیا۔ اسی طرح اسلامک ایجوکیشن انسٹیٹیوٹ مہتانوالہ میں فضیلۃ الشیخ محمد ادریس اثری ﷾ کے زیر سایہ بارہا مرتبہ دورۂ صرف کروانے کا موقع ملا جس میں شریک طلبہ بھی قرآن مجید کے صیغوں کو حل کرتے ہوئے ایسی کتاب کی ضرورت محسوس کرتے، چونکہ میں پہلے سے ہی اس چیز کی ضرورت محسوس کرتا تھا تو اب مزید دل میں تڑپ پیدا ہوئی، اور وہ دیرینہ خواہش ایک عزم مصمم کی صورت اختیار کر گئی، لہٰذا میں نے اللہ مالک الملک کی توفیق اور اساتذہ کرام کے مشورے سے کام شروع کر دیا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اساتذہ کرام کی نیک دعاؤں اور مخلص دوستوں کے تعاون سے یہ کام پایا تکمیل تک پہنچ گیا والحمدللہ علی ذلک۔

میں استادِ محترم فضیلۃ الشیخ ابومحمد ادریس اثری ﷾ اور استادِ محترم فضیلۃ الشیخ ابونعمان محمد بشیر ﷾ کا شکر گزار ہوں کہ اس کتاب کی تیاری میں ان کے قیمتی مشوروں سے استفادہ کیا گیا۔ اسی طرح استادِ محترم اور برادرِ نسبتی فضیلۃ الشیخ ابوالقاسم حافظ محمود احمد تبسم ﷾ بھی میرے شکریے کے مستحق ہیں جنہوں نے بارہا مرتبہ اس کتاب پر نظرِ ثانی فرمائی اور بہت سی چیزوں کی اصلاح فرمائی۔ فضیلۃ الشیخ عبدالرحمٰن ضیاء ﷾ کا بھی تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے کئی مشکل مقامات پر میری راہنمائی فرمائی۔ اس کے علاوہ میں ان تمام شیوخ کرام کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں جنہوں نے تقاریظ لکھ کر میری حوصلہ افزائی فرمائی۔ اللہ تعالیٰ تمام کی سعی کو شرفِ قبولیت سے نوازے اور انہیں صحت و سلامتی والی لمبی زندگی عطا فرمائے، اور تادیر ان کا سایہ ہمارے سروں پر رکھے۔

یہاں میں اگر اپنی اہلیہ محترمہ کا شکریہ ادا نہ کروں تو ناانصافی ہوگی جنھوں نے اس کتاب کی تیاری کے مختلف مراحل میں میری معاونت کی بالخصوص قرآنی الفاظ کا ترجمہ لکھا، اور میری مصروفیت کا لحاظ کرتے ہوئے مقدور بھر میری خدمت کی، اللہ تعالیٰ انھیں صحت و سلامتی عطا فرمائے اور دین حنیف کی مزید خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔

میں نے اپنی علمی استعداد کے مطابق بھرپور کوشش کی ہے کہ قرآن مجید کے صیغوں کو حل کرنے میں کوئی غلطی نہ رہے، پھر بھی اگر بتقاضائے بشریت سہواً یا خطاءً کوئی غلطی رہ گئی ہو تو احبابِ علم وفضل سے التماس ہے کہ وہ شفقت فرماتے ہوئے اس غلطی پر مطلع کریں تاکہ اس کی اصلاح کی جاسکے، میں ان احباب کا بے حد مشکور و ممنون ہوں گا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ میری اس ادنیٰ سی کاوش کو اپنی بارگاہ عالیہ میں قبول فرمائے، اسے میرے لیے، میرے والدین، اساتذہ کرام اور تمام محسنین و معاونین کے لیے ذخیرۂ آخرت بنائے۔ آمین

مختار احمد سلفی

تقریظ

فضیلۃ الشیخ استاذی المکرّم حضرت مولانا عبداللہ امجد چھتوی ﷾، شیخ الحدیث مرکز الدعوۃ السّلفیہ ستیانہ بنگلہ (فیصل آباد)

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم امابعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

قرآن کریم ایک ایسی کتابِ معجز ہے کہ جس کی تلاوت ، تفہیم ، تدریس واستماع اور کتابت واملاء کی ہمہ جہتی کاوشیں اہل ایمان اس کے زمانہ نزول سے آج تک ہر دور میں کرتے رہے ہیں، جہاں تلاوت واستماع کے لیے تجوید وقراءت کے انمول فن سے اہل علم وشوق کو آشنائی ہوئی وہیں تدریس وتفہیم کے لیے جدید ترین اور آسان ترین مگر اسلام کی حدودِ جواز اور قرآن کریم کے شروط وآداب کے اندر رہ کر بہترین اسالیبِ بیان وتحریر اختیار کیے جاتے رہے ، فہم قرآن کریم میں دیگر بہت سے علوم کے ساتھ ساتھ دو علوم بنیادی حیثیت کے حامل ہیں ، جن کے بغیر قرآن کی تفہیم ممکن ہی نہیں ، ان میں سے پہلا علم حدیث اور دوسرا علم اللغۃ العربیۃ وآدابھا ہے ، دراصل یہ دونوں علوم فہم قرآن کے لیے ممد علوم ہیں اور ریڑھ کی ہڈی کی طرح ہیں ، یہی وجہ ہے کہ جب بھی کوئی قرآن کریم کی سمجھ بوجھ حاصل کرنے کا آغاز کرتا ہے تو وہ ترجمہ قرآن کے ساتھ کرتا ہے اس ضمن میں کسی بھی غیر عربی شخص کو حدیث کے ساتھ ساتھ عربی لغت سے گہری دلچسپی کا رشتہ اپنانا پڑتا ہے ۔

حضرت عمر فاروق ﷛ کا فرمان مشہور ہے ''تَعَلَّمُوا اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ لِأَنَّهَا مِنْ دِيْنِكُمْ '' عربی زبان سیکھو اس لیے کہ یہ تمہارے دین کی زبان ہے ۔ عربی زبان قرآن کے ساتھ ساتھ حدیث کی بھی زبان ہے ، لہٰذا عربی زبان کے سیکھے بغیر کوئی شخص علم دین میں مہارت کا دعویٰ نہیں کرسکتا اگر کرے گا تو اس کے دعوے کی تکذیب نہایت آسان ہوگی ، لغت عربیہ اپنی اصل وارتقاء میں فصیح وبلیغ ہے اور لسانیاتی ادب میں عربی کی فصاحت وبلاغت میں معجزاتی تاثیر کی کوئی مثال موجود نہیں ۔ لغاتِ عالم میں وسعت معانی اور اشتراک معانی کے اعتبار سے عربی لغت ایک امتیازی مقام رکھتی ہے ، مثلاً صرف لفظ ''شہد'' کے لیے عربی میں 80 کلمات اور تلوار کے لیے 1000 اسماء موجود ہیں ۔

مشترک المعانی کلمات بے شمار ہیں جن کے معانی کی تعیین کے لیے سیاق وسباق سے آگاہی لازمی ہوتی ہے ، اسی طرح عربی بے شمار ایسے کلمات کی زبان ہے کہ جن کے صلہ کے بدل جانے سے معانی ہی بدل جاتے ہیں مثلاً لفظ دعا کا صلہ جب لام ہو تو اس کے معنی کسی کے لیے دعا کرنا ، جب اس کا صلہ علی ہو تو اس کے معنی کسی کے لیے بددعا کرنا اور جب الیٰ ہو تو اللہ سے دعا کرنا ۔ عربی زبان کی وسعت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ مشتقات منہا کے بدل جانے سے لفظ کے معنی بدل جاتا ہے مثال کے طور پر کلمہ ''وجد'' ایک مادہ ہے جس کے ماضی مضارع اور امر کے صیغے میں وحدت ہے لیکن مشتقات منہا کے اختلاف کی بنا پر معانی میں زبردست اختلاف ہے ، اگر ''وجد'' کا مشتق منہ ''موجد'' ہوگا تو معنی ''غضب'' کا دے گا ، اگر ''وجودا'' ہوگا تو اس کے معنی ''مطلوب'' ہوگا ، اگر مشتق منہ ''وجدا'' ہوگا تو معنی ''گم شدہ چیز کی تلاش'' ہوں گے اور مشتق منہ ''وجد'' کی صورت میں ''محبت'' اور ''جدۃ'' کی صورت میں ''غنی'' کے معنی میں ہوگا ، اسی طرح ''وجد'' قال کے معنی دیتا ہے ۔

بہرحال فہم قرآن کے لیے عربی لغت کے اساسی فنون ''صرف ونحو'' کا جاننا ازبس ضروری ہے اس کے لیے ہر دور میں اہل علم کی مساعی سامنے آتی رہیں ، عربی زبان میں بھی کئی کتب لکھی گئیں ، جیسے ''اعراب القرآن'' وغیرہ ، اردو زبان میں بھی کئی کاوشیں سامنے آتی رہیں ، اس میں جدید ترین کاوش عزیزم مولانا مختار احمد سلفی کی ہے ، میں نے بعض مقامات سے دیکھا ہے الحمدللہ اچھی کاوش ہے جس سے طلبائے قرآن کے علاوہ اساتذہ بھی استفادہ کریں گے اللہ تعالیٰ عزیزم مختار احمد سلفی صاحب کو جزائے خیر عطا فرمائے اور مزید علمی کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے ، اور ان کے لیے ، ان کے والدین اور اساتذہ کے لیے اسے صدقہ جاریہ بنائے ۔ آمین

عبداللہ امجد چھتوی

تقریظ

فضیلۃ الشیخ استاذی المکرّم مولانا ابو محمد ادریس اثری ﷾، شیخ الحدیث اسلامک ایجوکیشن انسٹیٹیوٹ دیپالپور (اوکاڑہ)

ان الحمدللّٰه و کفی وسلام علی عباده الذین اصطفی و اشهدان لااله الّا اللّٰه وحده لاشریك له و اشهدان محمد عبده ورسوله امّابَعْدُ!

ہر دور میں قرآن مجید کی خدمت مختلف انداز سے اہل علم وفضل کرتے آئے ہیں کوئی تجوید وقرأت کی صورت میں اور کوئی ترجمہ وتفاسیر کے حسین امتزاج میں اور کوئی اعراب القرآن کی شکل میں اور کوئی مضامین القرآن کے پیرائے میں اور کوئی نظم القرآن کے گل ہائے میں اور کوئی بلاغتی نقطۂ نظر سے، علم بیان ومعانی وبدیع کے انداز میں زیر نظر کتاب ''الیاقوت والمرجان فی حل صیغ القرآن'' جو کہ قرآن مجید کے معانی اور نحوی صرفی حل اور گراں قیمت تفسیری نکات کا مرقع ومجموعہ ہے یہ کتاب واقعی ہی اسم بامسمّٰی اور قرآن پاک کی تفہیم میں نصف النہار کی ضیا پاشیوں کے مترادف ہے، جس کے مؤلف ومصنف میرے قابل فخر ورشک شاگرد مولانا مختار احمد سلفی حفظہ اللہ ہیں جو کہ میرے پاس پڑھے بعدازاں میرے ساتھ عرصہ دس سال اسلامک ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹ دیپالپور میں تدریسی فرائض انجام دیتے رہے، اللہ تعالیٰ نے انہیں علمی بصیرت وثوق اور تدریسی صلاحیتوں کی دولت سے وافر حصہ عطا فرمایا ہے، اللّٰھم زدفزد۔

عزیزم لغت عربی خصوصاً صرف ونحو میں مہارت تامہ اور خوب دلچسپی رکھتے ہیں اس موضوع پر ان کی کتاب جو ہماری زیر نگرانی طبع ہوئی ''مختار النحو'' اور دیگر کتب جو مرتب کیں مثلاً تبیان الصرف، بدایۃ النحو، بدایۃ الصرف، تبصیر شرح ابن عقیل وغیرہ جو ان کی علم دوستی کا بیّن ثبوت ہیں۔

اور یہ کتاب الیاقوت والمرجان بھی انہوں نے اپنی گوناگوں تدریسی مصروفیات سے وقت نکال کر ترتیب دی ہے اور فاضل مصنف نے ایک انوکھا انداز اختیار کیا ہے جس میں طلبۃ العلم مبتدی ومنتہی اور علماء ومدرسین یکساں طور پر مستفید ہوں گے، ان شاء اللہ!

علمی تن آسانی کے اس جدید دور میں عزیزم فاضل کی یہ کوشش کسی نعمت غیر مترقبہ سے کم نہ ہے۔

اس کتاب میں قرآنی الفاظ وصیغ کو بڑے سہل انداز اور جدید ترین اسلوب کے ساتھ پیش کیا گیا ہے جس میں لفظ کی ظاہری شکل وصورت کو دیکھ کر بغیر اصلیت ومادہ کے درپے ہوئے صیغہ تلاش کیا جاسکتا ہے، اگرچہ فاضل عزیزم نے اس کی تحلیل لغوی واصطلاحی ذیل میں حاشیہ کے تحت کر دی ہے اس طرح معمولی دلچسپی اور علمی تمسک رکھنے والا ہر آدمی حقیری کاوش کے ساتھ قرآن پاک کے کسی بھی لفظ کو کسی صورت اور آیت سے تلاش کرنا چاہئے تو اسے کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے گا تلاش مادہ کی الجھنوں سے مستغنی کرتے ہوئے بلکہ بڑی بڑی امہات اللغات سے بے نیاز کر دیا ہے۔ میں نے اس کتاب کو بغور دیکھا ہے اور اس کتاب میں دی گئی ہدایات کے مطابق فاضل نے خوب محنت کی ہے اور اپنے منفرد اسلوب کے مطابق حق ادا کیا ہے۔

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے اللہ تعالیٰ عزیزم کے نوکِ قلم میں مزید ترقی اور تالیف وتصنیف کے میدان میں چار چاند لگائے اور اس کتاب سے اربابِ علم اور طلبہ کو علمی تشنگی بجھانے کی توفیق مرحمت فرمائے اور ہم سب کے لیے اخروی نجات کا ذریعہ بنائے، آمین۔

دعا گو

ابو محمد ادریس اثری عفی اللہ عنہ

اسلامک ایجوکیشن انسٹیٹیوٹ دیپالپور

تقریظ

فضیلۃ الشیخ استاذی المکرّم مولانا ابونعمان بشیر احمد ﷾ نائب شیخ الحدیث مرکز الدعوۃ السّلفیہ ستیانہ بنگلہ (فیصل آباد)

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّي عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّابَعْدُ!

اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کرنے کے بعد شتر بے مہار نہیں چھوڑا بلکہ کامیاب زندگی گزارنے کے اصول وقواعد پر مشتمل کتب بھی نازل کر دیں ۔اور کتب کو سمجھانے اور عملی زندگی سکھلانے کے لیے انبیاء ورسل بھی مبعوث کیے ۔اس سلسلہ کی آخری کتاب قرآن مجید اور آخری پیغمبر حضرت محمد ﷺ ہیں ،آپ ﷺ نے مکمل قرآن مجید کی تفسیر اپنے اقوال وافعال کے ساتھ امت کو سکھلا دی ،رسول اکرم ﷺ کے حقیقی وارث علمائے حق ہیں انہوں نے آپ سے حاصل کردہ علمی وراثت کو آگے پہنچانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی ۔زمان ،مکان ،زبان اور انسان کے بدلتے ہوئے اسلوبوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تعلیمات الٰہی کو اطراف عالم میں پہنچایا۔

قرآن مجید انتہائی فصیح وبلیغ اور خالص عربی میں ہے ۔اس کے مطالب سمجھانے کے لیے علمائے کرام نے عصری ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر زبان میں بہت محنت شاقہ کی ہے ۔اور اپنی استعداد کے مطابق اس کار خیر میں حصہ ڈالا ہے ۔عربی زبان کا ایک خاصہ یہ بھی ہے کہ ایک لفظ کا مادہ حرکات وسکنات اور بعض حروف کی کمی وبیشی سے مختلف معانی دیتا ہے اور اس طرح ایک مادہ سے سینکڑوں الفاظ وجود میں آتے ہیں ۔اگر اصل مادہ کے معنی اور مختلف تبدیلیوں سے تبدیل ہونے والے معانی کا علم ہو جائے تو صرف قرآن مجید ہی نہیں بلکہ عربی زبان کا سمجھنا بہت سہل ہو جاتا ہے ۔قرآن کریم میں تقریباً دو ہزار کلمات ہیں جو مختلف شکلیں تبدیل کر کے بار بار آتے ہیں ۔

میرے دل میں کئی مرتبہ یہ داعیہ پیدا ہوا کہ اس بارے میں کچھ لکھا جائے کہ ایک لفظ کی مختلف شکلوں سے معانی میں کیسے اور کیوں تبدیلیاں پیدا ہوتی ہیں لیکن اب تک نہ لکھ سکا۔شاگرد رشید عزیزم مختار احمد سلفی کو اللہ تعالیٰ نے توفیق دی اور وہ مجھ سے اس کام میں سبقت لے گئے ۔انہوں نے مکمل قرآن مجید کے صیغوں کو انتہائی آسان اور عام فہم انداز میں ،جدید اسلوب کے مطابق حل کرنے کی کوشش کی ہے ،چونکہ اسلوب کتاب میرے ذوق کے مطابق تھا ،اس لیے میں نے تقریباً مکمل کتاب کا مطالعہ کیا ہے ،میری نظر میں اردو زبان میں اس انداز کی کوئی کتاب نہیں گزری ،طلباء ،مدرسین کو اس کتاب سے ضرور فائدہ حاصل کرنا چاہیے تاکہ کتاب وسنت کی صحیح ترجمانی کر سکیں۔

مولائے کریم سے دعا گو ہوں کہ عزیزم کی بہترین کاوش کو قبول فرمائے اور دنیا وآخرت میں کامیابی کا ذریعہ بنائے اور مزید تحریری میدان میں نکھار پیدا کرے۔ آمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ

ابونعمان بشیر احمد

ستیانہ بنگلہ (فیصل آباد)

تقریظ

شیخ القرآن والحدیث فضیلۃ الشیخ مولانا عبدالعزیز ﷾

ان الحمدللّٰہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونعوذ باللّٰہ من شرور أنفسنا وسیئات أعمالنا من یھدہ اللّٰہ فلا مضل لہ ومن یضلل فلا ھادی لہ و أشھد أن لا الہ الا اللّٰہ وحدہ لاشریك لہ وأشھد أن محمدا عبدہ ورسولہ ﴿یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ حَقَّ تُقٰتِہٖ وَ لَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ﴾[آل عمران:102]﴿یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْھَا زَوْجَھَا وَ بَثَّ مِنْھُمَا رِجَالًا کَثِیْرًا وَّ نِسَآءً وَ اتَّقُوا اللّٰہَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِہٖ وَ الْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا﴾[النساء:1]﴿یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا. یُّصْلِحْ لَکُمْ اَعْمَالَکُمْ وَ یَغْفِرْلَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَ مَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا﴾[الاحزاب:70،71]أما بعد! فان أصدق الحدیث کتاب اللّٰہ وأحسن الھدی ھدی محمد وشر الأمور محدثاتھا وکل محدثة بدعة وکل بدعة ضلالة و کل ضلالة فی النّار۔

کافی عرصے سے یہ تمنا تھی کہ قرآن کریم کے صیغوں کے حل کے بارے میں کوئی کتاب ہونی چاہیے، تاکہ طالب علم اس کی طرف رجوع کریں اور خوب تمرین کر کے مہارت حاصل کر سکیں پھر اسی طرح قرآن کریم کا ترجمہ عربی قواعد کے مطابق کر سکیں، ایک دن صبح نماز کے بعد کسی بھائی نے مجھے کتاب ہذا ''الیاقوت والمرجان فی حل صیغ القرآن'' پر تقریظ لکھنے کے لیے دی، پھر مطالعہ کرنے کے بعد میری تمنا پوری ہوگئی، وللہ الحمد!

اللہ رب العالمین مختار احمد سلفی صاحب کی یہ کاوش قبول فرمائے اور نجات کا ذریعہ بنائے اور اجر کامل عطا فرمائے، آمین!

کتاب ہذا کی نمایاں خصوصیات سے یہ ہے کہ اس میں صرف اور صرف قرآن کریم کے صیغوں کا حل نہیں بلکہ یہ اس فن میں انسائیکلو پیڈیا ہے، جس طرح مصنف نے تعارف الکتاب میں ذکر کیا ہے اس کے علاوہ لغوی وضاحت، آسان سلیس عبارت کے ساتھ نحوی قواعد، خاص طور پر اس کتاب کی ترتیب نہایت احسن ہے حروف تہجی کے مطابق اور بغیر تکرار کے ہے، موجودہ درسی کتابوں کی اصطلاحات کے مطابق خاص طور پر کتاب ہذا درسی کتابوں کے لیے مشق اور تمرین کی حیثیت رکھتی ہے، مثلاً درسی کتابوں میں سہ اقسام ہفت اقسام اور شش اقسام، صیغہ، وزن اور باب پڑھتے ہیں تو یہ کتاب بہترین مشق اور تمرین ہے۔

کتاب ہذا کی جامعیت اور اپنے فن میں ایک خاص اہمیت، نہایت آسان اسلوب اور زیادہ افادیت کی وجہ سے میں طلبائے کرام کو نصیحت کرتا ہوں کہ وہ ضرور اس بیش بہا قیمتی الیاقوت والمرجان سے اپنی عبارات کو خوبصورت کریں اور علمائے کرام کو نصیحت کرتا ہوں کہ اس الیاقوت والمرجان سے اپنے معانی کو خوبصورت کریں تاکہ قرآن کریم کا ترجمہ عربیت کے مطابق کر سکیں، اسی طرح اساتذہ کرام اور معلمین کو چاہیے کہ وہ الیاقوت والمرجان کی تمرینات سے اپنے طلبائے کرام کا ذہن خوبصورت بنادیں کیونکہ ہم علم النحو اور علم الصرف قرآن کریم کے لیے ہی پڑھتے اور پڑھاتے ہیں تو تمرین اور مشق بھی قرآن کریم سے ہی ہونی چاہیے۔

یہ کتاب مبتدئین و معلمین، طلباء وعلمائے کرام کے لیے، مدارس اور لائبریریوں سب کے لیے الیاقوت والمرجان ہے، اللہ رب العزت سے التجاء کرتا ہوں کہ مصنف کو اس الیاقوت والمرجان کے بدلے وہ انعام عطا فرمائے جسے خود اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا: ﴿کَاَنَّھُنَّ الْیَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ﴾ امین! وصلی اللّٰہ وسلم علی نبینا محمد و آلہ وصحبہ وسلم۔

عبدالعزیز، کوئٹہ

تقریظ

فضیلۃ الشیخ افتخار احمد الازھری ﷾، شیخ الحدیث جامعہ بحر العلوم السّلفیہ، میر پور خاص (سندھ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ الْإِنْسَانَ ،عَلَّمَهُ الْبَیَانَ،وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَامُحَمَّدٍ الْعُدْنَانِ،وَعَلٰی آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِإِحْسَانٍ۔أَمَّابَعْدُ!

قرآن مجید ہماری مقدس کتاب ہے ،اس کا نزول اللہ کا فضل عمیم اورانسان کے لیے باعث مسرت ہے ،اوراس پرعمل پیرا ہونا باعث ثواب ونجات ہے ،یہی وجہ ہے کہ علمائے کرام ومفسرین عظام نے اس کی مختلف پہلوؤں سے خدمت کی ہے اور کرر ہے ہیں اوران شاء اللہ یہ سلسلہ قیامت تک جاری وساری رہے گا۔

کتاب "الیاقوت والمرجان فی حل صیغ القرآن"محترم فضیلۃ الشیخ مختار احمد سلفی صاحب ﷾ کی جہد عظیم ہے جس میں انہوں نے پانچ علوم یعنی ''علوم خمسہ'' کو یکجا کر کے طلباء کے لیے آسانی کردی ہے اس میں آپ کو معانی قرآن ،صرفی بحثیں،نحوی قواعد لغوی شققیں اور تفسیری نکات سب ایک جگہ میسر آگئے ہیں گویا کہ انہوں نے اعراب القرآن میں شیخ الأنباری کی کتاب "البیان فی غریب اعراب القرآن "یا اصبھانی کی کتاب "ریاض الألسنة"یا علی بن عیسیٰ بن داود بن الجراح الوزیر کی کتاب "معانی القرآن و تفسیر ومشکله " اورمعانی القرآن واعرابه للزجاج کا خلاصہ پیش کردیا ہے،اورعلم الصرف وعلم النحو کی تمام کتب پرسیر حاصل بحث بھی نظروں سے گزرجاتی ہے ،یہ فن اللہ تعالیٰ نے مولانا مختار احمد سلفی ﷾ کودیا ہے،اللہ تعالیٰ ان کے علم وعمل میں برکت عطاء فرمائیں اورمولانا صاحب کو یہاں تک پہنچانے میں فضیلۃ الشیخ مولانا ادریس اثری صاحب ﷾ کا بہت بڑا کردار ہے ،اللہ تعالیٰ ان کومزید دین حنیف کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے ،آمین !

وأسال الله سبحانه وتعالى ان يجعل هذاالعمل الصالح خالصالوجهه الكريم ،والحمد لله رب العالمين

افتخار احمد الازھری

جامعہ بحر العلوم السّلفیہ میر پور خاص (سندھ)

تقریظ

فضیلۃ الشیخ محمد امین بن عبدالرحمٰن ﷫ شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ سلفیہ نصر العلوم گوجرانوالہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی........اَمَّا بَعْدُ

بلاشبہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ،منبع علوم اور سرچشمہ ہدایت ہے ،جو کہ کسی بھی قسم کی ہر غلطی سے پاک ، سچی ،انصاف والی ،محفوظ اور کامل کتاب ہے ،مگر اس کی تمام تر افادیت اسے سمجھ لینے پر موقوف ہے ،اگرچہ اللہ تعالی نے اسے سمجھنے کے اعتبار سے آسان ترین کتاب قرار دیا ہے ۔تاہم عربی ہونے کی وجہ سے عجمی لوگوں کے لیے اسے سمجھنے کی بنیاد اس کے الفاظ کی انفرادی پہچان اور شناخت ہے جو کہ علوم میں سے علم صرف کی بنیاد ہے ۔ الفاظ کی انفرادی پہچان اور تعارف میں محترم ومکرم جناب مولانا مختار احمد السّلفی ﷾ کی مرتب ''الیاقوت والمرجان فی حل صیغ القرآن''انتہائی مفید اور ابتدائی طلباء کے لیے بہترین راہ نما ہے ۔اس میں فاضل مصنف نے آسان اسلوب اختیار کیا ہے ۔تمام الفاظ وکلمات کا حروف تہجی کی ترتیب سے ذکر کردیا ہے ۔جس سے کسی بھی لفظ کو کتاب سے حاصل کرنا اور سمجھنا بالکل آسان ہے ۔حسنِ ترتیب کے ساتھ ہر لفظ کا تلفظ ،معنی ،صیغہ ،باب ،سہ اقسام، شش اقسام ہفت اقسام ،مادہ ،وزن ،اصل اور سب سے عمدہ بات کہ ہر لفظ کا حوالہ قرآن مجید سے بیان کر کے مصنف نے اس کی افادیت میں مزید اضافہ کردیا ہے ۔

اللہ تعالیٰ فاضل مصنف کی یہ عمدہ کاوش افادۂ عام کے لیے مؤثر بنائے ۔اور ان کی اس کوشش کے ساتھ ساتھ دیگر مساعی جمیلہ بھی قبول فرمائے اور انہیں اخروی نجات کا ذریعہ بنائے ،آمین !

محمد امین بن عبدالرحمٰن

جامعہ اسلامیہ سلفیہ نصر العلوم گوجرانوالہ

١٤ الربیع الثانی ١٤٣٥ ھ بمطابق ١٥ فروری ٢٠١٤م

تقریظ

فضیلۃ الشیخ ابواحمد عبدالوحید ساجد ﷾ شیخ الحدیث دارالعلوم جامعہ اسلامیہ سلفیہ مسجد مکرم ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ

الحمدلله الذی انزل علی عبده الفرقان وازاح به شبه اهل الزیغ والطغیان،الذین مضوا سبیل الغی والخسران والصلٰوة والسلام علی افضل الرسل الی الانس والجان محمد ﷺ حامل لواء التوحید والایمان ماحی الشرك والبدعة والاثان وعلی اله واصحابه الذین ساروا علی محجة البیضاء بالحجة والبرهان وعلی من تبعهم باحسان الی یوم المیزان ۔امّابعد!

اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمتوں میں سے ایک انسانیت کی فلاح کے لیے قرآن حکیم کا نزول بھی ہے ۔یہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے اسے پڑھ اور سمجھ کر سیرت وکردار اس کے مطابق ڈھالنے والوں کو دنیا میں رفعتیں اور آخرت میں سعادتیں نصیب ہوتی ہیں قرآن وحدیث اور دیگر علوم عربیہ کو سمجھنے کے لیے علم صرف ایک بنیادی حیثیت رکھتا ہے اس کے بغیر نہ تو قرآن مجید کو سمجھا جاسکتا ہے نہ اس کی معنوی گہرائی تک رسائی حاصل ہوسکتی ہے ۔مختلف ادوار میں علماء امت نے کتاب اللہ کی خدمت بہت سے فنون میں کی ہے ایک نے وجوہ اعراب بیاں کی ہیں تو دوسرے نے قراءت پر قلم اٹھایا ہے۔کسی نے مفردات کی شرح کی تو کسی نے غرائب القرآن میں اسئلہ واجوبہ تحریر کی ،بعض نے ترکیب نحوی کرنے کی سعادت حاصل کی تو کچھ نے بلاغت وبدیع پر کام کیا،محکم ومتشابہ ،ناسخ ومنسوخ ،حقیت ومجاز ،منطوق ومفہوم ودیگر بیسیوں علوم وفنون ہیں جن سے کتاب اللہ کی خدمت کی ،تفاسیر وتراجم کا تو شمار ہی نہیں ۔

زیر نظر کتاب جو قرآن کریم کے صیغوں کی ایک گراں قدر معجم ہے جسے محترم جناب مولانا مختار احمد صاحب ﷾ نے بہترین اسلوب اور سہل انداز تحریر کیا ہے یہ علم صرف سے کتاب اللہ کی خدمت کا ایک طریق ہے جو انتہائی قابل قدر اور مفید عوام وخواص ہے خصوصاً علوم اسلامیہ کے زیر تعلیم طلبہ ابتدائی کلاسوں بلکے اساتذہ اس سے خاطر خواہ فائدہ حاصل کرسکتے ہیں یہ علماء ،مدرسین اور متعلمین کے لیے ایک انمول تحفہ ہے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا گو ہوں کہ مصنف کی اس مخلصانہ عمدہ کوشش کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت سے نوازے اور اس کے ایک ایک حرف کو مؤلف کے لیے صدقہ جاریہ اور ذخیرہ آخرت بنائے آمین !

ابواحمد عبدالوحید ساجد

دارالعلوم اسلامیہ سلفیہ مسجد مکرم ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ

۲۹ الربیع الثانی ۱۴۳۵ھ بمطابق ۲۰۱۴-۳-۲

تقریظ

فضیلۃ الشیخ محمد رمضان سلفی ﷾ شیخ الحدیث جامعہ رحمانیہ لاہور

نحمده ونصلي على رسوله الكريم!

عربی زبان سیکھنے اوراسے سمجھنے کی اہمیت اس بات سے واضح ہوجاتی ہے کہ ہم مسلمان ہیں اوردین اسلام کے پیروکار ہیں اوراسلام کی بنیاداللہ تعالیٰ کی کتاب (قرآن مجید)اورنبی کریم ﷺ کی سنت پررکھی گئی ہے اوریہ دونوں عربی زبان پر مشتمل ہیں۔ایک مسلمان کااپنی عملی زندگی میں کتاب وسنت کے ساتھ وابستہ رہنابے حدضروری ہے ،اورجملہ اہل اسلام کاانہیں سیکھنااورانہیں سمجھ کرپڑھناکس قدراہمیت کاحامل ہے،اسی چیز کے پیش نظرامت مسلمہ کے خیراندیش علماء وفقہاء نے اپنے اپنے انداز میں قرآن وحدیث کوسکھانے ،سمجھانے اوران کے فہم کوآسان بنانے کے لیے کوششیں کی ہیں ،ان میں سے کسی نے مفردات قرآن کے معانی ومفاہیم کوواضح کیاہے توکسی نے اسباب نزول کوموضوع بحث بنایاہے ۔بعض علماء اقسام قرآن کوزیربحث لائے ہیں توبعض نے قرآن کے ناسخ ومنسوخ کے متعلق بحث کی ہے ،کسی نے آیات احکام کوموضوع سخن بنایاہے ،توبعض نے کتاب الٰہی کی صرفی ونحوی پیچیدگیوں کوحل کردیاہے ،غرضیکہ علماء اسلام میں سے اکثرنے علوم قرآن کی خدمت میں اپنے اپنے ذوق کے مطابق حصّہ ڈالنے کی سعی مشکورفرمائی ہے۔

دورحاضرمیں چونکہ طلباء کاعلمی ذوق وشوق زوال کاشکارہے ،اوروہ جسمانی راحتوں کوحصول علم کی مشقتوں پرفوقیت دیتے نظرآتے ہیں ،حالانکہ **لایستطاع العلم براحة الجسم** [مسلم :1390] کی روشنی میں راحت طلب انسان علم حاصل نہیں کرسکتا،جس کانتیجہ یہ ہے کہ تحصیل علم سے فراغت حاصل کرنے والے اکثرطلباء کاعام طورپرعربی عبارت کاتلفظ درست نہیں ہوتا،اوروہ قرآنی آیات کی تحلیل صرفی ونحوی سے نابلدہوتے ہیں ،طلباء کی اس علمی بے بضاعتی اورکمی کااحساس کرتے ہوئے محترم مولانامختاراحمد سلفی نے اس عظیم کام کابیڑااٹھایا،اوران کی انتھک محنت اورکوشش سے صرفی ونحوی مباحث کوآسان بنانے کی غرض سے ’’الیاقوت والمرجان فی حل صیغ القرآن‘‘ کے نام سے یہ عظیم کتاب معرض وجود میں آگئی ،جس میں مؤلف نے کلماتِ قرآن کوترتیب دینے میں دیگرمؤلفین سے الگ انداز اختیارکیاہے اورمادہ کے اعتبارسے الفاظ قرآن کوجمع کرنے کی بجائے انہیں حروف تہجی کے اعتبارسے جمع کرنے کااہتمام کیاہے،یوں ایک کلمہ کے مشتقات مختلف ابواب میں تقسیم ہوگئے ہیں ،مثال کے طورپرلفظ ’’قال‘‘ کے تمام مشتقات آپ کواس کتاب میں یکجاجمع شدہ نہیں ملیں گے ،جیساکہ اکثرعلماء کاطریقہ کارہے، بلکہ لفظ ’’قال‘‘ سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لیے آپ کوباب القاف میں حروف تہجی میں سے ق ا کی طرف رجوع کرناہوگا،اوراس کامضارع ’’یقول‘‘باب الیاء میں ی ق کی فہرست میں ملے گا،اورامر کے صیغے ’’قل‘‘ کوق ل میں دیکھاجاسکے گا،اورجمع متکلم کے صیغے ’’نقول‘‘ کوباب النون میں ن ق کی فہرست میں تلاش کرناہوگا،اس طرح تمام کلمات کوجمع کیاگیاہے اوریہ ترتیب حروف تہجی کے اعتبارسے الفاظِ قرآن کے ساتھ خاص ہے ،اوراسی غرض کے لیے کتاب کے ہرصفحہ کے سرورق پران حروف تہجی کی نشاندہی کردی گئی ہے جن کے تحت مطلوبہ الفاظ کواپنی تمام معلومات کے ساتھ ترتیب دیاگیاہے ،یوں اس کتاب میں ہرلفظ کے متعلق عموماً دس قسم کی معلوماتِ فراہم کردی گئی ہیں ،اورالفاظ معللہ کی تعلیلات بھی ان کے قواعد کی نشاندہی کے ساتھ زیرِصفحہ آگئی ہیں ۔

امید ہے کہ یہ کاوش طلباء کی علمی تشنگی دورکرنے کے لیے کافی حدتک مفید اورانہیں عربی گرامر سے آراستہ کرنے میں معاون ثابت ہوگی ،دعاہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کتاب کواس کے مؤلف کے لیےتوشۂ آخرت اورجملہ اہل اسلام کے لیے مفید بنائے ،آمین!

محمد رمضان سلفی

جامعہ لاہورالاسلامیہ (جامعہ رحمانیہ) لاہور

تقریظ

فضیلۃ الشیخ مفتی محمد یوسف قصوری ﷾ شیخ الحدیث جامعہ دارالحدیث رحمانیہ سولجر بازار کراچی

الحمدللّٰہ رب العلمین والصلاۃ والسلام علی اشرف الانبیاء والمرسلین وعلی الہ واصحابہ اجمعین ومن تبعھم باحسان الی یوم الدین، امابعد!

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا وہ کلام ہے جو اس نے اپنے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر نازل فرمایا ہے۔ قرآن مجید اپنی فصاحت وبلاغت میں، قراءت وتلاوت کی حلاوت میں، صوتی تاثیر اور معانی کی گہرائی میں، آیات کے نظم وضبط اور مضامین کے تسلسل وربط میں، افکار کی بلندی اور نظریات کی سچائی میں، الغرض ہر پہلو اور زاویے میں لاریب اور بے مثال ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓی اَنْ یَّاْتُوْا بِمِثْلِ ھٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ﴾ [بنی اسرائیل:88] ''آپ واضح فرمادیں کہ اگر تمام انسان اور جن اس قرآن کی مثل لانے کے لیے جمع ہو جائیں تب بھی وہ اس کی مثل نہیں لا سکتے۔''

دنیا میں دن بدن علوم وفنون کی ترقی ہورہی ہے اسلام کے مخالفین اور منکرین بھی بہت زیادہ ہیں قرآن کے نزول کو چودہ سو سال سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے لیکن آج تک کوئی بھی شخص قرآن کریم کی کسی ایک سورت یا کسی ایک آیت کی مثل نہیں لا سکا۔

قرآن حکیم کی عبارت ایسی فصیح وبلیغ ہے کہ بڑے بڑے فصحاء اور بلغاء حیران وششدر ہیں اور ان کو یہ تسلیم کیے بغیر چارہ نہیں کہ یہ کسی انسان کی تکبندی نہیں بلکہ اللہ وحدہ لاشریک کا کلام ہے۔ اس کی آیات کے نظم وضبط اور مضامین کے تسلسل وربط کے معجزہ ہونے اور انسان کی قدرت کے قاصر ہونے کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ ایک فصیح وبلیغ انسان جب کوئی خطبہ یا کتاب لکھتا ہے تو وہ اس میں اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لاتا ہے پھر جب اس میں غور وفکر کرتا ہے تو اسے کئی لفظ حذف اور کئی جملے تبدیل کرنے پڑتے ہیں، وہ کچھ لکھتا ہے کچھ مٹاتا ہے تصحیح در تصحیح کرتا ہے پھر علم وفضل میں اپنے سے بڑے کسی شخص کو دکھاتا ہے وہ بھی اس میں طبع آزمائی اور اس کی تنقیح کرتا ہے پھر بھی حتمی طور پر نہیں کہا جاسکتا کہ اب اس میں کوئی لفظ یا اس کا کوئی جملہ تبدیل نہیں کیا جاسکتا۔ لیکن اگر قرآن حکیم کے کسی لفظ کو اس کی جگہ سے ہٹا کر اس کی جگہ کوئی دوسرا لفظ رکھنا چاہیں تو پوری لغت کو چھاننے کے بعد بھی اس کا متبادل کوئی لفظ نہیں مل سکے گا۔ قرآن حکیم میں سے کسی لفظ کو نہ تو کم کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی اس میں کسی لفظ کا اضافہ کیا جاسکتا ہے اس کے جو الفاظ چودہ سو سال پہلے نازل ہوئے تھے آج بھی وہی ہیں اور قیامت تک وہی رہیں گے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ﴾ [الحجر:9] ''بے شک ہم نے قرآن حکیم کو نازل کیا ہے اور یقیناً ہم ہی اس کے محافظ ہیں''۔

قرآن مجید تمام انسانوں کے لیے دستور زندگی اور مکمل ضابطہ حیات ہے، علامہ طبری ﷫ لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تورات میں صرف مواعظ (نصیحتیں) بیان کی ہیں زبور میں صرف اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء ہے، انجیل میں صرف مثالیں بیان کی ہیں اور ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ پر جو کتاب نازل کی ہے اس میں مواعظ، حمد وثنا اور تمثیلات بھی ہیں اور وہ تمام خصوصیات ہیں جو کتب سابقہ میں تھیں اور مستزاد یہ ہے کہ قرآن مجید میں ایسے اصول اور احکام بیان کیے گئے ہیں جو عہد رسالت سے لے کر قیامت تک آنے والی تمام نسل انسانی کے نظام حیات کے لیے کافی اور وافی ہیں۔ اس کے مضامین میں رشد وہدایت کا واضح پیغام ہے، امر بھی ہے اور زجر بھی، وعد بھی ہے اور وعید بھی، ترغیب بھی ہے اور ترہیب، امثلہ بھی ہیں اور قصص بھی، ماضی کے حالات بھی ہیں اور مستقبل کے واقعات بھی اور دلائل وبراہین سے مرصع وہ مسلمہ حقائق بھی ہیں جنہیں تسلیم کرنے والے دنیا میں اقبال وعروج حاصل کرتے ہیں اور آخرت میں جنت کے وارث بن جاتے ہیں اور جن سے اعراض کرنے والے دنیا میں بھی پستی اور ذلت کا شکار ہوتے ہیں اور آخرت میں جہنم کی آگ

کا ایندھن بن جاتے ہیں۔ہادی عالمﷺ کا ارشادگرامی ہے((إِنَّ اللّٰهَ يَرْفَعُ بِهٰذَا الْكِتَابِ أَقْوَامًا وَيَضَعُ بِهِ آخَرِيْنَ))[مسلم]

قرآن پاک کے ایک ایک لفظ میں علم وحکمت کے خزانے جمع ہیں جن کے حصول کے لیے عربی گرامر کی مفتاح یعنی صرف ونحو کے قواعد کی پہچان کی ضرورت ہے اس کلید کا حامل تلاوت کی غلطیوں سے محفوظ ہونے کے ساتھ ساتھ معانی کی گہرائی تک پہنچنے میں کامیاب ہوجاتا ہے،شروع میں قرآن پاک پرحرکات وسکنات اوراعراب نہیں تھے عرب لوگ اپنی زبان اورمحاورے کی مدد سے اعراب کے بغیراس کی بالکل صحیح تلاوت کرلیا کرتے تھے پھر جیسے جیسے اسلام پھیلتا گیااورغیرعرب لوگ مسلمان ہوتے گئے ۔اہل زبان نہ ہونے کی وجہ سے ان سے قراءت میں غلطیاں ہونے لگیں جس سے اس کا مطلب اورمفہوم بھی تبدیل ہونے لگاتو قرآن پاک پرحرکات وسکنات اوراعراب لگانے کی ابتداء کے بارے میں اہل علم کے مختلف اقوال ہیں۔

حافظ ابن عساکر رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کے زمانے میں ایک شخص نے اس آیت مبارکہ ﴿أَنَّ اللّٰهَ بَرِيْءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَرَسُوْلُهُ﴾ [التوبۃ:3]''بے شک اللہ تعالی اوراس کے رسولﷺ مشرکوں سے بیزار ہیں۔'' کو پڑھنے میں غلطی کردی اوراس نے رَسُوْلُهُ کوالٹے پیش کے ساتھ پڑھنے کی بجائے الٹی زیر کے ساتھ پڑھ دیاجس کامعنی یہ ہوجاتا ہے''بے شک اللہ تعالیٰ مشرکوں اوراپنے رسولﷺ سے بیزار ہیں''العیاذ باللہ، توحضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابوالاسود الدؤلی کوقرآن پاک کے لیےقواعد مرتب کرنے کا حکم دیا(مختصرتاریخ دمشق مطبوعہ دالفکر بیروت)

حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ عراق کے گورنرزیاد کے کہنے پرابوالاسود نے عربی زبان کے قواعد مرتب کیے(البدایہ والنہایہ ،ج8،ص 312 مطبوعہ دارا لفکر بیروت)ممکن ہے کہ ان تمام شخصیات نے اپنے وقت میں ابوالاسوددؤلی کو یہ حکم دیاہواس لیے ابوالاسود نے ان سب کے زمانے کو پایاہے اس کی وفات 69ھ میں ہوئی۔اس وقت اس کی عمر58 سال تھی،اس کے بعد بھی ہردورمیں اہل علم قرآن مجید کی خدمت کرنے کی سعی کرتے رہے ہیں۔

زیرنظرکتاب کے مؤلف مولانا مختاراحمد سلفی رحمہ اللہ سابق مدرس اسلامک ایجوکیشن انسٹیٹیوٹ مہتانوالہ دیپالپور،اوکاڑہ اورموجودہ مدرس الرحمۃ انسٹیٹیوٹ واربرٹن ننکانہ کی یہ عظیم کاوش بھی اسی سلسلہ جلیلہ کی ایک مبارک کڑی ہے جس میں قرآن مجید کے سنہری الفاظ کی صرفی نحوی اورلغوی اعتبار سے جامع اورخوبصورت تشریح کی گئی ہے۔

مولانا موصوف نے''الیاقوت والمرجان فی حل صیغ القرآن'' لکھ کراہل علم کے ہاتھ میں وہ کلید تھمادی ہے جس کے ذریعے وہ قرآن مجید کے بحرعمیق میں غوطہ زن ہوکرموتیوں سے جھولیاں بھرسکتے ہیں۔''الیاقوت والمرجان''طلباء اورعلماء کے لیے یقیناًایسا انمول تحفہ ہے جس سے مستفید ہوکروہ اپنے آپ کوبھی اوراپنے متعلقین کوبھی افکارکی بلندی اورنظریات کی سچائی کی بدولت اس اعلیٰ مقام پرپہنچاسکتے ہیں جہاں رحمت الٰہی ہے''الیاقوت والمرجان''ان کی منتظرہوگی۔ارشادباری تعالی ہے:﴿كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ﴾[الرحمٰن:59.58]''وہ(حوریں) یاقوت اورمرجان جیسی ہیں تم اپنے پروردگارکی کس کس نعمت کوجھٹلاؤ گے''۔

بلاشبہ الیاقوت والمرجان گراں قدرعلمی سرمایہ ہے،دعاہے کہ اللہ رب العزت اسے شرف قبولیت بخشے،اہل علم وعمل کواس سے استفادہ کرنے کی توفیق عطافرمائے اورمؤلف کے لیے اسے ذخیرہ آخرت بنائے۔آمین!

وصلی اللہ علی النبی محمدوالہ واصحابہ اجمعین برحمتك یاارحم الراحمین۔

کتبہ

مفتی محمد یوسف قصوری

جامعہ دارالحدیث رحمانیہ سولجربازارکراچی

تقریظ

فضیلۃ الشیخ مولانا خالد بن بشیر مرجالوی ﷾ ،شیخ الحدیث جامعہ محمدیہ اہل حدیث گوجرانوالہ

الحمدللّٰہ وکفٰی وسلام علٰی عبادہ اصطفٰی ، اَمَّابَعْدُ!

ہمارے دین ''اسلام'' کا اصل منبع قرآن وسنت ہے جو عربی زبان میں ہے ،سید دوعالم ،خاتم الانبیاء والمرسلین محمد رسول اللہ ﷺ خود عربی تھے اور آپ کے اولین مخاطب عرب تھے ،اس لیے جو کتاب آپ ﷺ پر نازل کی گئی وہ بھی عربی تھی: ﴿وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ﴾[ابراھیم:4] ''اور ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اُس کی قوم کی زبان میں تاکہ وہ اُن کے لیے کھول کر بیان کردے''۔

عربی کے بارے میں بعض حلقوں میں یہ تاثر ہے کہ یہ بہت مشکل زبان ہے ،جبکہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ القمر میں قرآن مجید جو کہ عربی میں ہے کے بارے میں چار مرتبہ فرمایا: ﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾[القمر: 40,32,22,17] ''اور بلاشبہ یقیناً ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان بنایا، تو کیا کوئی ہے نصیحت حاصل کرنے والا؟''

اور نبی ﷺ نے فرمایا: ((اِنَّ الدِّيْنَ يُسْرٌ))[صحيح البخاري] ''دین آسان ہے''۔

لیکن جس طرح کوئی بھی چیز سیکھنے سے آتی ہے اسی طرح علم بھی سیکھنے سے آتا ہے ،اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ﴾[النحل:78] ''اور اللہ نے تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے اس حال میں نکالا کہ تم کچھ نہیں جانتے تھے ،اور اس نے تمہارے لیے کان ،آنکھیں اور دل بنائے تاکہ شکر کرو''

قرآن مجید اگرچہ آسان ہے لیکن اس کی تبیین کے لیے اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو مبعوث فرمایا ہے ،اس لیے رسول اللہ ﷺ کی حدیث کو چھوڑ کر اگر کوئی صرف عربی لغت کے سہارے قرآن کا معنی متعین کرنے کی کوشش کرے گا وہ راہ حق سے بھٹک جائے گا۔صحابہ کرام ﷺ کو عرب ہونے کے باوجود قرآن مجید کو سمجھنے کے لیے رسول اللہ سے راہنمائی لینا پڑتی تھی ،جیسا کہ مندرجہ ذیل دو آیتوں کو سمجھنے میں بعض کو غلطی لگ گئی: ﴿وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ﴾[البقرة:187] ﴿اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ﴾[الأنعام:82] پہلی آیت سے عام دھاگے مراد لے لیے جب کہ دوسری آیت کے نزول پر پریشان ہوئے کہ ہم میں سے کون ہے جس نے اپنی جان پر ظلم نہ ہوا ہو؟ نبی کریم ﷺ نے پہلی آیت میں وارد دھاگوں کو صبح کی سفیدی اور رات کی سیاہی اور دوسری آیت میں وارد لفظ ''ظلم'' کو شرک سے تعبیر فرمایا۔

ہم عجمی ہیں، نہ ہماری زبان عربی ہے اور نہ ہم صحابہ کرام ﷺ کی طرح بلاواسطہ رسول اللہ ﷺ سے راہنمائی لے سکتے ہیں ،لہٰذا قرآن مجید کو پڑھنے اور سمجھنے کے لیے ہمیں لغت عرب اور اس کے قواعد کی ضرورت پڑے گی ،لیکن یہ سب مدد ومعاون کے طور پر ہوں گے ،کلی طور پر ان پر انحصار نہیں کیا جاسکتا، بلکہ ہمیں اس کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے اُس بیان اور تشریح کو بھی سامنے رکھنا پڑے گا جو رسول اللہ ﷺ کی سنت وحدیث میں ہے۔

مولانا مختار احمد سلفی ﷾ کی یہ کتاب قرآن مجید کے مفردات والفاظ کے حوالے سے بہت مفید کتاب ہے جس میں انہوں نے پورے قرآن مجید کے الفاظ کو سامنے رکھا ہے اور ان کے ''معانی ،سہ اقسام ،صیغہ ،باب ،شش اقسام ،ہفت اقسام ،مادہ ،وزن ،اصل اور حوالہ'' کے بارے میں اختصار سے جامع کلام کیا ہے ،پھر ان پر عمدہ تعلیقات قندِ مکرر ہیں۔

میں نے ''باب الصاد سے باب الیاء'' تک چیدہ چیدہ مقامات کو دیکھا ہے ،میری نظر میں مدارس دینیہ کے طلبہ ومدرسین کے لیے جہاں یہ ایک بیش قیمت تحفہ ہے ،وہاں عام پڑھے لکھے لوگ بھی اس سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ اس کتاب کو دین کے فہم کے لیے ممد ومعاون اور نافع بنائے اور قبول عام عطا فرمائے اور اس کے مؤلف اور جملہ معاونین کو جزائے خیر عطا فرمائے ۔آمین

خالد بن بشیر مرجالوی (عفی عنهما)

الجامعة المحمدية لأهل الحديث ،گوجرانواله

الأربعاء ،9شوال 1435ھ

تقریظ

فضیلۃ الشیخ مولانا ابوعمار عمر فاروق السعیدی ﷾، شیخ الحدیث جامعہ مرأۃ القرآن وار برٹن

''الیاقوت والمرجان فی حل صیغ القرآن'' دیکھنے کا موقعہ ملا،تعجب ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے اپنے دین اور اپنی کتاب کی خدمت کیسے کیسے اور کس کس طرح سے لیتا ہے اور یہ سب اس کا الہام اور اس کی توفیق ہے ۔

عربی زبان کے اصول وقواعد اور ان کی تطبیق جسے حاصل ہو جائے اس کے لیے باعثِ لذت بھی ہو جاتے ہیں ۔اور مدارس اسلامیہ میں یہ ذوق بیدار کرنے کی بھر پور کوشش ہوتی ہے جس سے قرآن مجید اور دیگر علوم اسلامیہ عربیہ کا سمجھنا انتہائی آسان ہو جاتا ہے۔

برادر گرامی مولانا مختار احمد السّلفی نے انتہائی عرق ریزی کے ساتھ علوم اسلامیہ کے مبتدی ومنتہی طلبہ کے لیے کلمات قرآنیہ کے حل کا ایک انسائیکلو پیڈیا تیار کر دیا ہے ۔یہ اس طرح کی علمی کاوشیں اللہ عزوجل کی طرف سے امت کے لیے اتمام حُجت بھی ہیں اور مولانا بجا طور پر کہہ سکتے ہیں ۔

اب جس کے جی میں آئے پائے روشنی ہم نے تو دِیا جلا کے سرِ راہ رکھ دیا

فی الواقع مدارس دینیہ میں ابتدائی دو تین سالوں میں عربی صرف ونحو کے اصول وقواعد سے طلبہ کو بخوبی آگاہی حاصل ہو جاتی ہے ،مگر ان کی فی الواقع تطبیق خاصی محنت اور توجہ ہی سے ممکن ہوتی ہے ۔مولانا موصوف نے اپنے منفرد ذوق سے علوم اسلامیہ کے طلبہ ہی کو نہیں بلکہ مدرسین کو بھی ممتع فرمایا ہے، جو انتہائی وقیع ہونے کے ساتھ ساتھ لائق صد شکریہ بھی ہے ۔

امید ہے اس سے ان شاء اللہ بہتوں کا بھلا ہوگا،طلبہ کو اپنے مراجعہ اور مذاکرہ میں اور اساتذہ کو اپنی تدریس میں اس سے انتہائی آسانی رہے گی ۔تقبل الله مساعيه

کتبہ

ابوعمار عمر فاروق السعیدی

الرحمہ انسٹیٹیوٹ وار برٹن

12 جنوری 2015.

قرآن مجید کے متعلق چند معلومات

قرآن مجید کے حروف، حرکات، نقاط، کلمات، آیات وغیرہ کی تعداد

نام	تعداد	نام	تعداد	نام	تعداد
پارے	30	آیات مدنی	6214	فتحات	52242
سورتیں	114	آیات بصری	6216	کسرات	39582
منزلیں	7	آیات شامی	6250	تشدیدات	1252
رکوع	540	عندالبعض	6237	مدات	1771
آیات عامہ	6666	کلمات	77437،77933	نقاط	10568
عندالبعض	6616	حروف	323671	سجدات اتفاقی	14
آیات مکی	6212	ضمات	8804	کل سجدات	15

قرآن مجید کے حروف کی تعداد

حروف	تعداد	حروف	تعداد	حروف	تعداد	حروف	تعداد
ا	48872	ذ	4697	ظ	842	ن	26560
ب	11228	ر	11093	ع	92200	و	25536
ت	1199	ز	1590	غ	2208	ہ	19070
ث	1276	س	5891	ف	8499	ء	4115
ج	3273	ش	2253	ق	6813	ی	25919
ح	973	ص	2013	ك	9522	لا	3720
خ	2416	ض	1607	ل	3432		
د	5642	ط	1274	م	26535		

قرآن مجید کی آیات، حروف اور کلمات کی تعداد کے بارے میں چند ضروری باتیں

قرآن کریم کی آیات کی تعداد میں علماء کوفہ، شام، بصرہ، مکہ اور علماء مدینہ کا اختلاف ہے، پس جمہور کے نزدیک قرآن مجید کی بسم اللہ کے بغیر 6236 آیات ہیں اور بسم اللہ کے ساتھ 6349 آیات ہیں، اور بعض کہتے ہیں کہ قرآن کریم کی آیتیں چھ ہزار ہیں، اس سے اوپر اختلاف ہے، بعض تو اس پر زیادہ نہیں بتاتے، بعض کے نزدیک 6204، بعض کے نزدیک 6219، بعض کے نزدیک 6225، بعض کے نزدیک 6226، اور بعض کے نزدیک مذکورہ بالا اقوال ہیں، آیات کی تعداد میں اختلاف کی وجہ یہ نہیں کہ بعض آیات کو قرآن نہیں مانتے اور بعض مانتے ہیں بلکہ اصل وجہ یہ ہے کہ بعض لوگ نبی کریم ﷺ کا جس جگہ وقف کرنا پایا گیا ہے اسے آیات شمار کرتے ہیں اور بعض علماء کے نزدیک جن دو جگہوں میں وقف ثابت نہیں بلکہ وصل ثابت ہے تو انہوں نے دونوں کو ایک آیت سمجھا ہے۔

اسی طرح قرآن کریم کے کلمات اور حروف کی تعداد میں اختلاف ہے، قرآن کے کلمات 86430 اور حضرت عطاء بن یسار فرماتے ہیں کہ قرآن کریم کے 70439 کلمات ہیں، قرآن کے حروف 221265 ہیں اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے نزدیک 322670، مجاہد کے نزدیک 321180، فضل بن عطاء بن یسار کے نزدیک کل حروف 333015 ہیں، حجاج بن یوسف نے اپنے زمانے میں قاریوں، حافظوں اور کاتبوں کو جمع کر کے دریافت کیا کہ قرآن کریم کے حروف کی گنتی کر کے مجھے بتاؤ تو سب نے حساب کر کے بالاتفاق کہا کہ 340740 حروف ہیں، پھر حجاج نے کہا اچھا حروف کے اعتبار سے آدھا قرآن کریم کہاں ہوتا ہے؟ تو حساب سے معلوم ہوا کہ سورۂ کہف کی آیت نمبر 19 میں ﴿ وَلْيَتَلَطَّفْ ﴾ کی ''ت'' پر ٹھیک آدھا قرآن ہوتا ہے، حروف کی تعداد میں اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ بعض علماء نے مشدد حرف کو ایک حرف اور بعض نے دو حروف شمار کیے ہیں۔

اور سورۂ برات کی سو آیتوں پر قرآن کریم کا پہلا تہائی حصہ حروف کے اعتبار سے ختم ہوتا ہے، اور دوسری تہائی سورۂ شعراء کی سو آیت کے سرے پر یا ایک سو ایک آیت کے سرے پر ختم ہوتی ہے اور تیسری تہائی آخر تک۔

قرآن کا پہلا پاؤ سورۂ انعام کے آخر پر، نصف قرآن سورۂ کہف کے لفظ ﴿ وَلْيَتَلَطَّفْ ﴾ کے ''ت'' پر، پون قرآن سورۂ زمر کے خاتمہ پر اور پورا اختتام قرآن پر۔ اور اگر منزلوں کا شمار کیا جائے یعنی قرآن کریم کو سات منزلوں پر تقسیم کیا جائے تو پہلی منزل سورۂ نساء :55 میں ﴿صَدَّ﴾ کی ''د'' ختم ہوتی ہے، دوسری منزل سورۂ اعراف: 147 میں ﴿حَبِطَتْ﴾ کی "ت" پر ختم ہوتی ہے، تیسری منزل سورۂ رعد:35 میں ﴿ اُكُلُهَا ﴾ کے آخری "ا" پر ختم ہوتی ہے، چوتھی منزل سورۂ حج:67 میں ﴿ جَعَلْنَا ﴾ کے "ا" پر ختم ہوتی ہے، پانچویں منزل سورۃ احزاب:36 میں ﴿مُؤْمِنَةٍ﴾ کی "ۃ" پر ختم ہوتی ہے، چھٹی منزل سورۂ فتح :6 میں ﴿ السَّوْءِ﴾ کی "و" پر ختم ہوتی ہے، اور ساتویں منزل قرآن مجید کے اختتام پر ختم ہوتی ہے۔

مکی سورتیں: وہ سورتیں ہیں جو ہجرت سے پہلے نازل ہوئیں، یہ کل چھبیس سورتیں ہیں، جو کہ درج ذیل ہیں: سورۂ بقرہ، سورۂ آل عمران، سورۂ نساء، سورۂ مائدہ، سورۂ توبہ، سورۂ رعد، سورۂ نحل، سورۂ حج، سورۂ نور، سورۂ احزاب، سورۂ محمد، سورۂ فتح، سورۂ حجرات، سورۂ رحمٰن، سورۂ حدید، سورۂ مجادلہ، سورۂ حشر، سورۂ ممتحنہ، سورۂ صف، سورۂ جمعہ، سورۂ منافقون، سورۂ تغابن، سورۂ طلاق، سورۂ تحریم، سورۂ زلزال، اور سورۂ نصر۔

مدنی سورتیں: وہ سورتیں ہیں جو ہجرت کے بعد نازل ہوئیں، یہ کل اٹھاسی سورتیں ہیں، مدنی سورتوں کے علاوہ باقی تمام مدنی ہیں۔

نوٹ: بعض سورتوں کے مکی اور مدنی ہونے میں اختلاف ہے۔

قواعد القرآن

مثال کے قواعد

① قاعدہ یَعِدُ: جو واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہو اس کو حذف کرنا واجب ہے، جیسے: یَعِدُ، یہ اصل میں یَوْعِدُ تھا، واؤ علامت مضارع مفتوح اور عین مکسور کے درمیان واقع ہو کر حذف ہوگئی۔

② قاعدہ یَهَبُ: جو واؤ علامت مضارع مفتوح اور فتحہ عین (بشرطیکہ وہ باب فتح ہو) کے درمیان واقع ہو اس کو حذف کرنا واجب ہے، جیسے: یَهَبُ، یہ اصل میں یَوْهَبُ تھا، واؤ علامت مضارع مفتوح اور عین مفتوح کے درمیان واقع ہو کر حذف ہوگئی۔

③ قاعدہ عِدَةٌ: جو مصدر مثال واوی سے فِعْلٌ کے وزن پر ہو اس سے واؤ کو وجوبی طور پر حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں اور عین کلمہ کو کسرہ دیتے ہیں بشرطیکہ اس کے مضارع سے واؤ حذف ہو چکی ہو، جیسے: عِدَةٌ، یہ اصل میں وِعْدٌ تھا، مصدر مثال واوی سے فِعْلٌ کے وزن پر واقع ہوا اور اس کے مضارع سے واؤ حذف ہو چکی ہے، اس سے واؤ کو حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تاء بڑھا دی اور عین کلمہ کو کسرہ دے دیا۔

فائدہ: مضارع مفتوح العین کے مصدر میں عین کلمہ کو کبھی فتحہ بھی دیتے ہیں، جیسے سَعَةٌ۔

④ قاعدہ مِیْزَانٌ: جو واؤ ساکن غیر مدغم، کسرہ کے بعد واقع ہو وہ وجوبی طور پر یاء سے بدل جاتی ہے، جیسے: مِیْزَانٌ، یہ اصل میں مِوْزَانٌ تھا، واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی۔

بشرطیکہ وہ واؤ باب افتعال کے فاء کلمہ میں نہ ہو، جیسے: اِوْتَقَدَ سے اِتَّقَدَ۔

⑤ قاعدہ مُوْقِنٌ: جو یاء ساکن غیر مدغم، ضمہ کے بعد واقع ہو وہ وجوبی طور پر واؤ سے بدل جاتی ہے، جیسے: مُوْقِنٌ، یہ اصل میں مُیْقِنٌ تھا، یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد واقع ہو کر واؤ سے بدل گئی۔

بشرطیکہ وہ یاء باب افتعال کے فاء کلمہ میں نہ ہو، جیسے: اِیْتَسَرَ سے اِتَّسَرَ۔

⑥ قاعدہ اِتَّقَدَ: جو واؤ یا یاء اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہو اس کو تاء سے بدل کر تاء کا تاء میں ادغام کرنا واجب ہے، جیسے اِتَّقَدَ، یہ اصل میں اِوْتَقَدَ تھا، واؤ اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو وجوبًا تاء سے بدل کر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا، اِتَّسَرَ، یہ اصل میں اِیْتَسَرَ تھا، یاء اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو وجوبًا تاء سے بدل کر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا۔

فائدہ: اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ کی اصل کے بارے میں تین اقوال ہیں: ۱۔ علامہ جوہری کے نزدیک یہ مہموز الفاء ہے، اس کی اصل اَخَذَ ہے۔ ۲۔ ابو علی فارسی کے نزدیک یہ صحیح ہے، اس کی اصل تَخِذَ ہے۔ ۳۔ متاخرین کے نزدیک یہ مثال ہے، اس کی اصل وَخَذَ ہے۔

فائدہ: پہلے قول کے مطابق اِتَّخَذَ میں یاء کے ہمزہ سے تبدیل ہونے کے باوجود بھی ادغام کیا گیا ہے، یہ شاذ ہے۔

⑦ قاعدہ اُجُوْهٌ: جو واؤ فاء کلمہ میں مضموم یا مکسور ہو یا عین کلمہ میں مضموم ہو، اسے ہمزہ سے بدلنا جائز ہے، جیسے اُجُوْهٌ (چہرے)، اِشَاحٌ (ہاروالا)، اَدْؤُرٌ (ستر عورت)۔ اُجُوْهٌ اصل میں وُجُوْهٌ تھا، واؤ فاء کلمہ میں مضموم واقع ہوئی اسے جوازی طور پر ہمزہ سے بدل دیا، اِشَاحٌ اصل میں وِشَاحٌ تھا، واؤ فاء کلمہ میں مکسور واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدل دیا، اَدْؤُرٌ اصل میں اَدْوُرٌ تھا، واؤ عین کلمہ میں مضموم واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدل دیا۔

شرط یہ ہے کہ وہ واؤ مشدد یا ضمہ عارضی نہ ہو، جیسے: تَعَوُّذٌ، رَاوُوْنَ۔

جو واؤ فاء کلمہ میں مفتوح ہو اسے ہمزہ سے بدلنا شاذ ہے، جیسے: اَحَدٌ، اَنَاةٌ (موتی)۔ اَحَدٌ اصل میں وَحَدٌ تھا، واؤ فاء کلمہ میں مفتوح واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدل دیا، اَنَاةٌ اصل میں وَنَاةٌ تھا، واؤ فاء کلمہ میں مفتوح واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدل دیا۔

اسی طرح فاء کلمہ میں آنے والی واؤ کا تاء سے بدلنا بھی شاذ ہے، جیسے: تُقَاةٌ، تُجَاهٌ، تُکْلَانٌ، تُرَاثٌ، تَقْوٰی اصل میں وُقَاةٌ، وُجَاهٌ، وُکْلَانٌ، وَرَاثٌ، وَقْیًا تھے، واؤ فاء کلمہ میں واقع ہوئی اسے تاء سے بدل دیا۔

⑧ قاعدہ اَوَاصِلُ: جب دو متحرک واؤ کلمہ کے شروع میں واقع ہوں تو پہلی واؤ کو ہمزہ سے بدلنا واجب ہے، جیسے: اَوَاصِلُ، اُوَیْصِلٌ۔ اَوَاصِلُ اصل میں وَوَاصِلُ تھا، دو متحرک واؤ کلمہ کے شروع میں واقع ہوئیں، تو پہلی واؤ کو وجوبًا ہمزہ سے بدل دیا، اُوَیْصِلٌ اصل میں وُوَیْصِلٌ تھا، دو متحرک واؤ کلمہ کے شروع میں واقع ہوئیں، تو پہلی واؤ کو وجوبًا ہمزہ سے بدل دیا۔ اگر دوسرا واؤ ساکن ہو تو اسے ہمزہ سے بدلنا جائز ہے، واجب نہیں، جیسے: اُوْرِیَ اصل میں وُوْرِیَ تھا۔

اجوف کے قواعد

① قاعدہ قَالَ: جو واؤ یا یاء متحرک اور اس کا ماقبل مفتوح ہو اسے الف سے بدل دیتے ہیں، جیسے: قَالَ، خَافَ، بَاعَ۔ قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا، واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا، خَافَ اصل میں خَوِفَ تھا، واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا، بَاعَ اصل میں بَیَعَ تھا، یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا۔

② قاعدہ قُلْنَ: جب ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر جائے اور وہ کلمہ مکسور العین نہ ہو تو فاء کلمہ کو ضمہ دیا جاتا ہے، جیسے: قُلْنَ کہ اصل میں یہ قَوَلْنَ تھا، واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدلا تو قَالْنَ ہوا، الف کو دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گرا دیا تو قَلْنَ ہوا اب مذکورہ قاعدہ کے تحت فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا تو قُلْنَ ہو گیا۔

③ قاعدہ خِفْنَ: جب ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر جائے اور وہ کلمہ مکسور العین ہو تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا جاتا ہے، جیسے: خِفْنَ کہ اصل میں یہ خَوِفْنَ تھا، واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدلا تو خَافْنَ ہوا، دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے الف گرا دیا تو خَفْنَ ہوا، اب مذکورہ قاعدہ کے تحت فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا تو خِفْنَ ہو گیا۔

④ قاعدہ بِعْنَ: جب ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ یاء دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر جائے تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا جاتا ہے، جیسے: بِعْنَ کہ اصل میں یہ بَیَعْنَ تھا، یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدلا تو بَاعْنَ ہوا، دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے الف کو گرا دیا تو بَعْنَ ہوا، مذکورہ قاعدہ کے تحت فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا تو بِعْنَ ہو گیا۔

⑤ قاعدہ قِیْلَ: جب ماضی مجہول کے عین کلمہ میں واؤ یا یاء ہو تو ان کی حرکت ماقبل کو دیں گے بشرطیکہ اس کی ماضی معلوم میں تعلیل ہو چکی ہو اگر عین کلمہ میں واؤ ہو تو اس کو یاء سے بدل دیں گے، جیسے: قِیْلَ، بِیْعَ۔ قِیْلَ اصل میں قُوِلَ تھا، واؤ کی حرکت ماقبل کو دی تو قِوْلَ ہو گیا، پھر واؤ ساکن ماقبل مکسور واؤ کو یاء سے بدل دیا تو قِیْلَ ہو گیا۔ بِیْعَ اصل میں بُیِعَ تھا، یاء کی حرکت ماقبل کو دی تو بِیْعَ ہو گیا۔

⑥ قاعدہ یُقَالُ: جو واؤ یا یاء متحرک اور اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہو تو اس واؤ یا یاء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دیں اگر وہ حرکت فتحہ ہو تو واؤ اور یاء کو الف سے بدل دیں جیسے: یُقَالُ، یُبَاعُ، یُخَافُ اصل میں یُقْوَلُ، یُبْیَعُ، یُخْوَفُ تھے۔ ان میں واؤ اور یاء پر فتحہ ہے جو ماقبل ساکن کی طرف منتقل ہو گیا تو واؤ اور یاء الف سے بدل گئی ہے

اگر وہ حرکت ضمہ یا کسرہ ہو، ضمہ واؤ سے اور کسرہ یاء سے نقل کیا گیا ہو تو وہ واؤ اور یاء اپنی حالت پر رہتی ہیں، جیسے: یَقُوْلُ اور یَبِیْعُ اصل میں یَقْوُلُ اور یَبْیِعُ تھے، یَقْوُلُ میں واؤ پر ضمہ اور یَبْیِعُ میں یاء پر کسرہ ہے تو اس کی حرکت ماقبل ساکن کو دے دی، اگر ضمہ یاء سے اور کسرہ واؤ سے نقل کیا گیا ہو تو واؤ اور یاء کو اس حرکت کے مطابق حرف علت سے بدل دیا جاتا ہے جیسے: اُقِیْمَ اصل میں اُقْوِمَ تھا، اس میں واؤ پر کسرہ ہے، اسے ماقبل ساکن کو دینے کے بعد یاء سے بدل دیا۔

⑦ قاعدہ قُوْلَنَّ: جو حرف علت حالت جزم میں دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے حذف ہو گیا ہو جب لام کلمہ ضمیر یا نون تاکید کے ساتھ ملنے کی وجہ سے متحرک ہو جائے تو گرا ہوا حرف علت اپنی جگہ واپس آ جاتا ہے جیسے: قُوْلَا، قُوْلَنَّ اصل میں قُلْ تھے ضمیر اور نون تاکید کے ملنے سے لام کلمہ متحرک

ہو گیا تو حذف شدہ حرف علت واپس آ گیا۔

فائدہ: قُلْ اصل میں اُقْوُلْ تھا قاعدہ یَقُوْلُ سے واؤ کی حرکت ماقبل کو دی پھر واؤ کو اجتماع ساکنین کی وجہ سے گرادیا فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی حذف ہو گیا۔

⑧ قاعدہ قَائِلٌ: جو واؤ یا یاء فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہو تو وہ ہمزہ سے بدل جاتی ہے بشرطیکہ اس کے فعل میں تعلیل ہو چکی ہو جیسے: قَائِلٌ، بَائِعٌ اصل میں قَاوِلٌ، بَايِعٌ تھے

⑨ قاعدہ مَبِيْعٌ: اجوف یائی میں ضمہ منقولہ کو کسرہ سے بدل کر واؤ مفعول کو یاء سے بدل دیتے ہیں جیسے: مَبِيْعٌ اصل مَبْيُوْعٌ تھا قاعدہ یَقُوْلُ سے مَبُوْعٌ ہو گیا پھر قاعدہ مذکورہ سے مَبُوْعٌ ہوا پھر اس سے مَبِيْعٌ ہو گیا۔

⑩ قاعدہ رِيَاضٌ: جو واؤ جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو وہ یاء سے بدل جاتی ہے بشرطیکہ اس کے مفرد میں تعلیل ہو چکی ہو، جیسے: رِيَاضٌ، حِيَاضٌ اصل میں رِوَاضٌ، حِوَاضٌ تھے۔

⑪ قاعدہ قِيَامٌ: جو واؤ مصدر کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو وہ یاء سے بدل جاتی ہے بشرطیکہ اس کے فعل میں تعلیل ہو چکی ہو جیسے: صِيَامٌ، قِيَامٌ اصل میں صِوَامٌ، قِوَامٌ تھے۔

⑫ قاعدہ حِيْكٰى: جو یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد فُعْلٰى صفتی میں واقع ہو تو ضمہ کو کسرہ سے بدلنا واجب ہے، جیسے: حِيْكٰى اصل میں حُيْكٰى تھا، یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد فُعْلٰى صفتی میں واقع ہوئی تو ضمہ کو وجوبًا کسرہ سے بدل دیا۔

⑬ قاعدہ بِيْضٌ: جو یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد اَفْعَلُ فَعْلَاءُ صفتی کی جمع میں واقع ہو تو ضمہ کو کسرہ سے بدلنا واجب ہے، جیسے: بِيْضٌ اصل میں بُيْضٌ تھا، یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد اَفْعَلُ فَعْلَاءُ صفتی کی جمع میں واقع ہوئی تو ضمہ کو وجوبًا کسرہ سے بدل دیا۔

ناقص کے قواعد

① قاعدہ رَضِيَ: جو واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو وہ یاء سے بدل جاتی ہے جیسے: رَضِيَ، دُعِيَ۔ رَضِيَ اصل میں رَضِوَ تھا واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی، دُعِيَ اصل میں دُعِوَ تھا واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی۔

② قاعدہ رَضُوْا: جو حرف علت لام کلمہ میں مضموم ہو اس کا ماقبل مکسور ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو دے دیتے ہیں بشرطیکہ ضمہ کے بعد واؤ ہو پھر اگر اجتماع ساکنین ہو تو حرف علت حذف کر دیتے ہیں جیسے: رَضُوْا اصل میں رَضِيُوْا تھا اگر واؤ نہ ہو تو حرکت حذف کر دیتے ہیں جیسے: يَرْمِيْ اصل میں يَرْمِيُ تھا۔

③ قاعدہ يَدْعُوْ: جو حرف علت لام کلمہ میں مضموم اور اس کا ماقبل بھی مضموم ہو تو حرف علت کی حرکت کو گرادیتے ہیں پھر اگر اجتماع ساکنین ہو تو حرف علت بھی گرادیتے ہیں جیسے: يَدْعُوْ اصل میں يَدْعُوُ تھا، يَدْعُوْنَ اصل میں يَدْعُوُوْنَ تھا۔

④ قاعدہ تَرْمِيْنَ: جو حرف علت لام کلمہ میں مکسور ہو اور اس کا ماقبل بھی مکسور ہو تو حرف علت کی حرکت کو گرادیتے ہیں، پھر اگر اجتماع ساکنین ہو تو حرف علت بھی گرادیتے ہیں جیسے: تَرْمِيْنَ اصل میں تَرْمِيِيْنَ تھا۔

⑤ قاعدہ تَدْعِيْنَ: جو حرف علت لام کلمہ میں مکسور اور اس کا ماقبل مضموم ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو دے دیتے ہیں، پھر اگر اجتماع ساکنین ہو تو حرف علت حذف کر دیتے ہیں، جیسے: تَدْعِيْنَ اصل میں تَدْعُوِيْنَ تھا۔

⑥ قاعدہ يَرْضٰى: جو واؤ اصل میں تیسری جگہ ہو بسبب زیادتی کے چوتھی جگہ یا اس سے زیادہ میں واقع ہو اور اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہو تو واؤ یاء سے بدل جاتی ہے، جیسے: يَرْضٰى، تَعَالَيْتَ اصل میں يَرْضَوُ، تَعَالَوْتَ تھے۔

⑦ قاعدہ دَاعٍ: جو واؤ اسم فاعل کے آخر میں ہو وہ یاء ہو جاتی ہے جیسے: دَاعٍ اصل میں دَاعِوٌ تھا مذکورہ قاعدہ سے دَاعِيٌ ہوا قاعدہ رَضُوْ سے یاء کی حرکت حذف کر کے اجتماع ساکنین کی وجہ سے یاء کو حذف کر دیا تو دَاعٍ ہوا۔

⑧ قاعدہ مَرْمِيٌّ: جب واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوبًا ادغام کر دیتے ہیں بشرطیکہ

واؤ یا یاء کسی دوسرے حرف سے بدلی ہوئی نہ ہو، پھر ماقبل ضمہ ہو تو (یاء کی مناسبت سے) کسرہ سے بدل دیتے ہیں جیسے: مَرْمِيٌّ اصل میں مَرْمُوْيٌ تھا، عین کلمہ کی موافقت کی وجہ سے مِرْمِيٌّ پڑھنا بھی جائز ہے۔

⑨ قاعدہ سَيِّدٌ: جب واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کردیتے ہیں بشرطیکہ واؤ یا یاء کسی دوسرے حرف سے بدلی ہوئی نہ ہو، جیسے: سَيِّدٌ اصل میں سَيْوِدٌ تھا۔

فائدہ: مَرْضِيٌّ اصل میں مَرْضُوْوٌ تھا ماضی اور مضارع کی موافقت سے آخری واؤ کو یاء سے بدل دیا تو مَرْضُوْيٌ ہوگیا پھر قاعدہ مَرْمِيٌّ سے مَرْضِيٌّ ہوگیا۔

⑩ قاعدہ تَقْوٰی: جو یاء فَعْلٰی اسمی کے لام کلمہ میں ہو وہ واؤ ہو جاتی ہے جیسے: فَتْوٰی، تَقْوٰی اصل میں فَتْيَا، تَقْيَا تھے۔ البتہ فَعْلٰی وصفی میں یاء قائم رہتی ہے، جیسے: صَدْیٰ (بہت پیاسی عورت)۔

⑪ قاعدہ دُنْيَا: جو واؤ فُعْلٰی اسمی کے لام کلمہ میں ہو وہ یاء ہو جاتی ہے جیسے: دُنْيَا، عُلْيَا اصل میں دُنْوٰی، عُلْوٰی تھے، البتہ فُعْلٰی وصفی میں واؤ قائم رہتی ہے، جیسے: غُزْوٰی (بہت جنگ کرنے والی عورت)۔

⑫ قاعدہ دُعَاءٌ: جو واؤ یا یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو اسے ہمزہ سے بدلنا واجب ہے بشرطیکہ اس کے آخر میں تائے تانیث لازمہ نہ ہو، جیسے: دُعَاءٌ، بِنَاءٌ اصل میں دُعَاوٌ، بِنَايٌ تھے، یہ دونوں مصدر ہیں، اَسْمَاءٌ اصل میں اَسْمَاوٌ تھا اور اَحْيَاءٌ اصل میں اَحْيَايٌ تھا۔

⑬ قاعدہ اَدْلٍ: جو واؤ یا یاء اسم (متمکن) کے آخر میں ضمہ اصلی کے بعد واقع ہو تو ضمہ کو کسرہ سے اور (اس کی موافقت کی وجہ سے) واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں جیسے: اَدْلٍ اصل میں اَدْلُوٌ تھا مذکورہ قاعدہ سے اَدْلِيٌ ہوا قاعدہ رَضُوْ سے اَدْلٍ ہوگیا، اَظْبٍ اصل میں اَظْبُيٌ تھا، مذکورہ قاعدہ سے اَظْبِيٌ ہوا پھر قاعدہ رَضُوْ سے اَظْبٍ ہوگیا۔

مضاعف کے قواعد

① قاعدہ مَدَّ: جب دو متحرک ہم جنس حرف ایک کلمہ میں جمع ہوں، اور ان کا ماقبل متحرک یا مدہ ہو تو پہلے کو ساکن کرکے دوسرے میں ادغام کردیتے ہیں، جیسے: مَدَّ اصل میں مَدَدَ تھا اور مَادٌّ اصل میں مَادِدٌ تھا۔

② قاعدہ يَمُدُّ: جب دو متحرک ہم جنس حرف ایک کلمہ میں جمع ہوں اور ان کا ماقبل حرف ساکن ہو تو پہلے حرف کی حرکت نقل کرکے ماقبل کو دے دیتے ہیں اور پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیتے ہیں، جیسے: يَمُدُّ اصل میں يَمْدُدُ تھا۔

③ قاعدہ مَدَدْنَ: جب دو ہم جنس حرف ایک کلمہ میں جمع ہوں ان میں سے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہو، اگر سکون لازمی ہو تو ادغام نہیں کریں گے، جیسے: مَدَدْنَ، اگر سکون عارضی یعنی جزمی یا وقفی ہو تو ادغام اور فک ادغام دونوں جائز ہیں، ادغام کی صورت میں دوسرے حرف کو فتحہ (اس لیے کہ وہ اَخف الحرکات ہے) کسرہ (السَّاكِنُ اذا حُرِّكَ حُرِّكَ بالكسرة کے تحت) اور ضمہ دینا بھی جائز ہے بشرطیکہ ماقبل ضمہ ہو (تاکہ ماقبل سے موافقت قائم رہے) جیسے: لَمْ يَمُدَّ، لَمْ يَمُدِّ، لَمْ يَمُدُّ، لَمْ يَمْدُدْ۔

④ قاعدہ مَدٌّ: جب دو ہم جنس یا قریب المخرج حرفوں میں سے پہلا حرف ساکن ہو (مدہ نہ ہو) تو پہلے کو دوسرے میں وجوباً ادغام کردیتے ہیں، کلمہ خواہ ایک ہو، جیسے: مَدٌّ اصل میں مَدْدٌ تھا، عَبَدْتُّمْ اصل میں عَبَدْتُمْ تھا یا دو الگ الگ کلمے ہوں، جیسے: عَصَوْا وَّ كَانُوْا اصل میں عَصَوْا وَكَانُوْا تھا۔

⑤ قاعدہ تائے افتعال: جب باب افتعال کا فاء کلمہ ''و'' یا ''ی'' اصلی ہو تو اسے ''تا'' سے بدل کر افتعال کی ''تا'' میں مدغم کردیا جاتا ہے، جیسے: اِتَّعَدَ واِوْتَعَدَ تھا، اِتَّصَلَ جو اِوْتَصَلَ تھا، اِتَّسَرَ جو اِيْتَسَرَ تھا، اگر وہ ''و، ی'' ہمزہ سے بدلی ہو تو اس کا تاء سے بدلنا درست نہ ہوگا، جیسے: اِيْتَزَرَ جو دراصل اِءْتَزَرَ تھا، اس یاء کو تاء سے بدلنا درست نہیں کیونکہ یاء ہمزہ کے بدلے ہے۔ البتہ اِتَّكَلَ جو دراصل اِئْتَكَلَ تھا، یہ اس قانون سے مستثنیٰ ہے۔

⑥ **تائے افتعال کو طاء بنانا**: جب باب افتعال کا فاء کلمہ ص، ض، ط، یا ظ ہو تو تائے افتعال کو طاء سے بدلنا واجب ہے، جیسے: اِصْطَلَحَ، اِضْطَرَبَ، اِطَّلَعَ، اِظْطَلَمَ، اصل میں اِصْتَلَحَ، اِضْتَرَبَ، اِطْتَلَعَ، اِظْتَلَمَ تھے۔

فائدہ: تائے افتعال کو ثاء بنانا: جب باب افتعال کا فاء کلمہ ثاء ہو تو تائے افتعال کو ثاء سے بدل دیا جاتا ہے اور ثاء کا ثاء میں ادغام کرنا جائز ہے، جیسے: اِثَّارَ اصل میں اِثْتَارَ تھا۔

⑦ **تائے افتعال کو دال بنانا**: جب باب افتعال کا فاء کلمہ دال، ذال یا زاء ہو تو تائے افتعال کو دال سے بدلنا واجب ہے۔

پھر تاء سے پہلے اگر دال ہو تو ادغام وجوبی ہوتا ہے، جیسے: اِدَّعٰی اصل میں اِدْتَعٰی تھا تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا۔

اگر تاء سے پہلے ذال ہو تو اس کو تین طرح پڑھنا جائز ہے، جیسے: اِذْتَكَرَ کو اِذْدَكَرَ، اِدَّكَرَ اور اِذَّكَرَ پڑھا جا سکتا ہے۔

اگر تاء سے پہلے زاء ہو تو اس کو دو طرح پڑھنا جائز ہے، جیسے: اِزْتَجَرَ کو اِزْدَجَرَ اور اِزَّجَرَ پڑھا جا سکتا ہے۔

⑧ **قاعدہ تائے تفعل و تفاعل**: جب تائے تَفَعُّلٌ یا تَفَاعُلٌ کے بعد ت، ث، د، ذ، ر، ز، س، ش، ص، ض، ط یا ظ، ہو تو تائے تفعّل اور تفاعل کو فاء کلمہ سے بدلنا جائز ہے، اور پھر اس میں ادغام کرنا واجب ہے۔

اس صورت میں ماضی، امر اور مصدر سے پہلے ہمزہ وصل لگایا جاتا ہے، جیسے: اِطَّهَّرَ اور اِثَّاقَلَ، اِطَّهَّرَ اصل میں تَطَهَّرَ تھا، تائے تفعّل کو طاء سے بدل کر طاء کا طاء میں ادغام کر دیا، اِثَّاقَلَ اصل میں تَثَاقَلَ تھا تائے تفاعل کو ثاء سے بدل کر ثاء کا ثاء میں ادغام کر دیا، ابتداء بالسکون محال تھی اس لیے شروع میں ہمزہ وصلی لے آئے۔

مہموز کے قواعد

① **قاعدہ رَاسٌ**: جب ہمزہ مفرد ساکن اور اس کا ماقبل متحرک ہو تو ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے مطابق حرف علت سے بدلنا جائز ہے، جیسے: رَاسٌ، بُوْسٌ، ذِیْبٌ۔ رَاسٌ اصل میں رَأْسٌ تھا، ہمزہ مفرد ساکن کو ماقبل کی حرکت فتحہ کے مطابق الف سے بدل دیا، بُوْسٌ اصل میں بُؤْسٌ تھا، ہمزہ مفرد ساکن کو ماقبل کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا، ذِیْبٌ اصل میں ذِئْبٌ تھا، ہمزہ مفرد ساکن کو ماقبل کی حرکت کسرہ کے مطابق یاء سے بدل دیا۔

② **قاعدہ سُوَالٌ**: جب ہمزہ مفرد مفتوح اور اس کا ماقبل متحرک ہو تو ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے مطابق حرف علت سے بدلنا جائز ہے، جیسے: سُوَالٌ، سَالَ، مِیَرٌ۔ سُوَالٌ اصل میں سُؤَالٌ تھا، ہمزہ مفرد مفتوح کو ماقبل کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا، سَالَ اصل میں سَئَلَ تھا، ہمزہ مفرد مفتوح کو ماقبل کی حرکت فتحہ کے مطابق الف سے بدل دیا، مِیَرٌ اصل میں مِئَرٌ تھا، ہمزہ مفرد مفتوح کو ماقبل کی حرکت کسرہ کے مطابق یاء سے بدل دیا۔

③ **قاعدہ مَقْرُوٌّ**: جب ہمزہ مفرد متحرک اور اس سے پہلے واؤ مدہ زائدہ ہو تو ہمزہ کو ماقبل کی جنس سے بدلنا جائز ہے۔ اس کے بعد ادغام ضروری ہے، جیسے: مَقْرُوٌّ اصل میں مَقْرُوْءٌ تھا، ہمزہ مفرد متحرک کو ماقبل کی جنس واؤ سے بدل دیا، پھر واؤ کا واؤ میں ادغام کر دیا۔

④ **قاعدہ خَطِیَّةٌ**: جب ہمزہ مفرد متحرک اور اس سے پہلے یاء مدہ زائدہ ہو تو ہمزہ کو ماقبل کی جنس سے بدلنا جائز ہے۔ اس کے بعد ادغام ضروری ہے، جیسے: خَطِیَّةٌ اصل میں خَطِیْئَةٌ تھا، ہمزہ مفرد متحرک کو ماقبل کی جنس یاء سے بدل دیا، پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا۔

⑤ **قاعدہ یَسَلُ**: جب ہمزہ مفرد متحرک اور اس کا ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کرنا جائز ہے (بشرطیکہ ہمزہ کا ماقبل مدہ زائدہ، یائے تصغیر یا نون انفعال نہ ہو) جیسے: یَسَلُ، شَیٌ، ضَوٌ، قَدَافْلَحَ، یہ اصل میں یَسْئَلُ، شَیْءٌ، ضَوْءٌ، قَدْاَفْلَحَ تھے، ان سب میں ہمزہ مفرد متحرک اور اس کا ماقبل ساکن ہے، تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا ہے۔

فائدہ: رُؤْیَةٌ مصدر سے بننے والے تمام افعال میں یہ قاعدہ وجوبی اور اسمائے مشتقات میں جوازی ہوتا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ افعال کثیر الاستعمال ہیں اس لیے ان میں تخفیف کی زیادہ ضرورت ہے، جب کہ اسمائے مشتقات کثیر الاستعمال نہیں ہیں۔

⑥ **قاعدہ اٰمَنَ**: جب دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوں پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہو، تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت کے مطابق حرف علت سے بدلنا واجب ہے، جیسے: اٰمَنَ، اُوْمِنَ، اِیْمَانًا۔ اٰمَنَ اصل میں ءَأْمَنَ تھا، دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، تو دوسرے ہمزہ

کو پہلے ہمزہ کی حرکت فتحہ کے مطابق الف سے بدل دیا، اُوْمِنَ اصل میں اُءْمِنَ تھا، دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا، اِیْمَانًا اصل میں اِءْمَانًا تھا، دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت کسرہ کے مطابق یاء سے بدل دیا۔

فائدہ: کُلْ، خُذْ، مُرْ اصل میں اُءْکُلْ، اُءْخُذْ، اُءْمُرْ تھے، ان میں دوسرے ہمزے کو خلاف قیاس حذف کردیا پہلے کی ضرورت نہ رہی اس کو بھی حذف کردیا، کُلْ اور خُذْ میں تو حذف واجب ہے مگر مُرْ کی دو حالتیں ہیں: ابتدائے کلام میں دونوں ہمزوں کا حذف کرنا فصیح ہے، جیسے: مُرُوْا صِبْیَانَکُمْ بِالصَّلٰوۃِ اور وسط کلام میں دوسرے ہمزے کو باقی رکھنا فصیح ہے، جیسے: وَأْمُرْ اَھْلَکَ بِالصَّلٰوۃِ۔

اسی طرح سَلْ ابتدائے کلام میں بغیر ہمزے کے، جیسے: سَلْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ اور وسط کلام میں ہمزے کے ساتھ آتا ہے، جیسے: فَاسْئَلُوْا اَھْلَ الذِّکْرِ۔

⑦ قاعدہ جَاءٍ: جب دو متحرک ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوں ان میں سے کوئی ایک مکسور ہو تو دوسرے کو یاء سے بدلنا واجب ہے، جیسے: جَاءٍ اصل میں جَایِءٌ تھا، یاء الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ ہوگئی تو جَاءِءٌ ہوا، اب مذکورہ قاعدہ سے دوسرے ہمزہ کو یاء سے بدل دیا تو جَاءِیٌ ہوا، اب یاء پر ضمہ دشوار ہے، اس کو گرادیا، پھر یاء اور نون تنوین میں اجتماع ساکنین کی وجہ سے یاء کو گرادیا اور تنوین ماقبل کو دے دی تو جَاءٍ ہوا۔

فائدہ: أَیِمَّةٌ اصل میں اَئْمِمَةٌ تھا ایک جنس کے دو حرف جمع ہوئے پہلی میم کی حرکت ماقبل کو دے کر میم کا میم میں ادغام کردیا تو اَئِمَّةٌ ہوا اب مذکورہ قاعدہ سے دوسرے ہمزہ کو یاء سے بدل دیا تو اَیِمَّةٌ ہوا۔ اس میں یہ قاعدہ جوازی ہے وجوبی نہیں جس کی دو وجہیں ہیں:

۱۔ قرآن مجید میں جہاں بھی یہ لفظ آیا ہے تو وہاں ہمزہ مذکور ہے۔ ۲۔ ہمزہ ثانی کی حرکت عارضی ہے۔

⑧ قاعدہ اَوَادِمُ: جب دو ہمزے متحرک ایک کلمہ میں جمع ہو جائیں، دونوں میں سے کوئی بھی مکسور نہ ہو تو دوسرے ہمزے کو واؤ سے بدلنا واجب ہے، جیسے: اَوَادِمُ اصل میں اَءَادِمُ تھا۔

فائدہ: اُکْرِمُ اصل میں اُءَکْرِمُ تھا، مذکورہ قاعدہ کی بناء پر دوسرے ہمزہ کو واؤ سے بدلنا چاہیے تھا لیکن اس میں یہ قاعدہ جاری نہیں ہوا، اس کی دو وجہیں ہیں: ۱۔ دوسرے ہمزے کو کثرت استعمال کی وجہ سے خلاف قیاس حذف کردیا گیا ہے۔ ۲۔ دوسرا ہمزہ زائدہ ہے جب کہ واؤ سے تبدیل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ وہ اصلی ہو۔

⑨ قاعدہ اَحَدٌ: فاء کلمہ میں آنے والی واؤ مفتوح شاذ طور پر تاء سے بدل جاتی ہے۔

⑩ قاعدہ خَطَایَا: جب ہمزہ مفرد مکسور الف مفاعل کے بعد یاء سے پہلے واقع ہو (بشرطیکہ مفرد میں وہ یاء سے پہلے نہ ہو) تو وہ یاء مفتوحہ سے بدل جاتا ہے، جیسے: خَطَایَا اصل میں خَطَایِءُ تھا، یاء الف مفاعل کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی تو یہ خَطَاءِءُ ہوا، پھر قاعدہ جَاءٍ سے خَطَاءِیُ ہوا، اب مذکورہ بالا قاعدہ سے خَطَاءَیُ ہوا، پھر قاعدہ قَالَ سے خَطَایَا ہوا۔

متفرق قواعد

① قاعدہ اِتَّخَذْتُمُوْهُ: جب کُمْ، ھُمْ اور تُمْ کے بعد کوئی ضمیر لاحق ہو جائے تو میم کے بعد واؤ زیادہ ہو جاتا ہے، اور میم مضموم ہو جاتا ہے، جیسے اِتَّخَذْتُمُوْهُ کہ اصل میں یہ اِتَّخَذْتُمْ هُ تھا۔

② قاعدہ لام امر: جب لام امر مکسور کے شروع میں واؤ یا فاء آجائے تو وہ ساکن ہو جاتا ہے۔

③ قاعدہ اَصْطَفَیٰ: جب ہمزہ وصلی سے پہلے ہمزہ استفہام آجائے تو ہمزہ وصلی کتابت سے بھی گر جاتا ہے، جیسے: اَصْطَفَیٰ۔

④ قاعدہ آلْآنَ: جب ہمزہ وصلی مفتوح پر ہمزہ استفہام داخل ہو تو دوسرے ہمزے کو الف سے تبدیل کر کے التقائے ساکنین کو باقی رکھنا واجب ہے، جیسے: آلْآنَ اصل میں أَ اَلْآنَ تھا، قُلْ آللّٰهُ اَذِنَ لَکُمْ (یونس:59) یہ اصل میں أَ اَللّٰهُ تھا۔

⑤ قاعدہ تائے تفعّل: جب باب تَفَعُّلٌ، تَفَاعُلٌ اور تَفَعْلُلٌ کے مضارع معروف میں دو تاء جمع ہو جائیں تو ایک تاء کو تخفیفاً حذف کرنا جائز ہے

،جیسے تَنَزَّلُ الْمَلَائِکَۃُ یہ اصل میں تَتَنَزَّلُ تھا۔

⑥ قاعدہ صَحَائِفُ: جو حرف علت مدہ زائدہ الف مَفَاعِل کے بعد واقع ہو وہ ہمزہ سے بدل جاتا ہے جیسے: صَحَائِفُ، عَجَائِزُ، قَلَائِدُ اصل میں صَحَایِفُ، عَجَاوِزُ، قَلَادِدُ تھے، اگر حرف علت اصلی ہو تو باقی رہتا ہے، جیسے: مَشَایِخُ، مَعَایِشُ، مَفَاوِزُ، البتہ مَصَائِبُ مستثنیٰ ہے۔

⑦ قاعدہ یَهِدِّیْ: جب باب افتعال کا عین کلمہ ت، ث، ج، د، ذ، ز، س، ش، ص، ض، ط یا ظ ہو تو تائے افتعال کو جوازاً عین کلمہ سے بدل کر اس میں ادغام کردیتے ہیں اور ہمزہ وصلی گرجاتا ہے، جیسے خَصَّمَ اصل میں اِخْتَصَمَ تھا، جب تاء افتعال کو عین کلمہ صاد سے بدل دیا تو یہ اِخْصَصَمَ ہوگیا، پھر پہلے صاد کی حرکت اس کے ماقبل خاء ساکن کو دے کر صاد کا صاد میں ادغام کردیا تو خَصَّمَ بن گیا۔ اور هَدّٰی اصل میں اِهْتَدٰی تھا جیسا کہ قرآن مجید میں ہے یَخِصِّمُوْنَ۔ یَهِدِّیْ، ان دونوں میں عین کلمے کی موافقت کی وجہ سے فاء کلمے کو کسرہ دے دیا ہے۔

⑧ قاعدہ نون تاکید: یہ فعل مضارع، فعل امر اور فعل نہی کے آخر میں آتا ہے، اس کے آنے سے فعل مضارع مبنی بن جاتا ہے، اور اس کے شروع میں لام مفتوح کا آنا ضروری ہے کبھی اس کی جگہ اِمَّا بھی آجاتا ہے، جن پانچ صیغوں پر رفع ہوتا ہے ان پر فتحہ آجاتا ہے، جیسے: لَیَفْعَلَنَّ، لَتَفْعَلَنَّ، لَتَفْعَلَنَّ، لَتَفْعَلَنَّ، لَاَفْعَلَنَّ، لَنَفْعَلَنَّ۔ سات صیغوں سے نون اعرابی گرادیتا ہے، جیسے: لَیَفْعَلَانِّ، لَتَفْعَلَانِّ، لَتَفْعَلَانِّ، لَتَفْعَلَانِّ، لَیَفْعَلُنَّ، لَتَفْعَلُنَّ، لَتَفْعَلِنَّ۔ دو صیغوں جمع مذکر غائب ومخاطب سے "واؤ" بھی گرادیتا ہے اور ضمہ باقی رہتا ہے۔ ایک صیغہ واحد مؤنث حاضر سے "ی" بھی گرادیتا اور کسرہ باقی رہتا ہے۔ دو صیغوں جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر میں الف فاصل لایا جاتا ہے، جیسے: لَیَفْعَلْنَانِّ، لَتَفْعَلْنَانِّ

فائدہ: نون ثقیلہ چھ صیغوں (چار تثنیہ، دو جمع مؤنث) میں جہاں اس سے پہلے الف ہوتا ہے مکسور اور باقی آٹھ صیغوں میں مفتوح ہوتا ہے۔

نون تاکید خفیفہ بھی نون تاکید ثقیلہ کی طرح استعمال ہوتا ہے لیکن یہ اُن صیغوں میں نہیں آتا جہاں نون ثقیلہ سے پہلے الف ہو۔

⑨ قاعدہ دُلِیٌّ: جب ناقص واوی کی جمع فُعُوْلٌ کے وزن پر ہو تو دونوں واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کردیتے ہیں ماقبل ضمہ کو (یاء کی مناسبت کی وجہ سے) کسرہ سے بدل دیتے ہیں، جیسے: دُلِیٌّ اصل میں دُلُوْوٌ تھا، عین کلمہ کی موافقت کی وجہ سے فاء کلمہ کو کسرہ دینا بھی جائز ہے، جیسے: دِلِیٌّ۔

⑩ قاعدہ اِسْتِقَامَۃٌ: جو واؤ یا یاء باب افعال یا استفعال کے عین کلمہ میں واقع ہو اس کو قاعدہ یُقَالُ کے ذریعہ الف سے بدل کر اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف کرکے اس کے عوض آخر میں تاء زیادہ کردیتے ہیں، جیسے اِقَامَۃٌ، اِسْتِقَامَۃٌ۔ اِقَامَۃٌ اصل میں اِقْوَامٌ تھا، واؤ باب افعال کے عین کلمہ میں واقع ہوئی اس کو قاعدہ یُقَالُ کے ذریعہ الف سے بدل کر اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف کرکے اس کے عوض آخر میں تاء زیادہ کردی۔ اِسْتِقَامَۃٌ اصل میں اِسْتِقْوَامٌ تھا، واؤ باب استفعال کے عین کلمہ میں واقع ہوئی اس کو قاعدہ یُقَالُ کے ذریعہ الف سے بدل کر اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف کرکے اس کے عوض آخر میں تاء زیادہ کردی۔

⑪ قاعدہ ضُوْرِبَ: جب الف ضمہ کے بعد واقع ہو اسے واؤ سے بدلنا واجب ہے، جیسے: ضُوْرِبَ ماضی مجہول باب مفاعلہ، اس کی ماضی معلوم ضَارَبَ ہے، ماضی مجہول بناتے وقت پہلے حرف کو ضمہ دیا تو الف ضمہ کے بعد واقع ہوا اسے واؤ سے بدل دیا۔

⑫ قاعدہ مَضَارِیْبُ: جب الف کسرہ کے بعد واقع ہو اسے یاء سے بدلنا واجب ہے، جیسے: مِضْرَابٌ سے مَضَارِیْبُ۔ مَفَاعِیْلُ کا وزن بناتے وقت الف کا ماقبل مکسور ہوگیا تو اسے یاء سے بدل دیا۔

⑬ قاعدہ اِسْتَطَاعَ: اِسْتِطَاعَ کے باب میں خلاف قیاس تاء استفعال کو جوازاً حذف کردیا جاتا ہے، جیسے: فَمَا اسْطَاعُوْا، یہ اصل میں اِسْتَطَاعُوْا تھا۔

⑭ قاعدہ بُنَیَّ: جب اسم تصغیر میں تین یاء اکٹھی جمع ہوں تو تیسری یاء کو حذف کرنا واجب ہے بشرطیکہ تیسری یاء لام کلمہ میں ہو، جیسے: بُنَیَّ اصل میں بُنَیِّ + یَ تھا یہ اصل میں بُنَیْوٌ تھا قاعدہ سیّدٌ سے بُنَیِّیٌ ہوا پھر قاعدہ مَدٌّ سے بُنَیٌّ ہوا پھر اس کے ساتھ یاء متکلم لاحق ہوئی تو تین یاء اکٹھی ہوئیں تو آخری یاء کو تخفیفاً حذف کردیا۔

⑮ قاعدہ حُبْلَیَانِ: جو الف زائدہ تثنیہ یا جمع مؤنث سالم کے الف سے پہلے واقع ہو اسے یاء سے بدلنا واجب ہے، جیسے: حُبْلٰی سے حُبْلَیَانِ، حُبْلَیَاتٌ۔

⑯ قاعدہ ابدال قیاسی: جب دو ہم جنس حرف نون فِعَّالٌ کے ہم وزن اسم میں جمع ہوں تو ان میں سے پہلے نون کو یاء سے بدل دیا جاتا ہے، جیسے: دِیْنَارٌ اصل میں دِنَّارٌ تھا۔

⑰ قاعدہ حذف سماعی: کبھی بغیر کسی قاعدہ کے دو ہم جنس حرفوں میں سے ایک کو تخفیفاً حذف کر دیا جاتا ہے، جیسے: ظَلْتَ اصل میں ظَلِلْتَ تھا۔

⑱ قاعدہ ہمزہ وصلی کا حذف: جب ہمزہ وصلی وسط کلام میں آئے تو پڑھنے میں ساقط ہو جاتا ہے، جیسے: فَانْفَطَرَتْ۔

⑲ قاعدہ حروف یرملون: جب نون ساکن کے بعد حروف یرملون میں سے کوئی حرف آ جائے تو نون کا اس میں ادغام ہو جاتا ہے، لام اور راء میں ادغام بغیر غنہ کے اور باقیوں میں ادغام بغنہ ہوتا ہے۔

بنیادی اصولِ نحو وصرف

صَرف کی اصطلاحات

حرکت: اردو میں زبر، زیر اور پیش اور عربی میں فتحہ، کسرہ اور ضمہ کو حرکت کہتے ہیں اور ان کے مجموعہ کو حرکات ثلاثہ کہتے ہیں۔
جب یہ معرب کے آخر میں ہوں تو انہیں رفع، نصب، جر اور جزم کہتے ہیں، اور یہ مبنی کے آخر میں ہوں تو انہیں ضم، فتح، کسر اور سکون کہتے ہیں، اور ان کا مشترکہ نام ضمہ، فتحہ اور کسرہ ہے۔

متحرک: حرکت والے حرف کو کہتے ہیں جس پر زبر ہو اسے مفتوح، جس پر زیر ہو اسے مکسور اور جس پر پیش ہو اسے مضموم کہتے ہیں، جیسے: مُحَمَّداً، مُحَمَّدٍ، مُحَمَّدٌ۔

تنوین: دو زبر، دو زیر اور دو پیش کو تنوین کہتے ہیں، جس حرف پر تنوین ہو اسے منوّن کہتے ہیں، جیسے: نَصْرٌ مِنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ۔

نون کی اقسام: نون کی درج ذیل چھ قسمیں ہیں:

1۔ نون علامت: وہ نون ہے جو کسی باب کی علامت ہو، جیسے: اِنْفِعَالٌ، اِفْعِنْلَالٌ میں نون ان ابواب کی علامت ہے۔

2۔ نون اعرابی: وہ نون ہے جو معرب میں ضمہ اعرابی کے عوض میں آئے، جیسے: يَضْرِبَانِ، يَضْرِبُوْنَ، تَضْرِبِيْنَ۔
یہ سات صیغوں میں آتا ہے۔ چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر کے اور ایک واحد مونث مخاطب کا۔ عوامل ناصب اور جازم کے آنے سے یہ نون گر جاتا ہے۔

3۔ نون بنائی (ضمیر): وہ نون ہے جو صیغہ جمع مونث کے آخر میں آئے، جیسے: يَضْرِبْنَ۔

4۔ نون تنوین: وہ نون ساکن ہے جو پڑھنے میں آئے، لکھنے میں نہ آئے۔ یہ دو زبر، دو زیر اور دو پیش کی صورت میں لکھا جاتا ہے، جیسے: حَامِداً، حَامِدٍ، حَامِدٌ۔

5۔ نون تاکید: وہ نون ہے جو فعل میں تاکید پیدا کرنے کے لیے اس کے آخر میں لایا جاتا ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں: 1۔ ثقیلہ 2۔ خفیفہ۔

1۔ نون ثقیلہ: یہ مشدد ہوتا ہے اور مضارع کے تمام صیغوں کے ساتھ آتا ہے۔

2۔ نون خفیفہ: یہ ساکن ہوتا ہے اور مضارع کے صرف آٹھ صیغوں (تثنیہ اور جمع مؤنث کے علاوہ) میں آتا ہے۔

6۔ نون وقایہ: وہ نون ہے جو فعل پر کسرہ آنے سے بچائے، جیسے: ضَرَبَنِيْ۔

سکون یا جزم: حرکت نہ ہونے کو کہتے ہیں، اور جس حرف پر حرکت نہ ہو اسے ساکن یا مجزوم کہتے ہیں۔

تشدید یا شدّ: ایک حرف کو دو بار ادا کرنا، یعنی ایک سکون اور ایک حرکت کے ساتھ پڑھنا، جیسے: مَدَّ، جس حرف پر شد ہو اسے مشدد کہتے ہیں۔

حروف علت: حروف علت تین ہیں: واؤ، الف اور یاء۔

حروف مدّہ: جب حروف علت ساکن اور ماقبل کی حرکت ان کے موافق ہو تو ان کو حروف مدہ کہتے ہیں، جیسے: سُوْءٌ، جِيْءَ، شَاءَ۔

حروف لین: جب حروف علت ساکن اور ماقبل کی حرکت ان کے موافق نہ ہو تو انھیں حروف لین کہلاتے ہیں، جیسے: لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ۔

زمانہ: زمانہ وقت کو کہتے ہیں، اس کی تین قسمیں ہیں: 1۔ ماضی (گزرا ہوا زمانہ) 2۔ حال (موجودہ) 3۔ مستقبل (آنے والا)۔

صیغہ: لفظ کی وہ مخصوص شکل جو مختلف حروف اور حرکات و سکنات کو ترتیب دینے سے حاصل ہوتی ہے، ہماری اس سے مراد لفظ ہے۔

واحد، تثنیہ، جمع: واحد ایک کو، تثنیہ دو کو اور جمع دو سے زائد کو کہتے ہیں۔

مذکر و مؤنث: مذکر نر کو اور مؤنث مادہ کو کہتے ہیں۔

غائب، حاضر اور متکلم: غائب وہ ہے جو بات کرتے وقت موجود نہ ہو، حاضر وہ ہے جس سے بات کی جائے، متکلم بات کرنے والے کو کہتے ہیں۔

نوٹ: اگرچہ متکلم بھی بات کرتے وقت حاضر ہوتا ہے لیکن ہم نے صرف سہولت کے لیے ''مخاطب'' کو ''حاضر'' کا نام دیا ہے۔

سہ اقسام

سہ اقسام سے مراد اسم، فعل اور حرف ہیں۔

اسم کا بیان

اسم کی تعریف: اسم وہ کلمہ ہے جو خود کسی نام یا صفت پر دلالت کرے اور اس میں کوئی زمانہ نہ ہو، جیسے: رَجُلٌ، عِلْمٌ، مِفْتَاحٌ۔

اسم کی اقسام

جامد، مصدر، مشتق

تقسیم اول: اشتقاق و عدم اشتقاق کے اعتبار سے اسم متمکن کی تین قسمیں ہیں: جامد، مصدر اور مشتق۔

جامد کی تعریف: ا۔ جامد وہ اسم ہے جو نہ مصدر ہو اور نہ مشتق، جیسے: رَجُلٌ (آدمی)۔

۲۔ جامد وہ اسم ہے جو صرف ذات پر دلالت کرے۔

مصدر کی تعریف: ا۔ مصدر وہ اسم ہے جس سے افعال اور اسمائے مشتقات نکلیں، جیسے: ضَرْبٌ (مارنا)۔

۲۔ مصدر وہ اسم ہے جو ''حدث'' یعنی کسی کام پر دلالت کرے۔

مصدر کی درج ذیل قسمیں ہیں: مصدر، اسم مصدر، مصدر مرّہ، مصدر میمی، حاصل مصدر۔

1۔ **مصدر:** وہ اسم ہے جو صرف حدث پر دلالت کرے اس میں زمانہ نہ ہو اور اس میں فعل کے تمام حروف لفظاً یا تقدیراً پائے جائیں، جیسے: عَلِمَ سے عِلْمٌ، وَعَدَ سے عِدَةٌ۔

2۔ **اسم مصدر:** وہ اسم ہے جو حدث پر دلالت کرے اور اس میں فعل کے تمام حروف نہ پائیں جائیں، جیسے: تَكَلَّمَ سے كَلَامٌ۔

فائدہ: باب افعال سے اسم مصدر فَعَالٌ کے وزن پر آتا ہے، جیسے: أَعْطَى سے عَطَاءٌ۔

3۔ **مصدر مرّۃ:** وہ مصدر ہے جو فعل کے ایک مرتبہ واقع ہونے پر دلالت کرے، جیسے: ضَرْبَةٌ (ایک مرتبہ مارنا)۔ یہ ثلاثی مجرد کے مصدر سے فَعْلَةٌ کے وزن پر آتا ہے، اور ثلاثی مزید فیہ اور رباعی مجرد و مزید فیہ سے مصدر مرّہ کے معنی لینے کے لیے ان کے مصدر کے آخر میں تاء لگا دی جاتی ہے، جیسے: تَسْلِيمٌ سے تَسْلِيمَةٌ (ایک مرتبہ سلام کہنا)

فائدہ: اس مصدر سے تثنیہ و جمع مؤنث سالم کے صیغے بھی آتے ہیں، جیسے: ضَرْبَةٌ سے ضَرْبَتَانِ، ضَرَبَاتٌ اور سَجْدَةٌ سے سَجْدَتَانِ، سَجَدَاتٌ۔

4۔ **مصدر میمی**: وہ مصدر ہے جس کے شروع میں میم زائد ہو، جیسے: مَقْدَمٌ (آنا)، مَرْجِعٌ (لوٹنا)۔

5۔ **حاصل مصدر**: سے مراد وہ لفظ ہے جو کسی فعل کی کیفیت، اثر یا نتیجہ ظاہر کرے، جیسے: اَلْحَرْبُ (لڑائی)، اَلْحُسْنُ (اچھائی) وغیرہ۔

نوٹ: ابو علی فارسی فرماتے ہیں کہ جب اجناس مختلف ہوں تو مصدر کی بھی جمع لائی جا سکتی ہے، جیسے: ﴿تَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا﴾ [الاحزاب:10]۔

مشتق کی تعریف: ا۔ مشتق وہ اسم ہے جو مصدر سے بنا ہو، جیسے: ضَارِبٌ (مارنے والا)، نَاصِرٌ (مدد کرنے والا)۔

۲۔ وہ اسم ہے جو ذات مع الوصف پر دلالت کرے۔

اسم مشتق کی سات قسمیں ہیں: ا۔ اسم فاعل ۲۔ اسم مفعول ۳۔ اسم ظرف ۴۔ اسم آلہ ۵۔ اسم تفضیل ۶۔ اسم مبالغہ ۷۔ صفت مشبہ۔

اسم فاعل: وہ اسم مشتق ہے جو کسی کام کرنے والے پر دلالت کرے، جیسے: ضَارِبٌ، جَالِسٌ۔

ثلاثی مجرد سے اسم فاعل فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے، جیسے: نَصْرٌ سے نَاصِرٌ۔ مؤنث کے صیغوں میں علامت تانیث اور تثنیہ وجمع کے صیغوں میں علامت تثنیہ وجمع لگا دی جاتی ہے۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ سے اسم فاعل اس باب کے مضارع معروف کے وزن پر آتا ہے، جیسے: یُکْرِمُ سے مُکْرِمٌ۔

اسم فاعل کے چھ صیغے آتے ہیں، تین مذکر کے لیے اور تین مؤنث کے لیے۔

اسم مفعول: وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو، جیسے: مَضْرُوْبٌ۔

ثلاثی مجرد سے اسم مفعول مَفْعُوْلٌ کے وزن پر آتا ہے، جیسے: نَصْرٌ سے مَنْصُوْرٌ۔ مؤنث کے صیغوں میں علامت تانیث اور تثنیہ وجمع کے صیغوں میں علامت تثنیہ وجمع لگا دی جاتی ہے۔

غیر ثلاثی مجرد سے اسم مفعول اس باب کے مضارع مجہول کے وزن پر آتا ہے، جیسے: یُکْرَمُ سے مُکْرَمٌ۔

اسم مفعول کے چھ صیغے ہیں، تین مذکر کے لیے اور تین مؤنث کے لیے۔

اسم ظرف: وہ اسم مشتق ہے جو کسی کام کی جگہ یا وقت بتائے، جیسے: مَضْرِبٌ، مَنْصَرٌ۔

اس کے دو وزن ہیں: 1۔ مَفْعَلٌ 2۔ مَفْعِلٌ۔ ثلاثی مجرد سے اسم ظرف مَفْعَلٌ یا مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ تثنیہ وجمع کی صورت میں علامت تثنیہ وجمع لگا دی جاتی ہے۔

غیر ثلاثی مجرد سے اسم ظرف اس باب کے اسم مفعول کے وزن پر آتا ہے، جیسے: یُکْرَمُ سے مُکْرَمٌ۔

اسم ظرف کے تین صیغے آتے ہیں، جن میں مذکر ومؤنث میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔

اسم آلہ: وہ اسم مشتق ہے جو اس چیز کو بتلائے جو کسی کام کرنے کا ذریعہ ہو جیسے: مِبْرَدٌ (پنسل تراش)، مِسْطَرَۃٌ (پیمانہ)، مِفْتَاحٌ (چابی)۔

یہ صرف فعل ثلاثی مجرد سے آتا ہے۔ اس کے تین اوزان ہیں: 1۔ مِفْعَلٌ 2۔ مِفْعَلَۃٌ 3۔ مِفْعَالٌ۔

اسم تفضیل: وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات پر دلالت کرے جس میں بہ نسبت دوسرے کے مصدری معنی کی زیادتی پائی جائے، جیسے: اَنْصَرُ، اَکْبَرُ۔

یہ صرف ثلاثی مجرد کے ان ابواب سے آتا ہے جن میں رنگ اور عیب ظاہری کے معنی نہ پائے جائیں، جن ابواب میں رنگ اور عیب ظاہری کے معنی پائے جائیں ان سے اَفْعَلُ کے وزن پر صفت مشبہ آتی ہے۔

یہ مذکر کے لیے اَفْعَلُ اور مؤنث کے لیے فُعْلٰی کے وزن پر آتا ہے۔ تثنیہ وجمع کی صورت میں علامت تثنیہ وجمع لگا دی جاتی ہے۔

اس کے چھ صیغے آتے ہیں، تین مذکر کے لیے اور تین مؤنث کے لیے۔

اسم مبالغہ: وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات پر دلالت کرے جس میں مصدری معنی کی زیادتی پائی جائے، جیسے: عَلَّامٌ (بہت جاننے والا)۔

~~اس کے اوزان سماعی ہیں، ان میں تذکیر وتانیث~~ کے لحاظ سے کوئی فرق نہیں، البتہ کبھی مبالغہ کے لیے آخر میں ''ۃ'' بڑھا دیتے ہیں، جیسے: رَجُلٌ عَلَّامَۃٌ، اِمْرَءَۃٌ

عَلَّامَۃٌ (بہت جاننے والا مرد اور عورت)۔

صفت مشبہ: وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات پر دلالت کرے جس میں مصدری معنی بطور ثبوت اور دوام کے پائے جائیں، جیسے جَمِیْلٌ ۔

صفت مشبہ فعل لازم سے بنائی جاتی ہے، اس کے اوزان سماعی ہیں۔

مذکر و مؤنث

تقسیم ثانی: جنس کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ مذکر ۲۔ مؤنث

۱۔ مذکر: وہ اسم ہے جس میں علامت تانیث لفظاً یا تقدیراً نہ ہو، جیسے: رَجُلٌ، نَاصِرٌ۔

۲۔ مؤنث: وہ اسم ہے جس میں علامت تانیث لفظاً یا تقدیراً ہو، جیسے: نَاصِرَۃٌ، اَرْضٌ۔

علامات تانیث تین ہیں: ۱۔ تائے تانیث مدورہ: ''ۃ'' ۲۔ الف مقصورہ زائدہ: ''یٰ'' ۳۔ الف ممدودہ زائدہ: ''اءٌ''۔

مؤنث کی اقسام: مؤنث کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ قیاسی ۲۔ سماعی

مؤنث قیاسی: وہ اسم ہے جس میں علامت تانیث لفظوں میں ہو، جیسے: نَاصِرَۃٌ، نُصْرٰی، حَمْرَاءُ۔

مؤنث سماعی: وہ اسم ہے جس میں علامت تانیث مقدر ہو یا اہل عرب نے اس کو مؤنث استعمال کیا ہو، جیسے: اَرْضٌ، دَارٌ۔ اَرْضٌ اصل میں اَرْضَۃٌ تھا کیونکہ اس کی تصغیر اُرَیْضَۃٌ آتی ہے اور دَارٌ کو اہل عرب مؤنث استعمال کرتے ہیں، اسے مؤنث معنوی بھی کہتے ہیں۔

واحد، تثنیہ، جمع

تقسیم ثالث: تعداد کے اعتبار سے اسم کی تین قسمیں ہیں: ۱۔ واحد ۲۔ تثنیہ ۳۔ جمع

واحد: وہ اسم ہے جو ایک (فرد) پر دلالت کرے، جیسے: مُسْلِمٌ (ایک مسلمان)۔

تثنیہ: وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے، جیسے: مُسْلِمَانِ، مُسْلِمَیْنِ (دو مسلمان)۔

تثنیہ بنانے کا طریقہ: یہ ہے کہ مفرد کے آخر میں حالت رفع میں الف اور نون مکسور اور حالت نصب و جر میں یا ماقبل مفتوح اور نون مکسور لگا دیا جائے۔

جمع: وہ اسم ہے جو دو سے زائد افراد پر دلالت کرے، جیسے: مُسْلِمُوْنَ، رِجَالٌ۔

جمع کی اقسام: جمع کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ سالم ۲۔ مکسّر

جمع سالم: وہ جمع ہے جس میں واحد کا صیغہ سلامت رہے، جیسے: مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمَۃٌ سے مُسْلِمَاتٌ۔

جمع سالم کی اقسام: اس کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ مذکر سالم ۲۔ مؤنث سالم۔

1۔ جمع مذکر سالم: وہ جمع ہے جو مفرد کے آخر میں واؤ ماقبل مضموم اور نون مفتوح یا یاء ماقبل مکسور اور نون مفتوح زیادہ کرنے سے دو سے زائد افراد پر دلالت کرے، جیسے: مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمِیْنَ۔

2۔ جمع مؤنث سالم: وہ جمع ہے جو مفرد کے آخر میں الف اور تاء لگانے سے دو سے زائد افراد پر دلالت کرے، جیسے: مُسْلِمَاتٌ۔

جمع مکسّر: وہ جمع ہے جس میں واحد کا صیغہ سلامت نہ رہے، جیسے: رَجُلٌ سے رِجَالٌ، اس کو جمع تکسیر بھی کہتے ہیں۔

جمع کی دیگر اقسام:

۱۔ جمع منتھی الجموع: وہ جمع ہے جس کے بعد کوئی جمع مکسّر نہ بن سکے، جیسے: مَصَابِیْحُ۔

اوزان: اس کے دو مشہور دو وزن ہیں: ۱۔ مَفَاعِلُ، جیسے: مَسَاجِدُ۔ مَفَاعِیْلُ، جیسے: مَفَاتِیْحُ۔

۲۔ اسم جمع : سے مراد وہ مفرد اسم ہے جو جمع کے معنی دے، جیسے: قَوْمٌ ۔

۳۔ جمع من غیر لفظہ : وہ جمع ہے جس کے حروف واحد کے حروف کے علاوہ ہوں، جیسے: اِمْرَاَةٌ کی جمع نِسَاءٌ ۔

۴۔ اسم جنس : اس کی دو قسمیں ہیں:

ا۔ اسم جنس جمعی : وہ ہے جو دو سے زائد افراد پر دلالت کرے، اس کے اور واحد کے درمیان فرق تاء کے ساتھ کیا جاتا ہے، جیسے بَقَرَةٌ واحد اور بَقَرٌ جمع ہے، کَمْءٌ واحد اور کَمْأَةٌ جمع ہے، کبھی واحد اور جمع کے درمیان فرق یاء کے ساتھ کیا جاتا ہے، جیسے: رُوْمٌ جمع اور رُوْمِیٌّ واحد ہے۔

۲۔ اسم جنس افرادی : وہ ہے جو ایک ہی لفظ سے قلیل اور کثیر پر دلالت کرے، جیسے ہَمَاءٌ ۔

فائدہ : جمع مکسر اور اسم جنس جمعی میں دو طرح سے فرق ہوتا ہے ① جمع مکسر کے مخصوص اوزان ہیں جب کہ اسم جنس کے اوزان ایسے نہیں ہیں جیسے: شَجَرٌ بروزن فَعَلٌ جمع کے اوزان کے مطابق نہیں ہے ② جمع مکسر کی طرف مؤنث کی ضمیر وغیرہ لوٹتی ہے جیسے: ﴿لَهُمْ غُرَفٌ مِنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَبْنِيَّةٌ﴾ جب کہ اسم جنس جمعی کی طرف مذکر کی ضمیر لوٹتی ہے، جیسے: ﴿اِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا﴾

فائدہ : بعض الفاظ کی جمع خلاف قیاس آتی ہے، جیسے: اُمٌّ کی جمع اُمَّهَاتٌ، فَمٌ کی اَفْوَاهٌ، مَاءٌ کی مِيَاهٌ، اِنْسَانٌ کی اُنَاسٌ اور شَاةٌ کی جمع شِيَاهٌ آتی ہے۔

اسم مصغر

اسم مصغّر : وہ اسم ہے جس کے آخر میں یائے تصغیر لاحق ہو اسم مصغر کہلاتا ہے، یہ قلّت اور چھوٹائی کے معنی پر دلالت کرتا ہے، جیسے: دُرَيْهِمٌ ، رُجَيْلٌ ۔

اوزان: اس کے تین وزن ہیں: ا۔ فُعَيْلٌ ۲۔ فُعَيْلِلٌ ۳۔ فُعَيْلِيْلٌ۔

اسم منسوب

اسم منسوب : وہ اسم ہے جس کے آخر میں نسبت کے لیے یاء مشدد ماقبل مکسور لگائی جائے، جیسے: مَكِّيٌّ (مکہ کا رہنے والا)۔

فعل کا بیان

فعل کی تعریف: فعل وہ کلمہ ہے جو خود کسی کام پر دلالت کرے اور اس میں کوئی زمانہ بھی پایا جائے، جیسے: نَصَرَ ۔

فعل کی اقسام (ماضی ،مضارع ،امر)

تقسیم اول : زمانے کے اعتبار سے فعل کی تین قسمیں ہیں: ا۔ ماضی ۲۔ مضارع ۳۔ امر

فعل ماضی : وہ فعل ہے جس میں گزرا ہوا زمانہ پایا جائے، جیسے: نَصَرَ (مدد کی اس ایک مرد نے گزرے ہوئے زمانے میں)۔

فعل ماضی کے چودہ صیغے ہوتے ہیں، جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:

تین مذکر غائب کے لیے — تین مؤنث غائب کے لیے

تین مذکر حاضر کے لیے — تین مؤنث حاضر کے لیے

دو مذکر و مؤنث متکلم کے لیے

متکلم کا پہلا صیغہ واحد مذکر اور مؤنث کے لیے آتا ہے اور دوسرا صیغہ تثنیہ مذکر، تثنیہ مؤنث، جمع مذکر اور جمع مؤنث کے لیے آتا ہے۔

فعل مضارع: وہ فعل ہے جس میں موجودہ یا آئندہ زمانہ پایا جائے، جیسے: یَنْصُرُ (مدد کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد موجودہ یا آئندہ زمانے میں)۔

فعل مضارع، فعل ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب کے شروع میں حروف اَتَیْنَ (ا، ت، ی، ن) لگانے سے بنتا ہے۔

مضارع کے پانچ صیغوں کے آخر میں پیش ہوتی ہے: صیغہ واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم، تثنیہ و جمع متکلم، جیسے: یَنْصُرُ، تَنْصُرُ، تَنْصُرُ، اَنْصُرُ، نَنْصُرُ۔

سات صیغوں کے آخر میں نون اعرابی آتا ہے: چار تثنیہ کے، جن میں نون اعرابی مکسور ہوتا ہے، تین جمع مذکر غائب و مخاطب اور واحد مؤنث مخاطب کے، جن میں نون اعرابی مفتوح ہوتا ہے، جیسے: یَنْصُرَانِ، تَنْصُرَانِ، تَنْصُرَانِ، تَنْصُرَانِ، یَنْصُرُوْنَ، تَنْصُرُوْنَ، تَنْصُرِیْنَ۔

دو صیغوں جمع مؤنث غائب و مخاطب کے آخر میں نون ضمیر مفتوح ہوتا ہے، جیسے: یَنْصُرْنَ، تَنْصُرْنَ۔

فعل مضارع کی اقسام:

نفی مؤکد بلن: جب فعل مضارع کے شروع میں لَنْ آئے تو اسے نفی مؤکد بلن کہتے ہیں۔

لَنْ کے آنے سے فعل مضارع کے وہ پانچ صیغے جن میں رفع ہوتا ہے (واحد مذکر غائب و حاضر، واحد مؤنث غائب، واحد متکلم، تثنیہ وجمع متکلم) ان پر نصب آجاتی ہے، سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب و حاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر) سے نون اعرابی گر جاتا ہے، دو صیغے جمع مؤنث غائب و حاضر میں مبنی ہونے کی وجہ سے کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

لَنْ فعل مضارع کو نفی تاکید مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے۔

فعل نفی جحد بلم: جب فعل مضارع کے شروع میں لَمْ آئے تو اسے نفی جحد بلم کہتے ہیں۔

لَمْ کے آنے سے فعل مضارع کے وہ پانچ صیغے جن میں رفع ہوتا ہے (واحد مذکر غائب و حاضر، واحد مؤنث غائب، واحد متکلم، تثنیہ وجمع متکلم) ان پر جزم آجاتی ہے، اگر ان کے آخر میں حرف علت ہو تو وہ بھی گر جاتا ہے، سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب و حاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر) سے نون اعرابی گر جاتا ہے، دو صیغے جمع مؤنث غائب و حاضر میں مبنی ہونے کی وجہ سے کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

لَمْ فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے۔

فعل نہی: وہ فعل ہے جس میں کسی کام سے روکا جائے، جیسے: لَاتُشْرِكْ بِاللهِ (تو اللہ کے ساتھ شرک نہ کر)۔

لائے نہی کے آنے سے فعل مضارع کے وہ پانچ صیغے جن میں رفع ہوتا ہے (واحد مذکر غائب و حاضر، واحد مؤنث غائب، واحد متکلم، تثنیہ وجمع متکلم) ان پر جزم آجاتی ہے، اگر ان کے آخر میں حرف علت ہو تو وہ بھی گر جاتا ہے، سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب و حاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر) سے نون اعرابی گر جاتا ہے، دو صیغے جمع مؤنث غائب و حاضر میں مبنی ہونے کی وجہ سے کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

لائے نہی فعل مضارع کو نہی کے معنی میں کر دیتا ہے اور اسے مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔

فعل مضارع مؤکد بانون تاکید: جب فعل مضارع کے آخر میں نون تاکید آئے تو اسے فعل مضارع مؤکد بانون تاکید کہتے ہیں۔

نون تاکید کے آنے سے فعل مضارع کے شروع میں لام مفتوحہ کا آنا ضروری ہے، کبھی اس کی جگہ اِمَّا بھی آجاتا ہے۔

نون تاکید کی دو قسمیں ہیں: 1: نون تاکید ثقیلہ 2: نون تاکید خفیفہ

1: **نون تاکید ثقیلہ:** یہ مشدد ہوتا ہے اور فعل مضارع کے تمام صیغوں کے ساتھ آتا ہے، اس کے آنے سے درج ذیل تبدیلی واقع ہوتی ہے۔

ا۔جن پانچ صیغوں پر رفع ہوتا ہے ان کو فتحہ دیتا ہے، جیسے :لَیَفْعَلَنَّ،لَتَفْعَلَنَّ،لَتَفْعَلَنَّ،لَاَفْعَلَنَّ،لَنَفْعَلَنَّ ۔

۲:سات صیغوں سے نون اعرابی گرادیتا ہے، جیسے: لَیَفْعَلَانِّ،لَتَفْعَلَانِّ،لَتَفْعَلَانِّ،لَتَفْعَلَانِّ ، لَیَفْعَلُنَّ،لَتَفْعَلُنَّ،لَتَفْعَلِنَّ۔

۳:دوصیغوں جمع مذکر غائب ومخاطب سے ''واؤ'' بھی گرادیتا ہے البتہ ضمہ باقی رہتا ہے۔

۴: ایک صیغہ واحد مؤنث حاضر سے ''ی'' بھی گرادیتا البتہ کسرہ باقی رہتا ہے۔

۵:دوصیغوں جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر میں الف فاصل لایا جاتا ہے، جیسے :لَیَفْعَلْنَانِّ،لَتَفْعَلْنَانِّ ۔

فائدہ: نون ثقیلہ، چھ صیغوں (چار تثنیہ، دوجمع مؤنث) میں جہاں اس سے پہلے الف ہوتا ہے مکسور اور باقی آٹھ صیغوں میں مفتوح ہوتا ہے۔

۲:نون تاکید خفیفہ: یہ ساکن ہوتا ہے اور فعل مضارع کے صرف آٹھ صیغوں میں آتا ہے۔

یہ فعل مضارع کے جن آٹھ صیغوں میں آتا ہے وہاں اس کے ماقبل کا حال نون ثقیلہ کی طرح ہوتا ہے یعنی پانچ صیغوں میں مضارع کا آخر مفتوح ،دوصیغوں میں مضموم اور ایک صیغہ میں مکسور ہوتا ہے، جیسے :لَیَفْعَلَنْ،لَیَفْعَلُنْ،لَتَفْعَلَنْ،لَتَفْعَلَنْ ،لَتَفْعَلُنْ، لَتَفْعَلِنْ، لَاَفْعَلَنْ،لَنَفْعَلَنْ۔

فعل امر: وہ فعل ہے جس میں آئندہ زمانے میں کسی کام کا حکم دیا جائے، جیسے :اُنْصُرْ (تو مدد کر)۔

فعل امر بنانے کا طریقہ: فعل ماضی اور مضارع کی طرح امر کے بھی چودہ صیغے ہیں، جن کو فعل مضارع سے اس طرح بنایا جاتا ہے کہ جو صیغہ آپ بنانا چاہیں مضارع کے اسی صیغہ سے پہلے لام امر مکسور لگادیں اور آخر سے ساکن کردیں نون اعرابی اور حرف علت کو گرادیں ،سوائے امر حاضر معروف کے، کہ اس میں لام امر لگانے کی ضرورت نہیں ہوتی ۔

امر حاضر معروف بنانے کا طریقہ: امر حاضر معروف فعل مضارع معروف سے بنتا ہے، وہ اس طرح کہ علامت مضارع کو حذف کردیں اور دیکھیں: اگر علامت مضارع کا مابعد حرف متحرک ہو تو آخر کو ساکن کردیں، جیسے :تُصَرِّفُ سے صَرِّفْ۔

اگر علامت مضارع کا مابعد حرف ساکن ہو تو شروع میں ہمزہ وصل لے آئیں اور آخر کو ساکن کردیں، اگر آخر میں نون اعرابی یا حرف علت ہو تو اسے حذف کردیں پھر دیکھیں اگر عین کلمہ مضموم ہو تو ہمزہ وصلی بھی مضموم ہوگا، جیسے: تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ، اگر وہ مفتوح یا مکسور ہو تو ہمزہ وصلی مکسور ہوگا جیسے تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ، تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ۔

فائدہ: فعل امر کے تمام صیغوں کے ساتھ نون تاکید آسکتا ہے۔

فعل معروف ومجہول

فعل کی تقسیم ثانی: نسبت کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں :ا۔معروف ۲۔مجہول

فعل معروف: وہ فعل ہے جس کا کرنے والا معلوم ہو، جیسے: قَرَءَ زَیْدٌ قُرْآنًا، زید نے قرآن پڑھا، اس میں پڑھنے والا زید معلوم ہے۔

فعل مجہول: وہ فعل ہے جس کا کرنے والا معلوم نہ ہو، جیسے: قُرِءَ قُرْآنٌ ،قرآن پڑھا گیا، اس میں پڑھنے والا معلوم نہیں۔

ماضی مجہول کی علامت: یہ ہے کہ اس کے آخر سے ماقبل کسرہ اور اس سے پہلے تمام متحرک حرف مضموم ہوتے ہیں اور آخری حرف اپنی حالت پر رہتا ہے، جیسے :ضَرَبَ سے ضُرِبَ ۔

مضارع مجہول کی علامت: یہ ہے کہ اس کے آخر سے ماقبل فتحہ اور علامت مضارع مضموم ہوتی ہے اور باقی حروف اپنی حالت پر رہتے ہیں، جیسے :یَضْرِبُ سے یُضْرَبُ

فعل لازم ومتعدی

فعل کی تقسیم ثالث: مفعول کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں: ١۔ لازم ٢۔متعدی

فعل لازم: وہ فعل ہے جو صرف فاعل پر پورا ہو جائے اور اسے مفعول بہ کی ضرورت نہ ہو، جیسے: جَاءَ زَيْدٌ (زید آیا)۔

فعل متعدی: وہ فعل ہے جو صرف فاعل پر پورا نہ ہو بلکہ اسے مفعول بہ کی بھی ضرورت ہو، جیسے: ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا (زید نے عمرو کو مارا)۔

فعل مثبت ومنفی

فعل کی تقسیم رابع: ثبوت وعدم ثبوت کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں: ١۔مثبت ٢۔منفی

فعل مثبت: وہ فعل ہے جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا بتایا جائے، جیسے: نَصَرَ (اس نے مدد کی)۔

فعل منفی: وہ فعل ہے جس میں کسی کام کا نہ کرنا یا نہ ہونا بتایا جائے، جیسے: مَا نَصَرَ (اس نے مدد نہیں کی)۔

ماضی منفی بنانے کا طریقہ: ماضی مثبت کے شروع میں "ما" یا "لا" لگا دینے سے ماضی منفی بن جاتی ہے، جیسے: مَا عَلِمَ (اس نے نہیں جانا)۔

مضارع منفی بنانے کا طریقہ: مضارع مثبت کے شروع میں "ما" یا "لا" لگا دینے سے مضارع منفی بن جاتا ہے، جیسے: لَا يَعْلَمُ (وہ نہیں جانتا)

فائدہ: فعل مضارع میں نفی کا معنی پیدا کرنے کے لیے لَمْ، لَمَّا، لَنْ اور لائے نہی بھی آتے ہیں۔

فعل کے صیغوں کا بیان

فعل کی تقسیم خامس: فاعل کے اعتبار سے فعل کی درج ذیل اٹھارہ قسمیں ہیں:

فعل کبھی غائب، کبھی حاضر اور کبھی متکلم کہلاتا ہے، بعض صیغے مذکر اور بعض مؤنث ہوتے ہیں، اسی طرح بعض صیغے واحد، بعض تثنیہ اور بعض جمع ہوتے ہیں، اس اعتبار سے فعل کے اٹھارہ صیغے بن جاتے ہیں، لیکن حقیقت میں فعل غائب، حاضر، متکلم، مذکر ومؤنث اور تثنیہ وجمع نہیں ہوتا، کیونکہ تثنیہ وجمع ہونا تو اسم کا خاصہ ہے، درحقیقت یہ تمام حالتیں فاعل کی ہوتی ہیں اور اسے فعل غائب اور فعل متکلم وغیرہ اس لیے کہتے ہیں کہ فاعل کے بغیر فعل پورا ہی نہیں ہوتا کیونکہ فعل عرض ہے اور عرض کے لیے سہارے کا ہونا ضروری ہے۔

لہٰذا فاعل کی مختلف شکلوں کی تبدیلی کی وجہ سے یہ نام رکھے جاتے ہیں مثلاً جب فاعل نہ متکلم ہو اور نہ مخاطب تو وہ غائب ہوگا اور وہ مذکر ہوگا یا مؤنث، کام کرنے والا ایک ہوگا یا دو ہوں گے یا زیادہ تو اس اعتبار سے غائب کی چھ قسمیں بنیں: واحد مذکر غائب، تثنیہ مذکر غائب، جمع مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، تثنیہ مؤنث غائب، جمع مؤنث غائب۔

اسی طرح حاضر کی چھ قسمیں بنیں گی: واحد مذکر حاضر، تثنیہ مذکر حاضر، جمع مذکر حاضر، واحد مؤنث حاضر، تثنیہ مؤنث حاضر، جمع مؤنث حاضر۔

اسی طرح متکلم کی چھ قسمیں بنتی ہیں: واحد مذکر متکلم، تثنیہ مذکر متکلم، جمع مذکر متکلم، واحد مؤنث متکلم، تثنیہ مؤنث متکلم، جمع مؤنث متکلم۔

یوں یہ کل اٹھارہ قسمیں بنتی ہیں جنہیں اٹھارہ صیغے کہتے ہیں۔

لیکن عربوں کے استعمال میں متکلم واحد مذکر ومؤنث لیے ایک ہی صیغہ اور تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث کے لیے بھی ایک ہی صیغہ ہے، اس لیے متکلم میں بجائے چھ صیغوں کے صرف دو سے کام لیا جاتا ہے، غرضیکہ اب بجائے اٹھارہ صیغوں کے چودہ صیغے مستعمل ہیں: تین مذکر غائب کے لیے، تین مؤنث غائب کے لیے، تین مذکر حاضر کے لیے، تین مؤنث حاضر کے لیے، دو مذکر ومؤنث متکلم کے لیے۔

شش اقسام کا بیان

شش اقسام سے مراد: ثلاثی مجرد، ثلاثی مزید فیہ، رباعی مجرد، رباعی مزید فیہ، خماسی مجرد اور خماسی مزید فیہ ہیں۔

حروف اصلیہ کی تعداد کے اعتبار سے اسم جامد کی چھ قسمیں ہیں:

۱۔ثلاثی مجرد: وہ ہے جس میں صرف تین حروف اصلی ہوں، کوئی حرف زائد نہ ہو، جیسے: رَجُلٌ۔

۲۔ثلاثی مزیدفیہ: وہ ہے جس میں صرف تین حرف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو، جیسے: زَمَانٌ۔

۳۔رباعی مجرد: وہ ہے جس میں صرف چار حروف اصلی ہوں اور کوئی زائد حرف نہ ہو، جیسے: جَعْفَرٌ۔

٤۔رباعی مزیدفیہ: وہ ہے جس میں چار حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو، جیسے: قِرْطَاسٌ۔

٥۔خماسی مجرد: وہ ہے جس میں صرف پانچ حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد نہ ہو، جیسے: سَفَرْجَلٌ۔

٦: خماسی مزیدفیہ: وہ ہے جس میں پانچ حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو، جیسے: قَبَعْثَرٰی۔

نوٹ: اسم جامد کے اندر حروف زائدہ میں علامت تانیث، علامت تثنیہ وجمع اور یائے نسبت کو شمار نہیں کیا جاتا۔

حروف اصلیہ کی تعداد کے اعتبار سے مصدر کی چار قسمیں ہیں: ۱۔ثلاثی مجرد ۲۔ثلاثی مزید فیہ ۳۔رباعی مجرد ۴۔رباعی مزید فیہ

ثلاثی مجرد: اس کے اوزان سماعی ہیں ان کا کوئی خاص قاعدہ وکلیہ نہیں ہے۔

ثلاثی مزید فیہ: ثلاثی مزید فیہ کے مصدروں کے اوزان قیاسی ہیں جو کہ بارہ ہیں:

اِفْعَالٌ، تَفْعِیْلٌ، مُفَاعَلَةٌ، تَفَعُّلٌ، تَفَاعُلٌ، اِفْتِعَالٌ، اِنْفِعَالٌ، اِفْعِلَالٌ، اِفْعِیْلَالٌ، اِفْعِیْعَالٌ، اِفْعِوَّالٌ، اِسْتِفْعَالٌ۔

رباعی مجرد: اس کا صرف ایک وزن فَعْلَلَةٌ ہے، جیسے: دَحْرَجَةٌ (لڑھکانا)۔

رباعی مزید فیہ: اس کے تین اوزان ہیں: تَفَعْلُلٌ، اِفْعِنْلَالٌ، اِفْعِلَّالٌ۔

حروف اصلیہ کی تعداد کے اعتبار سے اسم مشتق کی چار قسمیں ہیں: ۱۔ثلاثی مجرد ۲۔ثلاثی مزید فیہ ۳۔رباعی مجرد ۴۔رباعی مزید فیہ

حروف اصلیہ کی تعداد کے اعتبار سے فعل کی چار قسمیں ہیں: ۱۔ثلاثی مجرد ۲۔ثلاثی مزید فیہ ۳۔رباعی مجرد ۴۔رباعی مزید فیہ

ثلاثی مجرد: وہ فعل ہے جس کی ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں صرف تین حرف اصلی ہوں، کوئی حرف زائد نہ ہو، جیسے: نَصَرَ۔

ثلاثی مجرد کے چھ باب ہیں:

۱۔فَعَلَ یَفْعِلُ، جیسے: ضَرَبَ یَضْرِبُ ۲۔فَعَلَ یَفْعُلُ، جیسے: نَصَرَ یَنْصُرُ ۳۔فَعِلَ یَفْعَلُ، جیسے: عَلِمَ یَعْلَمُ

۴۔فَعَلَ یَفْعَلُ، جیسے: مَنَعَ یَمْنَعُ ۵۔فَعِلَ یَفْعِلُ، جیسے: حَسِبَ یَحْسِبُ ۶۔فَعُلَ یَفْعُلُ، جیسے: شَرُفَ یَشْرُفُ۔

ثلاثی مزید فیہ: وہ فعل ہے جس کی ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں تین حرف اصلی کے علاوہ کوئی حرف زائد بھی ہو جیسے: اَکْرَمَ میں ہمزہ زائد اور باقی تین حروف اصلی ہیں۔ ثلاثی مزید فیہ کے بارہ ابواب ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

اِفْعَالٌ، تَفْعِیْلٌ، مُفَاعَلَةٌ، تَفَعُّلٌ، تَفَاعُلٌ، اِفْتِعَالٌ، اِنْفِعَالٌ، اِفْعِلَالٌ، اِفْعِیْلَالٌ، اِفْعِیْعَالٌ، اِفْعِوَّالٌ، اِسْتِفْعَالٌ

رباعی مجرد: وہ فعل ہے جس کی ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں چار حروف اصلیہ ہوں اور کوئی حرف زائد نہ ہو، جیسے: دَحْرَجَ میں چاروں حروف اصلی ہیں۔

اس کا صرف ایک باب ہے: فَعْلَلَةٌ ۔

رباعی مزید فیہ: وہ فعل ہے جس کی ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں چار حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد بھی ہو، جیسے: تَدَحْرَجَ میں تاء زائد ہے اور باقی حروف اصلی ہیں۔ اس کے تین ابواب ہیں، جو کہ درج ذیل ہیں: تَفَعْلُلٌ، اِفْعِنْلَالٌ، اِفْعِلَّالٌ

نوٹ: فعل میں حروف زائدہ میں تائے تانیث ساکنہ اور علامت تثنیہ وجمع کو شمار نہیں کیا جاتا۔

ہفت اقسام کا بیان

ہفت اقسام سے مراد: صحیح، مہموز، مثال، اجوف، ناقص، لفیف اور مضاعف ہیں۔

حروف اصلیہ کے اعتبار سے اسم اور فعل کی چار قسمیں ہیں: صحیح، مہموز، معتل اور مضاعف۔ ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:

صحیح: وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں ہمزہ، حرف علت اور دو ہم جنس حرف نہ ہوں، جیسے: نَصَرَ، رَجُلٌ ۔

مہموز: وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں ہمزہ ہو، اگر فاء کلمہ کی جگہ ہمزہ ہو تو مہموز الفاء، جیسے: اَمَرَ، اِبِلٌ، اگر عین کلمہ کی جگہ ہمزہ ہو تو مہموز العین، جیسے: سَأَلَ، رَأْسٌ اور اگر لام کلمہ کی جگہ ہمزہ ہو تو مہموز اللام کہتے ہیں، جیسے: قَرَأَ، جُزْءٌ ۔

معتل: وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں حرف علت ہو۔ اقسام: اس کی دو قسمیں ہیں: ا۔ معتل بیک حرف ۲۔ معتل بدو حرف۔

1۔ **معتل بیک حرف:** اقسام: اس کی تین قسمیں ہیں: ا۔ معتل الفاء ۲۔ معتل العین ۳۔ معتل اللام۔

1۔ **معتل الفاء:** جس کا فاء کلمہ حرف علت ہو، اس کو مثال کہتے ہیں، جیسے: وَعَدَ، يَسَرَ۔ اس کی دو قسمیں ہیں: ا۔ واوی ۲۔ یائی۔
اگر فاء کلمہ میں حرف علت واؤ ہو تو اس کو مثال واوی کہتے ہیں، جیسے: وَعَدَ اور اگر یاء ہو تو اس کو مثال یائی کہتے ہیں جیسے: يَسَرَ۔

2۔ **معتل العین:** جس کا عین کلمہ حرف علت ہو، اس کو اجوف کہتے ہیں، جیسے: قَالَ، بَاعَ۔ اس کی دو قسمیں ہیں: ا۔ واوی ۲۔ یائی۔
اگر عین کلمہ میں حرف علت واؤ ہو تو اجوف واوی، جیسے: قَالَ اور اگر حرف علت یاء ہو تو اجوف یائی کہتے ہیں، جیسے: بَاعَ۔

3۔ **معتل اللام:** جس کا لام کلمہ حرف علت ہو، اس کو ناقص کہتے ہیں، جیسے: دَعَا، رَمٰی۔ اس کی دو قسمیں ہیں: ا۔ واوی ۲۔ یائی۔
اگر لام کلمہ کی جگہ حرف علت واؤ ہو تو ناقص واوی، جیسے: دَعَا اور اگر یاء ہو تو ناقص یائی کہتے ہیں، جیسے: رَمٰی ۔

2۔ **معتل بدو حرف:** وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں دو حرف علت ہوں، اس کا نام "لفیف" رکھا جاتا ہے۔

لفیف: وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں دو حرف علت ہوں۔ اقسام: اس کی دو قسمیں ہیں: ا۔ لفیف مفروق ۲۔ لفیف مقرون۔

1۔ **لفیف مفروق:** وہ کلمہ ہے جس میں دو حرف علت الگ الگ ہوں جیسے: وَقٰی، وَحْیٌ۔

2۔ **لفیف مقرون:** وہ کلمہ ہے جس میں دو حرف علت متصل ہوں جیسے: طَوٰی، يَوْمٌ۔

مضاعف: وہ کلمہ ہے جس میں دو حرف اصلی ایک جنس کے ہوں۔ اقسام: اس کی دو قسمیں: ا۔ مضاعف ثلاثی ۲۔ مضاعف رباعی۔

ا۔ **مضاعف ثلاثی:** اس وقت کہتے ہیں جب دو حرف اصلی ایک جنس کے ثلاثی میں ہوں، جیسے: مَدَّ، مَدٌّ۔

۲۔ **مضاعف رباعی:** اس وقت کہتے ہیں جب دو حرف اصلی ایک جنس کے رباعی میں جمع ہوں، جیسے: زَلْزَلَ۔

حرف کا بیان

حرف کی تعریف: وہ کلمہ ہے جو اپنے معنی پر دلالت کرنے کے لیے اسم یا فعل کا محتاج ہو، جیسے: اَنْ ،لَمْ وغیرہ۔

حرف کی صرفی اعتبار سے دو قسمیں ہیں: ۱۔حرف اصلی ۲۔حرف زائد

حرف اصلی: وہ حرف ہے جو وزن کرتے وقت فاء، عین یا لام کلمہ کی جگہ پر آئے جو فاء کی جگہ ہو، اسے فاء کلمہ، جو عین کی جگہ ہو اسے عین کلمہ اور جو لام کی جگہ ہو اسے لام کلمہ کہتے ہیں، جیسے: نَصَرَ بروزن فَعَلَ اس میں ''ن'' فاء کلمہ ''ص'' عین کلمہ اور ''ر'' لام کلمہ ہے۔

حرف زائد: وہ حرف جو وزن کرتے وقت فاء، عین یا لام کلمہ کی جگہ پر نہ ہو، جیسے: اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ اس میں ''ک'' فاء کی جگہ، ''ر'' عین کی جگہ اور ''م'' لام کی جگہ ہے، اس لیے ک، ر، م، اصلی اور ہمزہ زائد حرف ہے۔

نوٹ: حرف کی گردان نہیں ہوتی اس لیے صرفی حضرات حروف معانی کے بارے میں بحث نہیں کرتے، صرف حروف مبانی کے بارے میں بحث کرتے ہیں۔

حرف کی نحوی اعتبار سے دو قسمیں ہیں: ۱۔عاملہ ۲۔غیر عاملہ

حروف عاملہ: وہ حروف جو رفع، نصب، جر یا جزم دیتے ہیں، ان کی درج ذیل نو قسمیں ہیں:

۱۔**حروف جارہ:** وہ حروف جو اسم کو جر دیتے ہیں، یہ سترہ ہیں: باؤ تاؤ کاف ولام وواؤ مُنْذُ مُذْ خَلا ○ رُبَّ حَاشَا مِنْ عَدَا فِیْ عَنْ عَلٰی حَتّٰی اِلٰی۔

۲۔**حروف مشبہ بالفعل:** یہ مبتدا کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں، یہ چھ ہیں: اِنَّ ،اَنَّ ،کَاَنَّ ،لَیْتَ ،لٰکِنَّ ،لَعَلَّ۔

۳۔**ما ولا مشابہ بلیس:** یہ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں، یہ دو ہیں: مَا ،لَا۔

۴۔**لائے نفی جنس:** یہ اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے، یہ صرف ایک حرف ہے: لَا۔

۵۔**حروف نداء:** یہ اسم کو نصب دیتے ہیں جب کہ وہ مضاف یا شبہ مضاف ہوں، یہ پانچ ہیں: یَا ،اَیَا ،ھَیَا ،اَیْ ،ہمزہ مفتوحہ۔

۶۔**حروف ناصبہ در فعل مضارع:** یہ فعل مضارع کو نصب دیتے ہیں، یہ چار ہیں: اَنْ، لَنْ، کَیْ ،اِذَنْ۔

۷۔**حروف جازمہ در فعل مضارع:** یہ فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں، یہ پانچ ہیں: لَمْ ،لَمَّا ،لام امر، لائے نھی ،اِنْ شرطیہ۔

حروف غیر عاملہ: وہ حروف ہیں جو لفظی عمل نہیں کرتے، ان کی درج ذیل پندرہ قسمیں ہیں:

1۔ **حروف استفهام:** وہ حروف ہیں جن کے ذریعے سوال کیا جاتا ہے، یہ دو ہیں: أ، هَلْ۔

2۔ **حروف مصدريه:** وہ حروف ہیں جو جملے کو مصدر کے معنی میں کر دیتے ہیں، جسے مصدر مؤول کہتے ہیں، یہ تین ہیں: مَا ،اَنْ ،اَنَّ۔

3۔ **حروف تفسير:** وہ حروف ہیں جو ماقبل کی وضاحت کے لیے آتے ہیں، یہ دو ہیں: أَیْ اور أَنْ، جیسے: جَاءَنِیْ زَیْدٌ أَیْ أَبُوْكَ ، نَادَیْنَاهُ أَنْ یَا اِبْرَاهِیْمُ۔

4۔ **حروف جواب:** وہ حروف ہیں جو جواب دینے کے لیے آتے ہیں، یہ سات ہیں: نَعَمْ ،اَجَلْ ،جَیْرِ ،اَنَّ ،اِیْ، بَلٰی ، لَا۔

5۔ **حرف توقع:** قَدْ ہے، جب یہ ماضی سے پہلے آئے تو تحقیق کے معنی دیتا ہے، اسے ماضی قریب کہا جاتا ہے، جیسے: لَقَدْ جَاءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ

اَنْفُسِكُمْ (تحقیق تمہارے اندر ہی سے تمہارے پاس ایک رسول آیا ہے) اور جب مضارع سے پہلے آئے تو تقلیل کے معنی دیتا ہے، جیسے: قَدْ يَجِيءُ زَيْدٌ (زید کبھی کبھی آتا ہے)، کبھی مضارع سے پہلے بھی تحقیق کے معنی دیتا ہے، جیسے: قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ (بے شک اللہ تعالی جانتا ہے)۔

6۔ **حروف شرط** : وہ حروف ہیں جو شرط کے معنی دیتے ہیں، یہ چار ہیں: اَمَّا ،لَوْ،لَوْ لَا ،لَوْمَا۔

7۔ **حروف تنبیه** : وہ حروف ہیں جو مخاطب سے غفلت دور کرنے کے لیے جملہ سے پہلے آتے ہیں، یہ تین ہیں: اَلَا ،اَمَا ،هَا ، جیسے: اَلَا زَيْدٌ قَائِمٌ ، اَمَا عَمْرٌو جَالِسٌ ، هَا اَنَا حَاضِرٌ۔

8۔ **حروف تحضيض وتنديم** : وہ حروف ہیں جو مخاطب کو رغبت یا ندامت دلانے کے لیے آتے ہیں، یہ چار ہیں: اَلَّا ،هَلَّا ،لَوْ لَا ، لَوْ مَا، جب یہ مضارع پر آئیں تو رغبت دلانا مقصود ہوتا ہے، جیسے: هَلَّا تُصَلِّيْ (تو نماز کیوں نہیں پڑھتا؟) اور جب ماضی پر آئیں تو ندامت دلانا مقصود ہوتا ہے، جیسے: هَلَّا صَلَّيْتَ (تو نے نماز کیوں نہیں پڑھی؟)۔

اِحْمِلْ 1	سوار کرلے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعِلْ	× ❼	هود :40
أَحْوٰى 1	سیاہ	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	//	لفیف مقرون	ح و ی	أَفْعَلَ	أَحْوَيَ ❽	الأعلى :5
أَحْيَا 11	زندہ کردیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ی و	//	أَحْيَوَ ❾	المائدة:32
أَحْيَاءٌ 5	زندہ	صفت مشبہ	جمع مکسر	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	أَفْعَالٌ	أَحْيَاوٌ ❿	البقرة :154
أُحِيطَ 2	گھیر لیا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ح و ط	أُفْعِلَ	أُحْوِطَ ⓫	يونس :22

❶ ایک جنس کے دو متحرک حرف لام جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے، پہلے لام کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ : يَمُدُّ)۔ ❷ ایک جنس کے دو متحرک حرف لام جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے، پہلے لام کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:يَمُدُّ)، لَام كَيْ کے بعد أَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❸ م: حُلُمٌ، سورة الطور :32 میں ﴿ أَحْلَامُهُمْ ﴾، حِلْمٌ کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں عقل، یہ اصل میں باب نصر کا مصدر ہے۔ ❹ م: حَمْلٌ۔ ❺ یہ رسول اللہ ﷺ کا ایک نام ہے، علمیت اور وزن فعل کی وجہ سے غیر منصرف ہے، یہ اصل میں باب سمع حَمِدَ يَحْمَدُ سے اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر ہے۔ ❻ لفظ ﴿ أَحْمِلُ ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① میں اٹھائے ہوئے ہوں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② میں سوار کروں، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول فُلَانًا ہو، جیسا کہ سورة التوبہ: 92 میں ہے: ﴿ أَحْمِلُكُمْ ﴾ ''میں تمہیں سوار کروں''۔ ❼ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول فُلَانًا ہو۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قَالَ) اس کی مؤنث حَوَّاءُ آتی ہے، أَفْعَلُ کے وزن پر صفت مشبہ اس لیے آئی ہے کہ اس میں رنگ کے معنی پائے جاتے ہیں۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا(قاعدہ: قَالَ)۔ ❿ واؤ اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی اسے وجوبی طور پر ہمزہ سے بدل دیا(قاعدہ: دُعَاءٌ)، م: حَيٌّ۔ ⓫ واؤ متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا ہے واؤ کو یاء سے بدل دیا(قاعدہ:يُقَالُ)، لفظ ﴿ أُحِيطَ ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① ہلاکت کے قریب ہونا، أُحِيطَ بِفُلَانٍ کے معنی ہیں: ہلاکت کے قریب ہونا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② ہلاک ہوجانا، أُحِيطَ بِالشَّيْءِ کے معنی ہیں ہلاک ہوجانا، برباد ہوجانا، جیسا کہ سورة الکہف: 42 میں ہے: ﴿ أُحِيطَ بِثَمَرِهٖ ﴾ ''پھل برباد ہوگیا''۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أُحْيِيُ 2	میں زندگی بخشا ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	لفیف مقرون	ح ی و	أُفْعِلُ	أُحْيِوُ ❶	البقرة :258
أَحْيَيْتَنَا 1	تو نے ہمیں زندہ کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعَلْتَ	أَحْيَوْتَنَا ❷	المؤمن:11
أَحْيَيْنَا 4	ہم زندہ کر دیتے ہیں	//	جمع متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْنَا	أَحْيَوْنَا ❸	ق:11
أَخٌ 4	بھائی	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء وناقص واوی	أ خ و	فَعٌ	أَخَوٌ ❹	النساء :12
أَخَا 18	//	//	//	//	//	//	//	فَعَا	أَخَوَ ❺	الأحقاف :21
أَخَافُ 23	میں ڈرتا ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	سمع	//	اجوف واوی	خ و ف	أَفْعَلُ	أَخْوَفُ ❻	المائدة :28
أَنْ-أُخَالِفَكُمْ 1	کہ میں تمہاری مخالفت کروں	//	//	مفاعلة	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	خ ل ف	أُفَاعِلَ	أُخَالِفُ ❼	هود :88
أَخْبَارِكُمْ 3	تمہاری خبریں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	//	خ ب ر	أَفْعَالِ	× ❽	التوبة :94
أَخْبَتُوا 1	وہ جھک گئے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	خ ب ت	أَفْعَلُوا	×	هود :23
أُخْتٌ 7	بہن	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء وناقص واوی	أ خ و	فُعْتٌ	أُخْوٌ ❾	النساء :12
إِخْتَارَ 1	چن لیے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی	خ ی ر	إِفْتَعَلَ	إِخْتَيَرَ ❿	الأعراف :155
إِخْتَرْتُكَ 1	میں نے تجھے چن لیا ہے	//	واحد متکلم	//	//	//	//	إِفْتَلْتُ	إِخْتَيَرْتُ ⓫	طه :13
إِخْتَرْنَاهُمْ 1	ہم نے انہیں چن لیا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	إِفْتَلْنَا	إِخْتَيَرْنَا ⓫	الدخان :32
إِخْتَصَمُوا 1	انہوں نے جھگڑا کیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	صحیح	خ ص م	إِفْتَعَلُوا	×	الحج :19
إِخْتِلَافِ 7	بدلنے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	خ ل ف	إِفْتِعَالِ	//	البقرة :164
إِخْتِلَاقٌ 1	بنائی ہوئی بات	//	//	//	//	//	خ ل ق	إِفْتِعَالٌ	× ⓬	صٓ :7
إِخْتَلَطَ 3	ملی ہو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	خ ل ط	إِفْتَعَلَ	×	الأنعام :146
إِخْتَلَفَ 4	اختلاف کیا	//	//	//	//	//	خ ل ف	//	//	البقرة :213
فَاخْتُلِفَ 2	اختلاف کیا گیا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	أُفْتُعِلَ	أُخْتُلِفَ ⓭	هود :110

❶ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا) أُحْيِوْ ہوا تو واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: مِيْزَانٌ) ، یہاں قاعدہ رضی پھر قاعدہ رضوا اور قاعدہ یرضی اور پھر قاعدہ رضوا بھی جاری ہو سکتا ہے، یہاں ایک جنس کے دو حرف جمع ہونے کے باوجود ادغام اس لیے نہیں ہوا کہ ان میں سے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، جب کہ ادغام کے لیے ضروری ہے کہ پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہو۔ ❷ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضی)۔ ❸ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضی) ، جب اس کا مفعول الْأَرض ہو تو اس کے معنی شاداب کرنا کے ہوتے ہیں، اَحْيَا اللّٰهُ الْأَرْضَ کے معنی ہیں اللہ تعالیٰ نے زمین کو شاداب کر دیا۔ ❹ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا، یہ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے، جب یہ مضاف نہ ہو تو اس پر اعراب بالحرکت لفظی آتا ہے، اور جب یہ یائے متکلم کے علاوہ کسی اور اسم کی طرف مضاف ہو تو اس پر اعراب بالحرف لفظی آتا ہے، ج: إِخْوَةٌ ،إِخْوَانٌ ۔ ❺ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، یہ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے، جب یہ مفرد مکبر ہو اور یاء متکلم کے علاوہ کسی اور اسم کی مضاف ہو تو اس کی نصبی حالت الف کے ساتھ آتی ہے۔ ❻ واؤ متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی ، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا ہے واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ❼ اَنْ مصدر یہ ناصبہ کی وجہ سے یہ منصوب ہے، جب اس کا مفعول ہٗ اور صلہ اِلَى الْأَمْر ہو تو اس کے معنی کسی کے برخلاف کسی چیز کا قصد کرنا کے ہوتے ہیں۔ ❽ م: خَبَرٌ ۔ ❾ واؤ کو حذف کر کے اس کے عوض تاء لے آئے، یہ إِخْوَةٌ سے مشتق أَخٌ کی مؤنث ہے، ج: أَخَوَاتٌ ، لفظ ﴿أُخت﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے ① بہن جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نظیر، شبیہ، جیسا کہ سورۃ الزخرف میں ہے ﴿هِيَ أَكْبَرُ مِنْ أُخْتِهَا﴾ "وہ زیادہ بڑی ہوتی تھی اس جیسی (پہلی نشانی) سے"۔ ❿ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ :قَالَ)۔ ⓫ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ :قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور راء جمع ہونے کی وجہ سے الف گر گیا۔ ⓬ یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ⓭ ہمزہ وصلی وسط کلام میں آنے کی وجہ سے پڑھنے میں ساقط ہو گیا۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
إِخْتَلَفْتُمْ 2	تم نے اختلاف کیا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	خ ل ف	اِفْتَعَلْتُمْ	×	الشوریٰ:10
إِخْتَلَفُوْا 11	جنہوں نے اختلاف کیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	اِفْتَعَلُوْا	//	البقرة:176
اَلْأُخْتَيْنِ 1	دو بہنوں	اسم جامد	تثنیہ مؤنث	×	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء وناقص واوی	أ خ و	فُعْتَيْنِ	أُخْوَيْنِ ❶	النساء:23
أَخْدَانٍ 2	چھپے یار	صفت مشبہ	جمع مکسر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	خ د ن	أَفْعَالٍ	× ❷	النساء:25
اَلْأُخْدُوْدِ 1	خندق	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مضاعف ثلاثی	خ د د	أُفْعُوْلِ	× ❸	البروج:4
أَخْذُ 5	پکڑ	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	أ خ ذ	فَعْلٌ	×	هود:102
أَخَذَ 21	لیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	//	آل عمران:81
أُخِذَ 1	لیا گیا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	//	الأنفال:70
أَخْذَةً 1	گرفت	مصدر مرّہ	×	//	//	//	//	فَعْلَةً	//	الحاقة:10
أَخَذَتِ 15	حاصل کرلی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتِ	أَخَذَتْ ❹	يونس:24
أَخَذْتُ 5	میں نے پکڑ لیا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	//	فاطر:26
أَخَذْتُمْ 2	تم نے قبول کیا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	آل عمران:81
أَخَذْنَ 1	وہ لے چکی ہیں	//	جمع مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلْنَ	//	النساء:21
أَخَذْنَا 26	ہم نے لیا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	البقرة:63
أُخِذُوْا 2	پکڑے جائیں گے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِلُوْا	//	الأحزاب:61
أَخَّرَ 1	اس نے پیچھے چھوڑا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	أ خ ر	فَعَّلَ	×	القيامة:13
أُخَرَ 5	دوسرے	اسم تفضیل	جمع مکسر	//	ثلاثی مجرد	//	//	فُعَلَ	× ❺	البقرة:184
أُخْرٰى 26	دوسری	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فُعْلٰى	× ❻	النساء:102
إِخْرَاجِ 6	نکالنا	(اسم) مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	خ ر ج	إِفْعَالُ	×	البقرة:217
أَخَّرَتْ 1	اس نے پیچھے چھوڑا	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	تفعیل	//	مہموز الفاء	أ خ ر	فَعَّلَتْ	//	الانفطار:5
أَخَّرْتَنِ 3	تو مجھے مہلت دے	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَّلْتَ	× ❼	بنی اسرائیل:62
أَخْرَجَ 16	اس نے پیدا کیے	//	واحد مذکر غائب	افعال	//	صحیح	خ ر ج	أَفْعَلَ	×	الأعراف:27

❶ واؤ کو حذف کر کے اس کے عوض میں تاء لے آئے ۔ ❷ یہ خلاف قیاس باب مفاعلہ سے صفت مشبہ ہے، م: خِدْنٌ ، لفظ ﴿أَخْدَان﴾ قرآن مجید میں مذکر اور مؤنث دونوں طرح استعمال ہوا ہے، مذکورہ بالا آیت میں ہے ﴿لَامُتَّخِذَاتِ أَخْدَانٍ﴾ ''نہ چھپے یار بنانے والی'' اور سورۃ المائدۃ:5 میں ہے ﴿لَامُتَّخِذِي أَخْدَانٍ﴾ ''نہ چھپی آشنائیں بنانے والے''۔ ❸ ج: أَخَادِيْدُ، اصحاب الاخدود سے مراد وہ ظالم اور کافر لوگ ہیں جنہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ نبوت میں یمن کے ایک یہودی ظالم بادشاہ ذونواس کے حکم سے اہل ایمان کو آگ کی کھائیوں میں پھینک دیا تھا (تفصیل کے لیے دیکھیں صحيح مسلم ، كتاب التفسير سورة البروج) ۔ ❹ تاء اصل میں ساکن تھی آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❺ م: أُخْرٰى، عدل اور وصف کی وجہ سے یہ غیر منصرف ہے، اس میں عدل اس اعتبار سے ہے کہ اسے قیاس کے مطابق معرفہ کی طرف مضاف یا معرف باللام ہو کر استعمال ہونا چاہیے تھا، کیونکہ جو نہ مضاف ہو اور نہ ہی معرف باللام ہو تو وہ ہمیشہ مفرد مذکر استعمال ہوتا ہے تو اسے آخَرُ ہونا چاہیے تھا اس سے معلوم ہوا کہ یہ اپنی اصل شکل چھوڑ چکا ہے تو اس وجہ سے اس میں عدل تحقیقی پایا جا رہا ہے، یہ غیر ثلاثی مجرد یعنی باب تفعیل سے خلاف قیاس آیا ہے۔ ❻ یہ غیر ثلاثی مجرد یعنی باب تفعیل سے خلاف قیاس آیا ہے، ج: أُخَرُ ، اس کی جمع أُخْرَيَاتٌ بھی آتی ہے۔ ❼ اس کے آخر میں نون وقایہ ہے، یائے متکلم تخفیفاً حذف ہو چکی ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أَخْرِجْ 2	تو نکال	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	خ ر ج	أَفْعِلْ	×	ابراهيم :5
أُخْرَجُ 1	مجھے نکالا جائے گا	فعل مضارع مجہول	واحد متکلم	//	//	//	//	أُفْعَلُ	//	مريم :66
أَنْ۔أُخْرَجَ	یہ کہ میں نکالا جاؤں گا	//	//	//	//	//	//	أُفْعَلَ	❶	الاحقاف:17
أُخْرُجْ 6	نکل جا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	أُفْعُلْ	//	الأعراف :18
أَخْرَجَتِ 2	نکال باہر کرے گی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	أَفْعَلَتِ	أَخْرَجَتْ ❷	الزلزلة :2
أُخْرِجَتْ 1	نکالی گئی	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	أُفْعِلَتْ	×	ال عمران :110
أُخْرِجْتُمْ 1	تمہیں نکالا گیا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أُفْعِلْتُمْ	//	الحشر :11
أَخْرَجْنَا 10	ہم نے نکالی ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْنَا	//	البقرة :267
أَخْرِجْنَا 3	ہمیں نکال لے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلْ	//	النساء :75
أُخْرِجْنَا 1	ہمیں نکال دیا گیا	فعل ماضی مجہول	جمع متکلم	//	//	//	//	أُفْعِلْنَا	//	البقرة :246
أَخْرِجُوْا 2	نکالو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلُوْا	//	الأنعام :93
أُخْرِجُوْا 6	وہ نکالے گئے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	أُفْعِلُوْا	//	ال عمران :195
أُخْرُجُوْا 1	نکل جاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	أُفْعُلُوْا	//	النساء :66
أَخْرَجُوْكُمْ 2	انہوں نے تمہیں نکالا ہے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	أَفْعَلُوْا	//	البقرة :191
أَخَّرْنَا 1	ہم مؤخر کردیں	//	جمع متکلم	تفعیل	//	مہموز الفاء	أ خ ر	فَعَّلْنَا	//	هود :8
أَخِّرْنَا 1	ہمیں مہلت دے دے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِّلْ	//	ابراهيم :44
أَخْزٰى 1	زیادہ رسوا کرنے والا	اسم تفضیل	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	خ ز ی	أَفْعَلُ	أَخْزَىُ ❸	حم السجدة :16
أَخْزَيْتَهٗ 2	تو نے اسے رسوا کردیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	أَفْعَلْتَ	×	ال عمران :192
اِخْسَئُوْا 1	دور دفع رہو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	خ س ء	اِفْعَلُوْا	× ❹	المؤمنون :108
اَلْأَخْسَرُوْنَ 2	سب سے زیادہ خسارہ اٹھانے والے	اسم تفضیل	جمع مذکر	ض،س	//	صحیح	خ س ر	أَفْعَلُوْنَ	× ❺	هود :22
اَلْأَخْسَرِيْنَ 2	سب سے زیادہ خسارے والے	//	//	//	//	//	//	أَفْعَلِيْنَ	× ❻	الأنبياء:70

❶ أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❷ تاء اصل میں ساکن تھی آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❸ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قَالَ)۔ ❹ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول فُلَانًا ہو۔ ❺ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❻ یہ اس کی نصبی حالت ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
إِخْشَوْا 2	ڈرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	خ ش ی	اِفْعَوْا	إِخْشَيُوْا ❶	لقمان :33
إِخْشَوْنِ 3	تم مجھ سے ڈرو	//	//	//	//	//	//	//	إِخْشَيُوْا ❷	المائدة :3
الْأَخْضَرِ 1	سبز	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	صحیح	خ ض ر	أَفْعَلِ	× ❸	یسٓ :80
أَخْطَأْتُمْ 1	تم نے خطا کی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز اللام	خ ط ء	أَفْعَلْتُمْ	×	الأحزاب :5
أَخْطَأْنَا 1	ہم خطا کر جائیں	//	جمع متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْنَا	//	البقرة :286
أَخْفٰى 1	پوشیدہ تر بات	اسم تفضیل	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	خ ف ی	أَفْعَلَ	أَخْفَيَ ❹	طٰه :7
إِخْفِضْ 2	جھکا دے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	//	صحیح	خ ف ض	اِفْعِلْ	×	الحجر :88
أُخْفِيَ 1	چھپا کر رکھا گیا ہے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	خ ف ی	أُفْعِلَ	//	السجدة :17
أَخْفَيْتُمْ 1	تم نے چھپایا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعَلْتُمْ	//	الممتحنة :1
أُخْفِيْهَا 1	میں اسے چھپا کر رکھوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	أُفْعِلُ	أُخْفِيُ ❺	طٰه:15
الْأَخِلَّاءُ 1	سب دلی دوست	صفت مشبہ	جمع مکسر	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	خ ل ل	أَفْعِلَاءُ	أَخْلِلَاءُ ❻	الزخرف :67
أَخْلَدَ 2	وہ چمٹ گیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	خ ل د	أَفْعَلَ	×	الأعراف :176
أَخْلَصْنَاهُمْ 1	ہم نے انہیں چن لیا	//	جمع متکلم	//	//	//	خ ل ص	أَفْعَلْنَا	//	صٓ :46
أَخْلَصُوْا 1	انہوں نے خالص کر لیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	أَفْعَلُوْا	//	النساء :146
فَاخْلَعْ 1	سو اتار دے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	//	خ ل ع	اِفْعَلْ	× ❼	طٰه :12
فَأَخْلَفْتُكُمْ 1	تو میں نے تم سے خلاف ورزی کی	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	خ ل ف	أَفْعَلْتُ	×	ابراهيم :22
فَأَخْلَفْتُمْ 1	تو تم نے خلاف ورزی کی	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعَلْتُمْ	//	طٰه :86
مَا ـ أَخْلَفْنَا 1	ہم نے خلاف ورزی نہیں کی	فعل ماضی منفی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْنَا	//	طٰه :87
أُخْلُفْنِيْ 1	تو میرا جانشین رہ	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	أُفْعُلْ	× ❽	الأعراف :142
أَخْلَفُوْا 1	انہوں نے خلاف ورزی کی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	أَفْعَلُوْا	×	التوبة :77
أَخْلُقُ 1	میں بناتا ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	نصر	ثلاثی مجرد	//	خ ل ق	أَفْعُلُ	//	ال عمرٰن :49
لَمْ ـ أَخُنْهُ 1	میں نے اس کی خیانت نہیں کی	فعل نفی جحد بلم معلوم	//	//	//	اجوف واوی	خ و ن	أَفُلْ	أَخْوُنْ ❾	یوسف :52
أَخَوَاتُكُمْ 5	تمہاری بہنیں	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	//	مہموز الفاء وناقص واوی	أ خ و	فَعَلَاتٌ	× ❿	النساء :23

❶ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا، اس کے آخر میں نون وقایہ ہے، یائے متکلم تخفیفاً حذف ہو چکی ہے۔ ❸ ج :خُضْرٌ ،اَفْعَلُ کے وزن پر صفت مشبہ اس لیے آئی ہے کہ اس میں رنگ کے معنی پائے جاتے ہیں۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قَالَ)۔ ❺ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا) ۔ ❻ ایک جنس کے دو متحرک حرف لام جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے، پہلے لام کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:یَمُدُّ)۔ ❼ فاء کے بعد ہمزہ وصلی وسط کلام میں آنے کی وجہ سے پڑھنے میں ساقط ہو گیا ہے۔ ❽ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ ❾ واؤ متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن داؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن واؤ اور نون جمع ہونے کی وجہ سے واؤ گر گئی (قاعدہ:یَقُوْلُ) ❿ [illegible]

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أَخْوَالِكُمْ 1	اپنے ماموؤں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	خ و ل	أَفْعَالِ	× ❶	النور :61
إِخْوَانٌ 22	بھائی	//	//	//	//	مہموز الفاء وناقص واوی	أ خ و	فِعْلَانٌ	× ❷	بنی اسرائیل :27
إِخْوَةٌ 7	//	//	//	//	//	//	//	فِعْلَةٌ	//	النساء :11
أَخُوكَ 7	تیرا بھائی	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعُ	أَخَوٌ ❸	یوسف :69
أَخَوَيْكُمْ 1	اپنے دو بھائیوں	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعَلَىْ	أَخَوَيْنِ ❹	الحجرات :10
أَخِي 8	اپنے بھائی	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعِ	أَخَوٌ ❺	المائدة :31
الْأَخْيَارِ 2	بہترین لوگوں	اسم تفضیل	جمع مکسر	ضرب	//	اجوف یائی	خ ی ر	أَفْعَالِ	× ❻	صٓ :47
أَخِيهِ 15	اس کے بھائی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مہموز الفاء وناقص واوی	أ خ و	فَعِ	أَخَوٌ ❼	البقرة:178
إِدًّا 1	ایک بہت بھاری بات	صفت مشبہ	//	نصر	//	مہموز الفاء ومضاعف ثلاثی	أ د د	فِعْلًا	إِدْدًا ❽	مریم :89
أَدَاءٌ 1	پہنچا دینا	اسم مصدر	×	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء وناقص یائی	أ د ی	فَعَالٌ	أَدَايٌ ❾	البقرة :178
فَادّٰرَأْتُمْ 1	تم ایک دوسرے سے جھگڑنے لگے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	تفاعل	//	مہموز اللام	د ر ء	اِفَّاعَلْتُمْ	تَدَارَأْتُمْ ❿	البقرة :72
اِدّٰرَكَ 1	ختم ہوگیا ہے	//	واحد مذکر غائب	//	//	صحیح	د ر ك	اِفَّاعَلَ	تَدَارَكَ ⓫	النمل :66
اِدّٰرَكُوا 1	وہ ایک دوسرے سے آملیں گے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	اِفَّاعَلُوا	تَدَارَكُوا ⓫	الأعراف :38
إِدْبَارَ 1	جانے کے بعد	(اسم) مصدر	×	افعال	//	//	د ب ر	إِفْعَالَ	×	الطور :49
الْأَدْبَارَ 13	پیٹھیں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	//	//	أَفْعَالَ	× ⓬	ال عمرٰن:111
أَدْبَرَ 4	پیٹھ پھیری	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	أَفْعَلَ	×	المعارج :17
أَدْخِلْ 4	تو ڈال	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	د خ ل	أَفْعِلْ	//	النمل :12
أُدْخِلَ 2	وہ داخل کردیا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	أُفْعِلَ	//	ال عمرٰن :185
أُدْخُلِ 1	تو داخل ہوجا	امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	أُفْعُلِ	أُدْخُلْ ⓭	یٰسٓ :26

❶ م: خَالٌ ۔ ❷ م: أَخٌ ۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف گر گیا تو اَخٌ ہوگیا، یہ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے، جب یہ مفرد مکبر ہو اور یاء متکلم کے علاوہ کسی اور اسم کی مضاف ہو تو اس کی رفعی حالت واؤ کے ساتھ آتی ہے۔ ❹ اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، م: أَخٌ، ج: إِخْوَانٌ وإِخْوَةٌ ۔ ❺ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف گر گیا تو اَخٌ ہوگیا، یائے متکلم کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے اعراب تقدیری آیا ہے، ج: إِخْوَانٌ وإِخْوَةٌ ۔ ❻ م: خَيْرٌ یا خَيِّرٌ ۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف گر گیا تو اَخٌ ہوگیا، یہ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے جب یہ مفرد مکبر ہو اور یاء متکلم کے علاوہ کسی اور اسم کی مضاف ہو تو اس کی جری حالت یاء سے آتی ہے۔ ❽ دو ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: إِدَادٌ ۔ ❾ یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی اسے وجوبی طور پر ہمزہ سے بدل دیا (قاعدہ: دُعَاءٌ)۔ ❿ تائے تفاعل کے بعد دال واقع ہوا تو تائے تفاعل کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا، ابتدا بالسکون محال تھی اس لیے شروع میں ہمزہ وصلی لے آئے، بعض کے نزدیک اس کا وزن اِتَفَاعَلْتُمْ اور بعض کے نزدیک اِفَّاعَلْتُمْ ہے۔ ⓫ تائے تفاعل کے بعد دال واقع ہوا تو تائے تفاعل کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا، ابتدا بالسکون محال تھی اس لیے شروع میں ہمزہ وصلی لے آئے۔ بعض کے نزدیک اِدّٰرَكَ کا وزن اِتَفَاعَلَ اور بعض کے نزدیک اِفَّاعَلَ ہے، اسی طرح اِدّٰرَكُوا کا وزن اِتَفَاعَلُوا اور بعض کے نزدیک اِفَّاعَلُوا بھی ہوسکتا ہے ⓬ م: دُبُرٌ ۔ ⓭ لام اصل میں ساکن تھا، آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اُدْخُلَا [1]	دونوں داخل ہو جاؤ	فعل امر حاضر معلوم	تثنیہ مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	د خ ل	اُفْعُلَا	×	التحريم :10
اَدْخِلْنَا [1]	ہمیں داخل کرلے	//	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	اَفْعِلْ	× ❶	الأعراف :151
اَدْخَلْنٰهُ [3]	ہم نے اسے داخل کرلیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	اَفْعَلْنَا	×	الأنبياء :75
لَأُدْخِلَنَّكُمْ [2]	میں تمہیں ضرور داخل کروں گا	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	لَأُفْعِلَنَّ	اُدْخِلُ ❷	المائدة :12
اَدْخِلُوْا [1]	داخل کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اَفْعِلُوْا	×	المؤمن :46
اُدْخِلُوْا [1]	وہ داخل کر دیے گئے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	اُفْعِلُوْا	//	نوح :25
اُدْخُلُوْا [21]	داخل ہو جاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	اُفْعُلُوْا	//	البقرة :58
اُدْخُلِيْ [3]	داخل ہو جا	//	واحد مؤنث حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلِيْ	//	النمل :44
لَمْ اَدْرِ [1]	میں نہ جانتا	فعل نفی جحد بلم معلوم	واحد متکلم	ضرب	[illegible]	ناقص یائی	د ر ی	لَمْ اَفْعِ	اَدْرِيُ ❸	الحاقة :26
اَدْرٰكَ [14]	تجھے معلوم کروایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	اَفْعَلَ	اَدْرَيَ ❹	الحاقة :3
اَدْرَكَهُ [1]	اسے پالیا	//	//	//	//	صحیح	د ر ك	//	×	يونس :90
فَادْرَءُوْا [1]	تو تم ٹال لو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	د ر ء	اِفْعَلُوْا	اِدْرَءُوْا ❺	ال عمران :168
اَدْرِيْ [4]	میں جانتا	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	ضرب	//	ناقص یائی	د ر ی	اَفْعِلُ	اَدْرِيُ ❻	الأنبياء :109
اِدْرِيْسَ [2]	ادریس علیہ السلام	اسم جامد	واحد مذکر	×	×	صحیح	د ر س	اِفْعِيْلَ	× ❼	مريم :56
اُدْعُ [11]	دعا کر	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	د ع و	اُفْعُ	اُدْعُوْ ❽	البقرة :68
اَدْعُوْا [6]	میں بلاتا ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	اَفْعُلُ	اَدْعُوُ ❾	يوسف :108
اُدْعُوْا [21]	بلالو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اُفْعُوْا	اُدْعُوُوْا ❿	الأعراف :55
اَدْعِيَاۗءَكُمْ [2]	تمہارے منہ بولے بیٹے	صفت مشبہ	جمع مکسر	//	//	//	//	اَفْعِلَاءَ	اَدْعِوَاءَ ⓫	الأحزاب :4
اِدْفَعْ [2]	ہٹا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	//	صحیح	د ف ع	اِفْعَلْ	×	المؤمنون :96

❶ اس کے آخر میں نا متکلم کی ضمیر منصوب متصل مفعول بہ ہے۔ ❷ نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہے (قاعدہ: نون تاکید ثقیلہ)۔ ❸ لَمْ جازمہ کی وجہ سے اس کے آخر سے حرف علت یاء گر گئی۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ) اس کے آخر میں کاف ضمیر مفعول بہ ہے۔ ❺ فاء کے بعد وسط کلام میں آنے کی وجہ سے ہمزہ وصلی پڑھنے میں ساقط ہو گیا ہے۔ ❻ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت کو گرا دیا (قاعدہ: رَضُوْا)، اس کے شروع میں اِنْ نافیہ ہے۔ ❼ یہ ایک پیغمبر کا نام ہے، جو حضرت نوح علیہ السلام سے پہلے کسی دور میں آئے تھے، اس لفظ کے بارے میں دو قول ہیں: ① یہ عربی ہے اس صورت میں یہ درس سے مشتق ہوگا، اس کے معنی ہیں پڑھنا چونکہ یہ کثرت سے صُحُف الهيه پڑھتے تھے اس وجہ سے ان کا نام ادریس رکھا گیا، ان کا اصل نام اخنوخ تھا، اس صورت میں یہ شاذ طور پر صرف علیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔ ② یہ عجمی یعنی سریانی زبان کا لفظ ہے، اسی لیے یہ علیت اور عجمہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے یہی بات صحیح معلوم ہوتی ہے کیونکہ عربی ماننے کی صورت میں صرف ایک سبب علیت کی وجہ سے غیر منصرف کیسے ہو سکتا ہے غیر منصرف ہونا عجمی ہونے کی دلیل ہے۔ ❽ یہ دراصل تَدْعُوْ سے بنا ہے، جو کہ اصل میں تَدْعُوُ تھا، امر بناتے وقت شروع سے علامت مضارع تاء کو گرا کر ہمزہ وصلی مضموم لگا دیا اور اس کے آخر سے حرف علت واؤ گر گئی۔ ❾ لام کلمہ میں حرف علت مضموم اس کا ماقبل بھی مضموم ہے تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا (قاعدہ: یَدْعُو)۔ ❿ حرف علت واؤ لام کلمہ میں مضموم اس کا ماقبل بھی مضموم تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی (قاعدہ: یَدْعُوْ)، یہ دراصل تَدْعُوْنَ سے بنا ہے، جو کہ اصل میں تَدْعُوُوْنَ تھا، امر بناتے وقت شروع سے علامت مضارع تاء کو گرا کر ہمزہ وصلی مضموم لگا دیا اور آخر سے نون اعرابی بھی گر گیا۔ ⓫ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی بسبب زیادتی کے چوتھی جگہ واقع ہوئی اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یَرْضٰی)، م: دَعِيٌّ یہ فعیل بمعنی مفعول ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اِدْفَعُوْا 2	مدافعت کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	د ف ع	اِفْعَلُوْا	× ❶	ال عمران: 167
اِدَّكَرَ 1	اسے یاد آیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ذ،ك،ر	اِفَّعَلَ	اِذْتَكَرَ ❷	یوسف: 45
اَدُلُّكَ 4	میں تجھے بتاؤں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	د ل ل	اَفْعُلُ	اَدْلُلُ ❸	طه: 120
فَأَدْلٰى 1	سو اس نے لٹکایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	د ل و	اَفْعَلَ	اَدْلَوَ ❹	یوسف: 19
اَدْنٰى 12	کمتر	اسم تفضیل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	//	د ن و	اَفْعَلُ	اَدْنَوُ ❺	البقرة: 61
اَدْهٰى 1	زیادہ بڑی مصیبت	//	//	فتح	//	ناقص یائی	د ہ ی	//	اَدْهَیُ ❻	القمر: 46
اَدُّوْا 1	حوالے کردو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء وناقص یائی	ء د ی	فَعُّوْا	اَدِّیُوْا ❼	الدخان: 18
اِذْ 165	جب	اسم جامد	×	×	×	×	×	×	× ❽	البقرة: 131
اِذَا 196	//	//	//	//	//	//	//	//	× ❾	البقرة: 156
اِذًا 26	اس وقت	حرف ناصب	//	//	//	//	//	//	× ❿	البقرة: 145
اَذَاعُوْا 1	مشہور کردیتے ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی	ذ ی ع	اَفْعَلُوا	اَذْیَعُوْا ⓫	النساء: 83
اَذَاقَهُمْ 3	وہ چکھاتا ہے انہیں	//	واحد مذکر غائب	//	//	اجوف واوی	ذ و ق	اَفْعَلَ	اَذْوَقَ ⓬	الروم: 33
اَذَانٌ 1	صاف اعلان	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	ء ذ ن	فَعَالٌ	× ⓭	التوبة: 3
اَذَاهُمْ 1	ان کی ایذا رسانی	//	//	//	//	مہموز الفاء وناقص یائی	ء ذ ی	فَعَل	اَذَیَ ⓮	الأحزاب: 48

❶ لفظ ﴿اِدْفَعُوا﴾ ''قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① دفع کرو، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② سونپ دو، جیسا کہ سورہ النساء:6 میں ہے ﴿فَادْفَعُوْا اِلَیْهِمْ اَمْوَالَهُمْ﴾ ''تو ان کے مال ان کے سپرد کردو''۔ ❷ باب افتعال کے فاءکلمہ میں ذال واقع ہوا تو تائے افتعال کو دال سے بدل دیا، پھر ذال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا (قاعدہ: تائے افتعال)۔ ❸ ایک جنس کے دو متحرک حرف لام جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے، پہلے لام کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: یَمُدُّ)۔ ❹ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضٰی)، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ) ❺ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضٰی)، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، بعض کے نزدیک یہ باب کرم مہموز اللام دَنُوْءَ یَدْنُوْءُ سے صفت مشبہ ہے، اس صورت میں یہ اصل میں اَدْنَیءُ تھا، ہمزہ متحرک کو ماقبل کی حرکت فتحہ کے مطابق الف سے بدل دیا، الف ہمزہ سے بدلا ہوا ہے، لفظ ﴿اَدْنٰی﴾ ''قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① کمتر، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② زیادہ قریب، جیسا کہ سورة النجم :9 میں ہے ﴿اَدْنٰی﴾ ''زیادہ قریب''، کبھی اس کے معنی قریب بھی ہوتے ہیں، جیسا کہ سورة الأعراف :169 میں ہے ﴿هٰذَا الْاَدْنٰی﴾ ''یہ قریب'' یہاں اس سے مراد دنیا ہے۔ ❻ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❼ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گرگئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❽ ظرف زمان اکثر ماضی کے لیے آتا ہے، کبھی یہ مستقبل کے لیے بھی آتا ہے، جیسا کہ سورة المؤمن: 7170، میں ہے ﴿فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِیْ اَعْنَاقِهِمْ﴾، یہ جملہ کی طرف مضاف ہوتا ہے اور گزشتہ فعل کا ظرف بنتا ہے، جملہ فعلیہ کی مثال مذکورہ بالا آیت میں ہے، جملہ اسمیہ کی مثال جیسے: سورة توبہ:40 میں ہے ﴿اِذْ هُمَا فِی الْغَارِ﴾ ''جب وہ دونوں غار میں تھے''، کبھی جملہ کو حذف کرکے اس کے عوض تنوین لائی جاتی ہے، جیسے: ﴿حِیْنَئِذٍ﴾ اور کبھی یہ مفاجات کے لیے آتا ہے، لیکن قرآن مجید میں یہ مفاجات کے لیے استعمال نہیں ہوا۔ ❾ ظرف زمان مستقبل کے لیے آتا ہے، اس میں اکثر شرط کے معنی پائے جاتے ہیں، جیسے: ﴿اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً﴾ (الروم:25)، جب یہ قسم کے بعد ہو تو زمانہ حال کے لیے آتا ہے، جیسے: ﴿وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی﴾ (اللیل: 1) اور کبھی یہ زمانہ ماضی کے لیے آتا ہے، جیسے: ﴿وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً﴾ (الجمعة: 11) کبھی یہ مفاجات کے لیے آتا ہے، جیسے: ﴿فَاِذَا هِیَ حَیَّةٌ تَسْعٰی﴾ (طه: 20)۔ ❿ یہ فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور سابقہ کلام کے جواب اور جزا کے لیے آتا ہے، یہ کبھی نون کے ساتھ اِذَنْ لکھا جاتا ہے۔ ⓫ یاء متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے فتحہ نقل کیا گیا ہے اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)۔ ⓬ واؤ متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا ہے اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، ﴿اَذَاقَهَا﴾ اَذَاقَ اللّٰهُ الْخَوْفَ: کسی پر خوف وغیرہ طاری کرنا۔ ⓭ بعض کے نزدیک یہ باب افعال سے اسم مصدر ہے۔ ⓮ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ) اضافت کی وجہ سے تنوین حذف ہوچکی ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أَذْبَحُكَ [1]	میں تجھے ذبح کر رہا ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ذ ب ح	أَفْعَلُ	×	الصافات :102
لَاَذْبَحَنَّهٗ [1]	میں اسے ضرور ذبح کردوں گا	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	//	//	//	//	//	لَأَفْعَلَنَّ	اَذْبَحُ ❶	النمل :21
اَلْاَذْقَان [3]	ٹھوڑیاں	اسم جامد	جمع مکسر	×	×	//	ذ ق ن	أَفْعَالِ	× ❷	یٰسٓ :8
أَذَقْنَا [7]	ہم چکھاتے ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ذ و ق	أَفَلْنَا	أَذْوَقْنَا ❸	یونس :21
اُذْكُرْ [16]	یاد کر	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ذ ك ر	اُفْعُلْ	×	المائدة :110
أَذْكُرْكُمْ [1]	میں تمہیں یاد کروں گا	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	أَفْعُلْ	اَذْكُرُ ❹	البقرة :152
اُذْكُرْنَ [1]	یاد کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مؤنث حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلْنَ	×	الأحزاب :34
اُذْكُرْنِیْ [1]	میرا ذکر کرنا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلْ	اَذْكُرُ ❺	یوسف :42
أَنْ ۔ أَذْكُرَهٗ [1]	کہ میں اس کا ذکر کروں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	أَفْعُلَ	× ❻	الكهف :63
اُذْكُرُوْا [31]	یاد کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلُوْا	×	البقرة :40
الْأَذَلَّ [1]	ذلیل تر	اسم تفضیل	واحد مذکر	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ذ ل ل	أَفْعَلَ	أَذْلَلَ ❼	المنافقون :8
أَذِلَّةٌ [4]	نہایت کمزور	صفت مشبہ	جمع مکسر	//	//	//	//	أَفْعِلَةٌ	أَذْلِلَةٌ ❽	ال عمرٰن :123
الْأَذَلِّيْنَ [1]	سب سے زیادہ ذلیل	اسم تفضیل	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	أَفْعَلِيْنَ	أَذْلَلِيْنَ ❾	المجادلة :20
اُذُنٌ [5]	کان	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	مہموز الفاء	ء ذ ن	فُعُلٌ	× ❿	الحاقة :12
أَذِنَ [5]	اجازت دی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	//	فَعِلَ	× ⓫	یونس :59
أُذِنَ [1]	اجازت دے دی گئی	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	//	الحج :39
أَذَّنَ [2]	اعلان کرے گا	فعل ماضی معلوم	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	//	یوسف :70
أَذِّنْ [1]	اعلان کردے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِّلْ	//	الحج :27

❶ نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہے (قاعدہ: نون تاکید ثقیلہ)، اس کے شروع میں لام تاکید مفتوح ہے اس کے بعد الف صرف قرآنی رسم الخط میں آیا ہے، یہ پڑھنے میں لَاَذْبَحَنَّهٗ آتا ہے۔ ❷ م: ذَقَنٌ۔ ❸ واؤ متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا ہے اسے الف سے بدل دیا، پھر دو ساکن الف اور قاف جمع ہونے کی وجہ سے الف گر گیا (قاعدہ: یُقَالُ) ❹ امر کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے۔ ❺ آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم کی ہے۔ ❻ أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❼ ایک جنس کے دو متحرک حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے، پہلے لام کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے لام میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)۔ ❽ ایک جنس کے دو متحرک حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے، پہلے لام کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے لام میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، م: ذَلِیْلٌ، لفظ ﴿ اَذِلَّة ﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① نہایت کمزور، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نرم، جیسا کہ سورۃ المائدۃ 54 میں ہے ﴿ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴾ ''مومنوں پر نرم ہوں گے'' ③ ذلیل، جیسا کہ سورۃ النمل :37 میں ہے ﴿لَنُخْرِجَنَّهُمْ مِنْهَا اَذِلَّةً ﴾ ''البتہ ہم انہیں ضرور نکال دیں گے اس جگہ سے ذلیل کر کے''۔ ❾ ایک جنس کے دو متحرک حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے، پہلے لام کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے لام میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: اَذَلُّ۔ ❿ لفظ ﴿ اُذُنٌ ﴾ ''قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① کان، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② کانوں کا کچا، جیسا کہ سورۃ التوبة :61 میں ہے ﴿ هُوَ اُذُنٌ ﴾ ''وہ کانوں کا کچا ہے''، اُذُنٌ اس شخص کو کہتے ہیں جو ہر شخص کی بات کو مان لیتا ہے یعنی کانوں کا کچا ہوتا ہے، منافقین نے نبی ﷺ کے خلاف ہرزہ سرائی یہ کی کہ یہ (نعوذ باللہ) کانوں کا کچا ہے مطلب یہ ہے کہ یہ ہر ایک کی بات سن کر مان لیتا ہے، یہ لفظ بطور واحد ہی استعمال ہوتا ہے، ج: آذَانٌ۔ ⓫ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر اِذْنًا و اَذِیْنًا اور صلہ باء، لام یا فی ہو۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	تعلیل	حوالہ
فَأْذَنْ 1	تو آپ اجازت دیں	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	ء ذ ن	ف۔فَعَلْ	اِئْذَنْ ❶	النور:62
أَذِنْتَ 1	تو نے اجازت دی	فعل ماضی معلوم	//	//	//	//	//	فَعِلْتَ	× ❷	التوبة :43
أَذِنَتْ 2	کان لگائے گا	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعِلَتْ	× ❸	الانشقاق :2
إِذْنِهٖ 39	اس کی اجازت	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلٍ	× ❷	یونس:3
فَأْذَنُوْا	تو خبردار ہو جاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	ف۔فَعَلُوْا	اِئْذَنُوْا ❹	البقرة:279
أُذُنَيْهِ 1	اس کے دونوں کانوں	اسم جامد	تثنیہ مؤنث	×	×	//	//	فُعُلَيْ	أُذُنَيْنِ ❺	لقمان :7
أَذْهَبَ 1	دور کر دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ذ ہ ب	أَفْعَلَ	×	فاطر :34
اِذْهَبْ 7	تو جا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	اِفْعَلْ	//	بنی اسرائیل:63
اِذْهَبَا 3	دونوں جاؤ	//	تثنیہ مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعَلَا	//	طٰه :43
أَذْهَبْتُمْ 1	تم لے جا چکے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	أَفْعَلْتُمْ	//	الأحقاف :20
اِذْهَبُوْا 2	جاؤ	فعل امر حاضر معلوم	//	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	اِفْعَلُوْا	×	یوسف :87
أَذًى 8	کوئی تکلیف	(اسم) مصدر	×	سمع	//	مہموز الفاء وناقص یائی	ء ذ ی	فَعَلٌ	أَذَيٌ ❻	البقرة :196
أَرٰی 6	میں دیکھ رہا ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	فتح	//	مہموز العین وناقص یائی	ر ء ی	أَفْعَلُ	أَرْئَيُ ❼	الأنفال :48
الْأَرَائِكِ 5	تختوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء	ء ر ك	فَعَائِلِ	× ❽	الكهف :31
أَرَءَيْتَ 6	کیا تو نے دیکھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز العین وناقص یائی	ر ء ی	فَعَلْتَ	× ❾	الكهف:63
أَرَءَيْتَكَ 3	//	//	//	//	//	//	//	//	× ❿	بنی اسرائیل:62
أَرَادَ 22	ارادہ کیا	//	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ر و د	أَفْعَلَ	أَرْوَدَ ⓫	البقرة :26
أَرَادَا 1	وہ دونوں چاہیں	//	تثنیہ مذکر غائب	//	//	//	//	أَفْعَلَا	أَرْوَدَا ⓫	البقرة :233
أَرَادُوْا 6	وہ ارادہ رکھتے ہوں	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	أَفْعَلُوْا	أَرْوَدُوا ⓫	البقرة :228
أَرَاذِلُنَا 1	ہمارے سب سے رذیل	اسم تفضیل	جمع مکسر	کرم	ثلاثی مجرد	صحیح	ر ذ ل	أَفَاعِلُ	× ⓬	هود :27
أَرَاغِبٌ 1	کیا بے رغبتی کرتا ہے	اسم فاعل	واحد مذکر	سمع	//	//	ر غ ب	فَاعِلٌ	× ⓭	مریم:46

❶ فاء حرف عطف کے بعد ہمزہ وصلی حذف ہو گیا ہے، اس لیے کہ اس کے بعد ہمزہ ہے (قاعدہ: ہمزہ وصلی کا حذف)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر اِذْنًا و اَذِيْنًا اور صلہ باء، لام یا فی ہو۔ ❷ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر اِذْنًا و اَذِيْنًا اور صلہ باء، لام یا فی ہو۔ ❸ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر اَذَنًا اور صلہ لام یا اِلیٰ ہو۔ ❹ فاء حرف عطف کے بعد ہمزہ وصلی حذف ہو گیا ہے، اس لیے کہ اس کے بعد ہمزہ ہے (قاعدہ: ہمزہ وصلی کا حذف)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر اِذْنًا اور صلہ لام ہو۔ ❺ اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: اُذُنٌ۔ ❻ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ) پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے کی وجہ سے الف کو گرا دیا۔ لفظ ﴿أَذًى﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① کوئی تکلیف، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② گندگی، جیسا کہ سورۃ البقرۃ: 222 میں ہے ﴿يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ قُلْ هُوَ أَذًى﴾ ''وہ آپ سے حیض کے متعلق پوچھتے ہیں کہہ دے وہ ایک طرح کی گندگی ہے''۔ ❼ ہمزہ مفرد متحرک اس کا ماقبل ساکن ہے ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا (قاعدہ: يَسَلُ)، تو یہ أَرَيُ ہو گیا، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❽ م: أَرِيْكَةٌ۔ ❾ اس کے شروع میں ہمزہ استفہام تعجب کے لیے ہے۔ ❿ اس کے شروع میں ہمزہ استفہام ہے، اور آخر میں کاف حرف خطاب ہے۔ ⓫ واؤ متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا ہے اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ⓬ اس کے بارے میں دو قول ہیں: ١۔ یہ اسم تفضیل ہے، م: اَرْذَلُ ٢۔ صفت مشبہ ہے، یہ رَذْلٌ کی جمع اَرْذُلٌ کی جمع ہے۔ ⓭ اس کے شروع میں ہمزہ استفہام ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أَرَاكَ 1	تجھے دکھایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز العین وناقص یائی	ر ء ی	أَفْعَلَ	أَرْأَيَ ❶	النساء: 105
أَرَاكَ 1	میں تجھے دیکھتا ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	أَفْعَلُ	أَرْءَ يُ ❶	الأنعام: 74
أَرْبٰی 1	بڑھی ہوئی ہو	اسم تفضیل	واحد مذکر	نصر	//	ناقص واوی	ر ب و	//	أَرْبَيُ ❷	النحل: 92
أَرْبَابٌ 4	رب	(اسم) مصدر	جمع مکسر	//	//	مضاعف ثلاثی	ر ب ب	أَفْعَالٌ	× ❸	یوسف: 39
الْإِرْبَةِ 1	شہوت	اسم جامد	واحد مؤنث	سمع	//	مہموز الفاء	أ ر ب	فِعْلَةِ	× ❹	النور: 31
أَرْبَعُ 3	چار	//	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر ب ع	أَفْعَلُ	× ❺	النور: 6
أَرْبَعَةِ 4	//	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	أَفْعَلَةِ	× ❻	البقرة: 226
أَرْبَعِيْنَ 4	چالیس	//	ملحق جمع مذکر سالم	//	//	//	//	أَفْعَلِيْنَ	× ❼	البقرة: 51
لَارْتَابَ 1	شک کرتے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افتعال	//	اجوف یائی	ر ی ب	اِفْتَعَلَ	اِرْتَيَبَ ❽	العنکبوت: 48
اِرْتَابَتْ 1	شک میں پڑے ہوئے ہیں	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	اِفْتَعَلَتْ	اِرْتَيَبَتْ ❾	التوبة: 45
اِرْتَابُوْا 1	وہ شک میں پڑگئے ہیں	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	اِفْتَعَلُوْا	اِرْتَيَبُوْا ❾	النور: 50
اِرْتَبْتُمْ 1	شک کرو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْتَلْتُمْ	اِرْتَيَبْتُمْ ❿	المائدة: 106
فَارْتَدَّ 1	وہ ہوگیا	//	واحد مذکر غائب	//	//	مضاعف ثلاثی	ر د د	اِفْتَعَلَ	اِرْتَدَدَ ⓫	یوسف: 96
فَارْتَدَّا 1	تو وہ دونوں واپس لوٹے	//	تثنیہ مذکر غائب	//	//	//	//	اِفْتَعَلَا	اِرْتَدَدَا ⓬	الکهف: 64
اِرْتَدُّوْا 1	پھر گئے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	اِفْتَعَلُوْا	اِرْتَدَدُوْا ⓬	محمد: 25
اِرْتَضٰی 3	وہ پسند کرے	//	واحد مذکر غائب	//	//	ناقص واوی	ر ض و	اِفْتَعَلَ	اِرْتَضَوَ ⓭	الأنبياء: 28
اِرْتَقِبْ 3	انتظار کر	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	صحیح	ر ق ب	اِفْتَعِلْ	×	الدخان: 10
اِرْتَقِبُوْا 1	انتظار کرو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْتَعِلُوْا	//	هود: 93
أَرْجَائِهَا 1	اس کے کناروں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	ناقص واوی	ر ج و	أَفْعَالِ	أَرْجَاوِ ⓮	الحاقة: 17
أَرْجِعُ 1	میں واپس جاؤں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	ضرب	//	صحیح	ر ج ع	أَفْعِلُ	×	یوسف: 46

❶ ہمزہ مفرد متحرک اس کا ماقبل ساکن ہے ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کردیا (قاعدہ: یَسَلُ)، تو یہ أَرَیَ ہوگیا، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، سورۃ ال عمرٰن: 152 میں ﴿أَرَاكُمْ﴾، سورۃ الأنفال: 43 میں ﴿أَرَاكَهُمْ﴾، سورۃ النازعات: 20 میں ﴿فَأَرَاهُ﴾ بھی صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم، باب افعال ہے، اور سورۃ هود: 84,29، سورۃ الأحقاف: 23 میں ﴿أَرَاكُمْ﴾، سورۃ یوسف: 36 میں ﴿أَرَانِي﴾ بھی صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم باب فتح ہے۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❸ م: رَبٌّ، یہ اصل میں مصدر ہے پھر بطور صفت استعمال کیا گیا۔ ❹ ج: إِرَبٌ۔ ❺ یہ اسم عدد ہے، مذکر اس لیے آیا ہے کہ اس کی تمیز شَهَادَاتٍ مؤنث ہے، اضافت کی وجہ سے تنوین گرگئی ہے۔ ❻ یہ اسم عدد ہے، مؤنث اس لیے آیا ہے کہ اس کی تمیز أَشْهُرٍ مذکر ہے، اضافت کی وجہ سے تنوین گرگئی ہے۔ ❼ اسے ملحق بجمع مذکر سالم کہتے ہیں، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، ہمزہ وصلی وسط کلام میں آنے کی وجہ سے پڑھنے میں ساقط ہوگیا ہے۔ ❾ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❿ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور باء جمع ہونے کی وجہ سے الف گرگیا۔ ⓫ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے دال کو ساکن کرکے دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدَّ)، ہمزہ وصلی وسط کلام میں آنے کی وجہ سے پڑھنے میں ساقط ہوگیا ہے۔ ⓬ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے دال کو ساکن کرکے دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ⓭ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی پھر زیادتی کے سبب پانچویں جگہ پر واقع ہوئی اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یَرْضٰی) پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ⓮ واؤ اسم کے آخر میں الف زائد کے بعد واقع ہوکر وجوبًا ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)، م: الرَّجَا۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اِرْجِعْ 4	واپس جا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ر ج ع	اِفْعِلْ	× ❶	یوسف: 50
اِرْجِعْنَا 1	ہمیں واپس بھیج	//	//	//	//	//	//	//	× ❷	السجدة: 12
اِرْجِعُوْا 6	واپس جاؤ	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعِلُوْا	×	یوسف: 81
اِرْجِعُوْنِ 1	مجھے واپس بھیجو	//	//	//	//	//	//	//	× ❸	المؤمنون: 99
اِرْجِعِیْ 1	واپس آ	//	واحد مؤنث حاضر	//	//	//	//	اِفْعِلِیْ	×	الفجر: 28
اَرْجُلٌ 13	پاؤں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ر ج ل	اَفْعُلٌ	× ❹	الأعراف: 195
لَاَرْجُمَنَّكَ 1	میں ضرور تجھے سنگسار کردوں گا	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	واحد متکلم	نصر	//	//	ر ج م	لَاَفْعُلَنَّ	اَرْجُمُ ❺	مریم: 46
اَرْجِهْ 2	اسے مؤخر رکھ	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز اللام	ر ج ء	اَفْعِ	اَرْجِئْ ❻	الأعراف: 111
اُرْجُوْا 1	توقع رکھو	//	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ر ج و	اُفْعُلُوْا	اُرْجُوُوْا ❼	العنکبوت: 36
اَرْحَامٌ 12	رحموں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ر ح م	اَفْعَالٌ	× ❽	الأنعام: 143
اَرْحَمُ 4	زیادہ رحم والا	اسم تفضیل	واحد مذکر	سمع	//	//	//	اَفْعَلُ	×	الأعراف: 151
اِرْحَمْ 2	رحم کر	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعَلْ	//	المؤمنون: 118
اِرْحَمْنَا 3	ہم پر رحم کر	//	//	//	//	//	//	//	× ❾	البقرة: 286
اَرْدٰىكُمْ 1	اسی نے تمہیں ہلاک کر دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ر د ی	اَفْعَلَ	اَرْدَیَ ❿	حم السجدة: 23
اَرَدْتُّ 2	میں چاہوں	//	واحد متکلم	//	//	اجوف واوی	ر و د	اَفْعَلْتُ	اَرْوَدْتُ ⓫	هود: 34
اَرَدْتُّمْ 3	تم چاہو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اَفَلْتُمْ	اَرْوَدْتُمْ ⓫	البقرة: 233
اَرَدْنَ 1	وہ چاہیں	//	جمع مؤنث غائب	//	//	//	//	اَفَلْنَ	اَرْوَدْنَ ⓬	النور: 33
اَرَدْنَا 6	ہم نے تو چاہا تھا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	اَفَلْنَا	اَرْوَدْنَا ⓬	النساء: 62
اَرْذَلِ 2	سب سے رذیل	اسم تفضیل	واحد مذکر	کرم	ثلاثی مجرد	صحیح	ر ذ ل	اَفْعَلِ	×	النحل: 70
اَلْاَرْذَلُوْنَ 1	سب سے ذلیل	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	اَفْعَلُوْنَ	× ⓭	الشعراء: 111

❶ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشّیٔ اور مصدر رَجْعًا ہو۔ ❷ اس کے آخر میں نَا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ ہے۔ ❸ اس کے آخر میں نون وقایہ ہے، یاءِ ضمیر متکلم حذف ہوچکی ہے۔ ❹ م: رِجْلٌ۔ ❺ نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہے (قاعدہ: نون تاکید ثقیلہ)۔ ❻ اس کے آخر سے ہمزہ کو تخفیفاً حذف کر دیا گیا ہے، البتہ بعض کے نزدیک یہ ناقص واوی ہے امر کی وجہ سے واؤ گر گئی، اس کے آخر میں ''ہٖ'' ضمیر منصوب متصل مفعول بہ ہے جو وقف کی بناء پر ساکن ہوگئی ہے۔ ❼ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل بھی مضموم ہے تو اس کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے کی وجہ سے ایک واؤ کو گرا دیا (قاعدہ: یَدْعُوْ)۔ ❽ م: رِحْمٌ، رَحْمٌ، رَحِمٌ، لفظ ﴿ اَرْحَام ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① بچہ دانی، رحم، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② رشتہ، قرابت (مذکر و مؤنث)، جیسا کہ سورۃ محمد: 22 میں ہے ﴿ تُقَطِّعُوْا اَرْحَامَكُمْ ﴾ ''تم اپنے رشتوں کو بالکل ہی قطع کردو''، سورۃ الأنفال: 75 میں ﴿ اُولُوا الْاَرْحَامِ ﴾ سے مراد رشتے دار ہیں۔ ❾ اس کے آخر میں نَا ضمیر متکلم منصوب متصل مفعول بہ ہے۔ ❿ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ⓫ واؤ متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا ہے اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ) پھر دو ساکن الف اور دال جمع ہونے کی وجہ سے الف کو گرا دیا، دو ہم مخرج حرف دال اور تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس صورت میں لکھنے میں دونوں حرف آتے ہیں جب کہ پڑھنے میں صرف ایک حرف آتا ہے۔ ⓬ واؤ متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا ہے اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ) پھر دو ساکن الف اور دال جمع ہونے کی وجہ سے الف کو گرا دیا۔ ⓭ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أُرْزُقْ 2	رزق دے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ر ز ق	اُفْعُلْ	×	البقرة :126
اُرْزُقْنَا 1	ہمیں رزق دے	//	//	//	//	//	//	//	❶ ×	المائدة :114
اُرْزُقُوْهُمْ 2	انہیں کھانے کے لیے دو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلُوْا	×	النساء :5
أَرْسَاهَا 1	اس نے انہیں گاڑ دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ر س و	أَفْعَلَ	أَرْسَوَ ❷	النازعات:32
أَرْسَلَ 7	بھیجا	//	//	//	//	صحیح	ر س ل	//	×	التوبة :33
أُرْسِلَ 4	رسول بھیجے گئے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	أُفْعِلَ	//	الأعراف:6
أَرْسِلْ 7	بھیج دے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلْ	//	الشعراء:17
أَرْسَلَتْ 1	پیغام بھیجا	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	أَفْعَلَتْ	//	یوسف :31
أَرْسَلْتَ 2	تو نے بھیجا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعَلْتَ	//	طه :134
أُرْسِلْتُ 3	مجھے بھیجا گیا ہے	فعل ماضی مجہول	واحد متکلم	//	//	//	//	أُفْعِلْتُ	//	الأعراف :87
أُرْسِلْتُمْ 4	تم بھیجے گئے ہو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أُفْعِلْتُمْ	//	ابراهیم :9
أَرْسَلْنَا 73	ہم نے تم میں بھیجا ہے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْنَا	❸ ×	البقرة :151
أُرْسِلْنَا 3	ہم بھیجے گئے ہیں	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	أُفْعِلْنَا	×	هود :70
لَنْ أُرْسِلَهُ 1	میں اسے ہرگز نہیں بھیجوں گا	فعل نفی مؤکد بلن معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	أُفْعِلَ	أُرْسِلُ ❹	یوسف :66
فَأَرْسَلُوْا 1	تو انہوں نے بھیجا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	أَفْعَلُوْا	×	یوسف :19
مَا۔أُرْسِلُوْا 1	نہیں وہ بھیجے گئے تھے	فعل ماضی منفی مجہول	//	//	//	//	//	أُفْعِلُوْا	//	المطففین :33
فَأَرْسِلُوْن 1	سو مجھے بھیجو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلُوْا	❺ ×	یوسف :45
إِرْصَادًا 1	گھات کی جگہ بنانے کے لیے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	ر ص د	إِفْعَالًا	×	التوبة :107
أَرْضٌ 460	زمین	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	ء ر ض	فَعْلٌ	❻ ×	النساء:97
أَرْضَعَتْ 1	اس نے دودھ پلایا تھا	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر ض ع	أَفْعَلَتْ	×	الحج :2
أَرْضَعْنَ 2	وہ دودھ پلائیں	//	جمع مؤنث غائب	//	//	//	//	أَفْعَلْنَ	//	الطلاق :6
أَرْضِعِيْهِ 1	اسے دودھ پلا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مؤنث حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلِيْ	//	القصص :7
إِرْعَوْا 1	چراؤ	//	جمع مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ر ع ی	إِفْعَوْا	إِرْعَيُوْا ❼	طه :54
فَارْغَبْ 1	چنانچہ رغبت کر	//	واحد مذکر حاضر	سمع	//	صحیح	ر غ ب	إِفْعَلْ	❽ ×	الشرح :8
إِرْكَبْ 1	سوار ہو جا	//	//	//	//	//	ر ك ب	//	×	هود :42
إِرْكَبُوْا 1	سوار ہو جاؤ	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	إِفْعَلُوْا	//	هود :41

❶ آخر میں نَا ضمیر متکلم منصوب متصل مفعول بہ ہے۔ ❷ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب پانچویں جگہ پر واقع ہوئی اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یَرضٰی) پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❸ جب اس کا صلہ عَلٰی ہو تو اس کے معنی مسلط کرنا کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ مریم :83 میں ہے ﴿اَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ﴾ ''بے شک ہم نے شیطانوں کو کافروں پر مسلط کر رکھا ہے''۔ ❹ لَنْ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❺ اس کے آخر میں نون وقایہ ہے، یاء ضمیر متکلم تخفیفاً حذف ہو چکی ہے۔ ❻ ج: أَرْضُوْنَ، أُرُوْضٌ، أَرَاضٌ، آرَاضٌ۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ) پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے کی وجہ سے الف کو گرا دیا۔ ❽ فاء کے بعد ہمزہ وصلی وسط کلام میں آنے کی وجہ سے حذف ہو گیا، جب اس کا صلہ إِلٰی یا فِی۔ یا باء ہو تو اس کے معنی ''رغبت کرنا'' ہوتے ہیں اور جب اس کا صلہ عَنْ ہو تو اس کے معنی ''اعراض کرنا'' ہوتے ہیں۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أَرْكَسَهُمْ 1	انہیں الٹا کر دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر ك س	أَفْعَلَ	×	النساء: 88
أُرْكِسُوا 1	الٹے منہ جا پڑتے ہیں	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	أُفْعِلُوْا	//	النساء: 91
أُرْكُضْ 1	مار	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	//	ر ك ض	اُفْعُلْ	//	صٓ: 42
اِرْكَعُوْا 3	رکوع کرو	//	جمع مذکر حاضر	فتح	//	//	ر ك ع	اِفْعَلُوْا	//	الحج: 77
اِرْكَعِيْ 1	رکوع کر	//	واحد مؤنث حاضر	//	//	//	//	اِفْعَلِيْ	//	ال عمران: 43
إِرَمَ 1	ارم (قبیلہ کے لوگ)	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	مہموز الفاء	ء ر م	فِعَلَ	× ❶	الفجر: 7
أَرِنَا 3	ہمیں دکھا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز العین وناقص یائی	ر ء ی	أَفِ	أَرْئِيْ ❷	النساء: 153
أَرِنِيْ 2	مجھے دکھا	//	//	//	//	//	//	//	أَرْئِيْ ❸	البقرة: 260

❶ یہ قبیلہ کا نام ہے، اس سے پہلے یہ عاد کے جد امجد ارم بن سام بن نوح کا نام تھا، یہ علمیت اور عجمہ یا علمیت اور تانیث کی بناء پر غیر منصرف ہے۔ ❷ ہمزہ مفرد متحرک اس کا ماقبل ساکن ہے ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا (قاعدہ: یَسَلُ) اور امر کی وجہ سے آخر سے حرف علت یاء کو گرا دیا، آخر میں نَا ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ ❸ ہمزہ مفرد متحرک اس کا ماقبل ساکن ہے ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا (قاعدہ: یَسَلُ) اور امر کی وجہ سے آخر سے حرف علت یاء کو گرا دیا، آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اِرْهَبُوْنِ 2	ڈرو	امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ر ہ ب	اِفْعَلُوْا	× ❶	البقرة: 40
اُرْهِقُهٗ 1	میں اسے چڑھنے کی تکلیف دوں گا	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ر ہ ق	اُفْعِلُ	×	المدثر: 17
اَرُوْنِي 4	تم مجھے دکھاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	مہموز العین وناقص یائی	ر ء ی	اَفُوْ	اَرْئِيُوْ ❷	فاطر: 40
اُرِيْدُ 7	میں چاہتا ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	//	//	اجوف واوی	ر و د	اُفْعِلُ	اُرْوِدُ ❸	المائدة: 29
اُرِيْدَ 1	ارادہ کیا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	اُفْعِلَ	اُرْوِدَ ❸	الجن: 10
مَا اُرِيْكُمْ 3	میں تمہیں نہیں دکھاؤں گا	فعل مضارع منفی معلوم	واحد متکلم	//	//	مہموز العین وناقص یائی	ر ء ی	اُفِلُ	اُرْئِيُ ❹	المؤمن: 29
اَرَيْنَاكَ 3	ہم نے تجھے دکھایا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	اَفَلْنَا	اَرْئَيْنَا ❺	بنی اسرائیل: 60
اَزًّا 1	خوب ابھارنا	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء ومضاعف ثلاثی	ء ز ز	فَعْلًا	اَزْزًا ❻	مريم: 83
اَزَاغَ 1	ٹیڑھے کر دیے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی	ز ی غ	اَفْعَلَ	اَزْيَغَ ❼	الصف: 5
اِزْدَادُوْا 3	بڑھ گئے	//	جمع مذکر غائب	افتعال	//	//	ز ی د	اِفْتَعَلُوْا	اِزْتَيَدُوْا ❽	آل عمران: 90
اُزْدُجِرَ 1	جھڑک دیا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	//	//	صحیح	ز ج ر	اُفْتُعِلَ	اُزْتُجِرَ ❾	القمر: 9
اَزْرِيْ 1	میری پشت	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	ء ز ر	فَعْلِ	× ❿	طه: 31
اَزِفَتِ 1	قریب آگئی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	سمع	//	//	ء ز ف	فَعِلَتْ	اَزِفَتْ ⓫	النجم: 57
اَزْكٰى 4	زیادہ پاکیزہ	اسم تفضیل	واحد مذکر	نصر	//	ناقص واوی	ز ك و	اَفْعَلُ	اَزْكَوُ ⓬	البقرة: 232
الْاَزْلَامُ 2	تیروں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ز ل م	اَفْعَالُ	× ⓭	المائدة: 90
اُزْلِفَتْ 1	قریب لائی جائے گی	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ز ل ف	اُفْعِلَتْ	×	التكوير: 13
اُزْلِفَتِ 2	//	//	//	//	//	//	//	اُفْعِلَتِ	اُزْلِفَتْ ⓫	الشعراء: 90
اَزْلَفْنَا 1	ہم قریب لے آئے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	اَفْعَلْنَا	×	الشعراء: 64

إِمْرًا 1	بہت ہولناک	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فِعْلًا	× ⓬	الکہف:71
أَمَرُّ 1	زیادہ کڑوی	اسم تفضیل	//	سمع	//	مضاعف ثلاثی	م ر ر	أَفْعَلُ	أَمْرَرُ ⓭	القمر:46

❶ ج: إِمَاتٌ أُمُوتٌ ۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❸ م: مَتَاعٌ، یہ کبھی اسم مصدر کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔ ❹ یہ امر کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے۔ ❺ واؤ متحرک اور اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف بھی گر گیا (قاعدہ: یُقَالُ)۔ دو ہم جنس حرف تاء جمع ہوئے ان میں سے پہلا حرف ساکن ہے تو پہلے کا دوسرے میں وجوبی طور پر ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❻ م: مَثَلٌ۔ ❼ معرفہ کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے اسم تفضیل مفرد آیا ہے باوجود اس کے کہ اس کی ضمیر جمع کی طرف لوٹ رہی ہے، یہ جائز ہے۔ ❽ یہ اسم ظرف زمان معرب ہے یہ کسی چیز کی انتہائی مدت پر دلالت کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ج: آمَادٌ۔ ❾ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے دال کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی اور پہلے دال کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)۔ ❿ واؤ حرف عطف کے بعد ہمزہ وصلی گر گیا (قاعدہ: ہمزہ وصلی کا حذف)۔ ⓫ لفظ ﴿ أَمْرٌ ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① کام، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② حکم دینا، جیسا کہ سورۃ الأعراف:54 میں ہے ﴿ أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ ﴾ "سن لو پیدا کرنا اور حکم دینا اسی کا کام ہے"، ج: أُمُوْرٌ و أَوَامِرُ۔ ⓬ یا یہ اصل میں مصدر بمعنی اسم مفعول ہے۔ ⓭ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے راء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی اور پہلے راء کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اِمْرَأً 1	آدمی	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	م ر أ	اِفْعَلَ	× ❶	مریم:28
اِمْرُؤٌ 1	//	//	//	//	//	//	//	اِفْعُلٌ	//	النساء:176
اِمْرِئٍ 5	//	//	//	//	//	//	//	اِفْعِلٍ	//	النور:11
اِمْرَأَةٌ 21	بیوی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	اِفْعَلَةٌ	× ❷	النساء:12
اِمْرَأَتَانِ 1	دوعورتیں	//	تثنیہ مؤنث	//	//	//	//	اِفْعَلَتَانِ	× ❸	البقرۃ:282
اِمْرَأَتِی 3	میری بیوی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	اِفْعَلَةِ	×	ال عمرٰن:40
اِمْرَأَتَيْنِ 1	دوعورتوں کو	//	تثنیہ مؤنث	//	//	//	//	اِفْعَلَتَيْنِ	× ❹	القصص:23
أُمِرْتُ 11	مجھے حکم دیا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد متکلم	نصر	//	مہموز الفاء	أ م ر	فُعِلْتُ	×	الأنعام:14
أُمِرْتَ 2	تجھے حکم دیا گیا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فُعِلْتَ	//	هود:112
أَمَرْتُكَ 1	میں نے تجھے حکم دیا	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	//	الأعراف:12
أَمَرْتَنِي 1	تو نے مجھے حکم دیا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	× ❺	المائدۃ:117
أَمَرْتَهُمْ 1	تو انھیں حکم دے	//	//	//	//	//	//	//	×	النور:53
أَمَرْنَا 1	ہم حکم دیتے ہیں	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	بنی اسرائیل:16
أُمِرْنَا 1	ہمیں حکم دیا گیا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلْنَا	//	الأنعام:71
أَمَرُوْا 1	(وہ) حکم دیں گے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	الحج:41
أُمِرُوْا 3	انھیں حکم دیا گیا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلُوْا	//	النساء:60
الْأَمْسِ 4	کل (گزشتہ)	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	أ م س	فَعْلِ	× ❻	یونس:24
فَإِمْسَاكٌ 1	پھر روک لینا	(اسم) مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	م س ك	اِفْعَالٌ	×	البقرۃ:229
فَامْسَحُوْا 3	پس تم ملو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	//	م س ح	اِفْعَلُوْا	× ❼	النساء:43
أَمْسَكَ 2	روک لے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	م س ك	أَفْعَلَ	×	الملك:21
أَمْسِكْ 2	تو روکے رکھ	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلْ	//	الأحزاب:37
أَمْسَكْتُمْ 1	تم روک لیتے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعَلْتُمْ	//	بنی اسرائیل:100
أَمْسَكْنَ 1	روک رکھیں	//	جمع مؤنث غائب	//	//	//	//	أَفْعَلْنَ	//	المائدۃ:4
أَمْسِكُوْهُنَّ 3	تم روک رکھو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلُوْا	//	البقرۃ:231

❶ اس لفظ کی ایک خاص خصوصیت ہے کہ اس کے عین کلمہ کا اعراب بھی لام کلمہ کے اعراب کے مطابق بدل جاتا ہے، یعنی رفعی حالت میں اِمْرُؤٌ نصبی حالت میں اِمْرَأً اور جری حالت میں اِمْــرِئٍ ہوتا ہے اور رفعی حالت میں ہمزہ واؤ پر لکھا جاتا ہے، نصبی حالت میں الف پر اور جری حالت میں یاء پر لکھا جاتا ہے، جب اس پر الف لام داخل ہو تو ہمزہ وصلی گر جاتا ہے، جیسے: اَلْمَرْءُ، اس کی جمع من غیر لفظہ آتی ہے، جیسے: رِجَالٌ۔ ❷ جب اس پر الف لام داخل ہو تو اسے اَلْـمَرْءَ ةُ پڑھا جاتا ہے، اس کی جمع من غیر لفظہ نِسَاءٌ ونِسْوَةٌ آتی ہے۔ ❸ م: اِمْرَءَ ةٌ، ج: نِسَاءٌ ونِسْوَةٌ ، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❹ م: اِمْرَءَ ةٌ، ج: نِسَاءٌ و نِسْوَةٌ ، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ ❻ اسم ظرف زمان، کسرہ پر مبنی ہے، ج: آمُسٌ و أُمُوسٌ و آمَاسٌ ۔ ❼ فاء کے بعد ہمزہ وصلی پڑھنے میں ساقط ہو جاتا ہے، لفظ ﴿اِمْسَحُوْا﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① تم ملو، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② تم مسح کرو، جیسا کہ سورۃ المائدۃ:6 میں ہے ﴿اِمْسَحُوْا بِرُءُ وْسِكُمْ﴾ ''تم اپنے سروں کا مسح کرو''۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أَمْشَاجٍ 1	ملے جلے	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	م ش ج	أَفْعَالٍ	× ❶	الدھر:2
اِمْشُوا 2	تم چلو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	ضرب	//	ناقص یائی	م ش ی	اِفْعُوْا	اِمْشِيُوْا ❷	صٓ:6
اِمْضُوا 1	تم چلے جاؤ	//	//	//	//	//	م ض ی	//	اِمْضِيُوْا ❸	الحجر:65
أَمْضِيَ 1	میں چلتا رہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	أَفْعِلَ	أَمْضِيُ ❹	الکھف:60
أَمْطِرْ 1	تو برسا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	م ط ر	أَفْعِلْ	×	الأنفال:32
أُمْطِرَتْ 1	بارش برسائی گئی	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	أُفْعِلَتْ	//	الفرقان:40
أَمْطَرْنَا 5	ہم نے بارش برسائی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْنَا	//	الأعراف:84
أَمْعَاءَهُمْ 1	ان کی انتڑیاں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	م ع ی	أَفْعَالَ	أَمْعَايَ ❺	محمد:15
اُمْكُثُوا 2	تم ٹھہرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	//	صحیح	م ك ث	اُفْعُلُوا	×	طٰہ:10
أَمْكَنَ 1	اس نے قابو دے دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	م ك ن	أَفْعَلَ	//	الأنفال:71
الْأَمَلُ 2	امید	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	أ م ل	فَعَلٌ	× ❻	الحجر:3
أَمْلٰى 1	مہلت دی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	م ل و	أَفْعَلَ	أَمْلَوَ ❼	محمد:25
إِمْلَاقٍ 2	مفلسی	(اسم) مصدر	×	//	//	صحیح	م ل ق	إِفْعَالٍ	×	الأنعام:151
لَأَمْلَأَنَّ 4	میں ضرور بھروں گا	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	واحد متکلم	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	م ل أ	لَأَفْعَلَنَّ	أَمْلَأُ ❽	الأعراف:18
لَا أَمْلِكُ 5	میں مالک نہیں	فعل مضارع منفی معلوم	//	ضرب	//	صحیح	م ل ك	أَفْعِلُ	×	المائدۃ:25
أُمْلِي 2	میں مہلت دوں گا	فعل مضارع معلوم	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	م ل و	أُفْعِلُ	أُمْلِوُ ❾	الأعراف:183
أَمْلَيْتُ 3	میں نے مہلت دی	فعل ماضی معلوم	//	//	//	//	//	أَفْعَلْتُ	أَمْلَوْتُ ❿	الحج:48
أُمَمٌ 13	امتیں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء و مضاعف ثلاثی	أ م م	فُعَلٌ	× ⓫	الأنعام:38

❶ م: مَشَجٌ ،مَشْجٌ ،مَشِجٌ ،مَشِيْجٌ ،یاحیاتیات میں اَمْشَاج کا اطلاق مردانہ خلیوں جیسے جرثومہ،منی اور نسوانی خلیوں جیسے بیضہ پر آوری کے لیے ان کے باہم اختلاط سے قبل ہوتا ہے،بعض کے نزدیک یہ مفرد ہے،اس لیے کہ یہ نُطْفَةٍ کی صفت ہے،اور مفرد کی صفت جمع کے ساتھ نہیں لائی جاسکتی،امام سیبویہؒ فرماتے ہیں کہ اَفْعَال کا وزن مفرد کے لیے بھی آتا ہے،جیسا کہ بعض عرب کہتے ہیں: هُوَ الْاَنْعَامُ ،هٰذَا ثَوْبٌ اَكْيَاشٌ اور اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ﴿اِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِي بُطُوْنِهِ﴾ (النحل:66) اور امام سیبویہؒ سے یہ بھی نقل کیا گیا ہے کہ افعال کا وزن مفرد کے لیے نہیں بلکہ جمع مکسر کے لیے آتا ہے۔ ❷ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا) ۔ ❸ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے کی وجہ سے یاء کو گرا دیا (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❹ بواسطہ حرف عطف حَتّٰی کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❺ یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی اسے وجوبی طور پر ہمزہ سے بدل دیا (قاعدہ: دُعَاءٌ) م: المِعٰی المَعْیُ ❻ ج: آمَالٌ۔ ❼ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضٰی)، یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❽ نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہے (قاعدہ: نون تاکید ثقیلہ)۔ ❾ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ میں واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو یہ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یَرْضٰی)، اُمْلِيُ ہو گیا، لام کلمہ میں حرف علت مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت کو گرا دیا (قاعدہ: رَضُوْا)، قاعدہ رضی اور پھر قاعدہ رضوا بھی چل سکتا ہے۔ ❿ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ میں واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو یہ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یَرْضٰی)۔ ⓫ م: اُمَّةٌ، یہ اسم جمع ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أَمِنَ 4	بے خوف ہو گئے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	أ م ن	فَعِلَ	× ❶	الأعراف:98
أَمَّنْ 1	یا کون ہے	مرکب	×	×	×	×	×	×	أَمْ مَنْ ❷	یونس:31
الْاَمْنِ 5	امن	(اسم) مصدر	//	سمع	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	أ م ن	فَعْلِ	×	النساء:83
أَمَنَةً 2	//	//	//	//	//	//	//	فَعَلَةً	× ❸	ال عمران:154
أَمِنْتُكُمْ 1	میں نے تمہارا اعتبار کیا	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعِلْتُ	× ❹	یوسف:64
أَمِنْتُمْ 6	تم امن میں ہو جاؤ	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِلْتُمْ	×	البقرة:196
فَامْنُنْ 1	سو احسان کر	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	م ن ن	اُفْعُلْ	× ❺	ص:39
فَأَمِنُوْا 21	پھر وہ بے خوف ہو گئے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	سمع	//	مہموز الفاء	أ م ن	فَعِلُوْا	×	الأعراف:99
لَأُمَنِّيَنَّهُمْ 1	میں انھیں ضرور آرزوئیں دلاؤں گا	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	واحد متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	م ن ی	لَأُفَعِّلَنَّ	اُمَنِّيُ ❻	النساء:119
اُمْنِيَّتِهٖ 1	اس کی تمنا	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	اُفْعِيْلَةِ	اُمْنِيْيَةِ ❼	الحج:52
اُمَّهَاتُ 11	مائیں	//	جمع مؤنث سالم	//	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء و مضاعف ثلاثی	ء م م	فُعْلَهَاتُ	اُمْمَهَاتُ ❽	النساء:23 ﴿
اَمْهِلْهُمْ 1	تو مہلت دے انھیں	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	م ہ ل	اَفْعِلْ	×	الطارق:17
اَمْوَاتٌ 6	مردے	صفت مشبہ	جمع مکسر	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	م و ت	اَفْعَالٌ	× ❾	البقرة:154
الْاَمْوَالِ 61	مالوں	اسم جامد	//	×	//	//	م و ل	اَفْعَالِ	× ❿	البقرة:88
اَمُوْتُ 1	میں فوت ہوں گا	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	نصر	//	//	م و ت	اَفْعُلُ	اَمْوُتُ ⓫	مریم:33
الْاُمُوْرُ 13	سب کام	(اسم) مصدر	جمع مکسر	//	//	مہموز الفاء	أ م ر	فُعُوْلٌ	× ⓬	البقرة:210
اُمِّيِّ 2	امّی (ان پڑھ)	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مہموز الفاء و مضاعف ثلاثی	أ م م		اُمْمِيٌّ ⓭	الأعراف:157

❶ لفظ ﴿اٰمِنَ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① بے خوف ہونا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② اعتبار کرنا، جیسا کہ سورۃ البقرۃ:283 میں ہے ﴿اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا﴾ ”اعتبار کرے تم میں سے کوئی کسی پر“، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں، جب اس کے بعد فُلَانًا عَلٰی كَذَا کی صورت ہو۔ ❷ یہ اَمْ منقطعہ بمعنی بَلْ ہے، اور مَنْ اسم استفہام سے مرکب ہے، دو ہم جنس حرف میم جمع ہوئے ان میں سے پہلا میم ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے میم کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❸ یہ بمعنی الامن مصدر ہے یا یہ آمِنٌ کی جمع ہے۔ ❹ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں، جب اس کے بعد فُلَانًا عَلٰی كَذَا کی صورت ہو۔ ❺ فاء کے بعد ہمزہ وصلی پڑھنے میں ساقط ہو گیا ہے۔ ❻ نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہے (قاعدہ: نون تاکید ثقیلہ)۔ ❼ دو ہم جنس حرف یاء جمع ہوئے ان میں سے پہلا حرف ساکن ہے تو پہلے کا دوسرے میں وجوبی طور پر ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ) ج: أَمَانِيُّ ۔ ❽ دو ہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا میم ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے میم کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ خلاف قیاس جمع ہے، م: اُمٌّ۔ ❾ م: مَيْتٌ، مَيِّتٌ، اس کی جمع مَوْتٰی و مَيِّتُوْنَ بھی آتی ہے، یہ اجوف واوی اور یائی دونوں طرح آتا ہے جب اجوف واوی ہو تو باب نصر اور جب اجوف یائی ہو تو باب ضرب آتا ہے۔ ❿ م: مَالٌ ۔ ⓫ واؤ متحرک اور اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ⓬ م: أَمْرٌ، یہ اصل میں تو مصدر ہے اس کے معنی ہیں ”کسی کام کا حکم دینا“ مگر یہاں اس سے بنفسہ کام مراد ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَلْاُمِّیُّ 2	اُمّی (ان پڑھ)	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء ومضاعف ثلاثی	أ م م	فُعْلِيٌّ	اُمْمِيٌّ ❶	الأعراف:157
أُمِيْتُ 1	میں موت دیتا ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	م و ت	أُفْعِلُ	أُمْوِتُ ❷	البقرة:258
أَمِيْنٌ 14	امانت دار	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	أ م ن	فَعِيْلٌ	×❸	الأعراف:68
أُمِّيُّوْنَ 1	ان پڑھ	اسم جامد	جمع مذکر سالم	×	//	مہموز الفاء ومضاعف ثلاثی	أ م م	فُعْلِيُّوْنَ	اُمْمِيُّوْنَ ❹	البقرة:78
اَلْاُمِّيِّيْنَ 3	ان پڑھ لوگوں	//	//	//	//	//	//	فُعْلِيِّيْنَ	اُمْمِيِّيْنَ ❺	ال عمران:75
أَنْ 565	کہ	حرف ناصب	×	×	×	×	×	×	×❻	النساء:28
أَنَّ 73	بے شک	حرف مشبہ بالفعل	//	//	//	//	//	//	×❼	البقرة:25
إِنْ 329	اگر	حرف شرط	//	//	//	//	//	//	×❽	النساء:133
إِنَّ 637	یقیناً	حرف مشبہ بالفعل	//	//	//	//	//	//	×❼	البقرة:26

❶ دو ہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا میم ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے میم کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ اُمٌّ (ماں) کی طرف منسوب اسم ہے، اس کے آخر میں یائے نسبت ہے، ج: اُمِّيُّوْنَ، اُمِّيٌّ کے معنی ہیں ''ان پڑھ'' اس کو امی اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ ایسا ہی ہے جیسا کہ وہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا، عربوں کو امی اس اعتبار سے کہا گیا کہ وہ پڑھی لکھی قوم نہ تھی، رسول اللہ ﷺ کو امی کہنے کی کئی ایک وجوہات ہو سکتی ہیں: ① آپ ﷺ امی قوم کے ایک فرد تھے ② آپ ﷺ نے مخلوق میں سے کسی کی شاگردی حاصل کر کے علم نہیں سیکھا، یہ الگ بات ہے کہ آپ کو بذریعہ وحی وہ علم سکھایا گیا جو کسی اور کے پاس نہیں تھا ③ ام القری (مکہ معظمہ) کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے آپ ﷺ کو امی کہا گیا ہے (قاموس القرآن)۔ ❷ واؤ متحرک اور اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ) ❸ ج: أُمَنَاءُ، لفظ ﴿أَمِيْن﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① امانت دار، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② امن چین، جیسا کہ سورۃ الدخان: 51 میں ہے ﴿مَقَامٍ أَمِيْنٍ﴾ ''امن چین کی جگہ''۔ ❹ دو ہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا میم ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے میم کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ اُمٌّ (ماں) کی طرف منسوب اسم ہے، اس کے آخر میں یائے نسبت ہے، م: اُمِّيٌّ، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❺ دو ہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا میم ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے میم کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ اُمٌّ (ماں) کی طرف منسوب اسم ہے، اس کے آخر میں یائے نسبت ہے، م: اُمِّيٌّ، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔

❻ أَنْ: یہ درج ذیل پانچ طرح قرآن مجید میں استعمال ہوا ہے: ① مصدریہ ناصبہ: یہ فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور اسے مصدر کے معنی میں کر دیتا ہے چنانچہ اسے مصدر مؤول کہتے ہیں، جیسے: ﴿يُرِيْدُ اللّٰهُ أَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ﴾ (النساء: 28)۔ ② مصدریہ: یہ فعل ماضی اور فعل امر کو مصدر کے معنی میں کر دیتا ہے، جیسے: ﴿وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ إِلَّآ أَنْ قَالُوْا﴾ (الأعراف: 82)۔ ③ أَنْ مخففه من الثقيلہ: یہ اصل میں أَنَّ ہوتا ہے، پھر تخفیفاً اسے بغیر شد کے پڑھا جاتا ہے، یہ اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے، یہ کلام میں تاکید پیدا کرنے کے لیے آتا ہے، اس صورت میں اس کا اسم ضمیر شان مقدر رہتا ہے، اور مابعد جملہ اس کی خبر ہوتا ہے، جیسے: ﴿عَلِمَ أَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى﴾ (المزمل: 20)۔ ④ مفسرہ: یہ ایسے جملے کے بعد آتا ہے، جس میں قول کے معنی ہوں، جیسے: ﴿وَنَادَيْنٰهُ أَنْ يّٰٓإِبْرٰهِيْمُ﴾ (الصافات: 104)۔ ⑤ زائدہ: وہ ہے جس کے حذف کرنے سے معنی میں خلل نہ آئے، جیسے: ﴿فَلَمَّآ أَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ﴾ (یوسف: 96)۔

❼ یہ حرف مشبہ بالفعل ہے جو اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے، یہ کلام میں تاکید پیدا کرنے کے لیے آتا ہے۔

❽ إِنْ: یہ درج ذیل تین طرح قرآن مجید میں استعمال ہوا ہے: ① شرطیہ: یہ دو فعلوں کو جزم دیتا ہے، پہلے کو شرط اور دوسرے کو جزا کہتے ہیں، جیسے: ﴿إِنْ يَّشَأْ يُذْهِبْكُمْ﴾ (النساء: 133)۔ ② نافیہ: یہ اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، جیسے: ﴿إِنِ الْكٰفِرُوْنَ إِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ﴾ (الملك: 20)، جب یہ فعل مضارع کے شروع میں آئے تو اس وقت یہ غیر عامل ہوتا ہے اور فعل کو زمانہ حال کے ساتھ خاص کر دیتا ہے، جیسا کہ سورۃ الأحقاف: 9 میں ہے ﴿إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوْحٰٓى إِلَيَّ﴾ ''نہیں میں پیروی کرتا مگر اسی کی جو میری طرف وحی کی جاتی ہے''۔ ③ إِنْ مخففه من الثقيلہ: یہ اصل میں إِنَّ تھا، پھر تخفیفاً اسے بغیر شد کے پڑھا جاتا ہے، یہ کلام میں تاکید پیدا کرنے کے لیے آتا ہے، اکثر اس کو عمل نہیں دیا جاتا ہے، اس صورت میں اس کے بعد لام فارقہ کا آنا ضروری ہے، جیسے: ﴿إِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ﴾ (الشعراء: 186) اور کبھی یہ اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے، جیسے: ﴿إِنْ كُلًّا لَّمَّا﴾ (ھود: 111)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أَنَا 9	میں	اسم جامد	واحد متکلم	×	×	×	×	×	× ❶	البقرة:258
أَنَّا	بے شک ہم	مرکب	×	//	//	//	//	//	× ❷	النساء:66
إِنَّا 56	یقیناً ہم	//	//	//	//	//	//	//	//	البقرة:14
أَنّٰى 28	جس طرح	اسم جامد	//	//	//	//	//	//	× ❸	البقرة:223
أَنَابَ 4	رجوع کرے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ن و ب	أَفْعَلَ	أَنْوَبَ ❹	الرعد:27
أَنَابُوْا 1	انھوں نے رجوع کیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	أَفْعَلُوْا	أَنْوَبُوْا ❹	الزمر:17
إِنَاثًا 6	مؤنثوں	صفت مشبہ	جمع مکسر	کرم	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	أ ن ث	فِعَالًا	× ❺	النساء:117
أُنَاسٍ 5	لوگوں	اسم جامد	//	//	ثلاثی مزید فیہ	//	أ ن س	فُعَالٍ	× ❻	البقرة:60
أَنَاسِيَّ 1	انسانوں	//	//	//	//	//	//	فَعَالِيَّ	× ❼	الفرقان:49
لِلْأَنَامِ 1	مخلوق	//	اسم جمع	//	//	//	أ ن م	فَعَالِ	×	الرحمٰن:10
الْأَنَامِلَ 1	انگلیوں	//	جمع مکسر	//	//	صحیح	ن م ل	أَفَاعِلَ	× ❽	آل عمرٰن:119
إِنٰهُ 1	اس کے پکنے	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء وناقص یائی	أ ن ی	فِعَلَ	إِنَيَ ❾	الأحزاب:53
أَنْبَاءِ 12	خبریں	اسم مصدر	جمع مکسر	افعال، تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	مہموز اللام	ن ب أ	أَفْعَالِ	× ❿	آل عمرٰن:44
أَنْبَأَكَ 2	تجھے بتایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	//	//	//	أَفْعَلَ	×	التحریم:13
أُنَبِّئُكُمْ 9	میں تمہیں خبردوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	تفعیل	//	//	//	أُفَعِّلُ	//	المائدة:60
أَنْبِئْهُمْ	تو انھیں بتا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	//	//	//	أَفْعِلْ	//	البقرة:33
أَنْبِئُوْنِيْ 1	تم مجھے بتاؤ	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلُوْا	× ⓫	البقرة:31
فَانْبَجَسَتْ 1	تو پھوٹ پڑے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	انفعال	//	صحیح	ب ج س	اِنْفَعَلَتْ	×	الأعراف:160

❶ یہ ضمیر مرفوع منفصل ہے، سورۃ الکہف: 39 میں ﴿ أَنَا ﴾ ضمیر فصل ہے یا یہ تَرَنِ کے آخر میں یاءِ ضمیر منصوب متصل محذوف کی تاکید ہے جو عاریۃً محل نصب میں لائی گئی ہے۔ ❷ یہ اصل میں إِنَّ نَا تھا، إِنَّ حرف مشبہ بالفعل اور نَا ضمیر اس کا اسم ہے، تین نون جمع ہونے کی صورت میں ایک نون کو تخفیفاً حذف کر دیا۔ ❸ یہ اسم ظرف مکان، سکون پر مبنی ہے، یہاں یہ بمعنی کَیْفَ استعمال ہوا ہے۔ ❹ واؤ متحرک اور اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)۔ ❺ م: أُنْثٰى ۔ ❻ یہ إِنْسَانٌ کی جمع من غیر لفظہ ہے، یا یہ إِنْسٌ کی جمع ہے۔ ❼ اس کے مفرد کے بارے میں تین موقف ہیں: ① إِنْسَانٌ، امام سیبویہ کے نزدیک ② إِنْسِيٌّ امام فراء اور مبرد کے نزدیک ③ إِنْسٌ بعض اہل علم کے نزدیک۔ ❽ م: أُنْمُلَةٌ ، ہمزہ اور عین پر تین مختلف حرکتیں آنے کی وجہ سے اس کے ممکنہ نو وزن بن سکتے ہیں۔ ❾ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❿ باب افعال کا قیاسی مصدر إِنْبَاءٌ اور باب تفعیل کا تَنْبِيْءٌ آتا ہے، م: نَبَأٌ اس کے اصل معنی خبر دینے کے ہیں، اور یہاں اس سے بنفسہ خبر مراد ہے۔ ⓫ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أَنْبَتَتْ 2	جس نے اگائے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ن ب ت	أَفْعَلَتْ	×	البقرۃ:261
أَنْبَتَكُمْ 2	تمھیں اگایا	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	أَفْعَلَ	//	نوح:17
أَنْبَتْنَا 8	ہم نے اگائی	//	جمع متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْنَا	//	الشعراء:7
فَانْبِذْ 1	پھینک دے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ن ب ذ	اِفْعِلْ	//	الأنفال:58
اِنْبِعَاثَهُمْ 1	ان کا اٹھنا	(اسم) مصدر	×	انفعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ب ع ث	اِنْفِعَال	//	التوبۃ:46
اِنْبَعَثَ 1	اٹھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	اِنْفَعَلَ	//	الشمس:12
أَنَبْنَا 1	ہم نے رجوع کیا	//	جمع متکلم	افعال	//	اجوف واوی	ن و ب	أَفَلْنَا	أَنْوَبْنَا ❶	الممتحنۃ:4
أَنْبِيَاءَ 5	نبیوں	صفت مشبہ	جمع مکسر	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	ن ب أ	أَفْعِلَاءَ	أَنْبِئَاءَ ❷	البقرۃ:91
أَنْتَ 55	تو	اسم جامد	واحد مذکر حاضر	×	×	×	×	×	× ❸	البقرۃ:32
اِنْتَبَذَتْ 2	وہ الگ ہوئی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ن ب ذ	اِفْتَعَلَتْ	×	مریم:16
اِنْتَثَرَتْ 1	بکھر کر گر جائیں گے	//	//	//	//	//	ن ث ر	//	//	الانفطار:2
فَانْتَشِرُوْا 2	تو تم منتشر ہو جاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	ن ش ر	اِفْتَعِلُوْا	//	الأحزاب:53
اِنْتَصَرَ 2	(جو) بدلہ لے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	ن ص ر	اِفْتَعَلَ	//	الشوریٰ:41
فَانْتَصِرْ 1	سو تو بدلہ لے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْتَعِلْ	//	القمر:10
اِنْتَصَرُوْا 1	انھوں نے انتقام لیا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	اِفْتَعَلُوْا	//	الشعراء:227
اِنْتَظِرْ 1	تو انتظار کر	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	ن ظ ر	اِفْتَعِلْ	//	السجدۃ:30
اِنْتَظِرُوْا 5	تم انتظار کرو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْتَعِلُوْا	//	الأنعام:158
اِنْتِقَام 4	بدلہ لینے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	ن ق م	اِفْتِعَال	//	ال عمرٰن:4
اِنْتَقَمْنَا 5	پھر ہم نے انتقام لیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	اِفْتَعَلْنَا	//	الزخرف:39
أَنْتُمْ 76	تم	اسم جامد	جمع مذکر حاضر	×	×	×	×	×	× ❹	البقرۃ:85
أَنْتُمَا 1	تم دونوں	//	تثنیہ مذکر حاضر	//	//	//	//	//	× ❺	القصص:35
فَانْتَهٰى 1	پس وہ باز آ جائے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ن ہ ی	اِفْتَعَلَ	اِنْتَهَيَ ❻	البقرۃ:275
اِنْتَهَوْا 3	وہ باز آ جائیں	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	اِفْتَعَوْا	اِنْتَهَيُوْا ❼	البقرۃ:192

❶ واؤ متحرک اور اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا، پھر دو ساکن الف اور باء جمع ہونے سے الف بھی گر گیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ❷ ہمزہ مفرد مفتوح اس کا ماقبل مکسور ہے تو ہمزہ کو یاء سے بدل دیا (قاعدہ: مِيَرٌ)، یہ نبأ سے مشتق ہے اس کے معنی ہیں خبر اس لیے کہ نبی اللہ تعالیٰ کے بارے میں خبر دیتا ہے، اور بعض کے نزدیک یہ ناقص واوی نُبُـوَّةٌ سے مشتق ہے اس کے معنی ہیں بلندی اس لیے کہ نبی تمام مخلوق سے بلند مرتبہ ہوتا ہے، اس صورت میں یہ اصل میں أَنْبِـوَاءَ ہوگا، پھر واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قـاعـدہ: يرضى) ہم: نَبِيٌّ، کم وبیش ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء ہیں جن میں سے 313 رسول تھے، قرآن میں 25 انبیاء کے نام ذکر کیے گئے ہیں نبی اور رسول میں فرق یہ ہے کہ نبی عام ہے اور رسول خاص، نبی ہر پیغمبر کو کہتے ہیں اور رسول اس پیغمبر کو کہتے ہیں جس پر مستقل کتاب اور شریعت نازل کی گئی ہو۔ ❸ یہ ضمیر مرفوع منفصل ہے، واحد مؤنث حاضر کے لیے أَنْـتِ آتا ہے۔ ❹ یہ ضمیر مرفوع منفصل جمع مذکر حاضر ہے۔ ❺ یہ ضمیر مرفوع منفصل تثنیہ مذکر ومؤنث دونوں کے لیے آتی ہے۔ ❻ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا، (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اِنْتَهُوْا 2	تم باز آجاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ن ہ ی	اِفْتَعُوْا	اِنْتَهِيُوْا ❶	النساء:171
أُنْثٰى 18	لڑکی	صفت مشبہ	واحد مؤنث	کرم	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	أ ن ث	فُعْلٰى	× ❷	ال عمرٰن:36
الْأُنْثَيَيْنِ 6	دو لڑکیوں	//	تثنیہ مؤنث	//	//	//	//	فُعْلَيَيْنِ	أُنْثَيَيْنِ ❸	النساء:11
أَنْجَاكُمْ 4	اس نے تمھیں نجات دی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ن ج و	أَفْعَلَ	أَنْجَوَ ❹	ابراهيم:6
أَنْجَيْتَنَا 1	تو نے ہمیں نجات دی	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعَلْتَ	أَنْجَوْتَ ❺	يونس:22
الْإِنْجِيلَ 12	انجیل	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ن ج ل	إِفْعِيلَ	× ❻	ال عمرٰن:3
أَنْجَيْنَا 14	ہم نے بچالیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	افعال	//	ناقص واوی	ن ج و	أَفْعَلْنَا	أَنْجَوْنَا ❺	الأعراف:165
اِنْحَرْ 1	تو قربانی کر	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ن ح ر	اِفْعَلْ	×	الكوثر:2
أَنْدَادًا 6	شریک	صفت مشبہ	جمع مکسر	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ن د د	أَفْعَالًا	× ❼	البقرة:22
أَنْذَرَ 2	اس نے ڈرایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ن ذ ر	أَفْعَلَ	×	الأحقاف:21
مَا أُنْذِرَ 1	نہیں ڈرائے گئے	فعل ماضی منفی مجہول	//	//	//	//	//	أُفْعِلَ	//	يٰسٓ:6
أَنْذِرْ 8	تو ڈرا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلْ	//	الأنعام:51
أَنْذَرْتُكُمْ 2	میں نے تمھیں خبردار کردیا	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْتُ	//	حم السجدة:13
أَنْذَرْتَهُمْ 2	تو نے انھیں ڈرایا ہو	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعَلْتَ	//	البقرة:6
أُنْذِرُكُمْ 1	میں تمھیں ڈراتا ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	أُفْعِلُ	//	الأنبياء:45
لِأُنْذِرَكُمْ 1	تاکہ میں تمھیں ڈراؤں	//	//	//	//	//	//	أُفْعِلَ	أُنْذِرُ ❽	الأنعام:19
أَنْذَرْنَاكُمْ 1	ہم نے تمھیں ڈرادیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْنَا	×	النبا:40
أُنْذِرُوْا 2	انھیں ڈرایا گیا	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	أُفْعِلُوْا	//	الكهف:56
أَنْذِرُوْا 1	تم خبردار کردو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلُوْا	//	النحل:2
أَنْزَلَ 66	اتارا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	ن ز ل	أَفْعَلَ	//	البقرة:90
سَأُنْزِلُ 1	میں ضرور نازل کروں گا	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	أُفْعِلُ	//	الأنعام:93
أُنْزِلَ 49	اتارا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	أُفْعِلَ	//	البقرة:4
أَنْزِلْ 1	تو اتار	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلْ	//	المائدة:114
أَنْزَلْتُ 1	میں نے اتارا	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْتُ	//	البقرة:41
أَنْزَلْتَ 2	تو نے نازل فرمایا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعَلْتَ	//	ال عمرٰن:53

❶ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے کی وجہ سے یاء کو گرادیا (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❷ ج: إِنَاثٌ۔ ❸ الف زائدہ علامت تثنیہ سے پہلے واقع ہوکر یاء سے بدل گیا (قاعدہ: حُبْلَيَانِ) یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: أُنْثٰى، ج: إِنَاثٌ۔ ❹ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❺ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ میں واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو یہ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: يَرْضَى)۔ ❻ اس کے بارے میں دو مؤقف ہیں: ① یہ عربی ہے جیسا کہ متن میں مذکور ہے ② یہ عجمی (یعنی عبرانی) زبان میں علم ہے کسی سے مشتق نہیں ہے، یہ وہ آسمانی کتاب ہے، جو اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل فرمائی، اب اس میں تحریف ہوچکی ہے، ج: أَنَاجِيلُ۔ ❼ م: نِدٌّ۔ ❽ لام کَیْ کے بعد أَنْ مقدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أُنْزِلَتِ 1	نازل کی گئی	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ن ز ل	أُفْعِلَتْ	أُنْزِلَتْ ❶	الِ عمران:65
أُنْزِلَتْ 5	اتاری جاتی	//	//	//	//	//	//	//	×	التوبة:86
أَنْزَلْتُمُوْهُ 1	تم نے اسے اتارا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعَلْتُمْ	أَنْزَلْتُمْ ❷	الواقعة:69
أَنْزَلْنَا 56	ہم نے اتارا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْنَا	×	البقرة:99
أَنْزِلْنِىْ 1	مجھے اتار	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلْ	❸×	المؤمنون:29
إِنْسٌ 18	کوئی انسان	اسم جامد	اسم جمع	×	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	أ ن س	فِعْلٌ	❹×	الرحمٰن:39
أَنْسَابَ 1	رشتے	//	جمع مکسر	//	//	صحیح	ن س ب	أَفْعَالَ	❺×	المؤمنون:101
إِنْسَان 65	انسان	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ن س ی	إِفْعَان	إِنْسِيَان ❻	بنی اسرائیل:13
مَا۔أَنْسَانِيْهُ 1	مجھے وہ نہیں بھلائی	فعل ماضی منفی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	//	//	//	أَفْعَلَ	أَنْسَيَ ❼	الکهف:63
فَأَنْسَاهُ 3	تو اسے بھلا دیا	فعل ماضی معلوم	//	//	//	//	//	//	أَنْسَيَ ❽	یوسف:42
إِنْسَلَخَ 2	گزر جائیں	//	//	انفعال	//	صحیح	س ل خ	إِنْفَعَلَ	×	التوبة:5
أَنْسَوْكُمْ 1	انھوں نے تم کو بھلادی	//	جمع مذکر غائب	افعال	//	ناقص یائی	ن س ی	أَفْعَوْا	أَنْسَيُوْا ❾	المؤمنون:110
إِنْسِيًّا 1	کسی انسان	اسم جامد	اسم جنس	×	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	أ ن س	فِعْلِيًّا	❿×	مریم:26
أَنْشَأَ 4	پیدا کیے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز اللام	ن ش أ	أَفْعَلَ	×	الأنعام:141
إِنْشَاءً 1	پیدا کرنا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	إِفْعَالًا	//	الواقعة:35
أَنْشَأْتُمْ 1	تم نے پیدا کیا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعَلْتُمْ	//	الواقعة:72
أَنْشَأْنَا 8	ہم نے پیدا کردیے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْنَا	//	المؤمنون:31
فَأَنْشَرْنَا 1	پھر ہم نے زندہ کردیا	//	//	//	//	صحیح	ن ش ر	//	//	الزخرف:11
أَنْشَرَهُ 1	(وہ) اسے اٹھائے گا	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	أَفْعَلَ	//	عبس:22
أُنْشُزُوْا 2	اٹھ کھڑے ہو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	//	ن ش ز	أُفْعُلُوْا	//	المجادلة:11
إِنْشَقَّ 1	پھٹ گیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	انفعال	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ش ق ق	إِنْفَعَلَ	إِنْشَقَقَ ⓫	القمر:1
إِنْشَقَّتِ 3	پھٹ جائے گا	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	إِنْفَعَلَتْ	إِنْشَقَقَتْ ⓬	الرحمٰن: 37

❶ تاء اصل میں ساکن تھی اس کو آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے کسرہ دے دیا ہے۔ ❷ تُمْ ضمیر کے بعد ھَاء ضمیر لاحق ہونے کی وجہ سے واؤ کا اضافہ ہوگیا اور میم مضموم ہوگیا (قاعدہ :اِتَّخَذْتُمُوْهُ)۔ ❸ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر مفعول بہ ہے۔ ❹ إِنْسٌ، یہ اسم جمع ہے، اس کا واحد اس کی طرف منسوب یعنی إِنْسِيٌّ آتا ہے، اس کی جمع أَنَاسِيُّ آتی ہے، ج: آنَاسٌ و أُنَاسٌ ❺ یہ لائے نفی جنس کا اسم ہونے کی وجہ سے فتحہ پر مبنی ہے، م: نَسَبٌ۔ ❻ اس سے یاء کو تخفیفاً حذف کردیا اور سین کو فتحہ دے دیا، یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، ج: آنَاسِيٌّ و النَّاسُ، یا یہ اسم جمع ہے۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم مفعول بہ اول ہے اور اس سے آگے ہٗ ضمیر منصوب متصل مفعول ثانی ہے۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❾ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف بھی گر گیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❿ یہ إِنْسٌ کی طرف اسم منسوب ہے، ج: آنَاسٌ و أُنَاسٌ ۔ ⓫ ۔دو متحرک ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے قاف کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدَّ) ۔ ⓬ دو متحرک ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے قاف کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدَّ)، تاء اصل میں ساکن تھی اس کو آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے کسرہ دے دیا ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
الْأَنْصَابُ 1	بت	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ن ص ب	أَفْعَالُ	× ❶	المائدة:90
أَنْصَارٍ 10	مدد کرنے والے	اسم مبالغہ	//	نصر	//	//	ن ص ر	أَفْعَالٍ	× ❷	البقرة:270
أَنْصَارِیْ 1	میرے مددگار	//	//	//	//	//	//	أَفْعَالِ	× ❸	آل عمران:52
فَانْصَبْ 1	تو تو محنت کر	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	//	//	ن ص ب	اِفْعَلْ	×	الانشراح:7
أَنْصِتُوْا 2	تم چپ رہو	//	جمع مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ن ص ت	أَفْعِلُوْا	//	الأحقاف:29
أَنْصَحُ 1	میں خیر خواہی کرتا ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	فتح	ثلاثی مجرد	//	ن ص ح	أَفْعَلُ	//	الأعراف:62
أَنْ۔أَنْصَحَ 1	یہ کہ میں نصیحت کروں	//	//	//	//	//	//	أَفْعَلَ	أَنْصَحُ ❹	هود:34
اِنْصَرَفُوْا 1	(وہ) واپس پلٹ جاتے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	انفعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ص ر ف	اِنْفَعَلُوْا	×	التوبة:127
اُنْصُرْنَا 3	تو ہماری مدد فرما	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	//	ن ص ر	اُفْعُلْ	× ❺	البقرة:250
اُنْصُرْنِیْ 3	میری مدد کر	//	//	//	//	//	//	//	×	المؤمنون:26
اُنْصُرُوْا 1	تم مدد کرو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلُوْا	//	الأنبياء:68
أَنْطَقَ 2	بلوایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ن ط ق	أَفْعَلَ	//	حم السجده:21
اِنْطَلَقَ 1	چل کھڑے ہوئے	//	//	انفعال	//	//	ط ل ق	اِنْفَعَلَ	//	صٓ:6
فَانْطَلَقَا 3	چنانچہ وہ دونوں چل پڑے	//	تثنیہ مذکر غائب	//	//	//	//	اِنْفَعَلَا	//	الكهف:71
اِنْطَلَقْتُمْ 1	تم چلو گے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِنْفَعَلْتُمْ	//	الفتح:15
فَانْطَلَقُوْا 1	چنانچہ وہ چل پڑے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	اِنْفَعَلُوْا	//	القلم:23
اِنْطَلِقُوْا 2	تم چلو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِنْفَعِلُوْا	//	المرسلات:29
أَنْظُرْ 1	میں دیکھوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	نصر	ثلاثی مجرد	//	ن ظ ر	أَفْعُلْ	أَنْظُرُ ❻	الأعراف:143
اُنْظُرْ 26	تو دیکھ	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلْ	×	النساء:50
اُنْظُرْنَا 2	تو ہماری طرف دیکھ	//	//	//	//	//	//	//	× ❺	البقرة:104
أَنْظِرْنِیْ 3	تو مجھے مہلت دے	//	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	أَفْعِلْ	× ❼	الأعراف:14
اُنْظُرُوْا 10	تم دیکھو	//	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	اُفْعُلُوْا	× ❽	الأنعام:11
فَانْظُرِیْ 1	سو دیکھ تو	//	واحد مؤنث حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلِیْ	×	النمل:33
أَنْعَامٌ 32	چوپائے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ن ع م	أَفْعَالٌ	× ❾	الأنعام:138
أَنْعَمَ 6	انعام کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	أَفْعَلَ	×	النساء:69

❶ م: نَصْبٌ ،شرک کے لیے نصب کردہ چیزیں، اللہ کو چھوڑ کر عبادت کے لیے کھڑا کیا ہوا پتھر جس پر زمانہ جاہلیت میں جانور ذبح کیے جاتے تھے۔ ❷ م: نَصِیْرٌ و نَاصِرٌ، سورۃ التوبة:100 میں ﴿الْأَنْصَارِ﴾ سے مراد وہ مسلمان ہیں جو مدینہ منورہ میں آباد تھے، انہوں نے ہر موقع پر رسول اکرم ﷺ اور مہاجرین کی مدد کی اور اپنا سب کچھ ان کی خدمت میں پیش کر دیا۔ ❸ اس کے آخر میں یاءِ ضمیر متکلم مضاف الیہ ہے، م: نَصِیْرٌ و نَاصِرٌ۔ ❹ أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❺ اس کے آخر میں نَا ضمیر مفعول بہ ہے۔ ❻ یہ امر کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے۔ ❼ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاءِ ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ ❽ لفظ ﴿اُنْظُرُوْا﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① تم دیکھو، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ اِلَى الشَّيْءِ ہو ② تم انتظار کرو، جیسا کہ سورۃ الحدید :13 میں ہے ﴿اُنْظُرُوْنَا﴾ "تم ہمارا انتظار کرو"، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول فُلَانًا ہو۔ ❾ م: نَعَمٌ، یہ اسم جنس جمعی ہے اس کی جمع اس کی چار انواع: اونٹ، گائے، بھیڑ اور بکری کے اعتبار سے لائی گئی ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
بِأَنْعُمِ 2	نعمتوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ن ع م	أَفْعُلٍ	❶ ×	النحل:112
أَنْعَمْتَ 5	تو نے انعام کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	أَفْعَلْتَ	×	الفاتحة:7
أَنْعَمْتُ 3	میں نے انعام کیا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْتُ	//	البقرة:40
أَنْعَمْنَا 3	ہم انعام کرتے ہیں	//	جمع متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْنَا	//	بنی اسرائیل:83
الْأَنْفَ 2	ناک	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	أ ن ف	فَعْلَ	❷ ×	المائدة:45
الْإِنْفَاقِ 1	خرچ ہو جانے	(اسم) مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ن ف ق	إِفْعَالِ	×	بنی اسرائیل 100:
الْأَنْفَالِ 2	غنیمتوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	//	ن ف ل	أَفْعَالِ	❸ ×	الأنفال:1
فَانْفَجَرَتْ 1	پھوٹ نکلے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	انفعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ف ج ر	إِنْفَعَلَتْ	❹ ×	البقرة:60
فَأَنْفُخُ 1	پھر میں پھونک مارتا ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	نصر	ثلاثی مجرد	//	ن ف خ	أَفْعُلُ	×	ال عمران:49
انْفُخُوا 1	تم آگ تیز جلاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلُوا	//	الکهف:96
فَانْفُذُوا 1	تو نکل جاؤ	//	//	//	//	//	ن ف ذ	//	❹ ×	الرحمٰن:33
انْفِرُوا 4	تم نکلو	//	//	ضرب	//	//	ن ف ر	اِفْعِلُوا	×	النساء:71
الْأَنْفُسُ 153	جانوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ن ف س	أَفْعُلُ	❺ ×	النساء:128
انْفِصَامَ 1	ٹوٹنا	(اسم) مصدر	×	انفعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ف ص م	إِنْفِعَالَ	❻ ×	البقرة:256
لَانْفَضُّوا 2	تو ضرور منتشر ہو جاتے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	مضاعف ثلاثی	ف ض ض	إِنْفَعَلُوا	إِنْفَضَضُوا ❼	ال عمران:159
انْفَطَرَتْ 1	پھٹ جائے گا	//	واحد مؤنث غائب	//	//	صحیح	ف ط ر	إِنْفَعَلَتْ	×	الانفطار:1
أَنْفَقَ 2	خرچ کیا تھا	//	واحد مذکر غائب	افعال	//	//	ن ف ق	أَفْعَلَ	//	الکهف:42
أَنْفَقْتَ 1	تو خرچ کر دیتا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعَلْتَ	//	الأنفال:63
أَنْفَقْتُمْ 4	تم خرچ کرو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعَلْتُمْ	//	البقرة:215
أَنْفَقُوا 11	انہوں نے خرچ کیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	أَفْعَلُوا	//	البقرة:262
أَنْفِقُوا 9	تم خرچ کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلُوا	//	البقرة:254
فَانْفَلَقَ 1	پس وہ پھٹ گیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	انفعال	//	//	ف ل ق	إِنْفَعَلَ	❹ ×	الشعراء:63
فَأَنْقَذَكُمْ 1	تو اس نے تمہیں بچالیا	//	//	افعال	//	//	ن ق ذ	أَفْعَلَ	×	ال عمران:103

❶م: نِعْمَةٌ یا نَعَمٌ، یہ اصل میں باب سمع، کرم کا مصدر ہے۔ ❷ج: أُنُوفٌ و آنَافٌ و آنُفٌ ۔ ❸م: نَفَلٌ ،اس سے مراد وہ مال ہے جو کافروں کے ساتھ جنگ میں مسلمانوں کے ہاتھ آئے ،اس کو نفل اس لیے کہا گیا ہے کہ نفل کے معنی ہیں ''عطیہ، زائد'' اور یہ بھی اللہ تعالیٰ کا وہ عطیہ ہے جس کے ذریعے وہ جہاد کے اخروی اجر کے علاوہ مجاہدین کو نوازتا ہے، یا یہ زائد اس اعتبار سے ہے کہ ان چیزوں میں سے ایک ہے جو پچھلی امتوں پر حرام تھیں، گویا امت محمدیہ پر یہ ایک زائد چیز حلال کی گئی ہے (قاموس القرآن)۔ ❹ہمزہ وصلی وسط کلام میں آنے کی وجہ سے پڑھنے میں ساقط ہو گیا ہے (قاعدہ : ھمزہ وصلی)۔ ❺یہ جمع قلت ہے،م: نَفْسٌ لفظ ﴿ أَنْفُس ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① جانوں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② دل، جیسا کہ سورۃ النجم :23 میں ہے ﴿ مَاتَهْوَى الْأَنْفُسُ ﴾ ''جوان کے دل چاہتے ہیں''۔ ❻یہ لائے نفی جنس کا اسم ہونے کی وجہ سے فتحہ پر مبنی ہے۔ ❼دو متحرک ہم جنس حرف ضاد ایک کلمہ میں جمع ہوئے ،اوران کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے ضاد کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ہمزہ وصلی وسط کلام میں آنے کی وجہ سے پڑھنے میں ساقط ہو گیا ہے (قاعدہ :ھمزہ وصلی)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أُنْقُصْ 1	تو کم کر	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ن ق ص	أُفْعُلْ	×	المزمل:3
أَنْقَضَ 1	توڑ رکھی تھی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ن ق ض	أَفْعَلَ	//	الانشراح:3
اِنْقَلَبَ 1	الٹا پھر جاتا	//	//	انفعال	//	//	ق ل ب	اِنْفَعَلَ	//	الحج:11
اِنْقَلَبْتُمْ 2	تم پھر جاؤ گے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِنْفَعَلْتُمْ	//	ال عمرٰن:144
اِنْقَلَبُوْا 5	وہ لوٹے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	اِنْفَعَلُوْا	//	یوسف:62
أَنْكَاثًا 1	ٹکڑے ٹکڑے کر کے	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	//	ن ك ث	أَفْعَالًا	❶×	النحل:92
أَنْكَالًا 1	بیڑیاں	//	//	//	//	//	ن ك ل	//	❷×	المزمل:12
أَنْ۔ أُنْكِحَكَ 1	میں تجھے سے نکاح کر دوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ن ك ح	أُفْعِلَ	أُنْكِحَ ❸	القصص:27
أَنْكِحُوْا 1	تم نکاح کر دو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلُوْا	×	النور:32
فَانْكِحُوْا 2	تم نکاح کر لو	//	//	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	اِفْعِلُوْا	❹×	النساء:3
اِنْكَدَرَتْ 1	بے نور ہو جائیں گے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	انفعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ك د ر	اِنْفَعَلَتْ	×	التکویر:2
أَنْكَرَ 1	سب سے بری	اسم تفضیل	واحد مذکر	افعال	//	//	ن ك ر	أَفْعَلَ	//	لقمان:19
أَنَّمَا 1	یقیناً	یہ مرکب ہے	×	×	×	×	×	×	❺×	المائدۃ:49
اِنَّمَا 1	//	//	//	//	//	//	//	//	❻×	البقرۃ:11
وَ۔انْهَ 1	اور تو منع کر	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ن ہ ی	اِفْعَ	اِنْهَىٰ ❼	لقمان:17
أَنْهَارٌ 51	نہریں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ن ہ ر	أَفْعَالٌ	❽×	محمد:15
فَانْهَارَ 1	پس وہ گر گیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	انفعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ہ و ر	اِنْفَعَلَ	اِنْهَوَرَ ❾	التوبۃ:109
أَنْهَاكُمْ 1	میں تمہیں منع کرتا ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	فتح	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ن ہ ی	أَفْعَلَ	أَنْهَىٰ ❿	ھود:88
لَمْ۔أَنْهَكُمَا 1	میں نے تم دونوں کو منع نہ کیا تھا	فعل نفی جحد بلم معلوم	//	//	//	//	//	أَفْعَ	أَنْهَىٰ ⓫	الأعراف:22
أُنِيْبُ 1	میں رجوع کرتا ہوں	فعل مضارع معلوم	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ن و ب	أُفْعِلُ	أُنْوِبُ ⓬	ھود:88
أَنِيْبُوْا 2	تم پلٹ آؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعِلُوْا	أَنْوِبُوْا ⓬	الزمر:54

❶ م: نِكْثٌ بمعنی مَنْكُوثٌ ❷ م: نِكْلٌ۔ ❸ أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❹ ہمزہ وصلی وسط کلام میں آنے کی وجہ سے پڑھنے میں ساقط ہو گیا ہے (قاعدہ: ھمزہ وصلی)۔ ❺ یہ دو کلمے ہیں، أَنَّ اور مَا، أَنَّ حرف مشبہ بالفعل اور ما کافہ ہے، ما کافہ کے آنے سے أَنَّ کا عمل باطل ہو جاتا ہے، اس صورت میں یہ فعل پر بھی داخل ہو جاتا ہے، کبھی أَنَّ حرف مشبہ بالفعل اور ما موصولہ یا مصدریہ ہوتی ہے، اس صورت میں أَنَّ کا عمل باطل نہیں ہوتا، جیسا کہ سورۃ ال عمرٰن: 178 میں ہے ﴿ أَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ ﴾ ، اس میں أَنَّ حرف مشبہ بالفعل اور ما موصولہ ہے، یہ ما مصدریہ بھی ہو سکتا ہے۔ ❻ ﴿إِنَّمَا﴾ کی دو قسمیں ہیں: ① یہ إِنَّ حرف مشبہ بالفعل اور ما کافہ سے مرکب ہے، ما کافہ کے آنے سے إِنَّ کا عمل باطل ہو جاتا ہے، اس صورت میں یہ فعل پر بھی داخل ہو جاتا ہے، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، کبھی إِنَّ حرف مشبہ بالفعل اور ما موصولہ ہوتا ہے، اس صورت میں إِنَّ کا عمل باطل نہیں ہوتا، جیسا کہ سورۃ المرسلات: 7 میں ہے ﴿ إِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ ﴾ ، اس میں إِنَّ حرف مشبہ بالفعل اور ما موصولہ ہے، ② کلمہ حصر، جیسے: ﴿إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا﴾ (فاطر: 28)۔ ❼ امر بناتے وقت اس کے آخر سے حرف علت یاء گر گئی، ہمزہ وصلی وسط کلام میں آنے کی وجہ سے پڑھنے میں ساقط ہو گیا ہے (قاعدہ: ھمزہ وصلی)۔ ❽ م: نَهْرٌ و نَهَرٌ۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، ہمزہ وصلی وسط کلام میں آنے کی وجہ سے پڑھنے میں ساقط ہو گیا ہے (قاعدہ: ھمزہ وصلی)۔ ❿ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ⓫ لَمْ جازمہ کی وجہ سے آخر سے حرف علت یاء گر گئی۔ ⓬ واؤ متحرک اور اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ:

يَقَالَ)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أَهَانَنِ 1	مجھے ذلیل کردیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ہ و ن	أَفْعَلَ	أَهْوَنَ ❶	الفجر:16
لِأَهَبَ 1	تاکہ میں عطا کروں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	فتح	ثلاثی مجرد	مثال واوی	و ہ ب	أَعَلَ	أَوْهَبَ ❷	مریم:19
اِهْبِطْ 2	تو اتر جا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	//	صحیح	ہ ب ط	اِفْعِلْ	×	ھود:48
اِهْبِطَا 1	تم دونوں اتر جاؤ	//	تثنیہ مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعِلَا	//	طٰہٰ:123
اِهْبِطُوْا 4	تم اتر جاؤ	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعِلُوْا	//	البقرۃ:36
اِهْتَدٰى 7	(جو) سیدھے راستے پر آیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ہ د ی	اِفْتَعَلَ	اِهْتَدَيَ ❸	یونس:108
اِهْتَدَوْا 4	وہ ہدایت پاگئے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	اِفْتَعَوْا	اِهْتَدَيُوْا ❹	البقرۃ:137
اِهْتَدَيْتُ 1	میں نے ہدایت پائی	//	واحد متکلم	//	//	//	//	اِفْتَعَلْتُ	×	سبا:50
اِهْتَدَيْتُمْ 1	تم ہدایت پاچکے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْتَعَلْتُمْ	//	المائدۃ:105
اِهْتَزَّتْ 2	وہ لہلہاتی ہے	//	واحد مؤنث غائب	//	//	مضاعف ثلاثی	ہ ز ز	اِفْتَعَلَتْ	اِهْتَزَزَتْ ❺	الحج:5
فَاهْجُرْ 2	پس تو دور رہ	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ہ ج ر	اُفْعُلْ	× ❻	المدثر:5
اُهْجُرْنِيْ 1	تو مجھے چھوڑ جا	//	//	//	//	//	//	//	× ❼	مریم:46
اُهْجُرُوْهُنَّ 1	تم ان سے الگ ہوجاؤ	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلُوْا	×	النساء:34
أَهْدِكَ 2	میں تجھے لے جاؤں گا	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	ضرب	//	ناقص یائی	ہ د ی	أَفْعِ	أَهْدِيُ ❽	مریم:43
اِهْدِنَا 2	(تو) ہمیں چلا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعِ	اِهْدِيْ ❾	الفاتحۃ:6
فَاهْدُوْهُمْ 1	پھر انھیں لے چلو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعُوْا	اِهْدِيُوْا ❿	الصافات:23
أَهْدٰى 7	زیادہ سیدھے راستے پر	اسم تفضیل	واحد مذکر	//	//	//	//	أَفْعَلُ	أَهْدَيُ ⓫	النساء:51
أَهْدِيَكَ 1	میں تیری راہنمائی کروں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	أَفْعِلَ	أَهْدِيُ ⓬	النازعات:19
مَا۔أَهْدِيْكُمْ 1	میں تمھیں نہیں بتا رہا	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	أَفْعِلُ	أَهْدِيُ ⓭	المؤمن:29

❶ واؤ متحرک اور اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، اس کے آخر میں نون وقایہ ہے، یائے متکلم حذف ہوچکی ہے۔ ❷ واؤ علامت مضارع مفتوح اور عین مفتوح کے درمیان واقع ہوکر حذف ہوگئی (قاعدہ: یَھَبُ) لام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❸ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا۔ ❺ دو متحرک ہم جنس حرف زاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے زاء کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدَّ) ہمزہ وصلی وسط کلام میں آنے کی وجہ سے پڑھنے میں ساقط ہوگیا ہے (قاعدہ: ھمزہ وصلی)۔ ❻ ہمزہ وصلی وسط کلام میں آنے کی وجہ سے پڑھنے میں ساقط ہوگیا ہے (قاعدہ: ھمزہ وصلی)۔ ❼ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یائے متکلم مفعول بہ ہے۔ ❽ امر کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے جزمی حالت میں آخر سے حرف علت یاء گر گیا، اسی طرح سورۃ المؤمن: 38 میں ہے ﴿ أَهْدِكُمْ ﴾۔ ❾ امر بناتے وقت اس کے آخر سے حرف علت یاء گر گئی، یہ حرف علت کے حذف ہونے پر مبنی ہے، اس کے آخر میں نَا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ ہے، یہ تَهْدِيْ فعل مضارع صیغہ واحد مذکر حاضر سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، اس کا مابعد ساکن ہے تو شروع میں عین کلمہ کی حرکت کے مطابق ہمزہ وصلی مکسور لے آئے، آخر میں حرف علت یاء ہے تو اسے گرا دیا، ھَدٰی فعل دوسرے مفعول کی طرف کبھی بغیر حرف جر کے اور کبھی حرف جر لام یا اِلٰی کے ساتھ متعدی ہوتا ہے۔ ❿ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے کی وجہ سے یاء کو گرا دیا (قاعدہ: رَضُوْا)، ہمزہ وصلی وسط کلام میں آنے کی وجہ سے پڑھنے میں ساقط ہوگیا ہے (قاعدہ: ھمزہ وصلی)۔ ⓫ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ⓬ بواسطہ حرف عطف واؤ اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ⓭ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت کو گرا دیا (قاعدہ: رَضُوْا)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أَهُشُّ 1	میں پتے جھاڑتا ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ہ ش ش	أَفْعُلُ	أَهْشُشُ ❶	طٰه:18
أَهْلُ 92	والے	اسم جامد	اسم جمع	×	//	مہموز الفاء	أ ہ ل	فَعْلٌ	×❷	الاعراف:97
أُهِلَّ 1	نام پکارا جائے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ہ ل ل	أُفْعِلَ	أُهْلِلَ ❸	البقرة:173
الْأَهِلَّةِ 1	نئے چاندوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	//	أَفْعِلَةِ	أَهْلِلَةِ ❹	البقرة:189
أَهْلَكَ 2	ہلاک کر چکا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	//	صحیح	ہ ل ك	أَفْعَلَ	×	القصص:78
أَهْلَكَ 9	اپنے گھر والوں کو	اسم جامد	اسم جمع	×	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	أ ہ ل	فَعْلَ	×❷	طٰه:132
أَهْلَكْتُ 1	میں نے برباد کر ڈالا	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ہ ل ك	أَفْعَلْتُ	×	البلد:6
فَاَهْلَكَتْهُ 1	تو اس نے اسے برباد کر دیا	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	أَفْعَلَتْ	//	ال عمرٰن:117
أَهْلَكْتَهُمْ 1	تو انھیں ہلاک کر دیتا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أَفْعَلْتَ	//	الأعراف:155
أَهْلَكْنَا 29	ہم نے ہلاک کر دیے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْنَا	//	الأنعام:6
أَهْلَكَنِيَ 1	مجھے ہلاک کر دے	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	أَفْعَلَ	×❺	الملك:28
فَأُهْلِكُوْا 2	وہ ہلاک کر دیے گئے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	أُفْعِلُوْا	×	الحاقة:5
أَهْلُوْنَا 1	ہمارے گھر والوں	اسم جامد	ملحق بجمع مذکر سالم	×	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	أ ہ ل	فَعْلُوْنَ	أَهْلُوْنَنَا ❻	الفتح:11
أَهْلِيْكُمْ 2	اپنے گھر والوں	//	//	//	//	//	//	فَعْلِيْنَ	أَهْلِيْنَ ❼	المائدة:89
أَهْلِيْهِمْ 3	//	//	//	//	//	//	//	//	//	الزمر:15
أَهَمَّتْهُمْ 1	جنہیں فکر میں ڈال رکھا تھا	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ہ م م	أَفْعَلَتْ	أَهْمَمَتْ ❽	ال عمرٰن:154
أَهْوٰى 1	گرا مارا	//	واحد مذکر غائب	//	//	لفیف مقرون	ہ و ی	أَفْعَلَ	أَهْوَيَ ❾	النجم:53
أَهْوَاءَ 17	خواہشوں	(اسم) مصدر	جمع مکسر	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	أَفْعَالَ	أَهْوَايَ ❿	المائدة:77
أَهْوَنُ 1	زیادہ آسان	اسم تفضیل	واحد مذکر	نصر	//	اجوف واوی	ہ و ن	أَفْعَلُ	×⓫	الروم:27

❶ دو متحرک ہم جنس حرف شین ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے شین کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے شین کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)۔ ❷ یہ اسم جمع ہے اس کا مفرد ان لفظوں سے موجود نہیں، ج: أَهْلُونَ، أَهَالٍ و آهَالٌ و أَهْلَاتٌ، لفظ ﴿ اَهْل ﴾ قرآن مجید میں درج ذیل تین معانی کے لیے استعمال ہوا ہے: ① والے، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، یہ لفظ اسی طرح اردو میں بھی استعمال ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ البقرۃ: 105 میں ہے ﴿ اَهْلَ الْكِتَابِ ﴾ ''اہل کتاب'' ② گھر والے، اس سے مراد صرف بیوی بھی ہو سکتی ہے، جیسا کہ سورۃ یوسف: 25 میں ہے ﴿ بِاَهْلِكَ ﴾ ''تیری بیوی کے ساتھ'' اور گھر کے دیگر افراد بھی مراد ہو سکتے ہیں، جیسا کہ سورۃ العنکبوت: 33 میں ہے ﴿ اَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ ﴾ ''تیرے گھر والوں کو سوائے تیری بیوی کے'' ③ لائق، جیسا کہ سورۃ المدثر: 56 میں ہے ﴿ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى ﴾ ''وہی لائق ہے تقویٰ کے''۔ ❸ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے لام کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے لام کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)۔ ❹ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے لام کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے لام کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ) م: هِلَالٌ ❺ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ ❻ اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے اور آخر میں نا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ ہے، یہ اس کی رفعی حالت ہے، م: أَهْلٌ۔ ❼ اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❽ دو متحرک ہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے میم کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے میم کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)۔ ❾ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❿ یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی اسے وجوبی طور پر ہمزہ سے بدل دیا (قاعدہ: دُعَاءٌ)، م: هَوًى۔ ⓫ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا فاعل الشَّئُ، صلہ عَلٰى اور مصدر هَوْنًا ہو۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أَوْ 281	یا	حرف عطف	×	×	×	×	×	×	× ❶	البقرة:19
أَوَ 9	کیااور	مرکب	//	//	//	//	//	//	× ❷	ال عمرٰن:65
أَوٰى 1	پناہ لی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء ولفیف مقرون	أ و ی	فَعَلَ	أَوَیَ ❸	الکهف:10
أَوَّابٌ 5	بہت رجوع کرنیوالا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	نصر	//	مہموز الفاء واجوف واوی	أ و ب	فَعَّالٌ	× ❹	صٓ:17
لِلْاَوَّابِيْنَ 1	بار بار لوٹ آنے والوں کے لیے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَعَّالِيْنَ	× ❺	بنی اسرائیل 25:
فَاُوَارِيَ 1	تو میں چھپادوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	لفیف مفروق	و ر ی	أُفَاعِلَ	× ❻	المائدة:31
اَوَّاهٌ 2	بہت نرم دل	اسم مبالغہ	واحد مذکر	تفعّل	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء واجوف واوی	أ و ه	فَعَّالٌ	× ❼	هود:75
أَوْبَارِهَا 1	ان کی پشموں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	مثال واوی	و ب ر	أَفْعَالِ	× ❽	النحل:80
أَوِّبِيْ 1	تسبیح کو دہراؤ	فعل امر حاضر معلوم	واحد مؤنث حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء واجوف واوی	أ و ب	فَعِّلِيْ	×	سبا:10
لَمْ۔أُوْتَ 1	مجھے نہ دیا جاتا	فعل نفی جحد بلم مجہول	واحد متکلم	افعال	//	مہموز الفاء وناقص یائی	أ ت ی	أُفْعَ	أُؤْتَیْ ❾	الحاقة:25
اَوْتَادًا 3	میخیں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	مثال واوی	و ت د	أَفْعَالًا	× ❿	النبأ:7
أُوْتُوْا 33	جن کو دی گئی	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء وناقص یائی	أ ت ی	أُفْعُوْا	أُؤْتِيُوْا ⓫	البقرة:101
أُوْتِيَ 14	دیا گیا	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	أُفْعِلَ	أُؤْتِيَ ⓬	البقرة:136
أُوْتِيْتَ 1	تجھے عطا کردیا گیا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	أُفْعِلْتَ	أُؤْتِيْتَ ⓬	طٰه:36
أُوْتِيَتْ 1	اسے دیا گیا	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	أُفْعِلَتْ	أُؤْتِيَتْ ⓬	النمل:23
أُوْتِيْتُمْ 5	تمھیں دیا گیا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	أُفْعِلْتُمْ	أُؤْتِيْتُمْ ⓬	ال عمرٰن:73
أُوْتِيْتُهٗ 2	مجھے یہ دیا گیا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	أُفْعِلْتُ	أُؤْتِيْتُ ⓬	القصص:78
أُوْتِيْنَا 2	ہمیں دیا گیا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	أُفْعِلْنَا	أُؤْتِيْنَا ⓬	النمل:16
لَأُوْتَيَنَّ 1	مجھے ضرور ہی دی جائے گی	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ مجہول	واحد متکلم	//	//	//	//	لَأُفْعَلَنَّ	أُؤْتَیُ ⓭	مریم:77

❶ یہ کئی معنوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، یہاں پر یہ شک، تخییر، اباحت یا ابہام میں سے کسی ایک معنی کے لیے ہوسکتا ہے، سورۃ البقرۃ : 58 میں ﴿ أَوِ ﴾ اصل میں أَوْ تھا، آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❷ یہ دو کلمے ہیں، ہمزہ استفہام انکاری اور واؤ مستانفہ ہے۔ ❸ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❹ ج: أَوَّابُوْنَ۔ ❺ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: أَوَّابٌ۔ ❻ فاء کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❼ اس کا باب تفعّل سے آنا غیر قیاسی ہے، صرف قطرب کے نزدیک یہ فعل ثلاثی مجرد باب نصر آہَ یَؤُوْهُ سے آیا ہے، لیکن باقی صرفیوں نے اس کا انکار کیا ہے۔ ❽ م: وَبَــــرٌ ۔ ❾ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا (قاعدہ: اٰمَنَ)، لَمْ جازمہ کی وجہ سے جزمی حالت میں آخر سے حرف علت یاء گرگئی۔ ❿ م: وَتِدٌ ۔ ⓫ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا (قاعدہ: اٰمَنَ) لام کلمہ میں حرف علت مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے کی وجہ سے یاء کو گرادیا (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ⓬ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا (قاعدہ: اٰمَنَ)۔ ⓭ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا (قاعدہ: اٰمَنَ)، نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہے (قاعدہ: بانون تاکید ثقیلہ)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَوْثَانًا 3	چند بتوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	مثال واوی	و ث ن	أَفْعَالًا	× ❶	العنكبوت:17
أَوْجَسَ 3	محسوس کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	و ج س	أَفْعَلَ	×	هود:70
فَمَا۔أَوْجَفْتُمْ 1	تو تم نے نہ دوڑائے	فعل ماضی منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	و ج ف	أَفْعَلْتُمْ	//	الحشر:6
اَوْحٰی 8	وحی کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	لفیف مفروق	و ح ی	أَفْعَلَ	أَوْحَيَ ❷	بنی اسرائیل:39
أُوْحِيَ 11	وحی کیا گیا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	أُفْعِلَ	×	الأنعام:93
أَوْحَيْتُ 1	میں نے وحی کی	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْتُ	//	المائدة:111
أَوْحَيْنَا 24	ہم نے وحی کی	//	جمع متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْنَا	//	النساء:163
أَوْدِيَةٌ 2	کئی نالے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	لفیف مفروق	و د ی	أَفْعِلَةٌ	× ❸	الرعد:17
أُوْذُوْا 2	انھیں ایذا دی گئی	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	افعال	//	مہموز الفاء وناقص یائی	أ ذ ی	أُفْعُوْا	أُؤْذِيُوْا ❹	ال عمران:195
أُوْذِيَ 1	اسے تکلیف دی جائے	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	أُفْعِلَ	أُؤْذِيَ ❺	العنكبوت:10
أُوْذِيْنَا 1	ہمیں ایذا دی گئی	//	جمع متکلم	//	//	//	//	أُفْعِلْنَا	أُؤْذِيْنَا ❻	الأعراف:129
أُوْرِثْتُمُوْهَا 2	جس کے تم وارث بنائے گئے ہو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	مثال واوی	و ر ث	أُفْعِلْتُمْ	أُوْرِثْتُمْ ❻	الأعراف:43
أَوْرَثَكُمْ 1	تمھیں وارث بنا دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	أَفْعَلَ	×	الأحزاب:27
أَوْرَثْنَا 6	ہم نے وارث بنا دیا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	أَفْعَلْنَا	//	فاطر:32
أُوْرِثُوْا 1	(جو) وارث بنائے گئے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	أُفْعِلُوْا	//	الشورى:14
فَاَوْرَدَهُمْ 1	پس انہیں پینے کے لیے لے آئے گا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	و ر د	أَفْعَلَ	//	هود:98
أَوْزَارِ 5	بوجھ	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	//	و ز ر	أَفْعَالِ	× ❼	النحل:25
أَوْزِعْنِيْ 2	مجھے توفیق دے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	و ز ع	أَفْعِلْ	× ❽	النمل:19
أَوْسَطِ 2	درمیانے درجے کا	اسم تفضیل	واحد مذکر	ض، س	ثلاثی مجرد	//	و س ط	أَفْعَلِ	×	المائدة:89
أَوْصَانِيْ 1	مجھے وصیت کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	لفیف مفروق	و ص ی	أَفْعَلَ	أَوْصَيَ ❾	مريم:31
لَاَاوْضَعُوْا 1	وہ ضرور گھوڑے دوڑا دیتے	//	جمع مذکر غائب	//	//	مثال واوی	و ض ع	أَفْعَلُوْا	× ❿	التوبة:47

❶ م: وَثَنٌ۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، جب اس کا تعلق نبی اور رسول کے علاوہ ہو تو عموماً اس کے معنی الہام اور القاء کے ہوتے ہیں ،جیسا کہ سورۃ حمالسجدۃ : 12 میں ہے ﴿أَوْحٰى فِي كُلِّ سَمَاءٍ﴾ ''اس نے القاء کیا ہر آسمان میں، سورۃ النحل :68 میں ہے ﴿أَوْحٰى رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ﴾ ''الہام کیا آپ کے رب نے شہد کی مکھی کو''۔ ❸ م: وَادٍ جو اصل میں وَادِيٌ تھا۔ ❹ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا (قاعدہ: اٰمَنَ) لام کلمہ میں حرف علت مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے کی وجہ سے یاء کو گرا دیا (قاعدہ : رَضُوْا)۔ ❺ دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا (قاعدہ: اٰمَنَ)۔ ❻ تُمْ ضمیر کے بعد ھَا ضمیر لاحق ہونے کی وجہ سے واؤ کا اضافہ ہو گیا اور میم مضموم ہو گئی (قاعدہ : اِتَّخَذْتُمُوْهُ)۔ ❼ م: وِزْرٌ ، یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر ہے، سورۃ محمد :4 میں ﴿أَوْزَارَهَا﴾ کے معنی ہیں ''اپنے ہتھیار''۔ ❽ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ ❾ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❿ اس کے شروع میں لام تاکید ہے اس کے بعد الف محض رسم الخط کے طور پر لکھا گیا ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَاَوْعٰی 1	اور اسے بند رکھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	لفیف مفروق	و ع ی	اَفْعَلَ	اَوْعَیَ ❷	المعارج:18
بِاَوْعِيَتِهِمْ 1	ان کے تھیلوں سے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	//	اَفْعِلَة	× ❸	یوسف:76
اُوْفِ 1	میں پورا کروں گا	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	افعال	//	//	و ف ی	اُفْعِ	اُوْفِيْ ❹	البقرۃ:40
فَاَوْفِ 1	سوتو پورا دے دے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	اَفْعِ	اَوْفِيْ ❺	یوسف:88
اَوْفٰی 2	پورا کرے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	اَفْعَلَ	اَوْفَيَ ❷	ال عمرٰن:76
اَوْفٰی 2	زیادہ پورا کرنے والا	اسم تفضیل	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	اَفْعَلُ	اَوْفَيُ ❷	التوبۃ:111
اَوْفُوْا 10	تم پورا کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	اَفْعُوْا	اَوْفِيُوْا ❻	المائدۃ:1
اُوْفِيْ 1	میں پورا دیتا ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	اُفْعِلُ	اُوْفِيُ ❼	یوسف:59
فَاَوْقِدْ 1	تو آگ جلا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	مثال واوی	و ق د	اَفْعِلْ	×	القصص:38
اَوْقَدُوْا 1	وہ بھڑکاتے ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	اَفْعَلُوْا	//	المائدۃ:64
اَوَّلَ 23	پہلا	اسم تفضیل	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون ومضاعف ثلاثی	و و ل	اَفْعَلَ	اَوْوَلَ ❽	البقرۃ:41
اَوْلٰی 2	زیادہ قریب	//	//	ح، ض	//	لفیف مفروق	و ل ی	اَفْعَلَ	اَوْلَيَ ❾	ال عمرٰن:68
الْاُوْلٰی 17	پہلی	//	واحد مؤنث	×	//	لفیف مقرون ومضاعف ثلاثی	و و ل	فُعْلٰی	وُوْلٰی ❿	طٰہ:21
اُولَاۤءِ 2	وہ لوگ	اسم اشارہ قریب	جمع مذکر ومؤنث	//	×	×	×	×	× ⓫	ال عمرٰن:119
اُولٰٓئِكَ 204	یہ لوگ	اسم اشارہ بعید	//	//	//	//	//	//	× ⓬	البقرۃ:5
اُولٰٓئِكُمْ 1	یہی لوگ	//	//	//	//	//	//	//	× ⓭	القمر:43

❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❸ م: وِعَاءٌ۔ ❹ امر کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے جزمی حالت میں آخر سے حرف علت یاء گرگئی۔ ❺ امر بناتے وقت اس کے آخر سے حرف علت یاء گرگئی۔ ❻ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے کی وجہ سے یاء کو گرا دیا (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❼ لام کلمہ میں حرف علت مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت کو گرا دیا (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❽ دو ہم جنس حرف واؤ ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا واؤ ساکن ہے تو پہلے کا دوسرے میں وجوبی طور پر ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ثلاثی مجرد سے اس کا کوئی فعل نہیں آتا، یہ وزن فعل اور وصف کی وجہ سے غیر منصرف ہے، بعض کوفیوں کے نزدیک یہ اَوْلَ سے مشتق اَوَّلَ بروزن فَـعَّـلَ ہے اور بعض کے نزدیک یہ بروزن اَفْـعَـلَ ہے اصل میں اَأْوَلُ تھا دو ہمزے جمع ہوئے دوسرے ہمزے کو واؤ کے بعد لے گئے تو اَوْأَلَ ہوگیا، پھر دوسرے ہمزے کو واؤ سے بدل دیا، اور واؤ کا واؤ میں ادغام کردیا تو اَوَّلَ ہوگیا، اور بعض کے نزدیک یہ وء ل سے ہے اصل میں اَوْأَلَ بروزن اَفْعَلَ ہے، دوسرے ہمزے کو واؤ سے بدل دیا، اور واؤ کا واؤ میں ادغام کردیا تو اَوَّلَ ہوگیا، یہ ظرفیہ بھی ہوتا ہے اس وقت یہ مبنی علی الضم ہوتا ہے، جیسے: جِـئْـتُكَ اَوَّلُ، اور قدیم کے معنی بھی آجاتا ہے اس وقت یہ معرب منصرف ہوتا ہے، جیسے: جِـئْـتُكَ اَوَّلاً أَيْ قَدِيْماً، ج: اَوَائِلُ وَاَوَّلُوْنَ۔ ❾ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، یہ صفت مشبہ بھی ہوتا ہے، اس کے وزن کے بارے میں دو قول ہیں: ۱۔ اَفْعَلُ، جیسا کہ متن میں مذکور ہے، ۲۔ فَـعْـلٰی، مہموز الفاء واجوف واوی، اس میں الف الحاق کے لیے ہے نا کہ تانیث کے لیے، بعض کے نزدیک یہ اسم فعل مبنی ہے، اس کے اسم اور فعل ہونے میں بھی اختلاف ہے، اصمعی کے نزدیک یہ فعل ہے اور اس کا فاعل ضمیر ہے اور اکثر نحویوں کے نزدیک یہ اسم ہے، اس کے مشتق منہ میں بھی اختلاف ہے یہ ولی سے بنا ہے اس کے معنی قرب کے ہیں اور جرجانی فرماتے ہیں کہ یہ ''ویل'' میں قلب کرنے کے بعد اَفْعَلَ کے وزن پر ہے۔ لفظ ﴿ اَوْلٰی ﴾ قرآن مجید میں چار معانی کے لیے استعمال ہوا ہے: ① زیادہ قریب، جیسا کہ مذکورہ آیت میں ہے، ② ہلاکت، جیسا کہ سورۃ القیامۃ: 34 میں ہے ﴿ اَوْلٰی ﴾ ''ہلاکت''، بعض کے نزدیک یہ کلمہ وعید ہے، اس کی اصل ہے اَوْلَاكَ اللّٰهُ مَاتَكْرَهُهُ اللہ تجھے ایسی چیز سے دوچار کرے جسے تو ناپسند کرے یا یہ بمعنی وَيْلٌ لَكَ ہے۔ ③ زیادہ حقدار، جیسا کہ سورۃ النساء: 135 میں ہے ﴿ فَاللّٰهُ اَوْلٰی بِهِمَا ﴾ ''تو اللہ زیادہ حق دار ہے ان دونوں کا''، ④ زیادہ لائق، جیسا کہ سورۃ مریم: 70 میں ہے ﴿ هُمْ اَوْلٰی ﴾ ''وہ زیادہ لائق ہیں''۔ ❿ واؤ فاء کلمہ میں مضموم واقع ہوئی اسے اُوْلٰی کی موافقت کی وجہ سے وجوبی طور پر ہمزہ سے بدل دیا، اس کے آخر میں الف تانیث کے لیے ہے، ج: اُوَلُ۔ ⓫ یہ اسم اشارہ قریب کسرہ پر مبنی ہے۔ ⓬ اُولٰی اسم اشارہ الف مقصورہ اور الف ممدود (اُولَاۤءِ) دونوں طرح آتا ہے، واؤ دونوں میں زائدہ ہے، اس کے آخر میں كَ حرف خطاب کے آنے سے اب یہ اسم اشارہ بعید کسرہ پر مبنی ہے۔ ⓭ اس کے آخر میں حرف خطاب كُمْ ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أُولَاتُ 2	والی	اسم جامد	ملحق جمع مؤنث سالم	×	×	×	×	×	× ❶	الطلاق:4
الْأَوْلَادِ 23	اولاد	//	//	//	ثلاثی مجرد	مثال واوی	و ل د	أَفْعَال	× ❷	بنی اسرائیل:64
لِأُولَاهُمْ 3	اپنے سے پہلی جماعت کے متعلق	اسم تفضیل	واحد مؤنث	//	//	لفیف مقرون	و و ل	فُعْلَى	وُوْلَى ❸	الأعراف:38
لِأَوَّلِنَا 1	ہمارے پہلوں کے لیے	//	واحد مذکر	//	//	//	//	أَفْعَلِ	أَوْوَلِ ❹	المائدة:114
أُولُوا 17	والے	اسم جامد	ملحق جمع مذکر سالم	×	×	×	×	×	× ❺	
الْأَوَّلُونَ 6	سب سے پہلے لوگ	اسم تفضیل	جمع مذکر سالم	//	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	و و ل	أَفْعَلُونَ	أَوْوَلُونَ ❻	التوبة:100
أُولِي 26	والو	اسم جامد	ملحق جمع مذکر سالم	//	×	×	×	×	× ❼	النساء:83
أَوْلِيَاءَ 42	دوست	صفت مشبہ	جمع مکسر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	لفیف مفروق	و ل ی	أَفْعِلَاءَ	× ❽	ال عمران:28
الْأَوْلَيَانِ 1	جو زیادہ قریب ہوں	اسم تفضیل	تثنیہ مذکر	ح،ض	ثلاثی مجرد	//	//	أَفْعَلَان	× ❾	المائدة:107
الْأَوَّلِينَ 32	پہلے لوگوں	//	جمع مذکر سالم	×	//	لفیف مقرون	و و ل	أَفْعَلِينَ	أَوْوَلِينَ ❿	الأنعام:25
أَوْهَنَ 1	سب سے کمزور	//	واحد مذکر	ضرب	//	مثال واوی	و ہ ن	أَفْعَلَ	×	العنکبوت:41
فَأْوُوا 1	پناہ لے لو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	مہموز الفاء ولفیف مقرون	ا و ی	فَ۔فْعُوا	اِأْوِيُوا ⓫	الکھف:16
أَوَيْنَا 1	ہم ٹھہرے تھے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	×	الکھف:63
إِيْ 1	ہاں	حرف جواب	×	×	×	×	×	×	× ⓬	یونس:53
أَيُّ 54	کون	اسم استفہام	//	//	//	//	//	//	× ⓭	الأنعام:19
إِيَابَهُمْ 1	ان کا لوٹ کر آنا	(اسم) مصدر	//	نصر	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء واجوف واوی	أ و ب	فِعَالَ	إِوَابَ ⓮	الغاشیة:25
إِيَّاكَ 2	صرف تیری	اسم جامد	واحد مذکر حاضر	×	×	×	×	×	× ⓯	الفاتحة:5

❶ یہ ہمیشہ مضاف ہوکر استعمال ہوتا ہے، ان لفظوں سے اس کا کوئی واحد نہیں آتا، واحد کے لیے ذَاتُ استعمال ہوتا ہے، یہ ذُو کی جمع اُولُــو سے جمع مؤنث بنی ہے۔ ❷م: وَلَدٌ۔ ❸ واؤ فاء کلمہ میں مضموم واقع ہوئی اسے أَوَّلُ کی موافقت کی وجہ سے وجوبی طور پر ہمزہ سے بدل دیا، اس کے آخر میں الف تانیث کے لیے ہے، ج: أُوَلُ ۔ ❹ دو ہم جنس حرف واؤ ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا واؤ ساکن ہے تو پہلے کا دوسرے میں وجوبی طور پر ادغام کر دیا (قـاعـده: مَدٌّ) بعض کوفیوں کے نزدیک یہ مہموز الفاء و اجوف واوی اَوْلٌ سے مشتق اَوَّلَ بروزن فَعَّلَ ہے اور بعض کے نزدیک یہ أَأْوَلَ بروزن أَفْعَلَ ہے اصل میں أَأْوَلَ تھا دو ہمزے جمع ہوئے دوسرے ہمزے کو واؤ کے بعد لے گئے تو أَوْأَلَ ہو گیا، پھر دوسرے ہمزے کو واؤ سے بدل دیا، اور واؤ کا واؤ میں ادغام کر دیا تو اَوَّلَ ہو گیا ، ج: اَوَائِـلُ واَوَّلُـونَ ۔ ❺ یہ ملحق بجمع مذکر سالم ہے، اس میں واؤ زائدہ ہے، لکھی جاتی ہے، مگر پڑھی نہیں جاتی ، یہ جمع من غیر لفظہ ہے، یہ اس کی رفعی حالت ہے ، م: ذُو ، بعض کے نزدیک اس کا واحد نہیں آتا۔ ❻ دو ہم جنس حرف واؤ جمع ہوئے ان میں سے پہلا واؤ ساکن ہے تو پہلے کا دوسرے میں وجوبی طور پر ادغام کر دیا (قـاعـده: مَدٌّ) م: اَوَّلُ ، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❼ یہ ملحق بجمع مذکر سالم ہے، اس میں واؤ زائدہ ہے، لکھی جاتی ہے، مگر پڑھی نہیں جاتی ، یہ جمع من غیر لفظہ ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے م: ذُو ، بعض کے نزدیک اس کا واحد نہیں آتا۔ ❽ باب مفاعلہ وَالٰی سے یہ غیر قیاسی طور پر صفت مشبہ ہے، م: وَلِيٌّ ۔ ❾ م: الْأَوْلٰی ۔ ❿ دو ہم جنس حرف واؤ جمع ہوئے ان میں سے پہلا واؤ ساکن ہے تو پہلے کا دوسرے میں وجوبی طور پر ادغام کر دیا (قـاعـده: مَدٌّ) م: اَوَّلُ ، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓫ لام کلمہ میں حرف علت مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے کی وجہ سے یاء کو گرا دیا (قـاعـده: رَضُوْا) ، فاء کے بعد ہمزہ وصلی گر گیا ہے (قـاعـده: ہـمـزه وصلی کا حذف) ۔ ⓬ حرف ایجاب متکلم کی تصدیق کے لیے قسم سے پہلے آتا ہے۔ ⓭ یہ درج ذیل تین طرح استعمال ہوتا ہے: ① اسم استفہام، جیسے: ﴿أَيُّ شَيْءٍ أَكْبَرُ﴾ (الانعام: 19)، یہ معرب ہے۔ ② اسم شرط، جیسے: ﴿أَيًّا مَّا تَدْعُوا﴾ (بنی اسرائیل: 110) ، یہ معرب ہے۔ ③ اسم موصول، جیسے: ﴿أَيُّهُمْ أَشَدُّ﴾ (مریم : 69)، یہاں پر أَيٌّ مبنی ہے، کیونکہ یہ مضاف اور صدر صلہ محذوف ہے، اس کے علاوہ یہ معرب ہوتا ہے۔ ⓮ واؤ مصدر کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی۔ (قاعدہ: قِيَام)۔ ⓯ یہ ضمیر منصوب منفصل ہے، بعض کے نزدیک اس میں إِيَّا ضمیر اور كَ حرف خطاب ہے، یہ ضمیر ہونے کی بناء پر مبنی ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
إِيَّاكُمْ 6	تمھیں بھی	اسم جامد	جمع مذکر حاضر	×	×	×	×	×	× ❶	سبا:24
أَيَّامٍ 27	دنوں	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	ی و م	أَفْعَالٍ	أَيْوَامٍ ❷	البقرة:184
أَيًّامَّا 1	جس کسی کو	//	×	//	×	×	×	×	× ❸	بنی اسرائیل:110
اَلْأَيَامٰى 1	بے نکاح مردوں	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء واجوف یائی	أ ی م	فَعَالٰى	× ❹	النور:32
أَيَّانَ 6	کب ہوگا	//	×	//	×	×	×	×	× ❺	الأعراف:187
إِيَّانَا 2	ہماری	//	جمع مذکر ومؤنث متکلم	//	//	//	//	//	× ❻	یونس:28
إِيَّاهُ 8	صرف اسی کی	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	//	//	البقرة:172
إِيَّاهُمْ 1	ان کو بھی	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	//	//	الأنعام:151
إِيَّايَ 5	صرف مجھی سے	//	واحد مذکر ومؤنث متکلم	//	//	//	//	//	//	البقرة:40
إِيْتَاءِ 3	دینے کا	(اسم) مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء وناقص یائی	أ ت ی	إِفْعَالٍ	إِئْتَايٍ ❼	النحل:90
أَيَّتُهَا 2	اے	اسم جامد	واحد مؤنث	×	×	×	×	×	× ❽	یوسف:70
اَلْأَيْدِ 1	قوت	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء واجوف یائی	ء ی د	فَعْلٍ	× ❾	ص:17
أَيْدٍ 2	ہاتھ	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	لفیف مفروق	ی د و	أَفْعٍ	أَيْدُوٌ ❿	الأعراف:195
أَيَّدْتُكَ 1	میں نے تیری مدد کی	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء واجوف یائی	أ ی د	فَعَّلْتُ	أَيَّدْتُ ⓫	المائدة:110
أَيَّدَكَ 4	وہی ہے جس نے تجھے قوت بخشی	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَّلَ	×	الأنفال:62
أَيَّدْنَا 3	ہم نے قوت بخشی	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	البقرة:87
أَيْدِي 65	ہاتھوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	لفیف مفروق	ی د و	أَفْعِلُ	أَيْدِوُ ⓬	الروم:41
أَيْقَاظًا 1	جاگتے ہوئے	صفت مشبہ	//	سمع	//	مثال یائی	ی ق ظ	أَفْعَالًا	× ⓭	الکهف:18

❶ یہ ضمیر منصوب منفصل، ضمیر ہونے کی بناء پر مبنی ہے۔ ❷ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئیں، ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوبا ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ) م: يَوْمٌ ، سورۃ ابراهيم :5 میں ﴿ بِأَيَّامِ اللّٰهِ ﴾ سے مراد اللہ کے وہ احسانات ہیں جو بنی اسرائیل پر کیے گئے ہیں۔ ❸ یہ شرط کے معنی میں ہے، اسم شرط، واحد، تثنیہ اور جمع، مذکر اور مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے، یہ مبنی ہے، اس کے آخر میں مـا زائدہ ہے۔ ❹ م: أَيِّمٌ، ایسی عورت کو کہا جاتا ہے جس کا خاوند نہ ہو، خواہ وہ کنواری، بیوہ یا مطلقہ ہو، اسی طرح ایسے مرد کو بھی أَيِّمٌ کہتے ہیں جس کی بیوی نہ ہو۔ ❺ اسم ظرف زمان فتحہ پر مبنی ہے۔ ❻ یہ ضمیر منصوب منفصل ہے اور ضمیر ہونے کی بناء پر مبنی ہے۔ ❼ دو ہمزے جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کسرہ کے مطابق وجوبا یاء سے بدل دیا (قاعدہ: اٰمَنَ)، یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی اسے وجوبی طور پر ہمزہ سے بدل دیا (قاعدہ: دُعَاءٌ)۔ ❽ أَيَّةٌ وصلیہ اور ھاء حرف تنبیہ ہے جو أَيَّةٌ کے مضاف الیہ کے عوض میں آتی ہے، أَيَّةٌ کو وصلیہ اس لیے کہتے ہیں کہ اسے یاء حرف نداء کو منادی معرف باللام کے ساتھ ملانے کے لیے لایا جاتا ہے اس کے بغیر حرف نداء منادی معرف باللام کے ساتھ نہیں آ سکتا ، اس لیے کہ یاء بھی حرف تعریف ہے اور الف لام بھی حرف تعریف ہے جو دونوں اکٹھے جمع نہیں ہو سکتے ، یہ ہمیشہ مبنی علی الضم محلا منصوب ہوتا ہے، یہاں پر أَيَّةٌ کے اپنے کوئی معنی نہیں ہیں اس سے پہلے حرف نداء محذوف ہے جس کے معنی ہیں ''اے''۔ ❾ قرآن مجید کے بعض نسخوں میں سورۃ الذاريات :47 میں ﴿بِأَيْيدٍ﴾ قرآنی رسم الخط میں اس میں ایک یاء زائد لکھی گئی ہے۔ ❿ لام کلمہ میں حرف علت مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن واؤ اور نون تنوین جمع ہونے کی وجہ سے واؤ کو گرا دیا (قاعدہ : رَضُوْا)۔ م: يَدٌ ۔ ⓫ دو قریب المخرج حرفوں میں سے پہلا حرف ساکن ہے تو پہلے کو دوسرے میں وجوبا ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔
⓬ یہ اصل میں أَفْعُلٌ کے وزن پر أَيْدُوٌ تھا، دال پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے کسرہ سے بدل دیا تو یہ أَيْدِوٌ ہو گیا، پھر اضافت کی وجہ سے تنوین حذف ہو گئی، اب لام کلمہ میں حرف علت مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت کو گرا دیا (قاعدہ : رَضُوْا) ، تو یہ أَيْدِوْ ہو گیا واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: مِيْزَانٌ)، بعض کے نزدیک یہ ناقص یائی ہے، م : يَدٌ ، صحیح بات یہ ہے کہ یہ ناقص واوی ہے کیونکہ اس سے اسم منسوب يَدَوِيٌّ آتا ہے ⓭ م: يَقِظٌ۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَلْأَيْكَةِ 4	ایک بستی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء واجوف یائی	أ ی ك	فَعْلَة	× (1)	الحجر:78
إِلَافِهِمْ 2	ان (کے دل) میں محبت ڈالنے کی وجہ سے	(اسم) مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء	أ ل ف	إِفْعَال	إِأْلَاف (2)	قریش:2
أَيَّمَا 1	ان دونوں میں سے	مرکب	//	×	×	×	×	×	× (3)	القصص:28
إِيْمَان 45	ایمان	(اسم) مصدر	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز الفاء	أ م ن	إِفْعَال	إِأْمَان (2)	التوبة:23
أَيْمَانٌ 41	قسمیں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	مثال یائی	ی م ن	أَفْعَالٌ	× (4)	المائدة:108
اَلْأَيْمَنِ 3	دائیں جانب	//	واحد مذکر	//	//	//	//	أَفْعَل	× (5)	مریم:52
أَيْنَ 7	کہاں	//	×	//	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء واجوف یائی	ء ی ن	فَعْلَ	× (6)	الأنعام:22
أَيْنَمَا 12	تو جس طرف	//	//	//	//	//	//	//	× (7)	النساء:78
أَيُّهَ 3	اے	//	واحد مذکر	//	//	مہموز الفاء ولفیف مقرون	ء ی ی	فَعْلُ	× (8)	النور:31
أَيُّهَا 15	اے	//	//	//	//	//	//	//	//	النساء:133
أَيُّوبَ	ایوب	//	//	//	//	×	×	×	× (9)	ص:41
بِأَيْيدٍ 1	قوت کے ساتھ	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	مہموز الفاء واجوف یائی	ء ی د	فَعْلٍ	أَيْدٍ (10)	الذاریات:47
بِأَيِّيكُمُ 1	کہ کون تم میں سے	اسم استفہام	//	×	//	مہموز الفاء ولفیف مقرون	ء ی ی	فَعْل	أَيّ (11)	القلم:6

(1) ﴿اَلْأَيْكَةِ﴾ اصل میں اسم جنس ہے، گھنے درختوں کو اَیکۃ کہتے ہیں، اس جگہ میں گھنے درخت ہونے کی وجہ سے اس بستی کا نام ایکہ رکھا گیا ہے، یہ ایک شہر کا نام ہے، جو مدین کے قریب واقع ہے۔ (2) دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت کسرہ کے مطابق یاء سے بدل دیا (قاعدہ: اٰمَنَ)۔ (3) یہ دو کلمے ہیں اَیٌّ اور مَا، اَیٌّ اسم شرط مبنی ہے، اس کے آخر میں ما تاکید کے لیے زائدہ ہے۔ (4) لفظ ﴿اَیْمَان﴾ قرآن مجید میں تین مختلف معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① قسمیں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر بمعنی قسم ہے ② حلفیہ عہد، جیسا کہ سورۃ القلم:39 میں ہے ﴿اَمْ لَكُمْ اَيْمَانٌ عَلَيْنَا﴾ "یا تمہارے پاس ہمارے ذمے کوئی حلفیہ عہد ہیں" ③ دائیں ہاتھ، جیسا کہ سورۃ النساء:3 میں ہے ﴿مَامَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ﴾ "تمہارے دائیں ہاتھ جن کے مالک ہوں"، م: يَمِيْنٌ۔ (5) یہ اصل میں اسم تفضیل ہے،، یہاں اس سے زیادتی والے معنی مراد نہیں ہیں، کبھی یہ الیُمْنُ سے صفت مشبہ ہوتا ہے اور اس کے معنی برکت ہوتے ہیں۔ (6) یہ ظرف مکان ضمہ پر مبنی ہے۔ (7) اسم ظرف مکان بمعنی اسم شرط فتح پر مبنی ہے، اس کے آخر میں مـــا تاکید کے لیے زائدہ ہے۔ (8) اَیٌّ وصلیہ اور ھاء حرف تنبیہ ہے جو اَیٌّ کے مضاف الیہ کے عوض میں آتی ہے، بنو اسد کی لغت میں اس کے الف کا حذف کرنا بھی جائز ہے، اَیٌّ کو وصلیہ اس لیے کہتے ہیں کہ اسے یاء حرف نداء کو منادی معرف باللام کے ساتھ ملانے کے لیے لایا جاتا ہے اس کے بغیر حرف نداء منادی معرف باللام کے ساتھ نہیں آسکتا، اس لیے کہ یاء بھی حرف تعریف ہے اور الف لام بھی حرف تعریف ہے جو دونوں اکٹھے جمع نہیں ہو سکتے اس لیے حرف نداء اور منادی معرف باللام کے درمیان فاصلہ کرنے کے لیے اَیُّهَا کو لایا جاتا ہے، یہ ہمیشہ مبنی علی الضم محلاً منصوب ہوتا ہے، یہاں پر اَیَّهَ اور اَیُّهَا کے اپنے کوئی معنی نہیں ہیں ان سے پہلے حرف نداء محذوف ہے جس کے معنی ہیں "اے"۔ (9) یہ عجمی علم ہے، جو عجمہ اور علمیت کی بناء پر غیر منصرف ہے، یہ اللہ تعالیٰ کے ایک عظیم پیغمبر علیہ السلام کا اسم گرامی ہے، جو بنی اسرائیل کے انبیاء میں سے معروف نبی ہیں، اللہ تعالیٰ نے حضرت ایوب علیہ السلام کو مال و دولت اور اولاد کی نعمت سے نوازہ تھا، پھر اللہ تعالیٰ نے انھیں اہل اور مال کی تباہی اور بیماری کے ذریعے آزمائش میں مبتلا کر دیا، انہوں نے صبر اور شکر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا، بالآخر 18 سال کی آزمائشوں کے بعد بارگاہ الٰہی میں دعا کی اللہ تعالیٰ نے دعا قبول فرمائی اور صحت کے ساتھ مال اور اولاد پہلے سے دوگنا عطا فرمادی۔ (10) قرآن مجید کے بعض نسخوں میں سورۃ الذاریات:47 میں ﴿بِاَيْيدٍ﴾ قرآنی رسم الخط میں ایک یاء زائد لکھی گئی ہے۔ یہ پڑھنے میں اَیْدٍ آتا ہے۔ (11) اس میں پہلی یاء زائد ہے، صرف قرآنی رسم الخط میں آئی ہے یہ پڑھنے میں بِاَیِّكُمُ آتا ہے۔

باب الباء (ب)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
بِ	ساتھ	حرف جر	×	×	×	×	×	×	× ❶	البقرة:93
بَاءَ 2	لوٹا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی ومہموز اللام	ب و ء	فَعَلَ	بَوَءَ ❷	آل عمران:162
الْبَائِسَ 1	محتاج	اسم فاعل	واحد مذکر	سمع	//	مہموز العین	ب ء س	فَاعِلَ	×	الحج:28
بَآءُوْ 3	وہ واپس لوٹے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	نصر	//	اجوف واوی ومہموز اللام	ب و ء	فَعَلُوْا	بَوَءُوْ ❷	البقرة:61
بَابٍ 22	دروازہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مضاعف ثلاثی واجوف واوی	ب و ب	فَعَلٍ	بَوَبٍ ❸	یوسف:67
بِبَابِلَ 1	بابل میں	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ب ب ل	فَاعِلَ	× ❹	البقرة:102
بَاخِعٌ 2	غم سے ہلاک کرنیوالا	اسم فاعل	واحد مذکر	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ب خ ع	فَاعِلٌ	×	الكهف:6
الْبَادِ 1	باہر سے آنے والا	//	//	نصر	//	ناقص واوی	ب د و	فَاعِ	بَادِوُ ❺	الحج:25
بَادُوْنَ 1	وہ بادیہ نشین ہوتے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعُوْنَ	بَادِوُوْنَ ❻	الأحزاب:20
بَادِیَ 3	سرسری	(اسم) مصدر	×	فتح	//	مہموز اللام	ب د ء	فَاعِلَ	بَادِءَ ❼	هود:27
الْبَارِئُ 2	موجد	اسم فاعل	واحد مذکر	//	//	//	ب ر ء	فَاعِلُ	×	الحشر:24
بَارِدٌ 1	ٹھنڈا	//	//	نصر	//	صحیح	ب ر د	فَاعِلٌ	//	صٓ:42
بَارِزَةً 1	صاف میدان	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	ب ر ز	فَاعِلَةً	× ❽	الكهف:47
بَارِزُوْنَ 1	وہ نکلیں گے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	نصر	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	×	المؤمن:16
بَارَكَ 6	اُس نے برکت رکھی ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ب ر ك	فَاعَلَ	//	حٰمٓ السجدة:10
بَارَكْنَا 1	ہم نے برکت رکھی	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَاعَلْنَا	//	الأعراف:137
بَازِغًا 1	چمکتا ہوا	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	//	ب ز غ	فَاعِلًا	//	الأنعام:77
بَازِغَةً 1	//	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةً	//	الأنعام:78

❶ یہ حرف جر مختلف معانی کے لیے استعمال ہوتا ہے، مثلاً، الصاق، استعانت، سببیت، مصاحبت، مقابلہ، تعدیہ، ظرفیت، بمعنی مِـــن، قسم کے لیے، مذکورہ بالا آیت میں باء الصاق کے لیے استعمال ہوئی ہے، کبھی باء حرف جر زائدہ بھی ہوتی ہے، جیسا کہ سورۃ الزمر:36 میں ہے ﴿ أَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهُ ﴾۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، ج: اَبْوَابٌ و بِيْبَانٌ۔ ❹ یہ عجمی علم ہے، جو علمیت اور عجمہ کی وجہ سے یہ غیر منصرف ہے، اس لیے باء حرف جر آنے کے باوجود اس کی جری حالت فتحہ کے ساتھ آئی ہے، بعض کے نزدیک یہ عربی ہے جو علمیت اور تانیث کی بناء پر غیر منصرف ہے، یہ دریائے فرات کے کنارے عراق کا ایک قدیم شہر تھا، جہاں آج کل کوفہ شہر ہے، یہ پانچ سو سال قبل مسیح علیہ السلام میں کلدانی تہذیب وتمدن کا مرکز تھا، بخت نصر کا دار السلطنت بھی یہی شہر تھا، اور اس دور کے علوم وفنون کا گہوارہ تھا، خصوصاً جادو کا بڑا چرچا تھا، یہودیوں نے یہ فن یہاں سے ہی سیکھا تھا۔ ❺ واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رَضِيَ)، اس کے آخر سے یاء کو بغیر کسی قاعدے کے وصل اور وقف کی صورت میں قراءت کا لحاظ کرتے ہوئے حذف کر دیا۔ ❻ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دی، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❼ ہمزہ مفرد مفتوح کو ماقبل کی حرکت کسرہ کے مطابق یاء سے بدل دیا (قاعدہ: سُوَال) یا یہ ناقص واوی، باب نصر ہے اصل میں بَادِوَ تھا، واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رَضِيَ)، دونوں صورتوں میں یہ مصدر ہے، البتہ بعض کے نزدیک یہ ظرف مکان ہے۔ ❽ یہ اصل میں باب نصر سے اسم فاعل ہے مگر یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
بَاسِرَةٌ [3]	بے رونق	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ب س ر	فَاعِلَةٌ	×	القيامة:24
بَاسِطٌ [3]	پھیلائے ہوئے	//	//	//	//	//	ب س ط	فَاعِلٌ	//	الكهف:18
بَاسِطُوا [1]	//	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوا	بَاسِطُوْنَ (1)	الأنعام:93
بَاسِقَاتٍ [1]	لمبے لمبے	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	ب س ق	فَاعِلَاتٍ	×	ق:10
بَاشِرُوْهُنَّ [1]	تم ان سے مباشرت کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ب ش ر	فَاعِلُوْا	//	البقرة:187
بَاطِلٌ [2]	باطل	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	//	ب ط ل	فَاعِلٌ	× (2)	الأعراف:139
اَلْبَاطِنُ [3]	چھپا ہوا	//	//	//	//	//	ب ط ن	فَاعِلٌ	× (3)	الحديد:3
بَاطِنَةً [1]	چھپی ہوئی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	×	لقمان:20
بَاعِدْ [1]	دوری پیدا کردے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ب ع د	فَاعِلٌ	× (4)	سبا:19
بَاغٍ [3]	بغاوت کرنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ب غ ی	فَاعٍ	بَاغِيٌ (5)	البقرة:173
بَاقٍ [1]	باقی رہنے والا	//	//	سمع	//	//	ب ق ی	//	بَاقِيٌ (6)	النحل:96
اَلْبَاقِيَاتُ [2]	باقی رہنے والی	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَاعِلَاتٌ	×	الكهف:46
بَاقِيَةً [2]	باقی رہنے والی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	× (7)	الزخرف:28
اَلْبَاقِيْنَ [2]	باقی لوگوں کو	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِيْنَ	بَاقِيِيْنَ (8)	الشعراء:120
بَالُ [4]	حال	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	اجوف واوی	ب و ل	فَعَلٌ	بَوَلٌ (9)	يوسف:50
بَالِغَ [3]	پہنچنے والی	اسم فاعل	//	نصر	//	صحیح	ب ل غ	فَاعِلَ	×	المائدة:95
بَالِغَةٌ [3]	پہنچنے والی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	× (10)	القلم:39
بَالِغُوْهُ [1]	وہ اس کو پہنچنے والے تھے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْ	بَالِغُوْنَ (11)	الأعراف:135
بَالِغِيْهِ [2]	پہنچنے والے اس کو	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْ	بَالِغِيْنَ (12)	النحل:7
بَايَعْتُمْ [1]	تم نے سودا کیا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی	ب ی ع	فَاعَلْتُمْ	×	التوبة:111
فَبَايِعْهُنَّ [1]	تو آپ ان سے بیعت لے لیں	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَاعِلْ	//	الممتحنة:12
بِئْرٍ [1]	(کتنے ہی) کنویں	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	مہموز العین	ب ء ر	فِعْلٍ	× (13)	الحج:45

اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے۔ (2) بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے، سورۃ البقرۃ :188 میں ﴿بِالْبَاطِلِ﴾ ''باطل طریقے سے''، اسم جامد کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ (3) لفظ ﴿بَاطِن﴾ قرآن مجید میں دو طرح استعمال ہوا ہے: ① یہ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ہے، بَطَنَ يَبْطُنُ بُطُوْنًا کے معنی ہیں: پوشیدہ ہونا، اس اعتبار سے اس کے ں ہیں ''چھپا ہوا'' اور بَطَنَ يَبْطُنُ بَطْنًا کے معنی ہیں: کسی معاملہ کی تہ تک پہنچنا، کسی کے دل کی بات معلوم کرنا، اس اعتبار سے اس کے معنی ہیں ''پوشیدہ اسرار کو جاننے والا'' اس کے معنی ہیں: اندر، جیسا کہ سورۃ الحدید: 13 میں ہے ﴿بَاطِنُهٗ﴾ ''اس کے اندر''، بَطَنَ يَبْطُنُ بُطُوْنًا کے معنی ہیں: اندر ہونا۔ (4) اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ں جب اس کا صلہ ''بَيْنَ'' ہو۔ (5) لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور، اس کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء کو گرا دیا اعدہ: تَرْمِيْنَ)۔ (6) لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور، اس کے بعد واؤ نہیں ہے، اس کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء کو مرا دیا (قاعدہ: رَضُوْا)۔ (7) بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ (8) لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور، اس کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء جمع ہونے سے ایک یاء کو گرا دیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ (9) واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: ل)۔ (10) لفظ ﴿بَالِغَة﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① پہنچنے والی، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، ② کامل، جیسا کہ سورۃ القمر :5 میں ہے ﴿حِكْمَةٌ بَالِغَةٌ﴾ ''کامل حکمت''۔ (11) اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ (12) اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ (13) ج: اٰبُوْرٌ و آبَارٌ و اٰبَارٌ و بِئَارٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
بَأْس [26]	لڑائی	(اسم) مصدر	×	کرم	ثلاثی مجرد	مہموز العین	ب ء س	فَعْلٌ	× ❶	النساء:84
بِئْسَ [37]	بُری	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	//	فِعْلَ	بَئِسَ ❷	البقرة:126
الْبَأْسَاءُ [4]	تنگدستی	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلَاءُ	× ❸	البقرة:214
بِئْسَمَا [3]	بُری ہے وہ چیز	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فِعْلَ	بَئِسَ ❹	البقرة:90
بَئِيْسٍ [1]	سخت	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	//	//	فَعِيْلٍ	× ❺	الأعراف:165
بَثَّ [4]	پھیلا دیے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ن، ض	//	مضاعف ثلاثی	ب ث ث	فَعَلَ	بَثَثَ ❻	البقرة:164
بَثِّيْ [1]	اپنی بے قراری	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلَ	بَثْثَ ❼	یوسف:86
الْبِحَارُ [2]	سمندر	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ب ح ر	فِعَالٌ	× ❽	التکویر:6
بَحْرٍ [33]	سمندر	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعْلٍ	× ❾	النور:40
الْبَحْرَانِ [1]	دو سمندر	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعْلَانِ	× ❿	فاطر:12
الْبَحْرَيْنِ [4]	دو دریاؤں	//	//	//	//	//	//	فَعْلَيْنِ	× ⓫	الکهف:60
بَحِيْرَةٍ [1]	کان پھٹی اونٹنی	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعِيْلَةٍ	× ⓬	المائدة:103
بَخْسٍ [2]	تھوڑی	صفت مشبہ	واحد مذکر	فتح	ثلاثی مجرد	//	ب خ س	فَعْلٍ	× ⓭	یوسف:20
بِالْبُخْلِ [2]	بخل کا	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	ب خ ل	فُعْلِ	×	النساء:37
بَخِلَ [1]	بخل کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلَ	//	اللیل:8
بَخِلُوْا [2]	انھوں نے بخل کیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلُوْا	//	آل عمران:180
بَدَا [6]	ظاہر ہوگیا	//	واحد مذکر غائب	نصر	//	ناقص واوی	ب د و	فَعَلَ	بَدَوَ ⓮	الأنعام:28
بِدَارًا [1]	جلدی کرتے ہوئے	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ب د ر	فِعَالًا	×	النساء:6
بَدَأَ [4]	اس نے ابتدا کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	ب د ء	فَعَلَ	//	العنکبوت:20
بَدَأْنَا [1]	ہم نے ابتدا کی	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	الأنبیاء:104
بَدَءُوْكُمْ [1]	انہوں نے تم سے ابتدا کی	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْ	//	التوبة:13

❶ یہ اسم جامد کے طور پر بمعنی جنگ اور ہر سخت معاملے کے لیے استعمال ہوتا ہے، لفظ ﴿ بَأْس ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① لڑائی، جنگ، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② عذاب، جیسا کہ سورۃ المؤمن: 29 میں ہے ﴿مِنْ بَأْسِ اللّٰهِ﴾ "اللہ کے عذاب سے"، ج: اَبْؤُسٌ ۔ ❷ یہ فعل غیر متصرف، فعل ذم ہے، یہ اصل میں بَئِسَ تھا، عین کلمہ کو تخفیفًا ساکن کر کے کسرہ فاء کلمہ کو دے دیا۔ ❸ یا یہ صفت مشبہ ہے، اس کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کے لیے ہے، ﴿ الْبَأْسَاءُ ﴾ سے مراد وہ تکلیفیں ہیں جو انسانی جسم کو لاحق ہوتی ہیں یعنی بیماری وغیرہ۔ ❹ یہ فعل غیر متصرف، فعل ذم ہے، یہ اصل میں بَئِسَ تھا، عین کلمہ کو تخفیفًا ساکن کر کے کسرہ فاء کلمہ کو دے دیا، اس کے آخر میں ما نکرہ موصوفہ ہے۔ ❺ بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے اس صورت میں اس سے پہلے ذِیْ مضاف محذوف ہوگا۔ ❻ دو متحرک ہم جنس حرف ثاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ❼ دو ہم جنس حرف ثاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کو دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ یائے متکلم کی طرف مضاف ہے۔ ❽ م: بَحْرٌ۔ ❾ ج: اَبْحُرٌ و بُحُوْرٌ و بِحَارٌ۔ ❿ یہ تثنیہ کی رفعی حالت ہے، م: بَحْرٌ۔ ⓫ یہ تثنیہ کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: بَحْرٌ۔ ⓬ یہ اصل میں باب فتح بَحَرَ يَبْحَرُ بَحْرًا (اونٹنی یا بکری کا کان چیرنا) سے صفت مشبہ ہے، اس سے مراد وہ اونٹنی ہے جو کان کاٹ کر بتوں کے نام پر آزاد چھوڑ دی گئی ہو، اس کا دودھ دوہنا چھوڑ دیا جاتا ہے اور نہ اس پر بوجھ لادا جاتا ہے، ج: بَحَائِرُ۔ ⓭ یہ صفت مشبہ مصدر کے لفظوں کے ساتھ ہے آئی ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر بمعنی اسم فاعل، یا بمعنی اسم مفعول ہے۔ ⓮ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
بَدَتِ [1]	ظاہر ہوچکی ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ب د و	فَعَتْ	بَدَوَتْ ❶	آل عمران:118
بَدَتْ [2]	ظاہر ہوگئیں	//	//	//	//	//	//	//	بَدَوَتْ ❷	الأعراف :22
بِبَدْرٍ [1]	بدر میں	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ب د ر	فَعْلٍ	× ❸	آل عمران:123
بِدْعًا [1]	انوکھا	(اسم) مصدر	×	کرم	//	//	ب د ع	فِعْلًا	× ❹	الأحقاف:9
بَدَّلَ [4]	بدل دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ب د ل	فَعَّلَ	×	النمل:11
بَدَلًا [1]	بطور بدل	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلًا	× ❺	الکھف:50
بَدَّلْنَا [5]	ہم نے بدل دی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْنَا	×	الأعراف:95
بَدِّلْهُ [1]	اسے بدل دے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِّلْ	//	یونس:15
بَدَّلُوْا [2]	انہوں نے بدل دیا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَّلُوا	//	ابراھیم:28
الْبُدْنَ [1]	قربانی کے اونٹ	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	//	ب د ن	فُعْلَ	× ❻	الحج:36
بِبَدَنِكَ [1]	تیرے بدن سمیت	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعَلٍ	× ❼	یونس:92
الْبَدْوِ [1]	گاؤں	//	//	//	//	ناقص واوی	ب د و	فَعْلٍ	× ❽	یوسف:100
بَدِيْعُ [2]	ایجاد کرنے والا	صفت مشبہ	//	ف، ك	//	صحیح	ب د ع	فَعِيْلُ	× ❾	البقرة:117
الْبَرُّ [1]	احسان کرنے والا	//	//	سمع	//	مضاعف ثلاثی	ب ر ر	فَعْلُ	بَرُرٌ ❿	الطور:28
الْبَرِّ [12]	خشکی	اسم جامد	//	×	//	//	//	فَعْلٍ	بَرْرٍ ⓫	المائدة:96
الْبِرَّ [8]	نیکی	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	//	فِعْلَ	بِرْرَ ⓬	البقرة:177
بَرًّا [2]	نیکی کرنے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعْلًا	بَرْرًا ⓬	مریم:14
بَرَآءٌ [1]	بےزار	(اسم) مصدر	×	//	//	مہموز اللام	ب ر ء	فَعَالٌ	× ⓭	الزخرف:26
بَرَاءَةٌ [2]	اظہار بےزاری	//	//	//	//	//	//	فَعَالَةٌ	× ⓮	التوبة:1
بُرَءٰٓؤُا [1]	بےتعلق	صفت مشبہ	جمع مکسر	س، ك	//	//	//	فُعَلَاءُ	× ⓯	الممتحنة:4
بَرَّأَهُ [1]	بری ثابت کیا اس کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	الأحزاب:69

❶ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف گر گیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے تاء کو کسرہ دے دیا۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف گر گیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❸ یہ مکہ اور مدینہ منورہ کے درمیان ایک وادی کا نام ہے، اسلام اور کفر کا پہلا معرکہ غزوہ بدر بھی اسی جگہ پر واقع ہوا تھا، اللہ تعالیٰ نے اس جنگ میں مسلمانوں کو حیرت انگیز فتح سے ہمکنار فرمایا اور مشرکین مکہ کو ذلت آمیز رسوائی کا سامنا کرنا پڑا۔ ❹ بعض کے نزدیک یہ باب کَرُمَ سے صفت مشبہ ہے، ج: اَبْدَاعٌ و بُدْعٌ۔ ❺ ج: اَبْدَالٌ، یہ اصل میں باب نصر کا مصدر ہے، بعض کے نزدیک یہ بمعنی بَدِيْل صفت مشبہ ہے۔ ❻ م: بَدَنَةٌ لغوی اعتبار سے بَدَنَةٌ سے مراد وہ اونٹنی یا گائے ہے جس کی مکہ میں قربانی کی جائے، عرف عام میں اس سے صرف قربانی کا اونٹ مراد ہے، جمع کے لیے بُدْنٌ اور بُدُنٌ دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ ❼ ج: اَبْدَانٌ۔ ❽ یہاں البدو بمعنی الصحراء ہے، ج: بَادِيَاتٌ و بَوَادٍ، کبھی اس سے مراد خانہ بدوش قبائل اور لوگ بھی لیے جاتے ہیں۔ ❾ یہ فَعِيْلٌ بمعنی مُفْعِل ہے اور اضافت محضہ ہے، یا یہ بدع الشیٔ فَهُوَ بَدِيْع سے ہے اس میں صفت مشبہ اپنے فاعل کی طرف مضاف ہے، ج: بَدَائِعُ۔ ❿ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ اسمائے حسنیٰ میں سے ہے، ج: اَبْرَارٌ۔ ⓫ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: بُرُوْرٌ۔ ⓬ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ⓭ یہ صفت کی جگہ استعمال کیا گیا ہے، اس میں واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر و مؤنث سب برابر ہیں، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ "مِنْ" ہو۔ ⓮ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ "مِنْ" ہو۔ ⓯ م: بَرِيٌّ، یہ اصل میں بَرِيْءٌ تھا قاعدہ خَطِيَّةٌ سے بَرِيٌّ بن گیا۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
بَرَدٍ [1]	اولے	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ب ر د	فَعَلٍ	×	النور:43
بَرْدًا [2]	ٹھنڈی	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	//	فَعْلًا	× ❶	الأنبياء:69
بَرَرَةٍ [1]	نیک	اسم فاعل	جمع مکسر	ض،س	//	مضاعف ثلاثی	ب ر ر	فَعَلَةٍ	× ❷	عبس:16
لَبَرَزَ [1]	ضرور نکل پڑتے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	صحیح	ب ر ز	فَعَلَ	×	ال عمران:154
بُرِّزَتِ [2]	سامنے دکھائی جائے گی	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	بُرِّزَتْ ❸	الشعراء:91
بَرْزَخٌ [3]	برزخ	اسم جامد	واحد مذکر	×	رباعی مجرد	//	ب ر ز خ	فَعْلَلٌ	× ❹	المؤمنون:100
بَرَزُوْا [4]	وہ مقابل آئے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ب ر ز	فَعَلُوْا	×	البقرة:250
بَرْقٌ [5]	چمک	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ب ر ق	فَعْلٌ	× ❺	البقرة:19
بَرِقَ [1]	پتھرا جائے گی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	//	فَعِلَ	×	القيامة:7
بَرَكَاتٍ [3]	برکتوں	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	//	//	ب ر ك	فَعَلَاتٍ	× ❻	الأعراف:96
بُرْهَانٌ [7]	دلیل	//	واحد مذکر	//	رباعی مجرد	//	ب ر ہ ن	فُعْلَانٌ	× ❼	النساء:174
بُرْهَانَانِ [1]	دو دلیلیں	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فُعْلَانَانِ	× ❽	القصص:32
بُرُوْجٍ [4]	قلعوں	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مجرد	//	ب ر ج	فُعُوْلٌ	× ❾	النساء:78
بَرِیْءٌ [10]	بری	صفت مشبہ	واحد مذکر	س، ك	//	مہموز اللام	ب ر ء	فَعِيْلٌ	× ❿	الأنعام:19
بَرِيْئُوْنَ [1]	بری	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَعِيْلُوْنَ	×	یونس:41
الْبَرِيَّةِ [2]	مخلوق	اسم جامد	اسم جمع	×	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ب ر ی	فَعِيْلَةِ	بَرِيْيَةِ ⓫	البينة:6
بَسًّا [1]	ٹوٹ پھوٹ کر	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ب س س	فَعْلًا	بَسْسًا ⓬	الواقعة:5
بِسَاطًا [1]	فرش	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ب س ط	فِعَالًا	× ⓭	نوح:19
بُسَّتِ [1]	ریزہ ریزہ کر دیے جائیں	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ب س س	فُعِلَتْ	بُسِسَتْ ⓮	الواقعة:5

❶ اس کی تقدیری عبارت ہے ذَاتَ بَرْدٍ۔ ❷ م: بَارٌّ ۔ ❸ تاء اصل میں ساکن تھی، آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❹ اس کے معنی ہیں حدّ فاصل، پردہ، آڑ، شرعًا اس سے مراد موت کے بعد اور دوبارہ زندہ ہونے سے پہلے کا وقفہ ہے، یعنی دنیا اور آخرت کا درمیانی جہان، جہاں انسان مرنے کے بعد قیامت قائم ہونے تک رہے گا، بعض کے نزدیک یہ اصل میں بَرْزَہٌ تھا، پھر اسے معرّب بنایا گیا، ج: بَرَازِخُ ۔ ❺ یہ اسم جامد بمعنی البارق ہے، ج: بُرُوقٌ، اور بعض کے نزدیک یہ باب نصر بَرَقَ یَبْرُقُ کا مصدر ہے۔ ❻ م: بَرَكَةٌ ۔ ❼ بعض کے نزدیک اس میں نون زائدہ ہے، یہ فُعْلَانٌ کے وزن پر ہے، ج: بَرَاهِيْنُ، بعض کے نزدیک یہ باب سمع بَرِهَ یَبْرَهُ کا مصدر ہے۔ ❽ م: بُرْهَانٌ، ج: بَرَاهِيْنُ ۔ بعض کے نزدیک اس میں پہلا نون زائدہ ہے، یہ فُعْلَانَانِ کے وزن پر ہے۔ ❾ م: بُرْجٌ، سورة الحجر: 16 میں ﴿ بُرُوْجًا ﴾ سے مراد برج ہیں، سلف کے نزدیک بروج سے مراد بڑے بڑے ستارے ہیں، متاخرین کے نزدیک اس سے مراد بارہ برج ہیں جو کہ درج ذیل ہیں: حمل، ثور، جوزاء، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب، قوس، جدی، دلو اور حوت، اور یہ سات بڑے سیاروں کی منزلیں ہیں جو کہ درج ذیل ہیں: مریخ، زہرہ، عطارد، قمر، شمس، مشتری اور زحل، یہ سیارے ان برجوں میں اس طرح اترتے ہیں، جیسے یہ ان کے لیے عالی شان محل ہیں (أيسر التفاسير) ۔ ❿ اس سے جمع مکسر ان وزنوں پر آتی ہے، بَرَاءٌ و بِرَاءٌ و بُرَاءٌ و بُرَاءُ و أَبْرَاءُ و أَبْرِيَاءُ ۔ ⓫ دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلی یاء ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلی یاء کا دوسری میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، بعض کے نزدیک یہ مہموز اللام بَرَءَ سے مشتق ہے، اصل میں بَرِيْئَةٌ تھا، ہمزہ مفرد متحرک اس سے پہلے یائے مدہ ہے تو ہمزہ کو ماقبل کی جنس یاء سے بدل دیا، پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ: خَطِيَّةٌ)، ج: بَرَايَا ۔ ⓬ دو ہم جنس حرف سین ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا سین ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ⓭ ج: بُسُطٌ ۔ ⓮ دو متحرک ہم جنس حرف سین ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، پھر آگے ملانے کے لیے تاء کو کسرہ دے دیا۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
بَسَرَ [1]	منہ بسورا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ب س ر	فَعَلَ	×	المدثر:22
اَلْبَسْطِ [1]	کھولنا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	ب س ط	فَعْلٍ	//	بنی اسرائیل:29
بَسَطَ [1]	فراخ کردیتا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	//	الشوریٰ:27
بَسَطْتَّ [1]	تو بڑھائے گا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	بَسَطْتَ ❶	المائدۃ:28
بَسْطَةً [2]	برتری	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلَةً	× ❷	البقرۃ:247
بَشَرٌ [36]	بشر	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	ب ش ر	فَعَلٌ	× ❸	ال عمرٰن:47
بُشِّرَ [3]	خبر ملتی	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَ	//	النحل:58
بَشِّرِ [13]	خوشخبری سنادو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِّلْ	بَشِّرْ ❹	النساء:138
بُشْرًا [3]	خوشخبری کے طور پر	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فُعْلًا	× ❺	الأعراف:57
بُشْرٰی [15]	خوشخبری	//	//	//	//	//	//	فُعْلٰی	× ❻	ال عمرٰن:126
بَشَّرْتُمُوْنِی [1]	تم مجھے خوشخبری دینے لگے ہو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْتُمْ	بَشَّرْتُمْ ❼	الحجر:54
بَشَّرْنَاكَ [4]	ہم خوشخبری دیتے ہیں تجھ کو	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	×	الحجر:55
بَشِّرْهُ [6]	خوشخبری سنادو اس کو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِّلْ	//	لقمان:7
بَشَّرُوْهُ [1]	اسے خوشخبری سنانے لگے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَّلُوْا	//	الذاریات:28
لِبَشَرَيْنِ [1]	دو آدمیوں کے لیے	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلَيْنِ	× ❽	المؤمنون:47
بَشِيْرٍ [9]	خوشخبری سنانے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	ن	//	//	//	فَعِيْلٍ	× ❾	المائدۃ:19
بَصَائِرُ [5]	واضح دلائل	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ب ص ر	فَعَائِلُ	بَصَايِرُ ❿	الأنعام:104
اَلْبَصَرِ [10]	آنکھ	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلِ	× ⓫	النحل:77
بَصُرْتُ [1]	میں نے دیکھا تھا	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	کرم	//	//	//	فَعُلْتُ	× ⓬	طٰہٰ:96
بَصُرَتْ [1]	وہ دیکھتی رہی	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعُلَتْ	//	القصص:11
بَصْطَةً [1]	پھیلاؤ	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	ب س ط	فَعْلَةً	بَسْطَةً ⓭	الأعراف:69

❶ دو ہم مخرج حرف طاء اور تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے حرف طاء کا دوسرے حرف تاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ) ۔ ❷ بعض کے نزدیک یہ باب تفعّل تَبَسَّطَ یا باب انفعال اِنْبَسَطَ کا اسم مصدر ہے۔ ❸ لفظ ﴿بَشَر﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① بشر بمعنی انسان، خواہ مذکر ہو یا مؤنث، واحد ہو یا جمع، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② کھال، چمڑا، جیسا کہ سورۃ المدثر:29 میں ہے ﴿لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ﴾ "کھالوں کو جلا دینے والی ہے"۔ ❹ راء اصل میں ساکن تھی، آگے ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❺ بعض کے نزدیک یہ اسم فاعل جمع مکسر ہے، اس میں تخفیفاً عین کلمہ کے ضمہ کو سکون سے بدل دیا ہے، م: بَشُوْرٌ یا بَشِيْرٌ ۔ ❻ یہ اصل میں مصدر ہے، پھر یہ بطور اسم جامد کے خوش کن خبر کے لیے استعمال ہونے لگا ہے، یا یہ باب تفعیل سے حاصل مصدر ہے، اور بعض کے نزدیک یہ مصدر بمعنی فاعل یعنی مُبَشِّر کی طرح استعمال ہوا ہے، اور بعض کے نزدیک یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے۔ ❼ تُمْ ضمیر کے بعد یاء ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر دی اور میم مضموم ہو گئی (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ) ۔ ❽ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: بَشَرٌ ۔ ❾ بعض کے نزدیک یہ باب افعال سے اسم مبالغہ ہے۔ ❿ یاء مدہ زائدہ الف مفاعل کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: صَحَائِفُ) م: بَصِيْرَةٌ ، یہ اصل میں باب کرم سے صفت مشبہ ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے، یہ دل کی روشنی کا نام ہے، یہاں اس سے مراد دلائل ہیں، یہ کبھی بمعنی شاھد صفت کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ ⓫ یہ اصل میں باب کرم سے صفت مشبہ ہے، لفظ ﴿بَصَر﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① آنکھ، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نگاہ، جیسا کہ سورۃ الملک:4 میں ہے ﴿الْبَصَرُ﴾ "نگاہ"، ج: اَبْصَارٌ ۔ ⓬ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ باء ہو۔ ⓭ یہ پڑھنے میں بَسْطَةً آتا ہے، سین کو صاد سے اس لیے بدلا جاتا ہے کہ صاد اور طاء دونوں حروف اطباق میں سے ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے کے ہم جنس ہیں۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
بَصَلِهَا [1]	اپنے پیاز	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ب ص ل	فَعَلٍ	❶ ×	البقرة:61
بَصِيْرٌ [51]	خوب دیکھتا	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	//	ب ص ر	فَعِيْلٌ	❷ ×	البقرة:96
بَصِيْرَةٍ [2]	سمجھ بوجھ	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعِيْلَةٍ	❸ ×	يوسف:108
بِضَاعَةً [5]	سرمایہ سمجھ کر	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ب ض ع	فِعَالَةً	❹ ×	يوسف:19
بِضْعَ [2]	کئی	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	//	//	فِعْلَ	❺ ×	يوسف:42
بِضَنِيْنٍ [1]	بخل کرنے والا	صفت مشبہ	//	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ض ن ن	فَعِيْلٍ	×	التكوير:24
بَطَائِنُهَا [1]	جن کے اندر والے غلاف	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ب ط ن	فَعَائِلُ	❻ ×	الرحمٰن:54
بِطَانَةً [1]	دلی دوست	صفت مشبہ	اسم جمع	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فِعَالَةً	❼ ×	ال عمران:118
بَطَرًا [1]	تکبر سے	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	ب ط ر	فَعَلًا	×	الأنفال:47
بَطِرَتْ [1]	اترا گئی تھیں	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعِلَتْ	//	القصص:58
بَطْشَ [3]	پکڑ	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	//	ب ط ش	فَعْلَ	//	البروج:12
الْبَطْشَةَ [2]	پکڑنا	مصدر مرّہ	//	//	//	//	//	فَعْلَةَ	//	الدخان:16
بَطَشْتُمْ [2]	تم ہاتھ ڈالتے ہو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	الشعراء:130
بَطَلَ [1]	ناکام ہوگیا	//	واحد مذکر غائب	نصر	//	//	ب ط ل	فَعَلَ	//	الأعراف:118
بَطَنَ [2]	چھپے ہوں	//	//	//	//	//	ب ط ن	//	//	الأنعام:151
بَطْنِهٖ [4]	اس کا پیٹ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعْلِ	❽ ×	الصافات:144
بُطُوْنِ [13]	پیٹوں	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُوْلِ	❾ ×	الأنعام:139
بَعَثَ [8]	بھیجا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	//	//	ب ع ث	فَعَلَ	×	البقرة:247
الْبَعْثِ [4]	دوبارہ زندہ ہونے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلِ	//	الحج:5
بُعْثِرَ [1]	باہر نکال لیے جائیں گے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	فعللة	رباعی مجرد	//	ب ع ث ر	فُعْلِلَ	//	العاديات:9
بُعْثِرَتْ [1]	اکھیڑ دی جائیں گی	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعْلِلَتْ	//	الانفطار:4
بَعَثْنَا [10]	ہم نے مقرر کیے تھے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	فتح	ثلاثی مجرد	//	ب ع ث	فَعَلْنَا	//	الأعراف:103
بَعَثَنَا [17]	ہمیں اٹھا دیا	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	❿ ×	يٰس:52
بَعْدِ [199]	بعد	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ب ع د	فَعْلِ	⓫ ×	البقرة:27

❶م: بَصَلَةٌ۔ ❷ بعض کے نزدیک یہ باب سمع سے اسم مبالغہ ہے۔ ❸ ج: بَصَائِرُ و بِصَارٌ بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ❹ ﴿بِضَاعَةً﴾ اصل میں تجارتی سامان کو کہتے ہیں، ج: بَضَائِعُ ۔ ❺ یہ تین سے نو تک کے عدد پر بولا جاتا ہے، یہ معدود مذکر کے ساتھ مؤنث اور معدود مؤنث کے ساتھ مذکر آتا ہے، اور یہ مفرد، مرکب اور معطوف علیہ تینوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ ❻ یہ جمع منتھی الجموع ہے، م: بِطَانَةٌ، جب اس کے معنیٰ ''ہم راز'' ہوں تو یہ باب نصر سے صفت مشبہ ہوگی۔ ❼ یہ اسم جمع ہے، اس کا مفرد ان لفظوں سے نہیں آتا، ج: بَطَائِنُ ۔ ❽ اصل میں یہ لفظ باب نصر بَطَنَ يَبْطُنُ کا مصدر ہے، پھر یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہونے لگا ہے، اس کے معنیٰ ''ہر چیز کا اندرونی حصہ'' بھی ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الفتح 24 میں ہے: ﴿بِبَطْنِ مَكَّةَ﴾ ''مکہ کی وادی میں''، ج: بُطُوْنٌ و اَبْطُنٌ و بُطْنَانٌ۔ ❾ م: بَطْنٌ۔ ❿ اس کے آخر میں ضمیر مفعول بہ ہے۔ ⓫ یہ اسم ظرف زمان لازم الاضافت ہے، جب اس کا مضاف الیہ موجود ہو تو یہ معرب، اور جب اس کا مضاف الیہ محذوف اور نیت میں ہو تو یہ مبنی ہوتا ہے، اس آیت کریمہ میں یہ معرب ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
بَعْدُ //	(اس کے) بعد	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ب ع د	فَعْلُ	× ❶	البقرة:230
بُعْدًا 7	دوری ہو	(اسم) مصدر	×	کرم	//	//	//	فُعْلًا	×	هود:44
بَعُدَتْ 1	دور پڑ گیا	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعُلَتْ	//	التوبة:42
بَعِدَتْ 1	ہلاک ہوئے	//	//	سمع	//	//	//	فَعِلَتْ	//	هود:95
بَعْضٍ 132	بعض	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ب ع ض	فَعْلٍ	× ❷	البقرة:76
بَعْلًا 1	بعل	//	//	//	//	//	ب ع ل	فَعْلًا	× ❸	الصافات:125
بَعْلِهَا 2	اپنے خاوند	//	//	//	//	//	//	فَعْلِ	× ❹	النساء:128
بَعُوْضَةً 1	مچھر	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مزید فیہ	//	ب ع ض	فَعُوْلَةً	× ❺	البقرة:26
بُعُوْلَتُهُنَّ 4	ان کے شوہر	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مجرد	//	ب ع ل	فُعُوْلَةُ	× ❻	البقرة:228
بَعِيْدٍ 25	گہری	صفت مشبہ	واحد مذکر	ك، س	//	//	ب ع د	فَعِيْلٍ	× ❼	البقرة:176
بَعِيْرٍ 2	ایک اونٹ	اسم جامد	اسم جنس	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ب ع ر	//	× ❽	يوسف:65
بَغٰى 2	زیادتی کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ب غ ی	فَعَلَ	بَغَيَ ❾	صٓ:22
الْبِغَاءِ 1	بدکاری	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعَالِ	بِغَايِ ❿	النور:33
الْبِغَالَ 1	خچر	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ب غ ل	فِعَالَ	× ⓫	النحل:8
بَغَتْ 1	زیادتی کرے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	ناقص یائی	ب غ ی	فَعَتْ	بَغَيَتْ ⓬	الحجرات:9
بَغْتَةً 13	اچانک	(اسم) مصدر	×	فتح	//	صحیح	ب غ ت	فَعْلَةً	×	الأنعام:31
الْبَغْضَاءُ 5	بغض	//	//	ف، س، ك	//	//	ب غ ض	فَعْلَاءُ	//	ال عمرٰن:118
بَغَوْا 1	بغاوت کرتے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	ضرب	//	ناقص یائی	ب غ ی	فَعَوْا	بَغَيُوا ⓭	الشورى:27
بُغِيَ 1	زیادتی کی جائے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِلَ	× ⓮	الحج:60
بَغْيًا 11	ضد	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	×	البقرة:90

❶ یہ اسم ظرف زمان، لازم الاضافت ہے، یہاں اس کا مضاف الیہ محذوف ہونے کی وجہ سے یہ ضمہ پر مبنی ہے۔ ❷ یہ لازم الاضافت ہے، اس لفظ میں یہ خصوصیت پائی جاتی ہے کہ یہ مضاف الیہ کے اثر کو قبول کر لیتا ہے، یعنی اگر مضاف الیہ مصدر ہو تو یہ مفعول مطلق بن جاتا ہے، اگر وہ ظرف ہو تو یہ مفعول فیہ بن جاتا ہے، وغیرہ، ج: اَبْعَاضٌ۔ ❸ یہ ایک بت کا نام ہے، بَعْلَبَكُّ شہر اسی کی طرف منسوب ہے، الیاس علیہ السلام اسی شہر کی طرف مبعوث کیے گئے تھے۔ ❹ ج: بِعَالٌ وبُعُولَةٌ وبُعُولٌ۔ ❺ ج: بَعُوْضٌ۔ ❻ اس میں تاء جمعیت کے لیے ہے، نہ کہ تانیث کے لیے ،م: بَعْلٌ، اگر اس سے پہلے مضاف کو محذوف مانا جائے تو اسے باب فتح کا مصدر بنانا بھی صحیح ہے، یعنی أَهْلَ بُعُوْلَتِهِنَّ ۔ ❼ ج: بُعَدَاءُ وبُعُدٌ وبُعْدَانٌ۔ ❽ بعیر اس چار سال کے اونٹ کو کہتے ہیں جو سواری اور بار برداری کے قابل ہو، یہ مذکر اور مؤنث، واحد اور جمع سب کے لیے استعمال ہوتا ہے، ج: أَبْعِرَةٌ ،أَبَاعِرُ وأَبَاعِيْرُ وبُعْرَانٌ۔ ❾ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر بَغْيًا ہو، جب اس کا مصدر بُغْيَةً ہو تو اس کے معنی "طلب کرنا" کے ہوتے ہیں۔ ❿ یاء اسم کے آخر میں الف زائد کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ:دُعَاءٌ)، بعض کے نزدیک یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے۔ ⓫ م:بَغْلٌ، اس کی جمع اَبْغَالٌ بھی آتی ہے، مفرد مؤنث بَغْلَةٌ اور اس کی جمع بِغَالٌ آتی ہے۔ ⓬ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ⓭ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر بَغْيًا ہو۔ ⓮ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر بَغْيًا ہو۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
بَغِيًّا 2	بدکار	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ب غ ی	فَعِيْلًا	بَغِيْيًا ❶	مریم:20
الْبَقَرَ 3	گائے	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	صحیح	ب ق ر	فَعَلَ	× ❷	البقرۃ:70
بَقَرَاتٍ 2	گائیں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَعَلَاتٍ	× ❸	یوسف:43
بَقَرَةٌ 4	گائے	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعَلَةٌ	× ❹	البقرۃ:67
الْبُقْعَةِ 1	جگہ	//	//	//	//	//	ب ق ع	فُعْلَةِ	× ❺	القصص:30
بَقْلِهَا 1	اپنی ترکاری	//	اسم جنس جمعی	//	//	//	ب ق ل	فَعْلِ	× ❻	البقرۃ:61
بَقِيَ 1	باقی رہ گیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	ناقص یائی	ب ق ی	فَعِلَ	×	البقرۃ:278
بَقِيَّةٌ 3	ترکہ	صفت مشبہ	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعِيْلَةٌ	بَقِيْيَةٌ ❼	البقرۃ:248
فَمَا بَكَتْ 1	پھر نہ روئے	فعل ماضی منفی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	//	ب ك ی	فَعَتْ	بَكَيَتْ ❽	الدخان:29
بِبَكَّةَ 1	مکہ میں	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	مضاعف ثلاثی	ب ك ك	فَعْلَةَ	بَكْكَةَ ❾	ال عمرٰن:96
بِكْرٌ 1	بچی	صفت مشبہ	واحد مؤنث	سمع	//	صحیح	ب ك ر	فِعْلٌ	× ❿	البقرۃ:68
بُكْرَةً 7	صبح	اسم جامد	//	×	//	//	//	فُعْلَةً	×	مریم:11
بُكْمٌ 5	گونگے	صفت مشبہ	جمع مکسر	سمع	//	//	ب ك م	فُعْلٌ	× ⓫	البقرۃ:18
بُكِيًّا 1	رو رہے ہوتے	اسم فاعل	//	ضرب	//	ناقص یائی	ب ك ی	فُعُوْلًا	بُكُوْيًا⓬	مریم:58
بَلْ 127	بلکہ	حرف عطف	×	×	×	×	×	×	× ⓭	الانبیاء:26
❶ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، لَنْ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❷ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)۔ اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❸ یہ فَعِیْلٌ بمعنی فَاعِلٌ اسم مشتق ہے، ج: تِبَاعٌ، تَبَائِعُ، اَتْبِعَةٌ۔ ❹ لام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❺ تاء اصل میں ساکن تھی آگے ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❻ نون تاکید ثقیلہ لاحق ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا، پھر دو ساکن واؤ اور نون تاکید جمع ہونے سے واؤ بھی گر گئی (قاعدہ: نون تاکید ثقیلہ)۔ ❼ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا۔ ❽ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن ہے تو پہلے کو دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، حَتّٰی کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❾ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن ہے تو پہلے کو دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❿ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن ہے تو پہلے کو دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس آخری کلمہ عین اصل میں ساکن تھا آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ⓫ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا، بعض کے نزدیک اس کے شروع میں لا حرف نفی ہے، نون اعرابی نون تاکید ثقیلہ کے آنے کی وجہ سے گرا ہے (قاعدہ: نون تاکید ثقیلہ)۔ ⓬ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کو دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس کے شروع میں اَلَّا اصل میں اَنْ لَا تھا، اَنْ مصدریہ ناصبہ اور لا حرف نفی ہے، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے اس کے آخر میں نصب آئی ہے، اور اس کے آخر میں نون وقایہ ہے جس کے بعد آنے والی یائے متکلم تخفیفاً حذف ہوچکی ہے۔ ⓭ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تَتَّبِعُوْنَ [3]	تم پیروی کرتے ہو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ت ب ع	تَفْتَعِلُوْنَ	تَتْتَبِعُوْنَ ❶	الأنعام:148
لَنْ۔تَتَّبِعُوْنَا [1]	بالکل نہیں تم چل سکتے ہو	فعل نفی تاکید بلن معلوم	//	//	//	//	//	تَفْتَعِلُوْ	تَتْتَبِعُوْنَ ❷	الفتح:15
تَتْبِيْب [1]	تباہی	(اسم) مصدر	×	تفعیل	//	مضاعف ثلاثی	ت ب ب	تَفْعِيْل	×	هود:101
تَتْبِيْرًا [2]	تباہی	//	//	//	//	صحیح	ت ب ر	تَفْعِيْلًا	//	بنی اسرائیل:7
تَتَجَافٰی [1]	الگ رہتے ہیں	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	تفاعل	//	ناقص یائی	ج ف ی	تَتَفَاعَلُ	تَتَجَافَيُ ❸	السجدة:16
تَتَّخِذُ [1]	تو بناتا	//	واحد مذکر حاضر	افتعال	//	صحیح	ت خ ذ	تَفْتَعِلُ	تَتْتَخِذُ ❹	الأنعام:74
أَنْ۔تَتَّخِذَ [1]	یہ کہ تو اختیار کرے	//	//	//	//	//	//	تَفْتَعِلَ	تَتْتَخِذُ ❺	الكهف:86
لَا۔تَتَّخِذُوْا [1]	نہ بناؤ تم	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْتَعِلُوْا	تَتْتَخِذُوْنَ ❻	البقرة:231
أَلَّا۔تَتَّخِذُوْا [1]	یہ کہ نہ تم پکڑو	//	//	//	//	//	//	//	تَتْتَخِذُوْنَ ❼	بنی اسرائیل:2
أَنْ۔تَتَّخِذُوْا [1]	کہ تم بنالو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تَتْتَخِذُوْنَ ❽	ال عمرٰن:80
تَتَّخِذُوْنَ [5]	تم بناتے ہو	//	//	//	//	//	//	تَفْتَعِلُوْنَ	تَتْتَخِذُوْنَ ❹	الأعراف:74
أَفَلَا۔تَتَذَكَّرُوْنَ [2]	کیا بھلا تم غور وفکر نہیں کرتے ہو	فعل مضارع منفی معلوم	//	تفعّل	//	//	ذ ك ر	تَتَفَعَّلُوْنَ	×	الأنعام:80
تَتَذَكَّرُوْنَ [1]	تم غور کرتے ہو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	//	المؤمن:58
تَتْرَا [1]	مسلسل	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	مثال واوی	و ت ر	فَعْلٰى	وَتْرٰى ❾	المؤمنون:44
تَتْرُكْهُ [1]	تو چھوڑ دے اس کو	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	صحیح	ت ر ك	تَفْعُلُ	تَتْرُكُ ❿	الأعراف:176
أَنْ۔تُتْرَكُوْا [1]	کہ تم چھوڑ دیے جاؤ گے	فعل مضارع مجہول	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفْعَلُوْا	تُتْرَكُوْنَ ⓫	التوبة:16
تُتْرَكُوْنَ [1]	تم کو چھوڑ دیا جائے گا	//	//	//	//	//	//	تُفْعَلُوْنَ	×	الشعراء:146
لَا۔تَتَفَرَّقُوْا [1]	نہ تم جدا جدا ہو	فعل نہی حاضر معلوم	//	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	//	ف ر ق	تَتَفَعَّلُوْا	تَتَفَرَّقُوْنَ ⓬	الشورىٰ:13

❶ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس کے شروع میں اِنْ حرف نفی غیر عامل ہے۔ ❷ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، لَنْ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، اس کے آخر میں نا ضمیر مفعول بہ ہے۔ ❸ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، باب تفاعل میں دو تاء جمع ہونے سے ایک تاء کو تخفیفاً حذف کر دیا (قاعدہ: تائے تفعّل)۔ ❹ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، تَتَّخِذُ کی اصل میں اختلاف ہے، اس کے بارے میں اہل علم کے تین قول ہیں: ① علامہ جوہری کے نزدیک یہ مہموز الفاء ہے، اس کا مادہ أ خ ذ ہے، اس اعتبار سے اس کی اصل تَتَخِذُ ہے۔ ② ابو علی فارسی کے نزدیک یہ صحیح ہے، اس کا مادہ ت خ ذ ہے، اس اعتبار سے اس کی اصل تَتْتَخِذُ ہے۔ ③ متاخرین کے نزدیک یہ مثال واوی ہے، اس کا مادہ و خ ذ ہے، اس اعتبار سے اس کی اصل تَوْتَخِذُ ہے۔ ❺ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے، تفصیل کے لیے دیکھیں تَتَّخِذُ۔ ❻ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، تفصیل کے لیے دیکھیں تَتَّخِذُ۔ ❼ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس کے شروع میں أَلَّا اصل میں أَنْ لَا تھا، أَنْ حرف تفسیر اور لا لائے نہی ہے، اس کی وجہ سے فعل مضارع مجزوم ہے، یا أَنْ مصدریہ ناصبہ ہے، جس کی وجہ سے فعل مضارع سے نون اعرابی گر گیا ہے اور لا زائدہ ہے، تفصیل کے لیے دیکھیں تَتَّخِذُ۔ ❽ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، تفصیل کے لیے دیکھیں تَتَّخِذُ۔ ❾ فاء کلمہ میں آنے والی واؤ شاذ طور پر تاء سے بدل گئی (قاعدہ: اَحَدٌ)، اس کے آخر میں الف زائد الحاق کے لیے ہے یا تانیث کے لیے ہے، یہ قرآن پاک میں عام رسم الخط کے خلاف الف کی صورت میں لمبا لکھا گیا ہے، جب کہ اس صورت میں الف اس وقت لکھا جاتا ہے جب اس پر تنوین ہو، بعض کے نزدیک یہ صفت مشبہ ہے، بعض کے نزدیک یہ اسم جمع ہے۔ ❿ بواسطہ حرف عطف اِنْ شرطیہ کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ⓫ أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓬ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تَتَفَكَّرُوْا 1	غور کرو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ف ك ر	تَتَفَعَّلُوْا	تَتَفَكَّرُوْنَ ❶	سبا: 46
تَتَفَكَّرُوْنَ 2	غور وفکر کرتے رہو	//	//	//	//	//	//	تَتَفَعَّلُوْنَ	×	البقرة:219
أَفَلَا۔تَتَفَكَّرُوْنَ 1	کیا پھر نہیں تم غور وفکر کرتے	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	//	الأنعام:50
تَتَقَلَّبُ 1	الٹ پلٹ ہونگے	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	ق ل ب	تَتَفَعَّلُ	//	النور:37
أَنْ۔تَتَّقُوْا 2	اس لیے کہ تم بچنا چاہو	//	جمع مذکر حاضر	افتعال	//	لفیف مفروق	و ق ی	تَفْتَعُوْا	تَوْتَقِيُوْنَ ❷	ال عمرٰن:28
إِنْ۔تَتَّقُوْا 8	اگر تم ڈرو	//	//	//	//	//	//	//	تَوْتَقِيُوْنَ ❸	الأنفال:29
لِتَتَّقُوْا 1	تاکہ تم پرہیزگار بنو	//	//	//	//	//	//	//	تَوْتَقِيُوْنَ ❹	الأعراف:63
تَتَّقُوْنَ 7	متقی بنو	//	//	//	//	//	//	تَفْتَعُوْنَ	تَوْتَقِيُوْنَ ❺	البقرة:21
أَفَلَا۔تَتَّقُوْنَ 12	کیا بھلا نہیں ہو تم ڈرتے	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	تَوْتَقِيُوْنَ ❺	الأعراف:65
أَنْ۔تَتَكَبَّرَ 1	کہ تو تکبر کرے	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعّل	//	صحیح	ك ب ر	تَتَفَعَّلَ	تَتَكَبَّرُ ❻	الأعراف:13
تُتْلَى 16	پڑھی جا رہی ہیں	فعل مضارع مجہول	واحد مؤنث غائب	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ت ل و	تُفْعَلُ	تُتْلَوُ ❼	ال عمرٰن:101
تَتَلَقَّاهُمْ 1	لینے آئیں گے ان کو	فعل مضارع معلوم	//	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ل ق ی	تَتَفَعَّلُ	تَتَلَقَّيُ ❽	الأنبياء:103
تَتْلُوْا 1	پڑھتے تھے	//	//	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ت ل و	تَفْعُلُ	تَتْلُوُ ❾	البقرة:102
مَا۔تَتْلُوْا 1	نہ ہی تو پڑھتا ہے	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	//	تَتْلُوُ ❾	يونس:61
تَتْلُوْا 2	تو پڑھتا ہوتا	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تَتْلُوُ ❾	القصص:45
لِتَتْلُوَا 1	تاکہ آپ پڑھیں	//	//	//	//	//	//	تَفْعُلَ	تَتْلُوُ ❿	الرعد:30
تَتْلُوْنَ 1	تلاوت کرتے رہتے ہو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعُوْنَ	تَتْلُوُوْنَ ⓫	البقرة:44
تَتَمَارٰى 1	تو جھگڑے گا	//	واحد مذکر حاضر	تفاعل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	م ر ی	تَتَفَاعَلُ	تَتَمَارَيُ ❽	النجم:55

❶ بواسطہ حرف عطف ثُمَّ ،أَنْ مصدر یہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❷ واوَ اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ:اِتَّقَدَ) ، پھر لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واوَ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واوَ جمع ہونے سے یاء کو گرا دیا (قاعدہ:رَضُوْا) ،أَنْ مصدر یہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، سورۃ البقرۃ :224 میں بواسطہ حرف عطف أَنْ مصدر یہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❸ واوَ اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ:اِتَّقَدَ) ، پھر لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واوَ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واوَ جمع ہونے سے یاء کو گرا دیا (قاعدہ:رَضُوْا) ،إِنْ شرطیہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❹ واوَ اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ:اِتَّقَدَ) ، پھر لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واوَ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واوَ جمع ہونے سے یاء کو گرا دیا (قاعدہ:رَضُوْا) ، لام كَيْ کے بعد أَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❺ واوَ اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ:اِتَّقَدَ) ، پھر لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واوَ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واوَ جمع ہونے سے یاء کو گرا دیا (قاعدہ: رَضُوْا) ۔ ❻ أَنْ مصدر یہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❼ واوَ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ:يَرْضٰى) پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال) ۔ ❾ لام کلمہ میں حرف علت واوَ مضموم اس کا ماقبل بھی مضموم ہے تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا (قاعدہ:يَدْعُوْ)۔ ❿ لام كَيْ کے بعد أَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے، اس کے آخر میں الف زائدہ ہے صرف لکھنے میں آتا ہے پڑھنے میں نہیں آتا۔ ⓫ لام کلمہ میں حرف علت واوَ مضموم اس کا ماقبل بھی مضموم ہے تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن واوَ جمع ہونے سے ایک واوَ کو گرا دیا (قاعدہ:يَدْعُوْ)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَا ـ تَتَمَنَّوْا [1]	نہ آرزو کرو	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	م ن ی	تَتَفَعَّوْا	تَتَمَنَّيُوْنَ ❶	النساء:32
فَلَا ـ تَتَنَاجَوْا [1]	تو نہ سرگوشیاں کیا کرو	//	//	تفاعل	//	ناقص واوی	ن ج و	تَتَفَاعَوْا	تَتَنَاجَوُوْنَ ❷	المجادلة:9
تَتَنَزَّلُ [1]	اترتے ہیں	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	تفعّل	//	صحیح	ن ز ل	تَتَفَعَّلُ	×	حم السجدة:30
اِنْ ـ تَتُوْبَا [1]	اگر تم دونوں توبہ کرو	//	تثنیہ مؤنث حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ت و ب	تَفْعُلَا	تَتْوُبَان ❸	التحريم:4
تَتَوَفّٰهُمُ [2]	فوت کرنے لگتے ہیں انکو	//	واحد مؤنث غائب	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	لفیف مفروق	و ف ی	تَتَفَعَّلُ	تَتَوَفَّيُ ❹	النحل:32
لَا ـ تَتَوَلَّوْا [2]	نہ پھرو تم	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	و ل ی	تَتَفَعَّوْا	تَتَوَلَّيُوْنَ ❺	هود:52
اِنْ ـ تَتَوَلَّوْا [2]	اگر تم منہ پھیر لوگے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تَتَوَلَّيُوْنَ ❻	محمد:38
تَثْبِيْتًا [2]	پختہ کرتے ہوئے	(اسم) مصدر	×	تفعیل	//	صحیح	ث ب ت	تَفْعِيْلًا	×	البقرة:265
تَثْرِيْبَ [1]	ملامت	//	//	//	//	//	ث ر ب	تَفْعِيْلَ	//	يوسف:92
فَاِمَّا ـ تَثْقَفَنَّهُمْ [1]	پس اگر آپ پالیں ان کو	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	//	ث ق ف	تَفْعَلَنَّ	تَثْقَفُ ❼	الأنفال:57
تُثِيْرُ [3]	ہل چلاتی ہو	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ث و ر	تُفْعِلُ	تُثْوِرُ ❽	البقرة:71
لَا ـ تُجَادِلْ [12]	نہ جھگڑا کیجیے	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	مفاعلہ	//	صحیح	ج د ل	تُفَاعِلْ	تُجَادِلُ ❾	النساء:107
تُجَادِلُ [1]	جھگڑا کرنے لگے گا	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	تُفَاعِلُ	×	النحل:111
تُجَادِلُكَ [1]	تجھ سے بحث وجدال کر رہی تھی	//	//	//	//	//	//	//	//	المجادلة:1
لَا ـ تُجَادِلُوْا [1]	نہ جھگڑا کرو	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفَاعِلُوْا	تُجَادِلُوْنَ ❿	العنكبوت:46
تُجَادِلُوْنَنِيْ [1]	تم مجھ سے جھگڑتے ہو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تُفَاعِلُوْنَ	× ⓫	الأعراف:71
تِجَارَةً [9]	تجارت	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	//	ت ج ر	فِعَالَةً	×	البقرة:282
تُجَاهِدُوْنَ [1]	جہاد کرو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ج ہ د	تُفَاعِلُوْنَ	//	الصف:11

❶ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کوالف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کوگرا دیا، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کوالف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کوگرا دیا، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا(قاعدہ:یقال)، اِنْ شرطیہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کوالف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)۔ ❺ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کوالف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کوگرا دیا، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، لفظ ﴿ لَاتَتَوَلَّوْا ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① نہ تم پھرو، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نہ تم دوستی کرو، جیسا کہ سورة الممتحنة : 13 میں ہے ﴿ لَاتَتَوَلَّوْا ﴾ ''نہ تم دوستی کرو''۔ ❻ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کوالف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کوگرا دیا، اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا۔ ❼ نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے فعل مضارع فتحہ پر مبنی ہو گیا، نون تاکید ثقیلہ آنے کی صورت میں اکثر فعل مضارع سے پہلے لام تاکید آتا ہے، مگر کبھی اس کی جگہ اِمَّـــا بھی آ جاتا ہے۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا(قاعدہ:یُقَالُ)، لفظ ﴿ تُثِيْرُ ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① ہل چلاتی ہو، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② اٹھاتی ہے، جیسا کہ سورة الروم : 48 میں ہے ﴿ فَتُثِيْرُ سَحَابًا ﴾ ''تو وہ بادل کو اٹھاتی ہے''۔ ❾ لائے نہی کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❿ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓫ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم کی ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَا۔ تَجْأَرُوْا [1]	مت تم چیخو چلاؤ	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز العین	ج ء ر	تَفْعَلُوْا	تَجْأَرُوْنَ ❶	المؤمنون:65
تَجْأَرُوْنَ [1]	تم روتے چلاتے ہو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعَلُوْنَ	×	النحل:53
اِنْ۔ تَجْتَنِبُوْا [1]	اگر تم بچتے رہو	//	//	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ج ن ب	تَفْتَعِلُوْا	تَجْتَنِبُوْنَ ❷	النساء:31
تَجِدُ [2]	پالے گا	//	واحد مؤنث غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	مثال واوی	و ج د	تَعِلُ	تَوْجِدُ ❸	ال عمران:30
فَلَنْ۔ تَجِدَ [11]	تو بالکل نہیں تو پاسکتا	فعل نفی تاکید بلن معلوم	واحد مذکر حاضر					تَعِلَ	تَوْجِدَ ❹	النساء:88
لَا۔ تَجِدُ [4]	نہیں تو پائے گا	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	مثال واوی	و ج د	تَعِلُ	تَوْجِدُ ❺	الأعراف:17
لَتَجِدَنَّ [3]	آپ ضرور پالیں گے	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	//	//	//	//	//	لَتَعِلَنَّ	تَوْجِدُ ❻	المائدة:82
سَتَجِدُنِی [3]	تو جلد پائے گا مجھ کو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَعِلُ	تَوْجِدُ ❺	الکھف:69
لَمْ۔ تَجِدُوْا [5]	نہ تم پاسکو	فعل نفی جحد بلم معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَعِلُوْا	تَوْجِدُوْنَ ❼	البقرة:283
لَا۔ تَجِدُوْا [2]	نہ پاؤ تم	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	تَوْجِدُوْنَ ❽	بنی اسرائیل:68
سَتَجِدُوْنَ [1]	جلدی ہی تم پاؤ گے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَعِلُوْنَ	تَوْجِدُوْنَ ❺	النساء:91
تَجِدُوْهُ [2]	تو تم پالو گے اس کو	//	//	//	//	//	//	تَعِلُوْ	تَوْجِدُوْنَ ❾	البقرة:110
تُجْرِمُوْنَ [1]	گناہ تم کرتے ہو	//	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ج ر م	تُفْعِلُوْنَ	×	ھود:35
تَجْرِیْ [48]	چلتی ہیں	//	واحد مؤنث غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ج ر ی	تَفْعِلُ	تَجْرِیُ ❿	البقرة:25
لِتَجْرِیَ [3]	تاکہ وہ چلیں	//	//	//	//	//	//	تَفْعِلَ	تَجْرِیُ ⓫	ابراھیم:32
تَجْرِیَانِ [1]	جاری ہیں	//	تثنیہ مؤنث غائب	//	//	//	//	تَفْعِلَانِ	×	الرحمٰن:50
تُجْزٰی [1]	بدلہ دیا جائے گا	فعل مضارع مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	ج ز ی	تُفْعَلُ	تُجْزَیُ ⓬	المؤمن:17
لِتُجْزٰی [2]	تاکہ بدلہ دیا جائے	//	//	//	//	//	//	تُفْعَلَ	تُجْزَیَ ⓬	طٰہ:15
تُجْزَوْنَ [7]	تم کو ملے گا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفْعَوْنَ	تُجْزَیُوْنَ ⓭	الأنعام:93
لَا۔ تُجْزَوْنَ [2]	نہ بدلہ ملے گا تم کو	فعل مضارع منفی مجہول	//	//	//	//	//	//	تُجْزَیُوْنَ ⓭	یٰس:54
لَا۔ تَجْزِیْ [2]	نہ کام آئے گا	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	تَفْعِلُ	تَجْزِیُ ❿	البقرة:48

❶ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❷ اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❸ واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ:یَعِدُ) ۔ ❹ واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ:یَعِدُ)، لَنْ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❺ واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ:یَعِدُ)۔ ❻ واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ:یَعِدُ) نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہے (قاعدہ:نون تاکید ثقیلہ)۔ ❼ واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ:یَعِدُ)، لَمْ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❽ واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ:یَعِدُ)، بواسطہ حرف عطف اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، سورۃ بنی اسرائیل :69 میں بھی اسی طرح لَاتَجِدُوا ہے۔ ❾ واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ:یَعِدُ)، ما شرطیہ کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے اس کے آخر سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❿ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت کو گرا دیا (قاعدہ:رَضُوْا)۔ ⓫ لَام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ⓬ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، لَام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے ⓭ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَا۔تَجَسَّسُوْا	نہ تجسس کرو	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ج س س	تَفَعَّلُوْا	تَتَجَسَّسُوْنَ ❶	الحجرات:12
تَجْعَلُ [1]	تو بنائے گا	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ج ع ل	تَفْعَلُ	×	البقرة:30
لَا۔تَجْعَلْ [1]	نہ روکے رکھو	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعَلْ	تَجْعَلُ ❷	بنی اسرائیل:29
أَنْ۔تَجْعَلَ [4]	کہ آپ بنا دیں	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعَلَ	تَجْعَلُ ❸	الکهف:94
لَا۔تَجْعَلْنَا [1]	نہ شامل کرنا ہمیں	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعَلْ	تَجْعَلُ ❷	الأعراف:47
لَا۔تَجْعَلْنِیْ [3]	نہ شامل کر مجھے	//	//	//	//	//	//	//	تَجْعَلُ ❷	الأعراف:150
فَلَا۔تَجْعَلُوْا [4]	اس لیے نہ تم بناؤ	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلُوْا	تَجْعَلُوْنَ ❹	البقرة:22
أَنْ۔تَجْعَلُوْا [1]	کہ تم قائم کرو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تَجْعَلُوْنَ ❺	النساء:144
تَجْعَلُوْنَ [3]	بناتے ہو تم	//	//	//	//	//	//	تَفْعَلُوْنَ	×	حم السجدة:9
تَجَلّٰی [2]	تجلی ڈالی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ج ل ی	تَفَعَّلَ	تَجَلَّیَ ❻	الأعراف:143
أَنْ۔تَجْمَعُوْا [1]	کہ تم جمع کرو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ج م ع	تَفْعَلُوْا	تَجْمَعُوْنَ ❺	النساء:23
لَا۔تَجْهَرْ [1]	نہ آواز اونچی کرو	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	ج ہ ر	تَفْعَلْ	×	بنی اسرائیل:110
إِنْ۔تَجْهَرْ [1]	اگر تم اونچی کرو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تَجْهَرُ ❼	طٰه:7
لَا۔تَجْهَرُوْا [1]	نہ زور سے کرو	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلُوْا	تَجْهَرُوْنَ ❽	الحجرات:2
تَجْهَلُوْنَ [4]	جاہل ہو	فعل مضارع معلوم	//	سمع	//	//	ج ہ ل	تَفْعَلُوْنَ	×	الأعراف:138
أَلَّا۔تَجُوْعَ [1]	یہ کہ نہ تم بھوکے رہو گے	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	اجوف واوی	ج و ع	تَفْعُلَ	تَجُوْعُ ❾	طٰه:118
تُحَاجُّوْنَ [3]	تم جھگڑتے ہو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح ج ج	تُفَاعِلُوْنَ	تُحَاجِجُوْنَ ❿	ال عمران:65
تُحَاجُّوْنِّیْ [1]	تم جھگڑتے ہو مجھ سے	//	//	//	//	//	//	//	تُحَاجِجُوْنَ ⓫	الأنعام:80
لَا۔تَحَاضُّوْنَ [7]	نہ ایک دوسرے کو رغبت دلاتے ہو	فعل مضارع منفی معلوم	//	تفاعل	//	//	ح ض ض	تَفَاعَلُوْنَ	تَتَحَاضَضُوْنَ ⓬	الفجر:18
تَحَاوُرَكُمَا [1]	تم دونوں کی گفتگو	(اسم) مصدر	×	//	//	اجوف واوی	ح و ر	تَفَاعُلَ	×	المجادلة:1
تُحْبَرُوْنَ [1]	تم خوش کیے جاؤ گے	فعل مضارع مجہول	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ب ر	تُفْعَلُوْنَ	//	الزخرف:70
تَحْبِسُوْنَهُمَا [1]	تم ان کو روک لو گے	فعل مضارع معلوم	//	ضرب	//	//	ح ب س	تَفْعِلُوْنَ	//	المائدة:106
أَنْ۔تَحْبَطَ	کہ ضائع ہو جائیں	//	واحد مؤنث غائب	سمع	//	//	ح ب ط	تَفْعَلَ	تَحْبَطُ ⓭	الحجرات:2
أَنْ۔تُحِبُّوْا [1]	کہ پسند کرو تم	//	جمع مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح ب ب	تُفْعِلُوْا	تُحْبِبُوْنَ ⓮	البقرة:216
تُحِبُّوْنَ [7]	محبت رکھتے ہو	//	//	//	//	//	//	تُفْعِلُوْنَ	تُحْبِبُوْنَ ⓯	ال عمران:31
لَا۔تُحِبُّوْنَ [2]	نہیں پسند کرتے تھے تم	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	تُحْبِبُوْنَ ⓯	الأعراف:79

❶ باب تفعّل کے مضارع میں دو تاء جمع ہو گئیں تو ایک کو تخفیفاً حذف کر دیا، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❷ لائے نہی کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❸ أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❹ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ ❺ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❻ أَنْ مصدریہ ناصبہ کی

وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⑦ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، یہ ناقص واوی اور یائی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، ناقص واوی کی صورت میں پہلے قاعدہ یرضی اور پھر قاعدہ قال لگائیں گے۔ ⑧ اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ⑨ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⑩ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یقال)، اس کے شروع میں آلّا اصل میں أَنْ لَا تھا، أَنْ مصدریہ ناصبہ ہے جس کی وجہ سے نصب آئی ہے، اور لا حرف نفی ہے۔ ⑪ دو متحرک ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف مدّہ ہے تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ⑫ دو متحرک ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف مدّہ ہے تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، اس کے آخر میں دو نون ایک نون اعرابی اور دوسرا نون وقایہ جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف مدّہ ہے تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔

⑬ دو متحرک ہم جنس حرف ضاد ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف مدّہ ہے تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، باب تفعّل کے مضارع میں دو تاء جمع ہونے سے ایک تاء کو تخفیفاً حذف کر دیا (قاعدہ: تائے تفعّل)۔ ⑭ أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ⑮ دو متحرک ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔

⑯ دو متحرک ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تَحْتَ 51	نیچے	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ت ح ت	فَعْلَ	❶ ×	طٰه:6
تُحَدِّثُ 1	وہ بیان کردے گی	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ح د ث	تُفَعِّلُ	×	الزلزال:4
تُحَدِّثُوْنَهُمْ 1	تم بتاتے ہوان کو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفَعِّلُوْنَ	//	البقرة:76
تَحْذَرُوْنَ 1	تم ڈر رہے ہو	//	//	سمع	ثلاثی مجرد	//	ح ذ ر	تَفْعَلُوْنَ	//	التوبة:64
تَحْرُثُوْنَ 1	تم بوتے ہو	//	//	نصر	//	//	ح ر ث	تَفْعُلُوْنَ	//	الواقعة:63
إِنْ۔ تَحْرِصْ 1	اگرچہ آپ لالچ کریں	//	واحد مذکر حاضر	ضرب	//	//	ح ر ص	تَفْعِلُ	تَحْرِصُ ❷	النحل:37
لَا۔ تُحَرِّكْ 1	نہ حرکت دیا کرو	فعل نہی حاضر معلوم	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ر ك	تُفَعِّلْ	تُحَرِّكُ ❸	القيامة:16
تُحَرِّمُ 1	تم حرام قرار دیتے ہو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	ح ر م	تُفَعِّلُ	×	التحريم:1
لَا۔ تُحَرِّمُوْا 1	نہ حرام ٹھہراؤ	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفَعِّلُوْا	تُحَرِّمُوْنَ ❹	المائدة:87
تَحَرَّوْا 1	ارادہ کیے ہوئے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	تفعّل	//	ناقص یائی	ح ر ی	تَفَعَّوْا	تَحَرَّيُوْا ❺	الجن:14
تَحْرِيْرُ 5	آزاد کرنا	(اسم) مصدر	×	تفعیل	//	مضاعف ثلاثی	ح ر ر	تَفْعِيْلٌ	×	المائدة:89
لَا۔ تَحْزَنْ 5	نہ غم کر	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ز ن	تَفْعَلْ	تَحْزَنُ	التوبة:40
لَا۔ تَحْزَنَ 2	نہ وہ غمگین ہو	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	تَفْعَلَ	تَحْزَنُ ❻	طٰه:40
لَا۔ تَحْزَنُوْا 2	نہ غم کرو	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلُوْا	تَحْزَنُوْنَ ❹	ال عمران:139
لِكَيْلَا۔ تَحْزَنُوْا 1	تاکہ نہ تم غم کھاؤ	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	تَحْزَنُوْنَ ❼	ال عمران:153
تَحْزَنُوْنَ 2	غمگین ہوں گے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعَلُوْنَ	×	الأعراف:49
أَلَّا۔ تَحْزَنِيْ 1	یہ کہ نہ غم کرو	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مؤنث حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلِيْ	تَحْزَنِيْنَ ❽	مريم:24
لَا۔ تَحْزَنِيْ 1	نہ تو غم کھانا	//	//	//	//	//	//	//	تَحْزَنِيْنَ ❹	القصص:7
تُحِسُّ 1	تو محسوس کرتا ہے	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح س س	تُفْعِلُ	تُحْسِسُ ❾	مريم:98
تَحْسَبُ 4	آپ کا خیال ہے	//	//	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ح س ب	تَفْعَلُ	×	الفرقان:44
لَا۔ تَحْسَبَنَّ 5	نہ خیال کرو تم	فعل نہی حاضر معلوم با نون تاکید ثقیلہ	//	//	//	//	//	تَفْعَلَنَّ	تَحْسَبُ ❿	ال عمران:169
تَحْسَبُوْنَهُ 1	تم خیال کررہے تھے اس کو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلُوْنَ	×	النور:15

❶ یہ ظرف مکان کبھی معرب اور کبھی مبنی ہوتی ہے، جب اس کا مضاف الیہ محذوف اور متکلم کی نیت میں ہو تو یہ ضمہ پر مبنی ہوتا ہے، اور اس کے علاوہ یہ معرب ہوتا ہے۔ ❷ إِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❸ لائے نہی کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❹ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❺ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ :قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور واوَ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ❻ یہ بواسطہ حرف عطف واوَ کَیْ حرف ناصب کی وجہ سے منصوب ہے، اس سے پہلے لا حرف نفی ہے۔ ❼ اس کے شروع میں لام حرف جر علت بیان کرنے کے لیے آیا ہے، کَیْ مصدریہ ناصبہ ہے جس کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے اور لا حرف نفی ہے۔ ❽ أَلَّا اصل میں أَنْ لَا تھا، أَنْ حرف تفسیر اور لا۔ لائے نہی ہے، جس کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، یا أَنْ مصدریہ ناصبہ ہے، جس کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے اور لا حرف نفی ہے۔ ❾ دو متحرک ہم جنس حرف سین ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا (قاعدہ:يَمُدُّ)۔ ❿ اس کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہوگیا (قاعدہ :نون تاکید ثقیلہ)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَا۔ تَحْسَبُوْهُ [1]	نہ خیال کرو تم اس کو	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ح س ب	تَفْعَلُوْ	تَحْسَبُوْنَ ❶	النور:11
لِتَحْسَبُوْهُ [1]	تاکہ آپ خیال کریں اُسے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تَحْسَبُوْنَ ❷	ال عمران:78
تَحْسُدُوْنَنَا [1]	تم تو حسد کرتے ہو ہم سے	//	//	نصر	//	//	ح س د	تَفْعُلُوْنَ	×	الفتح:15
فَتَحَسَّسُوْا [1]	پس تم تلاش کرو	فعل امر حاضر معلوم	//	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح س س	تَفَعَّلُوا	//	یوسف:87
اِنْ۔ تُحْسِنُوْا [1]	اگر تم نیکی کرتے رہو	فعل مضارع معلوم	//	افعال.	//	صحیح	ح س ن	تُفْعِلُوْا	تُحْسِنُوْنَ ❸	النساء:128
تَحُسُّوْنَهُمْ [1]	تم ان کو قتل کررہے تھے	//	//	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ح س س	تَفْعُلُوْنَ	تَحْسُسُوْنَ ❹	ال عمران:152
تُحْشَرُوْنَ [9]	اکٹھے کیے جاؤ گے	فعل مضارع مجہول	//	//	//	صحیح	ح ش ر	تُفْعَلُوْنَ	×	البقرۃ:203
تَحَصُّنًا [1]	پاکدامنی	(اسم) مصدر	×	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ص ن	تَفَعُّلًا	//	النور:33
لِتُحْصِنَكُمْ [1]	تاکہ وہ محفوظ رکھیں تم کو	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	افعال	//	//	//	تُفْعِلَ	تُحْصِنُ ❺	الأنبیاء:80
تُحْصِنُوْنَ [1]	تم محفوظ رکھو گے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفْعِلُوْنَ	//	یوسف:48
لَنْ۔ تُحْصُوْهُ [1]	بالکل نہ تم نبھا سکو گے اسے	فعل نفی تاکید بلن معلوم	//	//	//	ناقص یائی	ح ص ی	تُفْعُوْ	تُحْصِيُوْنَ ❻	المزمل:20
لَا۔ تُحْصُوْهَا [2]	تو نہیں تم ان کو گن سکتے ہو	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	تُحْصِيُوْنَ ❼	ابراھیم:34
لَمْ۔ تُحِطْ [2]	نہیں احاطہ کیا تو نے	فعل نفی جحد بلم معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	اجوف واوی	ح و ط	تُفِلْ	تُحْوِطُ ❽	الکہف:68
تَحْكُمُ [1]	فیصلہ فرمائے گا	فعل مضارع معلوم	//	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ك م	تَفْعُلُ	×	الزمر:46
لِتَحْكُمَ [1]	تاکہ آپ فیصلہ کریں	//	//	//	//	//	//	تَفْعُلَ	تَحْكُمُ ❺	النساء:105
أَنْ۔ تَحْكُمُوْا [1]	کہ تم فیصلہ کرو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعُلُوْا	تَحْكُمُوْنَ ❾	النساء:58
تَحْكُمُوْنَ [4]	فیصلہ کرتے ہو تم	//	//	//	//	//	//	تَفْعُلُوْنَ	×	یونس:35
تَحُلُّ [1]	اترتی رہے گی	//	واحد مؤنث غائب	//	//	مضاعف ثلاثی	ح ل ل	تَفْعُلُ	تَحْلُلُ ❿	الرعد:31
فَلَا۔ تَحِلُّ [1]	تو نہیں وہ حلال ہے	فعل مضارع منفی معلوم	//	ضرب	//	//	//	تَفْعِلُ	تَحْلِلُ ⓫	البقرۃ:230
تَحِلَّةَ [1]	کفارہ	(اسم) مصدر	×	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تَفْعِلَةَ	تَحْلِلَةَ ⓬	التحریم:2

❶ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❷ لَامِ کَیْ کے بعد أَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❸ اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❹ دو متحرک ہم جنس حرف سین ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول فُلَانًا ہو۔ ❺ لَامِ کَیْ کے بعد أَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❻ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر یاء اور واؤ دو ساکن جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، لَنْ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❼ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، اِنْ شرطیہ کی جزا واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، پھر دو ساکن یاء اور طاء جمع ہونے سے یاء کو گرا دیا، لَمْ جازمہ کی وجہ سے جزم آئی ہے، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ بِالْأَمْرِ ہو۔ ❾ أَنْ مصدر یہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❿ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول اَلْمَكَانَ، صلہ باء اور مصدر حُلُوْلًا ہو۔ ⓫ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا فاعل اَلْمَرْأَةُ ہو۔ ⓬ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، قسم کا کفارہ یہ ہے کہ ① ایک غلام یا لونڈی آزاد کی جائے، یا ② دس مسکینوں کو کھانا کھلایا جائے، یا ③ کپڑے پہنائے جائیں، اگر ان تینوں میں سے کچھ بھی کرنے کی طاقت نہ ہو تو پھر صرف تین روزے رکھے جائیں (المائدۃ:89)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَا ـ تَحْلِقُوْا 1	نہ منڈواؤ	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ل ق	تَفْعِلُوْا	تَحْلِقُوْنَ ❶	البقرۃ:196
لَا ـ تُحِلُّوْا 1	نہ بے حرمتی کرنا	//	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح ل ل	تُفْعِلُوْا	تُحْلِلُوْنَ ❷	المائدۃ:2
لَا ـ تَحْمِلْ 1	نہ ڈال	//	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ح م ل	تَفْعِلْ	تَحْمِلُ ❸	البقرۃ:286
اِنْ ـ تَحْمِلْ 1	اگر تو حملہ کرے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعِلْ	تَحْمِلُ ❹	الأعراف:176
تَحْمِلُ 4	اٹھاتی ہے	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	تَفْعِلُ	×	الرعد:8
لَا ـ تَحْمِلُ 1	نہیں اٹھائے پھرتے	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	//	العنكبوت:60
مَا ـ تَحْمِلُ 2	نہیں حاملہ ہوتی	//	//	//	//	//	//	//	//	فاطر:11
لَا ـ تُحَمِّلْنَا 1	نہ اٹھوا ہم سے	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تُفَعِّلْ	تُحَمِّلُ ❸	البقرۃ:286
لِتَحْمِلَهُمْ 1	تاکہ آپ ان کو سواری دیں	فعل مضارع معلوم	//	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	تَفْعِلَ	تَحْمِلُ ❺	التوبۃ:92
تُحْمَلُوْنَ 2	تم سوار کیے جاتے ہو	فعل مضارع مجہول	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفْعَلُوْنَ	×	المؤمنون:22
لَا ـ تَحْنَثْ 1	نہ قسم توڑ	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	//	//	ح ن ث	تَفْعَلْ	تَحْنَثُ ❸	صٓ:44
تَحْوِيْلًا 3	تبدیل کرنے	(اسم) مصدر	×	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ح و ل	تَفْعِيْلًا	×	بنی اسرائیل:56
تُحْيِ 1	تو زندہ کرے گا	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	//	لفیف مقرون	ح ی و	تُفْعِلْ	تُحْيِيُ ❻	البقرۃ:260
تَحِيَّةٍ 6	تحفہ	(اسم) مصدر	×	تفعیل	//	//	//	تَفْعِلَةٍ	تَحْيِيَةٍ ❼	النور:61
تَحِيْدُ 1	بھاگتا رہا	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ح ی د	تَفْعِلُ	تَحْيِدُ ❽	قٓ:19
لَمْ ـ تُحِيْطُوْا 1	نہ احاطہ کرسکے تھے تم	فعل نفی جحد بلم معلوم	جمع مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ح و ط	تُفْعِلُوْا	تُحْوِطُوْنَ ❾	النمل:84
تَحْيَوْنَ 1	تم زندہ رہو گے	فعل مضارع معلوم	//	سمع	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	ح ی و	تَفْعَوْنَ	تَحْيَيُوْنَ ❿	الأعراف:25
تَخَاصُمُ 1	جھگڑا	(اسم) مصدر	×	تفاعل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	خ ص م	تَفَاعُلُ	×	صٓ:64
لَا ـ تُخَاطِبْنِيْ 2	نہ کچھ بھی کہنا مجھ سے	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	مفاعلہ	//	//	خ ط ب	تُفَاعِلْ	تُخَاطِبُ ⓫	ہود:37
لَا ـ تَخَافُ 1	تجھے خوف نہ ہو	فعل مضارع منفی معلوم	//	سمع	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	خ و ف	تَفْعَلُ	تَخْوَفُ ⓬	طٰہٰ:77
لَا ـ تَخَافَا 1	نہ ڈرو تم	فعل نہی حاضر معلوم	تثنیہ مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلَا	تَخْوَفَانِ ⓭	طٰہٰ:46
لَا ـ تُخَافِتْ 1	نہ بہت آہستہ کرو تم	//	واحد مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	خ ف ت	تُفَاعِلْ	تُخَافِتُ ❸	بنی اسرائیل:110
اِمَّا ـ تَخَافَنَّ 1	اگر آپ ڈریں	فعل مضارع معلوم بانون تاکید ثقیلہ	//	سمع	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	خ و ف	تَفْعَلَنَّ	تَخْوَفُ ⓮	الأنفال:58
اَلَّا ـ تَخَافُوْا 1	یہ کہ نہ خوف کھاؤ	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلُوْا	تَخْوَفُوْنَ ⓯	حم السجدۃ:30

❶ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❷ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کردیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❸ لائے نہی کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❹ اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❺ لام کَـیْ کے بعد أَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول فُلَانًا ہو۔ ❻ امر کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے آخر سے حرف علت واؤ گر گیا۔ ❼ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یَرْضٰی) تو یہ تَحْيِيَةٍ ہوگا، پھر دو متحرک ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کردیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، ج: تَحِيَّاتٌ ۔ ❽ یاء متحرک ماقبل

حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا(قاعدہ: یُقَالُ)۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا(قاعدہ: یُقَالُ)۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا(قاعدہ: قال) پھر دوساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرادیا۔ ⓫ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ ⓬ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا(قاعدہ: یُقَالُ) ⓭ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا(قاعدہ: یُقَالُ)، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓮ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا(قاعدہ: یُقَالُ)، نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہے(قاعدہ: نون تاکید ثقیله)، نون تاکید ثقیلہ سے پہلے اکثر لام تاکید آتا ہے، مگر اس کی جگہ اِمّا بھی آجاتا ہے۔ ⓯ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا(قاعدہ: یُقَالُ)، أَلَّا اصل میں أَنْ لَا تھا، أَنْ مخففه من الثقیله ہے، اس کا اسم ضمیر شان محذوف ہے، اور لا، لائے نہی ہے جس کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، یا یہ أَنْ تفسیریہ ہے، بعض کے نزدیک أَنْ مصدریہ ناصبہ ہے جس کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، اور لا حرف نفی ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تَخَافُوْنَ 3	تم کو خدشہ ہو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	خ و ف	تَفْعَلُوْنَ	تَخْوَفُوْنَ (1)	النساء:34
لَا ـ تَخَافُوْنَ 2	نہیں ڈرتے ہو تم	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	//	الأنعام:81
فَلَا ـ تَخَافُوْهُمْ 1	تو نہ تم ان سے ڈرو	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعَلُوْ	تَخْوَفُوْنَ (2)	ال عمرٰن:175
لَا ـ تَخَافِيْ 1	نہ خوف کھانا	//	واحد مؤنث حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلِيْ	تَخْوَفِيْنَ (2)	القصص:7
وَاِنْ ـ تُخَالِطُوْهُمْ 1	اگر تم ملا دو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	خ ل ط	تُفَاعِلُوْ	تُخَالِطُوْنَ (3)	البقرة:220
فَتُخْبِتَ 1	مطمئن ہوں	//	واحد مؤنث غائب	افعال	//	//	خ ب ت	تُفْعِلَ	تُخْبِتُ (4)	الحج:54
تَخْتَانُوْنَ 1	خیانت کرتے	//	جمع مذکر حاضر	افتعال	//	اجوف واوی	خ و ن	تَفْتَعِلُوْنَ	تَخْتَوِنُوْنَ (5)	البقرة:187
لَا ـ تَخْتَصِمُوْا 1	نہ جھگڑو	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	صحیح	خ ص م	تَفْتَعِلُوْا	تَخْتَصِمُوْنَ (6)	قٓ:28
تَخْتَصِمُوْنَ 1	جھگڑو گے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَفْتَعِلُوْنَ	×	الزمر:31
تَخْتَلِفُوْنَ 6	اختلاف کرتے رہے	//	//	//	//	//	خ ل ف	//	//	ال عمرٰن:55
تَخِرُّ 1	گر پڑیں	//	واحد مؤنث غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	خ ر ر	تَفْعِلُ	تَخْرِرُ (7)	مریم:90
تَخْرُجُ 4	نکلتی ہے	//	//	نصر	//	صحیح	خ ر ج	تَفْعُلُ	×	الكهف:5
تَخْرُجْ 3	وہ نکلے گا	//	//	//	//	//	//	تَفْعُلْ	× (8)	طٰه:22
حَتّٰى ـ تَخْرُجَ 1	حتی کہ آپ خود نکل پڑیں	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعُلَ	× (9)	الحجرات:5
تُخْرِجُ 3	نکالتا	//	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تُفْعِلُ	×	ال عمرٰن:27
لِتُخْرِجَ 2	تا کہ تو نکالے	//	//	//	//	//	//	تُفْعِلَ	× (10)	ابراهيم:1
لَنْ ـ تَخْرُجُوْا 1	بالکل نہیں تم نکلو گے	فعل نفی تاکید بلن معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	تَفْعُلُوْا	تَخْرُجُوْنَ (11)	التوبة:83
لِتُخْرِجُوْا 1	تا کہ تم نکال باہر کرو	فعل مضارع معلوم	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تُفْعِلُوْا	تُخْرِجُوْنَ (12)	الأعراف:123
لَا ـ تُخْرِجُوْنَ 1	نہ نکالنا	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	تُفْعِلُوْنَ	×	البقرة:84
تُخْرِجُوْنَ 1	نکال دیتے ہو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	//	البقرة:85
تَخْرُجُوْنَ 1	نکل پڑو گے	//	//	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	تَفْعُلُوْنَ	//	الروم:25
تُخْرَجُوْنَ 3	تم کو نکالا جائے گا	فعل مضارع مجہول	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تُفْعَلُوْنَ	//	الأعراف:25
فَتُخْرِجُوْهُ 1	تو تم اس کو نکالو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تُفْعِلُوْ	تُخْرِجُوْنَ (13)	الأنعام:148
لَا ـ تُخْرِجُوْهُنَّ 1	نہ نکالو تم ان کو	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	تُفْعِلُوْ	تُخْرِجُوْنَ (1)	الطلاق:1

(1) واوٌ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واوٌ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واوٌ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا(قاعدہ: يُقَالُ)۔ (2) واوٌ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واوٌ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واوٌ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا(قاعدہ: يُقَالُ)، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ (3) اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ (4) بواسطہ حرف عطف فاء لام كَيْ کے بعد اَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ (5) واوٌ متحرک ماقبل مفتوح واوٌ کو الف سے بدل دیا(قاعدہ: قال) ۔ (6) لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ (7) دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا(قاعدہ: يَمُدُّ) ۔ (8) یہ امر کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے۔ (9) حَتّٰى کے بعد اَنْ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے فتحہ آیا ہے۔ (10) لَام كَيْ کے بعد اَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ (11) لَنْ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ (12) لَام كَيْ کے بعد اَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ (13) فاء کے بعد اَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	
تَخْرُصُوْنَ [1]	اندازے کرتے	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	خ ر ص	تَفْعُلُوْنَ	×	الأنعام:
لَنْ ۔ تَخْرِقَ [1]	ہرگز نہیں پھاڑ سکتا	فعل نفی تاکید بلن معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	//	//	خ ر ق	تَفْعِلَ	تَخْرِقُ ①	بنی اسرائیل
لَا ۔ تُخْزِنَا [1]	نہ ذلیل کرنا ہم کو	فعل نہی حاضر معلوم	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	خ ز ی	تُفْعِ	تُخْزِیُ ②	ال عمران:
لَا ۔ تُخْزِنِیْ [1]	نہ رسوا کرنا مجھے	//	//	//	//	//	//	//	تُخْزِیُ ③	الشعراء:
لَا ۔ تُخْزُوْنِ [2]	نہ بے عزت کرو مجھے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفْعُوْ	تُخْزِیُوْنَ ④	ھود:78
لَا ۔ تُخْسِرُوْا [1]	نہ کم کرو	//	//	//	//	صحیح	خ س ر	تُفْعِلُوْا	تُخْسِرُوْنَ ⑤	الرحمٰن:
تَخْسِیْرٍ [1]	نقصان	(اسم) مصدر	×	تفعیل	//	//	//	تَفْعِیْلٍ	×	ھود:63
لَا ۔ تَخْشٰی [1]	نہ ڈر	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	خ ش ی	تَفْعَلُ	تَخْشَیُ ⑥	طٰہٰ:77
تَخْشٰی [3]	تو ڈر رہا تھا	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تَخْشَیُ ⑥	الأحزاب:37
أَنْ ۔ تَخْشَعَ [1]	کہ ڈر کر	//	واحد مؤنث غائب	فتح	//	صحیح	خ ش ع	تَفْعَلَ	تَخْشَعُ ⑦	الحدید:16
فَلَا ۔ تَخْشَوُا [1]	پس نہ ڈرو تم	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	سمع	//	ناقص یائی	خ ش ی	تَفْعَوْا	تَخْشَیُوْنَ ⑧	المائدۃ:44
تَخْشَوْنَ [2]	تم ڈرتے ہو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعَوْنَ	تَخْشَیُوْنَ ⑨	التوبۃ:24
أَنْ ۔ تَخْشَوْہُ [1]	یہ کہ تم اس سے ڈرو	//	//	//	//	//	//	تَفْعَوْا	تَخْشَیُوْنَ ⑩	التوبۃ:13
فَلَا ۔ تَخْشَوْھُمْ [2]	پس نہ ڈرو تم ان سے	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	//	تَخْشَیُوْنَ ⑪	البقرۃ:150
فَلَا ۔ تَخْضَعْنَ [1]	تو نہ نرم کرنا	//	جمع مؤنث حاضر	فتح	//	صحیح	خ ض ع	تَفْعَلْنَ	×	الأحزاب:32
فَتَخْطَفُهُ [1]	پھر اسکو اچک لے جائیں	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	سمع	//	//	خ ط ف	تَفْعَلُ	//	الحج:31
لَا ۔ تَخُطُّهُ [1]	نہ ہی تو لکھ سکتا تھا اس کو	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	خ ط ط	تَفْعُلُ	تَخْطُطُ ⑫	العنکبوت:48
لَا ۔ تَخَفْ [9]	نہ ڈرو	فعل نہی حاضر معلوم	//	سمع	//	اجوف واوی	خ و ف	تَفَلْ	تَخْوَفُ ⑬	ھود:70
لَا ۔ تَخْفٰی [1]	نہ پوشیدہ رہے گی	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	ناقص یائی	خ ف ی	تَفْعَلُ	تَخْفَیُ ⑥	الحاقۃ:18
اِنْ ۔ تُخْفُوْا [1]	اگر تم پوشیدہ رکھو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تُفْعُوْا	تُخْفِیُوْنَ ⑭	ال عمران:29

① لَنْ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ② لائے نہی کی وجہ سے آخر سے حرف علت یاء گرگئی، اس کے آخر میں نا ضمیر مفعول بہ ہے۔ ③ لائے نہی کی وجہ سے آخر سے حرف علت یاء گرگئی، اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ ④ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء کو گرادیا (قاعدہ: رَضُوْا)، اس کے آخر میں نون وقایہ ہے، نون اعرابی لائے نہی کی وجہ سے گرگیا ہے، اور یائے متکلم تخفیفا حذف ہوچکی ہے۔ ⑤ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گرگیا ہے۔ ⑥ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ⑦ أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ⑧ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گرگیا، واؤ اصل میں ساکن تھی اس کو آگے ملانے کے لیے ضمہ دے دیا، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گرگیا ہے۔ ⑨ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گرگیا۔ ⑩ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن جمع ہونے سے الف گرگیا، أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گرگیا ہے۔ ⑪ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گرگیا، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گرگیا ہے۔ ⑫ دو متحرک ہم جنس حرف طاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کردیا (قاعدہ: یَمُدُّ)۔ ⑬ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف گرگیا۔ ⑭ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گرگئی (قاعدہ: رَضُوْا)، اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گرگیا ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تُخْفُوْنَ 3	چھپاتے	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	خ ف ی	تُفْعُوْنَ	تُخْفِيُوْنَ ❶	المائدۃ:15
تُخْفُوْهُ 4	پوشیدہ رکھو اس کو	//	//	//	//	//	//	تُفْعُوْ	تُخْفِيُوْنَ ❷	البقرۃ:284
تُخْفِىْ 2	چھپائے ہوئے ہیں	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	تُفْعِلُ	تُخْفِيُ ❸	ال عمرٰن:118
تُخْفِىْ 1	تو چھپا رہا تھا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	//	تُخْفِيُ ❸	الأحزاب:37
تَخْفِيْفٌ 1	تخفیف	(اسم) مصدر	×	تفعیل	//	مضاعف ثلاثی	خ ف ف	تَفْعِيْلٌ	×	البقرۃ:178
تَخَلَّتْ 1	خالی ہوجائے گی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	تفعّل	//	ناقص واوی	خ ل و	تَفَعَّتْ	تَخَلَّوَتْ ❹	الانشقاق:4
تَخْلُدُوْنَ 1	ہمیشہ ہمیشہ رہوگے	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	خ ل د	تَفْعُلُوْنَ	×	الشعراء:129
لَا۔تُخْلِفُ 1	نہیں توڑتا	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	خ ل ف	تُفْعِلُ	//	الِ عمرٰن:194
لَنْ۔تُخْلَفَهٗ 1	اس کی خلاف ورزی تجھ سے ہرگز نہ کی جائے گی	فعل نفی تاکید بلن مجہول	//	//	//	//	//	تُفْعَلَ	تُخْلَفُ ❺	طٰہٰ:97
تَخْلُقُ 1	تو بناتا تھا	فعل مضارع معلوم	//	نصر	ثلاثی مجرد	//	خ ل ق	تَفْعُلُ	×	المائدۃ:110
تَخْلُقُوْنَ 2	تم گھڑتے ہو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعُلُوْنَ	× ❻	العنکبوت:17
تَخَوُّفٍ 1	ڈر پیدا ہونے پر	(اسم) مصدر	×	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	خ و ف	تَفَعُّلٍ	×	النحل:47
لَا۔تَخُوْنُوْا 1	نہ خیانت کرو	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	//	خ و ن	تَفْعُلُوْا	تَخْوُنُوْنَ ❼	الأنفال:27
تَخُوْنُوْا 1	نہ ہی خیانت کرو	//	//	//	//	//	//	//	تَخْوُنُوْنَ ❽	//
تَخْوِيْفًا 1	ڈرانے کے لیے	(اسم) مصدر	×	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	خ و ف	تَفْعِيْلًا	×	بنی اسرائیل:59
تَخَيَّرُوْنَ 1	تم کو پسند ہے	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعّل	//	اجوف یائی	خ ی ر	تَفَعَّلُوْنَ	تَتَخَيَّرُوْنَ ❾	القلم:38
أَنْ۔تَدَارَكَهٗ 1	کہ یہ سنبھالتی اس کو	//	واحد مؤنث غائب	تفاعل	//	صحیح	د ر ك	تَفَاعَلَ	تَتَدَارَكَ ❿	القلم:49
تَدَايَنْتُمْ 1	تم لین دین کرو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	اجوف یائی	د ی ن	تَفَاعَلْتُمْ	×	البقرۃ:282
تَدَّخِرُوْنَ 1	تم جمع کرتے ہو	فعل مضارع معلوم	//	افتعال	//	صحیح	ذ خ ر	تَفْتَعِلُوْنَ	تَذْتَخِرُوْنَ ⓫	ال عمرٰن:49
مَنْ۔تُدْخِلِ 1	جس کو تو داخل کرے گا	//	واحد مذکر حاضر	افعال	//	//	د خ ل	تُفْعِلِ	تُدْخِلُ ⓬	ال عمرٰن:192

❶ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❷ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، بواسطہ حرف عطف اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❸ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت کو گرا دیا (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❹ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف گر گیا۔ ❺ لَنْ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے ❻ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الْقَوْل ہو۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ) بواسطہ حرف عطف لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❾ باب تفعّل کے مضارع میں دو تاء جمع ہونے سے ایک کو تخفیفا حذف کر دیا (قاعدہ: تائے تفعّل)۔ ❿ باب تفاعل کے مضارع میں دو تاء جمع ہونے سے ایک کو تخفیفا حذف کر دیا (قاعدہ: تائے تفاعل)، اس کے شروع میں اَنْ مصدریہ ناصبہ آنے کی وجہ سے نصب آئی ہے، بعض کے نزدیک یہ فعل ماضی صیغہ واحد مذکر غائب ہے، اس کا فاعل چونکہ مؤنث غیر حقیقی ہے اس لیے فعل کا مذکر آنا بھی جائز ہے۔ ⓫ باب افتعال کے فاء کلمہ میں ذال واقع ہوا تو تائے افتعال کو دال سے بدل دیا، پھر دال اور ذال کے قریب المخرج ہونے کی وجہ سے ذال کو دال سے بدل کر دال میں ادغام کر دیا (قاعدہ: تائے افتعال)۔ ⓬ مَنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے جزم آئی ہے، لام اصل میں ساکن تھا اس کو آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے کسرہ دے دیا۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَتَدْخُلُنَّ [1]	کہ ضرور تم داخل ہوگے	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	د خ ل	لَتَفْعُلُنَّ	تَدْخُلُوْنَ ❶	الفتح:27
أَنْ۔ تَدْخُلُوْا [3]	کہ تم داخل ہوجاؤ گے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعُلُوْا	تَدْخُلُوْنَ ❷	البقرۃ:214
لَا۔ تَدْخُلُوْا [4]	مت تم داخل ہونا	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	//	تَدْخُلُوْنَ ❸	یوسف:67
تَدْرُسُوْنَ [2]	تم خود پڑھتے ہو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	د ر س	تَفْعُلُوْنَ	×	ال عمرٰن:79
أَنْ۔ تُدْرِكَ [1]	کہ وہ پالے	//	واحد مؤنث غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	د ر ك	تُفْعِلَ	تُدْرِكُ ❹	یٰس:40
لَا۔ تُدْرِكُهُ [1]	نہیں پاسکتیں اس کو	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	تُفْعِلُ	×	الأنعام:103
لَا۔ تَدْرُوْنَ [1]	نہیں معلوم تم کو	//	جمع مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	د ر ی	تَفْعُوْنَ	تَدْرِيُوْنَ ❺	النساء:11
مَا۔ تَدْرِيْ [2]	نہیں معلوم	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	تَفْعِلُ	تَدْرِيُ ❻	لقمان:34
لَا۔ تَدْرِيْ [2]	نہیں معلوم تجھے	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	//	تَدْرِيُ ❻	الطلاق:1
لَا۔ تَدْعُ [3]	نہ پکارنا	فعل نہی حاضر معلوم	//	نصر	//	ناقص واوی	د ع و	تَفْعُ	تَدْعُوُ ❼	یونس:106
إِنْ۔ تَدْعُ [2]	اگر بلائے	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	//	تَدْعُوُ ❽	فاطر:18
تُدْعٰى [1]	بلائی جائے گی	فعل مضارع مجہول	//	//	//	//	//	تُفْعَلُ	تُدْعَوُ ❾	الجاثیۃ:28
أَيًّامَّا۔ تَدْعُوْا [1]	جس (نام) سے تم پکارو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعُوْا	تَدْعُوُوْنَ ❿	بنی اسرائیل:110
لَا۔ تَدْعُوْا [2]	نہ پکارو	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	//	تَدْعُوُوْنَ ⓫	الفرقان:14
تَدْعُوْا [1]	نہ بلاؤ	//	//	//	//	//	//	//	تَدْعُوُوْنَ ⓬	محمد:35
تَدْعُوْا [1]	وہ بلائے گی	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	تَفْعُلُ	تَدْعُوُ ⓭	المعارج:17
تَدْعُوْنَ [18]	تم بلاؤ گے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعُوْنَ	تَدْعُوُوْنَ ⓮	الأنعام:40
تُدْعَوْنَ [3]	تم کو بلایا جاتا تھا	فعل مضارع مجہول	//	//	//	//	//	تُفْعَوْنَ	تُدْعَوُوْنَ ⓯	المؤمن:10
تَدَّعُوْنَ [2]	تم طلب کروگے	فعل مضارع معلوم	//	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تَفْتَعُوْنَ	تَدْتَعِوُوْنَ ⓰	حم السجدۃ:31

فَلَا۔ تَسْمَعُوْنَ [1]	بھلا نہیں سن رہے ہو تم	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	//	القصص:71
تُسَمّٰى [1]	جس کا نام رکھا گیا ہے	فعل مضارع مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	س م و	تُفَعَّلُ	تُسَمَّوُ ❹	الدھر:18
تَسْمِيَةَ [1]	نام	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	تَفْعِلَةً	تَسْمِيْوٌ ❺	النجم:27
تَسْنِيْمٍ [1]	تسنیم	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	س ن م	تَفْعِيْلٍ	× ❻	المطففین:27
تُسَوّٰى [1]	برابر کر دی جائے	فعل مضارع مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	//	لفیف مقرون	س و ی	تُفَعَّلُ	تُسَوَّيُ ❼	النساء:42
تَسْوَدُّ [1]	سیاہ پڑ جائیں گے	فعل مضارع معلوم	//	اِفْعِلَال	//	اجوف واوی	س و د	تَفْعَلُّ	×	ال عمرٰن:106
تَسَوَّرُوْا [1]	وہ دیوار پھاند کر آ گئے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	تفعّل	//	//	س و ر	تَفَعَّلُوْا	//	صٓ:21
تَسِيْرُ [1]	چلنے لگیں	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	س ی ر	تَفْعِلُ	تَسْيِرُ ❽	الطور:10
تُسِيْمُوْنَ [1]	تم چراتے ہو	//	جمع مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	س و م	تُفْعِلُوْنَ	تُسْوِمُوْنَ ❾	النحل:10
تَشَاءُ [9]	چاہتا ہے	//	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	اجوف یائی ومہموز اللام	ش ی ء	تَفْعَلُ	تَشْيَءُ ❿	ال عمرٰن:26

❶ اِنْ شرطیہ کی جزا واقع ہونے کی وجہ سے جزم آ گئی ہے۔ ❷ نون تاکید ثقیلہ لاحق ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا، پھر دو ساکن واؤ اور نون تاکید جمع ہونے سے واؤ بھی گر گئی (قاعدہ: نون تاکید ثقیلہ)۔ ❸ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❹ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب پانچویں جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضی)، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❺ یہ اصل میں تَسْمِيْوٌ بروزن تَفْعِيْلٌ تھا، واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوبا ادغام کر دیا (قاعدہ: مَرْمِيٌّ)، تو یہ تَسْمِيٌّ ہو گیا، پھر تخفیفا ایک یاء کو حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تاء لے آئے اور دوسری یاء کو فتحہ دے دیا، یا یہ بروزن تَفْعِلَةٌ مصدر سماعی ہے، یہ اصل میں تَسْمِوَةٌ تھا، واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضی)۔ ❻ تسنیم جنت کی بہترین شراب ہے جو جنت کے بالائی علاقوں سے ایک چشمے کے ذریعے سے آئے گی، بعض کے نزدیک یہ جنت کے ایک چشمے کا نام ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر بمعنی اسم فاعل ہے۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❽ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)۔ ❿ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مَا۔تَشَاءُوْنَ [2]	تم نہیں چاہتے ہو	فعل مضارع منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	اجوف یائی ومہموز اللام	ش ی ء	تَفْعَلُوْنَ	تَشْيَئُوْنَ ❶	الدهر:30
تَشَابَهَ [3]	مشتبہ ہوگئی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفاعل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ش ب ه	تَفَاعَلَ	×	البقرة:70
تَشَابَهَتْ [1]	مل گئے ہیں	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	تَفَاعَلَتْ	//	البقرة:118
تُشَاقُّوْنَ [1]	جھگڑتے رہے	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	//	مضاعف ثلاثی	ش ق ق	تُفَاعِلُوْنَ	تُشَاقِقُوْنَ ❷	النحل:27
تَشَاوُرٌ [1]	مشورے	(اسم) مصدر	×	تفاعل	//	اجوف واوی	ش و ر	تَفَاعُلٌ	×	البقرة:233
لَا۔تَشْتَرُوْا [3]	نہ خریدو	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	افتعال	//	ناقص یائی	ش ر ی	تَفْتَعُوْا	تَشْتَرِيُوْنَ ❸	البقرة:41
تَشْتَكِيْ [1]	شکایت کررہی تھی	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	ناقص واوی	ش ك و	تَفْتَعِلُ	تَشْتَكِوُ ❹	المجادلة:1
تَشْتَهِيْ [2]	چاہیں گے	//	//	//	//	//	ش ه و	//	تَشْتَهِوُ ❹	حم السجدة:31
تَشْخَصُ [1]	کھلی کی کھلی رہ جائیں گی	//	//	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ش خ ص	تَفْعَلُ	×	ابراهيم:42
تَشْرَبُوْنَ [2]	تم پیتے ہو	//	جمع مذکر حاضر	سمع	//	//	ش ر ب	تَفْعَلُوْنَ	//	المؤمنون:33
لَا۔تُشْرِكْ [2]	نہ شریک بنانا	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ش ر ك	تُفْعِلْ	تُشْرِكُ ❺	الحج:26
أَنْ۔تُشْرِكَ [1]	کہ تو شرک کرے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تُفْعِلَ	تُشْرِكُ ❻	لقمان:15
لِتُشْرِكَ [1]	تاکہ تو شرک کرے	//	//	//	//	//	//	//	تُشْرِكُ ❼	العنكبوت:8
لَا۔تُشْرِكُوْا [1]	نہ شریک بناؤ	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفْعِلُوْا	تُشْرِكُوْنَ ❽	النساء:36
أَلَّاتُشْرِكُوا [1]	یہ کہ نہ تم شریک ٹھہراؤ	//	//	//	//	//	//	//	تُشْرِكُوْنَ ❾	الأنعام:151
أَنْ۔تُشْرِكُوْا [1]	کہ تم شرک کرو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تُشْرِكُوْنَ ❿	الأعراف:33
تُشْرِكُوْنَ [7]	تم شرک کرتے ہو	//	//	//	//	//	//	تُفْعِلُوْنَ	×	الأنعام:19
لَا۔تُشْطِطْ [1]	نہ بے انصافی کیجیے	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	مضاعف ثلاثی	ش ط ط	تُفْعِلْ	تُشْطِطُ ❺	صٓ:22
لَا۔تَشْعُرُوْنَ [3]	تم نہیں سمجھتے	فعل مضارع منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ش ع ر	تَفْعُلُوْنَ	⓫×	البقرة:154
تَشْعُرُوْنَ [1]	تم کو شعور ہوتا	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	//	الشعراء:113
لِتَشْقٰى [1]	تاکہ تم مشقت میں پڑو	//	واحد مذکر حاضر	سمع	//	ناقص یائی	ش ق ی	تَفْعَلَ	تَشْقَيَ ⓬	طه:2

❶ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ❷ دو متحرک ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے تو پہلے قاف کو ساکن کرکے دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ❸ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❹ واؤ طرف کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہوکر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رَضِيَ)، حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❺ لائے نہی ہے جس کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❻ أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❼ لام کَیْ کے بعد أَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❽ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❾ أَلَّا اصل میں أَنْ لَا تھا، أَنْ حرف تفسیر ہے اس سے پہلے أَتْلُ بمعنی قول ہے، اور لا، لائے نہی ہے جس کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ یا أَنْ مصدریہ ناصبہ ہے اور لا زائدہ ہے، اس صورت میں یہ ما سے بدل یا مبتدا محذوف کی خبر بنے گا۔ یا لا نافیہ بھی ہوسکتا ہے، اس صورت میں یہ فعل محذوف اوصیکم کا مفعول بہ یا علیکم خبر کا مبتدا بنے گا۔ ❿ أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓫ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں، جب اس کا مصدر شُعُوْرًا ہو۔ ⓬ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، لام کَیْ کے بعد أَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصبی حالت ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَتَشْقٰی 1	پھر تو مشقت میں پڑ جائے	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ش ق ی	تَفْعَلُ	تَشْقٰیُ ❶	طٰہٰ:117
تَشَقَّقُ 2	پھٹے گا	//	واحد مؤنث غائب	تفعل	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ش ق ق	تَفَعَّلُ	تَتَشَقَّقُ ❷	الفرقان:25
اِنْ۔تَشْكُرُوْا 1	اگر تم شکر کرو گے	//	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ش ك ر	تَفْعُلُوْا	تَشْكُرُوْنَ ❸	الزمر:7
تَشْكُرُوْنَ 19	شکر کرو	//	//	//	//	//	//	تَشْكُرُوْنَ	×	البقرة:52
فَلَا۔تُشْمِتْ 1	اس لیے تو نہ خوش کر	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ش م ت	تُفْعِلُ	تُشْمِتُ ❹	الأعراف:150
فَلَا۔تَشْهَدْ 1	تو نہ گواہ بنا	//	//	سمع	ثلاثی مجرد	//	ش ہ د	تَفْعَلُ	تَشْهَدُ ❹	الأنعام:150
تَشْهَدُ 2	گواہی دیں گی	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	تَفْعَلُ	×	النور:24
اَنْ۔تَشْهَدَ 1	یہ کہ وہ عورت گواہی دے	//	//	//	//	//	//	تَفْعَلَ	تَشْهَدُ ❺	النور:8
تَشْهَدُوْنَ 3	گواہ بھی ہو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلُوْنَ	×	البقرة:84
حَتّٰی۔تَشْهَدُوْنِ 1	حتی کہ تم میرے پاس حاضر ہو	//	//	//	//	//	//	تَفْعَلُوْ	تَشْهَدُوْنَ ❻	النمل:32
اَنْ۔تَشِيْعَ 1	یہ کہ پھیلے	//	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	اجوف یائی	ش ی ع	تَفْعِلَ	تَشْيِعُ ❼	النور:19
فَلَا۔تُصٰحِبْنِیْ 1	تو نہ رکھنا مجھے اپنے ساتھ	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ص ح ب	تُفَاعِلُ	تُصَاحِبُ ❽	الکہف:76
فَتُصْبِحُ 1	تو ہو جاتی	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	افعال	//	//	ص ب ح	تُفْعِلُ	×	الحج:63
فَتُصْبِحَ 1	تو وہ ہو جائے	//	//	//	//	//	//	تُفْعِلَ	تُصْبِحُ ❾	الکہف:40
فَتُصْبِحُوْا 1	پھر ہوتے رہو تم	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفْعِلُوْا	تُصْبِحُوْنَ ❿	الحجرات:6
تُصْبِحُوْنَ 1	صبح کرو	//	//	//	//	//	//	تُفْعِلُوْنَ	×	الروم:17
تَصْبِرُ 1	تو صبر کر سکتا ہے	//	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ص ب ر	تَفْعِلُ	//	الکہف:68
اِنْ۔تَصْبِرُوْا 3	اگر تم صبر رکھو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعِلُوْا	تَصْبِرُوْنَ ⓫	آل عمران:120
اَنْ۔تَصْبِرُوْا 1	کہ تم صبر کیے رکھو	//	//	//	//	//	//	//	تَصْبِرُوْنَ ⓬	النساء:25
لَا۔تَصْبِرُوْا 1	نہ صبر کرو	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	//	تَصْبِرُوْنَ ⓭	الطور:16
تَصْبِرُوْنَ 1	تم صبر کرو گے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعِلُوْنَ	×	الفرقان:20
اِنْ۔تُصِبْكَ 8	اگر تجھے پہنچتی ہے	//	واحد مؤنث غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ص و ب	تُفِلْ	تُصْوِبُ ⓮	التوبة:50

❶ یاءِ متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، لام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❷ باب تفعّل کے مضارع معلوم میں دو تاء جمع ہونے سے ایک تاء کو تخفیفاً حذف کر دیا، السَّمَاءُ چونکہ مؤنث سماعی ہے اس لیے اس کے ساتھ فعل مؤنث کا صیغہ آیا ہے۔ ❸ اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❹ لائے نہی ہے جس کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❺ اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❻ حَتّٰی کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، اس کے آخر میں نون وقایہ ہے، یاءِ ضمیر متکلم تخفیفاً حذف ہو گئی۔ ❼ یاءِ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❽ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یائے متکلم مفعول بہ ہے۔ ❾ بواسطہ حرف عطف فاء، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❿ بواسطہ حرف عطف فاء، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓫ اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓬ اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓭ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓮ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، پھر دو ساکن یاء اور باء جمع ہونے سے یاء کو گرا دیا، اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے جزم آئی ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تَصَدّٰی [1]	متوجہ ہوتے ہو	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ص د ی	تَفَعَّلُ	تَتَصَدّٰی (1)	عبس:6
تَصَدَّقَ [1]	معاف کردے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	صحیح	ص د ق	تَفَعَّلَ	×	المائدۃ:45
تَصَدَّقْ [1]	خیرات کیجیے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفَعَّلْ	//	یوسف:88
أَنْ۔تَصَدَّقُوْا [1]	کہ صدقہ ہی کردو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفَعَّلُوْا	تَتَصَدَّقُوْنَ (2)	البقرۃ:280
تُصَدِّقُوْنَ [1]	تم تصدیق کرتے ہو	//	//	تفعیل	//	//	//	تُفَعِّلُوْنَ	×	الواقعۃ:57
تَصُدُّوْنَ [2]	تم روکتے ہو	//	//	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ص د د	تَفْعُلُوْنَ	تَصْدُدُوْنَ (3)	ال عمران:99
أَنْ۔تَصُدُّوْنَا [1]	کہ روک دو ہم کو	//	//	//	//	//	//	تَفْعُلُوْ	تَصْدُدُوْنَ (4)	ابراھیم:10
تَصْدِيَةً [1]	تالیاں	(اسم) مصدر	×	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ص د ی	تَفْعِلَةً	تَصْدِيْيًا (5)	الأنفال:35
تَصْدِيْقَ [2]	تصدیق	//	//	//	//	صحیح	ص د ق	تَفْعِيْلَ	×	یونس:37
إِلَّا۔تَصْرِفْ [1]	اگر نہ تو دور کرے گا	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ص ر ف	تَفْعِلْ	تَصْرِفُ (6)	یوسف:33
تُصْرَفُوْنَ [2]	تم پھیرے جاتے ہو	فعل مضارع مجہول	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفْعَلُوْنَ	×	یونس:32
تَصْرِيْفِ [2]	پھیرنے	(اسم) مصدر	×	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تَفْعِيْلِ	//	البقرۃ:164
تَصْطَلُوْنَ [2]	سینکو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	افتعال	//	ناقص یائی	ص ل ی	تَفْتَعُوْنَ	تَصْتَلِيُوْنَ (7)	النمل:7
تُصْعِدُوْنَ [1]	تم چڑھے جا رہے ہو	//	//	افعال	//	صحیح	ص ع د	تُفْعِلُوْنَ	×	ال عمران:153
لَا۔تُصَعِّرْ [1]	نہ ٹیڑھا کرنا	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	//	//	ص ع ر	تُفَعِّلْ	تُصَعِّرُ (8)	لقمان:18
لِتَصْغٰی [1]	تاکہ مائل ہو	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ص غ و	تَفْعَلَ	تَصْغَوُ (9)	الأنعام:113
تَصِفُ [2]	بیان کرتی ہیں	//	//	ضرب	//	مثال واوی	و ص ف	تَعِلُ	تَوْصِفُ (10)	النحل:62
تَصْفَحُوْا [4]	درگزر کرو	//	جمع مذکر حاضر	فتح	//	صحیح	ص ف ح	تَفْعَلُوْا	تَصْفَحُوْنَ (11)	التغابن:14
تَصِفُوْنَ [4]	تم بیان کرتے ہو	//	//	ضرب	//	مثال واوی	و ص ف	تَعِلُوْنَ	تَوْصِفُوْنَ (10)	یوسف:18
لَا۔تَصِلُ [1]	نہیں پہنچ رہے	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	و ص ل	تَعِلُ	تَوْصِلُ (10)	ھود:70

(1) یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، باب تفعّل کے مضارع معلوم میں دو تاء جمع ہونے سے ایک تاء کو تخفیفاً حذف کردیا۔ (2) باب تفعّل کے مضارع معلوم میں دو تاء جمع ہونے سے ایک تاء کو تخفیفاً حذف کردیا، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ (3) دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے دال کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے دال کا دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:یَمُدُّ)۔ (4) دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے دال کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے دال کا دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ: یَمُدُّ)، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی حذف ہوگیا ہے، اس کے آخر میں نا ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ (5) دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:مَدٌّ) تو یہ تَصْدِيًّا بروزن تَفْعِيْلًا ہوگیا، یاء پر شد دشوار تھی، تخفیفاً ایک یاء کو حذف کردیا، اور اس کے عوض تاء لے آئے اور دوسری یاء کو فتحہ دے دیا، یا یہ بروزن تَفْعِلَةً مصدر سماعی ہے اس میں کوئی تعلیل نہیں ہوئی۔ (6) اِلَّا اصل میں اِنْ لَا ہے، اِنْ شرطیہ ہے، جس کی وجہ سے جزم آئی ہے اور لَا حرف نفی ہے۔ (7) باب افتعال کے فاء کلمہ میں صاد واقع ہوا تو تائے افتعال کو طاء سے بدل دیا(قاعدہ :تائے افتعال)، لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی(قاعدہ: رَضُوْا) (8) لائے نہی ہے جس کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ (9) واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی(قاعدہ:یرضی)، یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، لام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ (10) واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ:یَعِدُ) (11) بواسطہ حرف عطف واؤ، اِنْ شرطیہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَا۔ تُصَلِّ 1	نہ نماز پڑھیے	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ص ل و	تُفَعِّ	تُصَلِّوْ ❶	التوبة:84
تَصْلٰی 1	داخل ہوں گے	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ص ل ی	تَفْعَلُ	تَصْلَیُ ❷	الغاشية:4
تُصْلِحُوْا 1	اصلاح کروگے	//	جمع مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ص ل ح	تُفْعِلُوْا	تُصْلِحُوْنَ ❸	البقرة:224
اِنْ۔ تُصْلِحُوْا 1	اگر تم اصلاح کرو	//	//	//	//	//	//	//	تُصْلِحُوْنَ ❹	النساء:129
تَصْلِيَةُ 1	دھکیلے جانے	(اسم) مصدر	×	تفعیل	//	ناقص یائی	ص ل ی	تَفْعِلَةٌ	تَصْلِيْيٌ ❺	الواقعة:94
لِتُصْنَعَ 1	تاکہ تیری پرورش کی جائے	فعل مضارع مجہول	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ص ن ع	تُفْعَلَ	تُصْنَعُ ❻	طه:39
تَصْنَعُوْنَ 1	تم کرتے ہو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلُوْنَ	×	العنكبوت:45
اَنْ۔ تَصُوْمُوْا 1	کہ تم روزہ رکھو	//	//	نصر	//	اجوف واوی	ص و م	تَفْعُلُوْا	تَصْوُمُوْنَ ❼	البقرة:184
فَتُصِيْبَكُمْ 1	پھر پہنچتا تھا تم کو	//	واحد مؤنث غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ص و ب	تُفْعِلَ	تُصْوِبُ ❽	الفتح:25
اَنْ۔ تُصِيْبَنَا 1	آنہ لے ہم کو	//	//	//	//	//	//	//	تُصْوِبُ ❾	المائدة:52
لَا۔ تُصِيْبَنَّ 1	نہ پہنچے گا	فعل مضارع منفی معلوم بانون تاکید ثقیلہ	//	//	//	//	//	تُفْعِلَنَّ	تُصْوِبُ ❿	الأنفال:25 ع
تُصِيْبُهُمْ 3	آتی رہے گی ان پر	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تُفْعِلُ	تُصْوِبُ ⓫	الرعد:31
اَنْ۔ تُصِيْبُوْا 1	کہ نقصان نہ پہنچا بیٹھنا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفْعِلُوْا	تُصْوِبُوْنَ ⓬	الحجرات:6
تَصِيْرُ 1	واپس ہوں گے	//	واحد مؤنث غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ص ی ر	تَفْعِلُ	تَصْيِرُ ⓭	الشورى:53
لَا۔ تُضَارَّ 1	نہ تنگ کیا جائے	فعل نہی غائب مجہول	//	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ض ر ر	تُفَاعَلْ	تُضَارَرُ ⓮	البقرة:233
لَا۔ تُضَارُّوْهُنَّ 1	نہ تکلیف دو ان کو	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفَاعِلُوْ	تُضَارِرُوْنَ ⓯	الطلاق:6

❶ لائے نہی کی وجہ سے آخر سے حرف علت واؤ گر گئی۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❸ بواسطہ حرف عطف واؤ، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❹ اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❺ دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ) یہ اصل میں تَصْلِيٌّ بروزن تَفْعِيْلٌ تھا، یاء پر شد دشوار تھی، تخفیفاً ایک یاء کو حذف کر دیا، اور اس کے عوض تاء لے آئے اور دوسری یاء کو فتحہ دے دیا، یا یہ بروزن تَفْعِلَةٌ مصدر سماعی ہے، اس میں کوئی تعلیل نہیں ہوئی۔ ❻ لام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، فاء کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ) اس کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہو گیا ہے، بعض کے نزدیک یہ فعل نہی معلوم ہے۔ ⓫ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)۔ ⓬ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓭ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)۔ ⓮ لائے نہی نے آخر میں جزم دی ہے، دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے، دوسرے کا سکون عارضی یعنی جزمی ہے تو پہلے کو ساکن اور دوسرے کو فتحہ دے کر ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَدْنَ) **نوٹ**: اس صورت میں دوسرے حرف کو کسرہ دینا اور فک ادغام بھی جائز ہے۔ ⓯ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مـدہ ہے تو پہلے راء کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَا۔تَضْحٰی [1]	نہ تجھے دھوپ لگے گی	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ض ح و	تَفْعَلُ	تَضْحَوُ ❶	طٰہٰ:119
تَضْحَکُوْنَ [2]	ہنسی کرتے	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	صحیح	ض ح ك	تَفْعَلُوْنَ	×	المؤمنون:110
فَلَا۔تَضْرِبُوْا [1]	تو نہ بیان کرو	فعل نہی حاضر معلوم	//	ضرب	//	//	ض ر ب	تَفْعِلُوْا	تَضْرِبُوْنَ ❷	النحل:74
تَضَرُّعًا [3]	عاجزی	(اسم) مصدر	×	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	//	ض ر ع	تَفَعُّلًا	×	الأنعام:63
تَضَرَّعُوْا [1]	تو وہ گڑگڑاتے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	تَفَعَّلُوْا	//	الأنعام:43
لَا۔تَضُرُّوْنَهٗ [1]	نہ تم نقصان کرو گے اس کا	فعل مضارع منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ض ر ر	تَفْعُلُوْنَ	تَضْرُرُوْنَ ❸	ھود:57
لَا۔تَضُرُّوْهُ [1]	نہ تم بگاڑ سکو اس کا	//	//	//	//	//	//	تَفْعُلُو	تَضْرُرُوْنَ ❹	التوبة:39
تَضَعُ [1]	گرا دے گی	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	فتح	//	مثال واوی	و ض ع	تَعَلُ	تَوْضَعُ ❺	الحج:2
لَا۔تَضَعُ [2]	نہ وہ جنتی ہے	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	تَوْضَعُ ❺	فاطر:11
حَتّٰی۔تَضَعَ [1]	حتی کہ اتار کر رکھ دے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَعَلَ	تَوْضَعُ ❻	محمد:4
أَنْ۔تَضَعُوْا [1]	کہ اتار دو تم	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَعَلُوْا	تَوْضَعُوْنَ ❼	النساء:102
تَضَعُوْنَ [1]	تم اتار رکھتے ہو	//	//	//	//	//	//	تَعَلُوْنَ	تَوْضَعُوْنَ ❽	النور:58
أَنْ۔تَضِلَّ [1]	کہ بھول جائے	//	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ض ل ل	تَفْعِلَ	تَضْلِلُ ❾	البقرة:282
تُضِلُّ [1]	تو گمراہ کرتا ہے	//	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تُفْعِلُ	تُضْلِلُ ❿	الأعراف:155
أَنْ۔تَضِلُّوْا [2]	کہ تم بھی بھٹک جاؤ	//	جمع مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	تَفْعِلُوْا	تَضْلِلُوْنَ ⓫	النساء:44
تَضْلِيْلٍ [1]	ناکام	(اسم) مصدر	×	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تَفْعِيْلٍ	×	الفیل:2
لِتُضَيِّقُوْا [1]	تاکہ تم تنگی پیدا کرو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	اجوف یائی	ض ی ق	تُفَعِّلُوْا	تُضَيِّقُوْنَ ⓬	الطلاق:6
لَمْ۔تَطَئُوْهَا [1]	نہ پاؤں تک رکھے	فعل نفی جحد بلم معلوم	//	سمع	ثلاثی مجرد	مثال واوی ومہموز اللام	و ط ء	تَعَلُوْ	تَوْطَئُوْنَ ⓭	الأحزاب:27
أَنْ۔تَطَئُوْهُمْ [1]	کہ تم روند ڈالتے ان کو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تَوْطَئُوْنَ ⓮	الفتح:25

❶ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضٰی)، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❷ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❸ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے راء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے راء کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)۔ ❹ بواسطہ حرف عطف واؤ إِنْ شرطیہ کی جزا واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❺ واؤ علامت مضارع مفتوح اور (باب فتح کے) فتحہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ: یَهَبُ)۔ ❻ واؤ علامت مضارع مفتوح اور (باب فتح کے) فتحہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ: یَهَبُ)، حَتّٰی کے بعد أَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❼ واؤ علامت مضارع مفتوح اور (باب فتح کے) فتحہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ: یَهَبُ)، أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❽ واؤ علامت مضارع مفتوح اور (باب فتح کے) فتحہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ: یَهَبُ)۔ ❾ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے لام کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے لام کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❿ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے لام کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے لام کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ) ⓫ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے لام کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے لام کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓬ لَامِ کَیْ کے بعد أَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓭ واؤ علامت مضارع مفتوح اور فتحہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ: یَهَبُ)، لَمْ کی وجہ سے آخر سے نون اعرابی گر گیا۔ ⓮ واؤ علامت مضارع مفتوح اور فتحہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ: یَعِدُ)، أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے آخر سے نون اعرابی گر گیا۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَتَطَاوَلَ [1]	پھر طویل ہوئی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفاعل	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ط و ل	تَفَاعَلَ	×	القصص:45
لَا۔ تَطْرُدِ [1]	نہ دور کیجیے	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ط ر د	تَفْعُلَ	تَطْرُدُ ❶	الأنعام:52
فَتَطْرُدَهُمْ [1]	کہ تو ان کو دور کر دے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعُلَ	❷ ×	الأنعام:52
اِنْ۔ تُطِعْ [1]	اگر آپ اطاعت کرنے لگ جائیں	//	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ط و ع	تُفِلْ	تُطْوِعُ ❸	الأنعام:116
لَا۔ تُطِعْ [3]	نہ بات مانو	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	//	تُطْوِعْ ❹	الكهف:28
فَلَا۔ تُطِعِ [4]	بس نہ بات مانیے	//	//	//	//	//	//	//	تُطْوِعْ ❺	الفرقان:52
تُطْعِمُوْنَ [1]	تم کھلاتے ہو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	صحیح	ط ع م	تُفْعِلُوْنَ	×	المائدة:89
لَا۔ تُطِعْهُ [1]	نہ ماننا اس کی بات	فعل نہی حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	اجوف واوی	ط و ع	تُفِلْ	تُطْوِعْ ❹	العلق:19
لَا۔ تَطْغَوْا [2]	نہ حد سے تجاوز کرو	//	جمع مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ط غ ی	تَفْعَوْا	تَطْغَيُوْنَ ❻	هود:112
اَلَّا۔ تَطْغَوْا [1]	تاکہ تم زیادتی نہ کرو	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	تَطْغَيُوْنَ ❼	الرحمٰن:8
تَطْلُعُ [1]	طلوع ہوتا ہوا	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	//	صحیح	ط ل ع	تَفْعُلُ	×	الكهف:90
تَطَّلِعُ [1]	آپ اطلاع پاتے رہتے ہیں	//	واحد مذکر حاضر	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تَفْتَعِلُ	تَطْتَلِعُ ❽	المائدة:13
تَطَّلِعُ [1]	جا لپٹے گی	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	//	تَطْتَلِعُ ❽	الهمزة:7

❶ اس کے آخر میں دال اصل میں لائے نہی کی وجہ سے ساکن تھا، اسے آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے کسرہ دے دیا۔ ❷ فاء کے بعد أَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، پھر دو ساکن یاء اور عین جمع ہونے سے یاء گر گئی، اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❹ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، پھر دو ساکن یاء اور عین جمع ہونے سے یاء گر گئی، لائے نہی کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❺ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، پھر دو ساکن یاء اور عین جمع ہونے سے یاء گر گئی، لائے نہی کی وجہ سے جزم آئی ہے، عین اصل میں ساکن تھی آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❻ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا، اَلَّا اصل میں اَنْ لَا تھا، اَنْ مصدریہ ناصبہ ہے جس کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، اور لا حرف نفی ہے، اور یہ بھی جائز ہے کہ اَنْ مفسرہ اور لا، لائے نہی ہو۔ ❽ باب افتعال کے فاء کلمہ میں طاء واقع ہوئی تو تائے افتعال کو طاء سے بدل دیا (قاعدہ: تائے افتعال)، پھر دو ہم جنس حرف طاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔

الفاظ	تعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تَطْمَئِنَّ	1	مطمئن ہوں	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	اِفْعِلَّال	رباعی مزید فیہ	مہموز اللام	ط م ء ن	تَفْعَلِلَّ	تَطْمَئِنُّ ❶	المائدۃ:113
تَطْمَئِنُّ	2	مطمئن ہو سکتے ہیں	//	//	//	//	//	//	تَفْعَلِلُّ	×	الرعد:28
لِتَطْمَئِنَّ	2	تاکہ مطمئن ہوں	//	//	//	//	//	///	تَفْعَلِلَّ	تَطْمَئِنُّ ❷	ال عمرٰن:126
فَتَطْمَعُوْنَ	1	بھلا تم طمع رکھتے ہو	//	جمع مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ط م ع	تَفْعَلُوْنَ	×	البقرۃ:75
تَطَهَّرْنَ	1	وہ پاک ہو جائیں	فعل ماضی معلوم	جمع مؤنث غائب	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	//	ط ہ ر	تَفَعَّلْنَ	//	البقرۃ:222
تُطَهِّرُهُمْ	1	پاک کرتے رہواں کو	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	//	//	//	تُفَعِّلُ	//	التوبۃ:103
تَطْهِيْرًا	1	پاک رکھنا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	تَفْعِيْلًا	//	الأحزاب:33
تَطَوَّعَ	2	خوشی سے کرے گا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعّل	//	اجوف واوی	ط و ع	تَفَعَّلَ	//	البقرۃ:158
اِنْ ـ تُطِيْعُوْا	5	اگر تم اطاعت کرو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	افعال	//	//	//	تُفْعِلُوْا	تُطْوِعُوْنَ ❸	ال عمرٰن:100
لَا ـ تُطِيْعُوْا	1	نہ مانو	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	//	تُطْوِعُوْنَ ❹	الشعراء:151
تَطَيَّرْنَا	1	منحوس سمجھتے ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعّل	//	اجوف یائی	ط ی ر	تَفَعَّلْنَا	×	یسٓ:18
تَظَاهَرَا	1	ایک دوسرے کے معاون	//	تثنیہ مذکر غائب	تفاعل	//	صحیح	ظ ہ ر	تَفَاعَلَا	//	القصص:48
اِنْ ـ تَظَاهَرَا	1	اگر تم مدد کرو گی	فعل مضارع معلوم	تثنیہ مؤنث حاضر	//	//	//	//	//	تَتَظَاهَرَانِ ❺	التحریم:4
تَظَاهَرُوْنَ	1	مدد بھی کرتے ہو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفَاعَلُوْنَ	تَتَظَاهَرُوْنَ ❻	البقرۃ:85
تُظَاهِرُوْنَ	1	تم ظہار کرتے ہو	//	//	مفاعلہ	//	//	//	تُفَاعِلُوْنَ	× ❼	الأحزاب:4
لَمْ ـ تَظْلِمْ	1	نہ کمی کرتے تھے	فعل نفی جحد بلم معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ظ ل م	تَفْعِلْ	تَظْلِمُ ❽	الکہف:33
فَلَا ـ تُظْلَمُ	2	پھر نہ ظلم ہوگا	فعل مضارع منفی مجہول	//	//	//	//	//	تُفْعَلُ	×	الأنبیاء:47
فَلَا ـ تَظْلِمُوْا	1	بس نہ ظلم کرو	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعِلُوْا	تَظْلِمُوْنَ ❾	التوبۃ:36
لَا ـ تَظْلِمُوْنَ	1	نہ تم ظلم کرو	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعِلُوْنَ	×	البقرۃ:279
لَا ـ تُظْلَمُوْنَ	4	نہ تم پر ظلم ہوگا	فعل مضارع منفی مجہول	//	//	//	//	//	تُفْعَلُوْنَ	//	البقرۃ:272
لَا ـ تَظْمَأُ	1	نہ تو پیاسا رہے گا	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	//	مہموز اللام	ظ م ء	تَفْعَلُ	//	طٰہٰ:119
تَظُنُّ	1	وہ خیال کریں گے	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ظ ن ن	تَفْعُلُ	تَظْنُنُ ❿	القیامۃ:25
تَظُنُّوْنَ	2	تم خیال کرو گے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعُلُوْنَ	تَظْنُنُوْنَ ❿	بنی اسرائیل:52

❶ بواسطہ حرف عطف واؤ اَنْ مصدر یہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❷ لَام کَیْ کے بعد اَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❹ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❺ باب تفاعل کے مضارع معلوم میں دو تاء جمع ہونے سے ایک تاء کو تخفیفاً حذف کر دیا، اس کے آخر سے نون اعرابی اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے حذف ہو گیا ہے۔ ❻ باب تفاعل کے مضارع معلوم میں دو تاء جمع ہونے سے ایک تاء کو تخفیفاً حذف کر دیا۔ ❼ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول اِمْرَأَتَهٗ یا صلہ مِنْهَا ہو، ظہار کا مطلب ہے کہ خاوند اپنی بیوی کو کہہ دے ''تو مجھ پر میری ماں کی پیٹھ کی طرح ہے'' ظہار سے طلاق تو نہیں ہوتی البتہ بیوی سے ہم بستری کرنے سے پہلے کفارہ دینا واجب ہو جاتا ہے، ظہار کا کفارہ یہ ہے کہ وہ ایک غلام آزاد کرے یا دو مہینے لگاتار روزے رکھے یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے۔ ❽ لَمْ کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❾ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❿ دو متحرک ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے نون کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تُظْهِرُوْنَ 1	تم دوپہر کرتے ہو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ظ ہ ر	تُفْعِلُوْنَ	×	الروم:18
لِتَعَارَفُوْا 1	تاکہ تم آپس کی شناخت کرو	//	//	تفاعل	//	//	ع ر ف	تَفَاعَلُوْا	تَتَعَارَفُوْنَ ❶	الحجرات:13
تَعَاسَرْتُمْ 1	تم باہم ضد کروگے	فعل ماضی معلوم	//	//	//	//	ع س ر	تَفَاعَلْتُمْ	×	الطلاق:6
فَتَعَاطٰى 1	تو اس نے دست درازی کی	//	واحد مذکر غائب	//	//	ناقص یائی	ع ط ی	تَفَاعَلَ	تَعَاطَیَ ❷	القمر:29
تَعَالٰى 14	وہ بہت بلند وبالا ہے	//	//	//	//	ناقص واوی	ع ل و	تَفَاعَلَ	تَعَالَوَ ❸	الأنعام:100
تَعَالَوْا 17	تم آؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفَاعَوْا	تَعَالَوُوْا ❹	ال عمران:61
فَتَعَالَيْنَ 1	تو آؤ	//	جمع مؤنث حاضر	//	//	//	//	تَفَاعَيْنَ	تَعَالَوْنَ ❺	الأحزاب:28
لَا۔تَعَاوَنُوْا 1	نہ تعاون کرنا	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	اجوف واوی	ع و ن	تَفَاعَلُوْا	تَعَاوَنُوْنَ ❻	المائدة:2
تَعَاوَنُوْا 1	تعاون کرو	فعل امر حاضر معلوم	//	//	//	//	//	//	×	//
تَعْبَثُوْنَ 1	کھیلتے ہو	فعل مضارع معلوم	//	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ع ب ث	تَفْعَلُوْنَ	//	الشعراء:128
تَعْبُدُ 1	تم عبادت کرتے	//	واحد مذکر حاضر	نصر	//	//	ع ب د	تَفْعُلُ	//	مریم:42
لَا۔تَعْبُدِ 1	نہ عبادت کرو	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعُلْ	تَعْبُدُ ❼	مریم:44
تَعْبُدُ 1	وہ عبادت کرتے	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	تَفْعُلُ	×	النمل:43
أَلَّا۔تَعْبُدُوْا 7	یہ کہ نہ عبادت کرو	فعل مضارع منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعُلُوْا	تَعْبُدُوْنَ ❽	هود:2
لَا۔تَعْبُدُوْنَ 7	نہیں عبادت کروگے	//	//	//	//	//	//	تَفْعُلُوْنَ	×	البقرة:83
تَعْبُدُوْنَ 16	عبادت کرتے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	//	البقرة:172
تَعْبُرُوْنَ 1	تعبیر بناتے	//	//	//	//	//	ع ب ر	//	//	یوسف:43
لَا۔تَعْتَدُوْا 3	نہ زیادتی کرو	فعل نہی حاضر معلوم	//	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ع د و	تَفْتَعُوا	تَعْتَدِوُوْنَ ❾	البقرة:190
أَنْ۔تَعْتَدُوْا 1	کہ تم زیادتی کرنے لگو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تَعْتَدِوُوْنَ ❿	المائدة:2
لِتَعْتَدُوْا 1	تاکہ تم زیادتی کرتے رہو	//	//	//	//	//	//	//	تَعْتَدِوُوْنَ ⓫	البقرة:231

❶ لام کَیْ کے بعد أَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، باب تفاعل کے مضارع معلوم میں دو تاء جمع ہونے سے ایک تاء کو تخفیفاً حذف کردیا۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❸ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب پانچویں جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یَرْضٰی)، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❹ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب پانچویں جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یَرْضٰی)، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ❺ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب پانچویں جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضٰی)۔ ❻ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❼ یہ اصل میں لائے نہی کی وجہ سے ساکن تھا، آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❽ أَلَّا اصل میں أَنْ لَا تھا، أَنْ مصدریہ ناصبہ ہے جس کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، اور لا حرف نفی ہے، یا أَنْ مخففہ من الثقیلہ اور لا، لائے نہی ہے، بعض کے نزدیک أَنْ تفسیریہ بھی ہوسکتا ہے۔ ❾ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی (قاعدہ: رَضُوا)، لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❿ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی (قاعدہ: رَضُوا)، أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓫ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی (قاعدہ: رَضُوا)، لام کَیْ کے بعد أَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تَعْتَدُّوْنَهَا 1	تم ان سے عدت پوری کرانے لگو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ع د د	تَفْتَعِلُوْنَ	تَعْتَدِدُوْنَ (1)	الأحزاب:
لَا۔تَعْتَذِرُوْا 3	نہ بہانے بناؤ	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	صحیح	ع ذ ر	تَفْتَعِلُوْا	تَعْتَذِرُوْنَ (2)	التوبة:66
لَا۔تَعْثَوْا 15	نہ پھیرو	//	//	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ع ث و	تَفْعَوْا	تَعْثَوُوْنَ (3)	البقرة:60
اِنْ۔تَعْجَبْ 1	اگر تم تعجب کرو	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	صحیح	ع ج ب	تَفْعَلْ	تَعْجَبُ (4)	الرعد:5
فَلَا۔تُعْجِبْكَ 2	تو نہ تجھے تعجب میں ڈالیں	فعل نہی غائب معلوم	واحد مؤنث غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تُفْعِلْ	تُعْجِبُ (5)	التوبة:55
تُعْجِبُكَ 1	تو اچھے لگتے ہیں تجھ کو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تُفْعِلُ	×	المنافقون:4
تَعْجَبُوْنَ 1	تم تعجب کرتے ہو	//	جمع مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	تَفْعَلُوْنَ	//	النجم:59
تَعْجَبِيْنَ 1	تم کو تعجب ہے	//	واحد مؤنث حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلِيْنَ	//	هود:73
لِتَعْجَلَ 1	تا کہ جلدی یاد کرلو	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	ع ج ل	تَفْعَلَ	تَعْجَلُ (6)	القيامة:16
فَلَا۔تَعْجَلْ 2	پس نہ جلدی کرو تم	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعَلْ	تَعْجَلُ (5)	مريم:84
تَعَجَّلَ 1	جلدی کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تَفَعَّلَ	×	البقرة:203
لَا۔تَعْدُ 1	نہ آگے بڑھیں	فعل نہی غائب معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ع د و	تَفْعُ	تَعْدُوْ (7)	الكهف:28
تَعِدَانِنِيْ 1	تم مجھے وعدہ بتلاتے ہو	فعل مضارع معلوم	تثنیہ مذکر حاضر	ضرب	//	مثال واوی	و ع د	تَعِلَانِ	تَوْعِدَانِ (8)	الأحقاف:17
اِنْ۔تَعْدِلْ 1	اگر وہ معاوضہ دے	//	واحد مؤنث غائب	//	//	صحیح	ع د ل	تَفْعِلْ	تَعْدِلُ (4)	الأنعام:70
اَلَّا۔تَعْدِلُوْا 2	یہ کہ نہ بے انصافی کرو تم	فعل مضارع منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعِلُوْا	تَعْدِلُوْنَ (9)	النساء:3
اَنْ۔تَعْدِلُوْا 2	کہ تم انصاف کرسکو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تَعْدِلُوْنَ (10)	النساء:129
تَعِدُنَا 4	تو وعدہ دلاتا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	مثال واوی	و ع د	تَعِلُ	تَوْعِدُ (11)	الأعراف:70
لَا۔تَعْدُوْا 1	نہ زیادتی کرنا	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	//	ناقص واوی	ع د و	تَفْعُوْا	تَعْدُوُوْنَ (12)	النساء:154
اِنْ۔تَعُدُّوْا 2	اگر تم شمار کرنے لگو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	مضاعف ثلاثی	ع د د	تَفْعُلُوْا	تَعْدُدُوْنَ (13)	ابراهيم:34

(1) دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے دال کو ساکن کر کے دوسرے دال میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، عدت کے لغوی معنی ہیں شمار کرنا اور اصطلاحاً عدت اس مدت کو کہتے ہیں جو عورت خاوند کی وفات یا طلاق دینے کے بعد سوگ یا استبراء رحم کے لیے گزارتی ہے، جس عورت کا خاوند فوت ہو جائے اس کی عدت 4 ماہ دس دن، مطلقہ کی عدت تین ماہ یا تین حیض اور حاملہ عورت کی عدت وضع حمل ہوتی ہے۔ (2) لائے نہی کی وجہ سے آخر سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ (3) واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضٰی)، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا، لائے نہی کی وجہ سے آخر سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ (4) اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ (5) لائے نہی کی وجہ سے آخر میں جزم آئی ہے۔ (6) لام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ (7) لائے نہی کی وجہ سے آخر سے حرف علت واؤ گر گئی۔ (8) واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ: یَعِدُ)، اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ (9) اَلَّا اصل میں اَنْ لَا تھا اَنْ مصدریہ ناصبہ ہے جس کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے اور لَا حرف نفی ہے۔ (10) اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ (11) واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ: یَعِدُ)۔ (12) لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل بھی مضموم تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ کو گرا دیا (قاعدہ: یَدْعُوْ)، لائے نہی کی وجہ سے آخر سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ (13) دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے دال کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے دال کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
تَعُدُّوْنَ 2	تم حساب کرتے ہو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ع د د	تَفْعُلُوْنَ	تَعْدُدُوْنَ ❶	الحج:47
أَنْ۔تُعَذِّبَ 1	کہ تو سزا دے	//	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ع ذ ب	تُفَعِّلَ	تُعَذِّبُ ❷	الکهف:86
اِنْ۔تُعَذِّبْهُمْ 1	اگر تو عذاب دے ان کو	//	//	//	//	//	//	تُفَعِّلْ	تُعَذِّبُ ❸	المائدة:118
لَا۔تُعَذِّبْهُمْ 1	نہ تو سزا دے ان کو	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	//	تُعَذِّبُ ❹	طه:47
لَا۔تَعْرٰی 1	نہ ننگے ہوں گے	فعل مضارع منفی معلوم	//	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ع ر ی	تَفْعَلَ	تَعْرَیَ ❺	طه:118
تَعْرُجُ 1	چڑھتے ہیں	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	//	صحیح	ع ر ج	تَفْعُلُ	×	المعارج:4
اِنْ۔تُعْرِضْ 1	آپ ٹال مٹول کردیں گے	//	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ع ر ض	تُفْعِلْ	تُعْرِضُ ❸	المائدة:42
اِمَّا۔تُعْرِضَنَّ 1	اگر تم پہلو تہی کرو	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	//	//	//	//	//	تُفْعِلَنَّ	تُعْرِضُ ❻	بنی اسرائیل:28
تُعْرِضُوْا 1	پہلو تہی کرنے لگو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تُفْعِلُوْا	تُعْرِضُوْنَ ❼	النساء:135
لِتُعْرِضُوْا 1	تاکہ تم درگزر کرو	//	//	//	//	//	//	//	تُعْرِضُوْنَ ❽	التوبة:95
تُعْرَضُوْنَ 1	تم پیش کیے جاؤ گے	فعل مضارع مجہول	//	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	تُفْعَلُوْنَ	×	الحاقة:18
تَعْرِفُ 3	آپ دیکھتے ہیں	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	ع ر ف	تَفْعِلُ	//	الحج:72
لَتَعْرِفَنَّهُمْ 1	ضرور تم تو ان کو پہچان لوگے	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	//	//	//	//	//	لَتَفْعِلَنَّ	تَعْرِفُ ❾	محمد:30
فَتَعْرِفُوْنَهَا 1	پھر تم ان کو پہچان لوگے	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعِلُوْنَ	×	النمل:93
تُعِزُّ 1	تو عزت دیتا ہے	//	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ع ز ز	تُفْعِلُ	تُعْزِزُ ❿	ال عمرٰن:26
تُعَزِّرُوْهُ 1	تم اس کی مدد کرو	//	جمع مذکر حاضر	تفعیل	//	صحیح	ع ز ر	تُفَعِّلُوْا	تُعَزِّرُوْنَ ⓫	الفتح:9
لَا۔تَعْزِمُوْا 1	نہ عزم کرو تم	فعل نہی حاضر معلوم	//	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ع ز م	تَفْعِلُوْا	تَعْزِمُوْنَ ⓬	البقرة:235
فَتَعْسًا 1	تو ہلاکت	(اسم) مصدر	×	فتح	//	//	ت ع س	فَعْلًا	×	محمد:8
فَلَا۔تَعْضُلُوْهُنَّ 2	تو نہ روکو ان کو	فعل نہی حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	//	//	ع ض ل	تَفْعُلُوْ	تَعْضُلُوْنَ ⓬	البقرة:232
تَعِظُوْنَ 1	تم نصیحت کرتے ہو	فعل مضارع معلوم	//	ضرب	//	مثال واوی	و ع ظ	تَعِلُوْنَ	تَوْعِظُوْنَ ⓭	الأعراف:164
التَّعَفُّفِ 1	سوال سے بچنے کی	(اسم) مصدر	×	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ع ف ف	تَفَعُّلِ	×	البقرة:273
أَنْ۔تَعْفُوْا 1	کہ تم اپنا حق چھوڑو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ع ف و	تَفْعُوْا	تَعْفُوُوْنَ ⓮	البقرة:237

❶ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے دال کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے دال کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ:یَمُدُّ)۔ ❷ أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❸ اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❹ لائے نہی کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❺ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، بواسطہ حرف عطف اَنْ ناصبہ کی وجہ سے منصوب ہے۔ ❻ اس کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہوگیا ہے (قاعدہ:نون تاکید ثقیلہ)۔ ❼ بواسطہ حرف عطف اَوْ، اِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❽ لام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❾ نون تاکید ثقیلہ آنے کی وجہ سے یہ فتحہ پر مبنی ہے (قاعدہ:نون تاکید ثقیلہ)۔ ❿ دو متحرک ہم جنس حرف زاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلی زاء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلی زاء کا دوسری میں ادغام کردیا (قاعدہ:یَمُدُّ)۔ ⓫ بوسطہ حرف عطف واؤ، لام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓬ لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓭ واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہوکر گر گئی (قاعدہ:یَعِدُ)۔ ⓮ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل بھی مضموم تو حرف علت کی حرکت کو گرادیا، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ کو گرادیا (قاعدہ:یَدْعُوْ)، أَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
1 إِنْ۔تَعْفُوْا	اگر تم معاف کردو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ع ف و	تَفْعُوْا	تَعْفُوُوْنَ ❶	التغابن:14
1 تَعْفُوا	تم معاف کردو	//	//	//	//	//	//	//	تَعْفُوُوْنَ ❷	النساء:149
12 أَفَلَا۔تَعْقِلُوْنَ	کیا بھلا نہیں تم سمجھتے ہو	فعل مضارع منفی معلوم	//	ضرب	//	صحیح	ع ق ل	تَفْعِلُوْنَ	×	البقرة:44
12 تَعْقِلُوْنَ	تم سمجھو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	//	البقرة:73
4 لَمْ۔تَعْلَمْ	تو نے نہیں جانا	فعل نفی جحد بلم معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	//	//	ع ل م	تَفْعَلْ	تَعْلَمُ ❸	البقرة:106
6 تَعْلَمُ	تو جانتا	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعَلُ	×	النساء:113
1 تَعْلَمَ	تو جان لیتا	//	//	//	//	//	//	تَفْعَلَ	تَعْلَمُ ❹	التوبة:43
1 لِتَعْلَمَ	تاکہ وہ جان لے	//	//	//	//	//	//	//	تَعْلَمُ ❺	القصص:13
1 فَلَا۔تَعْلَمُ	تو نہیں جانتا	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	تَفْعَلُ	×	السجدة:17
2 لَتَعْلَمُنَّ	تم ضرور جان لوگے	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	لَتَفْعَلُنَّ	تَعْلَمُوْنَ ❻	طٰہ:71
1 أَنْ۔تُعَلِّمَنِ	کہ تو مجھے سکھادے	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تُفَعِّلَ	تُعَلِّمُ ❼	الکہف:66
1 لَا۔تَعْلَمُهُمْ	نہیں جانتے آپ ان کو	فعل مضارع منفی معلوم	//	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	تَفْعَلُ	×	التوبة:101
1 حَتّٰى۔تَعْلَمُوْا	تم سمجھنے لگ جاؤ	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلُوْا	تَعْلَمُوْنَ ❽	النساء:43
5 لَمْ۔تَعْلَمُوْا	نہیں جانتے تھے	فعل نفی جحد بلم معلوم	//	//	//	//	//	//	تَعْلَمُوْنَ ❾	الأنعام:91
4 لِتَعْلَمُوا	تاکہ تم جان سکو	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	//	تَعْلَمُوْنَ ❿	المائدة:97
39 تَعْلَمُوْنَ	جانتے بھی ہو	//	//	//	//	//	//	تَفْعَلُوْنَ	×	البقرة:22
21 لَا۔تَعْلَمُوْنَ	نہیں جانتے ہو تم	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	//	البقرة:30
3 تُعَلِّمُوْنَ	سکھاتے ہو	فعل مضارع معلوم	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تُفَعِّلُوْنَ	//	آل عمران:79
1 لَتَعْلُنَّ	ضرور سرکشی کروگے	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	//	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ع ل و	لَتَفْعُنَّ	تَعْلُوُوْنَ ⓫	بنی اسرائیل:4
3 تُعْلِنُوْنَ	ظاہر کرتے ہو	فعل مضارع معلوم	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ع ل ن	تُفْعِلُوْنَ	×	النحل:19

❶ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل بھی مضموم تو حرف علت کی حرکت کو گرادیا، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ کو گرادیا (قاعدہ: یَدْعُوْ)، إِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❷ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل بھی مضموم تو حرف علت کی حرکت کو گرادیا، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ کو گرادیا (قاعدہ: یَدْعُوْ)، بواسطہ حرف عطف اَوْ، إِنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❸ لَمْ کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❹ بواسطہ حرف عطف واؤ، حَتّٰى کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❺ لام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ❻ نون تاکید ثقیلہ لاحق ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا، پھر دو ساکن واؤ اور نون جمع ہونے سے واؤ بھی گر گئی (قاعدہ: نون تاکید ثقیلہ)۔ ❼ اَنْ مصدریہ ناصبہ کی وجہ سے نصب آئی ہے، اس کے آخر میں نون وقایہ ہے، یائے متکلم تخفیفاً حذف ہو چکی ہے۔ ❽ حَتّٰى کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❾ لَمْ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❿ لام کَیْ کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓫ حرف علت لام کلمہ میں مضموم اس کا ماقبل بھی مضموم تو حرف علت کی حرکت کو گرادیا، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی (قاعدہ: یَدْعُوْ)، نون تاکید ثقیلہ لاحق ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا، پھر دو ساکن واؤ اور نون تاکید جمع ہونے سے واؤ بھی گر گئی (قاعدہ: نون تاکید ثقیلہ)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
أَلَّا_تَعْلُوا [1]	یہ کہ نہ سرکشی کرو	فعل مضارع منفی معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ع ل و	تَفْعُوا	تَعْلُوُوْنَ ❶	النمل:31
أَنْ لَّا_تَعْلُوا [1]	یہ کہ نہ تم سرکشی کرو	فعل نہی حاضر معلوم	//	//	//	//	//	//	تَعْلُوُوْنَ ❷	الدخان:19
لَا_تَعْمَى [2]	نہیں اندھی ہوتی	فعل مضارع منفی معلوم	واحد مؤنث غائب	سمع	//	ناقص یائی	ع م ی	تَفْعَلُ	تَعْمَيُ ❸	الحج:46
تَعَمَّدَتْ [1]	ارادہ کریں	فعل ماضی معلوم	//	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ع م د	تَفَعَّلَتْ	×	الأحزاب:5
تَعْمَلُ [1]	عمل کرتے رہے	فعل مضارع معلوم	//	سمع	ثلاثی مجرد	//	ع م ل	تَفْعَلُ	//	الأنبياء:74
تَعْمَلُ [1]	عمل کرتی رہے گی	//	//	//	//	//	//	تَفْعَلُ	تَعْمَلُ ❹	الأحزاب:31
تَعْمَلُوْنَ [83]	تم کرتے ہو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفْعَلُوْنَ	×	البقرة:74
لَتَعُوْدُنَّ [2]	تم لازماً واپس آجاؤ	فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم	//	نصر	//	اجوف واوی	ع و د	لَتَفْعُلُنَّ	تَعُوْدُوْنَ ❺	الأعراف:88
إِنْ_تَعُوْدُوْا [1]	اگر پھر لوٹو گے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَفْعُلُوْا	تَعُوْدُوْنَ ❻	الأنفال:19
أَنْ_تَعُوْدُوْا [1]	دوبارہ کرنا	//	//	//	//	//	//	//	تَعُوْدُوْنَ ❼	النور:17
تَعُوْدُوْنَ [1]	تم پھر سے پیدا ہوگے	//	//	//	//	//	//	تَفْعُلُوْنَ	تَعُوْدُوْنَ ❽	الأعراف:29
أَلَّا_تَعُوْلُوْا [1]	یہ کہ نہ بے انصافی کرو تم	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	ع و ل	تَفْعُلُوْا	تَعُوْلُوْنَ ❾	النساء:3
تَعِيَهَا [1]	یاد رکھیں اسے	فعل مضارع معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	لفیف مفروق	و ع ی	تَعِلَ	تَوْعِيُ ❿	الحاقة:12
التَّغَابُنِ [1]	ہار جیت	(اسم) مصدر	×	تفاعل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	غ ب ن	تَفَاعُلِ	× ⓫	التغابن:9
حَتّٰى_تَغْتَسِلُوْا [1]	حتی کہ تم غسل کرلو	فعل مضارع معلوم	جمع مذکر حاضر	افتعال	//	//	غ س ل	تَفْتَعِلُوْا	تَغْتَسِلُوْنَ ⓬	النساء:43
تَغْرُبُ [1]	وہ غروب ہو رہا ہے	//	واحد مؤنث غائب	نصر	ثلاثی مجرد	//	غ ر ب	تَفْعُلُ	×	الكهف:86
لِتُغْرِقَ [1]	تاکہ تو غرق کردے	//	واحد مذکر حاضر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	غ ر ق	تُفْعِلَ	تُغْرِقُ ⓭	الكهف:71

❶ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل بھی مضموم تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ کو گرا دیا (قاعدہ:یَدْعُوْ)، أَلَّا اصل میں أَنْ لَا تھا، أَنْ مصدر یہ ناصبہ ہے جس کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، اور لا حرف نفی ہے، اور یہ بھی جائز ہے کہ أَنْ حرف تفسیر ہو اور لا، لائے نہی ہو جس کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❷ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل بھی مضموم تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ کو گرا دیا (قاعدہ:یَدْعُوْ)، أَنْ حرف تفسیر اور لا، لائے نہی ہے جس کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❸ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قَالَ) ❹ بواسطہ حرف عطف واؤ مَــنْ شرطیہ کی شرط واقع ہونے کی وجہ سے جزم آئی ہے۔ ❺ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ:یَقُالُ)، نون تاکید ثقیلہ لاحق ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا، پھر دو ساکن واؤ اور نون تاکید جمع ہونے سے واؤ بھی گر گئی (قاعدہ:نون تاکید ثقیلہ)۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ:یُقَالُ)، إِنْ شرطیہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ:یُقَالُ)، أَنْ مصدر یہ ناصبہ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ:یُقَالُ)۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ:یُقَالُ)، أَلَّا اصل میں أَنْ لَا تھا، أَنْ مصدر یہ ناصبہ ہے جس کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، اور لا حرف نفی ہے۔ ❿ واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہو کر گر گئی (قاعدہ:یَعِدُ)، بواسطہ حرف عطف واؤ، لام کَیْ کے بعد أَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔ ⓫ ﴿ يَوْمُ التَّغَابُنِ ﴾ سے مراد قیامت کا دن ہے، تغابن کے معنی ہیں دھوکہ دہی، قیامت کے دن کو یَوْمُ التَّغَابُن اس لیے کہا گیا ہے کہ لوگوں نے اللہ تعالیٰ سے جو عہد و پیمان کیا تھا پھر اس کی خلاف ورزی کی اور اپنی دانست میں دھوکہ دیتے رہے اس دن ان کا یہ فعل کھل کر سامنے آجائے گا بعض نے یَوْمُ التَّغَابُن کے معنی ''ہار جیت کا دن'' کیے ہیں یعنی اس دن اہل حق جیت جائیں گے اور اہل باطل ہار جائیں گے۔ ⓬ حَتّٰى کے بعد أَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ⓭ لام کَیْ کے بعد أَنْ مصدر یہ ناصبہ مقدر ہونے کی وجہ سے نصب آئی ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَلَا۔تَغُرَّنَّكُمُ [2]	تو نہ دھوکے میں ڈالے تم کو	فعل نہی حاضر معلوم بانون تاکید ثقیلہ	واحد مؤنث غائب	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	غ ر ر	تَفعُلَنَّ	تَغرُرُ (1)	لقمان:33
تَغۡشٰی [1]	ڈھانپے ہوگی	فعل مضارع معلوم	//	سمع	//	ناقص یائی	غ ش ی	تَفعَلُ	تَغشَیُ (2)	ابراهیم:50
تَغَشّٰهَا [1]	اس نے ڈھانپ لیا اس کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تَفعَّلَ	تَغَشَّیَ (2)	الأعراف:189
اِنۡ۔تَغۡفِرۡ [1]	تو معاف کردے	فعل مضارع معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	غ ف ر	تَفعِلۡ	تَغفِرُ (3)	المائدة:118
لَمۡ۔تَغۡفِرۡ [1]	نہ معاف کیا تو نے اس کو	فعل نفی جحد بلم معلوم	//	//	//	//	//	//	تَغفِرُ (4)	الأعراف:23
اِلَّا۔تَغۡفِرۡ [1]	اگر نہ تو معاف کرے گا	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	تَغفِرُ (5)	هود:47
لِتَغۡفِرَ [1]	تاکہ تو معاف کردے	فعل مضارع معلوم	//	//	//	//	//	تَفعِلَ	تَغفِرُ (6)	نوح:7
تَغۡفِرُوۡا [1]	بخش دو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	تَفعِلُوا	تَغفِرُونَ (7)	التغابن:14
تَغۡفُلُوۡنَ [1]	تم غافل ہو جاؤ	//	//	نصر	//	//	غ ف ل	تَفعُلُونَ	×	النساء:102
تَغۡلِبُوۡنَ [1]	غالب رہو	//	//	ضرب	//	//	غ ل ب	تَفعِلُونَ	//	حم السجدة:26
سَتُغۡلَبُوۡنَ [1]	جلدی ہی تم مغلوب کیے جاؤ گے	فعل مضارع مجہول	//	//	//	//	//	تُفعَلُونَ	//	ال عمرٰن:12
لَا۔تَغۡلُوۡا [2]	نہ حد سے گزرو	فعل نہی حاضر معلوم	//	نصر	//	ناقص واوی	غ ل و	تَفعُوا	تَغلُوُونَ (8)	النساء:171
اَنۡ۔تُغۡمِضُوۡا [1]	یہ کہ تم آنکھیں بند کرلو	فعل مضارع معلوم	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	غ م ض	تُفعِلُوا	تُغمِضُونَ (9)	البقرة:267
لَمۡ۔تَغۡنَ [1]	موجود ہی نہ تھی	فعل نفی جحد بلم معلوم	واحد مؤنث غائب	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	غ ن ی	تَفعَ	تَغنَیُ (10)	یونس:24
فَلَمۡ۔تُغۡنِ [1]	پھر نہ وہ کام آسکی	//	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	تُفعِ	تُغنِیُ (10)	التوبة:25
لَا۔تُغۡنِ [1]	تو نہیں فائدہ دے سکتی	فعل مضارع منفی معلوم	//	//	//	//	//	//	تُغنِیُ (11)	یٰسٓ:23
فَمَا۔تُغۡنِ [1]	پھر وہ کوئی فائدہ نہیں دیتیں	//	//	//	//	//	//	//	تُغنِیُ (12)	القمر:5
لَنۡ۔تُغۡنِیَ [4]	بالکل نہ کام آئیں گے	فعل نفی تاکید بلن معلوم	//	//	//	//	//	تُفعِلَ	تُغنِیُ (13)	ال عمرٰن:10
نوٹ: اس کی جمع الف تاء کے ساتھ ثُبَاتٌ اور واؤ نون کے ساتھ ثُبُونَ دونوں طرح آتی ہے۔ ❻ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، ج: أثْرَاءٌ۔ ❼ یہ ملحق بقرطاس ہے، یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، ج: ثَعَابِينُ ❽ م: ثَقِيلٌ و ثِقَالٌ، اس کی جمع ثُقَلَاءُ اور ثُقُلٌ بھی آتی ہے۔ ❾ تُمْ ضمیر کے بعد هُمْ ضمیر لاحق ہونے کی وجہ سے میم کو ضمہ دے کر اس کے بعد واؤ زیادہ کر دی (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوهُ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشَّيْ ہو۔ ❿ م: ثَقَلٌ، اس کے لفظی معنی ہیں "بیش قیمت نفیس چیز" یہاں انسان اور جنات کو ثقلان اس اعتبار سے کہا گیا ہے کہ یہ مکلف ہونے کی وجہ سے باقی مخلوقات سے مقام ومرتبہ میں بھاری بھر کم ہیں یا اس اعتبار سے ہے کہ ان پر مکلف ہونے کا بوجھ ڈالا گیا ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
ثَقُلَتْ 4	بھاری ہوگئی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	کرم	ثلاثی مجرد	صحیح	ث ق ل	فَعُلَتْ	×	الأعراف:
ثَقِيلًا 2	بہت بھاری	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعِيلًا	×❶	المزمل:5
ثُلَاثَ 6	تین	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ث ل ث	فَعَالَ	×❷	الکہف:25
ثُلَاثَ 2	تین تین	//	//	//	//	//	//	فُعَالَ	×❸	النساء:3
ثَلَاثَةِ 13	تین	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعَالَةِ	×❹	البقرة:196
ثَلَاثُونَ 1	تیس	//	ملحق جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَعَالُونَ	×❺	الأحقاف:15
ثَلَاثِينَ 1	تیس	//	//	//	//	//	//	فَعَالِينَ	×❻	الأعراف:142
ثُلَّةٌ 3	بہت بڑی جماعت	//	اسم جمع	//	ثلاثی مجرد	//	ث ل ل	فُعْلَةٌ	ثُلْلَةٌ❼	الواقعة:13
الثُّلُثُ 3	تیسرا حصہ	//	واحد مذکر	//	//	//	ث ل ث	فُعُلُ	×❽	النساء:11
ثُلُثَا 1	دوتہائی	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فُعُلَا	ثُلُثَانِ❾	النساء:11
الثُّلُثَانِ 1	دوتہائی	//	//	//	//	//	//	فُعُلَانِ	ثُلُثَانِ❿	النساء:176
ثُلُثَيِ 1	دوتہائی	//	//	//	//	//	//	فُعُلَيِ	ثُلُثَيْنِ⓫	المزمل:20
ثَمَّ 4	وہاں	//	واحد مذکر	//	//	//	ث م م	فَعْلَ	ثَمْمَ⓬	الشعراء:64
ثُمَّ 337	پھر	حرف عطف	×	//	×	×	×	×	×⓭	البقرة:28
ثَمَانِيَ 1	آٹھ	اسم جامد	واحد مذکر	//	رباعی مزید فیہ	ناقص یائی	ث م ن ی	فَعَالِلَ	×⓮	القصص:27
ثَمَانِيَةَ 4	آٹھ	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعَالِلَةَ	×⓯	الأنعام:143
ثَمَانِينَ 1	اسی	//	ملحق جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَعَالِينَ	ثَمَانِيِينَ⓰	النور:4
ثَمَرٌ 5	پھل	//	اسم جنس جمعی	//	ثلاثی مجرد	صحیح	ث م ر	فَعَلٌ	×⓱	الکہف:34
ثَمَرَاتِ 16	پھلوں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَعَلَاتِ	×⓲	النحل:67

❶ ج:ثِقَالٌ و ثُقُلٌ ۔ ❷ یہ اسم عدد ذاتی مذکر اس لیے آیا ہے کہ اس کی تمیز مِائَةٍ مؤنث ہے، کیونکہ تذکیر و تانیث میں یہ ہمیشہ خلاف قیاس آتا ہے ۔ ❸ یہ اسم عدد عدل اور وصف کی بناء پر غیر منصرف ہے، یہ اصل میں ثَلَاثٌ ثَلَاثٌ تھا پھر اس سے معدول کر کے ثُلَاثَ بنایا گیا۔ ❹ یہ اسم عدد ذاتی مؤنث اس لیے آیا ہے کہ اس کی تمیز أَزْوَاجٌ مذکر ہے، کیونکہ تذکیر و تانیث میں یہ ہمیشہ خلاف قیاس آتا ہے۔ ❺ یہ اسم عدد ذاتی مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے ایک ہی طرح آتا ہے، اس کی تمیز مفرد منصوب ہوتی ہے، یہ اعراب میں جمع مذکر سالم کے مشابہ ہونے کی وجہ سے ملحق بجمع مذکر سالم کہلاتا ہے، یہاں اس کی رفعی حالت ہے۔ ❻ یہ اسم عدد ذاتی مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے ایک ہی طرح آتا ہے، اس کی تمیز مفرد منصوب ہوتی ہے، یہ اعراب میں جمع مذکر سالم کے مشابہ ہونے کی وجہ سے ملحق بجمع مذکر سالم کہلاتا ہے، یہاں اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❼ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف ساکن ہے تو پہلے لام کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے لام میں ادغام کر دیا (قاعدہ:يَمُدُّ)، ج:ثُلَلٌ۔ ❽ یہ اسم عدد کسری ہے، اس کو عین کلمہ کے سکون کے ساتھ الثُّلْثُ بھی پڑھا جاتا ہے، ج:أَثْلَاثٌ۔ ❾ یہ اسم عدد کسری ہے، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، یہ اس کی رفعی حالت ہے، آگے ملانے کے لیے یاء کو کسرہ دیا، م:الثُّلُثُ ، ج:أَثْلَاثٌ۔ ❿ یہ اسم عدد کسری ہے، یہ اس کی رفعی حالت ہے، م:الثُّلُثُ ، ج:أَثْلَاثٌ۔ ⓫ یہ اسم کسری عدد ہے، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م:الثُّلُثُ۔ ⓬ یہ اسم اشارہ بمعنی هُنَاكَ (ظرف مکان) دور جگہ کی طرف اشارہ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے، اپنی اصل کے اعتبار سے یہ ظرف مکان غیر متصرف ہے، دو ہم جنس حرفوں میم میں سے پہلا میم ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کو دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدٌّ)۔ ⓭ یہ تراخی مع الزمان کے لیے آتا ہے۔ ⓮ یہ اسم عدد ذاتی اسم منقوص ہے، اضافت کی وجہ سے اس کی تنوین حذف ہوگئی ہے، یہ تذکیر و تانیث میں ہمیشہ خلاف قیاس آتا ہے، یہاں مذکر اس لیے آیا ہے کہ اس کی تمیز حِجَجٍ مؤنث ہے۔ ⓯ یہ اسم عدد ذاتی اسم منقوص ہے، اضافت کی وجہ سے اس کی تنوین حذف ہوگئی ہے، یہ تذکیر و تانیث میں ہمیشہ خلاف قیاس آتا ہے، یہاں مؤنث اس لیے آیا ہے کہ اس کی تمیز أَزْوَاجٍ مذکر ہے۔ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل مکسور تو حرف علت کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء جمع ہوئے ایک یاء گر گئی (قاعدہ:تَرْمِينَ)۔ ⓰ م:ثَمَرَةٌ ، ج:ثِمَارٌ و ثَمَرَاتٌ۔ ⓱ م: ثَمَرَةٌ و ثُمُرٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
ثَمَرَةٍ [1]	کوئی پھل	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ث م ر	فَعَلَةٍ	× ❶	البقرة:25
الثُّمُنُ [1]	آٹھواں حصہ	//	واحد مذکر	//	//	//	ث م ن	فُعُلُ	× ❷	النساء:12
ثَمَنًا [11]	قیمت	//	//	//	//	//	//	فَعَلًا	× ❸	البقرة:41
ثَمُودَ [26]	ثمود	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مزید فیہ	//	ث م د	فَعُولَ	× ❹	الأعراف:73
ثَوَابَ [13]	بدلہ	اسم مصدر	×	افعال	//	اجوف واوی	ث و ب	فَعَالَ	× ❺	آل عمران:145
ثُوِّبَ [1]	بدلہ دیے گئے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	تفعیل	//	//	//	فُعِّلَ	×	المطففين:36
ثِيَابٌ [8]	کپڑے	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	//	//	فِعَالٌ	ثِوَابٌ ❻	الحج:19
ثَيِّبَاتٍ [1]	شوہر دیدہ	صفت مشبہ	جمع مؤنث سالم	نصر	//	//	//	فَيْعِلَاتٍ	ثَيْوِبَاتٍ ❼	التحريم:5

❶ ج: ثَمَرٌ، ثَمَرَاتٌ۔ ❷ یہ اسم عدد کسری ہے اس کو عین کلمہ کے سکون کے ساتھ الثُّمْنُ بھی پڑھا جاسکتا ہے، ج: اَثْمَانٌ۔ ❸ ج: أَثْمَانٌ۔ ❹ یہ علمیت اور عجمہ کی بناء پر غیر منصرف ہے، یہ عرب بائدہ کا ایک قدیم قبیلہ ہے، جو بت پرست تھا، یہ حجاز اور شام کے درمیان وادی القریٰ میں آباد تھے، اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف صالح علیہ السلام کو مبعوث فرمایا، انہوں نے صالح علیہ السلام کی نافرمانی کی اور انہوں نے بطور نشانی آنے والی اونٹنی کی ٹانگیں کاٹ دیں اللہ تعالیٰ نے انہیں زلزلے اور تیز چنگھاڑ کے ذریعے تباہ و برباد کر دیا، سورۂ ھود:68 میں ﴿ثَمُودَا﴾ ہے، اس کے آخر میں الف زائدہ ہے جو صرف قرآنی رسم الخط میں آیا ہے۔ ❺ یا یہ باب تفعیل سے اسم مصدر ہے، یا ثَوَاب اس چیز کو کہتے ہیں جس کے ساتھ بدلہ دیا جائے۔ ❻ واؤ جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہوئی اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: رِيَاضٌ)، م: ثَوْبٌ، اس کی جمع أَثْوَابٌ بھی آتی ہے۔ ❼ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئیں، ان میں سے پہلی ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)، م: ثَيِّبٌ، وہ عورت جس کا پردہ بکارت زائل ہوگیا ہو، یہ اسم جنس مؤنث ہے، مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے آتا ہے، شادی شدہ مرد اور شادی شدہ عورت، مطلقہ عورت، رنڈوا مرد اور رنڈوی عورت بھی ہیں یعنی بغیر خاوند کے عورت اور بغیر بیوی کے مرد سب پر ثَيِّب کا لفظ بولا جاسکتا ہے۔

باب الجیم (ج)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
جَاءَ 171	آئے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی ومہموز اللام	ج ی ء	فَعَلَ	جَیَءَ ❶	النساء:43
جَاءَتْ 44	آجائیں گی	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	جَیَئَتْ ❷	الأنعام:109
جَائِرٌ 1	ٹیڑھا	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	//	اجوف واوی	ج و ر	فَاعِلٌ	جَاوِرٌ ❸	النحل:9
جَاءُوْا 22	لائے تھے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	ضرب	//	اجوف یائی ومہموز اللام	ج ی ء	فَعَلُوْا	جَیَئُوْ ❹	ال عمرٰن:184
جَابُوْا 1	تراشتے تھے	//	//	نصر	//	اجوف واوی	ج و ب	//	جَوَبُوْا ❺	الفجر:9
جَاثِمِیْنَ 5	اوندھے منہ	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	ض، ن	//	صحیح	ج ث م	فَاعِلِیْنَ	× ❻	الأعراف:78
جَاثِیَةً 1	گھٹنوں کے بل گرے ہوئے	//	واحد مؤنث	نصر	//	ناقص واوی	ج ث و	فَاعِلَةً	جَاثِوَةً ❼	الجاثیة:28
جَادَلْتُمْ 1	کہ تم نے جھگڑا کیا ہے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ج د ل	فَاعَلْتُمْ	×	النساء:109
جَادَلْتَنَا 1	تونے ہم سے جھگڑا کیا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَاعَلْتَ	//	ھود:32
جَادِلْهُمْ 1	بحث کروان سے	فعل امر حاضر معلوم	//	//	//	//	//	فَاعِلْ	//	النحل:125
جَادَلُوْا 2	وہ جھگڑتے رہے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَاعَلُوْا	//	المؤمن:5
جَارٌ 3	حمایتی	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	اجوف واوی	ج و ر	فَعَلٌ	جَوَرٌ ❽	الأنفال:48
فَالْجَارِيَاتِ 1	پھر چلنے والیوں	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ج ر ی	فَاعِلَاتِ	×	الذاریات:3
الْجَارِیَةِ 1	کشتی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَاعِلَةِ	× ❾	الحاقة:11
جَارِیَةٌ 1	بہہ رہے ہوں گے	اسم فاعل	//	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعِلَةٌ	×	الغاشیة:12
جَازٍ 1	کام آسکے گا	//	واحد مذکر	//	//	//	ج ز ی	فَاعٍ	جَازِیٌ ❿	لقمان:33

❶ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ :قَالَ)، جب اس کا صلہ باء ہو تو اس کے معنیٰ ''لانا'' کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الأنعام :160 میں ہے ﴿مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ﴾ ''جو نیکی لے کر آئے گا''، لفظ ﴿جَاءَ﴾ لازم اور متعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، لازم، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے اور متعدی کی مثال، جیسا کہ سورۃ ال عمرٰن :81 میں ہے ﴿جَاءَ كُمْ رَسُوْلٌ﴾۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قَالَ)۔ ❸ واؤ فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)، ج:جَوَرَةٌ و جَارَةٌ۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قَالَ)، جَاءَ کے اصل معنی ہیں ''آنا'' مگر جب اس کا صلہ باء ہو تو اس کے معنیٰ ''لانا'' کے ہوتے ہیں۔ ❺ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ) ❻ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❼ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء ہو گئی (قاعدہ:دَاعٍ) ج:جِثِیٌّ و جُثِیٌّ، اس میں قاعدہ رَضِیَ سے بھی تعلیل ہو سکتی ہے۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قَالَ)، ج: جِیرَةٌ و جِیرَانٌ وأَجْوَارٌ، لفظ ﴿جَار﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① مددگار، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② ہمسایہ، جیسا کہ سورۃ النساء36 میں ہے ﴿الْجَارِ ذِي الْقُرْبىٰ﴾ ''قرابت والے ہمسائے''۔ ❾ ج: جَوَارٍ، یہ اصل میں باب ضرب سے اسم فاعل ہے، یہاں یہ بطور علم کے استعمال ہو رہا ہے، اس لیے کہ اس میں حدوث کے معنی ملحوظ نہیں ہیں، یہ قاعدہ ہے کہ جب کسی وصفی اسم میں حدوث کے معنی ملحوظ ہوں تو وصف اور اگر حدوث کے معنی ملحوظ نہ ہوں بلکہ دوام اور ثبوت کے معنی ملحوظ ہوں تو وہ اسم جامد ہوتا ہے۔ ❿ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْ)، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء گر گئی۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَجَاسُوا[1]	تو وہ گھس جائیں گے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ج و س	فَعَلُوا	جَوَسُوا ①	بنی اسرائیل:5
جَاعِلٌ[4]	بنانے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	فتح	//	صحیح	ج ع ل	فَاعِلٌ	×	البقرة:30
جَالُوْتَ[3]	جالوت	اسم جامد	//	×	×	×	×	×	× ②	البقرة:251
جَاعِلُوْنَ[1]	بنانے والے ہیں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ج ع ل	فَاعِلُوْنَ	× ③	الکهف:8
جَاعِلُوْهُ[1]	(ہم) بنائیں گے اس کو	//	//	//	//	//	//	فَاعِلُوْ	جَاعِلُوْنَ ④	القصص:7
جَامِدَةً[1]	کھڑے	//	واحد مؤنث	نصر	//	//	ج م د	فَاعِلَةً	×	النمل:88
جَامِعُ[3]	جمع کرنے والا	//	واحد مذکر	فتح	//	//	ج م ع	فَاعِلُ	//	آل عمران:9
جَانٌّ[2]	چھوٹا سفید سانپ	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ج ن ن	فَاعِلٌ	جَانِنٌ ⑤	النمل:10
جَانٌّ[5]	جن	//	اسم جنس	//	//	//	//	//	جَانِنٌ ⑤	الرحمٰن:39
جَانِبَ[9]	جانب	//	واحد مذکر	//	//	صحیح	ج ن ب	فَاعِلَ	× ⑥	بنی اسرائیل:68
جَاهَدَ[2]	اس نے جہاد کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	//	//	ج ہ د	فَاعَلَ	×	التوبة:19
جَاهِدِ[3]	جہاد کرو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَاعِلِ	جَاهِدْ ⑦	التوبة:73
جَاهَدَاكَ[2]	وہ مجبور کریں تجھ کو	فعل ماضی معلوم	تثنیہ مذکر غائب	//	//	//	//	فَاعَلَا	×	العنکبوت:8
جَاهَدُوا[11]	جہاد کیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَاعَلُوا	//	البقرة:218
جَاهِدُوا[4]	جہاد کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَاعِلُوا	//	المائدة:35
الْجَاهِلُ[1]	جاہل	اسم فاعل	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	ج ہ ل	فَاعِلُ	//	البقرة:273
جَاهِلُوْنَ[3]	جاہل تھے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× ⑧	یوسف:89
الْجَاهِلِيَّةِ[4]	جہالت والا	مصدر صناعی	×	//	//	//	//	فَاعِلِيَّةِ	× ⑨	آل عمران:154
الْجَاهِلِيْنَ[6]	جاہلوں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ⑩	البقرة:67
جَاوَزَا[1]	وہ آگے نکل گئے	فعل ماضی معلوم	تثنیہ مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ج و ز	فَاعَلَا	×	الکهف:62
جَاوَزْنَا[2]	ہم نے پار اتارا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَاعَلْنَا	× ⑪	الأعراف:138
جَاوَزَهٗ[1]	پار کیا اس کو	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَاعَلَ	×	البقرة:249

① واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا(قاعدہ: قال)۔ ② یہ ایک عجمی نام ہے، جو علمیت اور عجمہ کی بناء پر غیر منصرف ہے، یہ عمالقہ قوم کے ایک کافر بادشاہ کا نام ہے، موسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد جب بنی اسرائیل راہ راست سے ہٹ گئے تو جالوت نے ان پر ظلم وستم شروع کر دیے، شمویل نبی نے طالوت کو بادشاہ بنا کر اس کے مقابلے کے لیے بھیجا، طالوت ایک عام سپاہی تھا جو طاقت اور علم میں سب سے بہتر تھا، طالوت کے لشکر میں داؤد علیہ السلام ایک سپاہی تھے انہوں نے جالوت کو قتل کر دیا، پھر اللہ تعالیٰ نے داؤد علیہ السلام کو نبی اور بادشاہ بنا دیا۔ ③ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ④ اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے۔ ⑤ دو متحرک ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے تو پہلے نون کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا(قاعدہ: مَدٌّ) ج: جِنَّانٌ و جَوَانٌّ۔ ⑥ ج: جَوَانِبُ ۔ ⑦ دال اصل میں ساکن تھا، پھر آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ⑧ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⑨ یا یہ باب سمع جَهِلَ يَجْهَلُ سے اسم فاعل ہے، جس کے آخر میں یائے نسبت لگا دی گئی ہے۔ ⑩ یہ اس کی جری حالت ہے۔ ⑪ جَاوَزَ کے بغیر صلہ کے معنی ہوتے ہیں ''گزرنا''، ''پار ہونا'' مگر جب اس کا صلہ باء ہو تو پھر اس کے معنی ہوتے ہیں ''گزارنا، پار اتارنا''، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
جِئْتَ [14]	تو آیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی ومہموز اللام	ج ی ء	فِلْتَ	جَيَئْتَ ❶	البقرة:71
جِئْتِ [1]	تو نے کیا ہے	//	واحد مؤنث حاضر	//	//	//	//	فِلْتِ	جَيَئْتِ ❷	مريم:27
جِئْتُكَ [7]	میں لے آؤں تیرے پاس	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فِلْتُ	جَيَئْتُ ❸	الشعراء:30
جِئْتُمْ [2]	تم لائے ہو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فِلْتُمْ	جَيَئْتُمْ ❸	يونس:81
جِئْتُمُوْنَا [2]	تم آئے ہو ہمارے پاس	//	//	//	//	//	//	//	جَيَئْتُمْ ❹	الأنعام:94
جِئْنَا [22]	ہم لائیں گے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فِلْنَا	جَيَئْنَا ❸	النساء:41
الْجُبِّ [2]	کنویں	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مضاعف ثلاثی	ج ب ب	فُعْلِ	جُبْبِ ❺	يوسف:10
جَبَّارٍ [2]	سرکش	اسم مبالغہ	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ج ب ر	فَعَّالٍ	× ❻	هود:59
جَبَّارِيْنَ [8]	بڑی زور آور	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَعَّالِيْنَ	× ❼	المائدة:22
جِبَالٍ [33]	پہاڑوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	//	ج ب ل	فِعَالٍ	× ❽	النور:43
جِبَاهُهُمْ [1]	ان کی پیشانیوں	//	//	//	//	//	ج ب ہ	فِعَالُ	× ❾	التوبة:35
بِالْجِبْتِ [1]	بتوں پر	//	واحد مذکر	//	//	//	ج ب ت	فِعْلِ	× ❿	النساء:51
جِبْرِيْلَ [3]	جبرائیل علیہ السلام	//	//	//	×	×	×	×	× ⓫	البقرة:98
جَبَلٍ [6]	پہاڑ	//	//	//	ثلاثی مجرد	صحیح	ج ب ل	فَعَلٍ	× ⓬	البقرة:260
جِبِلًّا [1]	مخلوق	//	اسم جمع	//	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فِعِلًّا	×	يٰس:62

❶ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور ہمزہ جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ یاء الف سے بدل کردہ ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر گیا تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ: بِعْنَ)، لفظ ﴿جِئْتَ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① آنا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، اس کے یہ معنی بغیر صلہ کے آتے ہیں ② لانا، جیسا کہ سورۃ البقرۃ: 71 میں ہے ﴿جِئْتَ بِالْحَقِّ﴾ ''تو حق لایا''۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور ہمزہ جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ یاء الف سے بدل کردہ ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر گیا تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ: بِعْنَ)۔ ❸ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور ہمزہ جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ یاء الف سے بدل کردہ ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر گیا تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ: بِعْنَ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ باء ہو۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور ہمزہ جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ یاء الف سے بدل کردہ ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر گیا تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ: بِعْنَ)، تُمْ ضمیر کے بعد نَا ضمیر لاحق ہونے کی وجہ سے تُمْ کے بعد واؤ کا اضافہ کر دیا اور میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ)۔ ❺ دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: جِبَابٌ و أَجْبَابٌ و جِبَبَةٌ۔ ❻ ازہری فرماتے ہیں کہ یہ اِجْبَار سے مشتق ہے نہ کہ جَبْرٌ سے، اسی طرح امام فرّاء کہتے ہیں کہ باب افعال سے صرف دو لفظ فَعَّال کے وزن پر آتے ہیں: ① جَبَّارٌ ② دَرَّاكٌ، لفظ ﴿جَبَّار﴾ قرآن مجید میں دو طرح استعمال ہوا ہے: ① اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام، جب یہ اللہ تعالیٰ کی صفت ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں ''زور آور، غالب''، جیسا کہ سورۃ الحشر: 23 میں ہے ﴿الْجَبَّارُ﴾ ''زور آور'' ② سرکش، مغرور و متکبر، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے۔ ❼ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❽ م: جَبَلٌ ❾ م: جَبْهَةٌ۔ ❿ ﴿جِبْت﴾ کے مختلف معانی ہیں: بت، کاہن، ساحر، اسی طرح پرندے اڑا کر، خط کھینچ کر، کنکریاں پھینک کر فال نکالنا اور بدشگونی لینا بھی جِبْت ہے۔ ⓫ یہ اللہ تعالیٰ کے ایک عظیم المرتبت فرشتے کا نام ہے جو تمام انبیاء کرام کی طرف وحی لے کر آتا رہا ہے، یہ عجمی یعنی سریانی زبان میں نام ہے، جو عجمہ اور علمیت کی بناء پر غیر منصرف ہے، اس کے بارے میں مختلف اقوال ہیں، بعض کے نزدیک یہ جَبَرُوْتٌ سے مشتق ہے، اور بعض کے نزدیک یہ جبر اور ایل سے مل کر مرکب اضافی ہے، جبر کا معنی بندہ اور ایل کا معنی ہے اللہ، اور پڑھنے کے اعتبار سے اس کی تقریباً تیرہ لغتیں ہیں جن میں سے ایک جِبْرِيْل ہے۔

⓬ ج: جِبَالٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَلْجِبِلَّةَ [1]	مخلوق	اسم جامد	اسم جمع	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ج ب ل	فِعِلَّة	×	الشعراء:184
لِلْجَبِيْنِ [1]	پیشانی کے بل	//	واحد مذکر	//	//	//	ج ب ن	فَعِيْلٌ	× ❶	الصافات:103
جِثِيًّا [2]	گھٹنوں کے بل گرے ہوئے	اسم فاعل	جمع مکسر	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ج ث و	فُعُوْلًا	جُثُوْوًا ❷	مریم:68
جَحَدُوْا [2]	انھوں نے انکار کیا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	فتح	//	صحیح	ج ح د	فَعَلُوْا	×	هود:59
جَحِيْمٍ [26]	جہنم	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ج ح م	فَعِيْلٍ	× ❸	الواقعة:94
جَدُّ [1]	شان	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ج د د	فَعْلٌ	جَدْدٌ ❹	الجن:3
جِدَارًا [2]	ایک دیوار	//	//	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ج د ر	فِعَالًا	× ❺	الكهف:77
لَا ۔ جِدَالَ [2]	نہ ہی جھگڑا کرنا	(اسم) مصدر سماعی	×	مفاعلہ	//	//	ج د ل	فِعَالَ	×	البقرة:197
جُدَدٌ [1]	ٹکڑے	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ج د د	فُعَلٌ	× ❻	فاطر:27
جُدُرٍ [1]	دیواروں	//	//	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ج د ر	فُعُلٍ	× ❼	الحشر:14
جَدَلًا [2]	جھگڑالو	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	//	ج د ل	فَعَلًا	×	الكهف:54
جَدِيْدٍ [8]	جدید	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ج د د	فَعِيْلٍ	× ❽	الرعد:5
جُذٰذًا [1]	ریزہ ریزہ	//	//	نصر	//	//	ج ذ ذ	فُعَالًا	× ❾	الأنبياء:58
جِذْعِ [2]	تنے	اسم جامد	//	×	//	صحیح	ج ذ ع	فِعْلِ	× ❿	مريم:23
جَذْوَةٍ [1]	انگارہ	//	واحد مؤنث	//	//	ناقص واوی	ج ذ و	فَعْلَةٍ	× ⓫	القصص:29
جُذُوْعِ [1]	تنوں	//	جمع مکسر	//	//	صحیح	ج ذ ع	فُعُوْلِ	× ⓬	طه:71
جَرَادٌ [2]	ٹڈیاں	//	اسم جنس جمعی	//	ثلاثی مزید فیہ	//	ج ر د	فَعَالٌ	× ⓭	القمر:7

❶ ج: أَجْبُنٌ وأَجْبِنَةٌ و جُبُنٌ۔ ❷ ناقص واوی کی جمع فُعُوْل" کے وزن پر ہے تو دونوں واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا اور ماقبل ضمہ کو یاء کی مناسبت کی وجہ سے کسرہ سے بدل دیا، پھر عین کلمہ کی موافقت کی وجہ سے فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ دُلِيٌّ)، م: جَاثٍ، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ❸ یہ سخت آگ کا نام ہے، یہ اصل میں تو باب فتح سے فَعِيْل بمعنی فَاعِل یعنی جَاحِمٌ کے معنی میں صفت مشبہ ہے، یہ مبالغہ کے اوزان میں سے بھی ہے۔ ❹ دو ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے دال کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ﴿جَدٌّ﴾ اصل میں تو باب ضرب جَدَّ يَجِدُّ جَدًّا سے مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: بلند رتبہ ہونا، مگر یہاں یہ بمعنی مرتبہ وعظمت اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، اسی طرح حدیث میں ہے ((تَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالَىٰ جَدُّكَ))، ج: اَجْدَادٌ وجُدُوْدٌ۔ ❺ ج: جُدُرٌ وجُدْرَانٌ۔ ❻ م: جُدَّةٌ بعض کے نزدیک یہ واضح راستہ کے معنی میں مفرد ہے، جو جمع کی جگہ استعمال ہوا ہے۔ ❼ م: جِدَارٌ۔ ❽ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر جِدَّةٌ ہو۔ ❾ بعض کے نزدیک یہ ٹوٹی ہوئی چیز کا نام ہے، م: جُذَاذَةٌ، اور بعض کے نزدیک مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ❿ ج: أَجْذَاعٌ وجُذُوْعٌ۔ ⓫ ج: جِذَاءٌ وجُذًا۔ ⓬ م: جِذْعٌ۔ ⓭ یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے آتا ہے، م: جَرَادَةٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
جَرَحْتُم 1	تم کرتے ہو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ج ر ح	فَعَلْتُم	❶ ×	الأنعام:60
جُرُزًا 2	بنجر	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	//	//	ج ر ز	فُعُلًا	❷ ×	الكهف:8
جُرُفٍ 1	کھوکھلا کنارہ	اسم جامد	//	×	//	//	ج ر ف	فُعُلٍ	❸ ×	التوبة:109
لَا ـ جَرَمَ 5	یقیناً	//	//	//	//	//	ج ر م	فَعَلَ	❹ ×	هود:22
الْجُرُوحَ 1	زخموں	//	جمع مکسر	//	//	//	ج ر ح	فُعُولَ	❺ ×	المائدة:45
جَرَيْنَ 1	وہ لے کر چلتی ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع مؤنث غائب	ضرب	//	ناقص یائی	ج ر ی	فَعَلْنَ	×	يونس:22
جَزَاءُ 42	بدلہ	(اسم) مصدر	×	//	//	//	ج ز ی	فَعَالُ	جَزَایٌ ❻	البقرة:85
جَزَاهُم 1	عطا کرے گا ان کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	جَزَیَ ❼	الدهر:12
جُزْءٌ 2	حصہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مہموز اللام	ج ز ء	فُعْلٌ	❽ ×	الحجر:44
جَزِعْنَا 1	ہم گھبرائیں	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	سمع	//	صحیح	ج ز ع	فَعِلْنَا	×	ابراهيم:21
جَزُوعًا 1	تو گھبرا اٹھتا	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعُولًا	❾ ×	المعارج:20
الْجِزْيَةَ 1	جزیہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	ناقص یائی	ج ز ی	فِعْلَةَ	❿ ×	التوبة:29
جَزَيْتُهُم 1	ان کو بدلہ دیا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	ضرب	//	//	//	فَعَلْتُ	×	المؤمنون:111
جَزَيْنَاهُم 2	سزا دی ہم نے ان کو	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	الأنعام:146
جَسَدًا 4	ایک جسم	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ج س د	فَعَلًا	⓫ ×	الأعراف:148
الْجِسْمِ 1	جسم	//	//	//	//	//	ج س م	فِعْلِ	⓬ ×	البقرة:247
جَعَلَ 104	بنایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	//	//	ج ع ل	فَعَلَ	⓭ ×	البقرة:22
جُعِلَ 1	مقرر کیا گیا تھا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	//	النحل:124
جَعَلَا 1	بنانے لگے	فعل ماضی معلوم	تثنیہ مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَا	//	الأعراف:190
جَعَلْتُ 1	میں نے دیا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	//	المدثر:12
جَعَلْتُم 3	تم نے کر دیا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُم	//	التوبة:19
جَعَلَتْهُ 1	کر دیتی تھی اس کو	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	//	الذاريات:42

❶ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشَّیْءُ ہو۔ ❷ یہاں یہ لفظ مجازی طور پر وصف کے لیے استعمال کیا گیا ہے، ج: أَجْرَازٌ۔ ❸ ج: أَجْرَافٌ و جُرُوفٌ۔ ❹ یہ لائے نفی جنس کا اسم ہونے کی وجہ سے فتحہ پر مبنی ہے۔ ❺ م: جُرْحٌ۔ ❻ یاء اسم کے آخر میں الف زائد کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❽ ج: أَجْزَاءٌ ❾ ۔ یہ کبھی اسم مبالغہ کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔ ❿ وہ متعین رقم جو اسلامی حکومت غیر مسلموں کی جان اور مال کی حفاظت کے بدلے ان سے لیتی ہے، ج: جِزًی و جِزْیٌ و جِزَاءٌ ۔ ⓫ یہ اصل میں اسم ذات ہے، پھر بطور صفت محسّد یا متجسّد کے معنی میں استعمال کیا گیا، ج: أَجْسَادٌ۔ ⓬ ج: أَجْسَامٌ ۔ ⓭ جَعَلَ فعل چار طرح استعمال ہوتا ہے: ① افعال قلوب میں سے بطور رجحان کے، یہ دو مفعولوں کو نصب دیتا ہے، جیسے: ﴿وَجَعَلُوا الْمَلَائِكَةَ الَّذِينَ هُمْ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ إِنَاثًا﴾ (الزخرف: 19) ② افعال تحویل میں سے، یہ بھی دو مفعولوں کو نصب دیتا ہے، جیسے: ﴿جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فِرَاشًا﴾ (البقرة:22) ③ افعال شروع میں سے، یہ اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، اس کی خبر فعل مضارع ہوتی ہے، جیسے: ﴿جَعَلَ رَسُولُ اللهِ يَمْسَحُ رَأْسَهُ﴾ ④ بمعنی أَوْجَدَ و خَلَقَ، جیسے: ﴿جَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّورَ﴾ (الأنعام:1)۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
جَعَلْنَا [101]	ہم نے بنادیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ج ع ل	فَعَلْنَا	×	البقرۃ:125
جَعَلُوْا [11]	انھوں نے مقرر کیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	الأنعام:100
جُفَاءً [1]	جھاگ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	مہموز اللام	ج ف ء	فُعَالًا	//	الرعد:17
جِفَانٍ [1]	بڑے بڑے کڑاہے	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مجرد	صحیح	ج ف ن	فِعَالٍ	× ❶	سبا:13
الْجَلَاءَ [1]	جلاوطن ہونا	(اسم) مصدر	×	نصر	//	ناقص واوی	ج ل و	فَعَالَ	جَلَاوَ ❷	الحشر:3
جَلَابِيْبِهِنَّ [1]	اپنی چادریں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ملحق رباعی مزید فیہ	صحیح	ج ل ب	فَعَالِيْلِ	× ❸	الأحزاب:59
الْجَلٰلِ [2]	جلال	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ج ل ل	فَعَالِ	×	الرحمٰن:27
جَلّٰىهَا [1]	وہ اس کو چمکادے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ج ل و	فَعَّلَ	جَلَّوَ ❹	الشمس:3
جَلْدَةٍ [2]	کوڑا	(اسم) مصدر مرّہ	×	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ج ل د	فَعْلَةٍ	×	النور:2
جُلُوْدِ [9]	چمڑوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	//	فُعُوْلِ	× ❺	النحل:80
جَمًّا [1]	بڑی گہری	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ج م م	فَعْلًا	جَمْمًا ❻	الفجر:20
جَمَالٌ [1]	خوبصورتی	(اسم) مصدر	×	کرم	//	صحیح	ج م ل	فَعَالٌ	×	النحل:6
جِمٰلَتٌ [1]	اونٹ ہیں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	//	فِعَالَةٌ	× ❼	المرسلات:33
جَمَعَ [2]	جمع کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	//	//	ج م ع	فَعَلَ	×	المعارج:18
جُمِعَ [2]	جمع کردیے جائیں گے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	//	القیامۃ:9
جَمْعًا [8]	سب کو	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	//	الکہف:99
الْجَمْعٰنِ [4]	دو جماعتیں	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	//	//	//	فَعْلَانِ	× ❽	ال عمران:155
الْجُمُعَةِ [1]	جمعہ	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فُعُلَةِ	× ❾	الجمعۃ:9
جَمْعُكُمْ [1]	تمہاری جماعت	(اسم) مصدر	واحد مذکر	فتح	//	//	//	فَعْلُ	× ❿	الأعراف:48
جَمَعْنٰكُمْ [2]	ہم نے جمع کیا تم کو	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	×	المرسلات:38
جَمَعُوْا [1]	جمع کرلی ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	فتح	//	//	ج م ع	فَعَلُوْا	×	ال عمران:173
الْجَمَلُ [1]	اونٹ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ج م ل	فَعَلُ	× ⓫	الأعراف:40
جُمْلَةً [1]	مجموعی طور پر	//	واحد مؤنث	//	//	//	ج م ل	فُعْلَةً	× ⓬	الفرقان:32

❶ م: جَفْنَةٌ۔ ❷ واؤ اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)۔ ❸ م: جِلْبَابٌ، یہ ملحق بقِرْطَاس ہے۔ ❹ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضی)، یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)۔ ❺ م: جِلْدٌ۔ ❻ دو ہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے میم کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدَّ)، اسی طرح یہ مصدر بھی استعمال ہوتا ہے۔ ❼ م: جَمَلٌ، بعض کے نزدیک یہ اسم جمع ہے۔ ❽ اصل میں یہ باب فتح سے مصدر بمعنی مفعول ہے، م: جَمْعٌ، یہ اسم جمع ہے، ج: جُمُوْعٌ۔ ❾ یہ ہفتے کے دنوں میں سے ایک دن کا نام ہے، یہ اصل میں مصدر بمعنی اِجْتِمَاعٌ ہے، اس دن کو جمعہ اس لیے کہتے ہیں کہ اس دن تمام مسلمان نماز جمعہ کی ادائیگی کے لیے جمع ہوتے ہیں، ج: جُمَعٌ۔ ❿ یہ اصل میں مصدر ہے اور یہاں یہ بطور اسم جامد استعمال ہورہا ہے، ج: جُمُوْعٌ۔ ⓫ پانچ سال سے زائد عمر کے اونٹ کو کہتے ہیں، ج: جُمْلٌ و اَجْمَالٌ و جِمَالٌ و اَجْمُلٌ و جُمَالَةٌ و جِمَالَةٌ و جِمَالَاتٌ اور جمع منتہی الجموع جَمَائِلُ آتی ہے۔ ⓬ ج: جُمَلٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
جَمِيْعٌ [53]	سب کے سب	اسم جامد	اسم جمع	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ج م ع	فَعِيْلٌ	× ❶	یٰسٓ:32
جَمِيْلٌ [7]	اچھا	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	//	ج م ل	//	×	یوسف:18
جَنَّ [1]	چھاگئی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ج ن ن	فَعَلَ	جَنَنَ ❷	الأنعام:76
الْجِنَّ [22]	جنوں	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	//	فِعْلَ	جِنْنَ ❸	الأنعام:100
جَنَى [1]	میوے	//	واحد مذکر	//	//	ناقص یائی	ج ن ی	فَعَلُ	جَنَيُ ❹	الرحمٰن:54
جَنّٰتٍ [69]	باغات	//	جمع مکسر	//	//	مضاعف ثلاثی	ج ن ن	فَعَلَاتٍ	جَنَنَاتٍ ❺	البقرۃ:25
جَنَاحَ [5]	بازو	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ج ن ح	فَعَالَ	× ❻	بنی اسرائیل:24
جُنَاحَ [25]	گناہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فُعَالَ	× ❼	البقرۃ:158
بِجَنَاحَيْهِ [1]	اپنے دو پروں پر	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعَالَيْ	جَنَاحَيْنِ ❽	الانعام:38
جَنْبِ [3]	(حق کے) سلسلہ	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	//	ج ن ب	فَعْلِ	× ❾	الزمر:56
جُنُبٍ [5]	دور	صفت مشبہ	//	ن،س،ك	//	//	//	فُعُلٍ	× ❿	القصص:11
جِنَّةٌ [5]	جنون	(اسم) مصدر	×	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ج ن ن	فِعْلَةُ	جِنْنَةُ ⓫	المؤمنون:25
الْجِنَّةِ [5]	جنوں	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	//	فِعْلَةِ	جِنْنَةِ ⓬	ھود:119

❶ یہ بمعنی جماعت تفرق کی ضد ہے، اور کبھی یہ باب فتح سے بطور صفت بھی استعمال ہوتا ہے، یعنی یہ فَعِيْل بمعنی فَاعِل مُجْتَمِعٌ کے معنی میں ہے، یا یہ فَعِيْل بمعنی مفعول یعنی مَجْمُوْعٌ کے معنی میں ہے، یہ کبھی مفرد اور کبھی جمع کی طرح استعمال ہوتا ہے، مفرد کی مثال، جیسے: جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ (سورۃ القمر: 44) اور جمع کی مثال، جیسے: جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ (سورۃ یٰسٓ: 53)۔ ❷ دو متحرک ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ "عَلٰی" ہو۔ ❸ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، یہ ایک مستقل مخلوق ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے آگ سے پیدا کیا ہے، ان میں سے بعض مسلمان اور بعض کافر ہیں، کھانے پینے اور نسل کا سلسلہ ان کے اندر بھی ہے، یہ عام طور پر نظروں سے اوجھل رہتے ہیں اس لیے ان کو جن کہتے ہیں۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، اضافت کی وجہ سے اس کی تنوین حذف ہو چکی ہے، ج: أَجْنٍ و أَجْنَاءٌ، یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ❺ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ) م: جَنَّةٌ، جمع بناتے وقت تائے تانیث حذف ہو جاتی ہے، اس کو جنت اس لیے کہتے ہیں کہ یہ پوشیدہ جگہ ہے یا اس لیے کہ درختوں کی کثرت کی وجہ سے یہ چھپانے والی ہے۔ ❻ ج: أَجْنِحَةٌ، یہ اصل میں مصدر ہے اور یہاں اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ❼ اگر لفظ ﴿جُنَاح﴾ کا مصدری معنی یعنی اَلْمَيْلُ اِلَى الْاِثْمِ (گناہ کی طرف میل ہونا) کیا جائے تو یہ باب تفعیل سے مصدر یا اسم مصدر ہوگا اور اگر اس سے اَلْاِثْمُ (گناہ) ہی مراد لیا جائے تو پھر یہ جامد ہوگا اور یہی اس کا عام استعمال ہے۔ ❽ اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، م: جَنَاحٌ، ج: أَجْنِحَةٌ۔ ❾ جَنْبٌ کے معنی "پہلو" بھی ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ یونس: 12 میں ہے ﴿لِجَنْبِهٖ﴾ "اپنے پہلو پر"، ج: جُنُوْبٌ و اَجْنَابٌ۔ ❿ لفظ ﴿جُنُب﴾ قرآن مجید میں تین معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① دور، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② اجنبی، جیسا کہ سورۃ النساء: 36 میں ہے ﴿اَلْجَارِ الْجُنُبِ﴾ "اجنبی پڑوسی"، ج: أَجْنَابٌ، ③ جُنبی، جیسا کہ سورۃ النساء: 43 میں ہے ﴿جُنُبًا﴾ اس حال میں کہ (تم) جنبی ہو، یہ واحد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے، اس لیے کہ یہ ایسا اسم ہے جو مصدر اِجْنَاب کی جگہ پر استعمال ہوا ہے، بعض کے نزدیک اس کا تثنیہ جُنُبَانِ اور اس کی جمع مذکر سالم جُنُبُوْنَ اور بعض کے نزدیک جمع مکسر أَجْنَابٌ آتی ہے، جنبی وہ ہوتا ہے جس پر غسل فرض ہو، اس کو جنبی اس لیے کہتے ہیں کہ جب تک وہ غسل نہ کرے وہ نماز اور مسجد سے دور رہتا ہے، درج ذیل صورتوں میں غسل فرض ہو جاتا ہے، احتلام، ہم بستری یہی حکم حیض اور نفاس کا ہے۔ ⓫ یہ جُنَّ فعل مجہول سے مصدر ہے، یا یہ اس سے اسم ہے۔ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب یہ اس طرح استعمال ہو، جُنَّ جَنًّا و جُنُوْنًا و جِنَّةً و مَجَنَّةً۔ ⓬ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، جِنَّةٌ اور جِنٌّ کا معنی ایک ہے جِنَّةٌ کے آخر میں تاء مبالغہ کے لیے ہے اور اگر جِنٌّ سے مراد ایک جن ہو تو جِنَّةٌ اس کی جمع ہوگا، یا یہ جِنِّيٌّ کی جمع مکسر ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
جَنَّةٌ 70	ایک باغ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ج ن ن	فَعْلَةٌ	جَنْنَةٌ ❶	البقرة:266
جُنَّةٌ 2	ڈھال	//	//	//	//	//	//	فُعْلَةٌ	جُنْنَةٌ ❷	المجادلة:16
جَنَّتَانِ 3	دوباغ	//	تثنیہ مؤنث	//	//	//	//	فَعْلَتَانِ	جَنْنَتَانِ ❸	سبا:15
جَنَّتَيْنِ 4	دوباغ	//	//	//	//	//	//	فَعْلَتَيْنِ	جَنْنَتَيْنِ ❹	الكهف:32
بِجَنَّتَيْهِمْ 1	ان کے دو باغوں کے بدلے	//	//	//	//	//	//	فَعْلَتَيْ	جَنْنَتَيْنِ ❺	سبا:16
جَنَحُوا 1	وہ مائل ہوں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	فتح	//	صحیح	ج ن ح	فَعَلُوا	×	الأنفال:61
جُنْدًا 7	لشکر	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	ج ن د	فُعْلًا	× ❻	مريم:75
جَنَفًا 1	طرف داری	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	ج ن ف	فَعَلًا	×	البقرة:182
جُنُوبِكُمْ 5	اپنے پہلوؤں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ج ن ب	فُعُولِ	× ❼	النساء:103
جُنُودٌ 22	فوجیں	//	//	//	//	//	ج ن د	فُعُولٌ	× ❽	الأحزاب:9
جَنِيًّا 1	پکی ہوئی کھجوریں	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	//	ناقص یائی	ج ن ی	فَعِيلًا	جَنِيْيًا ❾	مريم:25
جِهَادٍ 4	جہاد کرنے	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ج ہ د	فِعَالٍ	× ❿	التوبة:24
جِهَارًا 1	کھلے طور پر	//	//	//	//	//	ج ہ ر	فِعَالًا	×	نوح:8
بِجَهَازِهِمْ 2	ان کے سامان	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ج ہ ز	فَعَالِ	× ⓫	يوسف:59
بِجَهَالَةٍ 4	نہ جانتے ہوئے	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	//	ج ہ ل	فَعَالَةٍ	×	النساء:17
جَهْدَ 5	سخت	//	//	فتح	//	//	ج ہ د	فَعْلَ	//	المائدة:53
جُهْدَهُمْ 1	اپنی محنت مزدوری	//	واحد مذکر	×	//	//	//	فُعْلَ	//	التوبة:79
جَهَرَ 1	اونچی کرے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	//	//	ج ہ ر	فَعَلَ	//	الرعد:10
جَهْرًا 7	ظاہر	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	//	النحل:75
جَهْرَةً 3	صاف صاف	//	//	//	//	//	//	فَعْلَةً	//	البقرة:55
جَهَّزَهُمْ 2	اس نے تیار کیا ان کے لیے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ج ہ ز	فَعَّلَ	//	يوسف:59

❶ دوہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: جَنَّاتٌ، سورۃ النجم: 15 میں ﴿جَنَّةُ الْمَأْوٰى﴾ ساتویں آسمان پر ایک جگہ کا نام ہے، اسے جنۃ الماوی اس لیے کہتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کا یہی مسکن تھا، بعض کے نزدیک روحیں یہاں آ کر جمع ہوتی ہیں۔ ❷ دوہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: جُنَنٌ۔ ❸ دوہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، م: جَنَّةٌ، ج: جَنَّاتٌ، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❹ دوہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، م: جَنَّةٌ، ج: جَنَّاتٌ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ دوہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، م: جَنَّةٌ، ج: جَنَّاتٌ، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ م: جُنْدِيٌّ، اس کی جمع أَجْنَادٌ و جُنُودٌ بھی آتی ہے۔ ❼ م: جَنْبٌ۔ ❽ م: جُنْدٌ، یہ جُنْدِيٌّ کی جمع ہے، یہ اصل میں صفت مشبہ ہے۔ ❾ دوہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلی یاء ساکن اور دوسری متحرک ہے تو پہلی یاء کا دوسری میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❿ اس باب سے قیاسی مصدر مُجَاهَدَةٌ آتا ہے۔ ⓫ ج: أَجْهِزَةٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
جَهَنَّمُ 2	جہنم	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ج ہ م	فَعَنَّل	× ❶	البقرة:206
جَهُوْلًا 77	نادان	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	ج ہ ل	فَعُوْلًا	× ❷	الأحزاب:72
جَوِّ 1	فضاء	اسم جامد	//	×	//	لفیف مقرون ومضاعف ثلاثی	ج و و	فَعْلِ	جَوْوِ ❸	النحل:79
كَالْجَوَابِ 1	تالابوں جیسے	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ج ب ی	فَوَاعِ	الْجَوَابِي ❹	سبا:13
جَوَابَ 1	جواب	اسم مصدر	×	افعال		اجوف واوی	ج و ب	فَعَالَ	× ❺	الأعراف:82
الْجَوَارِ 4	جو چلنے والے ہیں	اسم فاعل	جمع مکسر	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ج ر ی	فَوَاعِ	جَوَارِيِ ❻	التكوير:16
الْجَوَارِ 1	کشتیاں	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	//	جَوَارِيُ ❼	الشورى:32
الْجَوَارِحِ 2	شکاری جانوروں	//	//	//	//	صحیح	ج ر ح	فَوَاعِلِ	× ❽	المائدة:4
الْجُودِيِّ 1	جودی پہاڑ	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ج و د	فُعْلِيِّ	× ❾	هود:44
جُوْعٍ 1	بھوک	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	ج و ع	فُعْلٍ	×	الغاشية:7
جَوْفِهِ 4	اس کے پہلو	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ج و ف	فَعْلِ	× ❿	الأحزاب:4
الْجِيَادُ 1	عمدہ گھوڑے	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مزید فیہ	//	ج و د	فِعَالُ	جِوَادُ ⓫	ص:31
جِيْءَ 1	لائے جائیں گے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی ومہموز اللام	ج ی ء	فُعِلَ	جُيِءَ ⓬	الزمر:69
جَيْبِكَ 2	اپنے گریبان	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	اجوف یائی	ج ی ب	فَعْلِ	× ⓭	النمل:12
جِيْدِهَا 1	اس کے گلے	//	//	//	//	//	ج ی د	فِعْلِ	× ⓮	اللهب:5
جُيُوْبِهِنَّ 1	اپنے سینوں	//	جمع مکسر	//	//	//	ج ی ب	فُعُوْلِ	× ⓯	النور:31

❶ یہ دوزخ یا دوزخ کے ایک طبقے کا نام ہے، بعض کے نزدیک یہ اصل میں فارسی جِهْنَامْ تھا پھر اسے معرّب کرلیا گیا۔ ❷ ج: جُهُوْلٌ بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے۔ ❸ دو ہم جنس حرف واؤ ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: جِوَاءٌ وأَجْوَاءٌ۔ ❹ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرادیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)، پھر تخفیفاً یاء کو بھی گرادیا (اس کی تفصیل آگے نمبرسات میں دیکھیں)، جب یاء گرگئی، تو جَوَابِ ہوگیا م: جَابِيَةٌ۔ ❺ ج: أَجْوِبَةٌ۔ ❻ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرادیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)، پھر تخفیفاً یاء کو بھی گرادیا (اس کی تفصیل آگے نمبرسات میں دیکھیں)، اس سے مراد ستارے ہیں، م: جَارِيَةٌ۔ ❼ یہ اصل میں جمع مکسر اسم فاعل ہے، یہاں یہ بطور اسم جامد استعمال ہورہا ہے جس طرح کہ وصف بھی نام کے لیے استعمال ہوجاتا ہے، لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گرگئی (قاعدہ: رَضُوْا)، پھر تخفیفاً یاء کو بھی گرادیا، جب یاء گرگئی، تو جَوَارِ ہوگیا، اس کے منصرف اور غیر منصرف ہونے میں اختلاف ہے، اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ اس میں بیک وقت دو صورتیں جمع ہورہی ہیں ایک تو اس کے آخر میں حرف علت یاء آنے کی وجہ سے تعلیل کی صورت بن رہی ہے، اور دوسری طرف اسباب منع صرف میں سے جمع منتھی الجموع کے وزن فَوَاعِل پر آنے کی وجہ سے یہ غیر منصرف ہے، اور منع صرف کا سبب مخفی ہے، اس لیے تعلیل مقدم ہوگی یعنی پہلے اس میں تعلیل کریں گے، تو یہ جَوَارِ بنے گا، پھر اس کے غیر منصرف کے سبب وزن کا لحاظ کرتے ہوئے تنوین تمکن کو حذف کردیں گے، جب تنوین کو حذف کریں گے تو دو ساکن جمع نہ ہونے کی وجہ سے یاء واپس آگئی، جس سے ثقل پیدا ہوگا تو اس خدشہ کے پیش نظر یاء محذوفہ کے عوض تنوین عوض لے آئے، تو یہ جَوَارِ غیر منصرف ہی ہوگا، البتہ بعض کے نزدیک اس کے آخر میں تنوین تمکن ہی ہے، اس لیے یہ منصرف ہے، م: جَارِيَةٌ۔ ❽ یہ اصل میں باب فتح سے اسم فاعل ہے، م: جَارِحَةٌ، اس سے مراد شکاری درندے اور پرندے ہیں مثلاً، کتا، باز اور شکرا وغیرہ۔ ❾ یہ ایک پہاڑ کا نام ہے جو آرمینیا میں ہے، طوفان نوح میں حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی اس پر جاکر کھڑی ہوئی تھی۔ ❿ ج: أَجْوَافٌ۔ ⓫ واؤ جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہوکر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رِيَاضٌ)، م: جَوَادٌ۔ ⓬ ماضی مجہول کے عین کلمہ میں یاء واقع ہوئی تو اس کی حرکت ماقبل کو دے دی (قاعدہ: قِيْلَ)، یہ فعل لازم ہے اس سے مجہول نہیں آتا مگر جب اس کا صلہ لایا جائے تو یہ متعدی بن جاتا ہے اور اس سے مجہول آجاتا ہے۔ ⓭ ج: جُيُوْبٌ وأَجْيَابٌ۔ ⓮ ج: أَجْيَادٌ وجُيُوْدٌ۔ ⓯ م: جَيْبٌ، اس کے معنی اصل میں گریبان کے ہیں، اس کی جمع اَجْيَابٌ بھی آتی ہے، جَيْبٌ کے معنی: جیب، پاکٹ بھی ہوتے ہیں، اس کی جمع جِيَابٌ وجُيُوْبٌ آتی ہے۔

باب الحاء (ح)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَاجَّ [1]	جھگڑا کیا تھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح ج ج	فَاعَلَ	حَاجَجَ ❶	البقرۃ:258
اَلْحَاجِّ [1]	حاجیوں	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعِلٍ	حَاجِجٍ ❷	التوبۃ:19
حَاجَةً [3]	ایک خواہش	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	اجوف واوی	ح و ج	فَعَلَةً	حَوَجَةٌ ❸	یوسف:68
حَاجَجْتُمْ [1]	تم جھگڑ چکے ہو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح ج ج	فَاعَلْتُمْ	×	آل عمران:66
حَاجِزًا [1]	آڑ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ح ج ز	فَاعِلًا	❹ ×	النمل:61
حَاجِزِيْنَ [1]	روکنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعِلِيْنَ	❺ ×	الحاقۃ:47
حَاجَّكَ [1]	جھگڑے تجھ سے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح ج ج	فَاعَلَ	حَاجَجَ ❶	آل عمران:61
حَاجَّهٗ [1]	جھگڑا کیا اس سے	//	//	//	//	//	//	//	//	الأنعام:80
حَاجُّوْكَ [1]	جھگڑا کریں آپ سے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَاعَلُوْ	حَاجَجُوا ❶	آل عمران:20
حَادَّ [1]	مخالفت کرتا تھا	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	ح د د	فَاعَلَ	حَادَدَ ❻	المجادلۃ:22
حَاذِرُوْنَ [1]	خطرہ رکھنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ذ ر	فَاعِلُوْنَ	×	الشعراء:56
حَارَبَ [1]	جنگ لڑی ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ر ب	فَاعَلَ	//	التوبۃ:107
فَحَاسَبْنَاهَا [1]	تو ہم نے حساب لیا اس سے	//	جمع متکلم	//	//	//	ح س ب	فَاعَلْنَا	//	الطلاق:8
حَاسِبِيْنَ [2]	حساب لینے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	❺ ×	الأنبياء:47
حَاسِدٍ [1]	حسد کرنے والا	//	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	//	ح س د	فَاعِلٍ	❼ ×	الفلق:5
حَاشَ [2]	پاکیزگی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ح ش ی	فَاعَ	حَاشَیَ ❽	یوسف:31
حَاشِرِيْنَ [3]	اکٹھا کرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	ن، ض	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ش ر	فَاعِلِيْنَ	❺ ×	الأعراف:111
حَاصِبًا [4]	پتھر برسانے والی آندھی	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ص ب	فَاعِلًا	❾ ×	بنی اسرائیل:68

❶ دو متحرک ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدّہ ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❷ دو متحرک ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدّہ ہے تو پہلے جیم کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: حُجَّاجٌ و حَجِيْجٌ۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، ج: حَاجَاتٌ و حَاجٌ و حَوَائِجُ۔ ❹ یہ اصل میں باب ضرب سے واحد مذکر اسم فاعل ہے، یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، ج: حَجَزَةٌ۔ ❺ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدّہ ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❼ ﴿حَاسِدٍ﴾ وہ انسان ہے جو دوسرے کی خوشی اور نعمت کو دیکھ کر جلنے والا ہو، اور یہ خواہش کرے کہ اس سے یہ چیز ختم ہو جائے، یا اس سے ختم ہو کر مجھے مل جائے۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، یہ فعل ماضی الف پر فتحہ تقدیری پر مبنی ہے، الف کو تخفیفاً حذف کر دیا گیا ہے اصل میں حَاشَا تھا، اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ مفعول مطلق ہونے کی بناء پر بمعنی تنزیہ اسم منصوب ہو، الشیخ مصطفیٰ الغلاییني جامع الدروس العربیہ میں فرماتے ہیں کہ جب حَاشَا صرف تنزیہ کے لیے ہو تو یہ مفعول مطلق ہونے کی بناء پر منصوب ہوتا ہے، اگر یہ مضاعف یا منون نہ ہو تو یہ مبنی ہوتا ہے۔

فائدہ: حَاشَا کی تین قسمیں ہیں: ① فعل ماضی متصرف بمعنی اِسْتَثْنٰی ② اسم بمعنی تنزیہ، یہ مفعول مطلق واقع ہوتا ہے۔ ③ کلمہ استثناء، یہ اکثر بطور حرف جر استثناء کے لیے آتا ہے، اس کے بعد اسم مجرور ہوتا ہے، اور بعض کے نزدیک یہ فعل غیر متصرف استثناء کے لیے آتا ہے، اس کے بعد والا اسم مفعول بہ ہونے کی بناء پر منصوب ہوتا ہے۔ ❾ یہ اصل میں باب ضرب سے واحد مذکر اسم فاعل ہے، یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَاضِرًا 1	موجود	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ض ر	فَاعِلًا	× ❶	الکہف:49
حَاضِرَةً 2	نقد ونقد	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةً	× ❷	البقرة:282
حَاضِرِی 1	قریب	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِی	حَاضِرِیْنَ ❸	البقرة:196
الْحَافِرَةِ 1	پہلی حالت	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ف ر	فَاعِلَةِ	× ❹	النازعات:10
حَافِظٌ 2	ایک حفاظت کرنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	ح ف ظ	فَاعِلٌ	× ❺	الطارق:4
حَافِظَاتٌ 2	حفاظت کرنے والیاں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَاعِلَاتٌ	×	النساء:34
حَافِظُوْا 1	حفاظت کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَاعِلُوْا	× ❻	البقرة:238
حَافِظُوْنَ 6	حفاظت کرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعِلُوْنَ	× ❼	المؤمنون:5
حَافِظِیْنَ 5	جانتے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِیْنَ	× ❽	یوسف:81
حَافِّیْنَ 1	گھیرا باندھے ہوں گے	//	//	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ح ف ف	//	حَافِفِیْنَ ❾	الزمر:75
حَاقَ 9	گھیر لے گا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	اجوف یائی	ح ی ق	فَعَلَ	حَیَقَ ❿	ہود:8
الْحَاقَّةُ 3	ثابت ہونے والی	اسم فاعل	واحد مؤنث	//	//	مضاعف ثلاثی	ح ق ق	فَاعِلَةُ	حَاقِقَةُ ⓫	الحاقة:1
الْحَاكِمِیْنَ 5	فیصلہ کرنے والوں	//	جمع مذکر سالم	نصر	//	صحیح	ح ك م	فَاعِلِیْنَ	× ⓬	الأعراف:87
حَالَ 1	حائل ہوگی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	اجوف واوی	ح و ل	فَعَلَ	حَوَلَ ⓭	ہود:43
حَامٍ 1	دس بچوں کا باپ اونٹ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ح م ی	فَاعٍ	حَامِيٌ ⓮	المائدة:103
الْحَامِدُوْنَ 1	حمد کرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ح م د	فَاعِلُوْنَ	× ❼	التوبة:112
الْحَامِلَاتِ 1	اٹھانے والیوں کی	//	جمع مؤنث سالم	ضرب	//	//	ح م ل	فَاعِلَاتِ	×	الذاریات:2
بِحَامِلِیْنَ 1	اٹھانے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِیْنَ	× ⓬	العنکبوت:12

❶ ج: حُضُورٌ و حُضَّارٌ و حُضَّرٌ۔ ❷ لفظ ﴿حَاضِرَة﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① نقد، جب یہ تِجَارَةٌ کی صفت ہو، جیسے: ﴿تِجَارَةً حَاضِرَةً﴾ ''نقد سودا'' ② قریب ونزدیک والی چیز، جیسا کہ سورۃ الأعراف:163 میں ہے ﴿حَاضِرَةَ الْبَحْرِ﴾ ''سمندر کے کنارے پر''، ج: حَوَاضِرُ۔ ❸ اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے۔ ❹ عرب میں ''حَافِرَةٌ'' الٹے پاؤں لوٹنے اور پہلی حالت پر پلٹنے کے لیے ضرب المثل بن گیا ہے، بعض کے نزدیک حَافِرَةٌ کے معنی روئے زمین کے ہیں جس میں ان کی قبریں کھودی جاتی ہیں، یہ حَافِرٌ کی مؤنث ہے، اس کے مختلف معانی ہیں: ① حَفْرٌ کے معنی ہیں ''کھودنا''، یہاں حَافِرَة بمعنی مَحْفُوْرَةٌ ہے یعنی کھدی ہوئی زمین ② پہلا راستہ یا پہلی جگہ ③ پہلی حالت (حیات قبل از موت)، یہ اصل میں باب نصر واحد مؤنث اسم فاعل بمعنی مفعول ہے، یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ ❺ اس سے مراد اعمال لکھنے والا فرشتہ ہے، ج: حُفَّاظٌ و حَفَظَةٌ ۔ ❻ اس کے معنی حفاظت کرنا اور پابندی کرنا اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ ''عَلٰی'' ہو۔ ❼ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❽ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❾ دو متحرک ہم جنس حرف فاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے، تو پہلے کو ساکن کرکے دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدّ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❿ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ باء ہو۔ ⓫ دو متحرک ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے تو پہلے قاف کو ساکن کرکے دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدّ)، اس سے مراد قیامت ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ⓬ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓭ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ⓮ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور ہے تو حرف علت کی حرکت کو گرادیا، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے حرف علت یاء گرگئی (قاعدہ: تَرْمِیْنَ)، یہ اصل میں باب ضرب سے واحد مذکر اسم فاعل ہے، یہاں پر یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، وہ اونٹ جس سے دس حمل قرار پائے ہوں، اس کو عرب لوگ بتوں کے نام پر آزاد کردیتے تھے کہ جہاں چاہے چرے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَامِيَةً 2	بھڑکتی ہوئی آگ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ح م ی	فَاعِلَةً	× ❶	الغاشية:4
حُبًّا 9	محبت	(اسم) مصدر	×	س، ك	//	مضاعف ثلاثی	ح ب ب	فُعْلًا	حُبْبًا ❷	البقرة:165
حَبًّا 7	دانے	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	//	//	فَعْلًا	حَبْبًا ❸	الأنعام:99
حِبَالُهُمْ 2	ان کی رسیاں	//	جمع مکسر	//	//	صحیح	ح ب ل	فِعَالُ	× ❹	طه:66
حَبَّبَ 1	محبوب بنادیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح ب ب	فَعَّلَ	× ❺	الحجرات:7
حَبَّةٍ 5	دانہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلَةٍ	حَبْبَةٍ ❻	البقرة:261
حَبِطَ 3	ضائع ہوگیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	صحیح	ح ب ط	فَعِلَ	×	المائدة:5
حَبِطَتْ 7	ضائع ہوگئے	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعِلَتْ	//	البقرة:217
الْحُبُكِ 1	راستوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ب ك	فُعُلِ	× ❼	الذاريات:7
حَبْلٌ 5	رسی	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	//	ح ب ل	فَعْلٌ	× ❽	اللهب:5
حَتّٰى 142	یہاں تک کہ	حرف جر	×	×	×	×	×	×	× ❾	القدر:5
حَتْمًا 1	حتمی	(اسم) مصدر	//	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ت م	فَعْلًا	× ❿	مريم:71
حَثِيثًا 1	نہایت تیزی سے	اسم مبالغہ	واحد مذکر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ح ث ث	فَعِيلًا	× ⓫	الأعراف:54
حَجَّ 1	حج کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	ح ج ج	فَعَلَ	حَجَجَ ⓬	البقرة:158
الْحَجِّ 9	حج	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعْلِ	حَجْجِ ⓭	البقرة:189

❶ یہ اصل میں باب سمع سے واحد مؤنث اسم فاعل ہے، مگر یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ❷ دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یا یہ زوائد کے حذف کے بعد باب افعال کا مصدر ہے، اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ باب افعال کا اسم مصدر ہو۔ ❸ دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، م: حَبَّةٌ، ج: حُبُوبٌ۔ ❹ م: حَبْلٌ۔ ❺ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشَّيْءَ اور صلہ إِلَى ہو۔ ❻ دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: حَبٌّ۔ ❼ آسمان کے راستوں سے مراد وہ راستے ہیں جن پر ستارے گردش کرتے ہیں، م: حَبِيكَةٌ و حِبَاكٌ۔ ❽ لفظ ﴿حَبْل﴾ قرآن مجید میں چار معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① رسّی، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② پناہ، جیسا کہ سورۃ آل عمران: 112 میں ہے ﴿بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ﴾ ''اللہ کی پناہ کے ساتھ'' ③ رگ، جیسا کہ سورہ ق: 16 میں ہے ﴿حَبْلِ الْوَرِيْدِ﴾ ''شہ رگ''، حَبْلُ الْوَرِيد، گردن کی ایک رگ ہے اسے رگ جان کہتے ہیں ذبح کرتے وقت اسی رگ کو کاٹا جاتا ہے، اس سے قرب و نزدیک کو بیان کیا جاتا ہے ④ قرآن، جیسا کہ سورۃ آل عمران: 103 میں ہے ﴿وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ﴾ ج: حِبَالٌ۔ ❾ ﴿حَتّٰى﴾ اس کی تین قسمیں ہیں: ① حرف جر، یہ انتہائے غایت کے لیے آتا ہے، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے اور کبھی یہ کَیْ کے معنی میں فعل ماضی اور فعل مضارع پر آتا ہے، اس صورت میں اس کے بعد أَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہوتا ہے، جو فعل مضارع کو نصب دیتا ہے، اس صورت میں بھی حَتّٰی درحقیقت اسم یعنی مصدر مؤول پر داخل ہوتا ہے، جیسے: ﴿حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ﴾ (سورة البقرة: 217)، حَتّٰى تَوَارَى عَنِّي (متفق عليه)، ② حرف ابتداء، اس کے بعد جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ دونوں آجاتے ہیں، جملہ فعلیہ کبھی فعل مضارع اور کبھی فعل ماضی سے بنتا ہے، جیسے: ﴿حَتّٰى عَفَوْا﴾ (الأعراف: 95)۔ ③ حرف عطف، اس معنی میں یہ قرآن مجید میں استعمال نہیں ہوا۔ ❿ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ⓫ بعض کے نزدیک یہ صفت مشبہ ہے، ج: حِثَاثٌ۔ ⓬ دو متحرک ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ما قبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ⓭ دو ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، لفظ ﴿حَجّ﴾ اصل میں باب نصر کا مصدر ہے اور اس کے معنی ہیں ''قصد کرنا''، شرعی اصطلاح میں اس سے مراد ہے کہ مقررہ مہینوں میں عبادت کے لیے مسجد حرام میں جانا، یہاں لفظ حج مخصوص عبادت پر دلالت کرنے کی وجہ سے بطور نام یعنی اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، سورۃ التوبة: 3 میں ہے ﴿يَوْمَ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ﴾ ''حج اکبر کے دن'' یہاں حج اکبر کے دن سے مراد 10 ذوالحجہ کا دن ہے، حج اکبر سے مراد وہ حج ہے جس سے پہلے وقوف عرفہ ہو، اور حج اصغر سے مراد وہ حج ہے جس میں وقوف عرفہ نہ ہوا سے عمرہ بھی کہا جاتا ہے، یعنی حج کو عمرہ سے ممتاز کرنے کے لیے حج اکبر کہا گیا ہے، عوام میں جو مشہور ہے کہ جو حج جمعے کے دن آئے وہ حج اکبر ہے اس کی کوئی دلیل نہیں ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَجُّ 1	حج کرنا	(اسم)مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ح ج ج	فِعْلٌ	حِجْجٌ ❶	آل عمران:97
حِجَابٌ 7	پردہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ح ج ب	فِعَالٌ	×❷	الأعراف:46
حِجَارَةٌ 10	پتھر	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مجرد	//	ح ج ر	فِعَالَةٌ	×❸	هود:82
حُجَّةٌ 7	کوئی دلیل	//	واحد مؤنث	//	//	مضاعف ثلاثی	ح ج ج	فُعْلَةٌ	حُجْجَةٌ❹	البقرة:150
حِجَجٍ 1	سال	//	جمع مکسر	×	//	//	//	فِعَلٍ	×❺	القصص:27
حِجْرٌ 4	ممنوع	(اسم)مصدر	×	نصر	//	صحیح	ح ج ر	فِعْلٌ	×❻	الأنعام:138
الْحِجْرِ 1	حجر بستی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	فِعْلِ	×❼	الحجر:80
الْحَجَرَ 2	پتھر	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعَلَ	×❽	البقرة:60
الْحُجُرَاتِ 1	کمروں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فُعُلَاتِ	×❾	الحجرات:4
حُجُوْرِكُمْ 1	تمہاری پرورش	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُوْلِ	×❿	النساء:23
حَدَائِقَ 3	باغ	//	//	//	ثلاثی مزید فیہ	//	ح د ق	فَعَائِلَ	×⓫	النمل:60
حِدَادٍ 1	تیز	صفت مشبہ	//	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ح د د	فِعَالٍ	×⓬	الأحزاب:19
حَدَبٍ 1	بلندی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ح د ب	فَعَلٍ	×⓭	الأنبياء:96
فَحَدِّثْ 1	تو بیان کیجیے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ح د ث	فَعِّلْ	×	الضحى:11
حُدُوْدُ 14	حدیں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ح د د	فُعُوْلُ	×⓮	البقرة:187
حَدِيْثٍ 23	بات	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ح د ث	فَعِيْلٍ	×⓯	النساء:140
حَدِيْدٍ 5	لوہے	//	//	//	//	مضاعف ثلاثی	ح د د	//	×⓰	الحج:21
حَدِيْدٌ 1	بڑی تیز	صفت مشبہ	//	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِيْلٌ	×⓱	ق:22
حَذَرَ 2	ڈرتے ہوئے	(اسم)مصدر	×	سمع	//	صحیح	ح ذ ر	فَعَلَ	×	البقرة:19
حِذْرَكُمْ 3	اپنے بچاؤ کا سامان	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فِعْلَ	×⓲	النساء:71

❶ دوہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❷ ج: حُجُبٌ۔ ❸ م: حَجَرٌ۔ ❹ دوہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، حُجَّة اصل میں باب نصر کا مصدر ہے اس کے معنی ہیں ''دلیل کے ذریعہ کسی پر غالب آنا''، پھر یہ دلیل کے معنی میں بطور اسم جامد کے استعمال ہونے لگا، ج: حُجَجٌ و حِجَاجٌ۔ ❺ م: حِجَّةٌ۔ ❻ یہ مصدر بمعنی مفعول یعنی مَحْجُوْرٌ (ممنوع) کے معنی میں ہے، بعض کے نزدیک یہ صفت مشبہ ہے، لفظ ﴿حِجْر﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① ممنوع، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② آڑ، جیسا کہ سورۃ الفرقان: 53 میں ہے ﴿حِجْرًا﴾ ''آڑ''۔ ❼ لفظ ﴿حِجْر﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① ایک بستی کا نام، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، یہ صالح علیہ السلام کی قوم ثمود کی بستی کا نام ہے، یہ بستی مدینہ اور تبوک کے درمیان تھی آج کل یہ بستی ''مدائن صالح'' کے نام سے معروف ہے ② عقل و خرد، جیسا کہ سورۃ الفجر: 5 میں ہے ﴿لِذِیْ حِجْرٍ﴾ ''صاحب عقل کے لیے''، ج: حُجُوْرٌ و اَحْجَارٌ۔ ❽ ج: اَحْجَارٌ و حِجَارَةٌ۔ ❾ م: حُجْرَةٌ۔ ❿ م: حِجْرٌ، اس کے لغوی معنی حفاظت کے ہیں۔ ⓫ یہ جمع منتھی الجموع ہے، م: حَدِيْقَةٌ ⓬ م: حَدِيْدٌ۔ ⓭ یہ اصل میں مصدر ہے مگر یہاں اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، اس کے مصدری معنی کی مناسبت سے اونچی اور بلند زمین کو حَدَبٌ کہتے ہیں۔ ⓮ م: حَدٌّ، یہ اصل میں باب نصر کا مصدر ہے مگر یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، ﴿حُدُوْدُ اللّٰهِ﴾ سے مراد وہ امور ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے اوامر و نواہی کے ذریعے مقرر کیا ہے۔ ⓯ یہ اصل میں باب نصر سے صفت مشبہ ہے، پھر یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہونے لگا، ہر وہ کلام جو انسان کو سننے یا وحی کے ذریعے بیداری یا نیند میں پہنچے اسے حدیث کہتے ہیں، ج: اَحَادِيْثُ، بعض کے نزدیک یہ باب تفعیل حَدَّثَ سے اسم مصدر ہے۔ ⓰ ج: حَدَائِدُ۔ ⓱ ج: حِدَادٌ و اَحِدَّاءُ۔ ⓲ یہ اصل میں باب سمع کا مصدر ہے مگر یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، اس سے مراد اسلحہ اور سامان جنگ ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَلْحُرُّ 2	آزاد	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب،نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ح ر ر	فُعُلٌ	حُرُرٌ ❶	البقرة:178
حَرًّا 3	گرم	//	//	//	//	//	//	فَعْلًا	حَرْرًا ❷	التوبة:81
حَرَامٌ 26	حرام	//	//	سمع، کرم	//	صحیح	ح ر م	فَعَالٌ	× ❸	النحل:116
اَلْحَرْبِ 4	جنگ	اسم مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ر ب	فَعْلِ	× ❹	الأنفال:57
حَرْثٌ 13	کھیتی	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	ح ر ث	فَعْلٌ	× ❺	البقرة:223
حَرَجٍ 15	تنگی	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	ح ر ج	فَعَلٍ	× ❻	المائدة:6
حَرْدٍ 1	بخیلی کرنے	//	//	ضرب	//	//	ح ر د	فَعْلٍ	×	القلم:25
حَرَسًا 1	چوکیدار	اسم فاعل	جمع مکسر	نصر	//	//	ح ر س	فَعَلًا	× ❼	الجن:8
حَرَصْتَ 1	تم حرص کرو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	//	//	ح ر ص	فَعَلْتَ	×	یوسف:103
حَرَصْتُمْ 1	تم لالچ کرو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	النساء:129
حَرِّضِ 2	رغبت دلاتے رہو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ر ض	فَعِّلْ	حَرِّضْ ❽	النساء:84
حَرَضًا 1	بیمار	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلًا	× ❾	یوسف:85
حَرْفٍ 1	کنارے	اسم جامد	//	×	//	//	ح ر ف	فَعْلٍ	× ❿	الحج:11
حَرِّقُوْهُ 2	اسے جلاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ر ق	فَعِّلُوْ	×	الأنبياء:68
حَرَّمَ 20	اس نے حرام کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	ح ر م	فَعَّلَ	//	البقرة:173
حُرِّمَ 3	حرام کی گئی	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِّلَ	//	ال عمرٰن:50
حُرُمٌ 5	احرام والے	صفت مشبہ	جمع مکسر	کرم	ثلاثی مجرد	//	//	فُعُلٌ	× ⓫	المائدة:1

❶ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: اَحْرَارٌ۔ ❷ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ) یہ اصل میں باب ضرب اور نصر کا مصدر ہے، پھر بطور صفت مشبہ استعمال ہونے لگا، ج: حُرُوْرٌ۔ ❸ یہ اصل میں باب کرم اور سمع کا مصدر ہے، اور یہاں یہ بمعنی مُحَرَّمٌ (حرام وممنوع) بطور صفت مشبہ کے استعمال کیا گیا ہے، یا یہ بطور مبالغہ کے استعمال کیا گیا ہے، لفظ ﴿حَرَام﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① حرام، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② لازم، جیسا کہ سورۃ الانبیاء :95 میں ہے ﴿حَرَامٌ عَلٰی قَرْیَةٍ﴾ ''لازم ہے بستی پر'' ③ مقدس ولائق احترام، جیسا کہ سورۃ البقرۃ :194 میں ہے ﴿اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ﴾ ''حرمت والا مہینہ'' حرمت والے کل چار مہینے ہیں: ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب اسی طرح سورۃ المائدۃ : 2 میں ہے ﴿اَلْبَیْتَ الْحَرَامَ﴾ ''خانہ کعبہ''، ج: حُرُمٌ۔ ❹ یہ مؤنث سماعی ہے کبھی بمعنی قتال مذکر بھی استعمال ہوتا ہے، اگر اس کا معنی دو فریقوں کے درمیان قتال والا کیا جائے تو یہ باب مفاعلہ کا اسم مصدر ہوگا، اگر اس کا معنی لڑائی کیا جائے تو یہ حاصل مصدر ہوگا، اور اگر اس کا معنی لڑنا ہو تو یہ کبھی باب نصر حَرَبَ یَحْرُبُ کا مصدر ہوتا ہے، ج: حُرُوْبٌ۔ ❺ یہ اصل میں باب نصر سے مصدر بمعنی مفعول ہے، یہی وجہ ہے کہ یہاں خبر مفرد آئی ہے۔ ❻ اس سے پہلے مضاف محذوف ہے اَیْ ذَاحَرَجٍ، یا یہ بمعنی حَرِجٌ صفت مشبہ ہے، لفظ ﴿حَرَج﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① تنگی، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② انتہائی تنگ وسخت، جیسا کہ سورۃ الأنعام:125 میں ہے ﴿حَرَجًا﴾ ''انتہائی تنگ وسخت'' ③ گناہ، حرج، جیسا کہ سورۃ النور:61 میں ہے ﴿لَیْسَ عَلَی الْاَعْمٰی حَرَجٌ﴾ ''نہ اندھے پر کوئی گناہ ہے''۔ ❼ م: حَارِسٌ، بعض کے نزدیک یہ اسم جنس جمعی ہے اس کا واحد حَرَسِیٌّ آتا ہے، یا یہ اسم جمع ہے۔ ❽ یہ اصل میں ساکن تھا، پھر آگے ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ عَلَی الشَّیْءِ ہو۔ ❾ ﴿حَرَضًا﴾ اس جسمانی عارضے یا ضعف عقل کو کہتے ہیں جو بڑھاپے یا پے در پے صدمات کی وجہ سے انسان کو لاحق ہوتا ہے، ج: اَحْرَاضٌ و حُرْضَانٌ و حِرَضَةٌ، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ❿ کنارے پر عبادت کرنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ خوشی کی حالت میں تو اللہ کی عبادت کرتے ہیں مگر مصیبت میں نہیں کرتے، ج: اَحْرُفٌ و حُرُوْفٌ۔ ⓫ لفظ ﴿حُرُم﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① احرام، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② ادب واحترام والے'' جیسا کہ سورۃ توبۃ : 36 میں ہے ﴿مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ﴾ ''ان میں سے چار (مہینے) حرمت والے ہیں'': ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب، م: حَرَامٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَرَمًا [2]	حرم (مکہ)	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ر م	فَعَلًا	×❶	القصص:57
حُرُمَاتِ [2]	حرمتیں	صفت مشبہ	جمع مؤنث سالم	کرم	//	//	//	فُعُلَاتِ	×❷	الحج:30
حُرِّمَتْ [3]	حرام کردی گئی ہیں	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	×	النساء:23
حَرَّمْنَا [7]	ہم نے حرام کردی تھی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	النساء: 160
حَرَّمُوا [1]	انھوں نے حرام قرار دیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَّلُوا	×	الأنعام:140
الْحَرُوْرُ [1]	دھوپ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مضاعف ثلاثی	ح ر ر	فَعُوْلُ	×❸	فاطر:21
حَرِيْرٌ [3]	ریشم	//	اسم جنس جمعی	//	//	//	//	فَعِيْلٌ	×	الحج:23
حَرِيْصٌ [1]	حریص	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ر ص	//	×❹	التوبة:128
الْحَرِيْقِ [5]	جلانے والا	//	//	نصر	//	//	ح ر ق	فَعِيْلِ	×	ال عمرٰن:181
حِزْبَ [8]	جماعت	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	ح ز ب	فِعْلَ	×❺	المائدة:56
الْحِزْبَيْنِ [1]	دو جماعتوں	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فِعْلَيْنِ	×❻	الكهف:12
الْحُزْنِ [2]	غم	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	ح ز ن	فُعْلِ	×❼	یوسف:84
حَزَنًا [3]	غم کا باعث	//	//	//	//	//	//	فَعَلًا	×❽	القصص:8
حِسَابِ [37]	حساب	//	//	نصر	//	//	ح س ب	فِعَالِ	×❾	ال عمرٰن:27
حِسَابِيَهْ [2]	اپنے حساب کو	//	//	//	//	//	//	فِعَالِ	×❿	الحاقة:20
حِسَانٌ [2]	خوبصورت عورتیں	صفت مشبہ	جمع مکسر	کرم	//	//	ح س ن	فِعَالٌ	×⓫	الرحمٰن:70
حَسِبَ [5]	خیال کیے بیٹھے ہیں	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع، حسب	//	//	ح س ب	فَعِلَ	×	العنكبوت:2
حُسْبَانًا [3]	حساب کا ذریعہ	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	//	فُعْلَانًا	×⓬	الأنعام:96
حَسِبْتَ [13]	آپ کا خیال ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع، حسب	//	//	//	فَعِلْتَ	×	الكهف:9

❶ یہ اصل میں باب کـرم کا مصدر ہے، اور یہاں اسم جامد کے طور پر استعمال ہوا ہے، کیونکہ اس سے مراد مکہ مکرمہ کا وہ مقدس ومخصوص علاقہ ہے جس کے اندر بعض چیزیں اللہ تعالیٰ نے حرام کردی ہیں ہے، ج:اَحْرَامٌ ۔ ❷ م: حُرْمَةٌ و حُرُمَةٌ و حُرَمَةٌ، کبھی یہ مصدر بھی ہوتا ہے۔ ❸ ج:حَرَائِرُ ، یہ اصل میں صفت مشبہ ہے اس کے معنی ہیں آفتاب کی گرمی، تپش، بعض کے نزدیک یہ باب ضـرب اور نـصر کا مصدر بھی استعمال ہوتا ہے۔ ❹ حَرَصَ عَلَى الرَّجُلِ کے معنی ہوتے ہیں: کسی پر مہربان ہونا اور نفع پہنچانے کی کوشش کرنا، اچھی طرح خیال رکھنا، اس اعتبار سے یہاں ﴿حَـرِيْصٌ عَلَيْكُمْ﴾ کے معنی ہیں کہ وہ تم پر مہربان ہے تمہیں نفع پہنچانے کی کوشش کرتا ہے اور تمہارا اچھی طرح خیال رکھتا ہے، ج: حِرَاصٌ۔ ❺ ان لفظوں سے اس کا مفرد نہیں آتا ہے، حِزْبٌ کے معنی ہیں: پارٹی، طاقتور جماعت، حِـزْبُ الرَّجُـل کے معنی ہیں: اعوان وانصار، ج: أَحْزَابٌ۔ ❻ م: حِزْبٌ ، یہ اسم جمع ہے، اس کی جمع أَحْـزَابٌ آتی ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❼ ج: اَحْـزَانٌ، یہ مصدری معنی کے بغیر بھی استعمال ہوتا ہے اس کے معنی رنج وغم کے ہوتے ہیں۔ ❽ یہاں مصدر بمعنی اسم فاعل استعمال ہوا ہے۔ ❾ یہ باب مـفـاعلہ کا مصدر سماعی بھی ہوسکتا ہے، لفظ ﴿حِسَاب﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① حساب، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② بہت اور کافی، جیسا کہ سورۃ النبأ:36 میں ہے ﴿عَـطَـاءً حِسَابًا﴾ ''عطیہ کافی''، یہاں یہ بطور وصف مبالغۃً استعمال ہوا ہے۔ ❿ اس کے آخر میں یائے متکلم اور ہائے سکتہ ہے۔ ⓫ یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے جمع ہے، لفظ ﴿حِسَـان﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① خوبصورت عورتیں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نفیس، جیسا کہ سـورۃ الـرحمن:76 میں ہے ﴿عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ﴾ ''نادر نفیس''، م: حَسَنٌ و حَسِيْنٌ و حَسَنَةٌ اور حَسْنَاءُ۔ ⓬ یا یہ اسم جامد حُسْبَانَةٌ کی جمع ہے، لفظ ﴿حُسْبَان﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① حساب کا ذریعہ، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② تدبیر دقیق، جیسا کہ سورۃ الرحمن:5 میں ہے

﴿الشَّمْـسُ وَالْـقَمَرُ بِحُسْبَانٍ﴾ ''سورج اور چاند ایک حساب سے (چل رہے ہیں)'' ③ کڑک اور اولے، جیسا کہ سورۃ الکھف:40 میں ہے ﴿يُرْسِلُ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِنَ السَّمَاءِ﴾ ''وہ بھیجے اس پر کوئی عذاب آسمان سے''۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَسِبْتُمْ [4]	تم نے خیال کرلیا ہے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	س،ح	ثلاثی مجرد	صحیح	ح س ب	فَعِلْتُمْ	×	البقرة:214
حَسِبَتْهُ [1]	اس نے خیال کیا	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعِلَتْ	//	النمل:44
حَسْبُكَ [9]	کافی ہے تجھ کو	(اسم) مصدر	×	کرم	//	//	//	فَعْلَ	× ❶	الأنفال:62
حَسِبُوْا [1]	ان کا خیال تھا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	س،ح	//	//	//	فَعِلُوْا	×	المائدة:71
حَسْبِیَ [2]	مجھے کافی ہے	(اسم) مصدر	×	کرم	//	//	//	فَعْلِ	× ❷	التوبة:129
حَسَدَ [1]	حسد کرنے لگے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر،ضرب	//	//	ح س د	فَعَلَ	×	الفلق:5
حَسَدًا [1]	حسد کرتے ہوئے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعَلًا	//	البقرة:109
حَسَرَاتٍ [2]	حسرتیں	//	جمع مؤنث سالم	سمع	//	//	ح س ر	فَعَلَاتٍ	× ❸	البقرة:167
حَسْرَةً [6]	حسرت	(اسم) مصدر مرّہ	×	//	//	//	//	فَعْلَةً	× ❹	آل عمرٰن:156
يٰـحَسْرَتٰی [1]	ہائے افسوس	//	//	//	//	//	//	فَعْلَةَ	حَسْرَتِیْ ❺	الزمر:56
حَسُنَ [1]	اچھے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	کرم	//	//	ح س ن	فَعُلَ	×	النساء:69
حُسْنُ [13]	اچھا	(اسم) مصدر	×	نصر،کرم	//	//	//	فُعْلُ	× ❻	آل عمرٰن:14
حَسَنٍ [19]	اچھا	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	//	//	فَعَلٍ	×	آل عمرٰن:37
اَلْحُسْنٰی [17]	بھلائی	اسم تفضیل	واحد مؤنث	//	//	//	//	فُعْلٰی	× ❼	النساء:95
حَسَنَاتٍ [3]	نیکیوں	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	//	//	//	فَعَلَاتٍ	× ❽	الفرقان:70
حَسُنَتْ [2]	اچھی ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	کرم	//	//	//	فَعُلَتْ	×	الکهف:31
حَسَنَةً [28]	اچھائی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	فَعَلَةً	× ❾	البقرة:201
اَلْحُسْنَيَيْنِ [1]	دو اچھائیوں	اسم تفضیل	تثنیہ مؤنث	//	//	//	//	فُعْلَيَيْنِ	حُسْنَايَيْنِ ❿	التوبة:52
حُسُوْمًا [1]	مسلسل	اسم فاعل	جمع مکسر	ضرب	//	//	ح س م	فُعُوْلًا	× ⓫	الحاقة:7
حَسِيْبًا [4]	حساب لینے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	//	//	ح س ب	فَعِيْلًا	× ⓬	النساء:6
حَسِيْرٌ	تھکی ہوئی	//	//	کرم	//	//	ح س ر	فَعِيْلٌ	×	الملك:4

❶ یہ مصدر بمعنی اسم فاعل ہے یعنی کفایت کرنے والا، بعض کے نزدیک یہ صفت مشبہ ہے، یا یہ اسم فعل بمعنی يَكْفِي ہے۔ ❷ یہ مصدر بمعنی اسم فاعل یائے متکلم کی طرف مضاف ہے، یا یہ اسم فعل بمعنی يَكْفِي ہے۔ ❸ یا یہ باب تفعّل سے اسم مصدر ہے، م: حَسْرَةٌ۔ ❹ یا یہ باب تفعّل سے اسم مصدر ہے، ج: حَسَرَاتٌ۔ ❺ یہ منادی یائے متکلم کی طرف مضاف ہے، یائے متکلم کو الف سے بدل دیا ہے، یا یہ مندوب ہے، اس کے آخر میں الف ندبہ کا ہے۔ ❻ لفظ ﴿حُسْن﴾ جب اس کے معنی اچھا ہونا ہوں تو یہ مصدر ہوتا ہے اور جب اس کے معنی خوبی، بھلائی، خوبصورتی وغیرہ ہوں تو یہ حاصل مصدر ہوتا ہے قرآن مجید میں چھ معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① اچھا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② خوبی، سورۃ الشوریٰ :23 ③ بھلائی، سورۃ العنکبوت :8 ④ نیکی، سورۃ النمل :11 ⑤ نیک سلوک، سورۃ الکھف :86، ⑥ اچھی بات، سورۃ البقرۃ :83، ج: مَحَاسِنُ، یہ خلاف قیاس جمع ہے۔ ❼ ج: اَلْحُسَنُ یا اس سے مراد جنت ہے، یہ اسم جامد ہے، مشتق نہیں ہے، لفظ ﴿اَلْحُسْنٰی﴾ قرآن مجید میں چار معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① بھلائی، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② بہترین، جیسا کہ سورۃ الأعراف:137 میں ہے ﴿كَلِمَةُ رَبِّكَ الْحُسْنٰی﴾ ''تیرے رب کی بہترین بات'' ③ سب سے اچھے، جیسا کہ سورۃ الأعراف:180 میں ہے ﴿الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی﴾ ''سب سے اچھے نام'' ④ نہایت اچھا بدلہ، جیسا کہ سورۃ یونس:2 میں ہے ﴿لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰی﴾ ''جن لوگوں نے بھلائی کی انہی کے لیے نہایت اچھا بدلہ ہے۔ ❽ م: حَسَنَةٌ ❾ لفظ ﴿حَسَنَة﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① اچھائی، بھلائی، نیک عمل، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نعمت، جیسا کہ سورۃ الأعراف:131 میں ہے ﴿فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ﴾ ''تو جب ان پر خوش حالی آتی''، ج: حَسَنَاتٌ۔ ❿ الف زائدہ علامت تثنیہ سے پہلے واقع ہو کر یاء سے بدل گیا (قاعدہ: حُبْلَيَان)، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓫ م: حَاسِمٌ، جب اس کے معنی ''جڑ سے کاٹ دینے'' کے ہوں تو یہ باب ضرب کا مصدر ہوگا، بعض کے نزدیک یہ صفت مشبہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ ⓬ یہ بمعنی کَافِيًا یا بمعنی مُحَاسِبًا، یا یہ فَعِيْل بمعنی مُفْعِل یعنی مُحْسِبًا ہے، یا یہ بمعنی فاعل ہے جو مبالغہ کے لیے فِعْيَل کے وزن پر بنایا گیا ہے، ج: حُسَبَاءُ۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَسِيْسَهَا 1	اس کی آہٹ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح س س	فَعِيْلَ	❶×	الأنبياء:102
فَحَشَرَ 1	تو اس نے اکٹھا کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ش ر	فَعَلَ	×	النازعات:23
حُشِرَ 1	جمع کیے گئے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	//	النمل:17
حَشْرٌ 2	جمع کرنا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلٌ	//	قٓ:44
حُشِرَتْ 2	اکٹھے ہو جائیں گے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتْ	//	التكوير:5
حَشَرْتَنِيْ 1	اٹھایا ہے تو نے مجھے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	❷×	طٰه:125
حَشَرْنَا 1	ہم جمع کر دیتے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	×	الأنعام:111
حَصَادِهٖ 2	اس کی کٹائی	(اسم) مصدر	×	ن،ض	//	//	ح ص د	فَعَالِ	//	الأنعام:141
حَصَبُ 1	ایندھن	اسم جامد	اسم جنس	×	//	//	ح ص ب	فَعَلُ	❸×	الأنبياء:98
حَصْحَصَ 1	ظاہر ہو گئی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فعللة	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	ح ص ح ص	فَعْلَلَ	×	يوسف:51
حَصَدْتُّمْ 1	تم کاٹو	//	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ص د	فَعَلْتُمْ	حَصَدْتُمْ❹	يوسف:47
حَصِرَتْ 1	تنگ ہوں	//	واحد مؤنث غائب	سمع	//	//	ح ص ر	فَعِلَتْ	×	النساء:90
حُصِّلَ 1	ظاہر کر دیے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ص ل	فُعِّلَ	//	العاديات:10
حَصُوْرًا 1	اپنے آپ پر بہت ضبط رکھنے والا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	ح ص ر	فَعُوْلًا	❺×	ال عمرٰن:39
حُصُوْنُهُمْ 1	ان کے قلعے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ح ص ن	فُعُوْلُ	❻×	الحشر:2
حَصِيْدًا 1	جڑ سے کاٹی ہوئی	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	//	//	ح ص د	فَعِيْلًا	❼×	يونس:24
حَصِيْرًا 4	قید خانہ	//	//	//	//	//	ح ص ر	//	❽×	بنی اسرائيل:8
حَضَرَ 1	آئی تھی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	ح ض ر	فَعَلَ	×	البقرة:133
حَضَرُوْهُ 5	وہ اس کے پاس آئے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْ	//	الأحقاف:29
حُطَامًا 1	چورا چورا	صفت مشبہ	واحد مذکر	س،ض	//	//	ح ط م	فُعَالًا	//	الزمر:21
الْحَطَبِ 3	ایندھن	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	//	ح ط ب	فَعَلِ	❾×	اللهب:4
حِطَّةٌ 2	بخش دے	(اسم) مصدر	×	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ح ط ط	فِعْلَةٌ	حِطْطَةٌ❿	البقرة:58

❶ یہ اصل میں باب نصر سے مصدر بمعنی اسم مفعول یعنی محسوس کرنا کے معنی میں ہے، یہاں یہ اسم جامد کے طور پر بمعنی حس (آہٹ) استعمال ہو رہا ہے، یہ قاعدہ ہے کہ جب کسی معنوی شئی میں مصدری معنی نہ ہو تو وہ جامد ہوتا ہے، یہاں اس کے غیر مصدر ہونے کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ یہ مفعول بہ بن رہا ہے۔ ❷ اس کے آخر میں نون وقایہ اور یائے متکلم مفعول بہ ہے۔ ❸ م: حَصَبَةٌ ❹ دو قریب المخرج حرف دال اور تاء میں سے پہلا حرف دال ساکن ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس صورت میں لکھنے میں دونوں حرف آتے ہیں جب کہ پڑھنے میں صرف ایک حرف آتا ہے۔ ❺ اس کے معنی ہیں طاقت کے باوجود خواہشات نفس سے باز رہنے والا، پاکیزہ و بلند کردار۔ ❻ م: حِصْنٌ، اس کی جمع اَحْصَانٌ و حِصَنَةٌ بھی آتی ہے۔ ❼ یہ بمعنی مَحْصُوْد (کھیتی) ہے، جب یہ لفظ کسی بستی کے لیے بولا جائے تو اس کے معنی تہس نہس ہو گئی کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ ھود :100 میں ہے ﴿حَصِيْدٌ﴾ ''نیست و نابود کر دی گئی''، ج: حَصَائِدُ۔ ❽ یہ فَعِيْلٌ بمعنی فاعل یعنی حَاصِرٌ کے معنی میں ہے، ج: حُصُرٌ و اَحْصِرَةٌ، یا یہ ذات حَصِرٍ کی تاویل میں ہے، جب اس کے معنی چٹائی ہوں تو یہ اسم جامد ہوتا ہے۔ ❾ م: حَطَبَةٌ، اس کی جمع مکسر اَحْطَابٌ بھی آتی ہے۔ ❿ دو ہم جنس حرف طاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اسے مصدر ھیئۃ کہتے ہیں، میدان تیہ سے نکلنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو حکم دیا کہ وہ سجدہ کرتے ہوئے بیت المقدس میں داخل ہوں اور زبان سے ''حِطَّةٌ'' کہیں، حِطَّةٌ کے معنی ہیں ''تو ہمیں بخش دے''، مگر وہ اس کی بجائے حَبَّةٌ فِي شَعْرَةٍ (گندم بالی میں) کہتے تھے، بعض کے نزدیک اس لفظ کا وہ حکم دیے گئے تھے لیکن اس کے معنی معلوم نہیں اور بعض کے نزدیک اس کے معنی ''توبہ'' کے ہیں۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
الْحُطَمَةُ 2	حُطمہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ط م	فُعَلَةٌ	×❶	الھمزۃ:5
حَظًّا 7	حصہ	〃	واحد مذکر	〃	〃	مضاعف ثلاثی	ح ظ ظ	فَعْلًا	حَظْظًا❷	ال عمرٰن:176
حَفَدَةً 1	پوتے	〃	جمع مکسر	〃	〃	صحیح	ح ف د	فَعَلَةً	×❸	النحل:72
حُفْرَةٍ 1	گڑھے	〃	واحد مؤنث	〃	〃	〃	ح ف ر	فُعْلَةٍ	×❹	ال عمرٰن:103
حَفِظَ 1	محفوظ رکھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	〃	〃	ح ف ظ	فَعِلَ	×	النساء:34
حِفْظًا 3	محفوظ بنایا	(اسم) مصدر	×	〃	〃	〃	〃	فِعْلًا	〃	الصافات:7
حَفَظَةً 1	محافظ	اسم فاعل	جمع مکسر	〃	〃	〃	〃	فَعَلَةً	×❺	الأنعام:61
حَفِظْنَاهَا 1	ہم نے اسے محفوظ کر دیا ہے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	〃	〃	〃	〃	فَعِلْنَا	×	الحجر:17
حَفَفْنَاهُمَا 1	ہم نے گھیر رکھا تھا ان کو	〃	〃	نصر	〃	مضاعف ثلاثی	ح ف ف	فَعَلْنَا	〃	الکھف:32
حَفِيٌّ 2	پوری تحقیق کرنے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	〃	ناقص واوی	ح ف و	فَعِيْلٌ	حَفِيْوٌ❻	الأعراف:187
حَفِيظٌ 11	حفاظت کرنے والا	〃	〃	〃	〃	صحیح	ح ف ظ	〃	×❼	ھود:57
حَقَّ 12	ثابت ہو گئی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	〃	مضاعف ثلاثی	ح ق ق	فَعَلَ	حَقَقَ❽	الأعراف:30
حَقٌّ 247	برحق	صفت مشبہ	واحد مذکر	〃	〃	〃	〃	فَعْلٌ	حَقْقٌ❾	ال عمرٰن:86
حُقُبًا 1	عرصہ دراز	اسم جامد	〃	×	〃	صحیح	ح ق ب	فُعُلًا	×❿	الکھف:60
حَقَّتْ 5	ثابت ہو گیا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	〃	مضاعف ثلاثی	ح ق ق	فَعَلَتْ	حَقَقَتْ❽	یونس:33
حُقَّتْ 2	اس کا حق یہی ہے	فعل ماضی مجہول	〃	نصر	〃	〃	〃	فُعِلَتْ	حُقِقَتْ⓫	الانشقاق:2
حَقِيقٌ 1	ضروری	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	〃	〃	〃	فَعِيْلٌ	×⓬	الأعراف:105
الْحُكَّامِ 1	حاکموں	اسم فاعل	جمع مکسر	نصر	〃	صحیح	ح ك م	فُعَّالٍ	×⓭	البقرۃ:188

❶ یہ اصل میں باب ضرب سے اسم مبالغہ ہے، اس کے لغوی معنی ہیں ریزہ ریزہ کر دینے والا، یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، یہ جہنم کی آگ کا نام ہے۔ ❷ یہ اصل میں باب سمع کا مصدر ہے مگر یہاں یہ حاصل مصدر کے طور پر اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، بعض کے نزدیک یہ صفت مشبہ ہے، ج: حُظُوْظٌ و حِظَاظٌ و أَحُظٌّ۔ ❸ م: حَافِدٌ بعض کے نزدیک یہ اسم فاعل کے وزن پر اسم جامد ہے، یعنی یہ اصل میں باب ضرب کا اسم فاعل ہے، اس کی جمع حِفَدٌ و أَحْفَادٌ بھی آتی ہے۔ ❹ ج: حُفَرٌ۔ ❺ م: حَافِظٌ۔ ❻ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوبا ادغام کر دیا (قاعدہ: سَیِّدٌ)، بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے، لفظ ﴿حَفِيّ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① پوری تحقیق کرنے والا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② لطیف و شفیق، جیسا کہ سورۃ مریم: 47 میں ہے ﴿اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا﴾ "بے شک وہ مجھ پر ہمیشہ سے بہت مہربان ہے"، ج: حُفَوَاءُ۔ ❼ یہ بمعنی فاعل ہے جو مبالغہ کے لیے فَعِيْل کے وزن پر لایا گیا ہے، یا یہ بمعنی مُفَاعِل ہے، لفظ ﴿حَفِيظ﴾ قرآن مجید میں چار معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① نگہبان، یہ اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ایک صفت ہے، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② امین، جیسا کہ سورۃ یوسف: 55 میں ہے ﴿اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ﴾ ③ محافظ، ذمہ دار، جیسا کہ سورۃ النساء: 80 میں ہے ﴿فَمَا اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا﴾ ④ حدود خداوندی کا پاسبان، جیسا کہ سورۃ ق: 32 میں ہے ﴿هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ﴾، ج: حُفَظَاءُ۔ ❽ دو متحرک ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ) ❾ دو ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ بطور مصدر بھی استعمال ہوتا ہے، سورۃ البقرۃ: 149 میں ﴿لَلْحَقُّ﴾ اصل میں لَ اَلْحَقُّ تھا ہمزہ وصلی وسط کلام میں گر گیا، ج: حُقُوْقٌ و حِقَاقٌ۔ ❿ ﴿حُقُبًا﴾ کے معنی ہیں: لمبا عرصہ تقریبا اسی سال یا اس سے زیادہ مدت، ج: أَحْقَابٌ و حِقَابٌ۔ ⓫ دو متحرک ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، حُقَّ لَهٗ اَنْ يَّفْعَلَ كَذَا کے معنی ہیں: اسے ایسا کرنا لازمی اور ضروری ہے۔ ⓬ ﴿حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ﴾ سے پہلے اَنَا مبتدا محذوف ہے، اس کے معنی ہیں اس کا حریص و خواہش مند ہوں، مذکورہ بالا آیت میں عَلٰى کی بجائے عَلَيَّ بھی ایک قراءت ہے اس کے معنی ہیں: میرے لیے یہ بات ضروری ہے۔ ⓭ م: حَاكِمٌ۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَكَمَ 1	فیصلہ کر چکا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ك م	فَعَلَ	×	المؤمن:48
حُكْمُ 30	حکم	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعْلُ	//	المائدة:43
حَكَمًا 3	ایک فیصلہ کرنے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعَلًا	× (1)	النساء:35
حِكْمَةِ 20	حکمت	(اسم) مصدر	×	کرم	//	//	//	فِعْلَةِ	× (2)	ال عمران:81
حَكَمْتَ 1	فیصلہ کرنا چاہو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	//	//	فَعَلْتَ	×	المائدة:42
حَكَمْتُمْ 1	فیصلہ کرو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	النساء:58
حَكِيْمٌ 97	حکمت والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	//	//	فَعِيْلٌ	× (3)	البقرة:209
حِلٌّ 5	حلال	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ح ل ل	فِعْلٌ	حِلْلٌ (4)	المائدة:5
حَلَائِلُ 1	بیویاں	صفت مشبہ	جمع مکسر	//	//	//	//	فَعَائِلُ	× (5)	النساء:23
حَلَّافٍ 1	بہت قسمیں اٹھانے والا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	//	//	صحیح	ح ل ف	فَعَّالٍ	×	القلم:10
حَلَالٌ 6	حلال	صفت مشبہ	//	//	//	مضاعف ثلاثی	ح ل ل	فَعَالٌ	× (6)	النحل:116
حَلَفْتُمْ 1	تم قسم اٹھاؤ	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	صحیح	ح ل ف	فَعَلْتُمْ	×	المائدة:89
اَلْحُلْقُوْمَ 1	گلے	اسم جامد	واحد مذکر	×	رباعی مزید فیہ	//	ح ل ق م	فُعْلُوْلَ	× (7)	الواقعة:83
حَلَلْتُمْ 1	تم احرام کھول دو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ح ل ل	فَعَلْتُمْ	× (8)	المائدة:2
اَلْحُلُمَ 1	بلوغت	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ح ل م	فُعُلَ	× (9)	النور:58
حُلُّوْا 1	انہیں پہنائے جائیں گے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ح ل ی	فُعِّلُوْا	حُلِّيُوْا (10)	الدهر:21
حَلِيْمٌ 15	نرمی کرنے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ل م	فَعِيْلٌ	× (11)	البقرة:225
حِلْيَةٍ 4	زیور	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	ناقص یائی	ح ل ی	فِعْلَةٍ	× (12)	الرعد:17
حُلِيِّهِمْ 1	اپنے زیورات	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُوْلِ	حُلُوْيِ (13)	الأعراف:148
حٰمٓ 7	×	حروف مقطعات	×	//	×	×	×	×	× (14)	المؤمن:1
حَمَاٍ 3	سیاہ گارا	اسم جامد	اسم جمع جمعی	//	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	ح م ء	فَعَلٍ	× (15)	الحجر:26
اَلْحِمَارِ 2	گدھا	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ح م ر	فِعَالِ	× (16)	الجمعة:5
حَمَّالَةَ 1	سر پر اٹھاتی	اسم مبالغہ	واحد مؤنث	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ح م ل	فَعَّالَةَ	×	اللهب:4

(1) ج: حَكَمَةٌ ۔ (2) ج: حِكَمٌ ۔ (3) یہ اللہ تعالیٰ کا ایک نام ہے، سورۃ ال عمران:58 میں ﴿ الذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ﴾ ''پرحکمت نصیحت'' سے مراد قرآن کریم ہے، یہ فَعِيْل بمعنی مُفْعِل ہے، یہ مبالغہ کے لیے ہے یا یہ نسبت کے لیے ہے یعنی ذِیْ حِكْمَةٍ ، ج: حُكَمَاءُ ۔ (4) دو ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ مصدر بمعنی صفت مشبہ استعمال ہو رہا ہے، لفظ ﴿ حِلٌّ ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① حلال، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② مقیم، جیسا کہ سورۃ البلد:2 میں ہے ﴿ اَنْتَ حِلٌّ ﴾ ''تو رہنے والا ہے''۔ (5) م: حَلِيْلَةٌ ، یہ اصل میں صفت مشبہ ہے، پھر بمعنی الزوجة اسم جامد بن گیا، بیوی کو حلیلہ اس لیے کہا گیا ہے کہ اس کا اترنا، قیام کرنا خاوند کے ساتھ ہوتا ہے۔ (6) بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ (7) ج: حَلَاقِمُ و حَلَاقِيْمُ ۔ (8) اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا فاعل ''فُلَانٌ'' ہو۔ (9) یہ بلوغت کا نام ہے، ج: اَحْلَامٌ ، بعض کے نزدیک یہ باب نصر کا مصدر ہے۔ (10) لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا) ۔ (11) بسا اوقات یہ لفظ اسم مبالغہ کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے، ج: حُلَمَاءُ۔ (12) ج: حِلًى ۔ (13) واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیا، اور یاء کی مناسبت سے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا (قاعدہ: مَرْمِیٌّ)، م: حَلْیٌ ۔ (14) اس سے مراد وہ حروف ہیں جو علیحدہ علیحدہ پڑھے جاتے ہیں، ان کے معانی کے بارے میں کوئی مستند روایت نہیں ہے۔ (15) م: حَمْأَةٌ ، ج: حُمُرٌ و حَمِيْرٌ و أَحْمِرَةٌ و حُمُوْرٌ و حُمُرَاتٌ ، مفرد مؤنث حِمَارَةٌ اور جمع حَمَائِرُ۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَمِئَةٍ 1	کیچڑ	صفت مشبہ	واحد مؤنث	سمع	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	ح م ء	فَعِلَةٍ	❶×	الكهف:86
اَلْحَمْدُ 43	سب تعریفیں	(اسم) مصدر	×	//	//	صحیح	ح م د	فَعْلٌ	❷×	الفاتحة:2
حُمُرٌ 1	گدھے	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ح م ر	فُعُلٌ	❸×	المدثر:50
حُمْرٌ 1	سرخ	صفت مشبہ	//	//	ثلاثی مجرد	//	//	فُعْلٌ	❹×	فاطر:27
حَمَلَ 2	بوجھ اٹھایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	//	ح م ل	فَعَلَ	×	طه:111
حِمْلُ 3	بوجھ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فِعْلُ	❺×	يوسف:72
حُمِّلَ 1	اسے ذمہ داری دی گئی ہے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَ	×	النور:54
حَمْلٍ 7	حمل	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلٍ	❻×	الحج:2
حَمَلَتْ 5	اٹھائی ہو	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	//	//	فَعَلَتْ	×	الأنعام:146
حُمِلَتْ 1	اٹھائی جائے گی	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَتْ	//	الحاقة:14
حُمِّلْتُمْ 1	تم کو ذمہ داری دی گئی	//	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلْتُمْ	//	النور:54
حُمِّلْنَا 1	ڈال دیا گیا تھا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فُعِّلْنَا	//	طه:87
حَمَلْتَهُ 1	ڈالا تھا تو نے اس کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلْتَ	//	البقرة:286
حَمَلْنَا 6	ہم نے سوار کیا تھا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	بنی اسرائيل:3
حُمِّلُوا 1	وہ دیے گئے تھے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلُوا	//	الجمعة:5
حَمُولَةً 1	بوجھ اٹھانے والے	صفت مشبہ	اسم جمع	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعُولَةً	❼×	الأنعام:142
حَمِيَّةَ 2	ضد	(اسم) مصدر	×	سمع	//	ناقص یائی	ح م ی	فَعِيلَةَ	حَمِيْيَةَ❽	الفتح:26
حَمِيدٌ 16	تعریف کرنے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	صحیح	ح م د	فَعِيلٌ	❾×	البقرة:267
اَلْحَمِيرَ 2	گدھے	اسم جامد	اسم جمع	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ح م ر	فَعِيلَ	❿×	النحل:8
حَمِيمٌ 20	کھولتا ہوا پانی	//	واحد مذکر	//	//	مضاعف ثلاثی	ح م م	فَعِيلٌ	⓫×	الأنعام:70
اَلْحَنَاجِرَ 2	گلوں	//	جمع مکسر	//	رباعی مجرد	صحیح	ح ن ج ر	فَعَالِلَ	⓬×	الأحزاب:10
حَنَانًا 1	شفقت کرنے والا	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ح ن ن	فَعَالًا	×	مريم:13

❶ مفرد مذکر: حَمِئٌ، یا یہ ذَات حَمَاۃ کی تاویل میں ہے۔ ❷ اس پر الف لام، استغراق اور جنس دونوں کے لیے ہوسکتا ہے، حمد کہتے ہیں کہ کسی کی اختیاری خوبی پر زبان سے تعریف کرنا خواہ وہ نعمت کے مقابلہ میں ہو یا نہ ہو۔ ❸ م: حِمَارٌ۔ ❹ م: أَحْمَرُ، اس معنی میں مجرد سے کوئی باب نہیں آتا البتہ باب اِفْعِلَال اور اِفْعِيلَال اِحْمِرَار اور اِحْمِيرَار آتے ہیں۔ ❺ ج: أَحْمَالٌ و حُمُوْلَةٌ، لفظ ﴿حِمْل﴾ قرآن مجید میں دو طرح استعمال ہوا ہے: ① اسم جامد، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② بطور مصدر، جیسا کہ سورۃ طه: 101 میں ہے ﴿ سَاءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حِمْلًا﴾ ''برا ہوگا ان کے لیے قیامت کے دن بوجھ اٹھانا''۔ ❻ ج: أَحْمَالٌ و حُمُولٌ و حِمَالٌ، لفظ ﴿حَمْل﴾ قرآن مجید میں دو طرح استعمال ہوا ہے: ① اسم جامد، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② مصدر، جیسا کہ سورۃ الأحقاف: 15 میں ہے ﴿ حَمْلُهُ وَ فِصَالُهُ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا﴾ ''اس کا حاملہ ہونا اور اس کا دودھ چھڑانا تیس مہینے ہے''۔ ❼ اس سے مراد اونٹ اور گدھا وغیرہ ہیں، جو بار برداری کے کام آتے ہیں۔ ❽ دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❾ یہ فَعِيل بمعنی مَفْعُول ہے۔ ❿ بعض کے نزدیک یہ جمع مکسر ہے، م: حِمَارٌ، اس کی جمع حُمُرٌ و حُمُورٌ و أَحْمِرَةٌ و حُمُرَاتٌ بھی آتی ہے۔ ⓫ یہ اصل میں باب نصر سے صفت مشبہ ہے پھر یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہونے لگا، بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے، لفظ ﴿حَمِيم﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① کھولتا ہوا پانی، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، ج: حَمَائِمُ ② کوئی مخلص دوست، جیسا کہ سورۃ المعارج 10 میں ہے ﴿لَا يَسْئَلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًا﴾، ج: أَحِمَّاءُ۔ ⓬ م: حَنْجَرَةٌ و حُنْجُوْرَةٌ، گلا، نرخرہ اور سانس کی نالی کو کہتے ہیں، بعض کے نزدیک یہ ثلاثی مزید فیہ ہے اور حَجَر سے مشتق ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
الْحِنْثِ [1]	گناہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ح ن ث	فِعْلٍ	×❶	الواقعة:46
حُنَفَاءَ [2]	خالص موحد بن کر	صفت مشبہ	جمع مکسر	س، ك	//	//	ح ن ف	فُعَلَاءَ	×❷	الحج:31
حَنِيذٍ [1]	بھنا ہوا	//	واحد مذکر	ضرب	//	//	ح ن ذ	فَعِيلٍ	×	هود:69
حَنِيفًا [10]	سیدھی راہ والے	//	//	س، ك	//	//	ح ن ف	فَعِيلًا	×❸	البقرة:135
حُنَيْنٍ [1]	حنین	اسم جامد	واحد مذکر ومؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ح ن ن	فُعَيْلٍ	×❹	التوبة:25
الْحَوَارِيُّونَ [3]	مخلص دوستوں	//	جمع مذکر سالم	//	//	اجوف واوی	ح و ر	فَعَالِيُّونَ	×❺	ال عمران:52
الْحَوَارِيِّينَ [2]	مخلص دوستوں	//	//	//	//	//	//	فَعَالِيِّينَ	×❻	المائدة:111
الْحَوَايَا [1]	آنتوں	//	جمع مکسر	//	//	لفیف مقرون	ح و ی	فَوَاعِلُ	حَوَاوِیُ❼	الأنعام:146
حُوبًا [1]	گناہ	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ح و ب	فُعْلًا	×	النساء:2
الْحُوتُ [4]	مچھلی	//	//	//	//	//	ح و ت	فُعْلُ	×❽	الصافات:142
حُورٌ [4]	حوریں	صفت مشبہ	جمع مکسر	سمع	//	//	ح و ر	فُعْلٌ	×❾	الرحمٰن:72
حَوْلَ [16]	اردگرد	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ح و ل	فَعْلَ	×❿	مريم:68
حِوَلًا [1]	مکان بدلنا	اسم مصدر	×	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فِعَلًا	//	الكهف:108
حَوْلَيْنِ [1]	دو سال	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلَيْنِ	×⓫	البقرة:233
حَيَّ [1]	زندہ رہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	لفیف مقرون	ح ی و	فَعِلَ	حَيِوَ⓬	الأنفال:42
حَيًّا [5]	زندہ کرکے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	حَيْوًا⓭	مريم:15

❶ ج: اَحْنَاثٌ، یہ اصل میں باب سمع کا مصدر ہے۔ ❷ م: حَنِيفٌ۔ ❸ اس کے معنی ایک طرف ہونے والے کے بھی ہوتے ہیں، ج: حُنَفَاءُ ۔ ❹ یہ جگہ کا نام ہونے کی وجہ سے مذکر ومؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، یہ مکہ اور طائف کے درمیان ایک وادی کا نام ہے، اسی جگہ پر رسول اکرم ﷺ کی قبیلہ بنو ہوازن سے مشہور جنگ ہوئی تھی، جو غزوہ حنین کے نام سے مشہور ہوئی۔ ❺ یہ اصل میں باب سمع سے صفت مشبہ ہے اس کے معنی ہیں کپڑے دھو کر سفید کرنے والا مخلص بے عیب آدمی، ساتھی اور حامی ومددگار، شہری عورت کو حَـوَارِيَّةٌ بھی اسی وجہ سے کہتے ہیں کہ اس کا رنگ صاف اور سفید ہوتا ہے (اعراب القرآن)، صاحب المنجد نے اسے عجمی (حبشی) لفظ قرار دیا ہے، اس کے آخر میں یاء نسبت کے لیے ہے، بعض کے نزدیک اس میں یاء مبالغہ کے لیے ہے، یہاں حَوَارِيُّونَ سے مراد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے صحابی، انصار ومددگار مراد ہیں، یہ اس کی رفعی حالت ہے، م: حَـوَارِيٌّ۔ ❻ اس کے آخر میں یاء نسبت کے لیے ہے، بعض کے نزدیک اس میں یاء مبالغہ کے لیے ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: حَوَارِيٌّ ۔ ❼ واؤ مدہ زائدہ الف مفاعل کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: صَحَائِفُ) تو یہ حَوَاءِ یُ ہوگیا، پھر ہمزہ مفرد مکسور الف مفاعل کے بعد یاء سے پہلے واقع ہو کر یاء مفتوحہ سے بدل گیا (قاعدہ خَطَايَا) تو یہ حَوَایَ یُ ہوگیا، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ :قَالَ) تو یہ حَوَايَا ہوگیا، م: حَاوِيَاءُ یا حَاوِيَةٌ، اس کا مفرد حَوِيَّةٌ بھی ہوسکتا ہے، اس صورت میں اس کا وزن فَعَائِلُ ہوگا، اور اس کی اصل حَوَائِیُ ہوگی، پھر ہمزہ مفرد مکسور الف مفاعل کے بعد یاء سے پہلے واقع ہو کر یاء مفتوحہ سے بدل گیا (قاعدہ خَطَايَا) تو یہ حَوَایَ یُ ہوگیا، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ :قَالَ) تو یہ حَوَايَا ہوگیا۔ ❽ ج: حِيتَانٌ وأَحْوَاتٌ۔ ❾ م: حَـوْرَاءُ، حَوِرَتِ الْمَرْأَةُ کے معنی ہیں: سیاہ آنکھ والی ہونا، یہاں اس سے مراد جنت کی خوبصورت اور سیاہ چشم عورتیں ہیں، ان کو حُـورٌ اس لیے کہا جاتا ہے کہ نظریں ان کے حسن وجمال کو دیکھ کر حیرت زدہ رہ جائیں گی۔ ❿ لفظ ﴿حَـوْل﴾ قرآن مجید میں دو طرح استعمال ہوا ہے: ① اسم ظرف مکان ہے، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② اسم ظرف زمان، اس کے معنی ''سال'' ہوتے ہیں جیسا کہ سورۃ البقرۃ::240 میں ہے ﴿اِلَى الْحَوْلِ﴾ ''ایک سال تک''۔ ⓫ م: حَــــوْلٌ، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے ۔ ⓬ واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رَضِيَ) دو متحرک ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ) ۔ ⓭ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوبا ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
حَيٌّ [14]	جاندار	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	ح و ی	فَعِلٌ	حَيِوٌ ①	الأنبياء:30
حَيَاةٌ [76]	زندگی	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعَلَةٌ	حَيَوَةٌ ②	البقرة:179
حَيَّةٌ [1]	سانپ	اسم جامد	اسم جنس	×	//	//	//	فَعْلَةٌ	حَوْيَةٌ ③	طه:20
حِيْتَانُهُمْ [1]	ان کی مچھلیاں	//	جمع مکسر	//	//	اجوف واوی	ح و ت	فِعْلَانٌ	حِوْتَانٌ ④	الأعراف:163
حَيْثُ [31]	جہاں	//	واحد مذکر	//	//	اجوف یائی	ح ی ث	فَعْلُ	× ⑤	البقرة:35
حَيْرَانَ [1]	پریشان	صفت مشبہ	//	سمع	//	//	ح ی ر	فَعْلَانَ	× ⑥	الأنعام:71
حِيْلَ [1]	پردہ ڈال دیا جائے گا	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	نصر	//	اجوف واوی	ح و ل	فُعِلَ	حُوِلَ ⑦	سبا:54
حِيْلَةً [1]	کسی حیلے کی	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلَةٌ	حِوْلَةٌ ⑧	النساء:98
حِيْنٍ [34]	ایک وقت	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	اجوف یائی	ح ی ن	فِعْلٍ	× ⑨	البقرة:36
حِيْنَئِذٍ [1]	اس وقت	مرکب	×	//	×	×	×	×	حِيْنَ إِذْ ⑩	الواقعة:84
الْحَيَوَانُ [1]	زندگی	(اسم) مصدر	//	سمع	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	ح ی و	فَعَلَانُ	×	العنكبوت:64
فَحَيُّوا [1]	پس تم سلام کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعُّوا	حَيِّوُوا ⑪	النساء:86
حَيَّوْكَ [1]	دعا دیتے ہیں تجھ کو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَّوْا	حَيَّوُوْا ⑫	المجادلة:8
حُيِّيْتُمْ [1]	تمہیں دعا دی جائے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فُعِّلْتُمْ	حُيِّوْتُمْ ⑬	النساء:86

① واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوبا ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)، ج: أَحْيَاءُ، جب یہ لفظ اللہ تعالیٰ کی صفت کے لیے استعمال ہو تو اس سے مراد یہ ہوتا ہے کہ اس پر موت صحیح نہیں ہے۔ ② واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا۔ ③ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوبا ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)، ﴿حَيَّةٌ﴾ ہر قسم کے سانپ کو کہتے ہیں، یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے، ج: حَيَّاتٌ ۔ ④ واؤ ساکن غیر مدغم ماقبل مکسور واؤ کو یاء سے بدل دیا (قاعدہ: مِيْزَانٌ)، م: حُوْتٌ۔ ⑤ ظرف مکان ضمہ پر مبنی ہے، جملہ کی طرف مضاف ہو کر استعمال ہوتا ہے، کبھی یہ ظرف زمان کے طور پر بھی استعمال ہوتی ہے۔ ⑥ اس کی مؤنث حَيْرٰی آتی ہے، یہ وصف اور الف ونون زائدتان کی وجہ سے غیر منصرف ہوتا ہے، ج: حَيَارٰی۔ ⑦ ماضی مجہول کے عین کلمہ میں واؤ واقع ہوئی تو اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر واؤ ساکن ماقبل مکسور اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: قِيْلَ)۔ ⑧ واؤ ساکن غیر مدغم ماقبل مکسور واؤ کو یاء سے بدل دیا (قاعدہ: مِيْزَانٌ)، ج: حِيَلٌ ۔ ⑨ یہ اسم ظرف زمان ہے، اس کے معنی ہیں: موقع، وقت (زمانہ کا ایک حصہ) کم ہو یا زیادہ، طویل ہو یا مختصر، ج: أَحْيَانٌ اور جمع منتھی الجموع أَحَايِيْنُ آتی ہے۔ ⑩ جب حِيْنَ کو إِذْ کی طرف مضاف کریں تو إِذْ کو تنوین کے ساتھ پڑھا جاتا ہے، یہ تنوین إِذْ کے مضاف الیہ کو حذف کر کے اس کے عوض میں لائی جاتی ہے، اسی لیے اس تنوین کو تنوین عوض کہتے ہیں۔ ⑪ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ⑫ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا۔ ⑬ واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: مِيْزَانٌ)۔

باب الخاء (خ)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
خَائِبِیْنَ 1	ناکام ہوکر	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	خ ی ب	فَاعِلِیْنَ	خَایِبِیْنَ ❶	آل عمران:127
اَلْخَائِضِیْنَ 1	فضول بحث کرنے والے	//	//	نصر	//	اجوف واوی	خ و ض	//	خَاوِضِیْنَ ❷	المدثر:45
خَائِفًا 2	ڈرنے والا	//	واحد مذکر	سمع	//	//	خ و ف	فَاعِلًا	خَاوِفًا ❸	القصص:18
خَائِفِیْنَ 1	ڈرنے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِیْنَ	خَاوِفِیْنَ ❹	البقرة:114
خَائِنَةَ 2	خیانت	//	واحد مؤنث	نصر	//	//	خ و ن	فَاعِلَةَ	خَاوِنَةَ ❺	المائدة:13
اَلْخَائِنِیْنَ 3	خیانت کرنے والوں سے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِیْنَ	خَاوِنِیْنَ ❹	الأنفال:58
خَابَ 4	ناکام ہوگیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	اجوف یائی	خ ی ب	فَعَلَ	خَیَبَ ❻	ابراهيم:15
خَاتَمَ 1	ختم کرنے والے	اسم آلہ	واحد	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	خ ت م	فَاعَلَ	× ❼	الأحزاب:40
خَادِعُهُمْ 1	ان کو دھوکہ دینے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	فتح	ثلاثی مجرد	//	خ د ع	فَاعِلُ	×	النساء:142
بِخَارِجٍ 1	نکل سکتا ہو	//	//	نصر	//	//	خ ر ج	فَاعِلٍ	//	الأنعام:122
بِخَارِجِیْنَ 2	نکل سکیں گے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِیْنَ	× ❽	البقرة:167
بِخَازِنِیْنَ 1	ذخیرہ کرنے والے	//	//	//	//	//	خ ز ن	//	//	الحجر:22
خَاسِئًا 1	ناکام ہوکر	//	واحد مذکر	سمع	//	مہموز اللام	خ س ء	فَاعِلًا	× ❾	الملك:4
خَاسِئِیْنَ 2	ذلیل	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِیْنَ	× ❿	البقرة:65
خَاسِرَةٌ 1	نقصان کی بات	//	واحد مؤنث	ض،س	//	صحیح	خ س ر	فَاعِلَةٌ	×	النازعات:12
اَلْخَاسِرُوْنَ 14	نقصان پانے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× ⓫	البقرة:27
خَاسِرِیْنَ 18	نقصان پانے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِیْنَ	× ⓬	آل عمران:149
خَاشِعًا 1	جھکنے والا	//	واحد مذکر	فتح	//	//	خ ش ع	فَاعِلًا	×	الحشر:21
اَلْخَاشِعَاتِ 1	ڈرنے والی عورتیں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَاعِلَاتِ	//	الأحزاب:35
خَاشِعَةً 5	دبی ہوئی (بنجر)	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةً	× ⓭	حم السجدة:39

❶ یاء فاعل کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❷ واؤ فاعل کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❸ واؤ فاعل کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)۔ ❹ واؤ فاعل کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ واؤ فاعل کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)، اس میں تاء مبالغہ کے لیے بھی ہوسکتی ہے، یا یہ عَاقِبَة کی طرح مصدر بھی ہوسکتا ہے۔ ❻ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❼ فَاعَلٌ اسم آلہ کا سماعی وزن ہے، اَلْخَاتِمُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: آخری حصہ، آخری کڑی، ﴿خَاتَمَ﴾ کے معنی ہیں "مہر"، نبی کریم ﷺ کو خاتم النبیین اس اعتبار سے کہا گیا ہے کہ جس طرح تحریر کو مکمل کرنے کے بعد آخر میں مہر ثبت کی جاتی ہے کہ اب اس میں مزید اضافہ کی گنجائش نہیں ہے اسی طرح نبی کریم ﷺ کے بعد سلسلہ نبوت پر مہر لگ گئی ہے کہ آپ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا، آپ ﷺ نے سلسلہ نبوت کو ختم کر دیا ہے اور آپ ﷺ سلسلہ نبوت کی آخری کڑی ہیں، ج: خَوَاتِم۔ ❽ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❾ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا فاعل اَلْبَصَرُ ہو۔ ❿ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول فُلَانًا ہو۔ ⓫ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⓬ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓭ خَشَعَتِ الْأَرْضُ کے معنی ہیں: بارش نہ ہونے سے زمین کا خشک ہوجانا۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
خَاشِعُوْنَ [1]	عاجزی کرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	خ ش ع	فَاعِلُوْنَ	× (1)	المؤمنون:2
خَاشِعِيْنَ [5]	ڈرتے رہتے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× (2)	ال عمرٰن:199
خَاصَّةً [1]	خاص طور پر	//	واحد مؤنث	نصر	//	مضاعف ثلاثی	خ ص ص	فَاعِلَةً	خَاصِصَةً (3)	الأنفال:25
خَاضِعِيْنَ [1]	جھکنے والے	//	جمع مذکر سالم	فتح	//	صحیح	خ ض ع	فَاعِلِيْنَ	× (2)	الشعراء:4
خَاضُوْا [1]	انھوں نے بحث کی تھی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	نصر	//	اجوف واوی	خ و ض	فَعَلُوْا	خَوَضُوْا (4)	التوبۃ:69
بِالْخَاطِئَةِ [1]	گناہ کا	اسم فاعل	واحد مؤنث	سمع	//	مہموز اللام	خ ط ء	فَاعِلَةِ	× (5)	الحاقۃ:9
خَاطِئَةٍ [1]	خطاکار	//	//	//	//	//	//	فَاعِلَةٍ	× (1)	العلق:16
الْخَاطِئُوْنَ [1]	گناہ گاروں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× (1)	الحاقۃ:37
خَاطِئِيْنَ [4]	خطاکار	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× (2)	یوسف:97
خَاطَبَهُمُ [1]	مخاطب ہوئے ان سے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	خ ط ب	فَاعَلَ	×	الفرقان:63
خَافَ [6]	ڈرے	//	//	سمع	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	خ و ف	فَعِلَ	خَوِفَ (4)	البقرۃ:182
خَافَتْ [1]	ڈر محسوس کرے	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعِلَتْ	خَوِفَتْ (4)	النساء:128
خَافِضَةٌ [1]	کسی کو پست کردے	اسم فاعل	واحد مؤنث	ضرب	//	صحیح	خ ف ض	فَاعِلَةٌ	×	الواقعۃ:3
خَافُوْا [1]	ڈر محسوس کریں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	سمع	//	اجوف واوی	خ و ف	فَعِلُوْا	خَوِفُوْا (7)	النساء:9
خَافُوْنِ [1]	ڈرتے رہو مجھ سے	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعَلُوْا	اِخْوَفُوْا (8)	ال عمرٰن:175
خَافِيَةٌ [1]	چھپنے والی بات	اسم فاعل	واحد مؤنث	//	//	ناقص یائی	خ ف ی	فَاعِلَةٌ	×	الحاقۃ:18
خَالَاتِكَ [3]	تیری خالاؤں کی	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	//	اجوف واوی	خ و ل	فَعَلَاتِ	خَوَلَاتِ (9)	الأحزاب:50
خَالِدٌ [4]	ہمیشہ رہیں گے	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	//	صحیح	خ ل د	فَاعِلٌ	×	محمد:15
خَالِدُوْنَ [25]	وہ ہمیشہ رہیں گے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× (10)	البقرۃ:25
خَالِدَيْنِ [1]	وہ دونوں ہمیشہ رہیں گے	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَاعِلَيْنِ	× (11)	الحشر:17
خَالِدِيْنَ [44]	وہ ہمیشہ رہیں گے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	//	البقرۃ:162
خَالِصًا [2]	خالص	//	واحد مذکر	//	//	//	خ ل ص	فَاعِلًا	×	النحل:66
خَالِصَةً [5]	خالص	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةً	× (12)	البقرۃ:94
الْخَالِفِيْنَ [1]	پیچھے رہنے والوں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	خ ل ف	فَاعِلِيْنَ	× (13)	التوبۃ:83
خَالِقُ [8]	پیدا کرنے والا	//	واحد مذکر	//	//	//	خ ل ق	فَاعِلُ	×	الأنعام:102

(1) یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ (2) یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ (3) دو متحرک ہم جنس حرف صاد ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدّہ ہے تو پہلے صاد کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ (4) واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ (5) یہ فاعل ذی کذا ہے، اس کے معنی ہیں ذات الخطاء، یہ اس باب کا مصدر بھی ہوسکتا ہے۔ (6) یہ اس باب کا مصدر بھی ہوسکتا ہے۔ (7) واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ (8) واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، واؤ سے فتحہ سے نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے حذف کر دیا، اس کے آخر میں نون وقایہ ہے اور یائے متکلم تخفیفاً حذف ہو چکی ہے۔ (9) واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، م: خَالَةٌ۔ (10) یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ (11) یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ (12) بعض کے نزدیک یہ العافیة کی طرح فَاعِلَة کے وزن پر مصدر ہے۔ (13) یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَلْخَالِقُوْنَ [2]	پیدا کرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	خ ل ق	فَاعِلُوْنَ	× (1)	الطور:35
اَلْخَالِقِيْنَ [2]	پیدا کرنے والوں	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× (2)	المؤمنون:14
خَالِكَ [1]	تیرے ماموں کی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	اجوف واوی	خ و ل	فَعَل	خَوَل (3)	الأحزاب:50
اَلْخَالِيَةِ [1]	پہلے	اسم فاعل	واحد مؤنث	نصر	//	ناقص واوی	خ ل و	فَاعِلَة	خَالِوَة (4)	الحاقة:24
خَامِدُوْنَ [1]	وہ بجھے ہوئے تھے	//	جمع مذکر سالم	//	//	صحیح	خ م د	فَاعِلُوْنَ	× (5)	یٰسٓ:29
خَامِدِيْنَ [1]	//	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× (6)	الأنبياء:15
اَلْخَامِسَةُ [2]	پانچویں مرتبہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	خ م س	فَاعِلَةٌ	× (7)	النور:7
فَخَانَتَاهُمَا [1]	تو خیانت کی ان دونوں (عورتوں) نے ان کی	فعل ماضی معلوم	تثنیہ مؤنث غائب	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	خ و ن	فَعَلَتَا	خَوَنَتَا (8)	التحريم:10
خَانُوْا [1]	خیانت کی انہوں نے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	خَوَنُوْا (8)	الأنفال:71
خَاوِيَةٌ [5]	اوندھی پڑی تھی	اسم فاعل	واحد مؤنث	ض، س	//	لفیف مقرون	خ و ی	فَاعِلَةٌ	×	البقرة:259
اَلْخَبٰٓئِثَ [2]	ناپاک چیزوں کو	صفت مشبہ	جمع مکسر	کرم	//	صحیح	خ ب ث	فَعَائِلَ	× (9)	الأعراف:157
خَبَالًا [2]	نقصان پہنچانے میں	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	//	خ ب ل	فَعَالًا	×	ال عمران:118
اَلْخَبْءَ [1]	پوشیدہ چیزیں	//	//	فتح	//	مہموز اللام	خ ب ء	فَعْلَ	× (10)	النمل:25
خَبَتْ [1]	بجھنے لگے گی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	//	ناقص واوی	خ ب و	فَعَتْ	خَبَوَتْ (11)	بنی اسرائیل:97
خَبُثَ [1]	خراب ہو	//	واحد مذکر غائب	کرم	//	صحیح	خ ب ث	فَعُلَ	×	الأعراف:58
بِخَبَرٍ [2]	ایک خبر	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	خ ب ر	فَعَلٍ	× (12)	النمل:7
خُبْرًا [2]	علم	(اسم) مصدر	×	ن، ك	//	//	//	فُعْلًا	×	الكهف:68
خُبْزًا [1]	کچھ روٹی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	خ ب ز	//	× (13)	يوسف:36
اَلْخَبِيْثَ [7]	گھٹیا چیزوں کا	صفت مشبہ	//	کرم	//	//	خ ب ث	فَعِيْلَ	× (14)	البقرة:267
اَلْخَبِيْثٰتُ [2]	گندی عورتیں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَعِيْلَاتُ	×	النور:26
خَبِيْثَةٍ [2]	ناپاک	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعِيْلَةٍ	× (15)	ابراهيم:26
اَلْخَبِيْثُوْنَ [1]	گندے مرد	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَعِيْلُوْنَ	× (16)	النور:26
لِلْخَبِيْثِيْنَ [1]	گندے مردوں کے لیے	//	//	//	//	//	//	فَعِيْلِيْنَ	× (17)	النور:26
خَبِيْرٌ [45]	خبر رکھنے والا	//	واحد مذکر	ن، س	//	//	خ ب ر	فَعِيْلٌ	×	البقرة:234

(1) یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ (2) یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ (3) واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، ج:اَخْوَالٌ۔ (4) واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ:رَضِیَ)۔ (5) یہ اس کی رفعی حالت ہے، قَوْمٌ خَامِدُوْنَ کے معنی ہیں: بجھی ہوئی راکھ کی طرح فنا ہو جانے والے لوگ۔ (6) یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، قَوْمٌ خَامِدُوْنَ کے معنی ہیں: بجھی ہوئی راکھ کی طرح فنا ہو جانے والے لوگ۔ (7) یہ اسم عدد صفاتی ہے۔ (8) واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)۔ (9) م:خَبِيْثَةٌ۔ (10) یہاں یہ مصدر بمعنی اسم مفعول مَخْبُوْءٌ ہے۔ (11) واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف گر گیا۔ (12) ج:أَخْبَارٌ۔ (13) ج:اَخْبَازٌ۔ (14) ج:خُبُثٌ۔ (15) ج:خَبَائِثُ۔ (16) یہ اس کی رفعی حالت ہے، م:خَبِيْثٌ۔ (17) یہ اصل میں تھا لِ اَلْخَبِيْثِيْنَ، ہمزہ وصلی وسط کلام میں گر گیا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م:خَبِيْثٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
خَتَّارٍ 1	عہد شکن	اسم مبالغہ	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	خ ت ر	فَعَّالٍ	×	لقمان:32
خِتَامُهٗ 1	اس کی مہر	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	//	خ ت م	فِعَالٌ	× ❶	المطففين:26
خَتَمَ 3	مہر لگادی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلَ	× ❷	البقرة:7
خَدَّكَ 1	اپنے رخسار کو	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مضاعف ثلاثی	خ د د	فَعَلَ	خَدْدَ ❸	لقمان:18
خُذْ 7	وصول کر	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	مہموز الفاء	ء خ ذ	عُلْ	أُءْ خُذْ ❹	التوبة:103
خُذِ 2	پکڑ	//	//	//	//	//	//	//	أُءْ خُذْ ❺	مريم:12
خُذُوْا 13	پکڑو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	عُلُوْا	أُءْ خُذُوْا ❹	البقرة:63
خَذُوْلًا 1	بے یارو مددگار چھوڑنے والا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	//	//	صحیح	خ ذ ل	فَعُوْلًا	×	الفرقان:29
خَرَّ 5	گر پڑے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ن، ض	//	مضاعف ثلاثی	خ ر ر	فَعَلَ	خَرَرَ ❻	الأعراف:143
خَرَابِهَا 1	ان میں خرابی کرنے	(اسم) مصدر	×	سمع	//	صحیح	خ ر ب	فَعَالِ	× ❼	البقرة:114
فَخَرَاجُ 1	تو مزدوری	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	خ ر ج	فَعَالُ	× ❽	المؤمنون:72
الْخَرّٰصُوْنَ 1	اٹکل لگانے والے	اسم مبالغہ	جمع مذکر سالم	ن، ض	ثلاثی مجرد	//	خ ر ص	فَعّٰلُوْنَ	× ❾	الذاريات:10
فَخَرَجَ 3	پھر وہ نکلا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	//	خ ر ج	فَعَلَ	×	مريم:11
خَرْجًا 2	کچھ آمدنی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعْلًا	× ❿	الكهف:94
خَرَجْتَ 2	تو نکلے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	//	//	فَعَلْتَ	×	البقرة:149
خَرَجْتُمْ 1	نکلے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	الممتحنة:1
خَرَجْنَ 1	وہ خود نکلیں	//	جمع مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلْنَ	//	البقرة:240
لَخَرَجْنَا 1	ضرور ہم نکلتے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	التوبة:42
خَرَجُوْا 5	نکلے تھے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	البقرة:243
خَرْدَلٍ 2	رائی	اسم جامد	واحد مذکر	×	رباعی مجرد	//	خ ر د ل	فَعْلَلٍ	× ⓫	الأنبياء:47
الْخُرْطُوْمِ 1	ناک	//	//	//	رباعی مزید فیہ	//	خ ر ط م	فُعْلُوْلِ	× ⓬	القلم:16

❶ اَلْخِتَامُ وہ مٹی یا لاکھ جس سے مہر لگائی جائے، ج: خُتُمٌ، یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر ہے۔ ❷ دل پر مہر لگانے کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے بے سمجھ بنا دیتا ہے۔ ❸ دو ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: خُدُوْدٌ۔ ❹ اس میں قاعدہ اٰمَنَ جاری نہیں ہوا بلکہ خلاف قیاس دوسرے ہمزے کو حذف کر دیا، ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے اس کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا، لفظ ﴿خُذْ﴾ کا مفعول جب الشيء ہو تو یہ قرآن مجید میں تین معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① وصول کر، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② پکڑ، جیسا کہ سورۃ مريم :12 میں ہے (اوپر متن میں دیکھیں) ③ اختیار کر، جیسا کہ سورۃ الأعراف:199 میں ہے ﴿خُذِ الْعَفْوَ﴾ ''درگزر اختیار کر''، جب اس کا مفعول فُلَانًا ہو تو اس کے معنی قید کرنے کے آتے ہیں، جیسا کہ سورۃ یوسف:78 میں ہے ﴿فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ﴾ ''سو تو قید کر لے ہم میں سے کسی ایک کو اس کی جگہ''۔ ❺ اس میں قاعدہ اٰمَنَ جاری نہیں ہوا بلکہ خلاف قیاس دوسرے ہمزے کو حذف کر دیا، ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے اس کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا، یہ اصل میں ساکن تھا، پھر آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❻ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❼ بعض کے نزدیک یہ باب تفعیل سے اسم مصدر ہے۔ ❽ أُخْرَاجٌ و اَخْرِجَةٌ۔ ❾ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❿ یہ اصل میں تو باب نصر کا مصدر بمعنی مفعول ہے پھر اسم جامد کے طور پر استعمال ہونے لگا، ج: اَخْرَاجٌ۔ ⓫ م: خَرْدَلَةٌ اس کے معنی ہیں ''رائی کا دانہ''، ج: خَرَادِلُ، بعض کے نزدیک خَرْدَلٌ اسم جمع ہے اور خَرْدَلَةٌ واحد ہے۔ ⓬ ﴿اَلْخُرْطُوْمُ﴾ ناک کے اگلے حصے اور سونڈ کو بھی کہتے ہیں، ج: خَرَاطِيْمُ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
خَرَقْتَهَا [1]	تو نے اس کو توڑا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	خ ر ق	فَعَلْتَ	×	الكهف:71
خَرَقَهَا [1]	توڑ دیا اس نے اس کو	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	//	الكهف:71
خَرَقُوْا [1]	بنائے انہوں نے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	الأنعام:100
خَرُّوْا [3]	وہ سب گر پڑے	//	//	ض، ن	//	مضاعف ثلاثی	خ ر ر	//	خَرَرُوْا ❶	يوسف:100
خُرُوْج [5]	نکلنے	(اسم) مصدر	×	نصر	//	صحیح	خ ر ج	فُعُوْل	×	المؤمن:11
خَزَائِنُ [8]	خزانے	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	خ ز ن	فَعَائِلُ	× ❷	الأنعام:50
خَزَنَتُهَا [4]	داروغے اس کے	اسم فاعل	//	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلَةٌ	× ❸	الزمر:71
خِزْيٌ [11]	رسوائی	(اسم) مصدر	×	سمع	//	ناقص یائی	خ ز ی	فِعْلٌ	×	البقرة:85
خَسَارًا [11]	نقصان	//	//	//	//	صحیح	خ س ر	فَعَالًا	//	بنی اسرائیل:82
خَسِرَ [7]	خسارہ اٹھایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلَ	× ❹	النساء:119
خُسْرٍ [2]	نقصان	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعْلٍ	×	العصر:2
خُسْرَانًا [3]	//	//	//	//	//	//	//	فُعْلَانًا	//	النساء:119
خَسِرُوْا [8]	انہوں نے خسارے میں ڈالا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلُوْا	× ❹	الأنعام:12
خَسَفَ [2]	بے نور ہو جائے گا	//	واحد مذکر غائب	ضرب	//	//	خ س ف	فَعَلَ	× ❺	القيامة:8
خَسَفْنَا بِهٖ [8]	ہم نے دھنسا دیا اسے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	العنكبوت:40
خُشُبٌ [1]	لکڑیاں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	خ ش ب	فُعُلٌ	× ❻	المنافقون:4
خُشَّعًا [1]	جھکی ہوں گی	اسم فاعل	//	فتح	//	//	خ ش ع	فُعَّلًا	× ❼	القمر:7
خَشَعَتِ [1]	پست ہو جائیں گی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتِ	خَشَعَتْ ❽	طه:108
خُشُوْعًا [1]	عاجزی	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعُوْلًا	×	بنی اسرائیل:109
خَشِيَ [4]	ڈرے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	ناقص یائی	خ ش ی	فَعِلَ	//	النساء:25
خَشِيْتُ [1]	میں ڈر گیا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعِلْتُ	//	طه:94
خَشْيَةِ [8]	ڈر	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلَةِ	//	البقرة:74
فَخَشِيْنَا [1]	پس ڈرے ہم	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعِلْنَا	//	الكهف:80
خَصَاصَةٌ [1]	سخت ضرورت	(اسم) مصدر	×	//	//	مضاعف ثلاثی	خ ص ص	فَعَالَةٌ	//	الحشر:9

❶ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ❷م: خَزَانَةٌ و خَزِيْنَةٌ۔ ❸ خَازِنٌ۔ ❹ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشَّيْءُ ہو۔ ❺ جب خَسَفَ کا فاعل اَلْقَمَرُ ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں چاند کو گہن لگنا، روشنی ختم ہو جانا یا کم ہو جانا، جیسا کہ مذکورہ بالا سورة القيامة : 8 میں یہی معنی مراد ہیں، خَسَفَتِ الْأَرْضُ کے معنی ہیں "زمین کا دھنس جانا" اور جب اس کا صلہ "باء" ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں "دھنسا دینا" جیسا کہ سورة القصص:82 میں ہے ﴿لَخَسَفَ بِنَا﴾ "تو البتہ وہ دھنسا دیتا ہمیں"۔ ❻م: خَشَبَةٌ و خَشْبَةٌ، بعض کے نزدیک یہ خَشَبٌ کی جمع ہے ۔ ❼ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا فاعل بَصَرُهٗ ہو، م: خَاشِعٌ۔ ❽ تاء اصل میں ساکن تھی آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا فاعل صَوْتُهٗ ہو۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَلْخِصَامِ 2	جھگڑالو	صفت مشبہ	جمع مکسر	ض، س	ثلاثی مجرد	صحیح	خ ص م	فِعَالٍ	× ❶	البقرة:204
اَلْخَصْمِ 1	جھگڑا کرنے والوں	//	اسم جنس	//	//	//	//	فَعْلٍ	× ❷	صٓ:21
خَصْمَانِ 2	دو جھگڑنے والے	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعْلَانِ	× ❸	الحج:19
خَصِمُوْنَ 1	جھگڑالو	//	جمع مذکر سالم	سمع	//	//	//	فَعِلُوْنَ	× ❹	الزخرف:58
خَصِيْمٌ 3	جھگڑالو	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعِيْلٌ	× ❺	النحل:4
خُضْتُمْ 1	بحث کی تم نے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	//	اجوف واوی	خ و ض	فُلْتُمْ	خَوَضْتُمْ ❻	التوبة:69
خُضْرٍ 5	سرسبز	صفت مشبہ	جمع مکسر	سمع	//	صحیح	خ ض ر	فُعْلٍ	× ❼	یوسف:43
خَضِرًا 1	سرسبز	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعِلًا	×	الأنعام:99
خِطَابًا 3	بات کرنے	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	خ ط ب	فِعَالًا	× ❽	النبأ:37
خَطَايَاكُمْ 5	تمہاری خطائیں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	مہموز اللام	خ ط ء	فَعَايِلَ	خَطَايِءَ ❾	البقرة:58
خَطَأً 2	غلطی	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلًا	× ❿	النساء:92
خِطْأً 1	گناہ	//	//	//	//	//	//	فِعْلًا	× ⓫	بنی اسرائیل:31
خِطْبَةِ 1	منگنی کا پیغام	//	//	نصر	//	صحیح	خ ط ب	فِعْلَةِ	×	البقرة:235
خَطْبُكَ 5	تیرا حال	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعْلُ	× ⓬	طه:95
خَطِفَ 1	لے بھاگا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	خ ط ف	فَعِلَ	×	الصافات:10
اَلْخَطْفَةَ 1	اچک کر	مصدر مرہ	×	//	//	//	//	فَعْلَةَ	//	//
خُطُوَاتِ 5	قدموں	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	//	ناقص واوی	خ ط و	فُعُلَاتِ	× ⓭	البقرة:168
خَطِيْئَاتِكُمْ 2	تمہاری خطائیں	//	//	سمع	//	مہموز اللام	خ ط ء	فَعِيْلَاتِ	× ⓮	الأعراف:161
خَطِيْئَةً 3	گناہ	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعِيْلَةً	× ⓯	النساء:112
خِفَافًا 1	ہلکے	صفت مشبہ	جمع مکسر	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	خ ف ف	فِعَالًا	× ⓰	التوبة:41

❶ لفظ ﴿اَلْخِصَام﴾ قرآن مجید میں دوطرح استعمال ہوا ہے: ① صفت مشبہ، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، یہ اصل میں تو مصدر ہے مگر یہاں بطور صفت مشبہ کے استعمال ہورہا ہے، اس صورت میں اس سے پہلے مضاف محذوف مانا جائے گا یعنی ذَوِی الْخِصَامِ، م: خَصْمٌ، ② باب مفاعلہ کا سماعی مصدر ہے، اس صورت میں اس کے معنیٰ ''جھگڑا کرنے'' کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الزخرف :18 میں ہے ﴿هُوَ فِي الْخِصَامِ﴾ ''وہ جھگڑے میں''۔ ❷ یہ واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر ومؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے، اس لیے کہ یہ اصل میں مصدر ہے مگر یہاں بطور صفت مشبہ کے استعمال ہورہا ہے، خُصُومٌ و خِصَامٌ۔ ❸ یہ اصل میں تو مصدر ہے مگر یہاں بطور صفت مشبہ کے استعمال ہورہا ہے، اس لیے تثنیہ آیا ہے، م: خَصْمٌ۔ ❹ م: خَصِمٌ، جمع مکسر اَخْصَامٌ آتی ہے، بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے۔ ❺ ج: خُصَمَاءُ و خُصْمَانٌ، بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال) پھر دو ساکن، الف اور ضاد جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا اور یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: قُلْنَ)۔ ❼ مفرد مذکر: اَخْضَرُ مفرد مؤنث: خَضْرَاءُ۔ ❽ سورۃ صٓ: 20 میں ہے ﴿فَصْلَ الْخِطَابِ﴾ ''فیصلہ کن گفتگو''، یہ اصل میں مصدر ہے مگر یہاں بطور اسم جامد کے کلام پر دلالت کررہا ہے، ج: خِطَابَاتٌ۔ ❾ یاء مدہ زائدہ الف مفاعل کے بعد واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: صَحَائِفُ) تو یہ خَطَاءِءُ ہوگیا، دو متحرک ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان میں سے ایک مکسور ہے تو دوسرے کو یاء سے بدل دیا (قاعدہ: جَاءٍ) تو یہ خَطَاءِ یُ ہوگیا، پھر ہمزہ مفرد مکسور الف مفاعل کے بعد یاء سے پہلے واقع ہوکر یاء مفتوحہ سے بدل گیا (قاعدہ خَطَایَا) تو یہ خَطَایَ یُ ہوگیا، پھر یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ) تو یہ خَطَایَا ہوگیا، م: خَطِیْئَةٌ۔ ❿ ج: اَخْطَاءٌ۔ ⓫ ج: اَخْطَاءٌ۔ ⓬ یہ اصل میں مصدر ہے، ج: خُطُوبٌ۔ ⓭ م: خُطْوَةٌ۔ ⓮ م: خَطِیْئَةٌ، یہ اصل میں باب سمع کا مصدر ہے لیکن یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہورہا ہے۔ ⓯ یہ اصل میں باب سمع کا مصدر ہے لیکن یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہورہا ہے، ج: خَطِیْئَاتٌ۔ ⓰ م: خَفِیْفٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
خِفْتُ 2	ڈر رہا ہوں	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	سمع	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	خ و ف	فِلْتُ	خَوِفْتُ ❶	مريم:5
خِفْتِ 1	خطرہ محسوس کرے	//	واحد مؤنث حاضر	//	//	//	//	فِلْتِ	خَوِفْتِ ❶	القصص:7
خَفَّتْ 3	ہلکے ہوگئے	//	//	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	خ ف ف	فَعَلَتْ	خَفَفَتْ ❷	الأعراف:8
خِفْتُمْ 7	تم کو ڈر ہو	//	جمع مذکر حاضر	سمع	//	اجوف واوی	خ و ف	فِلْتُمْ	خَوِفْتُمْ ❶	البقرة:229
خَفَّفَ 1	تخفیف کردی	//	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	خ ف ف	فَعَّلَ	×	الأنفال:66
خَفِيٌّ 2	چھپی	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	خ ف ی	فَعِيْلٌ	خَفِيْيٌ ❸	الشورى:45
خُفْيَةً 2	عاجزی	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعْلَةً	×	الأنعام:63
خَفِيْفًا 1	ہلکا سا	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	خ ف ف	فَعِيْلًا	× ❹	الأعراف:189
خَلَا 2	اکیلے ہوتے ہیں	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	ناقص واوی	خ ل و	فَعَلَ	خَلَوَ ❺	البقرة:76
خَلَائِفَ 4	جانشین	اسم فاعل	جمع مکسر	//	//	صحیح	خ ل ف	فَعَائِلَ	× ❻	الأنعام:165
خِلَافٍ 6	الٹی طرف	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فِعَالٍ	× ❼	الأعراف:124
خَلَاقٍ 6	حصہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	خ ل ق	فَعَالٍ	×	البقرة:102
اَلْخَلَّاقُ 2	سب کچھ پیدا کرنیوالا	اسم مبالغہ	//	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَّالٌ	//	الحجر:86
خِلَالٌ 1	کوئی دوستی	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	خ ل ل	فِعَالٌ	× ❽	ابراهيم:31
خِلَالَ 7	اندر تک	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فِعَالَ	× ❾	بنی اسرائيل:5
خَلَتْ 15	گزر چکی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	خ ل و	فَعَتْ	خَلَوَتْ ❿	البقرة:134
خُلَّةٌ 1	کوئی دوستی	اسم مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	خ ل ل	فُعْلَةٌ	خُلْلَةٌ ⓫	البقرة:254
اَلْخُلْدِ 4	ہمیشگی	(اسم) مصدر	//	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	خ ل د	فُعْلِ	×	يونس:52
خَلَصُوْا 1	وہ الگ ہوگئے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	خ ل ص	فَعَلُوْا	× ⓬	يوسف:80
اَلْخُلَطَاءِ 1	شریک	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	خ ل ط	فُعَلَاءِ	× ⓭	صٓ:24
خَلَطُوْا 1	ملا جلا دیا انہوں نے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلُوْا	×	التوبة:102

❶ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال) پھر دو ساکن الف اور فاء جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا اور یہ کلمہ مکسور العین ہے تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ: خِفْنَ)۔ ❷ دو متحرک ہم جنس حرف فاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ❸ دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدٌّ)، یہ فَعِيْل بمعنی مَفْعُول ہے۔ ❹ ج:خِفَافٌ۔ ❺ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال) لفظ ﴿خَلَا﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① اکیلا ہونا، جیسا کہ مذکور بالا آیت میں ہے ② گزرنا، جیسا کہ سورۃ فاطر: 24 میں ہے ﴿خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ﴾ "گزرا ہے اس میں ڈرانا والا"۔ ❻ م: خَلِيْفَةٌ، اس کے آخر میں تاء مبالغہ کے لیے ہے، اصل لفظ خَلِيْفٌ ہے، اس کی جمع خُلَفَاءُ اور خَلِيْفَةٌ کی جمع خَلَائِفُ آتی ہے۔ ❼ یہ باب تفعّل سے اسم مصدر بھی ہو سکتا ہے، بعض کے نزدیک یہ اسم ظرف مکان ہے۔ ❽ یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، م: خِلَّةٌ یا یہ خُلَّةٌ یا خَلِيْلٌ کی جمع ہے اور بطور صفت مشبہ کے استعمال ہو رہا ہے۔ ❾ یہ اسم ظرف مکان ہے، ج: اَخِلَّةٌ۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال) پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف گر گیا۔ ⓫ دو ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدٌّ)، یہ واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر و مؤنث سب کے لیے مستعمل ہے۔ ⓬ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ مِنَ الْقَوْمِ ہو۔ ⓭ م: خَلِيْطٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَخَلَفَ [2]	پس جانشین بنے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	خ ل ف	فَعَلَ	× ❶	الأعراف:169
خَلْفٌ [2]	نالائق لوگ	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	//	فَعْلٌ	× ❷	الأعراف:169
خُلَفَاءَ [3]	جانشین	صفت مشبہ	جمع مکسر	نصر	//	//	//	فُعَلَاءَ	× ❸	الأعراف:69
خِلْفَةً [1]	ایک دوسرے کے پیچھے آنے والے	مصدر ھیئۃ	×	//	//	//	//	فِعْلَةً	×	الفرقان:62
خَلَفْتُمُونِي [1]	تم نے میری جانشینی کی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	خَلَفْتُمْ ❹	الأعراف:150
خِلْفَكَ	تیرے بعد ہوں گے	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعْلَ	× ❺	یونس:92
خُلِّفُوا	پیچھے چھوڑ دیے گئے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلُوا	×	التوبة:118
خَلَقَ [5]	پیدا کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	//	خ ل ق	فَعَلَ	//	البقرة:29
خُلِقَ [52]	پیدا کیا گیا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	×	النساء:28
خَلْقِ [2]	پیدا کرنے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلِ	× ❻	البقرة:164
خُلُقُ [7]	ایک رسم	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فُعُلُ	× ❼	الشعراء:137
خَلَقْتَ [4]	تو نے پیدا کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	//	//	فَعَلْتَ	×	آل عمران:191
خَلَقْتُ [1]	میں نے بنایا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	//	ص:75
خُلِقَتْ [41]	وہ پیدا کیے گئے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتْ	//	الغاشية:17
خَلَقْنَا [14]	ہم نے پیدا کیے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	الأعراف:181
خَلَقُوا [1]	انہوں نے پیدا کی	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوا	//	الرعد:16
خُلِقُوا [1]	وہ پیدا کیے گئے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلُوا	//	الطور:35
فَخَلُّوا [7]	تو چھوڑ دو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	خ ل و	فَعُّوا	خَلِّوُوا ❽	التوبة:5
خَلَوْا [2]	الگ ہوتے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَوْا	خَلَوُوا ❾	البقرة:14
الْخُلُودِ	ہمیشہ	(اسم) مصدر	×	//	//	صحیح	خ ل د	فُعُولِ	×	ق:34
خَلِيفَةً	جانشین	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	خ ل ف	فَعِيلَةً	× ❿	البقرة:30

❶ باب خَلَفَ يَخْلُفُ کے معنی ''جانشین ہونا'' اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر خَلْفًا و خِلَافَةً ہو۔ ❷ جب اس کا لام ساکن ہو تو یہ اکثر شر یعنی نالائق جانشین کے لیے اور جب لام مفتوح ہو تو اکثر خیر یعنی لائق جانشین کے لیے استعمال ہوتا ہے، ج: اَخْلَافٌ و خُلُوفٌ ۔ ❸ باب خَلَفَ يَخْلُفُ کے معنی ''جانشین ہونا'' اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر خَلْفًا و خِلَافَةً ہو، م: خَلِيفَةٌ۔ ❹ تُمْ کے بعد یا ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ)، باب خَلَفَ يَخْلُفُ کے معنی ''جانشین ہونا'' اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر خَلْفًا و خِلَافَةً ہو۔ ❺ یہ اسم ظرف مکان ہے، جب اس کا مضاف الیہ لفظوں سے محذوف اور نیت میں باقی ہو تو یہ ضمہ پر مبنی ہوتا ہے، اور باقی صورتوں میں یہ معرب ہوتا ہے۔ ❻ کبھی یہ مصدر بمعنی مفعول یعنی خلق بمعنی مَخْلُوق بھی ہوتا ہے، اس وقت یہ اسم جمع النّاس کے معنی میں ہوتا ہے۔ ❼ لفظ ﴿خُلُق﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① عادت، رسم، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② اخلاق، خلق، جیسا کہ سورۃ القلم:4 میں ہے ﴿خُلُقٍ عَظِيمٍ﴾ ''خلق عظیم''، ج: اَخْلَاقٌ ۔ ❽ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی (قاعدہ: رَضُوا)۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال) پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا۔ ❿ اس کے آخر میں تاء مبالغہ کے لیے ہے، باب خَلَفَ يَخْلُفُ کے معنی ''جانشین ہونا'' اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر خَلْفًا و خِلَافَةً ہو، ج: خُلَفَاءُ و خَلَائِفُ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
خَلِيْلًا	دوست	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	خ ل ل	فَعِيْلًا	× ❶	النساء:125
خَمْرٍ	شراب	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	صحیح	خ م ر	فَعْلٍ	× ❷	محمد:15
بِخُمُرِهِنَّ	اپنی اوڑھنیاں	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُلٍ	× ❸	النور:31
خَمْسَةٌ	پانچ	//	واحد مؤنث	//	//	//	خ م س	فَعْلَةٌ	× ❹	الکهف:22
خُمُسَهُ	اس کا پانچواں	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فُعُلَ	× ❺	الأنفال:41
خَمْسِيْنَ	پچاس	//	ملحق جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَعْلِيْنَ	× ❻	العنكبوت:14
خَمْطٍ	بدمزہ	//	اسم جنس جمعی	//	//	//	خ م ط	فَعْلٍ	×	سبا:16
الْخَنَازِيْرَ	سور	//	جمع مکسر	//	رباعی مزید فیہ	//	خ ن ز ر	فَعَالِيْلَ	× ❼	المائدة:60
الْخَنَّاسِ	پیچھے ہٹ جانے والا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	خ ن س	فَعَّالِ	× ❽	الناس:4
خِنْزِيْرٍ	سور	اسم جامد	//	×	رباعی مزید فیہ	//	خ ن ز ر	فِعْلِيْلٍ	× ❾	الأنعام:145
بِالْخُنَّسِ	پیچھے ہٹنے والے ستاروں کی	اسم فاعل	جمع مکسر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	خ ن س	فُعَّلٍ	× ❿	التكوير:15
خُوَارٌ	گائے کی آواز	اسم جامد	×	×	//	اجوف واوی	خ و ر	فُعَالٌ	× ⓫	الأعراف:148
الْخَوَالِفِ	پیچھے رہنے والے	اسم فاعل	جمع مکسر	//	//	صحیح	خ ل ف	فَوَاعِلِ	× ⓬	التوبة:87
خَوَّانٍ	خائن	اسم مبالغہ	واحد مذکر	//	//	اجوف واوی	خ و ن	فَعَّالٍ	×	الحج:38
خَوْضٍ	بحث	(اسم) مصدر	×	//	//	//	خ و ض	فَعْلٍ	//	الطور:12
خَوْفٌ	کوئی خوف	//	//	سمع	//	//	خ و ف	فَعْلٌ	//	البقرة:38
خَوَّلْنٰكُمْ	ہم نے تم کو دیا تھا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	خ و ل	فَعَّلْنَا	//	الأنعام:94
خَوَّلَهُ	وہ اس کو دیتا ہے	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَّلَ	//	الزمر:8
الْخِيَاطِ	سوئی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	اجوف یائی	خ ی ط	فِعَالِ	×	الأعراف:40
الْخِيَامِ	خیموں	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مجرد	//	خ ی م	//	× ⓭	الرحمٰن:72
خِيَانَةً	دغابازی	(اسم) مصدر	×	نصر	//	اجوف واوی	خ و ن	فِعَالَةً	خِوَانَةً ⓮	الأنفال:58

❶ خلیل اس کو کہتے ہیں جس کے دل میں محبت اس طرح خالص اور راسخ ہو کہ اس میں کوئی خلل اور نقص نہ ہو، یہاں خَلِيْل بمعنی فَاعِل اور بمعنی مَفْعُول دونوں طرح ہو سکتا ہے، کیونکہ ابراہیم علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے محبّ بھی تھے اور محبوب بھی، ج: اَخِلَّاءُ۔ ❷ یہ مؤنث جوازی ہے اس لیے کبھی یہ مذکر بھی آتا ہے، ج: خُمُوْرٌ۔ ❸ م: خِمَارٌ ❹ یہ اسم عدد اصلی ہے، یہ مؤنث اس لیے آیا ہے کہ اس کی تمیز مذکر ہے۔ ❺ یہ اسم عدد کسری ہے، ج: أَخْمَاسٌ۔ ❻ یہ اسم عدد دہائی ہے، یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے ایک ہی طرح استعمال ہوتا ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❼ م: خِنْزِيْرٌ۔ ❽ اس کے معنی ہیں "چھپنے والا، پیچھے ہٹ جانے والا"، اس سے مراد شیطان ہے، اس کو خَنَّاس اس لیے کہا گیا ہے کہ یہ لوگوں کی نظروں سے اوجھل رہ کر انہیں بہکاتا ہے اور جب بندہ ذکر کرتا ہے تو یہ پیچھے ہٹ جاتا ہے۔ ❾ ج: خَنَازِيْرُ، بعض کے نزدیک یہ خزر سے بنا ہے، اس اعتبار سے یہ ثلاثی مزید فیہ ہوگا۔ ❿ م: خَانِسٌ، یہ چاند کے علاوہ ایک سیارے کا نام ہے، اس سے مراد پانچ روشن ستارے ہیں: زحل، مشتری، مریخ، زہرہ، عطارد، ﴿الْخُنَّس﴾ خَنَس سے بنا ہے اس کے معنی پیچھے ہٹنے کے ہیں، ان کو خُنَّس اس لیے کہا گیا ہے کہ یہ کبھی چلتے چلتے واپس چلنا شروع ہو جاتے ہیں، یا اس لیے کہ یہ دن کے وقت اپنے منظر سے پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔ ⓫ یہ لفظ اصل میں تو باب نصر مصدر ہے مگر یہاں اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ⓬ م: خَالِفَةٌ۔ ⓭ یہ خِيَمٌ کی جمع ہے، جس کا مفرد خَيْمَةٌ ہے۔ ⓮ واؤ مصدر کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: قِيَامٌ)۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
خَيْرٌ [139]	بہتر	اسم تفضیل	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	خ ی ر	فَعْلٌ	أَخْيَرُ ❶	البقرة:54
خَيْرٍ	خیر	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلٍ	× ❷	البقرة:105
خَيْرًا [37]	مال	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعْلًا	×	البقرة:180
خَيْرَاتٌ [10]	خوب سیرت عورتیں	صفت مشبہ	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَعْلَاتٌ	× ❸	الرحمٰن:70
الْخِيَرَةُ [2]	اختیار	اسم مصدر	×	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فِعَلَةٌ	× ❹	القصص:68
الْخَيْطُ [2]	دھاگہ	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	ثلاثی مجرد	//	خ ی ط	فَعْلُ	× ❺	البقرة:187
خِيفَةً [6]	خوف	(اسم) مصدر	×	سمع	//	اجوف واوی	خ و ف	فِعْلَةً	خِوْفَةً ❻	الأعراف:205
خَيْلٍ [5]	گھوڑے	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	اجوف یائی	خ ی ل	فَعْلٍ	× ❼	الحشر:6

❶ کثرت استعمال کی وجہ سے ہمزہ تخفیفاً حذف ہوگیا ہے، اور یاء کی حرکت نقل کر کے خاء کو دے دی گئی ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے، جو صفت کے معنی میں استعمال ہوا ہے، ج: خُيُورٌ، سورة البقرة :180 اور:272 میں یہ بطور اسم جامد ''مال'' کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ ❷ یہ اصل میں مصدر ہے، یہاں اسم جامد ''وحی'' کے معنی میں استعمال ہوا ہے، اور سورة ص:32 میں اس سے مراد گھوڑے ہیں۔ ❸ م: خَيْرَةٌ یا یہ باب ضرب خَارَ يَخِيْرُ کا مصدر ہے، لفظ ﴿خَيْرَات﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① خوب سیرت عورتیں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نیکیاں، جیسا کہ سورة البقرة :148 میں ہے ﴿فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ﴾ ''سو نیکیوں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھو''۔ ❹ یا یہ باب افتعال سے اسم مصدر ہے۔ ❺ یہ اصل میں باب ضرب خَاطَ يَخِيْطُ کا مصدر ہے، پھر اسم جامد کے طور پر ''دھاگہ'' کے معنی میں استعمال ہونے لگا، یہاں ﴿الْخَيْطِ الْاَبْيَضِ﴾ سے مراد صبح کی سفیدی اور ﴿الْخَيْطُ الْاَسْوَدُ﴾ سے رات کی تاریکی مراد ہے، ج: خُيُوطٌ و خُيُوطَةٌ و اَخْيَاطٌ۔ ❻ واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: مِيْزَانٌ)۔ ❼ یہ جمع من غیر لفظہ ہے، اس کا واحد فَرَسٌ آتا ہے، یہ اصل میں تو گھوڑوں کا نام ہے مگر مجازی طور پر گھوڑ سواروں کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے، ج: خُيُولٌ و اَخْيَالٌ، بعض کے نزدیک اس کا واحد خَائِلٌ آتا ہے۔

باب الدال (د)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
دَائِبَيْنِ 1	مسلسل ایک دوسرے کے پیچھے چل رہے ہیں	اسم فاعل	تثنیہ مذکر	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز العین	د ء ب	فَاعِلَيْنِ	× ❶	ابراهيم:33
دَائِرَةٌ 3	کوئی حادثہ	//	واحد مؤنث	نصر	//	اجوف واوی	د و ر	فَاعِلَةٌ	دَاوِرَةٌ ❷	المائدة:52
دَائِمٌ 1	ہمیشہ رہنے والا	//	واحد مذکر	//	//	//	د و م	فَاعِلٌ	دَاوِمٌ ❸	الرعد:35
دَائِمُوْنَ 1	ہیشگی کرتے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	دَاوِمُوْنَ ❸	المعارج:23
دَابَّةٍ 14	جانور	اسم جامد	واحد مذکر ومؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	د ب ب	فَاعِلَةٍ	دَابِبَةٍ ❹	البقرة:164
دَابِرُ 4	جڑ	//	واحد مذکر	//	//	صحیح	د ب ر	فَاعِلُ	× ❺	الأنعام:45
دَاحِضَةٌ 1	لغو	اسم فاعل	واحد مؤنث	فتح	ثلاثی مجرد	//	د ح ض	فَاعِلَةٌ	×	الشورى:16
دَاخِرُوْنَ 2	عاجزی کررہے ہوتے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	د خ ر	فَاعِلُوْنَ	× ❻	النحل:48
دَاخِرِيْنَ 2	عاجز ہوکر	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❼	النمل:87
دَاخِلُوْنَ 1	داخل ہوجائیں گے	//	//	نصر	//	//	د خ ل	فَاعِلُوْنَ	× ❻	المائدة:22
الدَّاخِلِيْنَ 1	داخل ہونے والوں	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❽	التحريم:10
دَارُ 32	گھر	اسم جامد	واحد مذکر ومؤنث	×	//	اجوف واوی	د و ر	فَعَلُ	دَوَرُ ❾	الأنعام:127
الدَّاعِ 3	دعا کرنے والے	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	//	ناقص واوی	د ع و	فَاعِ	دَاعِوٌ ❿	البقرة:186
دَاعِيَ 3	بلانے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلَ	دَاعِوَ ⓫	الأحقاف:31
دَاعِيًا 1	بلانے والا	//	//	//	//	//	//	فَاعِلًا	دَاعِوًا ⓬	الأحزاب:46
دَافِعٍ 2	ٹال سکتا	//	//	فتح	//	صحیح	د ف ع	فَاعِلٍ	×	الطور:8
دَافِقٍ 1	اچھلتے	//	//	نصر	//	//	د ف ق	//	//	الطارق:6

❶ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م:دَائِبٌ۔ ❷ واؤ فاعل کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ:قَائِلٌ)، یا یہ عَافِيَةٌ کی طرح مصدر ہے۔ ❸ واؤ فاعل کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ:قَائِلٌ)۔ ❹ دو متحرک ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدّہ ہے تو پہلے باء کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، یہ اصل میں باب ضرب سے اسم فاعل ہے مگر یہاں یہ اسم جامد کے طور پر حیوان کے معنی میں استعمال ہوا ہے، یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے اس میں تاء وحدت کی ہے، زمین پر چلنے پھرنے والی ہر چیز کو دابّہ کہتے ہیں، لفظ ﴿دَابَّة﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① جانور، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② دیمک، جیسا کہ سورۃ سبا:14 میں ہے ﴿دَابَّةُ الْاَرْضِ﴾ ''زمین کے کیڑے (دیمک) نے''، سورۃ النمل:82 میں ہے ﴿دَابَّةً مِنَ الْاَرْضِ﴾ سے مراد وہ جانور ہے جو قرب قیامت کی ایک علامت ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''قیامت اس وقت قائم نہیں ہوگی جب تک تم دس نشانیاں نہ دیکھ لو ان میں ایک جانور کا نکلنا ہے'' [صحیح مسلم]، ج:دَوَابُّ۔ ❺ یہ اَلْاٰخِرُ کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، یہ اصل میں باب نصر سے اسم فاعل صیغہ واحد مذکر ہے، مگر یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ❻ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❼ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❽ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَال)، یہ مؤنث جوازی ہے، کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے، ج:دُوْرٌ، اَدْوُرٌ، دِيَارٌ، دِيَارَةٌ، ﴿دَارُ السَّلَامِ﴾ ''سلامتی کا گھر''، اس سے مراد جنت ہے۔ ❿ واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ:رَضِيَ)، تو یہ دَاعِيْ ہو گیا، لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)، معرف باللام میں یاء کو حذف کرنا بھی جائز ہے (علم الصیغہ)، سورۃ القمر:6 ﴿الدَّاعِ﴾ میں یاء اسی طرح حذف ہوئی ہے، ج:دُعَاةٌ۔ ⓫ واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ:رَضِيَ)۔ ⓬ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ:دَاعٍ)، اس میں قاعدہ يَرْضِيْ بھی جاری ہو سکتا ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مَا۔ دَامَتِ [2]	جب تک رہیں گے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	د و م	فَعَلَتِ	دَوَمَتْ ❶	هود:107
مَا۔ دَامُوا [1]	جب تک وہ ہیں	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوا	دَوَمُوا ❷	المائدة:24
دَانٍ [1]	قریب قریب جھکے	اسم فاعل	واحد مذکر	//	//	ناقص واوی	د ن و	فَاعٍ	دَانِوٌ ❸	الرحمٰن:54
دَانِيَةٌ [3]	لٹکتا ہوا	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	دَانِوَةٌ ❹	الأنعام:99
دَاوٗدُ [16]	داؤد علیہ السلام	اسم جامد	واحد مذکر	×	×	×	×	×	× ❺	البقرة:251
دَأْبِ [1]	حال	(اسم) مصدر	×	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز العین	د ء ب	فَعْلٍ	×	المؤمن:31
دَأَبًا [1]	لگاتار	//	//	//	//	//	//	فَعَلًا	//	يوسف:47
دُبُرٍ [5]	پیچھے	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	د ب ر	فُعُلٍ	× ❻	يوسف:25
دَحٰهَا [1]	اس نے اس کو پھیلایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	ناقص واوی	د ح و	فَعَلَ	دَحَوَ ❼	النازعات:30
دُحُوْرًا [1]	بھگانے کے لیے	(اسم) مصدر	×	فتح	//	صحیح	د ح ر	فُعُوْلًا	× ❽	الصافات:9
دُخَانٌ [2]	دھواں	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	د خ ن	فُعَالٌ	× ❾	حم السجدة:11
دَخَلَ [6]	وہ داخل ہوا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	//	د خ ل	فَعَلَ	×	ال عمران:37
دَخَلًا [2]	مکر کا ذریعہ	اسم جامد	×	×	//	//	//	فَعَلًا	× ❿	النحل:92
دَخَلَتْ [1]	داخل ہوگی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	//	//	//	فَعَلَتْ	×	الأعراف:38
دَخَلْتَ [1]	تو داخل ہوا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	//	الكهف:39
دُخِلَتْ [1]	داخل ہو جائیں	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتْ	//	الأحزاب:14
دَخَلْتُم [3]	صحبت کی تم نے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	× ⓫	النساء:23
دَخَلْتُمُوْهُ [1]	تم اس میں داخل ہوگے	//	//	//	//	//	//	//	دَخَلْتُمْ ⓬	المائدة:23
دَخَلُوْا [11]	وہ آئے تھے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	×	المائدة:61
دِرَاسَتِهِمْ [1]	ان کے پڑھنے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	د ر س	فِعَالَةِ	//	الأنعام:156
دَرَاهِمَ [1]	درہموں	اسم جامد	جمع مکسر	×	رباعی مجرد	//	د ر ه م	فَعَالِلَ	× ⓭	يوسف:20

❶ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال) ،تاء اصل میں ساکن تھی ،پھر اسے آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے کسرہ دے دیا، یہ افعال ناقصہ میں سے ہے۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، یہ افعال ناقصہ میں سے ہے۔ ❸ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: دَاعٍ)، لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، ج:دُنَاةٌ۔ ❹ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ:دَاعٍ) ❺ یہ عجمی علم ہے، جو عجمہ اور علمیت کی بناء غیر منصرف ہے، یہ بنی اسرائیل کے مشہور نبی تھے، یہ انتہائی عبادت گزار اور صوم وصلاۃ کے پابند تھے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب نماز داود علیہ السلام کی نماز اور سب سے زیادہ محبوب روزے داود علیہ السلام کے روزے ہیں، وہ آدھی رات سوتے پھر اٹھ کر رات کا تہائی حصہ قیام کرتے ،اور پھر اس کے چھٹے حصہ میں سو جاتے ،ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن ناغہ کرتے اور جنگ میں فرار نہ ہوتے'' (صحیح البخاری:3420)، ان کو اللہ تعالیٰ نے خوبصورت آواز دی تھی پرندے اور پہاڑ بھی ان کے ساتھ مل کر تسبیح بیان کرتے اللہ تعالیٰ نے لوہا ان کے لیے نرم کر دیا تھا، جس سے با آسانی وہ مختلف چیزیں تیار کر لیتے تھے، ان پر اللہ تعالیٰ نے زبور کو نازل فرمایا تھا، ان کے بیٹے سلیمان علیہ السلام بھی نبی تھے۔ ❻ ج:اَدْبَارٌ۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)۔ ❽ یا یہ جمع مکسر اسم فاعل ہے، م:دَاحِرٌ۔ ❾ ج:اَدْخِنَةٌ و دَوَاخِنُ و دَوَاخِيْنَ۔ ❿ یہ اصل میں باب سمع سے مصدر ہے۔ ⓫ لفظ ﴿دَخَلْتُمْ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① تم نے دخول کیا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ بِالْعُرُوْس ہو ② تم داخل ہوئے، جیسا کہ سورۃ النور: 61 میں ہے ﴿دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا﴾ ''تم گھروں میں داخل ہو''۔ ⓬ تُمْ کے بعد ھا ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ) ⓭ م: دِرْهَمٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
دَرَجَاتٍ [14]	درجات	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	ثلاثی مجرد	صحیح	د ر ج	فَعَلَاتٍ	❶ ×	البقرة:253
دَرَجَةٌ [4]	درجہ	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعَلَةٌ	❷ ×	البقرة:228
دَرَسْتَ [1]	تونے پڑھ لیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	//	د ر س	فَعَلْتَ	×	الأنعام:105
دَرَسُوْا [1]	انہوں نے پڑھ لی	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	الأعراف:169
الدَّرْكِ [1]	طبقہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	د ر ك	فَعْلِ	❸ ×	النساء:145
دَرَكًا [1]	پکڑے جانے	اسم مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَلًا	❹ ×	طه:77
دُرِّيٌّ [1]	چمکدار	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	د ر ر	فُعْلِيٌّ	❺ ×	النور:35
دَسّٰهَا [1]	اس کو خاک میں ملایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	د س س	فَعَّلَ	دَسَّسَ ❻	الشمس:10
دُسُرٍ [1]	میخوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	د س ر	فُعُلٍ	❼ ×	القمر:13
دَعْ [1]	چھوڑ دے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	//	مثال واوی	و د ع	عَلْ	اِوْدَعْ ❽	الأحزاب:48
دَعَا [10]	دعا کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	ناقص واوی	د ع و	فَعَلَ	دَعَوَ ❾	آل عمران:38
دَعًّا [1]	دھکیلا جانا	(اسم) مصدر	×	//	//	مضاعف ثلاثی	د ع ع	فَعْلًا	دَعْعًا ❿	الطور:13
دُعَاءً [20]	پکار	//	//	//	//	ناقص واوی	د ع و	فُعَالًا	دُعَاوًا ⓫	البقرة:171
دَعَانِ [1]	وہ مجھ سے دعا کرتا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	دَعَوَ ⓬	البقرة:186
دَعَوَا [1]	دونوں نے دعا کی	//	تثنیہ مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَا	×	الأعراف:189
دَعَوُا [3]	دعا کرنے لگتے ہیں	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَوْا	دَعَوُوْا ⓭	یونس:22
دَعَوْا [3]	انہوں نے منسوب کی	//	//	//	//	//	//	فَعَوْا	دَعَوُوْا ⓮	مریم:91
دُعُوْا [3]	ان کو بلایا جائے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعُوْا	دُعِوُوْا ⓯	البقرة:282
دَعْوٰىهُمْ [1]	ان کی پکار	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلٰى	×	الأعراف:5

❶ م: دَرَجَةٌ ۔ ❷ ج: دَرَجَاتٌ ۔ ❸ یہ جہنم کے ایک طبقہ کا نام ہے، ج: اَدْرَاكٌ ۔ ❹ جب اس کے معنی انجام بد ہوں تو یہ اسم جامد ہوگا، ج: اَدْرَاكٌ ۔ ❺ اس میں یاء نسبت کی ہے، یہ دُرٌّ (موتی) کی طرف منسوب اسم ہے، ج: دَرَارِيٌّ ۔ ❻ دو ہم جنس حرف سین ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے دوسرے سین کو بغیر کسی قاعدہ کے الف سے بدل دیا (ابدال سماعی)۔ ❼ م: دِسَارٌ ۔ ❽ مضارع کی موافقت سے واؤ کو گرادیا، اس کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرادیا، تو دَعْ ہو گیا، یا دَعْ اصل میں مضارع معروف تَدَعُ سے بنا ہے، امر بنانے کے لیے علامت مضارع کو گرادیا، اس کا مابعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی، اس کے آخر کو ساکن کردیا۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول لفظ اللہ ہو، جب اس کا صلہ اِلَى الشَّيْءِ ہو تو اس کے معنی دعوت دینا کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ حمٓ: 33 میں ہے ﴿دَعَا اِلَى اللّٰهِ﴾ ''اللہ کی طرف بلائے''، جب اس کا مفعول فُلَانًا ہو تو اس کے معنی بلانا، پکارنا کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الروم: 25 میں ہے ﴿دَعَاكُمْ﴾ ''وہ تمہیں پکارے گا''۔ ❿ دو ہم جنس حرف عین ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ⓫ واؤ اسم کے آخر میں الف زائد کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)۔ ⓬ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، اس کے آخر میں نون وقایہ ہے، اس کے بعد یاء ضمیر متکلم حذف ہوچکی ہے۔ ⓭ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال) پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا، آگے ملانے کے لیے واؤ کو ضمہ دے دیا۔ ⓮ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال) پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا، جب اس کا صلہ لِفُلَانٍ ہو تو اس کے دو معنی ہوتے ہیں: ① کسی کے حق میں خیر کی دعا کرنا۔ ② کسی کی طرف منسوب کرنا، یہاں دوسرا معنی مراد ہے۔ ⓯ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے تو اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، اور دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
دَعْوَةً [4]	دعا	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	د ع و	فَعْلَةً	× ①	البقرة:186
دَعَوْتُ [6]	میں بلاتا رہا ہوں	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	×	نوح:5
دَعَوْتُمُوْهُمْ [1]	تم ان کو بلاؤ	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	دَعَوْتُمْ ②	الأعراف:193
فَدَعَوْهُمْ [1]	تو وہ ان کو بلائیں گے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَوْ	دَعَوُوْا ③	الكهف:52
دُعِيَ [1]	بلایا جاتا	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِلَ	دُعِوَ ④	المؤمن:12
دُعِيْتُمْ [1]	تم کو (کھانے پر) بلایا جائے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فُعِلْتُمْ	دُعِوْتُمْ ⑤	الأحزاب:53
دِفْءٌ [1]	گرمی حاصل کرنا	(اسم) مصدر	واحد مذکر	سمع	//	مہموز اللام	د ف ء	فِعْلٌ	× ⑥	النحل:5
دَفْعُ [2]	بچانا ہوتا	//	×	فتح	//	صحیح	د ف ع	فَعْلُ	×	البقرة:251
دَفَعْتُمْ [1]	حوالے کرو تم	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	× ⑦	النساء:6
دَكًّا [3]	ریزہ ریزہ	(اسم) مصدر	×	نصر	//	مضاعف ثلاثی	د ك ك	فَعْلًا	دَكْكًا ⑧	الأعراف:143
دَكَّاءَ [1]	ریزہ ریزہ	صفت مشبہ	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعْلَاءَ	دَكْكَاءَ ⑨	الكهف:98
دَكَّةً [1]	توڑ پھوڑ کر	مصدر مرّہ	×	//	//	//	//	فَعْلَةً	دَكْكَةً ⑩	الحاقة:14
دُكَّتِ [1]	پست کر دیا جائے گا	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتْ	دُكِكَتْ ⑪	الفجر:21
فَدُكَّتَا [1]	تو دونوں ریزہ ریزہ کر کے	//	تثنیہ مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتَا	دُكِكَتَا ⑫	الحاقة:14
فَدَلّٰهُمَا [1]	تو اس نے مائل کر لیا ان کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	د ل و	فَعَّلَ	دَلَّوَ ⑬	الأعراف:22
مَا دَلَّهُمْ [1]	تو نہ راہنمائی ملی ان کو	فعل ماضی منفی معلوم	//	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	د ل ل	فَعَلَ	دَلَلَ ⑭	سبا:14
لِدُلُوْكِ [1]	ڈھلنے سے لے کر	(اسم) مصدر	×	//	//	صحیح	د ل ك	فُعُوْلِ	×	بنی اسرائیل:78
دَلْوَهٗ [1]	اپنا ڈول	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	ناقص واوی	د ل و	فَعْلَ	× ⑮	یوسف:19
دَلِيْلًا [1]	راہنما	صفت مشبہ	//	نصر	//	مضاعف ثلاثی	د ل ل	فَعِيْلًا	× ⑯	الفرقان:45

① یہ مصدر مرّہ فَعْلَةً کے وزن پر ہے مگر مصدر مرّہ نہیں ہے، کیونکہ یہ اصول ہے کہ جب کسی اصلی مصدر کے آخر میں پہلے سے ہی تاء موجود ہو تو یہ تاء وحدت کا معنی نہیں دے گی، بلکہ اس سے یہ معنی لینے کے لیے اس کے بعد وحدت پر دلالت کرنے والا لفظ لایا جاتا ہے، جیسے: دَعْوَةٌ وَاحِدَةٌ ، البتہ سورۃ الروم : 25 میں یہ بطور مصدر مرّہ کے استعمال ہوا ہے، جیسے ﴿ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً﴾ ''جب وہ تمہیں زمین سے ایک ہی دفعہ پکارے گا''۔ ② تُمْ کے بعد هُمْ ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ)۔ ③ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ④ واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رَضِيَ) ۔ ⑤ واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: مِيْزَانٌ) ، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کی صورت دَعَا الْقَوْمَ دُعَاءً و دَعْوَةً و مَدْعَاةً ہو۔ ⑥ یہ مصدر بمعنی اسم مفعول ہے، اور یہ اسم جامد کے معنی بھی استعمال ہوتا ہے اس سے مراد ہر وہ چیز ہے جو گرمائی پہنچائے، اس لیے بعض نے اس کا ترجمہ ''گرمی حاصل کرنے کا سامان'' کیا ہے، ج: اَدْفَاءٌ ۔ ⑦ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ ''اِلٰی'' ہو۔ ⑧ دو ہم جنس حرف کاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ⑨ دو ہم جنس حرف کاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ) مفرد مذکر اَدَكُّ، ج: دُكٌّ یا یہ مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ⑩ دو ہم جنس حرف کاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ⑪ دو متحرک ہم جنس حرف کاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ) ، تاء اصل میں ساکن تھی آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا، دَكَّتِ الْاَرْضَ کے معنی ہیں: زمین کے نشیب و فراز کو دور کر کے ہموار کر دینا۔ ⑫ دو متحرک ہم جنس حرف کاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ⑬ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، دَلّٰى فُلَانًا بِغُرُوْرٍ کے معنی ہیں: دھوکہ میں ڈالنا۔ ⑭ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ⑮ ج: دِلَاءٌ و اَدْلٍ ۔ ⑯ بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے، ج: اَدِلَّةٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
دَمٍ [7]	خون	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	د م و	فَعٌ	دَمَوٌ ❶	النحل:66
دِمَاءَكُمْ [3]	اپنوں کا خون	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فِعَالٌ	دِمَاوٌ ❷	البقرة:84
مَا دُمْتَ [1]	آپ مستقل	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	اجوف واوی	د و م	فُلْتَ	دَوَمْتَ ❸	آل عمران:75
مَا دُمْتُ [2]	جب تک میں تھا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فُلْتُ	دَوَمْتُ ❸	المائدة:117
مَا دُمْتُمْ [1]	جب تک رہو تم	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فُلْتُمْ	دَوَمْتُمْ ❸	المائدة:96
فَدَمْدَمَ [1]	تو ہلاک کر دیا	//	واحد مذکر غائب	فَعْلَلَة	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	د م د م	فَعْلَلَ	× ❹	الشمس:14
دَمَّرَ [1]	تباہی ڈال دی تھی	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	د م ر	فَعَّلَ	×	محمد:10
دَمَّرْنَا [6]	ہم نے تباہ کیا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	الأعراف:137
الدَّمْعِ [2]	آنسو	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	ثلاثی مجرد	//	د م ع	فَعْلٍ	× ❺	المائدة:83
دَنَا [1]	قریب ہوا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	ناقص واوی	د ن و	فَعَلَ	دَنَوَ ❻	النجم:8
الدُّنْيَا [115]	قریب	اسم تفضیل	واحد مؤنث	//	//	//	//	فُعْلَى	دُنْوَى ❼	الأنفال:42
الدُّنْيَا [1]	دنیا	اسم جامد	//	×	//	//	//	//	دُنْوَى ❽	البقرة:114
دِهَاقًا [1]	چھلکتے ہوئے	صفت مشبہ	واحد مذکر	فتح	//	صحیح	د ہ ق	فِعَالًا	×	النبأ:34
الدِّهَانِ [1]	تلچھٹ	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	//	د ہ ن	فِعَالٍ	× ❾	الرحمٰن:37
الدَّهْرُ [2]	زمانہ	//	//	//	ثلاثی مجرد	//	د ہ ر	فَعْلُ	× ❿	الجاثية:24
الدُّهْنِ [1]	روغن	//	//	//	//	//	د ہ ن	فُعْلٍ	× ⓫	المؤمنون:20
الدَّوَائِرَ [1]	گردشوں	اسم فاعل	جمع مکسر	نصر	//	اجوف واوی	د و ر	فَوَاعِلَ	دَوَاوِرَ ⓬	التوبة:98
الدَّوَابِّ [4]	جاندار	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	د ب ب	فَوَاعِلِ	دَوَابِبِ ⓭	الأنفال:22
دُولَةً [1]	گردش کرنے والا	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	د و ل	فُعْلَةً	×	الحشر:7
دُونِ [144]	سوائے	//	واحد مذکر	//	//	//	د و ن	فُعْلِ	//	البقرة:23
دَيَّارًا [1]	کوئی رہنے والا	//	//	//	ثلاثی مزید فیہ	//	د و ر	فَيْعَالًا	دَيْوَارًا ⓮	نوح:26

❶ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا، اس کے یائی اور واوی ہونے میں اختلاف ہے، تثنیہ: دَمَان، دَمَیَان، دَمَوَان آتا ہے، ج: دِمَاءٌ و دُمِیٌّ ۔ ❷ یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)، م: دَمٌ ۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور میم جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: قُلْنَ)، یہ افعال ناقصہ میں سے ہے، اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، اس کے عمل کرنے کے لیے شرط ہے کہ اس سے پہلے ما مصدریہ ظرفیہ ہو۔ ❹ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ "عَلٰی" ہو۔ ❺ یہ آنکھ سے بہنے والی چیز کا نام ہے، ج: دُمُوعٌ، باب فتح کا مصدر بھی اسی طرح آتا ہے۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❼ واؤ فُعْلٰی اسمی کے لام کلمہ میں واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: دُنْیَا)، یہ کبھی بطور صفت کے استعمال ہوتا ہے اور کبھی بطور اسم جامد کے استعمال ہوتا ہے۔ ❽ واؤ فُعْلٰی اسمی کے لام کلمہ میں واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: دُنْیَا)، یہ اصل میں اسم تفضیل ہے، مگر یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ ❾ ج: اَدْهِنَةٌ ۔ ❿ ج: اَدْهُرٌ و دُهُورٌ ۔ ⓫ اَدْهَانٌ و دِهَانٌ ۔ ⓬ واؤ، مدہ زائدہ الف مفاعل کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: صَحَائِفُ)، م: دَائِرَةٌ ⓭ ۔ دو متحرک ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے تو پہلے باء کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، یہ اصل میں باب ضرب سے جمع مکسر اسم فاعل ہے، م: دَابَّةٌ ۔ ⓮ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَیِّدٌ)۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
دِیَارِكُم[16]	اپنے گھروں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	دور	فِعَالِ	دِوَار ❶	البقرۃ:84
دِيَةٌ[2]	دیت	//	واحد مذکر	//	//	لفیف مفروق	و د ی	عِلَةٌ	وِدْیٌ ❷	النساء:92
دَیْنٍ[5]	قرض	//	//	//	//	اجوف یائی	د ی ن	فَعْلٍ	× ❸	النساء:11
الدِّیْنِ[92]	جزا	//	//	//	//	//	//	فِعْلِ	× ❹	الفاتحۃ:4
دِیْنَارٍ[1]	ایک دینار	//	//	//	رباعی مزید فیہ	مضاعف رباعی	د ن ن ر	فِعْلَالٍ	دِنَّارٍ ❺	آل عمران:75

❶ واوِ جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رِیَاضٌ)، م: دَارٌ۔ ❷ یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں خون بہا ادا کرنا، مصدر مثال واوی سے فِعْلٌ کے وزن پر واقع ہوا اس سے واؤ کو حذف کر کے اس کے عوض آخر میں ''ۃ'' بڑھا دی اور عین کلمہ کو فتحہ دے دیا (قاعدہ عِدَةٌ)، مگر یہاں اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، کیونکہ جب اس کے معنی خون بہا اور دیت کے ہوں تو یہ اسم جامد ہوتا ہے، دیت سے مراد وہ مقرر مال ہے جو مقتول کے ولی کو قاتل کی طرف سے جان کے بدلے دیا جائے، ج: دِیَاتٌ۔ ❸ یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر ہے، قرض دینے اور لینے دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے، جب دَانَ یَدِیْنُ فُلَانًا دَیْنًا ہو تو اس کے معنی کسی کو قرض دینا اور جب دَانَ یَدِیْنُ فُلَانٌ دَیْنًا ہو تو اس کے معنی قرض لینا کے ہوتے ہیں، مگر یہاں اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، کیونکہ جب اس کے معنی قرض یا ادھار کے ہوں تو یہ اسم جامد ہوتا ہے، ج: اَدْیُنٌ و دُیُوْنٌ۔ ❹ یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر ہے مگر یہاں اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، لفظ ﴿دِیْن﴾ قرآن مجید میں چار معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① جزا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② دین، ملّت، جیسا کہ سورۃ البقرۃ 132 میں ہے ﴿الدِّیْنَ﴾ ''دین'' ③ قانون، جیسا کہ سورۃ یوسف:76 میں ہے ﴿فِی دِیْنِ الْمَلِكِ﴾ ''بادشاہ کے قانون میں'' ④ عبادت، جیسا کہ سورۃ الزمر:2 میں ہے ﴿مُخْلِصًا لَّهُ الدِّیْنَ﴾ ''خالص کرتے ہوئے اس کے لیے عبادت کو''۔ اس کا مصدر دِیَانَةٌ بھی آتا ہے، ج: اَدْیُنٌ و دُیُوْنٌ و اَدْیَانٌ۔ ❺ دو ہم جنس حرف نون فِعَّالٌ کے ہم وزن اسم میں جمع ہوئے ان میں سے پہلے نون کو یاء سے بدل دیا (قاعدہ: ابدال قیاسی)، یہ سونے کا ایک قدیم سکہ ہے، ج: دَنَانِیْرُ۔

باب الذال (ذ)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
ذَا [16]	والا	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	ذ و ی	فَعَ	ذَوَیٌ ❶	المؤمنون:7
ذَا	وہ	اسم موصول	واحد، تثنیہ، جمع	//	×	×	×	×	× ❷	البقرۃ:255
ذَائِقَۃُ [3]	چکھنے والا	اسم فاعل	واحد مؤنث	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ذ و ق	فَاعِلَۃٌ	ذَاوِقَۃٌ ❸	ال عمرٰن:185
لَذَائِقُوا [1]	ضرور چکھنے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوا	ذَاوِقُوْنَ ❹	الصافات:38
لَذَائِقُوْنَ [1]	ضرور چکھنے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	ذَاوِقُوْنَ ❺	الصافات:31
ذَاتِ [20]	والی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	لفیف مقرون	ذ و ی	فَعَتِ	ذَوَیَتٍ ❻	الحج:2
الذّٰرِیٰتِ [1]	بکھیر دینے والی ہواؤں	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	نصر	//	ناقص واوی	ذ ر و	فَاعِلَاتِ	ذَارِوَاتِ ❼	الذٰریات:1
ذَاقَا [1]	ان دونوں نے چکھ لیا	فعل ماضی معلوم	تثنیہ مذکر غائب	//	//	اجوف واوی	ذ و ق	فَعَلَا	ذَوَقَا ❽	الأعراف:22
فَذَاقَتْ [1]	تو انہوں نے چکھی	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	ذَوَقَتْ ❽	الطلاق:9
ذَاقُوْا [3]	انہوں نے چکھ لیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	ذَوَقُوْا ❽	الأنعام:148
الذّٰکِرٰتِ [1]	ذکر کرنے والی عورتیں	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	//	//	صحیح	ذ ك ر	فَاعِلَاتِ	×	الأحزاب:35
الذّٰکِرِیْنَ [2]	ذکر کرنے والے مرد	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِیْنَ	× ❾	الأحزاب:35
ذَاالْقَرْنَیْنِ [2]	ذوالقرنین	اسم جامد	واحد مذکر	×	×	×	×	×	× ❿	الکھف:54
ذَاالْکِفْلِ [2]	ذوالکفل	//	//	//	//	//	//	//	× ⓫	الأنبیاء:85
ذٰلِكَ [82]	یہ	//	//	//	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	ذ ی ی	فَعُ	ذَیٌّ ⓬	البقرۃ:1

❶ اس کے آخر سے یاء کو تخفیفاً حذف کر دیا، پھر واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا، یہ بمعنی صاحب اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے، اس کی رفعی حالت واؤ سے، نصبی حالت الف سے اور جری حالت یاء سے آتی ہے، یہاں اس کی نصبی حالت ہے جو الف کے ساتھ آئی ہے۔ ❷ بنوطیء کے نزدیک جب ذَا مَنْ یا مَا استفہامیہ کے بعد آئے تو یہ اسم موصول اور مبنی ہوتا ہے۔ ❸ واؤ فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)۔ ❹ واؤ فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ) اور اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے۔ ❺ واؤ فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ) یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❻ اس میں یاء کو تخفیفاً حذف کر دیا اور واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ) بمعنی صاحب ذُو کا مؤنث ہے، ﴿ذَاتَ الْیَمِیْنِ﴾ دائیں جانب"، ﴿ذَاتَ الشِّمَالِ﴾ بائیں جانب" (سورۃ الکھف17)، اس صورت میں یہ اسم ظرف ہوگا، ذَاتُ الصَّدْرِ کے معنی ہیں انسان کی پوشیدہ حالت، دل کی بات یا حالت، سورۃ ال عمرٰن119 میں ہے ﴿اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ﴾ بے شک اللہ تعالیٰ سینوں کی بات کو خوب جاننے والا ہے، ج: ذَوَاتُ ۔ ❼ واؤ جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رِیَاضٌ) یہ ناقص یائی بھی ہو سکتا ہے، اس صورت میں اس میں تعلیل نہیں ہوگی۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ) ❾ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❿ یہ ایک نیک اور عادل حکمران تھے، جس نے مشرق اور مغرب کے تمام ممالک فتح کیے، اور یاجوج وماجوج کے سامنے ایک مضبوط دیوار بنا دی۔ ⓫ یہ حضرت ایوب علیہ السلام کے بیٹے بشر کا لقب ہے، ان کے بارے میں اختلاف ہے کہ وہ نبی تھے یا نہیں، امام ابن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ قرآن میں نبیوں کے ساتھ ان کا ذکر ان کے نبی ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔ ⓬ یہ اسم اشارہ بعید ہے، اس میں ذَا اسم اشارہ ہے، اس کا الف نفس کلمہ کا ہے جو اصل میں یاء سے بدلا ہوا ہے، اصل میں یہ ذَیٌّ تھا، لام کلمہ کو حذف کر دیا تو ذَیْ ہو گیا، پھر یاء کو الف سے بدل دیا تا کہ یہ کَیْ اور اَیْ، جیسے کلمات کے مشابہ نہ ہو، اس میں لام حرف بُعد اور کاف حرف خطاب ہے، اسی لیے یہ مخاطب کے اعتبار سے واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر ومؤنث میں بدلتا رہتا ہے، اگر مخاطب جمع مذکر مخاطب ہو تو ﴿ذٰلِکُمْ﴾ (البقرۃ49)، اگر مخاطب تثنیہ مذکر ومؤنث ہو تو ﴿ذٰلِکُمَا﴾ (یوسف37)، اگر مخاطب جمع مؤنث ہو تو ﴿فَذٰلِکُنَّ﴾ (یوسف32)۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَذَانِكَ	چنانچہ یہ دونوں	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	ذ ی ی	فَعْ	× (1)	القصص:32
ذَاالنُّون[1]	مچھلی والا	//	واحد مذکر	//	×	×	×	×	× (2)	الأنبیاء:87
ذَاهِبٌ[1]	جانے والا	اسم فاعل	//	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ذ ہ ب	فَاعِلٌ	×	الصافات:99
الذِّئْبُ[3]	بھیڑیا	اسم جامد	//	×	//	مہموز العین	ذ ء ب	فِعْلٌ	× (3)	یوسف:13
ذُبَابًا[2]	ایک مکھی	//	اسم جنس جمعی	//	//	مضاعف ثلاثی	ذ ب ب	فُعَالًا	× (4)	الحج:73
ذُبِحَ[1]	ذبح کیا گیا ہو	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	فتح	//	صحیح	ذ ب ح	فُعِلَ	×	المائدة:3
بِذِبْحٍ[1]	قربانی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فِعْلٍ	× (5)	الصافات:107
فَذَبَحُوهَا[1]	بس ذبح کیا اس کو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	فتح	//	//	//	فَعَلُوا	×	البقرة:71
ذَرِ[1]	چھوڑیے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	س، ف	//	مثال واوی	و ذ ر	عَلِ	اِوْذَرْ (6)	الأنعام:70
ذِرَاعًا[1]	ہاتھ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ذ ر ع	فِعَالًا	× (7)	الحاقة:32
ذِرَاعَيْهِ[1]	اپنے بازو	//	تثنیہ مؤنث	//	//	//	//	فِعَالَیْ	ذِرَاعَیْنِ (8)	الکہف:18
ذَرَأَ[4]	اس نے پیدا کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	ذ ر ء	فَعَلَ	× (9)	الأنعام:136
ذَرَأْنَا[1]	ہم نے پیدا کیے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	×	الأعراف:179
ذَرَّةٍ[6]	ذرہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	مضاعف ثلاثی	ذ ر ر	فَعْلَةٍ	ذَرْرَةٍ (10)	النساء:40
ذَرْعًا[2]	دل	//	واحد مذکر	//	//	صحیح	ذ ر ع	فَعْلًا	× (11)	ہود:77
ذَرْعُهَا[1]	جس کی پیمائش	//	//	//	//	//	//	فَعْلُ	× (12)	الحاقة:32
ذَرْنَا[9]	چھوڑ دو ہم کو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	س، ف	//	مثال واوی	و ذ ر	عَلْ	اِوْذَرْ (13)	التوبة:86
ذَرْنِی[3]	چھوڑ دو مجھے	//	//	//	//	//	//	//	اِوْذَرْ (14)	المزمل:11

(1) یہ اسم اشارہ بعید ہے، ذَانِ اسم اشارہ اور كَ حرف خطاب ہے۔ (2) یہ حضرت یونس بن متّی کا لقب ہے، جو اپنی قوم سے ناراض ہو کر اور انھیں عذاب الٰہی کی دھمکی دے کر اللہ کے حکم کے بغیر ہی وہاں سے چل دیے تھے جس پر اللہ نے ان کی گرفت فرمائی اور انھیں مچھلی کا لقمہ بنا دیا، اس بناء پر انھیں ذاالنون کہتے ہیں۔ (3) ج: ذِئَابٌ و اَذْؤُبٌ و ذُؤْبَانٌ۔ (4) م: ذُبَابَةٌ، ج: ذِبَّانٌ و اَذِبَّةٌ، مذکورہ بالا آیت کریمہ میں یہ واحد مذکر کے لیے آیا ہے۔ (5) یہ اصل میں باب فتح سے صفت مشبہ بمعنی مذبوح ہے، پھر یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہونے لگا۔ (6) مضارع کی موافقت کی وجہ سے واؤ گر گئی، اس کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا، آگے ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ یا یہ اصل میں تَـذَرُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، اس کا مابعد متحرک ہے تو آخر کو ساکن کر دیا، یہاں اس کو آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے کسرہ دے دیا، اس فعل کا صرف مضارع اور امر استعمال ہوتا ہے، ماضی کے لیے وَذَرَ کی بجائے تَرَكَ کہا جائے گا۔ (7) یہ مؤنث جوازی ہے، کبھی مذکر کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے، ذراع اصل میں کہنی کے سرے سے درمیانی انگلی کے سرے تک کا حصہ ہوتا ہے، عام طور پر اس کے معنی ہاتھ کیے جاتے ہیں، ج: أَذْرُعٌ و ذُرْعَانٌ۔ (8) اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: ذِرَاعٌ، ج: أَذْرُعٌ و ذُرْعَانٌ۔ (9) اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا فاعل لفظ اللّٰہُ اور مفعول الْخَلْقَ ہو۔ (10) دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: ذَرَّاتٌ۔ (11) یہ اصل میں باب فتح کا مصدر ہے یہاں اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے۔ (12) یہ اصل میں باب فتح کا مصدر ہے، یہاں پیمائش یا لمبائی کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، ج: ذِرْعَانٌ۔ (13) مضارع کی موافقت کی وجہ سے واؤ گر گئی، اس کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا، یا یہ اصل میں تَـذَرُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، اس کا مابعد متحرک ہے تو آخر کو ساکن کر دیا، اس فعل کا صرف مضارع اور امر استعمال ہوتا ہے، اس کے آخر میں نا ضمیر مفعول بہ ہے۔ (14) مضارع کی موافقت کی وجہ سے واؤ گر گئی، اس کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا، یا یہ اصل میں تَـذَرُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، اس کا مابعد متحرک ہے تو آخر کو ساکن کر دیا، اس فعل کا صرف مضارع اور امر استعمال ہوتا ہے، اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر مفعول بہ ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
ذَرُوْا [9]	چھوڑ دو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	س،ف	ثلاثی مجرد	مثال واوی	و ذ ر	عَلُوْا	اِوْذَرُوْا ❶	البقرۃ:278
ذَرْوًا [1]	اُڑا کر	(اسم) مصدر	×	نصر	//	ناقص واوی	//	فَعْلًا	×	الذاریات:1
ذُرِّيّٰتِنَا [4]	ہماری اولاد	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ذ ر ر	فُعْلِيّٰتِ	ذُرْرِيّٰتِ ❷	الفرقان:74
ذُرِّيَّةٌ [28]	اولاد	//	اسم جمع	//	//	//	//	فُعْلِيَّةٌ	ذُرْرِيَّةٌ ❸	البقرۃ:266
ذُقْ [1]	چکھ	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ذ و ق	فُلْ	اُذْوُقْ ❹	الدخان:49
ذَكَرَ [4]	ذکر کرتا ہو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	صحیح	ذ ک ر	فَعَلَ	× ❺	الأحزاب:21
ذُكِرَ [7]	ذکر کیا گیا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	×	الأنعام:118
ذِكْرٌ [76]	پیغام	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلٌ	× ❻	الأعراف:63
ذَكَرٍ [12]	مرد	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعَلٍ	× ❼	ال عمران:195
ذَكِّرْ [7]	نصیحت کیجیے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعِّلْ	×	الأنعام:70
ذُكِّرَ [2]	سمجھایا گیا ہو	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِّلَ	//	الکہف:57
ذِكْرٰى [23]	نصیحت کرنا	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فِعْلٰى	× ❽	الأنعام:69
ذُكْرَانًا [2]	لڑکے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	//	فُعْلَانًا	× ❾	الشوریٰ:50
ذَكَرْتَ [1]	آپ ذکر کرتے ہیں	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	//	//	فَعَلْتَ	×	بنی اسرائیل:46
ذُكِّرْتُمْ [1]	نصیحت کی گئی ہے تم کو	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلْتُمْ	//	یسٓ:19
ذَكَرُوْا [2]	یاد کرتے ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلُوْا	//	ال عمران:135
ذُكِّرُوْا [7]	خاص وصیت کی گئی ان کو	فعل ماضی مجہول	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلُوْا	//	المائدۃ:13
الذَّكَرَيْنِ [2]	دونوں نر	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلَيْنِ	× ❿	الأنعام:143
الذُّكُوْرَ [2]	لڑکے	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُوْلَ	× ❾	الشوریٰ:49

❶ مضارع کی موافقت کی وجہ سے واؤ گر گئی، اس کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا، یا یہ اصل میں تَذَرُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، اس فعل کا صرف مضارع اور امر استعمال ہوتا ہے، ماضی کے لیے وَذَرَ کی بجائے تَرَكَ کہا جائے گا۔ ❷ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، م: ذُرِّيَّةٌ، یہ مہموز اللام بھی ہو سکتا ہے، دیکھیں ذُرِّيَّةٌ۔ ❸ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: ذَرَارِيُّ و ذُرِّيّٰتٌ، یا یہ مہموز اللام ذَرْءٌ سے مشتق ہے، اصل میں ذُرِّيْئَةٌ تھا، ہمزہ مفرد متحرک ماقبل یائے مدہ زائدہ ہے تو ہمزہ کو ماقبل کی جنس یاء سے بدل دیا (قاعدہ: خَطِيَّةٌ) پھر دو ہم جنس حرف یاء جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے یاء کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❹ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ) ، پھر دو ساکن واؤ اور قاف جمع ہونے سے واؤ گر گئی، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرا دیا، یا دراصل یہ تَذُوْقُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی اس کا مابعد متحرک ہے، ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے، آخر سے ساکن کر دیا تو دو ساکن واؤ، قاف جمع ہونے سے واؤ گر گئی اور ذُقْ بن گیا۔ ❺ لفظ ﴿ذَكَرَ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① ذکر کرنا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نصیحت حاصل کرنا، جیسا کہ سورۃ المدثر: 55 میں ہے ﴿فَمَنْ شَاءَ ذَكَرَهٗ﴾ "تو جو چاہے اس سے نصیحت حاصل کرے"۔ ❻ سورۃ النحل: 44 میں ﴿الذِّكْرُ﴾ سے مراد قرآن مجید ہے۔ ❼ ج: ذُكُوْرٌ و ذُكْرَانٌ۔ ❽ اس وزن پر صرف یہی مصدر آتا ہے، بعض کے نزدیک یہ باب مفاعلہ و تفعّل سے اسم مصدر ہے۔ ❾ م: ذَكَرٌ۔ ❿ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: ذَكَرٌ، ج: ذُكُوْرٌ و ذُكْرَانٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
ذَکَّیتُم [1]	تم خود ذبح کرلو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ذ ک و	فَعَّلْتُم	ذَکَّوتُم ❶	المائدۃ:3
الذُّلِّ [3]	عاجزی	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ذ ل ل	فُعْلِ	ذُلْلِ ❷	بنی اسرئیل:24
ذِلَّۃٌ [7]	ذلت	//	//	//	//	//	//	فِعْلَۃٌ	ذِلْلَۃٌ ❷	الأعراف:152
ذُلُلًا [1]	نرم وہموار	صفت مشبہ	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُلًا	× ❸	النحل:69
ذُلِّلَتْ [1]	لٹک رہے ہوں گے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	×	الدھر:14
ذَلَّلْنَاهَا [1]	ہم نے قابو میں کردیا ہے ان کو	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	یٰسٓ:72
ذَلُولٌ [1]	کام میں لائی گئی ہو	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعُولٌ	× ❹	البقرۃ:71
ذِمَّۃً [2]	عہد	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	ذ م م	فِعْلَۃً	ذِمْمَۃً ❺	التوبۃ:8
ذَنْبٌ [11]	ایک الزام	//	واحد مذکر	//	//	صحیح	ذ ن ب	فَعْلٌ	× ❻	الشعراء:14
ذَنُوبًا [2]	حصہ	//	//	//	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعُولًا	× ❼	الذاریات:59
ذُنُوبَکُم [26]	تمہارے گناہ	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مجرد	//	//	فُعُولَ	× ❽	ال عمرٰن:31
ذَهَابٍ [1]	واپس لے جانے	(اسم) مصدر	×	فتح	//	//	ذ ہ ب	فَعَالٍ	×	المؤمنون:18
ذَهَبَ [8]	لے گیا ہو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	× ❾	البقرۃ:17
ذَهَبٍ [8]	سونا	اسم جامد	اسم جنس	×	//	//	//	فَعَلٍ	× ❿	الکھف:31
ذَهَبَتْ [1]	چلی گئی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	فتح	//	//	//	فَعَلَتْ	×	الممتحنۃ:11
ذَهَبْنَا [1]	ہم شروع ہوئے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	یوسف:17
ذَهَبُوا [1]	وہ لے گئے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوا	× ❾	یوسف:15
ذُو [35]	والا	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	لفیف مقرون	ذ و ی	فُعْ	ذُوَوٌ ⓫	البقرۃ:105
ذَوَا [2]	والا	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعَا	ذَوَانِ ⓬	المائدۃ:95
ذَوَاتَا [1]	والے	//	تثنیہ مؤنث	//	//	//	//	فَعَلَتَا	ذَوَیَتَانِ ⓭	الرحمٰن:48

❶ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضی)۔ ❷ دو ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے، تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس باب سے ذُلٌّ، مَذَلَّۃٌ اور ذَلَالَۃٌ بھی مصدر آتے ہیں۔ ❸ م: ذَلُولٌ، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ لَـهُ الشَّئُ ہو۔ ❹ یا یہ اسم مبالغہ ہے، اس میں مذکر اور مؤنث دونوں برابر ہوتے ہیں، لفظ ﴿ذَلُول﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① کام میں لگائی ہوئی، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نرم، جیسا کہ سورۃ الملک:15 میں ہے، ﴿الْاَرْضَ ذَلُولًا﴾ ’’زمین کو نرم‘‘، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ لَهُ الشَّئُ ہو، ج: ذُلُلٌ۔ ❺ دو ہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے، تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: ذِمَمٌ۔ ❻ ج: ذُنُوبٌ۔ ❼ ﴿ذَنُوبًا﴾ کے اصل معنی ڈول کے ہیں، کنویں سے ڈول میں پانی نکال کر تقسیم کیا جاتا ہے، اس اعتبار سے یہاں ڈول کو حصہ کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے، ج: اَذْنِبَۃٌ و ذَنَائِبُ۔ ❽ م: ذَنْبٌ، یہ اصل میں باب افعال سے اسم مصدر ہے۔ ❾ ذَهَبَ کے معنی ہیں: جانا، جب اس کا صلہ باء ہو تو اس کے معنی کسی کے ساتھ جانا، لے جانا کے ہوتے ہیں، ❿ ج: اَذْهَابٌ و ذُهُوبٌ و ذُهْبَانٌ۔ ⓫ ایک واؤ کو تخفیفاً حذف کردیا ہے، یہ اسمائے ستہ مکبّرہ میں سے ہے، اس کی رفعی حالت واؤ سے ذُو اور نصبی حالت الف سے ذَا اور جری حالت یاء سے ذِیْ آتی ہے، اور یہ ہمیشہ اسم جنس ظاہر غیر صفت کی طرف مضاف ہوکر استعمال ہوتا ہے۔ ⓬ یہ اس کی رفعی حالت ہے، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے۔ ⓭ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، یہ اس کی رفعی حالت ہے، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، م: ذَاتُ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
ذَوَاتَیْ [1]	والے	اسم جامد	تثنیہ مؤنث	×	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	ذ و ی	فَعَلَتَیْ	ذَوَيَتَيْنِ ❶	سبا:16
ذُوْقُوْا [23]	تم چکھو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	//	اجوف واوی	ذ و ق	فُعْلُوا	اُذْوُقُوا ❷	ال عمران:181
ذَوَیْ [1]	والے	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	//	لفیف مقرون	ذ و ی	فَعَیْ	ذَوَيْنِ ❸	الطلاق:2
ذَوِی [1]	والوں	//	جمع مذکر	//	//	//	//	فَعِیْ	ذَوِيْنَ ❹	البقرة:177
ذِی [24]	والے	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فِعٍ	ذُوُوٍ ❺	البقرة:83

❶ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے،م:ذَاتٌ۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا(قاعدہ:یُقَالُ)، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا، یادر اصل یہ تَذُوقُونَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا اس کا مابعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی، آخر سے نون اعرابی بھی گر گیا۔ ❸ یہ اسمائے ستہ مکبّرہ میں سے ذَا کا تثنیہ ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے۔ ❹ یہ اسمائے ستہ مکبّرہ میں سے ذَا کی جمع ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے۔ ❺ یہ اسمائے ستہ مکبّرہ میں سے ہے، اور یہ ذُو کی جری حالت ہے، سورۃ الکھف :83 میں ہے ﴿ذِی الْقَرْنَيْنِ﴾ ''ذوالقرنین''، ان کا اصلی نام خورس تھا، انہوں نے 539 قبل مسیح میں بابل فتح کیا اور بنی اسرائیل کو آزاد کروایا۔

باب الراء (ر)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رَابِطُوا 1	مستعد رہو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر ب ط	فَاعِلُوا	×	ال عمران:200
رَابِعُهُمْ 2	چوتھا ان میں سے	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ر ب ع	فَاعِلُ	× ❶	الکھف:22
رَابِيًا 1	پھولی ہوئی	اسم فاعل	//	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ر ب و	فَاعِلًا	رَابِوًا ❷	الرعد:17
رَابِيَةً 1	سخت قسم	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةً	رَابِوَةً ❷	الحاقۃ:10
رَاجِعُوْنَ 4	واپس جانے والے	//	جمع مذکر سالم	ضرب	//	صحیح	ر ج ع	فَاعِلُوْنَ	×	البقرۃ:46
الرَّاجِفَةُ 1	کانپنے والی	//	واحد مؤنث	نصر	//	//	ر ج ف	فَاعِلَةٌ	× ❸	النازعات:6
الرّٰحِمِيْنَ 6	سب رحم کرنے والوں	//	جمع مذکر سالم	سمع	//	//	ر ح م	فَاعِلِيْنَ	× ❹	الأعراف:151
فَلَا رَادَّ 1	پس نہیں کوئی روکنے والا	//	واحد مذکر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ر د د	فَاعِلَ	رَادِدَ ❺	یونس:107
الرَّادِفَةُ 1	پیچھے آنے والی	//	واحد مؤنث	سمع	//	صحیح	ر د ف	فَاعِلَةٌ	× ❻	النازعات:7
لَرَادُّكَ 1	ضرور واپس لائے گا تجھ کو	//	واحد مذکر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ر د د	فَاعِلُ	رَادِدُ ❺	القصص:85
رَادُّوْهُ 1	واپس لائیں گے اس کو	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْ	رَادِدُوْنَ ❼	القصص:7
بِرَآدِّيْ 1	لوٹانے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْ	رَادِدِيْنَ ❽	النحل:71
الرّٰزِقِيْنَ 6	رزق دینے والے	//	//	//	//	صحیح	ر ز ق	فَاعِلِيْنَ	× ❹	المائدۃ:114
الرّٰسِخُوْنَ 2	مضبوط	//	//	//	//	//	ر س خ	فَاعِلُوْنَ	×	ال عمران:7
رَاسِيٰتٍ 1	ایک ہی جگہ گاڑی ہوئی	//	جمع مؤنث سالم	//	//	ناقص واوی	ر س و	فَاعِلَاتٍ	رَاسِوَاتٍ ❾	سبا:13
الرّٰشِدُوْنَ 1	ہدایت والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	صحیح	ر ش د	فَاعِلُوْنَ	×	الحجرات:7
رَاضِيَةٍ 4	ایک من پسند	//	واحد مؤنث	سمع	//	ناقص واوی	ر ض و	فَاعِلَةٍ	رَاضِوَةٍ ❿	الحاقۃ:21
رَاعِنَا 2	راعنا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ر ع ی	فَاعِ	رَاعِيْ ⓫	البقرۃ:104

❶ یہ اسم عدد صفاتی ہے، تذکیر وتانیث میں قیاس کے مطابق آتا ہے۔ ❷ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء ہو گئی (قاعدہ: دَاعٍ)۔ ❸ اس سے مراد نفخہ اولیٰ ہے، جس سے ساری کائنات کانپ اور لرز اٹھے گی اور ہر چیز فنا ہو جائے گی۔ ❹ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❻ اس سے مراد نفخہ ثانیہ ہے، جس سے سب لوگ زندہ ہو کر قبروں سے نکل آئیں گے۔ ❼ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❽ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدہ ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❾ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: دَاعٍ)، م: رَاسِيَةٌ۔ ❿ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: دَاعٍ)، یہ بمعنی مَرْضِيَّة یا ذَات رِضًا کی تاویل میں ہے۔ ⓫ امر بناتے وقت اس کے آخر سے حرف علت یاء گر گئی۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رَاعُوْنَ [2]	حفاظت کرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر	فتح	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ر ع ی	فَاعُوْنَ	رَاعِيُوْنَ (1)	المؤمنون:8
فَرَاغَ [3]	تو وہ چپکے سے گیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	اجوف واوی	ر و غ	فَعَلَ	رَوَغَ (2)	الصافات:91
رَاغِبٌ [1]	بے رغبتی کرتا	اسم فاعل	واحد مذکر	سمع	//	صحیح	ر غ ب	فَاعِلٌ	× (3)	مریم:46
رَاغِبُوْنَ [2]	رغبت کرنے والے	//	جمع مذکر	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	//	التوبة:59
رَافِعَةٌ [1]	کسی کو بلند کرے	//	واحد مؤنث	فتح	//	//	ر ف ع	فَاعِلَةٌ	×	الواقعة:3
رَافِعُكَ [1]	اٹھانے والا ہوں تجھ کو	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَاعِلُ	//	ال عمرٰن:55
رَاقٍ [1]	دم وغیرہ کرنے والا	//	//	ضرب	//	ناقص یائی	ر ق ی	فَاعٍ	رَاقِيٌ (4)	القيامة:27
رَاكِعًا [1]	جھک کر	//	//	فتح	//	صحیح	ر ك ع	فَاعِلًا	×	صٓ:24
رَاكِعُوْنَ [2]	جھکنے والے	//	جمع مذکر	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× (5)	المائدة:55
الرّٰكِعِيْنَ [1]	رکوع کرنے والوں	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× (6)	البقرة:43
رَانَ [1]	زنگ چڑھ گیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	اجوف یائی	ر ی ن	فَعَلَ	رَيَنَ (7)	المطففين:14
رَاوَدْتُّنَّ [1]	تم نے پھلانا چاہا تھا	//	جمع مؤنث حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ر و د	فَاعَلْتُنَّ	رَاوَدْتُنَّ (8)	یوسف:51
رَاوَدَتْنِي [2]	اس نے مجھے پھسلانا چاہا تھا	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَاعَلَتْ	× (9)	یوسف:26
رَاوَدْتُّهٗ [2]	میں نے اسے پھسلانا چاہا تھا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَاعَلْتُ	رَاوَدْتُ (8)	یوسف:32
رَاوَدُوْهُ [1]	طلب کیا انہوں نے اسے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَاعَلُوْ	×	القمر:37
رَءَا [13]	دیکھا	//	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز العین وناقص یائی	ر ء ی	فَعَلَ	رَءَیَ (10)	الأنعام:76
رَأٰى [//]	اس نے دیکھا	//	//	//	//	//	//	//	رَءَیَ	الأنعام:76
رِئَاءَ [3]	دکھانے کے لیے	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فِعَالَ	رِئَایَ (11)	البقرة:264
رَاٰكَ [9]	دیکھتے ہیں آپ کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلَ	رَءَیَ (10)	الأنبياء:36
رَاَتْهُ [2]	دیکھا اس نے اس کو	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَتْ	رَأَيَتْ (12)	النمل:44

(1) لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشّیء اور مصدر رَعْیاً، رِعَایَۃً ہو۔ (2) واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، جب اس کا صلہ ''اِلٰی'' ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں ''کسی شے کی طرف خفیہ طور پر مائل ہونا، اور جب اس کا صلہ ''عَلٰی'' ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں ''مارنے کے لیے کسی پر ٹوٹ پڑنا''، جیسا کہ سورۃ الصّٰفّٰت: 93 میں ہے ﴿فَرَاغَ عَلَيْهِمْ﴾ ''تو وہ ٹوٹ پڑا''۔ (3) جب اس کا صلہ ''اِلٰی یا لام یا فِی'' ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں ''رغبت کرنا، مائل ہونا''، اور جب اس کا صلہ ''عَنْ'' ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں ''اعراض کرنا''۔ (4) لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْ)۔ (5) یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ (6) یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ (7) یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ (8) دو ہم مخرج حرفوں دال اور تاء میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کو دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، دو ہم مخرج حرفوں کے ادغام کی صورت میں لکھنے میں دونوں آتے ہیں جب کہ پڑھنے میں صرف ایک آتا ہے (ادغام متجانسین)۔ (9) اس کے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم ہے۔ (10) یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ (11) یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)۔ (12) یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف گر گیا۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
الرَّأْسُ[7]	سر	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	مہموز العین	ر ء س	فَعْلُ	× ❶	مریم:4
رَأْفَةٌ[2]	ترس ونرمی	(اسم) مصدر	×	ف، ك	//	//	ر ء ف	فَعْلَةٌ	×	النور:2
رَأَوْا[13]	دیکھ لیا انہوں نے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	فتح	//	مہموز العین وناقص یائی	ر ء ی	فَعَوْا	رَأَيُوا ❷	الأعراف:149
رَأَوْا[6]	وہ دیکھیں گے	//	//	//	//	//	//	فَعَوْا	رَأَيُوا ❸	یونس:54
رُءُوْسُ[2]	اصل	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	مہموز العین	ر ء س	فُعُوْلُ	× ❹	البقرة:279
رُءُوْسَكُمْ[9]	اپنے سر	//	//	//	//	//	//	فُعُوْلَ	× ❺	البقرة:196
رَءُوْفٌ[11]	شفقت کرنے والے	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	//	ر ء ف	فَعُوْلٌ	× ❻	البقرة:207
رَأْيَ[1]	دیکھنا	(اسم) مصدر	×	فتح	//	مہموز العین وناقص یائی	ر ء ی	فَعْلَ	×	ال عمرٰن:13
الرَّأْيِ[1]	رائے	//	//	//	//	//	//	فَعْلِ	× ❼	هود:27
رِءْيًا[1]	نمود ونمائش	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فِعْلًا	× ❽	مریم:74
رُؤْيَاكَ[7]	اپنا خواب	اسم جامد	×	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعْلَى	× ❾	یوسف:5
رَأَيْتُ[2]	میں نے دیکھا تھا	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلْتُ	×	یوسف:4
رَأَيْتَ[25]	تو آپ دیکھتے ہیں	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	//	النساء:61
أَ رَأَيْتُمْ[21]	تم بتلاؤ	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	× ❿	الأنعام:46
رَأَيْتُمُوْهُ[1]	تم نے اس کو دیکھ لیا	//	//	//	//	//	//	//	رَأَيْتُمْ ⓫	ال عمرٰن:143
رَأَيْنَهٗ[1]	انہوں نے دیکھا اس کو	//	جمع مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلْنَ	×	یوسف:31
رَبٌّ[707]	رب	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ر ب ب	فَعْلٌ	رَبَبٌ ⓬	الفاتحة:2
رِبًا[1]	سود	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	ناقص واوی	ر ب و	فِعَلٌ	رِبَوٌ ⓭	الروم:39

❶ ج: رُءُوْسٌ، أَرْؤُسٌ۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا۔ ❸ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا، واؤ اصل میں ساکن تھی، پھر آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے ضمہ دے دیا۔ ❹ م: رَأْسٌ، یہاں یہ مجازی معنیٰ میں استعمال ہوا ہے، رَأْسٌ کے معنی کسی چیز کی اصل مقدار ہے، رَأْسُ الْمَالِ کے معنی ہیں، سرمایہ، اصل رقم۔ ❺ م: رَأْسٌ۔ ❻ یا یہ اسم مبالغہ ہے۔ ❼ یہ اصل میں باب فتح کا مصدر ہے، مگر یہاں حاصل مصدر کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ❽ بعض کے نزدیک یہ مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ❾ یہ اصل میں مصدر ہے پھر خواب کے نام کے طور پر بھی استعمال ہونے لگا، ج: رُؤًى۔ ❿ شروع میں ہمزہ استفہام ہے اور رَأَيْتُمْ بمعنی أَخْبِرُوْنِي ہے۔ ⓫ تُمْ کے بعد ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ)۔ ⓬ دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ اصل میں تو مصدر ہے مگر پھر بطور صفت استعمال ہونے لگا ہے، جیسے: رَجُلٌ عَدْلٌ میں عَدْلٌ بمعنی عَادِلٌ ہے۔ سورۃ البقرۃ :126 میں ﴿رَبِّ﴾ اصل میں یَارَبِّ تھا، شروع میں حرف نداء اور آخر سے یائے متکلم کو تخفیفاً حذف کر دیا۔ لفظ رب جب اکیلا یعنی بغیر اضافت کے ہو تو صرف اللہ تعالیٰ کے لیے استعمال ہوتا ہے، اور جب یہ مضاف ہو تو اللہ تعالیٰ اور اس کے غیر دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، جیسے سورۃ البقرۃ :30 ﴿قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ﴾ میں رَبّ سے مراد اللہ تعالیٰ اور سورۃ یوسف :42 ﴿اُذْكُرْنِي عِنْدَ رَبِّكَ﴾ میں رَبّ سے مراد مصر کا بادشاہ ہے، ج: أَرْبَابٌ۔ ⓭ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف گر گیا، اس کے لغوی معنی زیادتی اور اضافے کے ہوتے ہیں، شریعت اسلامی میں اس سے مراد وہ اضافی مال ہوتا ہے جو کسی عوض کے بغیر معاملہ کا ایک فریق دوسرے سے طے شدہ شرط کے تحت حاصل کر لے، علم الاقتصاد میں ربا اس رقم کو کہتے ہیں جو قرض لینے والا مقررہ شرائط کے مطابق اصل قرض کے علاوہ ادا کرتا ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
الرِّبٰوا [7]	سود	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ر ب و	فِعَلَ	رِبَوٌ (1)	البقرة:275
رَبَائِبُكُمْ [1]	تمہاری بیویوں کی بیٹیاں	صفت مشبہ	جمع مکسر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ر ب ب	فَعَائِلُ	× (2)	النساء:23
رِبَاطِ [1]	باندھے	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	صحیح	ر ب ط	فِعَالِ	× (3)	الأنفال:60
رُبَاعَ [2]	چار چار	صفت مشبہ	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ر ب ع	فُعَالَ	× (4)	النساء:3
الرَّبّٰنِيُّوْنَ [2]	رب والے	اسم منسوب	جمع مذکر سالم	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ر ب ب	فَعْلَانِيُّوْنَ	رَبْبَانِيُّوْنَ (5)	المائدة:44
رَبّٰنِيّٖنَ [1]	//	//	//	//	//	//	//	فَعْلَانِيِّيْنَ	رَبْبَانِيِّيْنَ (6)	ال عمران:79
رَبَتْ [2]	پھولنے لگتی ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	ناقص واوی	ر ب و	فَعَتْ	رَبَوَتْ (7)	الحج:5
فَمَا۔رَبِحَتْ [1]	پس نہ نفع مند ہوئی	فعل ماضی منفی معلوم	//	سمع	//	صحیح	ر ب ح	فَعِلَتْ	×	البقرة:16
رَبَطْنَا [2]	گرہ لگائی تھی ہم نے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	ضرب	//	//	ر ب ط	فَعَلْنَا	//	الكهف:14
الرُّبُعُ [2]	چوتھا حصہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ر ب ع	فُعُلُ	× (8)	النساء:12
رُبَمَا [1]	بہت دفعہ	مرکب ہے	×	//	×	×	×	×	رُبَّ مَا (9)	الحجر:2
رَبَّنَا [110]	ہمارے رب	(اسم) مصدر	//	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ر ب ب	فَعْلَ	رَبْبَ (10)	البقرة:127
رَبْوَةٍ	ایک ٹیلے	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	ناقص واوی	ر ب و	فَعْلَةٍ	× (11)	المؤمنون:50
رَبَّيٰنِي [1]	انہوں نے میری پرورش کی	فعل ماضی معلوم	تثنیہ مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَا	رَبَّوَا (12)	بني اسرائيل:24
رِبِّيُّوْنَ [1]	رب والوں	اسم منسوب	جمع مذکر سالم	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ر ب ب	فِعْلِيُّوْنَ	رِبْبِيُّوْنَ (13)	ال عمران:146
رَتْقًا [1]	ملے ہوئے	(اسم) مصدر	×	س، ن	//	صحیح	ر ت ق	فَعْلًا	× (14)	الأنبياء:30
رَتِّلِ [1]	ٹھہر ٹھہر کر پڑھو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ر ت ل	فَعِّلِ	رَتِّلْ (15)	المزمل:4

(1) واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، یہ لفظ مکمل قرآن مجید میں اسی طرح باء کے بعد واؤ اور اس کے بعد الف کے ساتھ لکھا گیا ہے صرف سورۃ الروم میں باء کے بعد الف کے ساتھ لکھا ہوا ہے، قاضی بیضاوی فرماتے ہیں چونکہ ایک لغت پر اس میں تفخیم ہے، اس لیے لفظ صلوٰۃ کی طرح واؤ سے اس کو لکھا گیا ہے، اور واؤ کے بعد الف اسلیے زیادہ کردیا گیا ہے کہ یہ واؤ جمع سے مشابہ ہے۔ (2) م: رَبِيْبَةٌ، بیوی کی وہ بیٹی جو پہلے خاوند سے ہو، بعض کے نزدیک یہ باب تفعیل سے ہے۔ (3) یہ باب مفاعلہ کا مصدر بھی ہوسکتا ہے، یا یہ رَبِيْطٌ کی جمع ہے۔ (4) یہ اَرْبَعٌ اَرْبَعٌ اسم عدد سے معدول ہے، عدل تحقیقی اور وصف کی بناء پر غیر منصرف ہے، قاضی بیضاوی فرماتے ہیں کہ رباع مبنی بر صفت ہے اگرچہ اس کی اصل وصف پر مبنی نہیں ہے۔ (5) دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:مَدٌّ)، یہ لفظ رب کی طرف منسوب اسم ہے، اس کے آخر میں یاء مشدد نسبت کے لیے اور الف ونون زائدتان مبالغہ پر دلالت کرنے کے لیے آئے ہیں، م: رَبَّانِيٌّ، یہ اس کی رفعی حالت ہے، بعض کے نزدیک یہ رَبَّان کی طرف منسوب اسم ہے۔ (6) دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:مَدٌّ)، یہ لفظ رب کی طرف منسوب اسم ہے، اس کے آخر میں یاء مشدد نسبت کے لیے اور الف ونون زائدتان مبالغہ پر دلالت کرنے کے لیے آئے ہیں، م: رَبَّانِيٌّ، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ (7) واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف گر گیا۔ (8) یہ اسم عدد کسری ہے، مذکر اور مؤنث ہونے میں قیاس کے مطابق آتا ہے، ج: اَرْبَاعٌ۔ (9) یہ اصل میں رُبَّ مَا تھا، رُبَّ حرف جر اور مَا کافہ ہے، اس کے آنے سے رُبَّ حرف جر کا عمل باطل ہوجاتا ہے، رُبَّ سے ایک باء کو تخفیفاً حذف کردیا، یہ تقلیل اور تکثیر دونوں معانی کے لیے آتا ہے، سیاق کلام سے کوئی ایک معنی متعین ہوجاتا ہے۔ (10) دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:مَدٌّ)، یہ اصل میں تو مصدر ہے مگر پھر بطور صفت استعمال ہونے لگا ہے، جیسے: رَجُلٌ عَدْلٌ میں عَدْلٌ بمعنی عَادِلٌ ہے۔ (11) ج: رُبًى۔ (12) واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی(قاعدہ:یرضی)، اس سے آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر متکلم مفعول بہ ہے۔ (13) دو ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ:مَدٌّ)، م: رِبِّيٌّ، رَبٌّ کی طرف منسوب اسم ہے، بعض کے نزدیک یہ رِبَّةٌ (بمعنی جماعت) کی طرف منسوب اسم ہے۔ (14) یہ مصدر بمعنی مفعول ہے۔ (15) لام اصل میں ساکن تھا، آگے ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رَتَّلْنٰهُ [1]	ہم نے پڑھا ہے اسے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر ت ل	فَعَّلْنَا	×	الفرقان:32
رَجًّا [1]	لرزنا	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ر ج ج	فَعْلًا	رَجْجًا ❶	الواقعة:4
رِجَالٌ [27]	کچھ آدمی ہوں گے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ر ج ل	فِعَالٌ	× ❷	الأعراف:46
رِجَالًا [1]	پیدل	اسم فاعل	//	سمع	//	//	//	فِعَالًا	× ❸	الحج:27
رُجَّتِ [1]	لرزنے لگے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ر ج ج	فُعِلَتْ	رُجِجَتْ ❹	الواقعة:4
رِجْزًا [9]	عذاب	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ر ج ز	فِعْلًا	× ❺	البقرة:59
الرُّجْزَ [1]	ناپاکی	//	//	//	//	//	//	فُعْلَ	× ❻	المدثر:5
رِجْسٌ [10]	ناپاک چیزیں	//	//	//	//	//	ر ج س	فِعْلٌ	× ❼	المائدة:90
رَجَعَ [3]	واپس آیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	//	ر ج ع	فَعَلَ	× ❽	الأعراف:150
رَجْعٌ [3]	دوبارہ لوٹنا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلٌ	× ❾	ق:3
الرُّجْعٰى [1]	واپس ہونا	//	//	//	//	//	//	فُعْلٰى	×	العلق:8
رُجِعْتُ [1]	میں لوٹایا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد متکلم	//	//	//	//	فُعِلْتُ	//	حم السجدة:50
رَجَعْتُمْ [2]	تم واپس جاؤ	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	البقرة:196
رَجَعْنَا [2]	ہم واپس گئے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	المنافقون:8
رَجَعُوْا [3]	وہ واپس جائیں	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	التوبة:122
الرَّجْفَةُ [4]	زلزلے	مصدر مرہ	×	نصر	//	//	ر ج ف	فَعْلَةٌ	//	الأعراف:78
رَجُلٌ [16]	آدمی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ر ج ل	فَعُلٌ	× ❿	النساء:12
رَجُلَانِ [1]	دو آدمیوں	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعُلَانِ	× ⓫	المائدة:23
رَجِلِكَ [1]	اپنے پیادے	اسم فاعل	جمع مکسر	سمع	//	//	//	فَعِلِ	× ⓬	بنی اسرائیل:64
بِرِجْلِكَ [1]	اپنا پاؤں	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فِعْلِ	× ⓭	صٓ:42

❶ دو ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❷ م: رَجُلٌ۔ ❸ م: رَاجِلٌ۔ ❹ دو متحرک ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، تاء اصل میں ساکن تھی آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❺ یہ عذاب کا نام ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے، لفظ ﴿ رِجْز ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① عذاب، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نجاست اور شیطانی وسوسہ، جیسا کہ سورۃ الأنفال: 11 میں ہے ﴿ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ ﴾ ''شیطان کی نجاست یا شیطانی وسوسہ''، ج: أُرْجَازٌ۔ ❻ اس کے معنی ''بتوں کی پرستش'' بھی ہوتے ہیں۔ ❼ لفظ ﴿ رِجْس ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① ناپاک چیزیں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② ناراضی اور عذاب، جیسا کہ سورۃ الاعراف: 71 میں ہے ﴿ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ﴾ ''عذاب اور غضب''، ج: اَرْجَاسٌ، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ❽ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر رُجُوعًا و رِجَاعًا ہو اور اس کا فاعل فُلَانٌ اور صلہ مِنْ سَفَرِهٖ ہو یا اس کا فاعل الشَّيْئُ و الرَّجُلُ ہو، جب اس کے بعد فُلَانًا عَنِ الشَّيْئِ و اِلَيْهِ رَجْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجِعَةً و رُجُوعًا و رُجْعَانًا ہو تو اس کے معنی واپس لانا، لوٹانا کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ التوبة: 83 میں ہے ﴿فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ ﴾ ''پس اگر اللہ تجھے کسی گروہ کی طرف واپس لے آئے''۔ ❾ لفظ ﴿ رَجْع ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① لوٹنا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② بارش، جیسا کہ سورۃ الطارق: 11 میں ہے ﴿ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ﴾ ''آسمان بار بار بارش لانے والے کی قسم''، ج: رِجَاعٌ و رُجْعَانٌ۔ ❿ ج: رِجَالٌ۔ ⓫ یہ اس کی رفعی حالت ہے، م: رَجُلٌ، ج: رِجَالٌ۔ ⓬ م: رَاجِلٌ۔ ⓭ ج: اَرْجُلٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رَجُلَيْنِ [4]	دو مرد	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	رج ل	فَعُلَيْنِ	× ❶	البقرة:[illegible]2
رِجْلَيْنِ [1]	دو پاؤں	//	//	//	//	//	//	فِعْلَيْنِ	× ❷	النور:45
رَجْمًا [1]	رائے زنی کرنا	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	رج م	فَعْلًا	×	الكهف:[illegible]2
لَرَجَمْنَاكَ [1]	ہم تجھے ضرور رجم کردیں گے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	هود:91
رُجُوْمًا [1]	مارنے کے آلے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	//	فُعُوْلًا	× ❸	الملك:5
رَجِيْمٍ [6]	مردود	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	//	//	//	فَعِيْلٍ	× ❹	الحجر:17
رِحَالِهِمْ [1]	ان کے بوروں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	رح ل	فِعَالِ	× ❺	يوسف:62
رَحُبَتْ [2]	فراخ ہونے کے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	کرم	//	//	رح ب	فَعُلَتْ	×	التوبة:25
رَحْلِ [2]	بورے	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	رح ل	فَعْلِ	× ❻	يوسف:70
رِحْلَةَ [1]	سفر	(اسم) مصدر	×	فتح	//	//	//	فِعْلَةَ	×	قريش:2
رَحِمَ [5]	رحم فرمائے گا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	رح م	فَعِلَ	//	هود:43
رُحْمًا [1]	شفقت	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعْلًا	//	الكهف:81
رُحَمَاءُ [1]	بڑے رحم دل	صفت مشبہ	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعَلَاءُ	× ❼	الفتح:29
الرَّحْمٰنِ [57]	نہایت رحم کرنے والا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعْلَانِ	× ❽	الفاتحة:1
رَحْمَةٌ [114]	رحمت	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلَةٌ	× ❾	البقرة:157
رَحِمْتَهٗ [1]	تونے اس پر مہربانی فرمائی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِلْتَ	×	المؤمن:9
رَحِمَنَا [1]	ہم پر مہربانی کرلے	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلَ	× ❿	الملك:28
رَحِمْنٰهُمْ	ہم ان پر رحم کریں	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعِلْنَا	×	المؤمنون75
رَحِيْقٍ [1]	خالص شراب	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	رح ق	فَعِيْلٍ	//	المطففين25
رَحِيْمٌ [115]	بڑا رحم کرنے والا	اسم مبالغہ	//	سمع	ثلاثی مجرد	//	رح م	فَعِيْلٌ	× ⓫	البقرة:143
رُخَاءً [1]	نرم نرم	صفت مشبہ	//	ن،ك	//	ناقص واوی	رخ و	فُعَالًا	رُخَاوًا ⓬	صٓ:36

❶ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: رَجُلٌ، ج: رِجَالٌ ۔ ❷ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: رِجْلٌ ۔ ❸ م: رَجْمٌ، یہ اصل میں مصدر ہے اور یہاں بطور اسم جامد کے جس چیز سے سنگسار کیا جاتا ہے اس کے لیے استعمال ہو رہا ہے، یا یہ مصدر یہاں مفعول کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ ❹ یہ فَعِيْلٌ بمعنی مفعول اَلْمَرْجُوْم (اللہ کی رحمت سے دھتکارا ہوا) کے معنی میں استعمال ہوا ہے، یا شیطان کو رجیم اس لیے کہا گیا ہے کہ رجم کے معنی ''پتھر مارنا'' کے ہیں تو جب یہ آسمان کی طرف جانے کی کوشش کرتا ہے تو آسمان سے شہاب ثاقب اس کو مارے جاتے ہیں۔ ❺ م: رَحْلٌ ❻ ج: أَرْحُلٌ و رِحَالٌ ۔ ❼ م: رَحِيْمٌ یا یہ اسم مبالغہ ہے۔ ❽ لفظ رحمٰن اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور کے لیے استعمال نہیں ہوتا، یہ اصل میں صفت مشبہ ہے، اور اس میں مبالغہ کا معنی پایا جاتا ہے، یعنی معنی میں کثرت اور دوام کا مفہوم پایا جاتا ہے، لفظ رحمٰن میں رحیم کی بنسبت زیادہ مبالغہ ہے، دنیا میں اللہ تعالیٰ رحمٰن ہے اس کی رحمت بلاتفریق مومن اور کافر سب پر ہو رہی ہے اور آخرت میں رحیم ہوگا، اس کی رحمت صرف مؤمنوں پر ہوگی۔ ❾ لفظ ﴿ رَحْمَةً ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① رحمت، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نعمت، بھلائی، جیسا کہ سورۃ یونس:21 میں ہے ﴿اِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً ﴾ ''جب ہم لوگوں کو کوئی نعمت چکھاتے ہیں''، لفظ ﴿ رَحْمَة ﴾ کو قرآن مجید میں تاء مبسوطہ کے ساتھ بھی لکھا گیا ہے یہ قرآنی رسم الخط ہے، جیسا کہ سورۃ البقرۃ:218 میں ہے ﴿رَحْمَتَ اللّٰهِ﴾ ۔ ❿ اس کے آخر میں نا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ ہے۔ ⓫ یہ اصل میں صفت مشبہ ہے، اور اس میں مبالغہ کا معنی پایا جاتا ہے، یعنی معنی میں کثرت اور دوام کا مفہوم پایا جاتا ہے، ج: رُحَمَاءُ ، یہ لفظ اللہ تعالیٰ کے علاوہ دوسروں کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ⓬ واؤ اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رَدَّ [1]	واپس کردیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ر د د	فَعَلَ	رَدَدَ ❶	الأحزاب:25
رِدْءًا [1]	مددگار	صفت مشبہ	واحد مذکر	فتح	//	مہموز اللام	ر د ء	فِعْلًا	× ❷	القصص:34
رُدَّتْ [2]	واپس کردیا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ردد	فُعِلَتْ	رُدِدَتْ ❶	یوسف:65
رُدِدْتُّ [1]	مجھے واپس لوٹایا گیا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فُعِلْتُ	رُدِدْتُ ❸	الكهف:36
رَدَدْنَا [3]	ہم نے پھیردی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	×	بنی اسرائیل:6
رَدِفَ [1]	پیچھے آ لگا	//	واحد مذکر غائب	سمع	//	صحیح	ر د ف	فَعِلَ	//	النمل:72
رَدْمًا [1]	ایک مضبوط دیوار	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ر د م	فَعْلًا	× ❹	الكهف:95
رَدَّهَا [2]	اس کو واپس کرنے	(اسم) مصدر	×	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ر د د	فَعْلَ	رَدْدَ ❺	الأنبياء:40
رُدُّوا [4]	ان کو لوٹایا جاتا	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِلُوا	رُدِدُوا ❶	النساء:91
رَدُّوْهُ [1]	وہ لوٹاتے اس کو	فعل ماضی معلوم	//	//	//	//	//	فَعَلُوْ	رَدَدُوْ ❶	النساء:83
رُدُّوْهَا [2]	اس جیسا ہی لوٹا دو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلُوْ	اُرْدُدُوْ ❻	النساء:86
الرَّزَّاقُ [1]	بہت رزق دینے والا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	//	//	صحیح	ر ز ق	فَعَّالٌ	×	الذاريات:58
رِزْقِ [54]	رزق	اسم جامد	//	×	//	//	//	فِعْلٍ	× ❼	البقرة:60
رَزَقَكُمُ [14]	تم کو دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	//	//	فَعَلَ	×	المائدة:88
رُزِقْنَا [1]	ہم دیے گئے	فعل ماضی مجہول	جمع متکلم	//	//	//	//	فُعِلْنَا	//	البقرة:25
رَزَقْنَاكُمْ [21]	ہم نے تم کو دی	فعل ماضی معلوم	//	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	البقرة:57
رُزِقُوْا [1]	دیے جائیں گے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِلُوْا	//	البقرة:25
الرَّسِّ [2]	کنواں	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مضاعف ثلاثی	ر س س	فَعْلٍ	رَسْسٍ ❽	الفرقان:38
رِسَالَاتِ [7]	پیغامات	//	جمع مؤنث سالم	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر س ل	فِعَالَاتِ	× ❾	الأعراف:62
رِسَالَةَ [3]	پیغام	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فِعَالَةَ	× ❿	الأعراف:79

❶ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے، تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ❷ ج: اَرْدَاءٌ بعض کے نزدیک یہ مصدر بمعنی مفعول بھی استعمال ہوتا ہے۔ ❸ دو ہم مخرج حرفوں دال اور تاء میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کو دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ) ، دو ہم مخرج حرفوں کے ادغام کی صورت میں لکھنے میں دونوں آتے ہیں جب کہ پڑھنے میں صرف ایک آتا ہے (ادغام متجانسين) ۔ ❹ بعض کے نزدیک یہاں یہ مصدر بمعنی اسم مفعول ہے یا یہ اصل میں تو باب نصر کا مصدر ہے، مگر یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، ج: رُدُوْمٌ۔ ❺ دو ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ❻ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل ساکن ہے تو پہلے کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی اور پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، راء کے متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ گر گیا، یا یہ فعل مضارع تَرُدُّوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی، اس کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے آخر سے نون اعرابی گر گیا۔ ❼ ج: اَرْزَاقٌ، یا یہ مصدر بمعنی مَفْعُول، المرزوق یعنی کھانے کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، لفظ ﴿رِزْق﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① رزق، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② حصہ، جیسا کہ سورة الواقعة :82 میں ہے ﴿تَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ﴾ ''تم اپنا حصہ کرتے ہو''۔ ❽ دو ہم جنس حرف سین ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ) تفسیر ابن کثیر میں امام ابن جریر طبریؒ نے کہا ہے کہ اصحاب الرس سے مراد اصحاب الاخدود ہیں۔ ❾ م: رِسَالَةٌ ❿ ج: رَسَائِلُ و رِسَالَاتٌ، یہ باب افعال اَرْسَلَ سے اسم مصدر ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رُسُلٌ [97]	بہت سے رسول	صفت مشبہ	جمع مکسر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر س ل	فُعُلٌ	× ❶	ال عمرٰن:183
رَسُوْلٌ [234]	رسول	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعُوْلٌ	× ❷	البقرة:87
الرَّسُوْلَا [1]	//	//	//	//	//	//	//	فَعُوْلَ	رَسُوْلَ ❸	الأحزاب:66
رَسُوْلَا [1]	بھیجے ہوئے	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعُوْلَا	رَسُوْلَانِ ❹	طٰه:47
الرَّشَادِ [2]	سیدھے راستے	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	//	ر ش د	فَعَالِ	×	المؤمن:29
رُشْدًا [6]	سمجھداری	//	//	//	//	//	//	فُعْلًا	//	النساء:6
رَشَدًا [5]	ہدایت	//	//	//	//	//	//	فَعَلًا	//	الكهف:10
رَشِيْدٌ [3]	ہدایت والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	ن، س	//	//	//	فَعِيْلٌ	× ❺	هود:78
رَصَدًا [2]	گھات میں لگا ہوا	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	ر ص د	فَعَلًا	× ❻	الجن:9
الرَّضَاعَةَ [2]	دودھ پلانے	//	//	س،ض،ن	//	//	ر ض ع	فَعَالَةَ	×	البقرة:233
رَضُوْا [9]	وہ راضی ہوگئے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	سمع	//	ناقص واوی	ر ض و	فَعُوْا	رَضِوُوْا ❼	المائدة:119
رِضْوَانٌ [13]	رضامندی	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلَانٌ	×	ال عمرٰن:15
رَضِيَ [6]	راضی ہوگیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلَ	رَضِوَ ❽	المائدة:119
رَضِيًّا [1]	پسندیدہ	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعِيْلًا	رَضِيْوًا ❾	مريم:6
رَضِيْتُ [1]	میں نے پسند کیا	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعِلْتُ	رَضِوْتُ ❿	المائدة:3
رَضِيْتُمْ [2]	تم خوش ہوگے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِلْتُمْ	رَضِوْتُمْ ❿	التوبة:38
رَطْبٍ [1]	کوئی تر چیز	صفت مشبہ	واحد مذکر	ن، ك	//	صحیح	ر ط ب	فَعْلٍ	× ⓫	الأنعام:59
رُطَبًا [1]	تازہ پتا	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	//	//	فُعَلًا	× ⓬	مريم:25
الرِّعَاءُ [1]	چرواہے	اسم فاعل	جمع مکسر	فتح	//	ناقص یائی	ر ع ی	فِعَالُ	رِعَايُ ⓭	القصص:23
رِعَايَتِهَا [1]	اس کا خیال رکھنے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعَالَةِ	×	الحديد:27

❶ یہ بمعنی مُرسَلُوْنَ ہے،م:رَسُوْلٌ ۔ ❷ بعض لغویوں کے نزدیک اس کا ثلاثی مجرد سے کوئی فعل نہیں آتا بلکہ مزید فیہ یعنی اِرْسَال مستعمل ہے اسی لیے یہ بمعنی مُرْسَلٌ ہے، اور بعض کے نزدیک اس کا اصل رَسْل ہے، لغات الحدیث میں رَسْل کے معنی بھیجنا اور المفردات فی غریب القرآن میں اٹھ کھڑے ہونا کیا گیا ہے، اسی سے رسول ہے اس کے مطابق یہ مجرد ہوگا، یعنی یہ رَسِلَ الْبَعِيْرُ (اونٹ کا سبک رفتار ہونا) سے ہے، نبی بھی پیغام الٰہی پہنچانے میں تیز رفتار ہوتے ہیں، ج: رُسُلٌ، حدیث میں ہے کہ اس دنیا میں ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی آئے ہیں جن میں سے تین سو تیرہ رسول ہیں، نبی اور رسول میں فرق یہ ہے کہ رسول وہ ہوتا ہے جو نئی شریعت لے کر آئے جب کہ نبی کے لیے یہ ضروری نہیں، وہ سابقہ شریعت کی تبلیغ کے لیے آتا ہے ۔ ❸ اس کے آخر میں الف قرآنی رسم الخط کے طور پر آیا ہے ۔ ❹ اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے،م: رَسُوْلٌ ،سورۃ الاحزاب: 66 میں ﴿ الرَّسُوْلَا ﴾ ،واحد ہے، اس کے آخر میں الف زائدہ ہے، فواصل آیات کی مناسبت سے آیا ہے، رسول کے معنی جبرئیل بھی ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ طٰه :96 میں ہے ﴿ الرَّسُوْلِ ﴾ ''جبریل'' ۔ ❺ اس میں بمعنی رَاشِد اور بمعنی مُرْشِد دونوں کا احتمال ہے ۔ ❻ اس آیت میں یہ مصدر، فاعل کے معنی میں استعمال ہوا ہے، اس میں واحد، تثنیہ، جمع ، مذکر و مؤنث سب برابر ہیں، کبھی اس کی جمع اَرْصَادٌ بھی آتی ہے، یا یہ رَاصِدٌ اسم فاعل کی جمع ہے، بعض کے نزدیک یہ اسم جمع ہے، اس کے معانی محافظ بھی ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الجن : 27 میں ہے ﴿ رَصَدًا ﴾ ''محافظ'' ۔ ❼ لام کلمہ میں حرف علت مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو واؤ ساکن جمع ہونے سے پہلی واؤ کو گرا دیا (قاعدہ:رَضُوْا) ۔ ❽ واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ:رَضِيَ)۔
❾ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا (قاعدہ:سَيِّدٌ)، یہ فعیل بمعنی مفعول ہے ۔ ❿ واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: مِيْزَانٌ)۔ ⓫ ج: رُطْبٌ و رُطَبٌ ۔ ⓬ م: رُطَبَةٌ ، ج:أَرْطَابٌ و رِطَابٌ ۔ ⓭ یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ:دُعَاءٌ)،م: الرَّاعِي ، یا یہ مصدر ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رُعْبًا [5]	رعب	(اسم) مصدر	×	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ر ع ب	فُعْلًا	×	الكهف:18
رَعْدٌ [2]	گرج	اسم جامد	واحد مذکر	نصر	//	//	ر ع د	فَعْلٌ	× ❶	البقرة:19
فَمَا۔ رَعَوْهَا [1]	پھرانہوں نے اس کا خیال نہ رکھا	فعل ماضی منفی معلوم	جمع مذکر غائب	فتح	//	ناقص یائی	ر ع ی	فَعَوْا	رَعَيُوْا ❷	الحديد:27
رَغَبًا [1]	امید	(اسم) مصدر	×	سمع	//	صحیح	ر غ ب	فَعَلًا	× ❸	الأنبياء:90
رَغَدًا [3]	خوب	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	ر غ د	//	× ❹	البقرة:35
رُفَاتًا [2]	ریزہ ریزہ	//	//	نصر	//	//	ر ف ت	فُعَالًا	× ❺	بنی اسرائیل:49
رَفَثَ [2]	شہوت کی باتیں کرنا	(اسم) مصدر	×	ن ، س	//	//	ر ف ث	فَعَلَ	× ❻	البقرة:197
الرِّفْدُ [1]	برا انعام	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ر ف د	فِعْلُ	× ❼	هود:99
رَفْرَفٍ [1]	قالینوں	//	جمع مکسر	//	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	رف رف	فَعْلَلٍ	× ❽	الرحمٰن:76
رَفَعَ [7]	بلند کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ر ف ع	فَعَلَ	×	البقرة:253
رُفِعَتْ [1]	بلند کیا گیا ہے اس کو	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتْ	//	الغاشية:18
رَفَعْنَا [1]	ہم نے اٹھایا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	البقرة:63
رَفِيْعُ [1]	بلند درجہ	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	//	//	فَعِيْلُ	× ❾	المؤمن:15
رَفِيْقًا [1]	اچھا ساتھی	//	//	نصر	//	//	ر ف ق	فَعِيْلًا	× ❿	النساء:69
رَقٍّ [1]	ورق	اسم جامد	//	×	//	مضاعف ثلاثی	ر ق ق	فَعْلٍ	رَقْقٍ ⓫	الطور:3
الرِّقَابِ [3]	گردنوں	//	جمع مکسر	//	//	صحیح	ر ق ب	فِعَالِ	× ⓬	البقرة:177
رَقَبَةٍ [6]	ایک غلام	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعَلَةٍ	× ⓭	النساء:92
رُقُوْدٌ [1]	سوئے ہوئے	اسم فاعل	جمع مکسر	نصر	//	//	ر ق د	فُعُوْلٌ	× ⓮	الكهف:18

❶ یہ اصل میں باب نصر رَعَدَ يَرْعُدُ اور فتح رَعَدَ يَرْعَدُ کا مصدر ہے اور یہاں بطور اسم جامد الرَّاعِد کے معنی میں ہے، ج: رُعُوْدٌ، بعض کے نزدیک یہ اسم جنس جمعی ہے۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَالَ) پھر دو ساکن الف اور واو جمع ہونے سے الف گر گیا، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشیٔ اور مصدر رَعْيًا ورِعَايَةً ہو۔ ❸ جب اس فعل کا صلہ الٰی یا باء یا فی ہوتو اس کے معنی ہوتے ہیں رغبت کرنا، جیسا کہ سورۃ القلم: 32 میں ہے ﴿اِنَّا اِلٰى رَبِّنَا رَاغِبُوْنَ﴾ "ہم اپنے رب کی طرف راغب ہونے والے ہیں" اور جب اس کا صلہ عَنْ ہوتو پھر اس کے معنی ہوتے ہیں بے رغبتی کرنا، جیسا سورۃ البقرۃ: 130 میں ہے ﴿وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ اِبْرَاهِيْمَ﴾ "ابراہیم کے دین سے کون نفرت کرے گا"۔ ❹ یہ اصل میں مصدر ہے مگر یہاں صفت مشبہ کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، اور یہ رَاغِدٌ اسم فاعل کی جمع بھی ہوسکتا ہے۔ ❺ یہ فُعَال بمعنی مفعول ہے، بعض کے نزدیک یہ اسم جنس جمعی ہے اور بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ❻ یہ لائے نفی جنس کا اسم ہونے کی وجہ سے فتحہ پر مبنی ہے، لفظ ﴿رَفَث﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① شہوت کی باتیں کرنا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② صحبت کرنا، جیسا کہ سورۃ البقرۃ: 187 میں ہے ﴿الرَّفَثُ اِلٰى نِسَائِكُمْ﴾ "اپنی عورتوں سے صحبت کرنا"۔ ❼ ﴿الرِّفْدُ﴾ اصل میں انعام کو کہتے ہیں، یہاں لعنت کو رفد کہا گیا ہے، اس لیے اسے برا انعام قرار دیا گیا ہے، ج: اَرْفَادٌ ورُفُوْدٌ، یا یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر ہے، جو یہاں مفعول کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے۔ ❽ اس کی جمع منتھی الجموع رَفَارِفُ آتی ہے، یا یہ اسم جنس جمعی ہے، م: رَفْرَفَةٌ۔ ❾ یا یہ باب فتح رَفَعَ يَرْفَعُ سے اسم مبالغہ ہے۔ ❿ اس میں واحد اور جمع دونوں برابر ہیں، یا اس سے مراد یہ ہے کہ ان چار انواع میں سے ہر ایک رفیق ہے، یہ واحد، جمع کی جگہ میں آیا ہے، یہ بھی جائز ہے کہ یہ مفرد ہو اور تمیز کے باب میں اس کے ساتھ جنس کو بیان کیا گیا ہو، ج: رُفَقَاءُ۔ ⓫ دو ہم جنس حرف قاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ﴿رَقٌّ﴾ اصل میں اس باریک چمڑے کو کہتے ہیں جس پر لکھا جاتا ہے، ج: رُقُوْقٌ۔ ⓬ م: رَقَبَةٌ، یہ اصل میں گردن کا نام ہے، پھر عرف میں یہ غلاموں کا نام پڑ گیا۔ ⓭ رَقَبة اصل میں گردن کا نام ہے، پھر عرف میں یہ غلاموں کا نام پڑ گیا، ج: رِقَابٌ۔ ⓮ م: رَاقِدٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رَقِيْبٌ [5]	منتظر	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ر ق ب	فَعِيْلٌ	× ❶	هود:93
لِرُقِيِّكَ [1]	تیرے چڑھنے پر	(اسم) مصدر	×	سمع	//	ناقص یائی	ر ق ی	فُعُوْلٌ	رُقُوْيٌ ❷	بني اسرائيل:93
الرَّقِيْمِ [1]	تختی	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر ق م	فَعِيْلٌ	× ❸	الكهف:9
رِكَابٍ [1]	اونٹ	//	اسم جمع	//	//	//	//	فِعَالٌ	× ❹	الحشر:6
رُكَامًا [1]	تہ بہ تہ	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	//	ر ك م	فُعَالًا	×	النور:43
الرَّكْبُ [1]	قافلہ	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	ر ك ب	فَعْلٌ	× ❺	الأنفال:42
رَكِبَا [1]	وہ سوار ہوئے	فعل ماضی معلوم	تثنیہ مذکر غائب	سمع	//	//	//	فَعِلَا	//	الكهف:71
رُكْبَانًا [1]	سواری	اسم فاعل	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعْلَانًا	× ❻	البقرة:239
رَكَّبَكَ [1]	تجھے جوڑ دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	× ❼	الانفطار:8
رَكِبُوْا [1]	وہ سوار ہوئے	//	جمع مذکر غائب	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِلُوْا	×	العنكبوت:65
رِكْزًا [1]	کوئی بھنک	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ر ك ز	فِعْلًا	× ❽	مريم:98
رُكَّعًا [3]	رکوع میں	اسم فاعل	جمع مکسر	فتح	//	//	ر ك ع	فُعَّلًا	× ❾	الفتح:29
رُكْنٍ [2]	قلعہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ر ك ن	فُعْلٍ	× ❿	هود:80
رَكُوْبُهُمْ [1]	ان کی سواری	//	اسم جمع	//	ثلاثی مزید فیہ	//	ر ك ب	فَعُوْلُ	× ⓫	يس:72
رَمٰی [1]	پھینکی تھیں	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ر م ی	فَعَلَ	رَمَيَ ⓬	الأنفال:17
رِمَاحُكُمْ [1]	تمہارے نیزے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ر م ح	فِعَالُ	× ⓭	المائدة:94
كَرَمَادٍ [1]	مثل راکھ کے	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	//	ر م د	فَعَالٍ	× ⓮	ابراهيم:18
رُمَّانٌ [3]	انار	//	اسم جنس جمعی	//	//	//	ر م ن	فُعَّالٌ	× ⓯	الرحمن:68
رَمْزًا [1]	اشارہ	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ر م ز	فَعْلًا	× ⓰	ال عمران:41
رَمَضَانَ [1]	رمضان	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ر م ض	فَعَلَانَ	× ⓱	البقرة:185
رَمَيْتَ [2]	جگہ سے پلٹنے کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ر م ی	فَعَلْتَ	×	الأنفال:17
رَمِيْمٌ [2]	بوسیدہ	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	مضاعف ثلاثی	ر م م	فَعِيْلٌ	× ⓲	يس:78

❶ ج:رُقَبَـاءُ۔ ❷ واؤاور یاءایک کلمہ میں جمع ہوئے اوران میں سے پہلا ساکن ہےتو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کردیا،اور یاء کی مناسبت سے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا(قاعدہ:مَرْمِيٌّ)۔ ❸ یہ اس شہر کا نام ہے جہاں ''کہف'' واقع تھی،بعد میں اس شہر کا نام پٹیرا رکھا گیا،عربی میں اسے بُطرا کہا جانے لگا،بعض نے کہا اس سے مراد وہ تختی ہے جس پر اصحاب کہف کے نام لکھے گئے تھے،اور بعض کے نزدیک یہ اصحاب کہف کے کتے کا نام ہے۔ ❹ اس کا واحد لفظوں میں موجود نہیں،واحد کے لیے رَاحِلَةٌ استعمال ہوتا ہے،ج: رُكُبٌ ورَكَائِبُ۔ ❺ ج:اَرْكُبٌ ورُكُوبٌ۔ ❻ م: رَاكِبٌ ❼ اس کے آخر میں کاف ضمیر مفعول بہ ہے۔ ❽ ﴿رِكْزًا﴾ ہلکی آواز کو کہتے ہیں،ج: رُكُوزٌ وارْكَازٌ،بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ❾ م:رَاكِعٌ۔ ❿ ج: اَرْكَانٌ۔ ⓫ یہ فَعُولٌ بمعنی مَفْعُولٌ ہے،ج:رُكُبٌ۔ ⓬ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا(قـاعدہ:قَالَ)۔ ⓭ م:رُمْحٌ۔ ⓮ ج:اَرْمِدَةٌ۔ ⓯ م: رُمَّانَةٌ،یا یہ فُعَلَانٌ کے وزن پر ہے۔ ⓰ ج:رُمُوزٌ۔ ⓱ یہ اسلامی سال کا وہ نواں بابرکت مہینہ ہے،جس میں روزے رکھے جاتے ہیں،یہ اصل میں تو مصدر ہے،مگر یہاں بطور علم استعمال ہورہا ہے،جو علمیت اور الف ونون زائدتان کی بناء پر غیر منصرف ہے۔ ⓲ اس کے ساتھ تاء اس لیے نہیں آئی کہ یہ بمعنی مفعول ہے،یا اس لیے کہ اس پر اسمیت غالب آچکی ہے،اب یہ صفت کے علاوہ بوسیدہ ہڈیوں کا نام ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَرِهَانٌ [1]	گروی چیز	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ر ہ ن	فِعَالٌ	× ❶	البقرة:283
الرَّهْبِ [1]	خوف	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	//	ر ہ ب	فَعْلِ	×	القصص:32
رَهَبًا [1]	خوف	//	//	//	//	//	//	فَعَلًا	//	الأنبياء:90
رُهْبَانًا [3]	کچھ مشائخ	اسم فاعل	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعْلَانًا	× ❷	المائدة:82
رَهْبَانِيَّةً [1]	لذتوں سے کنارہ کشی	مصدر صناعی	×	//	//	//	//	فَعْلَانِيَّةً	× ❸	الحديد:27
رَهْبَةً [1]	ہیبت	(اسم) مصدر	//	//	//	//	//	فَعْلَةً	×	الحشر:13
رَهْطٍ [3]	شخص	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	ر ہ ط	فَعْلٍ	× ❹	النمل:48
رَهَقًا [2]	سرکشی	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	ر ہ ق	فَعَلًا	×	الجن:6
رَهْوًا [1]	ٹھہرا ہوا	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	//	ناقص واوی	ر ہ و	فَعْلًا	× ❺	الدخان:24
رَهِيْنٌ [1]	گروی رکھا ہوا	//	//	فتح	//	صحیح	ر ہ ن	فَعِيْلٌ	× ❻	الطور:21
رَهِيْنَةٌ [1]	//	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعِيْلَةٌ	× ❼	المدثر:38
رَوَاحُهَا [1]	اس کی شام کی منزل	(اسم) مصدر	×	نصر	//	اجوف واوی	ر و ح	فَعَالٌ	×	سبا:12
رَوَاسِيَ [9]	پہاڑ	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ر س و	فَوَاعِلَ	رَوَاسِوَ ❽	الرعد:3
رَوَاكِدَ [1]	ٹھہرنے والی	اسم فاعل	//	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ر ك د	فَوَاعِلَ	× ❾	الشورى:33
رَوْحِ [3]	رحمت	(اسم) مصدر	×	ف، ن	//	اجوف واوی	ر و ح	فَعْلِ	× ❿	يوسف:87
رُوْحٌ [21]	روح	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فُعْلٌ	× ⓫	النساء:171
رَوْضَاتِ [1]	بہشتوں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	ر و ض	فَعْلَاتِ	× ⓬	الشورى:22

❶ م: رَهْنٌ، یہ مصدر بمعنی مفعول ہے اور مَـرْهُون گروی رکھی ہوئی چیز کو کہتے ہیں، شرعاً کسی ایسے حق کی ضمانت کے طور پر کوئی چیز اپنے پاس رکھ لینا کہ اگر وہ حق وصول ہونا ممکن نہ رہے تو محبوس چیز کے ذریعے وصول کیا جا سکے، اس کی دیگر جمعیں بھی آتی ہیں، رُهُوْنٌ و رُهُـنٌ و رَهِيْنٌ، یا یہ باب مفـاعلہ کا مصدر ہے۔ ❷ م: رَاهِبٌ، کبھی رُهْبَانٌ واحد کے لیے بھی بولا جاتا ہے، اس وقت اس کی جمع رَهَـابِيْنُ اور رَهَـابِنَةٌ آتی ہے، رُهبان سے مراد عبادت گزار اور گوشہ نشین لوگ ہیں، یہاں اس سے مراد نصاری کے علماء ہیں۔ ❸ ﴿ رَهْبَـانِيَّةً ﴾ کے معنی ہیں "ترک دنیا" یعنی دنیا سے الگ تھلگ ہو کر کسی جنگل میں جا کر اللہ کی عبادت کرنا، یہ رسم نصرانیوں نے نکالی تھی جسے اسلام نے غلط قرار دے دیا، اس کا مصدر رَهْب (ڈرنا) بنتا ہے، اس میں الف و نون کا اضافہ کیا گیا ہے، رَهْبَان کی طرف منسوب اسم ہے۔ ❹ یہ تین سے لے کر دس تک کی جماعت کو کہتے ہیں، ج: اَرْهُـطٌ و اَرْهَاطٌ، رُهُوطٌ، اس سے جمع منتهى الجموع اَرَاهِطُ آتی ہے۔ ❺ بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ❻ یہ فَعِيل بمعنی مَفْعُول ہے، رَهِيْنٌ بِكَذَا کے معنی "ذمہ دار" کے ہیں۔ ❼ بعض کے نزدیک یہ رَهِيْن کی مؤنث نہیں اس لیے کہ یہ فَعِيل بمعنی مَفْعُول ہے اس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہیں، اس میں تاء مبالغہ کے لیے ہے، اور بعض کے نزدیک یہ تاء تانیث کی ہے اور یہ لفظ کی تانیث کے مطابق ہے نا کہ انسان کے مطابق، ج: رَهَـائِنُ، یا یہ اسم بمعنی رهن ہے، بیضاوی فرماتے ہیں کہ یہ مصدر بمعنی اسم مفعول ہے۔ ❽ واؤ طرف کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رَضِيَ)، یہ جمع منتهى الجموع ہے، م: الرَّاسِيَةُ ۔ ❾ م: رَاكِدَةٌ ۔ ❿ اس کے معنی اصل میں راحت کے ہیں، جیسا کہ سورة الواقعة: 89 میں ہے ﴿فَرَوْحٌ وَّ رَيْحَانٌ ﴾ "تو راحت اور خوشبودار پھول"، پھر یہ لفظ عاریتاً رحمت کے لیے استعمال کیا گیا، ج: اَرْوَاحٌ ۔ ⓫ یہ مذکر اور مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، لفظ ﴿رُوْح ﴾ قرآن مجید میں پانچ معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① روح، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② جبریل علیہ السلام، جیسا کہ سورة النبأ: 38 میں ہے ﴿ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلَائِكَةُ ﴾ "کھڑے ہوں گے جبریل اور سب فرشتے" اسی طرح ﴿ رُوْحُ الْقُدُسِ ﴾ (سورة النحل: 102)، اور ﴿ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴾ (سورة الشعراء: 193) سے مراد بھی حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں۔ ③ قرآن، جیسا کہ سورة الشورى: 52 میں ہے ﴿ اَوْحَيْنَا اِلَيْكَ رُوْحًا ﴾ "ہم نے وحی کی آپ کی طرف ایک قرآن کی"۔ ④ وحی، جیسا کہ سورة النحل: 2 میں ہے ﴿يُنَزِّلُ الْمَلَائِكَةَ بِالرُّوْحِ ﴾ "وہ وحی دے کر فرشتوں کو اتارتا ہے"۔ ⑤ نور ایمان، خاص نصرت، جیسا کہ سورة المجادلة: 22 میں ہے ﴿ اَيَّـدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ﴾ "تائید کی ان کی اپنی خاص نصرت (یا نور ایمان) سے"۔ ⓬ م: رَوْضَةٌ ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
رَوْضَةٍ [1]	باغ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ر و ض	فَعْلَة	× ❶	الروم:15
الرَّوْعُ [1]	گھبراہٹ	(اسم) مصدر	×	نصر	//	صحیح	ر و ع	فَعْلٌ	×	هود:74
الرُّوْمُ [1]	روم	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	//	ر و م	فُعْلٌ	× ❷	الروم:2
رُوَيْدًا [1]	(مہلت) تھوڑی سی	(اسم) مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ر و د	فُعَيْلًا	× ❸	الطارق:17
الرِّيَاحِ [10]	ہوائیں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	//	ر و ح	فِعَالٌ	رِوَاحٌ ❹	البقرة:164
رَيْبَ [18]	شک	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	//	ر ی ب	فَعْلَ	× ❺	البقرة:2
رِيْبَةً [1]	//	//	//	//	//	//	//	فِعْلَةً	× ❻	التوبة:110
رِيْحٍ [19]	ایک ہوا	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	روح	فِعْلٍ	رِوْحٌ ❼	آل عمرٰن:117
رَيْحَانٌ [2]	خوشبودار پھول	//	اسم جنس جمعی	//	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی	ر ی ح	فَعْلَانٌ	× ❽	الواقعة:89
رِيْشًا [1]	زینت	//	//	//	ثلاثی مجرد	//	ر ی ش	فِعْلًا	× ❾	الأعراف:26
رِيْعٍ [1]	اونچے مقام	//	//	//	//	//	ر ی ع	فِعْلٍ	× ❿	الشعراء:128

❶ ج: رَوْضٌ ورِيَاضٌ۔ ❷ یہ لفظ دو طرح استعمال ہوتا ہے: ① قوم روم کے لیے، یہ وہ قوم ہے جنہوں نے اپنے باپ روم بن عیصو بن اسحاق بن ابراہیم علیہ السلام کے نام پر اپنا نام رکھا ہے، یہ بحر متوسط (بحر ابیض) کے شمال میں رہنے والے یونانی لوگ ہیں (جو اکثر عیسائی ہیں) ② رُوْمِیٌّ کی جمع کے طور پر۔ ❸ أَرْوَدَ فُلَانًا: مہلت دینا، یہ إِرْوَادٌ کی تصغیر ہے، إِرْوَادٌ میں ترخیم کی گئی ہے، بعض کے نزدیک یہ رَوْدٌ کی تصغیر ہے، رُوَيْدَ: کبھی بطور اسم فعل بمعنی أَمْهِلْ "مہلت دو" کے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ❹ واؤ جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رِيَاضٌ)، م: رِيْحٌ۔ ❺ لفظ ﴿رَيْب﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① شک، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② حوادث، جیسا کہ سورۃ الطور:30 میں ہے ﴿رَيْبَ الْمَنُوْنِ﴾ "حوادث زمانہ"، اس سے مراد موت ہے۔ ❻ ج: رِيَبٌ۔ ❼ واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: مِيْزَانٌ)، بعض کے نزدیک یہ اسم جنس جمعی ہے، لفظ ﴿رِيْح﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① ہوا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② بو، جیسا کہ سورۃ یوسف:94 میں ہے ﴿رِيْحَ يُوْسُفَ﴾ "یوسف کی خوشبو"، لفظ ریح جہاں مفرد ہو وہاں عموماً اس سے مراد عذاب اور جہاں جمع ہو اس سے مراد رحمت ہوتی ہے، ج: رِيَاحٌ وأَرْوَاحٌ وأَرْيَاحٌ۔ ❽ ج: رَيَاحِيْنُ، اصل میں تو یہ مصدر ہے، بعض کے نزدیک یہ اجوف واوی ہے اصل میں رَيْوَحَانٌ تھا، قاعدہ سیّد سے واؤ کو یاء سے بدل کر ادغام کیا پھر ایک یاء کو تخفیفاً حذف کر دیا۔ ❾ ریش اصل میں پرندوں کے لیے ہوتے ہیں جیسے انسان کے لیے کپڑے ہوتے ہیں پھر یہ عاریۃً کپڑوں کے لیے بھی استعمال ہونے لگا، ج: أَرْيَاشٌ ورِيَاشٌ یا یہ باب ضرب رَاشَ يَرِيْشُ کا مصدر ہے۔ ❿ م: رِيْعَةٌ، ج: رُيُوْعٌ ورِيَاعٌ۔

باب الزاء (ز)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَالزّٰجِرٰتِ [1]	پھر ڈانٹنے والوں کی	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ج ر	فَاعِلَاتِ	× (1)	الصافات:2
الزَّادِ [1]	سفر خرچ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	اجوف واوی	ز و د	فَعَلٍ	زَوَدٍ (2)	البقرة:197
زَادَتْهُ [4]	بڑھایا ہو جس کو	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	اجوف یائی	ز ی د	فَعَلَتْ	زَيَدَتْ (3)	التوبة:124
زَادَهُ [8]	بڑھایا ہے اس کو	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	زَيَدَ (3)	البقرة:247
مَا ـ زَادُوْكُمْ [3]	تو نہ وہ بڑھاتے تم کو	فعل ماضی منفی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْ	زَيَدُوْ (3)	التوبة:47
الزّٰرِعُوْنَ [1]	اگاتے ہیں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	فتح	//	صحیح	ز ر ع	فَاعِلُوْنَ	×	الواقعة:64
مَا ـ زَاغَ [1]	نہ کجی کی	فعل ماضی منفی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	اجوف یائی	ز ی غ	فَعَلَ	زَيَغَ (4)	النجم:17
زَاغَتِ [1]	پھرا گئیں	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتِ	زَيَغَتْ (5)	الأحزاب:10
زَاغَتْ [1]	پھر گئی	//	//	//	//	//	//	فَعَلَتْ	زَيَغَتْ (4)	صٓ:63
زَاغُوْا [1]	وہ ٹیڑھے چلے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	زَيَغُوْا (4)	الصف:5
فَمَا ـ زَالَتْ [1]	پھر ہمیشہ رہی	//	واحد مؤنث غائب	سمع	//	//	ز ی ل	فَعِلَتْ	زَيِلَتْ (6)	الأنبياء:15
زَالَتَا [1]	وہ ٹل جائیں	//	تثنیہ مؤنث غائب	نصر	//	اجوف واوی	ز و ل	فَعَلَتَا	زَوَلَتَا (7)	فاطر:41
زَانٍ [1]	بدکار مرد	اسم فاعل	واحد مذکر	ضرب	//	ناقص یائی	ز ن ی	فَاعٍ	زَانِيٌ (8)	النور:3
الزَّانِيْ [2]	بدکاری کرنے والا مرد	//	//	//	//	//	//	فَاعِلُ	زَانِيُ (9)	النور:2
زَانِيَةٌ [3]	بدکار عورت	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	×	النور:3
الزّٰهِدِيْنَ [1]	بے رغبت	//	جمع مذکر سالم	سمع	//	صحیح	ز ہ د	فَاعِلِيْنَ	× (10)	یوسف:20
زَاهِقٌ [1]	نیست ونابود ہو جاتا	//	واحد مذکر	فتح	//	//	ز ہ ق	فَاعِلٌ	×	الأنبياء:18
الزَّبَانِيَةَ [1]	جہنم پر مقرر فرشتوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ز ب ن	فَعَالِيَةَ	× (11)	العلق:18
زَبَدٌ [3]	جھاگ	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	//	ز ب د	فَعَلٌ	× (12)	الرعد:17

(1) اس سے مراد فرشتے ہیں، جو مجرموں پر لعنت، پھٹکارنے والے یا عذاب الٰہی نازل کرنے والے ہیں۔ (2) واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، ج:أَزْوَادٌ، یہ سفر کے کھانے کا نام ہے، یہ اصل میں باب ضرب کا مصدر ہے یا یہ باب تفعّل سے اسم مصدر ہے۔ (3) یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، یہ فعل لازم اور متعدی بدومفعول دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، زَادَ الْعِلْمُ، زَادَكَ اللّٰهُ حُسْنًا۔ (4) یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)۔ (5) یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، تاء اصل میں ساکن تھی، پھر آگے ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ (6) یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، یہ افعال ناقصہ میں سے ہے، اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، اس کے عمل کرنے کے لئے شرط یہ ہے کہ اس سے پہلے نفی ہو، یہ خبر کے استمرار پر دلالت کرتا ہے۔ (7) واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)۔ (8) لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے حرف علت یاء گر گئی (قاعدہ:رَضُوْا)۔ (9) لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ:رَضُوْا)۔ (10) یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ (11) م: زِبْنِيَةٌ و زَبْنِيٌّ وزَبَانِيٌّ ہے، ان فرشتوں کا نام زَبَانِيَةٌ اس لیے رکھا گیا ہے کہ زَبْن کے معنی ہیں ''دھکیلنا'' تو یہ فرشتے بھی دوزخیوں کو آگ میں دھکیلیں گے، بعض کے نزدیک اس کا واحد ان لفظوں سے نہیں آتا۔ (12) ج: أَزْبَادٌ، بعض کے نزدیک یہ اسم جنس جمعی ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
زُبُر [7]	کتابوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ب ر	فُعُل	× ❶	الشعراء:196
زُبَر [1]	بڑے بڑے ٹکڑے	//	//	//	//	//	//	فُعَل	× ❷	الكهف:96
زَبُورًا [3]	زبور	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعُوْلًا	× ❸	النساء:163
زُجَاجَة [2]	قندیل	//	واحد مؤنث	//	//	مضاعف ثلاثی	ز ج ج	فُعَالَة	× ❹	النور:35
زَجْرًا [1]	جھڑک کر	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ج ر	فَعْلًا	×	الصافات:2
زَجْرَة [2]	ڈانٹ ہوگی	(اسم) مصدر مرہ	//	//	//	//	//	فَعْلَة	//	الصافات:19
زُحْزِحَ [1]	بچالیا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	فعللة	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	ز ح ز ح	فُعْلِلَ	×	ال عمران:185
زَحْفًا [1]	ایک لشکر	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ح ف	فَعْلًا	× ❺	الأنفال:15
زُخْرُفًا [4]	سونا	//	//	//	رباعی مجرد	//	ز خ ر ف	فُعْلُلًا	× ❻	الزخرف:35
زِدْ [3]	بڑھا لو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ز ی د	فِلْ	اِزْيِدْ ❼	المزمل:4
زِدْنَاهُمْ [3]	ہم ان کو بڑھائیں گے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فِلْنَا	زَيَدْنَا ❽	النحل:88
زَرَابِيُّ [1]	نفیس قسم کی مسندیں	اسم جامد	جمع مکسر	×	رباعی مزید فیہ	ناقص یائی	ز ر ب ی	فَعَالِيْلُ	زَرَابِيْيُ ❾	الغاشية:16
الزُّرَّاعَ [1]	کھیتی والوں	اسم فاعل	//	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ر ع	فُعَّالَ	× ❿	الفتح:29
زُرْتُمُ [1]	تم نے جا دیکھا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	//	اجوف واوی	ز و ر	فُلْتُمْ	زَوَرْتُمْ ⓫	التكاثر:2
زَرْعٌ [6]	کھیتیاں	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ز ر ع	فَعْلٌ	× ⓬	الرعد:4
زُرْقًا [1]	نیلی آنکھوں والے	صفت مشبہ	جمع مکسر	سمع	//	//	ز ر ق	فُعْلًا	× ⓭	طه:102
زُرُوْعٍ [2]	کھیتوں	اسم جامد	//	×	//	//	ز ر ع	فُعُوْلٍ	× ⓮	الشعراء:148

❶ یہ اصل میں باب نصر سے صفت مشبہ بمعنی مفعول ہے اور یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، لفظ ﴿زُبُر﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① کتابیں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② صحیفے، جیسا کہ سورۃ ال عمران: 184 میں ہے ﴿ الزُّبُرِ وَالْكِتَابِ الْمُنِيْرِ ﴾ ''صحیفے اور کتاب روشن''، ③ ٹکڑے ٹکڑے، جیسا کہ سورۃ المؤمنون: 53 میں ہے ﴿ اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ﴾ ''اپنے معاملے کو آپس میں ٹکڑوں کی صورتوں میں''، م: زَبُوْرٌ۔ ❷ م: زُبْرَةٌ وزُبُرَةٌ، اس کی جمع زُبُرٌ بھی آتی ہے۔ ❸ یہ اصل میں باب نصر سے صفت مشبہ بمعنی مفعول ہے اور یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، یہ وہ آسمانی کتاب ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل فرمائی تھی۔ ❹ ج: زُجَاجٌ، یا یہ اسم جنس ہے۔ ❺ ج: زُحُوْفٌ، یہ اصل میں باب فتح کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں ''ایک دوسرے کے مقابل ہونا''، مگر یہاں بطور اسم جامد کے استعمال ہو رہا ہے، اس کے معنی ہیں ''لشکر جرار، اور میدان جنگ''۔ ❻ لفظ ﴿زُخْرُف﴾ قرآن مجید میں تین معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① سونا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② جب یہ قول کے لیے استعمال ہو تو اس کے معنی جھوٹ سے آراستہ کلام ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ الأنعام: 112 میں ہے ﴿زُخْرُفَ الْقَوْلِ﴾ ''ملمع کی ہوئی بات''، ③ زینت اور سجاوٹ، جیسا کہ سورۃ یونس: 24 میں ہے ﴿اِذَا اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا﴾ ''جب پکڑی زمین نے اپنی رونق''، ج: زَخَارِفُ۔ ❼ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اب دو ساکن یاء اور دال جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: يُقال)، فاء کلمہ متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرا دیا، یا یہ تَزِيْدُ سے بنا ہے۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور دال جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ یاء دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ: بِعْنَ)۔ ❾ دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، صاحب اصول اکبری کے نزدیک یہ ثلاثی مجرد صحیح ہے، اس کے آخر میں یاء مشدد زائدہ بغیر نسبت کے ہے، بعض کے نزدیک یہ اصل میں زرب علاقے کی طرف منسوب اسم ہے، م: زَرْبِيٌّ وزَرْبِيَّةٌ۔ ❿ زَارِعٌ۔ ⓫ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور راء جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: قُلْنَ)۔ ⓬ یہ اصل میں تو باب فتح کا مصدر ہے، مگر یہاں بمعنی اسم مفعول مَزْرُوْعٌ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ⓭ م: زَرْقَاءُ ⓮ م: زَرْعٌ، یہ اصل میں مصدر ہے یہاں اس سے مراد مَزْرُوْعٌ (کھیتی) ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
زَعَمَ [1]	گمان کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ع م	فَعَلَ	×	التغابن:7
زَعَمْتَ [1]	تیرا خیال ہے	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	//	بنی اسرائیل:92
زَعَمْتُمْ [6]	گمان کرتے تھے تم	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	الأنعام:94
بِزَعْمِهِمْ [2]	ان کے خیال کے مطابق	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلٍ	//	الأنعام:136
زَعِيْمٌ [2]	ضامن	صفت مشبہ	واحد مذکر	ف، ن	//	//	//	فَعِيْلٌ	× ❶	یوسف:72
زَفِيْرٌ [3]	چیخنا چلانا	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	//	ز ف ر	//	× ❷	ھود:106
زَقُّوْمٍ [3]	تھوہر	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ز ق م	فَعُّوْلٍ	× ❸	الواقعة:52
مَا ـ زَكٰى [1]	تو نہ پاک ہوسکتا تھا	فعل ماضی منفی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ز ك ی	فَعَلَ	زَكَیَ ❹	النور:21
زَكَاةً [32]	پاکیزگی	(اسم) مصدر	×	نصر	//	ناقص واوی	ز ك و	فَعَلَةً	زَكَوَةً ❺	الكهف:81
الزَّكَاةَ [//]	زکوۃ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	فَعَلَةَ	زَكَوَةَ ❻	البقرة:43
زَكّٰهَا [1]	اپنے نفس کو پاک رکھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	زَكَّوَ ❼	الشمس:9
زَكَرِيَّا [7]	زکریا علیہ السلام	اسم جامد	واحد مذکر	×	×	×	×	×	× ❽	آل عمران:37
زَكِيًّا [1]	پاکیزہ	صفت مشبہ	//	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ز ك و	فَعِيْلًا	زَكِيْوًا ❾	مریم:19
زَكِيَّةً [1]	پاک	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعِيْلَةً	زَكِيْوَةً ❿	الكهف:74
فَمَا ـ زِلْتُمْ [1]	تو ہمیشہ رہے تم	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	سمع	//	اجوف یائی	ز ی ل	فِلْتُمْ	زَيِلْتُمْ ⓭	المؤمن:34
زِلْزَالًا [2]	ہلایا جانا	(اسم) مصدر	×	فعللة	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	زل زل	فِعْلَالًا	×	الأحزاب:11
زُلْزِلَتِ [1]	ہلائی جائے گی	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعْلِلَتِ	زُلْزِلَتْ ⓫	الزلزلة:1
زَلْزَلَةَ [1]	زلزلہ	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلَلَةَ	×	الحج:1
زُلْزِلُوْا [2]	وہ ہلا دیے گئے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فُعْلِلُوْا	//	البقرة:214
زُلَفًا [1]	گھڑیوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ل ف	فُعَلًا	× ⓬	ھود:114

❶ ج: زُعَمَاءُ ـ ❷ لفظ ﴿زَفِيْر﴾ قرآن مجید میں دو طرح استعمال ہوا ہے: ① مصدر، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② یہ بطور اسم جامد کے بھی استعمال ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ الأنبیاء :100 میں ہے ﴿لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ﴾ ''ان کے لیے اس میں گدھے جیسی آواز ہوگی'' ـ ❸ یہ ایک تلخ اور بدبودار درخت ہے جس کا پھل اہل دوزخ کی غذا ہے۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)۔ ❺ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، بعض کے نزدیک یہ باب تفعیل سے مصدر ہے۔ ❻ یہ اصل میں تو باب نصر کا مصدر ہے، مگر یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال رہا ہے کیونکہ یہ مخصوص مال پر دلالت کررہا ہے واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، بعض کے نزدیک یہ باب تفعیل کا مصدر ہے۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)۔ ❽ یہ عجمی لفظ ہے، جو عجمہ اور علمیت کی بناء پر غیر منصرف ہے، یہ بنی اسرائیل کے انبیاء میں سے مشہور نبی ہیں، یہ شام میں مبعوث ہوئے اور بیت المقدس کے امام و متولی تھے اور اپنی گزر بسر کے لیے بڑھئی کا پیشہ کرتے تھے، حضرت زکریا کی عمر 77 سال کی ہوچکی تھی مگر اولاد کی نعمت سے محروم تھے، ایک مرتبہ یہ حضرت مریم علیہا السلام کے کمرے میں داخل ہوئے تو اس میں بے موسم پھل پڑے تھے، ان کے دل میں بھی یہ امید پیدا ہوئی تو انہوں نے بڑھاپے میں اللہ تعالیٰ سے اولاد کے لیے دعا کی، اللہ نے ان کی دعا کو شرف قبولیت بخشا اور انہیں حضرت یحیی علیہ السلام عطا فرما دیے۔ ❾ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوبا ادغام کردیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)، ج: أَزْكِيَاءُ ـ ❿ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور لام جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ یاء دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ:بِعْنَ)، یہ افعال ناقصہ میں سے ہے، اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، اس کے عمل کرنے کے لیے شرط ہے کہ اس سے پہلے نفی ہو، یہ خبر کے استمرار پر دلالت کرتا ہے۔ ⓫ تاء اصل میں ساکن تھی آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ⓬ م: زُلْفَةٌ ـ

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
زُلْفٰی [4]	درجہ	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ز ل ف	فُعْلٰی	×	سبا:37
زُلْفَةً [1]	قریب	اسم مصدر	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعْلَةً	× ❶	الملک:27
زَلَقًا [1]	صاف صاف	صفت مشبہ	واحد مذکر	ن، س	ثلاثی مجرد	//	ز ل ق	فَعَلًا	× ❷	الکہف:40
زَلَلْتُمْ [1]	پھسل گئے تم	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ز ل ل	فَعَلْتُمْ	×	البقرۃ:209
زُمَرًا [2]	گروہوں کی صورت میں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ز م ر	فُعَلًا	× ❸	الزمر:71
زَمْهَرِيْرًا [1]	سردی	//	واحد مذکر	//	ملحق خماسی مزید فیہ	//	ز م ہ رر	فَعْلَلِيْلًا	× ❹	الدھر:13
الزِّنٰی [1]	زنا	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ز ن ی	فِعَلَ	زِنَیَ ❺	بنی اسرائیل:32
زَنْجَبِيْلًا [1]	سونٹھ	اسم جامد	واحد مذکر	×	خماسی مزید فیہ	صحیح	ز ن ج ب ل	فَعْلَلِيْلًا	×	الدھر:17
زِنُوْا [1]	تم تولو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	مثال واوی	و ز ن	عِلُوا	اِوْزِنُوا ❻	بنی اسرائیل:35
زَنِيْمٍ [1]	بدذات	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	صحیح	ز ن م	فَعِيْلٍ	×	القلم:13
زَهْرَةَ [1]	آرائش	(اسم) مصدر	×	فتح	//	//	ز ہ ر	فَعْلَةَ	//	طٰہٰ:131
زَهَقَ [1]	مٹ گیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	ز ہ ق	فَعَلَ	//	بنی اسرائیل:81
زَهُوْقًا [1]	مٹ جانے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	صحیح	//	فَعُوْلًا	× ❼	بنی اسرائیل:81
زَوَالٍ [1]	زوال	(اسم) مصدر	×	نصر	//	اجوف واوی	ز و ل	فَعَالٍ	×	ابراھیم:44
زَوْجٍ [16]	ایک بیوی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ز و ج	فَعْلٍ	× ❽	النساء:20
زَوْجًا [1]	کسی خاوند	//	//	//	//	//	//	فَعْلًا	//	البقرۃ:230
زَوْجَانِ [1]	دو قسمیں	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعْلَانِ	× ❾	الرحمٰن:52
زُوِّجَتْ [1]	ملادی جائے گی	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	×	التکویر:7
زَوَّجْنٰكَهَا [1]	ہم نے تیرا نکاح کردیا اس سے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	الأحزاب:37
زَوَّجْنٰهُمْ [2]	ہم نے ان کا جوڑ بنایا	//	//	//	//	//	//	//	//	الدخان:54
زَوْجَيْنِ [6]	نر اور مادہ	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلَيْنِ	× ❿	ھود:40
زُوْرًا [4]	جھوٹ	//	واحد مذکر	//	//	//	ز و ر	فُعْلًا	×	الفرقان:4
زِيَادَةٌ [2]	زیادتی	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	اجوف یائی	ز ی د	فِعَالَةٌ	//	التوبۃ:37

❶ یا یہ اسم جامد واحد مؤنث ہے، اس کی جمع زُلَفٌ آتی ہے۔ ❷ باب سمع سے مصدر بھی اسی وزن پر آتا ہے۔ ❸ م: زُمْرَةٌ، یہ اسم جمع ہے۔ ❹ یہ ملحق بسَلْسَبِيْل ہے، بعض کے نزدیک یہ رباعی مجرد زمھــر سے بنا ہے اس میں دوسرا راء زائدہ ہے، اس اعتبار سے یہ رباعی مزید فیہ صحیح ہے، بنوطے کی لغت میں اس کے معنی ''چاند'' کے ہیں۔ ❺ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال) ❻ مضارع کی موافقت سے واؤ کو گرادیا ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے اس کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرادیا تو یہ زِنُوا ہوگیا، بعض کے نزدیک یہ مضارع حاضر معلوم تَـزِنُوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت شروع سے علامت مضارع تاء گرادی اس کا مابعد متحرک ہے اس لیے ہمزہ وصلی لانے کی ضرورت نہیں ہے، اور آخر سے نون اعرابی گرادیا تو یہ زِنُـــوا ہوگیا ❼ یہ اسم مبالغہ بھی ہوسکتا ہے۔ ❽ لفظ ﴿زَوْج﴾ قرآن مجید میں چار معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① جوڑا، جیسا کہ سورۃ الذاریات:49 میں ہے ﴿مِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ﴾ ''ہر چیز سے ہم نے دو قسمیں بنائیں'' ② ہم جنس دو چیزیں یا ایک دوسرے کی ضد چیزیں، جیسے تر اور خشک، نر اور مادہ، جیسا کہ سورۃ ھود: 40 میں ہے ﴿اِحْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ﴾ ''اس میں ہر قسم میں سے نر اور مادہ کو سوار کر لے''، ③ قسم، نوع، صنف، جیسا کہ سورۃ الحج: 5 میں ہے ﴿أَنْبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍ﴾ ''ہر قسم میں سے اگاتی ہے'' ④ خاوند اور بیوی، جیسا کہ سورۃ النساء :20 میں بیوی اور سورۃ البقرۃ : 230 میں اس کے معنی خاوند ہیں، ج: اَزْوَاجٌ ۔ ❾ م: زَوْجٌ، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❿ م: زَوْجٌ، ج: اَزْوَاجٌ، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، اس کی وضاحت کے لیے دیکھیں لفظ زوج۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
زَيْتُهَا [1]	اس کا تیل	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ز ی ت	فَعْلُ	× ❶	النور:35
زَيْتُوْنًا [5]	زیتون	//	اسم جنس جمعی	//	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعْلُوْنًا	× ❷	عبس:29
زَيْتُوْنَةٍ [1]	//	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعْلُوْنَةٍ	× ❸	النور:35
زَيْدٌ [1]	زید	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	//	ز ی د	فَعْلٌ	× ❹	الأحزاب:37
زَيْغٌ [1]	نقص	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	//	ز ی غ	//	×	ال عمران:7
فَزَيَّلْنَا [1]	پھر ہم تفرقہ ڈال دیں گے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ز ی ل	فَعَّلْنَا	//	یونس:28
زَيَّنَ [7]	خوب صورت بنا کر پیش کیا تھا	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	ز ی ن	فَعَّلَ	//	الأنعام:43
زُيِّنَ [10]	خوبصورت بنایا گیا ہے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِّلَ	//	البقرة:212
زَيَّنَّا [7]	ہم نے مزین کر دکھایا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	زَيَّنْنَا ❺	الأنعام:108
زِيْنَةَ [19]	زینت	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	//	//	فِعْلَةَ	× ❻	الأعراف:32
فَزَيَّنُوْا [1]	پس مزین کیا انہوں نے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلُوا	×	حم السجدة:25

❶ زیتون کا تیل، پھر یہ دیگر اقسام کے تیلوں پر بھی بولا جانے لگا۔ ❷ یہ ایک مشہور درخت کا نام ہے، اس کے پھل کو بھی زیتون کہتے ہیں، یہ پیلے پیلے رنگ میں عناب کی شکل کا ہوتا ہے اسے کھایا بھی جاتا ہے اور اس کا تیل بھی استعمال کیا جاتا ہے، م: زَيْتُوْنَةٌ ۔ ❸ اس میں تاء وحدت کی ہے، ج: زَيْتُوْنٌ ۔ ❹ یہ ایک مشہور صحابی کا نام ہے، جو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے غلام تھے، حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے رسول پاک ﷺ سے نکاح کے بعد آپ ﷺ کی ملکیت میں دے دیا، آپ ﷺ نے انہیں آزاد کر کے اپنا بیٹا بنالیا، یہ اصل میں باب ضرب زَادَيَزِيْدُ کا مصدر ہے۔ ❺ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❻ لفظ ﴿ زِيْنَةَ ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① زینت، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② زیورات، جیسا کہ سورۃ طٰہٰ 87 میں ہے ﴿ زِيْنَةِ الْقَوْمِ ﴾ ''قوم کے زیورات''، یا یہ باب تفعّل تَزَيَّنَ کا اسم مصدر ہے۔

باب السین (س)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَ	عنقریب	حرف تنفیس	×	×	×	×	×	×	× ❶	البقرۃ:142
سَاءَ 18	بہت ہی برا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی ومہموز اللام	س و ء	فَعَلَ	سَوَءَ ❷	النساء:22
سَاءَتْ 5	وہ بہت بری	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	سَوَءَتْ ❷	النساء:97
سَائِبَةٍ 1	سانڈھ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی	س ی ب	فَاعِلَةٍ	سَايِبَةٍ ❸	المائدۃ:103
سَائِحَاتٍ 1	روزے رکھنے والیاں	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	//	س ی ح	فَاعِلَاتٍ	سَايِحَاتٍ ❹	التحریم:5
السَّائِحُونَ 1	روزے رکھنے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُونَ	سَايِحُونَ ❹	التوبۃ:112
سَائِغٌ 2	خوش گوار	//	واحد مذکر	نصر	//	اجوف واوی	س و غ	فَاعِلٌ	سَاوِغٌ ❺	فاطر:12
سَائِقٌ 1	ایک چلانے والا فرشتہ	//	//	//	//	//	س و ق	//	سَاوِقٌ ❺	ق:21
سَائِلٌ 4	سوال کرنے والا	//	//	فتح	//	مہموز العین	س ء ل	//	× ❻	المعارج:1
السَّائِلِينَ 5	مانگنے والوں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِينَ	× ❼	البقرۃ:177
السَّابِحَاتِ 1	تیرنے والوں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	صحیح	س ب ح	فَاعِلَاتِ	× ❽	النازعات:3
سَابِغَاتٍ 1	کشادہ زرہیں	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	//	س ب غ	فَاعِلَاتٍ	× ❾	سبا:11
سَابِقٌ 2	آگے نکل جانے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	س ب ق	فَاعِلٌ	×	فاطر:32
فَالسَّابِقَاتِ 1	پس آگے بڑھنے والوں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَاعِلَاتِ	× ❿	النازعات:4
سَابِقُوا 1	آگے بڑھو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَاعِلُوا	×	الحدید:21
سَابِقُونَ 4	سبقت لے جانے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعِلُونَ	× ⓫	المؤمنون:61
سَابِقِينَ 1	بچ کر نکلنے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِينَ	× ❼	العنکبوت:39

❶ یہ حرف استقبال ہے، فعل مضارع پر داخل ہوکر اسے مستقبل قریب کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، یہ فعل ذم ہے، کسی کی مذمت بیان کرنے کے لیے آتا ہے۔ ❸ یاء فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ:قَائِلٌ) ، یہ اصل میں باب ضرب سے واحد مؤنث اسم فاعل بمعنی اسم مفعول ہے یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، ﴿سائِبَة﴾ سے مراد وہ سانڈ اونٹ ہے جو بتوں کے نام آزاد چھوڑ دیا جاتا تھا یا وہ اونٹنی جو زمانہ جاہلیت میں کسی منّت وغیرہ کی وجہ سے آزاد چھوڑی جاتی تھی یا اس سے مراد وہ جانور ہیں جو زمانہ جاہلیت میں بتوں کے نام پر آزاد چھوڑے جاتے تھے وہ سواری اور بار برداری کے لیے استعمال نہیں ہوتے تھے، ج:سَوَائِبُ و سُيَّبٌ۔ ❹ یاء فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ:قَائِلٌ) ۔ ❺ واؤ فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ:قَائِلٌ)۔ ❻ لفظ ﴿سَائِل﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے:① سوال کرنے والا، پوچھنے والا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② فقیر، خیرات مانگنے والا، جیسا کہ سورۃ الضحی:10 میں ہے ﴿أَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ﴾ ''جو سوال کرنے والا ہے اسے مت جھڑکیے''۔ ❼ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❽ یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، اس سے مراد وہ فرشتے ہیں جو روح نکالنے کے لیے انسان کے بدن میں تیرتے پھرتے ہیں یا وہ روح نکال کر تیزی سے اوپر اڑتے ہیں، یا وہ فرشتے جو نہایت تیزی سے اللہ کا حکم لے کر آسمان سے زمین پر اترتے ہیں۔ ❾ یہ اصل میں باب نصر کا اسم فاعل ہے، اس کے معنی ''پوری اور لمبی'' کے ہیں، یہاں اس سے پہلے موصوف محذوف ہے یعنی دُرُوعًا سَابِغَاتٍ ، اس لیے یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے۔ ❿ ۔ یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، اس سے مراد وہ فرشتے ہیں جو اللہ کے حکم کی بجا آوری میں ایک دوسرے سے سبقت کرنے والے ہیں۔ ⓫ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَاجِدًا [1]	سجدہ کی صورت میں	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	س ج د	فَاعِلًا	×	الزمر:9
السَّاجِدُوْنَ [1]	سجدہ کرنے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	×❶	التوبۃ:112
سَاجِدِيْنَ [10]	سجدے کرنے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×❷	الأعراف:120
بِسَاحَتِهِمْ [1]	ان کے میدان میں	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	اجوف واوی	س و ح	فَعَلَةٌ	سَوَحَةٌ❸	الصافات:177
سَاحِرٍ [12]	جادوگر	اسم فاعل	واحد مذکر	فتح	//	صحیح	س ح ر	فَاعِلٍ	×❹	الأعراف:112
لَسَاحِرَانِ [1]	ضرور وہ دونوں جادوگر	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَاعِلَانِ	×❺	طٰہٰ:63
السَّاحِرُوْنَ [1]	جادوگر لوگ	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	×❻	یونس:77
بِالسَّاحِلِ [1]	کنارے پر	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	س ح ل	فَاعِلٍ	×❼	طٰہٰ:39
السَّاخِرِيْنَ [1]	مذاق کرنے والوں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	سمع	ثلاثی مجرد	//	س خ ر	فَاعِلِيْنَ	×❽	الزمر:56
سَادَتَنَا [1]	اپنے سرداروں	صفت مشبہ	جمع مکسر	نصر	//	اجوف واوی	س و د	فَعَلَةٌ	سَوَدَةٌ❾	الأحزاب:67
سَادِسُهُمْ [2]	چھٹا ان میں سے	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	س د س	فَاعِلُ	×❿	الکھف:22
سَارَ [1]	چلے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	س ی ر	فَعَلَ	سَيَرَ⓫	القصص:29
سَارِبٌ [1]	کھلم کھلا	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	//	صحیح	س ر ب	فَاعِلٌ	×	الرعد:10
سَارِعُوْا [1]	جلدی کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	س ر ع	فَاعِلُوْا	//	آل عمران:133
السَّارِقُ [1]	چوری کرنے والے مرد	اسم فاعل	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	س ر ق	فَاعِلُ	×	المائدۃ:38
السَّارِقَةُ [1]	چوری کرنے والی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةُ	//	المائدۃ:38
لَسَارِقُوْنَ [1]	البتہ چور ہو	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	×⓬	یوسف:70
سَارِقِيْنَ [1]	چوری کرنے والوں	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×⓭	یوسف:73
سَاعَةً [48]	کچھ گھڑی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	اجوف واوی	س و ع	فَعَلَةً	سَوَعَةً⓮	الأعراف:34
سَافِلَهَا [2]	اس کا نیچے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	//	صحیح	س ف ل	فَاعِلَ	×	ھود:82
سَافِلِيْنَ [1]	پست	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×⓯	التین:5
سَاقٍ [3]	پنڈلی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	اجوف واوی	س و ق	فَعَلٍ	سَوَقٍ⓰	القلم:42

❶ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❷ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، ج: سَاحٌ و سُوحٌ ۔ ❹ ج: سَاحِرُوْنَ، اس کی جمع مکسر سَحَرَةٌ آتی ہے۔ ❺ م: سَاحِرٌ، ج: سَاحِرُوْنَ، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❻ م: سَاحِرٌ، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❼ ج: سَوَاحِلُ۔ ❽ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، م: سَيِّدٌ ❿ یہ اسم عدد صفاتی ہے، تذکیر و تانیث میں قیاس کے مطابق آتا ہے۔ ⓫ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال) ۔ ⓬ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⓭ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓮ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، لفظ ﴿سَاعَة﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① کچھ گھڑی، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② قیامت، جیسا کہ سورۃ الأنعام: 31 میں ہے ﴿ إِذَا جَاءَتْهُمُ السَّاعَةُ ﴾ ''جب آئے گی ان کے پاس قیامت'' قیامت کا نام ساعۃ اس لیے رکھا گیا ہے کہ اس دن دنیا کی زندگی کی مدت دن کی ایک ساعت کے برابر معلوم ہوگی، ج: سَاعَاتٌ۔ ⓯ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓰ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، ج: سُوْقٌ و سِيْقَانٌ و أَسْوُقٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَاقِطًا [1]	گرتا ہوا	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	س ق ط	فَاعِلًا	×	الطور:44
سَاقَيْهَا [1]	اپنی دونوں پنڈلیاں	اسم جامد	تثنیہ مؤنث	×	//	اجوف واوی	س و ق	فَعْلَى	سَوْقَيْنِ ❶	النمل:44
سَاكِنًا [1]	ساکن	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	//	صحیح	س ك ن	فَاعِلًا	×	الفرقان:45
سَالِمُوْنَ [1]	صحیح سالم	//	جمع مذکر سالم	سمع	//	//	س ل م	فَاعِلُوْنَ	×❷	القلم:43
سَامِدُوْنَ [1]	غافل	//	//	نصر	//	//	س م د	//	×❸	النجم:61
سَامِرًا [1]	رات کو گپ شپ لگاتے ہوئے	//	واحد مذکر	//	//	//	س م ر	فَاعِلًا	×❹	المؤمنون:67
السَّامِرِيُّ [3]	سامری	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَاعِلِيُّ	×❺	طٰه:85
بِالسَّاهِرَةِ [1]	کھلے میدان میں	اسم فاعل	واحد مؤنث	سمع	ثلاثی مجرد	//	س ہ ر	فَاعِلَةِ	×❻	النازعات:14
فَسَاهَمَ [1]	پھر وہ قرعہ میں شریک ہوا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	س ہ م	فَاعَلَ	×	الصافات:141
سَاهُوْنَ [2]	بھولے ہوئے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	س ہ و	فَاعُوْنَ	سَاهِوُوْنَ ❼	الذاریات:11
سَاوٰى [1]	برابر کر دیا اس نے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	لفیف مقرون	س و ی	فَاعَلَ	سَاوَيَ ❽	الکہف:96
بِسُؤَالِ [1]	مانگ کر	(اسم) مصدر	×	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز العین	س ء ل	فُعَالِ	×	صٓ:24
سَأَلَ [4]	سوال کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	×❾	المعارج:1
سُئِلَ [1]	سوال کیے گئے تھے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	×	البقرۃ:108
سُئِلَتْ [1]	سوال کیا جائے گا	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتْ	//	التکویر:8
سَأَلْتُكَ [2]	سوال کروں گا میں تجھ سے	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	//	الکہف:76
سَأَلْتُمْ [1]	تم نے سوال کیا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	البقرۃ:61
سَأَلْتُمُوْهُ [2]	تم نے سوال کیا اس سے	//	//	//	//	//	//	//	سَأَلْتُمْ ❿	ابراھیم:34

❶ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَال)، اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، م: سَاقٌ، ج: سُوْقٌ و سِيْقَانٌ و اَسْوُقٌ۔ ❷ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❸ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ عَنْ ہو۔ ❹ یہ واحد بمعنی جمع ہے یعنی یہ بمعنی سُمَّارٌ ہے۔ ❺ یہ بنی اسرائیل کے قبیلہ سامرہ کی طرف منسوب اس شخص کا نام ہے جس نے موسیٰ علیہ السلام کے کوہ طور پر چلے جانے کے بعد بنی اسرائیل کو بچھڑا پوجنے پر لگا دیا تھا، یا یہ سامر قبیلہ کی طرف منسوب اسم ہے، یعنی یہ اسرائیلی نہیں تھا بلکہ یہ سامری تھا، ہمیری قوم کا یہ فرد موسیٰ علیہ السلام کا معتقد ہو گیا تھا، یہ لوگ گائے کو مقدس سمجھتے تھے، جب اس نے دیکھا کہ لوگ موسیٰ علیہ السلام کی عدم موجودگی میں مضطرب ہو رہے ہیں تو اس نے کہا کہ تم مجھے سونے کے زیور لا دو، اس نے زیورات کو پگھلا کر بچھڑے کی ایک مورتی بنائی یہ بہت بڑا کاریگر تھا، اس نے شکل اس طرح بنائی کہ اس میں ہوا کے داخل ہونے اور نکلنے سے آواز پیدا ہونے لگی۔ ❻ سَاهِرَة سے مراد سفید و ہموار زمین ہے ایسی زمین پر قیامت کے روز لوگوں کو اکٹھا کیا جائے گا، اس کو سَاهِرَة اس لیے کہا گیا ہے کہ چٹیل میدانوں اور صحراؤں میں خوف کی وجہ سے انسان کی نیند اڑ جاتی ہے اور وہاں وہ بیدار رہتا ہے۔ ❼ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، م: سَاهٍ، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ ''عَنْ یا فِي'' ہو، بعض اہل لغت کے نزدیک اگر اس کا صلہ ''فِي'' ہو تو اس کے معنی لاعلمی کی بناء پر چھوڑنا، یعنی بھول جانا ہوتے ہیں اور اگر اس کا صلہ عَنْ ہو تو اس کے معنی علم کے ہوتے ہوئے چھوڑنا یعنی نظر انداز کرنا کے ہوتے ہیں۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَال)۔ ❾ لفظ ﴿سَأَلَ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① سوال کرنا، پوچھنا، معلوم کرنا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، اسی طرح سورۃ الکہف:76 میں ہے ﴿إِنْ سَأَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ﴾ ''اگر میں تجھ سے کسی چیز کے متعلق پوچھوں''، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ باء یا عَنْ ہو ② کوئی چیز مانگنا، جیسا کہ سورۃ طٰه:132 میں ہے ﴿لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا﴾ ''ہم تجھ سے کسی رزق کا مطالبہ نہیں کرتے''، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول فُلَانًا الشَّيْءَ ہو یا اس کا صلہ مِنْ ہو۔ ❿ تُمْ کے بعد ھا ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ)۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَأَلْتَهُمْ [7]	آپ ان سے سوال کرتے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز العین	س ء ل	فَعَلْتَ	×	التوبة:65
سُؤْلَكَ [1]	اپنا سوال	(اسم) مصدر	واحد مذکر	×	//	//	//	فُعْلَ	❶×	طٰه:36
سَأَلُوْا [1]	سوال کیا انہوں نے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	فتح	//	//	//	فَعَلُوْا	×	النساء:153
سُئِلُوْا [1]	ان سے سوال کیا جاتا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلُوْا	//	الأحزاب:14
سُبَاتًا [2]	آرام	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	س ب ت	فُعَالًا	❷×	الفرقان:47
سَبَإٍ [2]	سبا (شہر)	//	//	//	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	س ب ء	فَعَلٍ	❸×	النمل:22
سَبَبًا [5]	ساز و سامان	//	//	//	//	مضاعف ثلاثی	س ب ب	فَعَلًا	❹×	الكهف:84
السَّبْتُ [6]	ہفتے کا دن	//	//	//	//	صحیح	س ب ت	فَعْلُ	❺×	النحل:124
سَبْحًا [2]	مصروفیت	(اسم) مصدر	×	فتح	//	//	س ب ح	فَعْلًا	❻×	المزمل:7
سَبَّحَ [3]	تسبیح کرتی ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	الحديد:1
سَبِّحْ [16]	تسبیح کر	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِّلْ	//	ال عمرٰن:41
سُبْحَانَ [41]	پاک	(اسم) مصدر	×	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	فُعْلَانَ	❼×	یوسف:108
سَبِّحُوْا [2]	تم تسبیح بیان کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعِّلُوْا	×	مريم:11
سَبَّحُوْا [1]	وہ پاکیزگی بیان کرتے ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَّلُوْا	//	السجدة:15
سَبْعَ [20]	سات	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	س ب ع	فَعْلَ	❽×	البقرة:29
السَّبُعُ [1]	درندے	//	//	//	//	//	//	فَعُلُ	❾×	المائدة:3

❶ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ❷ ﴿سُبَاتًا﴾ اصل میں باب نصر، ضرب کا مصدر ہے، اس کے اصل معنی ''قطع کرنے'' کے ہیں اور رات بھی انسان کے کاموں کا سلسلہ ختم کر دیتی ہے اور کام ختم ہونے کا معنی آرام ہوتا ہے، مگر یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ❸ لفظ ﴿سَبَا﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① شہر کا نام، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، یہ یمن کے ایک قدیم شہر کا نام ہے، یہ صنعاء سے تین دن کے فاصلے پر ہے اور مآرب یمن کے نام سے معروف ہے (فتح القدیر)، یہ شہر بڑا خوشحال اور زراعت و باغبانی میں نمایاں تھا، جہاں مال و دولت کی فراوانی تھی، ② قوم کا نام، یہ اس یمنی شخص کے نام پر ایک قدیم قوم کا نام ہے، جو یمنی قبائل کا جد امجد تھا، یہ قوم یمن میں آباد تھی، بلقیس ملکہ سبا بھی اسی قوم سے تھی جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانے میں مسلمان ہو گئی تھی، جیسا کہ سورۃ سبا:15 میں اللہ تعالیٰ نے اس قوم کا تذکرہ فرمایا ہے ﴿لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ﴾ ''البتہ تحقیق تھی سبا قوم کے لیے''۔ ❹ لفظ ﴿سَبَب﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① ساز و سامان، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، ② راستہ، جیسا کہ سورۃ الكهف:85 میں ہے ﴿فَاَتْبَعَ سَبَبًا﴾ ''پھر وہ پیچھے لگا ایک راہ کے''، ③ رسی، جیسا کہ سورۃ الحج:15 میں ہے ﴿فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَاۗءِ﴾ ''تو چاہیے کہ وہ دراز کرے ایک رسی آسمان تک''، ج: اَسْبَابٌ۔ ❺ یہ اصل میں باب نصر اور ضرب کا مصدر ہے، جس کے معنی ہیں ''آرام کرنا، ہفتہ کے دن میں داخل ہونا'' پھر ایک دن کا نام ''سبت'' رکھ دیا گیا، یہاں یہ بطور اسم جامد کے استعمال ہوا ہے، موسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں ہفتہ کے دن دنیاوی کام کاج کرنا ممنوع اور عبادت میں مشغول رہنا ضروری تھا، اس سے بنی اسرائیل کی اصطلاح میں اس کا نام سبت پڑ گیا، ج: اَسْبُتٌ و سُبُوْتٌ۔ ❻ لفظ ﴿سَبْحًا﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① کام کرنا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، سَبَحَ فُلَانٌ فِی الْاَرْضِ کے معنی ہیں: معاشی امور کی انجام دہی کے لیے گھومنا، روزی کی تلاش میں لگنا ② تیرنا، جیسا کہ سورۃ النّٰزعٰت:3 میں ہے ﴿السّٰبِحٰتِ سَبْحًا﴾ ''تیرنے والے فرشتوں کی، تیزی سے تیرنا''، سَبَحَ بِالنَّهْرِ وَفِيْهِ کے معنی ہیں: نہر وغیرہ میں تیرنا۔ ❼ امام سیوطی فرماتے ہیں کہ اس کا فعل مردہ ہے یعنی کبھی استعمال نہیں کیا گیا، ان کی یہ بات درست نہیں ہے کیونکہ اس کا فعل مشہور ہے، البتہ اس کے باب میں اختلاف ہے، بعض کے نزدیک افعال، بعض کے نزدیک تفعیل اور بعض کے نزدیک باب فتح ہے، جب اس کا باب افعال یا تفعیل ہو تو یہ اسم مصدر ہوگا۔ ❽ یہ اسم عدد ذاتی ہے، یہ مذکر اس لیے آیا ہے، کہ اس کی تمیز سَمٰوٰت مؤنث آئی ہے۔ ❾ ج: سِبَاعٌ و اَسْبُعٌ و سُبُوْعٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَبْعَةٌ [4]	سات	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	صحیح	س ب ع	فَعْلَةٌ	×❶	الكهف:22
سَبْعُوْنَ [1]	ستر	//	ملحق جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَعْلُوْنَ	×❷	الحاقة:32
سَبْعِيْنَ [2]	//	//	//	//	//	//	//	فَعْلِيْنَ	×❸	الأعراف:155
سَبَقَ [5]	پہلے طے ہو چکی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	//	س ب ق	فَعَلَ	×	الأنفال:68
سَبْقًا [1]	آگے بڑھنا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	//	النازعات:4
سَبَقَتْ [7]	پہلے ہو چکی ہوتی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	//	يونس:19
سَبَقُوْا [3]	وہ بھاگ نکلے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	الأنفال:59
سُبُلَ [10]	راستہ	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	س ب ل	فُعُلَ	×❹	المائدة:16
سَبِيْلِ [165]	راستے	//	واحد مذکر و مؤنث	//	//	//	//	فَعِيْلِ	×❺	البقرة:154
السَّبِيْلَا [1]	سیدھے راستے	//	//	//	//	//	//	فَعِيْلَ	السَّبِيْلَ❻	الأحزاب:67
سِتَّةِ [7]	چھ	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	س ت ت	فِعْلَةِ	سِتْتَةِ❼	الأعراف:54
سِتْرًا [1]	کوئی اوٹ یا پردہ	//	واحد مذکر	//	//	صحیح	س ت ر	فِعْلًا	×❽	الكهف:90
سِتِّيْنَ [1]	ساٹھ	//	ملحق جمع مذکر سالم	//	//	مضاعف ثلاثی	س ت ت	فِعْلِيْنَ	سِتْتِيْنَ❾	المجادلة:4
سَجٰى [1]	چھا جائے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	ناقص واوی	س ج و	فَعَلَ	سَجَوَ❿	الضحى:2
فَسَجَدَ [2]	پس سجدہ کیا	//	//	//	//	صحیح	س ج د	//	×*	الحجر:30
سُجَّدًا [11]	سجدہ کرتے ہوئے	اسم فاعل	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعَّلًا	×⓫	البقرة:58
سَجَدُوْا [6]	انہوں نے سجدہ کیا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	×	البقرة:34
سُجِّرَتْ [1]	آگ ہو جائیں گے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	س ج ر	فُعِّلَتْ	//	التكوير:6
السِّجِلِّ [1]	سفید کاغذوں کے	اسم جامد	واحد مذکر	×	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	س ج ل ل	فِعْلِلِ	سِجْلِلِ⓬	الأنبياء:104
السِّجْنُ [6]	قید خانہ	//	//	//	ثلاثی مجرد	صحیح	س ج ن	فِعْلُ	×⓭	يوسف:33
السُّجُوْدِ [4]	سجدے کی وجہ سے	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	س ج د	فُعُوْلِ	×	الفتح:29
السُّجُوْدِ [2]	سجدہ کرنے والوں	اسم فاعل	جمع مکسر	//	//	//	//	//	×⓫	البقرة:125

❶ یہ اسم عدد ذاتی ہے، یہ مؤنث اس لیے آیا ہے کہ اس کی تمیز مذکر آئی ہے۔ ❷ یہ اسم عدد دہائی ہے، اور یہ اس کی رفعی حالت ہے، یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے آتا ہے۔ ❸ یہ اسم عدد دہائی ہے، اور یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے آتا ہے۔ ❹ م: سَبِيْلٌ۔ ❺ یہ مؤنث سماعی ہے، اس میں تانیث جوازی ہے اس لیے یہ مذکر اور مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، ج: سُبُلٌ و سُبْلٌ و اَسْبُلٌ و أَسْبِلٌ و أَسْبِلَةٌ و سُبُوْلٌ ﴿سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾ سے مراد جہاد اور ﴿ابْنِ السَّبِيْلِ﴾ سے مراد مسافر ہے جس کے پاس وطن واپسی کا ذریعہ نہ ہو، پردیسی۔ ❻ اس کے آخر میں الف زائدہ فواصل آیات کی مناسبت سے آیا ہے، یہ بغیر وقف کے پڑھنے میں السَّبِيْلَ آتا ہے۔ ❼ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلی تاء ساکن ہے تو پہلی تاء کا دوسری میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ اسم عدد ذاتی ہے، یہ مؤنث اس لیے آیا ہے کہ اس کی تمیز مذکر آئی ہے۔ ❽ ج: سُتُوْرٌ و أَسْتَارٌ، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ❾ دو ہم جنس حرف تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اسم عدد دہائی ہے، یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے آتا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، رؤس الآیات کی مناسبت سے الف یاء پر کھڑی زبر کی صورت میں لکھا گیا ہے۔ ⓫ م: سَاجِدٌ۔ ⓬ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے لام کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے لام کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: يَمُدُّ)، ج: سِجِلَّاتٌ، اسکے معنی ہیں رجسٹر، وہ کاغذات کا مجموعہ (کتاب یا کاپی) جس میں کوئی بات برائے حفاظت لکھی جائے۔ ⓭ ج: سُجُوْنٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سِجِّيلٍ [3]	کھنگر	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	س ج ل	فِعِّيلٍ	×	هود:82
سِجِّينٍ [2]	سجّین	//	//	//	//	//	س ج ن	//	× ❶	المطففين:7
سَحَابٌ [9]	بادل	//	اسم جنس جمعی	//	//	//	س ح ب	فَعَالٌ	× ❷	النور:40
سَحَّارٍ [1]	بڑے جادوگر	اسم مبالغہ	واحد مذکر	فتح	ثلاثی مجرد	//	س ح ر	فَعَّالٍ	×	الشعراء:37
السُّحْتَ [3]	حرام	اسم جامد	//	×	//	//	س ح ت	فُعْلَ	× ❸	المائدة:62
سِحْرٌ [27]	جادو	(اسم) مصدر	×	فتح	//	//	س ح ر	فِعْلٌ	× ❹	المائدة:110
بِسَحَرٍ [1]	جادو کے ساتھ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعَلٍ	× ❺	القمر:34
سِحْرَانِ [1]	دونوں جادوگر	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فِعْلَانِ	× ❻	القصص:48
السَّحَرَةُ [8]	جادوگر	اسم فاعل	جمع مکسر	فتح	//	//	//	فَعَلَةُ	× ❼	الأعراف:113
سَحَرُوا [1]	جادو کیا انہوں نے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوا	×	الأعراف:116
فَسُحْقًا [1]	تو دوری	(اسم) مصدر	×	س،ك	//	//	س ح ق	فُعْلًا	//	الملك:11
سَحِيقٍ [1]	کسی دور کی جگہ	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعِيلٍ	//	الحج:31
سَخِرَ [1]	مذاق کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	س خ ر	فَعِلَ	//	التوبة:79
سَخَّرَ [18]	اس نے کام میں لگایا	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	× ❽	الرعد:2
سَخَّرْنَا [4]	ہم نے مسخر کر دیا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	×	الأنبياء:79
سَخِرُوا [3]	مذاق اڑا رہے تھے	//	جمع مذکر غائب	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِلُوا	//	الأنعام:10
سِخْرِيًّا [2]	مذاق	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلِيًّا	× ❾	المؤمنون:110
سُخْرِيًّا [1]	تابع	//	//	فتح	//	//	//	فُعْلِيًّا	//	الزخرف:32
سَخِطَ [1]	ناراض ہوا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	س خ ط	فَعِلَ	×	المائدة:80
بِسَخَطٍ [1]	ناراضگی کا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعَلٍ	//	آل عمران:162
سُدًى [1]	بے کار	صفت مشبہ	واحد، جمع	//	//	ناقص یائی	س د ی	فُعًا	سُدَيًا ❿	القيامة:36

❶ لفظ ﴿سِجِّينٍ﴾ کے بارے میں دو موقف ہیں: ① یہ سِجِل سے بنا ہے، اس میں نون لام کے عوض میں آیا ہے، یہ اصل میں سِجِّيلٌ تھا، اس سے مراد وہ رجسٹر ہے جس میں کفار کو دیا جانے والا عذاب درج ہے ② یہ سِجْنٌ سے بنا ہے، جس کے معنی ہیں ''جیل'' یہ جہنم کی ایک وادی ہے، بعض کے نزدیک اس سے مراد زمین کے سب سے نچلے حصہ میں وہ جگہ ہے جہاں گناہ گاروں کی روحیں اور ان کے اعمال نامے جمع ہوتے ہیں۔ ❷ یہ واحد اور جمع، مذکر اور مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے، جب اس کے لفظ کا لحاظ کریں تو اس کی صفت مفرد آتی ہے، جیسے: ﴿وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ﴾ اور جب معنی کا لحاظ کریں تو اس کی صفت جمع بھی آ جاتی ہے، جیسے: ﴿السَّحَابَ الثِّقَالَ﴾، اسی طرح مذکر کی مثال ﴿وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ﴾ اور مؤنث کی مثال ﴿سَحَابًا ثِقَالًا﴾، م: سَحَابَةٌ، ج: سُحُبٌ و سَحَائِبُ۔ ❸ ج: أَسْحَاتٌ یا یہ باب فتح سَحَتَ يَسْحَتُ کا مصدر ہے۔ ❹ ج: أَسْحَارٌ و سُحُورٌ۔ ❺ ج: أَسْحَارٌ۔ ❻ م: سِحْرٌ۔ ❼ م: سَاحِرٌ۔ ❽ جب اس کا صلہ عَلَى ہو تو اس کے معنی مسلط کرنا کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الحاقة: 7 میں ہے ﴿سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ﴾ اس نے مسلط کر دیا اسے ان پر''۔ ❾ اس کے آخر میں یاء نسبت مبالغہ کے لیے ہے، یائے نسبت فعل میں قوت کا فائدہ دیتی ہے، جیسا کہ خصوص سے خصوصیّۃ کہا جاتا ہے۔ ❿ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف گر گیا، یہ ناقص واوی باب نصر بھی ہو سکتا ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے اور یہ واحد، تثنیہ، جمع اور مذکر و مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَدًّا [3]	ایک دیوار	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	س د د	فَعْلًا	سَدْدًا (1)	الکہف:94
سِدْرٍ [2]	بیریاں	//	اسم جنس جمعی	//	//	صحیح	س د ر	فِعْلٍ	× (2)	سبا:16
سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى [2]	سدرة المنتہیٰ	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فِعْلَةِ	× (3)	النجم:14
السُّدُسُ [3]	چھٹا	//	واحد مذکر	//	//	مضاعف ثلاثی	س د س	فُعُلُ	× (4)	النساء:11
سَدِيْدًا [2]	سیدھی	صفت مشبہ	//	ض، ف	//	//	س د د	فَعِيْلًا	×	النساء:9
السَّدَّيْنِ [1]	دو دیواروں	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	//	//	//	فَعْلَيْنِ	سَدْدَيْنِ (5)	الکہف:93
سِرًّا [8]	پوشیدہ طور پر	اسم مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	س ر ر	فِعْلًا	سِرْرًا (6)	البقرة:235
السَّرَّاءِ [2]	خوشی	(اسم) مصدر	//	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلَاءِ	سَرْرَاءِ (7)	آل عمران:134
السَّرَائِرُ [1]	چھپی ہوئی باتوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَائِلُ	سَرَايِرُ (8)	الطارق:9
سَرَابًا [2]	سراب	//	واحد مذکر	//	//	صحیح	س ر ب	فَعَالًا	× (9)	النبا:20
سَرَابِيْلَ [3]	قمیصیں	//	جمع مکسر	//	رباعی مزید فیہ	//	س ر ب ل	فَعَالِيْلَ	× (10)	النحل:81
سِرَاجًا [4]	چراغ	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	//	س ر ج	فِعَالًا	× (11)	الفرقان:61
سَرَاحًا [2]	رخصت کرنا	اسم مصدر	//	تفعیل	//	//	س ر ح	فَعَالًا	×	الأحزاب:28
سُرَادِقُهَا [1]	اس کی قناتوں	اسم جامد	//	×	رباعی مزید فیہ	//	س ر د ق	فُعَالِلُ	× (12)	الکہف:29
سِرَاعًا [2]	اس حال میں کہ وہ تیز دوڑنے والے ہوں گے	صفت مشبہ	جمع مکسر	کرم	ثلاثی مجرد	//	س ر ع	فِعَالًا	× (13)	ق:44
سَرَبًا [1]	سرنگ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	س ر ب	فَعَلًا	× (14)	الکہف:61
سَرِّحُوْهُنَّ [2]	چھوڑ دو ان کو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	س ر ح	فَعِّلُوْ	×	البقرة:231
السَّرْدِ [1]	کڑیاں	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	//	س ر د	فَعْلِ	× (15)	سبا:11
سُرُرٍ [6]	تختوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	س ر ر	فُعُلٍ	× (16)	الحجر:47
سَرَقَ [2]	چوری کی تھی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	س ر ق	فَعَلَ	×	یوسف:77

(1) دو ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: سُدُوْدٌ و اَسْدَادٌ یہ اصل میں باب نصر کا مصدر ہے، یہاں بطور اسم جامد کے استعمال ہوا ہے۔ (2) م: سِدْرَةٌ، ج: سِدَرٌ۔ (3) سِدْرَة کے معنی ہیں: بیری کا ایک درخت اور المنتھیٰ کے معنی ہیں: آخری حد، یہ ساتویں آسمان پر بیری کا درخت ہے، یہ آخری حد ہے، اس سے اوپر کوئی فرشتہ نہیں جا سکتا، المعجم الوسیط کے مطابق یہ جنت کا ایک درخت ہے، امام راغبؒ کے نزدیک یہ ساتویں آسمان پر عرش عظیم کے دائیں جانب ایک مقام ہے فرشتوں وغیرہ کی اس سے آگے رسائی نہیں ہے، ج: سِدَرٌ۔ (4) اسم عدد کسری ہے، ج: اَسْدَاسٌ۔ (5) دو ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: سَدٌّ۔ (6) دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، باب افعال أَسَرَّ کا قیاسی مصدر إِسْرَارٌ آتا ہے، ج: أَسْرَارٌ۔ (7) دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلی راء ساکن ہے تو پہلی راء کا دوسری میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ) (8) یاء مدہ زائدہ الف مفاعل کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: صَحَائِفُ)، م: سَرِيْرَةٌ۔ (9) سراب اس چمکتی ہوئی ریت کو کہتے ہیں جو دور سے سورج کی شعاعوں کی وجہ سے پانی نظر آتی ہے۔ (10) م: سِرْبَالٌ۔ (11) ج: سُرُجٌ۔ (12) ج: سُرَادِقَاتٌ، بعض کے نزدیک یہ فارسی سے معرّب لفظ ہے۔ (13) م: سَرِيْعٌ۔ (14) ج: اَسْرَابٌ، یہ اصل میں باب سمع سے مصدر یا باب نصر سے صفت مشبہ ہے۔ (15) یہ بطور اسم جامد کے بھی استعمال ہوتا ہے۔ (16) م: سَرِيْرٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سِرَّكُمْ [3]	تمہارے بھید	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	س ر ر	فِعْلَ	سِرْرَ ❶	الأنعام:3
سَرْمَدًا [2]	ہمیشہ	//	//	//	رباعی مجرد	صحیح	س ر م د	فَعْلَلًا	× ❷	القصص:71
سُرُوْرًا [1]	خوش دلی	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	س ر ر	فُعُوْلًا	×	الدهر:11
سَرِيًّا [1]	چشمہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	س ر ی	فَعِيْلًا	سَرِيْيًا ❸	مريم:24
سَرِيْعُ [10]	جلدی	صفت مشبہ	واحد مذکر	س، ك	ثلاثی مجرد	صحیح	س ر ع	فَعِيْلُ	×	البقرة:202
سُطِحَتْ [1]	اسے بچھادیا گیا ہے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	فتح	//	//	س ط ح	فُعِلَتْ	//	الغاشية:20
سَعٰى [5]	کوشش کرتے رہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	ناقص یائی	س ع ی	فَعَلَ	سَعَيَ ❹	البقرة:114
سَعَةً [6]	وسعت	(اسم) مصدر	×	//	//	مثال واوی	و س ع	عَلَةً	وِسْعًا ❺	البقرة:247
سُعِدُوْا [1]	خوش بخت ہوں گے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	صحیح	س ع د	فُعِلُوْا	×	هود:108
سُعُرٍ [2]	دیوانگی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	س ع ر	فُعُلٍ	× ❻	القمر:24
سُعِّرَتْ [1]	بھڑکادی جائے گی	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	×	التكوير:12
سَعَوْا [2]	انہوں نے کوشش کی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	س ع ی	فَعَوْا	سَعَيُوْا ❼	الحج:51
سَعْيًا [10]	بھاگتے ہوئے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	×	البقرة:260
سَعِيْدٌ [1]	کچھ نیک بخت	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	//	صحیح	س ع د	فَعِيْلٌ	//	هود:105
سَعِيْرًا [16]	دہکتی آگ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	س ع ر	فَعِيْلًا	× ❽	النساء:10
سَفَاهَةٌ [2]	کوئی بات حماقت والی	(اسم) مصدر	×	کرم	ثلاثی مجرد	//	س ف ہ	فَعَالَةٌ	×	الأعراف:67
سَفَرٍ [7]	سفر	//	//	نصر	//	//	س ف ر	فَعَلٍ	× ❾	البقرة:184
سَفَرَةٍ [1]	لکھنے والوں	اسم فاعل	جمع مکسر	ضرب	//	//	//	فَعَلَةٍ	× ❿	عبس:15
السُّفْلٰى [1]	نیچے	اسم تفضیل	واحد مؤنث	نصر	//	//	س ف ل	فُعْلٰى	×	التوبة:40
سَفِهَ [1]	جس نے بے سمجھ بنالیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	س ف ہ	فَعِلَ	//	البقرة:130
سَفَهًا [1]	بیوقوفی	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعَلًا	//	الأنعام:140
السُّفَهَاءُ [5]	بے وقوف	صفت مشبہ	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعَلَاءُ	× ⓫	البقرة:13
سَفِيْنَةِ [4]	کشتی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	س ف ن	فَعِيْلَةِ	× ⓬	الكهف:79

❶ دوہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدَّ)، کبھی یہ باب افعال أَسَرَّ کا اسم مصدر ہوتا ہے، ج: أَسْرَارٌ و سِرَارٌ ۔ ❷ بعض کے نزدیک یہ سَرْدٌ سے مشتق ہے، اس میں میم زائدہ ہے۔ ❸ دوہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: أَسْرِيَةٌ و سِرْيَانٌ ۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❺ مصدر مثال واوی سے فِعْلٌ کے وزن پر واقع ہوا اس سے واؤ کو حذف کرکے اس کے عوض آخر میں ''ۃ'' بڑھادی اور عین کلمہ کو فتحہ دے دیا (قاعدہ عِدَةٌ)۔ ❻ یا یہ سَعِيْرٌ (آگ کی لپٹ) کی جمع ہے، یہاں یہ دیوانگی یا عذاب کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف گر گیا۔ ❽ یہ اصل میں صفت مشبہ فَعِيْلٌ بمعنی مفعول ہے۔ ❾ ج: أَسْفَارٌ ۔ ❿ م: سَافِرٌ، یہ سفارت سے بنا ہے، ﴿سَفَرَةٍ﴾ سے مراد وہ فرشتے ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں کے درمیان سفارت کا کام کرتے ہیں یا اس سے مراد نامہ اعمال لکھنے والے فرشتے ہیں۔ ⓫ م: سَفِيْهٌ ۔ ⓬ ج: سُفُنٌ و سَفَائِنُ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَفِيْهًا [2]	بے سمجھ	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	س ف ہ	فَعِيْلًا	× ❶	البقرۃ:282
سَقَاهُمْ [1]	پلائے گا ان کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	ناقص یائی	س ق ی	فَعَلَ	سَقَىَ ❷	الدھر:21
سِقَايَةَ [2]	پانی پلانے کو	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعَالَةٌ	×	التوبۃ:19
السِّقَايَةَ [2]	پیالہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	//	× ❸	یوسف:70
سَقَرَ [4]	سقر	//	//	//	ثلاثی مجرد	صحیح	س ق ر	فَعَلَ	× ❹	المدثر:26
سُقِطَ فِيْ اَيْدِيْهِمْ [1]	وہ پشیمان ہوئے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	نصر	//	//	س ق ط	فُعِلَ	× ❺	الأعراف:149
سَقَطُوْا [1]	وہ گرے ہوئے ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	×	التوبۃ:49
سَقْفًا [3]	ایک چھت	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	س ق ف	فَعْلًا	× ❻	الأنبیاء:32
سُقُفًا [1]	چھتوں	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُلًا	× ❼	الزخرف:33
سُقْنَاهُ [2]	تو ہم اسے ہانک لے جاتے ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	نصر	//	اجوف واوی	س و ق	فُلْنَا	سَوَقْنَا ❽	الأعراف:57
سُقُوْا [1]	پلایا جائے گا ان کو	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	ضرب	//	ناقص یائی	س ق ی	فُعُوْا	سُقِيُوْا ❾	محمد:15
سُقْيَاهَا [1]	اس کو پانی پلانے کی	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعْلَى	×	الشمس:13
سَقَيْتَ [1]	پانی پلایا تو نے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	//	القصص:25
سَقِيْمٌ [2]	بیمار	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	صحیح	س ق م	فَعِيْلٌ	//	الصافات:89
سُكَارٰى [3]	نشے کی حالت میں	//	جمع مکسر	سمع	//	//	س ك ر	فُعَالٰى	× ❿	النساء:43
سَكَتَ [1]	دور ہوا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	//	س ك ت	فَعَلَ	×	الأعراف:154
سَكَرًا [1]	شراب	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	س ك ر	فَعَلًا	× ⓫	النحل:67
سَكْرَةُ [2]	بیہوشی	(اسم) مصدر مرہ	×	سمع	//	//	//	فَعْلَةُ	× ⓬	ق:19
سُكِّرَتْ [1]	بند کر دی گئی	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	×	الحجر:15

❶ ج: سُفَهَاءُ۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❸ یہ ﴿السِّقَايَةَ﴾ پانی پینے کا پیالہ، سونے یا چاندی کا تھا، پانی پینے کے علاوہ غلہ ناپنے کا کام بھی دیتا تھا۔ ❹ جہنم کا ایک نام ہے، جو علمیت اور تانیث کی بناء پر غیر منصرف ہے، بعض کے نزدیک یہ عجمی لفظ ہے جو عجمہ اور علمیت کی بناء پر غیر منصرف ہے۔ ❺ یہ ایک محاورہ ہے جس کے معنیٰ ''نادم و پشیمان ہونا'' کے ہیں۔ ❻ ج: سُقُوفٌ و سُقُفٌ۔ ❼ م: سَقْفٌ۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور راء جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: قُلْنَ)۔ ❾ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❿ م: سَكْرَانُ۔ ⓫ یہ اصل میں باب سمع کا مصدر ہے، پھر اسم جامد کے طور پر استعمال ہونے لگا، ج: اَسْكَارٌ۔ ⓬ ج: سَكَرَاتٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَکَنَ[1]	رہتا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	س ك ن	فَعَلَ	×	الأنعام:13
سَکَنًا[2]	سکونت کی جگہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعَلًا	× ❶	النحل:80
سَکَنْتُمْ[2]	تم رہتے رہے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	//	//	//	فَعَلْتُمْ	×	ابراهيم:45
سِکِّيْنًا[1]	چھری	اسم جامد	واحد مذکر ومؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فِعِّيْلًا	× ❷	يوسف:31
سَکِيْنَةٌ[6]	سکون	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِيْلَةٌ	× ❸	البقرة:248
سَلْ[1]	سوال کر	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	//	مہموز العین	س ء ل	فَلْ	اِسْئَلْ ❹	البقرة:211
السَّلَاسِلُ[1]	زنجیریں	اسم جامد	جمع مکسر	×	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	س ل س ل	فَعَالِلَ	× ❺	المؤمن:71
سَلَاسِلَا[1]	//	//	//	//	//	//	//	//	× ❻	الدهر:4
سُلَالَةٍ[2]	منتخب	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	س ل ل	فُعَالَةٍ	×	المؤمنون12
سَلَامٌ[4]	سلام	اسم مصدر	×	تفعیل	//	صحیح	س ل م	فَعَالٌ	× ❼	الأنعام:54
السَّلَامُ[1]	سلامتی والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَالُ	×	الحشر:23
سَلْسَبِيْلًا[1]	سلسبیل	اسم جامد	//	×	خماسی مزید فیہ	//	س ل س ب ل	فَعْلَلِيْلًا	× ❽	الدهر:18
سِلْسِلَةٍ[1]	ایک زنجیر	//	واحد مؤنث	//	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	س ل س ل	فِعْلِلَةٍ	× ❾	الحاقة:32
سُلْطَانٌ[36]	دلیل	//	واحد مذکر	//	ملحق برباعی مزید فیہ	صحیح	س ل ط	فُعْلَانٌ	× ❿	الأعراف:71
سُلْطَانِيَهْ[1]	میری سلطنت	//	//	//	//	//	//	فُعْلَانِ	× ⓫	الحاقة:29
سَلَّطَهُمْ[1]	مسلط کر دیتا ان کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	النساء:90
سَلَفَ[5]	پہلے گزر چکا	//	//	نصر	ثلاثی مجرد	//	س ل ف	فَعَلَ	//	البقرة:275
سَلَفًا[1]	گزرے ہوئے	اسم فاعل	جمع مکسر	//	//	//	//	فَعَلًا	⓬	الزخرف:56
سَلَقُوْكُمْ[1]	تو زبان درازی کرنے لگیں تمہارے مقابل	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	نصر	//	//	س ل ق	فَعَلُوْ	×	الأحزاب19

❶ ج:اَسْكَانٌ، کبھی یہ باب نصر کا مصدر ہوتا ہے،جیسا کہ سورة التوبة :103 میں ہے﴿ سَكَنٌ لَّهُمْ ﴾ ''باعث تسکین ان کے لیے''۔ ❷ ج:سَكَاكِيْنُ۔ ❸ یا یہ باب تفعّل تَسَكُّنٌ کا اسم مصدر ہے۔ ❹ ہمزہ مفرد متحرک اس کا ماقبل ساکن ہے تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا(قاعدہ:یَسَلُ) ،پھر ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا۔ ❺ م: سِلْسِلَةٌ ۔ ❻ اس کے آخر میں الف زائدہ تناسب آیات کی وجہ سے صرف رسم الخط میں آیا ہے،م:سِلْسِلَةٌ ۔ ❼ یا یہ باب سمع کا مصدر ہے۔ ❽ یہ جنت کے ایک چشمہ کا نام ہے، ج:سَلَاسِبُ و سَلَاسِيْبُ بعض کے نزدیک اس میں مبالغہ کے لیے باء زیادہ کی گئی ہے،اس صورت میں اس کا وزن فَعْلَبِيْلٌ ہوگا،بعض کے نزدیک یہ عجمی لفظ ہے۔ ❾ ج:سَلَاسِلُ۔ ❿ یہ ملحق بقُرْطَاس ہے،لفظ﴿سُلْطَان﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے:① دلیل،جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے② غلبہ کے معنی میں بطور مصدر بھی استعمال ہوتا ہے،جیسا کہ سورة النحل :99 میں ہے﴿ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ ﴾ ''نہیں ہے اس کے لیے کوئی غلبہ''،③ اقتدار کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے،جیسا کہ سورة الحاقة : 29 میں ہے ۔ ⓫ یہ ملحق بقُرْطَاس ہے،لفظ سُلْطَان یائے متکلم کی طرف مضاف ہے،اس کے آخر میں ہائے سکتہ ہے۔ ⓬ م:سَالِفٌ ،اس کی جمع اَسْلَافٌ و سُلَّافٌ بھی آتی ہے،بعض کے نزدیک یہ اصل میں مصدر بمعنی مفعول ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَلَكَ [3]	جاری کیے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	س ل ك	فَعَلَ	×	طٰه:53
سَلَكْنٰهُ [1]	ہم نے ڈال رکھا ہے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	الشعراء:200
سَلَّمَ [1]	محفوظ رکھا	//	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	س ل م	فَعَّلَ	//	الأنفال:43
سُلَّمٌ [2]	سیڑھی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فُعَّلٌ	× ❶	الطور:38
السَّلْمِ [2]	صلح	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلٍ	×	محمد:35
السِّلْمِ [1]	اسلام	//	//	//	//	//	//	فِعْلٍ	//	البقرة:208
السَّلَمَ [4]	صلح کا پیغام	//	//	//	//	//	//	فَعَلَ	× ❷	النساء:90
سَلَمًا [1]	مکمل طور پر	//	//	//	//	//	//	فَعَلًا	× ❸	الزمر:29
سَلَّمْتُمْ [1]	ادا کرو تم	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْتُمْ	×	البقرة:233
سَلِّمُوْا [2]	سلام بھیجو	فعل امر حاضر معلوم	//	//	//	//	//	فَعِّلُوْا	//	الأحزاب:56
سَلْهُمْ [1]	ان سے پوچھیے	//	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	فَلْ	اِسْئَلْ ❹	القلم:40
السَّلْوٰى [3]	سلویٰ	اسم جامد	اسم جنس	×	//	ناقص واوی	س ل و	فَعْلٰى	× ❺	البقرة:57
سَلِيْمٍ [2]	بڑے پاک	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	//	صحیح	س ل م	فَعِيْلٍ	×	الشعراء:89
سُلَيْمٰنَ [17]	سلیمان علیہ السلام	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعَيْلَانَ	× ❻	البقرة:102
سَمِّ [1]	ناکے	//	//	//	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	س م م	فَعْلِ	سَمْمِ ❼	الأعراف:40
سَمَاءٍ [120]	آسمان	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	س م و	فَعَالٍ	سَمَاوٍ ❽	حم السجدة:12
سَمّٰعُوْنَ [4]	بہت جاسوسی کرنے والے	اسم مبالغہ	جمع مذکر سالم	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	س م ع	فَعّٰلُوْنَ	×	المائدة:41
سَمّٰىكُمُ [1]	تمہارا نام رکھا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	س م و	فَعَّلَ	سَمَّوَ ❾	الحج:78
سِمَانٍ [2]	موٹی تازی	صفت مشبہ	جمع مکسر	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	س م ن	فِعَالٍ	× ❿	يوسف:43
سَمٰوٰتٍ [190]	آسمان	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	س م و	فَعَالَاتٍ	× ⓫	البقرة:29

❶ ج: سَلَالِمُ و سَلَالِيْمُ۔ ❷ یا یہ باب مفاعلہ کا اسم مصدر ہے۔ ❸ مبالغہ کے معنی لینے کے لیے یہاں مصدر کو بطور صفت استعمال کیا گیا ہے۔ ❹ ہمزہ مفرد متحرک اس کا ماقبل ساکن ہے تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا (قاعدہ: یَسَلُ)، پھر ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے حذف کر دیا۔ ❺ یہ بٹیر یا چڑیا کی طرح کا ایک پرندہ تھا، جسے بنی اسرائیل صحرائے سینا میں ذبح کر کے کھا لیتے تھے۔ ❻ یہ عجمی علم ہے جو عجمہ اور علمیت کی بناء پر غیر منصرف ہے، اور بعض کے نزدیک یہ سَلْمٌ کی تصغیر سُلَيْمٌ ہے، جس کے آخر میں الف ونون زائدتان ہیں، یہ حضرت داؤد علیہ السلام کے بیٹے اور بنی اسرائیل کے ایک عظیم المرتبہ پیغمبر تھے، اللہ تعالیٰ نے جنوں، پرندوں اور ہواؤں کو بھی ان کے تابع کر دیا تھا، یہ جنوں سے مختلف کام کرواتے اور اپنے تخت پر بیٹھ کر ہوا میں سفر کرتے تھے اور دو مہینوں کا سفر ایک دن میں طے کر لیتے تھے، اور وہ تمام جانوروں کی بولیاں جانتے تھے۔ ❼ دو ہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: سُمُوْمٌ و سِمَامٌ۔ ❽ واؤ اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)، لفظ ﴿سَمَاء﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① آسمان، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② بارش، جیسا کہ سورۃ الأنعام: 6 میں ہے ﴿ أَرْسَلْنَا السَّمَاءَ ﴾ "ہم نے بھیجی بارش"، ج: سَمَاوَاتٌ۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❿ مفرد مذکر: سَمِيْنٌ اور مفرد مؤنث سَمِيْنَةٌ۔ ⓫ م: سَمَاءٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
سَمِعَ [3]	سن لیا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	س م ع	فَعِلَ	×	ال عمران:181
سَمْعًا [20]	سننے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	//	الكهف:101
سَمْعًا [11]	کان	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	//	× ❶	الأحقاف:26
سَمِعَتْ [1]	اس نے سنی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	سمع	//	//	//	فَعِلَتْ	×	يوسف:31
سَمِعْتُمْ [1]	تم سنو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِلْتُمْ	//	النساء:140
سَمِعْتُمُوْهُ [2]	تم نے اس بات کو سنا	//	//	//	//	//	//	//	سَمِعْتُمْ ❷	النور:12
سَمِعْنَا [17]	ہم نے سن لیا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعِلْنَا	×	البقرة:93
سَمِعُوْا [6]	وہ سنتے ہیں	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلُوْا	//	المائدة:83
سَمْكَهَا [1]	اس کی چھت	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	س م ك	فَعْلَ	× ❸	النازعات:28
سَمُوْمٍ [3]	تیز وگرم ہوا	//	اسم جنس	//	//	مضاعف ثلاثی	س م م	فَعُوْلٍ	× ❹	الواقعة:42
سَمُّوْهُمْ [1]	تم ان کے نام بتاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	س م و	فَعُّوْا	سَمِّوُوْا ❺	الرعد:33
سَمِيًّا [2]	کوئی ہم نام	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِيْلًا	سَمِيْوًا ❻	مريم:7
سَمَّيْتُمُوْهَا [3]	جن کو تم نے مقرر کیا ہے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْتُمْ	سَمَّوْتُمْ ❼	الأعراف:71
سَمَّيْتُهَا [1]	میں نے نام رکھا اس کا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْتُ	سَمَّوْتُ ❽	ال عمران:36
سَمِيْعٌ [47]	بہت سننے والا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	س م ع	فَعِيْلٌ	× ❾	البقرة:181
سَمِيْنٍ [1]	موٹا	صفت مشبہ	//	کرم	//	//	س م ن	فَعِيْلٍ	× ❿	الذاريات:26
(1) یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ (2) اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ (3) یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ (4) دو متحرک ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مـــدّہ ہے تو پہلے نون کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کردیا (قـــاعـدہ: مَدٌّ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ (5) لفظ ﴿ظَـاهِـر﴾ قرآن مجید میں چار معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① ظاہر، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② بیرونی جانب، جیسا کہ سورۃ الحدید:13 میں ہے ﴿ظَاهِرُهُ﴾ ''اس کی بیرونی جانب'' ③ سرسری، جیسا کہ سورۃ الکهف:22 میں ہے ﴿مِرَآءً ظَاهِرًا﴾ ''سرسری جھگڑا'' ④ غالب، جیسا کہ سورۃ الحدید:3 میں ہے ﴿الظَّاهِرُ﴾ ''ظاہر'' یہ اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام کے طور پر استعمال ہوا ہے، اس کا مطلب ہے کہ وہ سب پر غالب ہے۔ (6) لفظ ﴿ظَـاهِـرَة﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① ظاہری، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نظر آنے والی، جیسا کہ سورۃ سبا:18 میں ہے ﴿قُرًى ظَاهِرَةً﴾ ''نظر آنے والی بستیاں''۔ (7) اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول فُلَانًا ہو۔ (8) ج: أَظْفَارٌ۔ (9) دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے لام کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کردیا (قـــاعـدہ: مَدٌّ)، یہ افعال ناقصہ میں سے ہے، اس کے اصل معنی ہیں ''دن میں کرنا''، اور یہاں یہ بمعنی صَـارَ (ہونا) استعمال ہو رہا ہے۔ (10) دو ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قـاعـدہ: مَدٌّ)، ج: ظِلَالٌ و اَظْلَالٌ ۔ (11) م: ظِلٌّ و ظُلَّةٌ۔ (12) قرآن مجید میں یہ اسم مبالغہ کے معنی میں استعمال نہیں ہوا، بلکہ یہ نسبت کے لیے استعمال ہوا ہے یعنی ظلم والا گویا ''فاعل ذی کذا'' کا یہ صیغہ فَعَّالٌ کے وزن پر مستعمل ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَظَلْتُم [1]	تو تم رہ جاؤ	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ظ ل ل	فَلْتُم	ظَلِلْتُم ❶	الواقعة:65
ظُلَلٍ [4]	بادلوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	//	فُعَلٍ	× ❸	البقرة:210
ظَلَّلْنَا [2]	ہم نے سایہ کیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْنَا	×	البقرة:57
ظَلَمَ [7]	اس نے ظلم کیا	//	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ظ ل م	فَعَلَ	//	البقرة:231
ظُلِمَ [1]	ظلم ہوا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	//	النساء:148
ظُلْمًا [20]	ظلم کرنا چاہتا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعْلًا	//	آل عمران:108
ظُلُمَاتٍ [23]	اندھیروں	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	//	//	//	فُعُلَاتٍ	× ❹	البقرة:17
ظَلَمَتْ [1]	جس نے ظلم کیا ہو	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	//	//	فَعَلَتْ	×	یونس:54
ظَلَمْتُ [2]	میں نے ظلم کیا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	//	النمل:44
ظَلَمْتُم [2]	تم نے ظلم کیا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُم	//	البقرة:54
ظَلَمْنَا [4]	ہم نے ظلم کیا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	الأعراف:23
ظَلَمُوا [45]	انہوں نے ظلم کیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوا	//	البقرة:59
ظُلِمُوا [3]	ان پر ظلم ہوا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلُوا	//	النحل:41
فَظَلُّوا [2]	پھر وہ لگیں	فعل ماضی معلوم	//	سمع	//	مضاعف ثلاثی	ظ ل ل	فَعِلُوا	ظَلِلُوا ❺	الحجر:14
ظَلُومًا [2]	بے باک	اسم مبالغہ	واحد مذکر	ضرب	//	صحیح	ظ ل م	فَعُوْلًا	×	الأحزاب:72
ظَلِيلًا [2]	سایہ دینے والا	صفت مشبہ	//	//	//	مضاعف ثلاثی	ظ ل ل	فَعِيلًا	× ❻	المرسلات:31
ظَمَأٌ [1]	پیاس	(اسم) مصدر	×	سمع	//	مہموز اللام	ظ م ء	فَعَلٌ	×	التوبة:120
الظَّمْاٰنُ [1]	پیاسا	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعْلَانُ	× ❼	النور:39
ظَنَّ [7]	خیال کیا ہو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ظ ن ن	فَعَلَ	ظَنَنَ ❽	یونس:24
ظَنًّا [21]	گمان	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	ظَنْنًا ❾	یونس:36
ظَنَّا [2]	وہ خیال کریں	فعل ماضی معلوم	تثنیہ مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَا	ظَنَنَا ❽	البقرة:230

❶ یہاں بغیر کسی قاعدہ وکلیہ کے پہلے لام کو تخفیفا حذف کردیا (حذف سماعی)۔ ❷ دوہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ:مَدٌّ)، ج: ظُلَلٌ وظِلَالٌ ۔ ❸م: ظُلَّةٌ ۔ ❹م: ظُلْمَةٌ ۔ ❺ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے لام کو ساکن کرکے دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ:مَدٌّ)۔ ❻ ﴿ظِلًّا ظَلِيْلًا﴾ (النساء:57) کے معنی ہیں ''گھنے سائے میں''۔ ❼ واحد مؤنث ظَمْاٰی، ج: ظِمَاءٌ۔ ❽ دو متحرک ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے نون کو ساکن کرکے دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ:مَدٌّ)، یہ افعال قلوب میں سے ہے۔ ❾ دوہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ:مَدٌّ)۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
ظَنَنَّا 2	ہم خیال کرتے تھے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ظ ن ن	فَعَلْنَا	ظَنَنْنَا ❶	الجن:5
ظَنَنْتُ 1	مجھے یقین تھا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	×	الحاقة:20
ظَنَنْتُمْ 6	تم نے گمان کیا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	حم السجدة:22
ظَنُّوْا 9	انہوں نے گمان کیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	ظَنَنُوْا ❷	الأعراف:171
الظُّنُوْنَا 1	گمان طرح طرح کے	(اسم) مصدر	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُوْلَا	ظُنُوْنَ ❸	الأحزاب:10
ظَهَرَ 5	ظاہر ہو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	//	صحیح	ظ ہ ر	فَعَلَ	× ❹	الأنعام:151
ظَهْرَكَ 4	تیری کمر	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعْلَ	× ❺	الشرح:3
ظِهْرِيًّا 1	پیٹھ پیچھے ڈالا ہوا	//	//	//	’//	//	//	فِعْلِيًّا	× ❻	هود:92
ظُهُوْرُهُمْ 11	اپنی پشتوں کے	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُوْلُ	× ❼	البقرة:101
ظَهِيْرٌ 6	مددگار	صفت مشبہ	واحد مذکر	فتح	//	//	//	فَعِيْلٌ	× ❽	التحريم:4
الظَّهِيْرَةِ 1	دوپہر کے وقت	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعِيْلَةِ	× ❾	النور:58

❶ دوہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❷ دو متحرک ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے نون کو ساکن کرکے دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❸ نون کے بعد الف فواصل آیات کا لحاظ کرتے ہوئے قرآن مجید کے رسم الخط میں باقی ہے، مصدر قلیل اور کثیر سب کو شامل ہوتا ہے، یہاں اس کو جمع اس لیے لایا گیا ہے تا کہ یہ اس کی متعدد انواع پر دلالت کرے، م: ظَنٌّ۔ ❹ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر ظُهُوراً ہو۔ ❺ ج: اَظْهُرٌ و ظُهُوْرٌ و ظُهْرَانٌ۔ ❻ یہ ظَهْر کی طرف منسوب اسم ہے۔ ❼ م: ظَهْرٌ۔ ❽ یا یہ بمعنی مُفَاعِل یعنی مُظَاهِر (معاون) ہے، اس کی جمع اس لیے نہیں لائی گئی کہ فَعِيْل اور فَعُوْل دونوں میں واحد، جمع، مذکر اور مؤنث کا استعمال برابر ہوتا ہے، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر ظَهْراً ہو۔ ❾ ج: ظَهَائِرُ۔

باب العین (ع)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عَائِدُوْنَ 1	دوبارہ کرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ع و د	فَاعِلُوْنَ	عَاوِدُوْنَ ❶	الدخان:15
عَائِلًا 1	تنگ دست	//	واحد مذکر	ضرب	//	اجوف یائی	ع ی ل	فَاعِلًا	عَايِلًا ❷	الضحی:8
عَابِدٌ 1	عبادت کرنا	//	//	نصر	//	صحیح	ع ب د	فَاعِلٌ	×	الکافرون:4
عَابِدَاتٍ 1	عبادت گزار (عورتیں)	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَاعِلَاتٍ	//	التحریم:5
عَابِدُوْنَ 5	عبادت کرنے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× ❸	البقرۃ:138
عَابِدِيْنَ 5	//	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❹	الأنبیاء:53
عَابِرِي 1	گزرنے والے	//	//	//	//	//	ع ب ر	فَاعِلِي	عَابِرِيْنَ ❺	النساء:43
عَاتِيَةٍ 1	حد سے بڑھی ہوئی	//	واحد مؤنث	//	//	ناقص واوی	ع ت و	فَاعِلَةٍ	عَاتِوَةٍ ❻	الحاقۃ:6
الْعَاجِلَةَ 3	جلدی والی (دنیا)	//	//	سمع	//	صحیح	ع ج ل	فَاعِلَةَ	× ❼	بنی اسرائیل:18
عَادٍ 3	حد سے بڑھنے والا	//	واحد مذکر	نصر	//	ناقص واوی	ع د و	فَاعٍ	عَادِوٌ ❽	البقرۃ:173
عَادَ 3	دوبارہ کرے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	اجوف واوی	ع و د	فَعَلَ	عَوَدَ ❾	البقرۃ:275
عَادٌ 24	عاد	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	//	فَعَلٌ	عَوَدٌ ❿	ھود:59
لَعَادُوْا 1	تو پھر سے وہی کام کریں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	نصر	//	//	//	فَعَلُوْا	عَوَدُوْا ❾	الأنعام:28
عَادُوْنَ 3	حد سے گزرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	//	//	ناقص واوی	ع د و	فَاعُوْنَ	عَادِوُوْنَ ⓫	الشعراء:166
الْعَادِيَاتِ 1	سرپٹ دوڑنے والے گھوڑوں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَاعِلَاتِ	عَادِوَاتِ ❻	العادیات:1
عَادَيْتُمْ 1	تم دشمنی رکھتے ہو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَاعَلْتُمْ	عَادَوْتُمْ ⓬	الممتحنۃ:7
الْعَادِّيْنَ 1	گنتی کرنے والوں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ع د د	فَاعِلِيْنَ	عَادِدِيْنَ ⓭	المؤمنون:113

❶ واؤ فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)۔ ❷ یاء فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)۔ ❸ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❹ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ اضافت کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء ہو گئی (قاعدہ: دَاعٍ) اس میں قاعدہ رَضِيَ بھی جاری ہو سکتا ہے۔ ❼ یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہوا ہے، اس سے مراد دنیا ہے۔ ❽ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء ہو گئی (قاعدہ: دَاعٍ)، لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء کو گرا دیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، عاد سے مراد عاد بن عوص بن ارم بن سام بن نوح علیہ السلام کی اولاد ہے، یہ اپنے باپ کے نام سے موسوم ہیں یہ حضرت ہود علیہ السلام کی قوم ہے، جو طوفان نوح کے بعد عرب کی سرزمین میں سب سے پہلے اقتدار میں آئی، یہ بت پرست تھے، حضرت ہود علیہ السلام کی دعوت کو قبول نہ کرنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے انہیں تباہ کر دیا، اس کو منصرف اور غیر منصرف دونوں طرح پڑھا جاتا ہے، غیر منصرف ہونے کے دو سبب بیان کیے گئے ہیں: ۱۔ یہ علمیت اور عجمہ کی بناء پر غیر منصرف ہے ۲۔ علمیت اور تانیث معنوی کی بناء پر غیر منصرف ہے، منصرف ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ ایک قبیلہ کا نام ہے جو مذکر ہے لہٰذا صرف علمیت کی وجہ سے غیر منصرف نہیں ہو سکتا یا یہ علم اور عجمہ تو ہے لیکن ثلاثی ساکن الاوسط ہونے کی وجہ سے عجمہ غیر منصرف کا سبب نہیں بنے گا۔ ⓫ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی (قاعدہ: رَضُوْ)۔ ⓬ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضی)۔ ⓭ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدّہ ہے تو پہلے دال کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عَارِضٌ [2]	بادل	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ع ر ض	فَاعِلٌ	× ❶	الأحقاف:24
عَاشِرُوْهُنَّ [1]	ان کے ساتھ رہو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعله	//	//	ع ش ر	فَاعِلُوْ	×	النساء:19
عَاصِفٌ [2]	تیز	اسم فاعل	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ع ص ف	فَاعِلٌ	× ❷	یونس:22
فَالْعَاصِفَاتِ [1]	پھر ان ہواؤں کی جو تند و تیز چلتی ہیں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَاعِلَاتِ	× ❸	المرسلات:2
عَاصِفَةً [1]	تیز	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةً	×	الأنبیاء:81
عَاصِمٍ [3]	بچانے والا	//	واحد مذکر	//	//	//	ع ص م	فَاعِلٍ	//	یونس:27
الْعَافِيْنَ [1]	درگزر کرنے والے	//	جمع مذکر سالم	نصر	//	ناقص واوی	ع ف و	فَاعِيْنَ	عَافِوِيْنَ ❹	ال عمرٰن:134
عَاقَبَ [1]	سزا دے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعله	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ع ق ب	فَاعَلَ	×	الحج:60
عَاقَبْتُمْ [2]	تم بدلہ لینا چاہو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَاعَلْتُمْ	×	النحل:126
عَاقِبَةُ [32]	انجام	(اسم) مصدر	×	ن، ض	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعِلَةُ	× ❺	ال عمرٰن:137
فَعَاقِبُوْا [1]	تو بدلہ لو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعله	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَاعِلُوْا	×	النحل:126
عَاقِرٌ [3]	بانجھ	اسم فاعل	واحد مذکر	ض، ك	ثلاثی مجرد	//	ع ق ر	فَاعِلٌ	× ❻	ال عمرٰن:40
عَاكِفًا [2]	جم کر بیٹھنے والے	//	//	نصر	//	//	ع ك ف	فَاعِلًا	×	طٰه:97
عَاكِفُوْنَ [2]	اعتکاف کرنے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× ❼	البقرة:187
عَاكِفِيْنَ [3]	بیٹھے رہیں گے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❽	طٰه:91
لَعَالٍ [1]	ضرور سرکش ہو چکا	//	واحد مذکر	//	//	ناقص واوی	ع ل و	فَاعٍ	عَالِوٌ ❾	یونس:83
عَالِمُ [13]	جانتا	//	//	سمع	//	صحیح	ع ل م	فَاعِلُ	×	الأنعام:73
الْعَالِمُوْنَ [1]	علم والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× ❼	العنكبوت:43
عَالِمِيْنَ [4]	جاننے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❽	الأنبیاء:51
الْعَالَمِيْنَ [73]	سب جہانوں	اسم آلہ	ملحق جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعَلِيْنَ	× ❿	الفاتحة:2

❶ یہ اصل میں باب ضرب سے اسم فاعل ہے، یہاں اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، ج: عَوَارِضُ ، بادل کو﴿ عَارِضٌ ﴾اس لیے کہا گیا ہے کہ بادل عرض یعنی چوڑائی کے بل آسمان پر ظاہر ہوتا ہے۔ ❷ یہ مؤنث سماعی ہے، جو صفات مؤنث کے لیے مخصوص ہوں تو وہ بغیر علامت تانیث کے استعمال ہوتی ہیں، لفظ﴿عَاصِف﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے:① تیز، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے② آندھی والا، جیسا کہ سورۃ ابراھیم : 18 میں ہے﴿ فِي يَوْمٍ عَاصِفٍ ﴾" آندھی والے دن"، ج:عَوَاصِفُ۔ ❸ یہ اصل میں اسم فاعل ہے، پھر بطور اسم جامد کے استعمال ہونے لگا، م:عَاصِفَةٌ ۔ ❹ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن واؤ اور یاء جمع ہونے سے واؤ کو گرا دیا(قاعدہ: تَرْمِيْنَ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ ج:عَوَاقِبُ،بعض کے نزدیک یہ باب نصر سے اسم فاعل واحد مؤنث ہے۔ ❻ یہ مفعول یعنی الْمَعْقُوْرُ کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، بعض کے نزدیک یہ بروزن فاعل بمعنی اسم منسوب ہے، یعنی ذات عقر، اسے فاعل ذی کذا بھی کہتے ہیں، اس لفظ کا استعمال مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے یکساں ہوتا ہے، یہاں یہ تاء کے حذف ہونے کے ساتھ واحد مؤنث ہے،﴿عَاقِرٌ﴾ اس عورت کو کہتے ہیں جو بڑھاپے یا کسی اور وجہ سے بچہ جننے کی صلاحیت سے محروم ہو چکی ہو، ج:عَوَاقِرُ۔ ❼ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❽ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❾ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن واؤ اور نون تنوین جمع ہونے سے واؤ گر گئی(قاعدہ: رَضُوْ)۔ ❿ م: عَالَمٌ ،عَالَمٌ اسم جمع ہے اس کا واحد لفظوں میں نہیں ہے، یہ عِلْمٌ یا عَلَامَةٌ سے مشتق ہے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، یہاں جہانوں سے مراد مختلف مخلوقات کی انواع ہیں، مثلاً: عالم انس اور عالم جن وغیرہ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عَالِيًا [1]	سرکش	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ع ل و	فَاعِلًا	عَالِوًا ❶	الدخان:31
عَالِيَةٍ [2]	اونچے	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٍ	عَالِوَةٍ ❶	الحاقة:22
عَالِيْنَ [2]	سرکش	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِيْنَ	عَالِوِيْنَ ❷	المؤمنون:46
عَالِيَهَا [3]	اس کے اوپر والے حصہ کو	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَاعِلَ	عَالِوَ ❶	هود:82
عَامٌ [8]	ایک سال	اسم جامد	//	×	//	اجوف واوی	ع و م	فَعَلٌ	عَوَمٌ ❸	يوسف:49
عَامِلٌ [4]	عمل کیے جاتا ہوں	اسم فاعل	//	سمع	//	صحیح	ع م ل	فَاعِلٌ	×	الأنعام:135
عَامِلَةٌ [1]	سخت محنت کرنے والے	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	//	الغاشية:3
عَامِلُوْنَ [4]	عمل کیے جا رہے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× ❹	هود:121
الْعَامِلِيْنَ [4]	عمل کرنے والوں	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❺	ال عمرٰن:136
عَامَيْنِ [1]	دو سال	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	//	اجوف واوی	ع و م	فَعَلَيْنِ	عَوَمَيْنِ ❻	لقمان:14
عَاهَدَ [2]	وعدہ کیا تھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ع ہ د	فَاعَلَ	×	التوبة:75
عَاهَدْتَّ [1]	وعدہ لیا آپ سے	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَاعَلْتَ	عَاهَدْتَ ❼	الأنفال:56
عَاهَدْتُّمْ [4]	تم نے معاہدہ کیا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَاعَلْتُمْ	عَاهَدْتُمْ ❼	التوبة:1
عَاهَدُوْا [4]	انہوں نے وعدہ کیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَاعَلُوْا	×	البقرة:100
عِبَادٌ [93]	بندے	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	//	ع ب د	فِعَالٌ	× ❽	الأعراف:194
عِبَادِ [4]	بندوں	//	//	//	//	//	//	فِعَالِ	× ❾	الزمر:17
عِبَادَتِهٖ [9]	اس کا بندہ ہونے میں	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	//	فِعَالَةِ	×	النساء:172
عَبَثًا [1]	فضول	//	//	سمع	//	//	ع ب ث	فَعَلًا	//	المؤمنون:115
عَبَدَ [1]	جنہوں نے عبادت کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	//	ع ب د	فَعَلَ	//	المائدة:60
عَبْدٌ [28]	ایک بندہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعْلٌ	× ❿	الزخرف:59
عَبَّدْتَّ [1]	تو نے غلام بنا رکھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْتَ	عَبَّدْتَ ❼	الشعراء:22
عَبَدْتُّمْ [1]	تم عبادت کرتے	//	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلْتُمْ	عَبَدْتُمْ ❼	الكافرون:4
مَا ۔ عَبَدْنَا [2]	نہ عبادت کرتے	فعل ماضی منفی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	×	النحل:35
عَبْدَيْنِ [1]	دو بندوں	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	//	//	//	فَعْلَيْنِ	× ⓫	التحريم:10

❶ واؤاسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء ہوگئی (قاعدہ: دَاعٍ)، بعض کے نزدیک یہ اسم ظرف مکان ہے۔ ❷ واؤاسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء ہوگئی (قاعدہ: دَاعٍ)، لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء جمع ہونے سے ایک یاء کو گرا دیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، ج: اَعْوَامٌ، یہ اصل میں تو مصدر تھا۔ ❹ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❺ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، م: عَامٌ، ج: أَعْوَامٌ۔ ❼ دو ہم مخرج حرف دال اور تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس صورت میں لکھنے میں دونوں حرف آتے ہیں جب کہ پڑھنے میں صرف ایک حرف آتا ہے۔ ❽ م: عَبْدٌ، یہ اصل میں باب نصر عَبَدَ يَعْبُدُ سے صفت مشبہ ہے، یہاں بطور اسم جامد کے استعمال ہوا ہے۔ ❾ یہ اصل میں يَاعِبَادِيْ تھا، اس کے شروع سے حرف نداء یاء اور آخر سے یائے متکلم کو تخفیفاً حذف کر دیا گیا ہے۔ ❿ یہ اصل میں باب نصر عَبَدَ يَعْبُدُ سے صفت مشبہ ہے، بعد میں اسم جامد کے طور پر استعمال ہونے لگا، ج: عِبَادٌ۔ ⓫ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: عَبْدٌ، ج: عِبَادٌ

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عِبْرَةٌ 6	عبرت	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ع ب ر	فِعْلَةٌ	× ❶	یوسف:111
عَبَسَ 2	تیوری چڑھائی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	//	ع ب س	فَعَلَ	×	المدثر:22
عَبْقَرِيٌّ 1	نادر	اسم جامد	اسم جمع	×	رباعی مزید فیہ	//	ع ب ق ر	فَعْلَلِيٌّ	× ❷	الرحمٰن:76
عَبُوْسًا 1	بدنما	اسم مبالغہ	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ع ب س	فَعُوْلًا	× ❸	الدھر:10
لِلْعَبِيْدِ 5	بندوں پر	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ع ب د	فَعِيْلٍ	× ❹	آل عمرٰن:182
عَتَتْ 1	انہوں نے سرکشی کی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	//	ناقص واوی	ع ت و	فَعَتْ	عَتَوَتْ ❺	الطلاق:8
عُتُلٍّ 1	سخت مزاج	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	//	صحیح	ع ت ل	فُعُلٍّ	× ❻	القلم:13
عَتَوْا 4	سرکشی کی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	نصر	//	ناقص واوی	ع ت و	فَعَوْا	عَتَوُوْا ❼	الأعراف:77
عُتُوًّا 2	وہ سرکش ہوگئے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعُوْلًا	عُتُوْوًا ❽	الفرقان:21
عِتِيًّا 2	آخری حد	اسم مبالغہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فُعُوْلًا	عُتُوْوًا ❾	مریم:8
عَتِيْدٌ 2	تیار ہونا	صفت مشبہ	//	کرم	//	صحیح	ع ت د	فَعِيْلٌ	×	قٓ:18
الْعَتِيْقِ 2	قدیم	//	//	ض، ك	//	//	ع ت ق	فَعِيْلٍ	× ❿	الحج:29
عُثِرَ 1	اطلاع پائی جائے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	ن، ض	//	//	ع ث ر	فُعِلَ	× ⓫	المائدة:107
عُجَابٌ 1	عجیب	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	//	//	ع ج ب	فُعَالٌ	× ⓬	صٓ:5
عِجَافٌ 2	دبلی پتلی	صفت مشبہ	جمع مکسر	س، ك	//	//	ع ج ف	فِعَالٌ	× ⓭	یوسف:43
عَجَبًا 5	تعجب	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	ع ج ب	فَعَلًا	×	یونس:2
عَجِبْتَ 1	تو تعجب کرتا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِلْتَ	//	الصافات:12
عَجِبْتُمْ 2	تم نے تعجب کیا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِلْتُمْ	//	الأعراف:63
عَجِبُوْا 2	انہوں نے تعجب کیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلُوْا	//	صٓ:4
عَجَزْتُ 1	میں عاجز ہوں	//	واحد متکلم	ضرب	//	//	ع ج ز	فَعَلْتُ	//	المائدة:31

❶ ج: عِبَرٌ، یا یہ باب افتعال اِعْتَبَرَ سے اسم مصدر ہے، عبرت کے معنی نصیحت حاصل کرنے کے ہیں۔ ❷ یہ عبقر کی طرف منسوب اسم ہے، عَبْقَر: عربوں کے پرانے خیال کے مطابق مسکن جنات ہے، پھر ہر غیر معمولی اور قابل تعجب چیز کو اس کی طرف منسوب کیا جانے لگا، اس کے معنی ہیں بے مثال، ریشمی کپڑا، دبیز غالیچے یہ واحد اور جمع دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے (صراح) اور فرّاء کے نزدیک یہ اسم جنس جمعی ہے اور اس کا واحد عَبْقَرِيَّةٌ آتا ہے، قطرب کے نزدیک یہ اسم منسوب نہیں بلکہ یہ کرسی کی طرح ہے، یاء مشدد یاء نسبت نہیں ہے۔ ❸ یا یہ صفت مشبہ ہے۔ ❹ یہ اصل میں باب نصر عَبَدَ يَعْبُدُ سے صفت مشبہ ہے، یہاں بطور اسم جامد کے استعمال ہوا ہے، م: عَبْدٌ، بعض کے نزدیک عَبِيْدٌ اسم جمع ہے، بعض نے فرق کیا ہے کہ جب عَبْدٌ کے معنی عبادت گزار ہوں تو اس کی جمع عِبَادٌ آتی ہے اور جب عَبْدٌ کے معنی غلام ہوں تو اس کی جمع عَبِيْدٌ آتی ہے۔ ❺ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ❻ بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ❽ دو ہم جنس حرف واؤ ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❾ لفظ ﴿عِتِيًّا﴾ کے بارے میں تین مؤقف ہیں: ۱۔ واحد مذکر اسم مبالغہ ۲۔ مصدر، جیسا کہ سورۃ مریم :69 میں ہے ۳۔ بعض کے نزدیک یہ جمع مکسر اسم فاعل ہے، م: عَاتٍ (المفردات فی غریب القرآن) جب یہ عَاتٍ کی جمع ہو تو اس میں قاعدہ دُلِيٌّ جاری ہوگا، ناقص واوی کی جمع فُعُوْلٌ کے وزن پر واقع ہوئی تو دونوں واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا، ماقبل ضمہ کو یاء کی مناسبت سے کسرہ سے بدل دیا (قاعدہ: دُلِيٌّ)، پھر عین کلمہ کی موافقت کی وجہ سے فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا۔ اور جب یہ مبالغہ یا مصدر ہو تو دونوں واؤ کے ماقبل کو کسرہ دینا قلیل ہے (اصول اکبری)، ﴿عِتِيًّا﴾ اس شخص کو کہتے ہیں جس کے جوڑوں اور ہڈیوں میں خشکی آجائے، اس سے مراد بڑھاپے کا آخری درجہ ہے، لفظ ﴿عِتِيًّا﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① آخری حد، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② سرکشی، نافرمانی، جیسا کہ سورۃ مریم :69 میں ہے۔ ❿ ﴿الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ﴾ سے مراد خانہ کعبہ ہے۔ ⓫ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ ''عَلٰی'' ہو۔ ⓬ بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے۔ ⓭ یہ خلاف قیاس جمع آئی ہے، م: عَجْفَاءُ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عَجَلٍ [1]	جلدی	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ع ج ل	فَعَلٍ	×	الأنبياء:37
عَجِّلْ [1]	جلدی دے دے	امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعِّلْ	//	صٓ:16
لَعَجَّلَ [2]	ضرور جلدی بھیج دے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	ع ج ل	فَعَّلَ	//	الكهف:58
عِجْلًا [10]	بچھڑا	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	//	فِعْلًا	×❶	الأعراف:148
عَجِلْتُ [1]	میں نے جلدی کی	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	سمع	//	//	//	فَعِلْتُ	×	طه:84
عَجِلْتُمْ [1]	تم نے جلدی کرلی	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِلْتُمْ	//	الأعراف:150
عَجَّلْنَا [1]	ہم جلدی دے دیتے	//	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْنَا	//	بنی اسرائیل:18
عَجُوْزٌ [4]	بوڑھی	صفت مشبہ	واحد مؤنث	ن،ك	ثلاثی مجرد	//	ع ج ز	فَعُوْلٌ	×❷	هود:72
عَجُوْلًا [1]	بڑا جلدباز	//	//	سمع	//	//	ع ج ل	فَعُوْلًا	×❸	بنی اسرائیل:11
عَجِيْبٌ [2]	عجیب	//	//	//	//	//	ع ج ب	فَعِيْلٌ	×❹	هود:72
عَدًّا [2]	شمار کرنا	(اسم) مصدر	×	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ع د د	فَعْلًا	❺عَدْدًا	مريم:84
عَدَاوَةٌ [6]	دشمنی	//	//	ض،س	//	ناقص واوی	ع د و	فَعَالَةٌ	×❻	حٰم السجدة:34
عُدَّةً [1]	سامان	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	مضاعف ثلاثی	ع د د	فُعْلَةً	❼عُدْدَةً	التوبة:46
عِدَّةَ [11]	گنتی	//	//	//	//	//	//	فِعْلَةَ	❽عِدْدَةَ	التوبة:36
عُدْتُّمْ [1]	تم وہی حرکت کروگے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	//	اجوف واوی	ع و د	فُلْتُمْ	❾عَوَدْتُمْ	بنی اسرائیل:8
عَدَدَ [3]	گنتی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مضاعف ثلاثی	ع د د	فَعَلَ	×❿	يونس:5
عَدَدًا [3]	//	صفت مشبہ	//	نصر	//	//	//	فَعَلًا	×⓫	الكهف:11
عَدَّدَهٗ [1]	گن گن کر رکھتا تھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	الهمزة:2
عَدَسِهَا [1]	اپنے مسور	اسم جامد	اسم جنس	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ع د س	فَعَلٍ	×⓬	البقرة:61
عَدْلٍ [14]	انصاف	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	//	ع د ل	فَعْلٍ	×⓭	المائدة:95
فَعَدَلَكَ [1]	پس تجھے برابر کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	×	الانفطار:7

❶ ج:عُجُولٌ۔ ❷ یہ مذکر ومؤنث دونوں کے لیے آتا ہے، ج: عُجُزٌ و عَجَائِزُ۔ ❸ یا یہ اسم مبالغہ ہے۔ ❹ ج:عَجَائِبُ۔ ❺ دو ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:مَدٌّ)، کبھی یہ باب افعال أَعَدَّ سے اسم مصدر ہوتا ہے۔ ❻ بعض کے نزدیک یہ باب مفاعلہ سے اسم مصدر ہے۔ ❼ دو ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:مَدٌّ)، ج: عُدَدٌ ، کبھی یہ باب افعال أَعَدَّ سے اسم مصدر ہوتا ہے۔ ❽ دو ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:مَدٌّ)، ج: عِدَدٌ ، بعض کے نزدیک یہ باب نصر کا مصدر ہے، لفظ ﴿ عِدَّة ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① گنتی، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② عدت، جیسا کہ سورۃ الأحزاب : 49 میں ہے ﴿ مِنْ عِدَّةٍ ﴾ ''کوئی عدت''۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال) ، پھر دو ساکن الف اور دال جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا(قاعدہ:قُلْنَ)، دو ہم مخرج حرف دال اور تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ:مَدٌّ)، اس صورت میں لکھنے میں دونوں حرف آتے ہیں جب کہ پڑھنے میں صرف ایک حرف آتا ہے۔ ❿ ج: أَعْدَادٌ ، کبھی عَدَدَ مصدر کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ الکهف: 11 میں ہے ﴿ سِنِيْنَ عَدَدًا ﴾۔ ⓫ یا یہ باب نصر عَدَّ يَعُدُّ کا مصدر ہے۔ ⓬ م: عَدَسَةٌ ۔ ⓭ لفظ ﴿ عَدْل ﴾ قرآن مجید میں تین معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① انصاف، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، ② بدلہ، جیسا کہ سورۃ البقرة : 48 میں ہے ﴿ لَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ ﴾ ''نہیں لیا جائے گا اس سے کوئی بدلہ'' ③ مثل، برابر، جیسا کہ سورۃ المائدة:95 میں ہے ﴿ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا ﴾ ''اس کے برابر روزے''، ج : اَعْدَالٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عَدْنٍ [11]	ہمیشگی	صفت مشبہ	واحد مذکر	ن، ض	ثلاثی مجرد	صحیح	ع د ن	فَعْلٍ	× ❶	التوبۃ:72
عُدْنَا [3]	ہم واپس ہو جائیں	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	نصر	//	اجوف واوی	ع و د	فُلْنَا	عَوَدْنَا ❷	الأعراف:89
عِدْهُمْ [1]	وعدہ کرتا رہ ان سے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	//	مثال واوی	و ع د	عِلْ	اِوْعِدْ ❸	بنی اسرائیل:64
عَدَّهُمْ [1]	گن کر رکھا ان کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ع د د	فَعَلَ	عَدَدَ ❹	مریم:94
عَدُوٌّ [43]	دشمن	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	ناقص واوی	ع د و	فَعُوْلٌ	عَدُوْوٌ ❺	البقرۃ:36
عَدْوًا [1]	حد سے گزرتے ہوئے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	×	الأنعام:108
عُدْوَانًا [8]	سرکشی	//	//	//	//	//	//	فُعْلَانًا	//	النساء:30
بِالْعُدْوَةِ [2]	کنارے پر	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	فُعْلَةِ	× ❻	الأنفال:42
عَذَابٌ [322]	عذاب	اسم مصدر	×	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ع ذ ب	فَعَالٌ	× ❼	البقرۃ:7
عَذْبٌ [2]	میٹھا	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلٌ	× ❽	الفرقان:53
عَذَّبَ [2]	اس نے عذاب دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	التوبۃ:26
عَذَّبْنَا [2]	ہم ان کو عذاب دیتے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	الفتح:25
عُذْتُ [2]	میں پناہ لیتا ہوں	//	واحد متکلم	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ع و ذ	فُلْتُ	عَوَذْتُ ❾	المؤمن:27
عُذْرًا [2]	عذر	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	صحیح	ع ذ ر	فُعْلًا	× ❿	الکہف:76
بِالْعَرَاءِ [2]	چٹیل میدان میں	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ع ر ی	فَعَالِ	عَرَایِ ⓫	الصافات:145
عُرُبًا [1]	خوبصورت	//	جمع مکسر	//	//	صحیح	ع ر ب	فُعُلًا	× ⓬	الواقعۃ:37
عَرَبِيٌّ [11]	عربی	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلِيٌّ	× ⓭	النحل:103
كَالْعُرْجُوْنِ [1]	کھجور کی شاخ کی طرح	//	//	//	ملحق رباعی مزید فیہ	//	ع ر ج	فُعْلُوْلِ	× ⓮	یٰسٓ:39

❶ یہ اصل میں مصدر ہے اسی لیے یہ مفرد، تثنیہ، جمع سب کے ساتھ مفرد آتا ہے، بعض کے نزدیک عدن جنت میں ایک خاص مقام کا نام ہے۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور دال جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: قُلْنَ)۔ ❸ اس کے مضارع کی موافقت سے واؤ گر گئی، ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے، ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا، یا یہ تَعِدُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی، اس کا مابعد متحرک ہے تو آخر کو ساکن کر دیا۔ ❹ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے دال کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ❺ دو ہم جنس حرف واؤ ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ وزن میں مصدر کے مشابہ ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے، عَدُوٌّ واحد، جمع، مذکر اور مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے کیونکہ جب فَعُوْل بمعنی فَاعِل ہو تو مذکر و مؤنث میں برابر ہوتا ہے، ج: عِدًی و اَعْدَاءٌ۔ ❻ ج: عُدًی و عِدَاءٌ۔ ❼ باب تفعیل عَذَّبَ سے قیاسی طور پر مشہور مصدر تَعْذِیْبٌ بروزن تَفْعِیْلٌ آتا ہے، سورۃ ص: 8 میں ﴿عَذَابِ﴾ اصل میں عَذَابِیْ تھا، یاء کو تخفیفا حذف کر دیا ہے۔ ❽ ج: عِذَابٌ و عُذُوبٌ۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور ذال جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: قُلْنَ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ ''باء'' ہو۔ ❿ بعض کے نزدیک یہ حاصل مصدر ہے جس کے معنی ملامت کو رفع کرنے کے ہیں، ج: اَعْذَارٌ، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ عَذِیْرٌ بمعنی معذرت کی جمع ہو، اس کو عُذُرٌ بھی پڑھا جا سکتا ہے اس صورت میں یہ عَاذِرٌ کی جمع بھی ہو سکتی ہے، جب اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو اس کے معنی ''عذر ختم کرنا'' ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ المرسلات: 6 میں ہے ﴿عُذْرًا﴾ ''عذر ختم کرنے''۔ ⓫ یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)، اس کے آخر میں الف ممدودہ نہیں ہے کیونکہ وہ تو اصلی حروف کے بعد زائد ہوتا ہے، ج: اَعْرَاءٌ۔ ⓬ م: عَرُوْبٌ، ایسی عورت کو کہتے ہیں جو اپنے حسن و جمال اور دیگر خوبیوں کی وجہ سے خاوند کو نہایت محبوب ہو ⓭ یہ عرب کی طرف اسم منسوب ہے، ایسے اسموں کی جمع بنانی ہو تو یائے نسبت گرا دیتے ہیں ⓮ ج: عَرَاجِیْنُ، بعض کے نزدیک اس کا نون زائدہ ہے، یہ ملحق بِعُصْفُوْر ہے اور اس کا وزن فُعْلُوْنَ ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عَرْشٌ [26]	تخت	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ع ر ش	فَعْلٌ	× ❶	النمل:23
عَرَضٌ [6]	مال واسباب	//	//	//	//	//	ع ر ض	فَعَلٌ	× ❷	الأعراف:169
عُرِضَ [1]	پیش کیے گئے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	ضرب	//	//	//	فُعِلَ	×	صٓ:31
عَرْضًا [1]	بالکل سامنے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	//	الکهف:100
عُرْضَةً [1]	نشانہ	صفت مشبہ	واحد مؤنث	ن،ض	//	//	//	فُعْلَةً	× ❸	البقرة:224
عَرَّضْتُمْ [1]	تم اشارہ کرو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْتُمْ	×	البقرة:235
عَرَضْنَا [2]	ہم سامنے لے آئیں گے	//	جمع متکلم	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلْنَا	//	الکهف:100
عَرْضُهَا [3]	اس کی چوڑائی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعْلُ	× ❹	ال عمران:133
عَرَضَهُمْ [1]	پیش کیا ان کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	//	//	فَعَلَ	×	البقرة:31
عُرِضُوْا [1]	وہ پیش کیے جائیں گے	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِلُوْا	//	الکهف:48
بِالْعُرْفِ [1]	نیکی	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	ع ر ف	فُعْلِ	× ❺	الأعراف:199
عَرَّفَ [2]	اس نے بتلائی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	التحریم:3
عُرْفًا [1]	لگاتار	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فُعْلًا	× ❻	المرسلات:1
عَرَفَاتٍ [1]	عرفات کے میدان	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَلَاتٍ	× ❼	البقرة:198
فَلَعَرَفْتَهُمْ [1]	تو ضرور پہچان لیتے ان کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلْتَ	×	محمد:30
فَعَرَفَهُمْ [1]	پس پہچان لیا ان کو	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	//	یوسف:58
عَرَفُوْا [2]	انہوں نے پہچان لیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	البقرة:89
الْعَرِمِ [1]	بند	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ع ر م	فَعِلِ	× ❽	سبا:16
بِالْعُرْوَةِ [2]	کڑے کو	//	واحد مؤنث	//	//	ناقص واوی	ع ر و	فُعْلَةِ	× ❾	البقرة:256
عُرُوْشِهَا [3]	اپنی چھتوں کے	//	جمع مکسر	//	//	صحیح	ع ر ش	فُعُوْلِ	× ❿	البقرة:259
عَرِيْضٍ [1]	چوڑی	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	//	ع ر ض	فَعِيْلٍ	×	حم السجدة:51

❶ ج: عُرُوشٌ و اَعْرَاشٌ، جب یہ لفظ اللہ تعالیٰ کے لیے استعمال ہو تو پھر اس کے معنی عرش ہی کیے جاتے ہیں۔ ❷ ج: اَعْرَاضٌ، یہ اصل میں باب ضرب سے صفت مشبہ ہے، پھر یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہونے لگا یعنی وہ چیز جس کا ٹھہرنا ممکن نہ ہو، عارضی چیز۔ ❸ یہ کبھی الْعَارِض یعنی رکاوٹ اور کبھی الْمَعْرُوض کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، ج: عُرَضٌ۔ ❹ ج: عُرُوضٌ و عِرَاضٌ۔ ❺ یہ عُرْفٌ بمعنی مَعْرُوفٌ ہے۔ ❻ یہ اسم جامد کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ ❼ یہ اصل میں جمع مؤنث سالم ہے، یہ مکہ سے بارہ میل دور ایک مشہور مقام ہے، جہاں حاجی نو ذوالحجہ کو قیام کرتے ہیں، یہ حج کا اہم ترین رکن ہے، عرفات کی وجہ تسمیہ کے بارے میں کئی اقوال ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ جنت سے نکلنے کے بعد حضرت آدم اور حضرت حوا ﷺ کا دنیا میں پہلا تعارف اسی مقام پر ہوا تھا اس لیے اس کا نام عرفات رکھا گیا ہے، لفظ جمع کے ساتھ نام بطور مبالغہ کے رکھا گیا ہے، یہ اسمائے مرتجلہ میں سے ہے اس پر الف لام نہیں آسکتا، اس کے منصرف اور غیر منصرف ہونے میں اختلاف ہے، یہ علمیت اور تانیث کی بناء پر غیر منصرف ہے، اس پر تنوین تنوین مقابلہ ہے تنوین تمکن نہیں ہے اور کسرہ کا نہ آنا تنوین نہ آنے کے تابع ہوتا ہے، منصرف نہ ہونے کے بدلے میں نہیں ہوتا، جو اس کو منصرف سمجھتے ہیں وہ کہتے ہیں اس میں صرف ایک سبب علمیت ہے دوسرا سبب تانیث نہیں ہے کیونکہ اس کی تاء تائے تانیث نہیں ہے بلکہ وہ جمع مؤنث سالم کی علامت ہے جو بِنْتٌ کی تاء کی طرح ہے جو تانیث کے لیے نہیں بلکہ واؤ محذوف کے عوض میں ہے اور مؤنث کے ساتھ مخصوص ہے لہٰذا کسی اور تاء کا مقدر ماننا یہاں صحیح نہیں ہے، اور تائے تانیث کو مقدر بھی نہیں مان سکتے کیونکہ تاء مذکورہ تائے تانیث کو مقدر ماننے سے مانع ہے اس لیے کہ یہ تاء جمع مؤنث کے ساتھ خاص ہے اب اگر ایک اور تاء مقدر مانیں گے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ دو علامتیں جمع ہو گئیں جو درست نہیں ہے۔ ❽ م: عَرِمَةٌ، اس کے معنی ہیں ''وادی کا بند'' اس صورت میں یہ اسم جامد ہوگا، یہ بند سد مارب کے نام سے مشہور ہے، یہ یمن کے مشہور شہر مارب کے مشرق میں واقع تھا ﴿الْعَرِمِ﴾ کے معنی ہیں زبردست اور ناقابل برداشت سیلاب، اس اعتبار سے یہ باب نصر سے واحد مذکر صفت مشبہ ہوگا۔ ❾ ج: عُرًى۔ ❿ م: عَرْشٌ، اس کی جمع اَعْرَاشٌ بھی آتی ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عِزًّا 1	باعثِ عزت	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ع ز ز	فِعْلًا	عِزْزًا ❶	مریم:81
اَلْعُزّٰی 1	عزّٰی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	فُعْلٰی	عُزْزٰی ❷	النجم:19
عِزَّةٍ 11	گھمنڈ	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	//	//	فِعْلَةٍ	عِزْزَةٍ ❸	صٓ:2
عَزَّرْتُمُوْهُمْ 1	تم ان کی مدد کرو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ع ز ر	فَعَّلْتُمْ	عَزَّرْتُمْ ❹	المائدة:12
عَزَّرُوْهُ 1	قوت دینے لگے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَّلُوْا	×	الأعراف:157
فَعَزَّزْنَا 1	پس ہم نے طاقت دی	//	جمع متکلم	//	//	مضاعف ثلاثی	ع ز ز	فَعَّلْنَا	//	یٰسٓ:14
عَزَلْتَ 1	تو نے الگ کر دیا	//	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ع ز ل	فَعَلْتَ	//	الأحزاب:51
عَزَمَ 1	پختہ ہوگی	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	ع ز م	فَعَلَ	//	محمد:21
عَزْمًا 5	ارادے کی پختگی	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلًا	//	طٰه:115
عَزَمْتَ 1	تو عزم کرے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	//	ال عمران:159
عَزَمُوْا 1	وہ ارادہ کریں	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	البقرة:227
عَزَّنِیْ 1	وہ مجھ پر غالب آجاتا ہے	//	واحد مذکر غائب	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ع ز ز	فَعَلَ	عَزَزَ ❺	صٓ:23
عُزَيْرٌ 1	عزیر	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ع ز ر	فُعَيْلٌ	× ❻	التوبة:30
عَزِيْزٌ 99	غالب	صفت مشبہ	//	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ع ز ز	فَعِيْلٌ	× ❼	البقرة:209
عِزِيْنَ 1	گروہ گروہ ہو کر	اسم جامد	ملحق جمع مذکر سالم	×	//	ناقص واوی	ع ز و	فِعِيْنَ	عِزِوِيْنَ ❽	المعارج:37
عَسٰى 28	قریب	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	ناقص یائی	ع س ی	فَعَلَ	عَسَیَ ❾	البقرة:216
عَسِرٌ 1	بڑا سخت	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	//	صحیح	ع س ر	فَعِلٌ	×	القمر:8

❶ دو ہم جنس حرف زاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہاں مصدر بمعنی اسم مبالغہ استعمال ہو رہا ہے۔ ❷ دو ہم جنس حرف زاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام عَزِیْزٌ سے ماخوذ ہے، یہ اصل میں أَعَزُّ اسم تفضیل کی مؤنث ہے، یہ ایک بت کا نام ہے جو بیت اللہ میں رکھا ہوا تھا، بعض کے نزدیک یہ ایک درخت کا نام ہے، جو مقام نخلہ میں تھا قبیلہ غطفان کے لوگ اس کی پوجا کرتے تھے، قریش کے لوگ بھی اس کی بڑی تعظیم کرتے تھے۔ ❸ دو ہم جنس حرف زاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❹ تُمْ کے بعد هُمْ ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ)۔ ❺ دو متحرک ہم جنس حرف زاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے زاء کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس کے آخر میں نون وقایہ اور یائے متکلم مفعول بہ ہے۔ ❻ یہ بعض کے نزدیک عربی اور بعض کے نزدیک عجمی نام ہے، جو اسے عجمی مانتے ہیں وہ عجمہ اور علمیت کی بناء پر اسے غیر منصرف پڑھتے ہیں، بعض کے نزدیک یہ عجمی تو ہے مگر تصغیر کی بناء پر خفیف ہونے کی وجہ سے منصرف ہے، اور جو اسے عربی مانتے ہیں وہ اسے منصرف پڑھتے ہیں کیونکہ اس صورت میں اس میں صرف ایک سبب علمیت ہے دوسرا کوئی سبب نہیں ہے، عزیر علیہ السلام کے نبی ہونے میں اختلاف ہے، بہت سے علماء ان کو نبی نہیں مانتے۔ ❼ یہ اسم مبالغہ بھی ہو سکتا ہے، لفظ ﴿عَزِیْزٌ﴾ قرآن مجید میں درج ذیل پانچ معانی کے لیے استعمال ہوا ہے: ① غالب و طاقتور جو کسی سے مغلوب نہ ہو، یہ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ہے، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، ② یہ حاکم مصر کے قدیم لقب کے طور پر بھی استعمال ہوا ہے، جیسا کہ سورۃ یوسف: 30 میں ہے ﴿امْرَأَةُ الْعَزِیْزِ﴾ "عزیز کی بیوی"، ③ زبردست، جیسا کہ سورۃ الفتح: 3 میں ہے ﴿عَزِیْزًا﴾ "زبردست" ④ معزز، جیسا کہ سورۃ حم السجدة: 41 میں ہے ﴿لَكِتٰبٌ عَزِیْزٌ﴾ "باعزت کتاب" ⑤ شاق، گراں، جیسا کہ سورۃ التوبة: 128 میں ہے ﴿عَزِیْزٌ عَلَیْهِ﴾ "شاق ہے اس پر"۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور یاء جمع ہونے سے الف کو گرا دیا، اور یاء کی مناسبت سے اس کے ماقبل فتحہ کو کسرہ سے بدل دیا تاکہ تثنیہ کے ساتھ التباس لازم نہ آئے اسے ملحق بجمع مذکر سالم اس لیے کہتے ہیں کہ اس میں جمع مذکر سالم کی شرائط نہیں پائی جاتیں، م: عِزَةٌ یہ اصل میں عِزْوٌ تھا اس کے لام کلمہ واؤ کو حذف کر کے اس کے عوض تاء لے آئے ہیں، اس کی جمع تکسیر عِزًی آتی ہے۔ ❾ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، یہ فعل غیر متصرف ہے، افعال مقاربہ میں سے امید پر دلالت کرتا ہے، مگر اللہ تعالیٰ کے کلام میں یہ یقین پر دلالت کرتا ہے، یہ اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عُسْرٍ [5]	تنگی	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ع س ر	فُعْلٍ	×	الطلاق:7
لِلْعُسْرٰی [1]	سختی میں	اسم تفضیل	واحد مؤنث	//	//	//	//	فُعْلٰی	× ❶	اللیل:10
عُسْرَةٍ [2]	تنگ دست	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعْلَةٍ	× ❷	البقرة:280
عَسْعَسَ [1]	چھا جائے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فَعْلَلَةٌ	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	ع س ع س	فَعْلَلَ	×	التكوير:17
عٓسٓقٓ [1]	اس کے معنی اللہ جانتا ہے	حروف مقطعات	×	×	×	×	×	×	× ❸	الشورى:2
عَسَلٍ [1]	شہد	اسم جامد	اسم جنس جمعی	//	ثلاثی مجرد	صحیح	ع س ل	فَعَلٍ	× ❹	محمد:15
عَسَيْتُمْ [2]	تم سے امید ہے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	ناقص یائی	ع س ی	فَعَلْتُمْ	× ❺	البقرة:246
عَسِيْرٌ [2]	مشکل	صفت مشبہ	واحد مذکر	س، ك	//	صحیح	ع س ر	فَعِيْلٌ	×	المدثر:9
عِشَاءً [2]	عشاء کے وقت	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ع ش و	فِعَالًا	عِشَاوًا ❻	يوسف:16
الْعِشَارُ [1]	دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مجرد	صحیح	ع ش ر	فِعَالُ	× ❼	التكوير:4
أَحَدَ عَشَرَ [4]	گیارہ	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعَلَ	× ❽	يوسف:4
عَشْرًا [7]	دس	//	//	//	//	//	//	فَعْلًا	× ❾	البقرة:234
عَشَرَةٌ [2]	دس	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعَلَةٌ	× ❿	البقرة:196
اِثْنَتَا عَشْرَةَ [3]	بارہ	//	//	//	//	//	//	فَعْلَةَ	× ⓫	البقرة:60
عِشْرُوْنَ [1]	بیس آدمی	//	ملحق جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فِعْلُوْنَ	× ⓬	الأنفال:65
عَشِيًّا [10]	شام	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ع ش و	فَعِيْلًا	عَشِيْوًا ⓭	مريم:11
عَشِيَّةً [1]	ایک شام	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعِيْلَةً	عَشِيْوَةً ⓮	النازعات:46
الْعَشِيْرُ [1]	ساتھی	//	واحد مذکر	//	//	صحیح	ع ش ر	فَعِيْلُ	× ❼	الحج:13
عَشِيْرَتَكَ [3]	اپنے قبیلے	//	اسم جمع	//	//	//	//	فَعِيْلَةَ	× ⓯	الشعراء:214
عَصٰى [4]	نافرمانی کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ع ص ی	فَعَلَ	عَصَيَ ⓰	طه:121

❶ یا یہ مصدر ہے۔ ❷ اس میں تاء زائدہ مبالغہ کے لیے ہے۔ ❸ ان سے مراد وہ حروف ہیں جو علیحدہ علیحدہ پڑھے جاتے ہیں، ان کے معانی کے بارے میں کوئی مستند روایت نہیں ہے۔ ❹ یہ لفظ مذکر اور مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، ج: اَعْسَالٌ و عُسُلَانٌ و عُسُولٌ۔ ❺ یہ فعل غیر متصرف ہے، اس سے صرف فعل ماضی آتا ہے، یہ افعال مقاربہ میں سے امید پر دلالت کرنے کے لیے اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔ ❻ واؤ اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)۔ ❼ ج: عُشَرَاءُ۔ ❽ یہ اسم عدد ذاتی ہے، مرکب بنائی ہونے کی وجہ سے فتحہ پر مبنی ہے، جب یہ مرکب ہو تو تذکیر و تانیث میں معدود کے مطابق آتا ہے، یہاں معدود مذکر ہے تو یہ اسم عدد بھی مذکر ہے، اور جب یہ اکیلا ہو تو خلاف قیاس آتا ہے، اور اس کی شین مفتوح اس لیے ہے کہ اس کی تمیز مذکر ہے، اس کا اصول یہ ہے کہ جب اس کی تمیز مذکر ہو تو اس کی شین مفتوح ہوتی ہے، اور جب اس کی تمیز مؤنث ہو تو اس کی شین ساکن ہوتی ہے۔ ❾ یہ اسم عدد ذاتی ہے، یہ مذکر اس لیے ہے کہ اس کی تمیز مؤنث ہے اور اس کی شین ساکن اس لیے ہے کہ اس کی تمیز مؤنث ہے۔ ❿ یہ اسم عدد ذاتی ہے، یہ مؤنث اس لیے ہے کہ اس کی تمیز اَيَّام مذکر ہے، اور اس کی شین مفتوح اس لیے ہے کہ اس کی تمیز مذکر ہے۔ ⓫ یہ اسم عدد ذاتی ہے مرکب بنائی ہونے کی وجہ سے فتحہ پر مبنی ہے، مؤنث اس لیے ہے کہ اس کی تمیز مؤنث ہے اور شین ساکن اس لیے ہے کہ اس کی تمیز مؤنث ہے۔ ⓬ یہ اسم عدد ذاتی ہے، دہائیوں میں سے پہلی دہائی ہے، یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے ایک ہی طرح استعمال ہوتا ہے۔ ⓭ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَیِّدٌ) بعض کے نزدیک یہ عَشِيَّةٌ کی جمع ہے اور بعض کے نزدیک عَشِيَّةٌ اس کی جمع ہے۔ ⓮ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَیِّدٌ)، ج: عَشَایَا و عَشِیَّاتٌ، بعض کے نزدیک اس کی جمع عَشِيٌّ بھی ہے۔ ⓯ ج: عَشَائِرُ و عَشِیْرَاتٌ۔ ⓰ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عَصَاكَ [10]	اپنی لاٹھی	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ع ص و	فَعَلَ	عَصَوَ ❶	الأعراف:117
عُصْبَةٌ [4]	جماعت	//	اسم جمع	//	//	صحیح	ع ص ب	فُعْلَةٌ	× ❷	یوسف:8
اَلْعَصْرِ [1]	زمانے	//	واحد مذکر	//	//	//	ع ص ر	فَعْلٍ	× ❸	العصر:1
اَلْعَصْفِ [2]	بھس	//	اسم جنس	//	//	//	ع ص ف	//	× ❹	الرحمٰن:12
عَصْفًا [1]	زور مار کر	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	//	//	فَعْلًا	×	المرسلات:2
بِعِصَمِ [1]	ناموس	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ع ص م	فِعَلٍ	× ❺	الممتحنة:10
عَصَوْا [8]	انہوں نے نافرمانی کی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	ضرب	//	ناقص یائی	ع ص ی	فَعَوْا	عَصَيُوْا ❻	البقرة:61
عَصِيًّا [2]	نافرمان	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعِيْلًا	عَصِيْيًا ❼	مریم:14
اَلْعِصْيَانَ [1]	نافرمانی	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلَانَ	× ❽	الحجرات:7
عَصِيْبٌ [1]	بڑا سخت	اسم مبالغہ	واحد مذکر	//	//	صحیح	ع ص ب	فَعِيْلٌ	× ❾	ہود:77
عَصَيْتَ [2]	تو نے نافرمانی کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	ناقص یائی	ع ص ی	فَعَلْتَ	×	یونس:91
عَصَيْتُ [4]	میں نافرمانی کروں	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	//	الأنعام:15
عَصَيْتُمْ [1]	تم نافرمانی کرنے لگے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	آل عمران:152
عَصَيْنَا [2]	ہم نے نافرمانی کی	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	البقرة:93
عِصِيُّهُمْ [2]	ان کی لاٹھیاں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	ناقص واوی	ع ص و	فُعُوْلُ	عُصُوْوُ ❿	طٰہٰ:66
عَضُدَكَ [2]	تیرا بازو	//	واحد مذکر	//	//	صحیح	ع ض د	فَعُلَ	× ⓫	القصص:35
عَضُّوْا [1]	کاٹتے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	سمع	//	مضاعف ثلاثی	ع ض ض	فَعِلُوْا	عَضِضُوْا ⓬	آل عمران:119
عِضِيْنَ [1]	ٹکڑے ہی ٹکڑے	اسم جامد	ملحق جمع مذکر سالم	×	//	ناقص واوی	ع ض و	فِعِيْنَ	عِضَوِيْنَ ⓭	الحجر:91
عَطَآءً [5]	بخشش	اسم مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ع ط و	فَعَالًا	عَطَاوًا ⓮	ہود:108
عِطْفِهٖ [1]	اپنے کندھے	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ع ط ف	فِعْلٍ	× ⓯	الحج:9

❶ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، تثنیہ عَصَوَانِ، ج: عِصِيٌّ وَاَعْصٍ وعُصِيٌّ وَاَعْصَاءٌ۔ ❷ دس سے زائد لوگوں کی جماعت کو کہتے ہیں، ج: عُصَبٌ۔ ❸ یہ مذکر اور مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، ج: اَعْصَارٌ وعُصُورٌ وَاَعْصُرٌ وعُصُرٌ۔ ❹ م: عَصْفَةٌ وعُصَافَةٌ وعَصِيْفَةٌ۔ ❺ م: عِصْمَةٌ۔ ❻ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ❼ دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ) بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے اصل میں عَصُوْيًا بروزن فَعُوْلًا تھا، پھر قاعدہ مَرْمِيٌّ سے عَصِيٌّ ہو گیا۔ ❽ یہ اصل میں تو مصدر ہے لیکن بطور اسم یعنی حاصل مصدر کے زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ ❾ یا یہ باب سمع عَصِبَ يَعْصَبُ سے صفت مشبہ ہے۔ ❿ ناقص واوی کی جمع فُعُوْلٌ کے وزن پر ہے تو دونوں واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا اور ماقبل ضمہ کو (یاء کی مناسبت سے) کسرہ سے بدل دیا پھر، عین کلمہ کی موافقت کی وجہ سے فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ: دُلِيٌّ)، م: العَصَا۔ ⓫ ج: اَعْضُدٌ وَاَعْضَادٌ، کبھی یہ مجازی طور پر قوت کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ الکہف: 51 میں ہے ﴿عَضُدًا﴾ "مددگار"، یہاں مبتدا کے مطابق اسے جمع آنا چاہیے تھا اس کو مفرد اس لیے لایا گیا ہے تا کہ تمام رؤس آیات کے ساتھ مفرد ہونے میں برابر ہو جائے، لفظ عَضُدٌ کی آٹھ لغات ہیں جو امام قرطبی رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر میں نقل کی ہیں۔ ⓬ دو متحرک ہم جنس حرف ضاد ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے ضاد کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ⓭ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور یاء جمع ہونے سے الف کو گرا دیا، اور یاء کی مناسبت سے اس کے ماقبل فتحہ کو کسرہ سے بدل دیا تا کہ تثنیہ کے ساتھ التباس لازم نہ آئے، م: عِضَةٌ اصل میں عِضْوٌ تھا، لام کلمہ میں آنے والی واؤ کو حذف کر کے اس کے عوض تاء لے آئے۔ ⓮ واؤ اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)، ج: اَعْطِيَةٌ وَاَعْطِيَاتٌ۔ ⓯ ج: اَعْطَافٌ وعِطَافٌ وعُطُوفٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عُطِّلَتْ [1]	چھوڑ دی جائیں گی	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ع ط ل	فُعِّلَتْ	×	التکویر:4
عِظَامًا [13]	ہڈیاں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	//	ع ظ م	فِعَالًا	× ❶	بنی اسرائیل:49
الْعَظْمُ [2]	//	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعْلُ	× ❷	مریم:4
عِظُهُمْ [1]	نصیحت کرتے رہیے ان کو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	//	مثال واوی	و ع ظ	عِلْ	اِوْعِظْ ❸	النساء:63
فَعِظُوْهُنَّ [1]	تو نصیحت کرو ان کو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	عِلُوْا	اِوْعِظُوْا ❹	النساء:34
عَظِيْمٌ [107]	بہت بڑا	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	صحیح	ع ظ م	فَعِيْلٌ	× ❺	البقرة:7
عَفَا [7]	درگزر کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	ناقص واوی	ع ف و	فَعَلَ	عَفَوَ ❻	البقرة:187
عِفْرِيْتٌ [1]	ایک دیو	اسم جامد	واحد مذکر	×	ملحق رباعی مزید فیہ	صحیح	ع ف ر	فِعْلِيْلٌ	× ❼	النمل:39
الْعَفْوَ [2]	درگزر کرنا	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ع ف و	فَعْلَ	× ❽	الأعراف:199
عَفُوًّا [5]	معاف کرنے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعُوْلًا	عَفُوْوًا ❾	النساء:43
عَفَوْا [1]	(مال واولاد میں) بڑھ گئے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَوْا	عَفَوُوْا ❿	الأعراف:95
عَفَوْنَا [2]	ہم نے معاف کیا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	×	البقرة:52
عُفِيَ [1]	معاف کیا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِلَ	عُفِوَ ⓫	البقرة:178
عِقَابِ [20]	عذاب	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ع ق ب	فِعَالِ	× ⓬	حم السجدة:43
عُقُبًا [1]	بدلہ دینے میں	//	//	ن،ض	ثلاثی مجرد	//	//	فُعُلًا	×	الکهف:44
عُقْبَى [5]	آخرت	اسم تفضیل	واحد مؤنث	//	//	//	//	فُعْلَى	× ⓭	الرعد:22
عُقْبَاهَا [1]	ان کے بدلہ لینے سے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	//	//	الشمس:15
الْعَقَبَةَ [2]	گھاٹی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	فَعَلَةَ	× ⓮	البلد:11
عَقِبِهٖ [1]	اپنے پچھلوں	//	اسم جمع	//	//	//	//	فَعِلِ	× ⓯	الزخرف:28

❶ م: عَظْمٌ ۔ ❷ یا یہ اسم جنس ہے، ج: عِظَامٌ و اَعْظُمٌ و عِظَامَةٌ ۔ ❸ اس کے مضارع کی موافقت سے واؤ گر گئی، ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا، یا یہ تَعِظُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی، اس کا مابعد متحرک ہے تو آخر کو ساکن کر دیا۔ ❹ اس کے بارے میں صرفیوں کے دو موقف ہیں: ① یہ اصل سے بنے گا، اس اعتبار سے اس کی اصل اِوْعِظُوا ہی بنے گی، اس میں مضارع کی موافقت سے واؤ گر گئی، ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا تو یہ عِظُوا ہو گیا۔ ② بعض کے نزدیک یہ فعل مضارع میں تعلیل کے بعد بنا ہے، تو اس اعتبار سے یہ تَعِظُوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی، اس کا مابعد متحرک ہے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے آخر سے نون اعرابی بھی گر گیا تو یہ عِظُوا ہو گیا۔ ❺ ج: عُظَمَاءُ۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ "عَنْ" ہو۔ ❼ عِفْرِيْتٌ کے آخر میں تاء مبالغہ کے لیے ہے، اور بعض کے نزدیک اس میں تاء قِنْدِيْلٌ سے الحاق کے لیے ہے، تاکہ یہ فِعْلِيْلٌ کے وزن پر ہو جائے، ج: عَفَارِيْتُ ۔ ❽ یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ "عَنْ" ہو، یہ اصل میں تو مصدر ہے مگر بطور اسم جامد کے بھی استعمال ہوتا ہے، لفظ ﴿ عَفْو ﴾ قرآن مجید میں درج ذیل دو معانی کے لیے استعمال ہوا ہے: ① درگزر کرنا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، اس صورت میں یہ مصدر ہوگا ② ضرورت سے زائد، جیسا کہ سورۃ البقرۃ:219 میں ہے ﴿ الْعَفْوَ ﴾ "ضرورت سے زائد"، اس صورت میں یہ اسم جامد ہوگا۔ ❾ دو ہم جنس حرف واؤ ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ⓫ واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رَضِيَ)۔ ⓬ سورۃ الرعد:32 میں ﴿ عِقَابِ ﴾ اصل میں عِقَابِيْ تھا، یاء متکلم کو تخفیفاً حذف کر دیا۔ ⓭ لفظ ﴿ عُقْبَى ﴾ قرآن مجید میں درج ذیل دو معانی کے لیے استعمال ہوا ہے: ① آخرت، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② انجام، جیسا کہ سورۃ الرعد:35 میں ہے ﴿ عُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ ﴾ "کافروں کا انجام"۔ ⓮ ج: عُقَبٌ، عِقَابٌ۔ ⓯ ج: اَعْقَابٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عَقِبَيْهِ [3]	اپنی ایڑیوں	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ع ق ب	فَعِلَى	عَقِبَيْنِ ❶	البقرة:143
الْعُقَدِ [1]	گانٹھوں	//	جمع مکسر	//	//	//	ع ق د	فُعَلِ	× ❷	الفلق:4
عَقَدَتْ [1]	گرہ باندھی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	//	//	فَعَلَتْ	×	النساء:33
عُقْدَةً [3]	گرہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	فُعْلَةً	× ❸	طه:27
عَقَّدْتُّمُ [1]	تم نے پختہ کیا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْتُمْ	عَقَّدْتُمْ ❹	المائدة:89
فَعَقَرَ [1]	کونچیں کاٹ ڈالیں	//	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ع ق ر	فَعَلَ	×	القمر:29
فَعَقَرُوا [4]	پس کاٹ دیے پاؤں	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوا	//	الأعراف:77
عَقَلُوْهُ [1]	انہوں نے اس کو سمجھا	//	//	//	//	//	ع ق ل	//	//	البقرة:75
بِالْعُقُوْدِ [1]	اپنے وعدوں کو	(اسم) مصدر	جمع مکسر	//	//	//	ع ق د	فُعُوْلِ	× ❺	المائدة:1
عَقِيْمٌ [4]	بانجھ	صفت مشبہ	واحد مذکر	ن،س	//	//	ع ق م	فَعِيْلٌ	× ❻	الذاريات:29
عَلَا [2]	سرکش ہو گیا تھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	ناقص واوی	ع ل و	فَعَلَ	عَلَوَ ❼	القصص:4
عَلٰى	پر	حرف جر	×	×	×	×	×	×	× ❽	البقرة:5
الْعُلٰى [2]	اونچے	اسم تفضیل	جمع مکسر	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ع ل و	فُعَلَ	عُلَوَ ❾	طه:4
عَلَّامُ [4]	بہت جاننے والا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	سمع	//	صحیح	ع ل م	فَعَّالُ	×	المائدة:109
عَلَامَاتٍ [1]	نشانات	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَالَاتٍ	× ❿	النحل:16
عَلَانِيَةً [4]	ظاہر	(اسم) مصدر	×	ن،ض،س	ثلاثی مجرد	//	ع ل ن	فَعَالِيَةً	×	البقرة:274
عَلَقٍ [1]	جمے ہوئے خون	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	//	ع ل ق	فَعَلٍ	× ⓫	العلق:2
عَلَقَةٍ [5]	کچھ جما ہوا خون	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعَلَةٍ	×	الحج:5
عَلِمَ [13]	جان لیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	ع ل م	فَعِلَ	//	البقرة:60
عِلْمٌ [105]	کچھ علم	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلٌ	× ⓬	آل عمران:66
عَلَّمَ [14]	سکھا دیے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	البقرة:31
عُلَمٰٓؤُا [2]	علماء	اسم فاعل	جمع مکسر	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فُعَلَاءُ	× ⓭	الشعراء:197

❶ اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: عَقِبٌ، ج: اَعْقَابٌ۔ ❷ م: عُقْدَةٌ۔ ❸ سورة البقرة: 235 میں یہ لفظ مصدر کے معنی میں استعمال ہوا ہے، جو اپنے مفعول کی طرف مضاف ہے، ج: عُقَدٌ ۔ ❹ دو ہم مخرج حرف دال اور تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس صورت میں لکھنے میں دونوں حرف آتے ہیں جب کہ پڑھنے میں صرف ایک حرف آتا ہے۔ ❺ م: عَقْدٌ، اس کے معنی گرہ لگانے کے ہیں اور کبھی یہ بمعنی عہد ایک معنوی تعلق کو کہتے ہیں۔ ❻ یہ مذکر اور مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، عَقِيْمٌ کے معنی عدم افادیت، یعنی بڑھاپے یا کسی بیماری کے باعث اولاد کے قابل نہ ہونے کے ہیں، اسی طرح اس کے معنی بے اثر، بے فائدہ بھی ہوتے ہیں اس لیے ﴿ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴾ الحج: 55 اور ﴿ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ﴾ الذاريات: 41 سے مراد خیر و برکت سے خالی دن اور ہوا ہے۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا فاعل فُلَانٌ اور صلہ فِی الْاَرْضِ ہو۔ ❽ یہ حرف جر کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے، مثلاً، استعلاء، مصاحبت، مجاوزت، تعلیل، ظرفیت اور بمعنی مِنْ، مذکورہ بالا آیت میں یہ استعلاء کے لیے آیا ہے۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، م: عُلْيَا بروزن فُعْلٰى، فُعْلٰى صفتی کے لام کلمہ واؤ کو یاء سے بدل دیا، مفرد مذکر أَعْلٰى ۔ ❿ م: عَلَامَةٌ۔ ⓫ م: عَلَقَةٌ۔ ⓬ لفظ ﴿عِلْم﴾ قرآن مجید میں درج ذیل دو معانی کے لیے استعمال ہوا ہے: ① علم، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② علامت، جیسا کہ سورة الزخرف: 61 میں ہے ﴿ اِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ ﴾ "یقیناً وہ (عیسیٰ علیہ السلام) قیامت کی علامت ہے"۔ ⓭ م: عَالِمٌ و عَلِيْمٌ، بعض نے فرق کیا ہے کہ عَالِمٌ کی جمع عَالِمُوْنَ اور عَلِيْمٌ کی جمع عُلَمَاءُ آتی ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عَلِمْتَ [4]	تجھے معلوم ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ع ل م	فَعِلْتَ	×	هود:79
عَلِمْتُ [1]	میں جانتا ہوں	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعِلْتُ	//	القصص:38
عَلِمَتْ [2]	جان لے گا	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعِلَتْ	//	التكوير:14
عَلِمَتِ [1]	جان لیا	//	//	//	//	//	//	فَعِلَتِ	عَلِمَتْ ❶	الصافات:158
عُلِّمْتَ [1]	تجھے سکھائی گئی	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلْتَ	×	الكهف:66
عَلَّمْتُكَ [1]	میں نے تجھے سکھائی	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْتُ	//	المائدة:110
عَلِمْتُمْ [5]	تم جانتے ہو	//	جمع مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِلْتُمْ	//	النور:33
عَلَّمْتُمْ [1]	جو تم سدھاؤ	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْتُمْ	//	المائدة:4
عُلِّمْتُمْ [1]	سکھایا گیا تم کو	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِّلْتُمْ	//	الأنعام:91
عَلِمْتُمُوهُنَّ [1]	تم جان لو ان کو	فعل ماضی معلوم	//	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِلْتُمْ	عَلِمْتُمْ ❷	الممتحنة:10
عَلَّمْتَنَا [2]	تو نے سکھایا ہم کو	//	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْتَ	×	البقرة:32
عَلِمْنَا [6]	ہم کو معلوم ہوا	//	جمع متکلم	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِلْنَا	//	يوسف:51
عُلِّمْنَا [1]	ہمیں سکھائی گئی	فعل ماضی مجہول	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلْنَا	//	النمل:16
عَلَّمْنَاهُ [4]	ہم نے علم سکھایا ان کو	فعل ماضی معلوم	//	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	يوسف:68
عَلِمُوا [2]	انہوں نے جان لیا	//	جمع مذکر غائب	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِلُوا	//	البقرة:102
عَلَوْا [1]	وہ غالب آئیں	//	//	نصر	//	ناقص واوی	ع ل و	فَعَوْا	عَلَوُوْا ❸	بنی اسرائیل:7
عُلُوًّا [4]	بلند ہونا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعُوْلًا	عُلُوْوًا ❹	بنی اسرائیل:43
عَلَيَّ [1]	مجھ پر	مرکب ہے	//	×	×	×	×	×	عَلٰى یَ ❺	النساء:72
عَلِيٌّ [11]	بلند	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ع ل و	فَعِيْلٌ	عَلِيْوٌ ❻	الشورى:51
الْعُلْيَا [1]	//	اسم تفضیل	واحد مؤنث	//	//	//	//	فُعْلٰى	عُلْوَا ❼	التوبة:40
عَلَيْكَ [57]	آپ پر	مرکب ہے	×	×	×	×	×	×	عَلٰى كَ ❽	البقرة:252
عَلِيْمٌ [162]	خوب جانتا ہے	اسم مبالغہ	واحد مذکر	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ع ل م	فَعِيْلٌ	×	البقرة:29

❶ تاء اصل میں ساکن تھی، اس کو آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے کسرہ دے دیا۔ ❷ تُم کے بعد هُنَّ ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ)۔ ❸ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ❹ دو ہم جنس حرف واؤ ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یا یہ باب تفاعل سے اسم مصدر ہے، لفظ ﴿عُلُوًّا﴾ قرآن مجید میں درج ذیل تین معانی کے لیے استعمال ہوا ہے: ① بلند ہونا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، ② اس کے معنی سرکش ہونا بھی ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ بنی اسرائیل:4 میں ہے ﴿لَتَعْلُنَّ عُلُوًّا﴾ "تم ضرور سرکشی کرو گے سرکشی کرنا" ③ تکبر، جیسا کہ سورة النمل :14 میں ہے ﴿عُلُوًّا﴾ "تکبر"۔ ❺ عَلٰى حرف جر اور یائے متکلم ضمیر مجرور متصل ہے، دو یاء جمع ہونے سے پہلی یاء کا دوسری میں ادغام کر دیا۔ ❻ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)، بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے۔ ❼ فُعْلٰی اسمی کے لام کلمہ میں واؤ واقع ہوئی وہ یاء ہو گئی (قاعدہ: دُنْيَا)، یہ ناقص واوی اور ناقص یائی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، جب یہ ناقص واوی ہو تو باب نصر اور جب ناقص یائی ہو تو باب ضرب اور سمع آتا ہے۔ ❽ عَلٰى حرف جر اور كَ ضمیر مجرور متصل ہے۔ اسی طرح عَلَيْكُمْ (البقرة:40) عَلَيْكُمَا (الرحمٰن:35)، عَلَيْهِ (البقرة:37)، عَلَيْهَا (البقرة:142)، عَلَيْهِمْ (الفاتحة:7)، عَلَيْهِمَا (البقرة:229)، عَلَيْهِنَّ (البقرة:228) یہ سب عَلٰى حرف جر اور ضمیر مجرور متصل سے مرکب ہیں۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عِلِّيُّوْنَ [1]	بہت ہی اونچے لوگوں (کے دفتر)	صفت مشبہ	ملحق جمع مذکر سالم	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ع ل و	فِعِّيلُوْنَ	عِلِّيُوُوْنَ ❶	المطففين:19
عِلِّيِّيْنَ [1]	//	//	//	//	//	//	//	فِعِّيلِيْنَ	عِلِّيُوِيْنَ ❷	المطففين:18
عَمَّ [1]	کس چیز کے بارے میں	یہ مرکب ہے	×	×	×	×	×	×	عَنْ مَا ❸	النبأ:1
عَمًى [1]	اندھاپن	(اسم) مصدر	//	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ع م ی	فَعًا	عَمَيٌ ❹	حم السجدة:44
الْعَمٰى	اندھے رہنے کو	//	//	//	//	//	//	فَعَلَ	عَمَيَ ❺	حم السجدة:17
عَمَّا [47]	اس سے جو	یہ مرکب ہے	//	×	×	×	×	×	عَنْ+مَا ❻	البقرة:74
عَمّٰتِكَ [3]	تیری پھوپھیوں	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	//	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ع م م	فَعْلَاتِ	عَمْمَاتِ ❼	الأحزاب:50
الْعِمَادِ [1]	ستونوں	//	جمع مکسر	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ع م د	فِعَالِ	× ❽	الفجر:7
عِمَارَةَ [1]	آباد کرنے	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	//	ع م ر	فِعَالَةَ	×	التوبة:19
عَمَدٍ [3]	ستونوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ع م د	فَعَلٍ	× ❾	الرعد:2
عُمُرًا [7]	عمر	//	واحد مذکر	//	//	//	ع م ر	فُعُلًا	×	يونس:16
عِمْرَانَ [3]	عمران	//	//	//	ملحق برباعی مزید فیہ	//	//	فِعْلَانَ	× ❿	آل عمران:33
الْعُمْرَةَ [2]	عمرہ	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مجرد	//	//	فُعْلَةَ	× ⓫	البقرة:196
لَعَمْرُكَ [1]	تیری عمر کی قسم	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعْلُ	×	الحجر:72
عَمَرُوْهَا [2]	آباد کیا ہے اس کو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	نصر	//	//	//	فَعَلُوْ	//	الروم:9
عَمِّكَ [1]	تیرے چچا کی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	مضاعف ثلاثی	ع م م	فَعْلِ	عَمْمِ ⓬	الأحزاب:50
عَمِلَ [19]	اس نے عمل کیے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	صحیح	ع م ل	فَعِلَ	×	البقرة:62
عَمَلٌ [30]	عمل	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعَلٌ	× ⓭	التوبة:120

❶ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)، یہ اس کی رفعی حالت ہے، یہ مشابہ جمع مذکر سالم ہے، اس کے معنی ہیں بلند درجہ یا مقام کے لوگ، یا یہ مفرد ہے، اور یہاں یہ اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، اس کے معنی علّیین کے ہیں، یہ جنت کے ایک اعلیٰ مقام کا نام ہے یا یہ ساتویں آسمان پر ایک جگہ ہے جہاں نیک لوگوں کی روحیں اور ان کے اعمال نامے محفوظ ہوتے ہیں۔ ❷ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، اس کی مزید وضاحت اوپر عِلِّيُّوْنَ میں دیکھیں۔ ❸ یہ دو کلمے ہیں، عَنْ حرف جر اور مَا استفہامیہ ہے، جب اس سے پہلے حرف جر عَنْ آیا تو مَا کا الف گر گیا، دو قریب المخرج حرف نون اور میم جمع ہوئے تو نون کو میم سے بدل کر میم میں ادغام کر دیا، الف اس لیے گرا ہے تاکہ ما استفہامیہ اور ما موصولہ وغیرہ میں فرق ہو جائے۔ ❹ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ❺ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❻ یہ دو کلمے ہیں: عَنْ حرف جر اور مَا اسم موصول ہے، دو قریب المخرج حرف نون اور میم جمع ہوئے تو نون کو میم سے بدل کر میم میں ادغام کر دیا، کبھی مَا زائدہ بھی ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ المؤمنون :40 میں ہے ﴿عَمَّا قَلِيْلٍ﴾ یہاں ما زائدہ ہے۔ ❼ دو ہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، م: عَمَّةٌ۔ ❽ م: عِمَادَةٌ اور بعض کے نزدیک عِمَادٌ مفرد ہے، اس کی جمع عُمُدٌ آتی ہے۔ ❾ م: عَمُوْدٌ و عِمَادٌ۔ ❿ یہ ملحق بقِرْطَاس ہے، یہ علمیت اور الف و نون زائدتان کی وجہ سے غیر منصرف ہے، بعض کے نزدیک یہ عجمی علم ہے، جو علمیت اور عجمہ کی بناء پر غیر منصرف ہے، اس نام کے دو شخص گزرے ہیں ایک حضرت موسیٰ اور ہارون علیہم السلام کے والد اور دوسرے مریم علیہا السلام کے والد۔ ⓫ حج اصغر کے مخصوص افعال کا نام عمرہ ہے، یعنی میقات سے احرام باندھ کر خانہ کعبہ کا طواف، صفا و مروہ کی سعی اور حلق کروانا، اس کی ادائیگی کے لیے کوئی مخصوص دن نہیں بلکہ کسی وقت بھی عمرہ کیا جا سکتا ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ⓬ دو ہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: اَعْمَامٌ و عُمُوْمَةٌ۔ ⓭ ج: اَعْمَالٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عَمِلَتْ [6]	عمل کیے ہوں گے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	سمع	ثلاثی مجرد	صحیح	ع م ل	فَعِلَتْ	×	آل عمران:30
عَمِلْتُمْ [1]	تم جو عمل کرتے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِلْتُمْ	//	التغابن:7
عَمِلُوْا [73]	انہوں نے عمل کیے اچھے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلُوْا	//	البقرة:25
عَمُوْا [2]	اندھے ہو گئے	//	//	//	//	ناقص یائی	ع م ی	فَعُوْا	عَمِيُوْا ❶	المائدة:71
عَمُوْنَ [1]	وہ اندھے	صفت مشبہ	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَعُوْنَ	عَمِيُوْنَ ❷	النمل:66
عَمًى [1]	اندھا پن	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعًا	عَمَيٌ ❸	حم السجدة:44
عَمِيَ [1]	اندھا رہا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلَ	×	الأنعام:104
عُمْيٌ [7]	اندھے	صفت مشبہ	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعْلٌ	× ❹	البقرة:18
عُمْيَانًا [1]	اندھے بن کر	//	//	//	//	//	//	فُعْلَانًا	//	الفرقان:73
فَعَمِيَتْ [1]	تو پوشیدہ ہو جائیں گی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعِلَتْ	× ❺	القصص:66
فَعُمِّيَتْ [1]	پس وہ پوشیدہ رکھی گئی	فعل ماضی مجہول	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	× ❻	هود:28
عَمِيْقٍ [1]	دور دراز والے	صفت مشبہ	واحد مذکر	ک،س	ثلاثی مجرد	صحیح	ع م ق	فَعِيْلٍ	×	الحج:27
عَمِيْنَ [1]	اندھے	//	جمع مذکر سالم	سمع	//	ناقص یائی	ع م ی	فَعِيْنَ	عَمِيِيْنَ ❼	الأعراف:64
عَنْ [223]	سے	حرف جر	×	×	×	×	×	×	× ❽	هود:53
عَنَّا [11]	ہم سے	مرکب ہے	//	//	//	//	//	//	عَنْ نَا ❾	البقرة:286
عِنَبٍ [2]	انگوروں	اسم جامد	اسم جنس جمعی	//	ثلاثی مجرد	صحیح	ع ن ب	فِعَلٍ	× ❿	بنی اسرائیل:91
الْعَنَتَ [1]	بدکاری میں پڑنے	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	ع ن ت	فَعَلَ	× ⓫	النساء:25
عَنَتِ [1]	جھک جائیں گے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	//	ناقص واوی	ع ن و	فَعَتِ	عَنَوَتْ ⓬	طٰه:111
عَنِتُّمْ [3]	تم تکلیف میں پڑے	//	جمع مذکر حاضر	سمع	//	صحیح	ع ن ت	فَعِلْتُمْ	عَنِتْتُمْ ⓭	آل عمران:118
عِنْدَ [97]	پاس	اسم جامد	×	×	//	//	ع ن د	فِعْلَ	× ⓮	البقرة:54
عُنُقِكَ [2]	اپنی گردن	//	واحد مذکر	//	//	//	ع ن ق	فُعُلٍ	× ⓯	بنی اسرائیل:29

❶ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❷ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی، یہ اس کی رفعی حالت ہے، م: عَمٍ یہ اصل میں عَمِيٌ تھا۔ ❸ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ❹ م: أَعْمٰی۔ ❺ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ عَلَیْهِ وعَنْه الْأَخْبَارُ والْأُمُوْرُ وغیرہ ہو۔ ❻ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ عَلٰی ہو۔ ❼ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء جمع ہونے سے ایک یاء کو گرا دیا (قاعدہ: تَرْمِیْنَ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: عَمٍ یہ اصل میں عَمِيٌ تھا۔ ❽ یہ حرف جر کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے، مثلاً تجاوز، بمعنی باء، بدل، بمعنی مِنْ اور تعلیل وغیرہ، مذکورہ بالا آیت میں تعلیل کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ ❾ عَنْ حرف جر اور نَا ضمیر مجرور متصل ہے، پھر دو نون جمع ہونے سے پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کر دیا۔ ❿ م: عِنَبَةٌ، ج: أَعْنَابٌ۔ ⓫ اس کے اصل معنی ہیں "مشقت میں پڑنا" اور مجازی طور پر اس کے معنی "زنا" بھی کیے جاتے ہیں۔ ⓬ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف گر گیا، تاء اصل میں ساکن تھی آگے ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ⓭ دو ہم جنس حرف ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ⓮ اسم ظرف مکان اور زمان دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، یہ ہمیشہ ظرف کے طور پر منصوب ہو کر استعمال ہوتا ہے یا مِنْ کے ساتھ مجرور ہو کر استعمال ہوتا ہے۔ ⓯ بعض علماء کے نزدیک جب اس کے نون پر ضمہ آئے تو مؤنث اور جب ساکن ہو تو یہ مذکر ہوتا ہے، ج: أَعْنَاقٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عَنْكَ	آپ سے	×	×	×	×	×	×	×	× ❶	البقرة:120
اَلْعَنْكَبُوْتِ [2]	مکڑی	اسم جامد	اسم جنس	//	رباعی مزید فیہ	صحیح	ع ن ك ب	فَعْلَلُوْتِ	× ❷	العنكبوت:41
عَنِيْدٍ [4]	ضدی	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ع ن د	فَعِيْلٍ	× ❸	هود:59
عَهِدَ [3]	اس نے عہد کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	//	ع ہ د	فَعِلَ	× ❹	الأعراف:134
عَهْدٌ [29]	عہد	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلٌ	× ❺	التوبة:7
عَهِدْنَا [2]	ہم نے تاکید کیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعِلْنَا	× ❻	البقرة:125
كَالْعِهْنِ [2]	(اڑی ہوئی) اون کی طرح	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	//	ع ہ ن	فِعْلِ	× ❼	المعارج:9
عَوَانٌ [1]	جوان	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	//	اجوف واوی	ع و ن	فَعَالٌ	× ❽	البقرة:68
عِوَجًا [9]	نقص	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	ع و ج	فِعَلًا	×	ال عمرٰن:99
عَوْرٰتٍ [2]	پردے (کے وقت)	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	//	//	ع و ر	فَعْلَاتٍ	× ❾	النور:58
عَوْرَةٌ [2]	غیر محفوظ	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعْلَةٌ	× ❿	الأحزاب:13
عُوْقِبَ [1]	اس کو سزا دی گئی ہو	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ع ق ب	فُوْعِلَ	عُاقِبَ ⓫	الحج:60
عُوْقِبْتُمْ [1]	تم کو نقصان پہنچایا گیا ہو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فُوْعِلْتُمْ	عُاقِبْتُمْ ⓫	النحل:126
عِيْدًا [1]	عید	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ع و د	فِعْلًا	عِوْدًا ⓬	المائدة:114
اَلْعِيْرُ [3]	قافلہ	//	//	//	//	اجوف یائی	ع ی ر	فِعْلُ	× ⓭	يوسف:70
عِيْسٰى [25]	عیسیٰ علیہ السلام	//	//	//	//	//	ع ی س	فِعْلٰى	× ⓮	البقرة:136
عِيْشَةٍ [2]	زندگی	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	//	ع ی ش	فِعْلَةٍ	×	الحاقة:21
عَيْلَةً [1]	فقری	//	//	//	//	//	ع ی ل	فَعْلَةً	//	التوبة:28

❶ عَنْ حرف جار اور كَ ضمیر مجرور متصل ہے، اسی طرح عَنْكُمْ (البقرة: 52)، عَنْهُ (النساء: 31)، عَنْهُمْ (البقرة: 86)، عَنْهُمَا (النساء: 16)، عَنِّي (البقرة: 186) یہ سب حرف جار اور ضمیر مجرور متصل ہیں۔ ❷ یہ واحد، جمع اور مذکر و مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے، ج: عَنَاكِبُ و عَنَاكِيْبُ و عَنْكَبُوْتَاتٌ ،بعض اس کے نون کو زائد مانتے ہیں اور اس کا وزن فَنْعَلُوْتٌ بناتے ہیں۔ ❸ یا یہ بمعنی مُفَاعِل یعنی مُعَانِد (مخالف) ہے، ج: عُنُدٌ ۔ ❹ لفظ ﴿ عَهِدَ ﴾ قرآن مجید میں درج ذیل دو معانی کے لیے استعمال ہوا ہے: ① عہد کرنا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، ② تاکید کرنا، جیسا کہ سورۃ ال عمرٰن: 183 میں ہے ﴿ اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَا ﴾ ''بے شک اللہ نے ہمیں تاکید کی ہے''۔ ❺ ج: عُهُوْدٌ، یا یہ باب مفاعلہ کا اسم مصدر ہے۔ ❻ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ ''عَلٰی'' ہو۔ ❼ ج: عُهُوْنٌ ۔ ❽ ج: عُوْنٌ جو اصل میں عُوُنٌ تھا۔ ❾ لفظ ﴿ عَوْرٰت ﴾ قرآن مجید میں درج ذیل دو معانی کے لیے استعمال ہوا ہے: ① پردے کے وقت، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، ② پردے کی باتیں، جیسا کہ سورۃ النور: 31 میں ہے ﴿عَوْرٰتِ النِّسَاءِ ﴾ ''عورتوں کی پردے کی باتوں''، م: عَوْرَةٌ ۔ ❿ اس کے معنی ہیں ہر وہ مکان جس میں ایسا شگاف ہو کہ اس سے دشمن کے گھس آنے کا خوف ہو، یہ اصل میں باب افعال سے صفت مشبہ ہے، ج: عَوْرَاتٌ ۔ ⓫ ماضی مجہول بناتے وقت پہلے حرف کو ضمہ دیا تو الف ضمہ کے بعد واقع ہو کر واؤ سے بدل گیا (قاعدہ: ضُوْرِبَ)۔ ⓬ واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: مِيْزَانٌ)، ج: أَعْيَادٌ ، اس کی جمع واحد کے لفظ پر اَعْيَادٌ آتی ہے تاکہ جس طرح واحد میں یاء لازمی ہے تو اس میں بھی لازمی رہے، یا اس لیے کہ عُوْدٌ کی جمع اَعْوَادٌ کے ساتھ التباس نہ ہو۔ ⓭ ﴿ اَلْعِيْرُ ﴾ سے مراد یہاں اَصْحَابُ الْعِيْرِ یعنی قافلے والے ہیں۔ ⓮ بعض کے نزدیک یہ اجوف واوی عَوْسٌ سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں ''سیاست اور قیادت''، اور بعض کے نزدیک یہ عجمی اسم ہے، کسی سے مشتق نہیں ہے، یہ علمیت اور عجمہ کی بناء پر غیر منصرف ہے، یہ بنی اسرائیل کے آخری مشہور پیغمبر ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے انجیل کو نازل فرمایا تھا، یہ بغیر باپ کے حضرت مریم علیہا السلام کے بطن سے پیدا ہوئے، ان کو زندہ آسمان پر اٹھا لیا گیا، قیامت سے کچھ عرصہ قبل یہ زمین پر تشریف لائیں گے، شریعت محمدی ﷺ کا پرچار کریں گے اور وفات کے بعد سیدنا محمد ﷺ کے پہلو میں دفن ہوں گے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
عَيْنٍ [18]	آنکھ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ع ی ن	فَعْلٍ	× ❶	القصص:9
عِيْنٌ [4]	موٹی آنکھوں والی عورتیں	صفت مشبہ	جمع مکسر	سمع	//	//	//	فُعْلٌ	عُيْنٌ ❷	الصافات:48
عَيْنَاكَ [2]	تیری آنکھیں	اسم جامد	تثنیہ مؤنث	×	//	//	//	فَعْلَا	عَيْنَانِ ❸	الکہف:28
عَيْنَانِ [3]	دو چشمے	//	//	//	//	//	//	فَعْلَانِ	× ❹	الرحمٰن:50
عَيْنَيْكَ [2]	اپنی آنکھیں	//	//	//	//	//	//	فَعْلَيْ	عَيْنَيْنِ ❺	الحجر:88
عَيْنَيْنِ [1]	دو آنکھیں	//	//	//	//	//	//	فَعْلَيْنِ	× ❻	البلد:8
عُيُوْنٍ [10]	چشموں	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُوْلٍ	× ❼	الحجر:45
فَعَيِيْنَا [2]	بھلا ہم تھک گئے ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	سمع	//	لفیف مقرون ومضاعف ثلاثی	ع ی ی	فَعِلْنَا	×	ق:15

❶ لفظ ﴿عَيْن﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① آنکھ جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② چشمہ، جیسا کہ سورۃ الغاشیۃ:12 میں ہے ﴿عَيْنٌ﴾ ایک چشمہ، ج: أَعْيُنٌ وعُيُونٌ۔ یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد اَفْعَلُ فَعْلَاءُ صفتی کی جمع میں واقع ہوئی تو ضمہ کو وجوبًا کسرہ سے بدل دیا (قاعدہ: حِيْكَىٰ)، م: عَيْنَاءُ۔ ❷ اضافت کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے، م: عَيْنٌ۔ ❸ یہ اس کی رفعی حالت ہے، م: عَيْنٌ، ج: اَعْيُنٌ وعُيُونٌ۔ ❹ اضافت کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: عَيْنٌ، ج: اَعْيُنٌ وعُيُونٌ۔ ❺ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: عَيْنٌ، ج: اَعْيُنٌ وعُيُونٌ۔ ❻ م: عَيْنٌ۔

باب الغین (غ)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
غَائِبَةٍ [1]	کوئی غائب چیز	اسم فاعل	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	غ ی ب	فَاعِلَةٍ	غَایِبَةٍ ❶	النمل:75
غَائِبِينَ [1]	غائب	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	غَايِبِيْنَ ❷	الأعراف:7
الْغَائِطِ [2]	قضائے حاجت	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	غ و ط	فَاعِلِ	غَاوِطِ ❸	النساء:43
لَغَائِظُوْنَ	ضرور غصہ دلانے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	غ ی ظ	فَاعِلُوْنَ	غَايِظُوْنَ ❹	الشعراء:55
الْغَابِرِيْنَ [7]	پیچھے رہ جانے والوں	//	//	نصر	//	صحیح	غ ب ر	فَاعِلِيْنَ	× ❺	الأعراف:83
الْغَارِ [1]	غار ثور	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	اجوف واوی	غ و ر	فَعَلِ	غَوَرِ ❻	التوبة:40
الْغَارِمِيْنَ [1]	قرض داروں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	سمع	//	صحیح	غ ر م	فَاعِلِيْنَ	× ❺	التوبة:60
غَاسِقٍ [1]	اندھیری رات	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	غ س ق	فَاعِلٍ	× ❼	الفلق:3
غَاشِيَةٌ [2]	ڈھانپ لینے والا	اسم فاعل	واحد مؤنث	سمع	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	غ ش ی	فَاعِلَةٌ	×	یوسف:107
غَافِرِ [1]	معاف کرنے والا	//	واحد مذکر	ضرب	//	صحیح	غ ف ر	فَاعِلِ	//	المؤمن:3
الْغَافِرِيْنَ [1]	بخشنے والوں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❺	الأعراف:155
غَافِلًا [10]	غافل	//	واحد مذکر	نصر	//	//	غ ف ل	فَاعِلًا	×	ابراھیم:42
الْغَافِلَاتِ [1]	بے خبر	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَاعِلَاتِ	//	النور:23
غَافِلُوْنَ [8]	//	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× ❽	الأنعام:131
غَافِلِيْنَ [6]	وہ غافل	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❾	الأعراف:136
غَالِبٌ [3]	غالب ہوگا	//	واحد مذکر	ضرب	//	//	غ ل ب	فَاعِلٌ	×	یوسف:21
غَالِبُوْنَ [6]	غالب ہو	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× ❽	المائدة:23
غَالِبِيْنَ [4]	غالب رہے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❾	الأعراف:113
الْغَاوُوْنَ [1]	گمراہ لوگ	//	//	//	//	لفیف مقرون	غ و ی	فَاعُوْنَ	غَاوِيُوْنَ ❿	الشعراء:224
غَاوِيْنَ [3]	//	//	//	//	//	//	//	فَاعِيْنَ	غَاوِيِيْنَ ⓫	الصافات:32
غَبَرَةٌ [1]	غبار	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	صحیح	غ ب ر	فَعَلَةٌ	×	عبس:40

❶ یاء فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)، اس کے آخر میں تاء مبالغہ کی ہے، مؤنث کی نہیں، بعض کے نزدیک یہ تاء مصدر یہ ہے، جیسے: عَاقِبَةٌ میں ہے۔ ❷ یاء فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❸ واؤ فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)، ﴿الْغَائِطِ﴾ کے معنی ہیں ''کشادہ نشیبی زمین'' یہ لفظ کنایۃً پاخانہ کرنے کی جگہ اور پاخانہ کے لیے استعمال ہوتا ہے، ج: غُوطٌ وغِيَاطٌ۔ ❹ یاء فَاعِل کے عین کلمہ میں واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❺ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، ﴿الْغَارِ﴾ پر الف لام عہد خارجی کا ہے، یہ مکہ سے تقریباً تین میل دور ثور پہاڑ کے بالائی حصہ پر ایک غار ہے، جو غار ثور کے نام سے مشہور ہے، نبی ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مکہ سے ہجرت کے وقت سب سے پہلے اس غار میں قیام فرمایا تھا، ج: غِيْرَانٌ۔ ❼ یہ اصل میں باب ضَرَبَ سے واحد مذکر اسم فاعل ہے۔ ❽ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❾ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❿ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ⓫ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء جمع ہونے سے ایک یاء کو گرا دیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
غُثَاءً [2]	خس وخاشاک	//	اسم جنس	//	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	غ ث و	فُعَالًا	غُثَاوًا ❶	المؤمنون:41
غَدًا [4]	کل	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	//	غ د و	فَعًا	غَدَوًا ❷	یوسف:12
غَدَاءَ نَا [1]	ہمارا ناشتہ	//	//	//	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَالَ	غَدَاوَ ❸	الکھف:62
بِالْغَدَاةِ [1]	صبح	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلَة	غَدَوَة ❹	الأنعام:52
غَدَقًا [1]	وافر	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	//	صحیح	غ د ق	فَعَلًا	× ❺	الجن:16
غَدَوْا [1]	وہ صبح سویرے نکلے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	نصر	//	ناقص واوی	غ د و	فَعَوْا	غَدَوُوْا ❻	القلم:25
غُدُوًّا [1]	صبح	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	//	فُعُوْلًا	غُدُوْوًا ❼	المؤمن:46
غَدَوْتَ [1]	آپ صبح کو نکلے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	//	//	فَعَلْتَ	×	آل عمران:121
غُدُوُّهَا [1]	اس کا صبح کا چلنا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعُوْلُ	غُدُوْوُ ❽	سبا:12
غَرَّ [1]	دھوکے میں ڈال دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	مضاعف ثلاثی	غ ر ر	فَعَلَ	غَرَرَ ❾	الأنفال:49
غُرَابًا [2]	کوا	اسم جامد	اسم جنس	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	غ ر ب	فُعَالًا	× ❿	المائدۃ:31
غَرَابِيْبُ [1]	بہت گہرے	//	جمع مکسر	//	ملحق رباعی مزید فیہ	مضاعف رباعی	غ ر ب	فَعَالِيْلُ	× ⓫	فاطر:27
غَرَامًا [1]	ہمیشہ چمٹنے والا	اسم مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	غ ر م	فَعَالًا	× ⓬	الفرقان:65
غَرَبَتْ [1]	وہ غروب ہوگیا	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	ثلاثی مجرد	//	غ ر ب	فَعَلَتْ	×	الکھف:17
الْغَرْبِيِّ [1]	مغربی	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعْلِيّ	× ⓭	القصص:44
غَرْبِيَّةٍ [1]	غربی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعْلِيَّة	//	النور:35
غَرَّتْهُمْ [5]	دھوکے میں ڈالا ان کو	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	//	مضاعف ثلاثی	غ ر ر	فَعَلَتْ	غَرَرَتْ ❾	الأنعام:70
غُرَفٌ [33]	اونچے اونچے محلات	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	غ ر ف	فُعَلٌ	× ⓮	الزمر:20
الْغُرُفَاتِ [1]	بالائی منزلوں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فُعُلَاتِ	//	سبا:37
غُرْفَةً [2]	ایک چلو	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فُعْلَةً	× ⓯	البقرۃ:249
الْغَرَقُ [1]	غرق ہونے	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	غ ر ق	فَعَلُ	×	یونس:90
غَرْقًا [1]	ڈوب کر	//	//	//	//	//	//	فَعْلًا	//	النازعات:1

❶ واؤ اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)، م: غُثَاءَ ةٌ، ج: اَغْثَاءٌ و أَغْثِيَةٌ و غِثْيَانٌ۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ❸ واؤ اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)، ج: اَغْدِيَةٌ ۔ ❹ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، ج: غَدَوَاتٌ۔ ❺ یہ اسم مبالغہ بھی ہو سکتا ہے۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ❼ دو ہم جنس حرف واؤ ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، م: غُدْوَةٌ ۔ ❽ دو ہم جنس حرف واؤ ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یا یہ باب نصر سے مصدر ہے۔ ❾ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے راء کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❿ ج: اَغْرُبٌ و اَغْرِبَةٌ و غِرْبَانٌ و غُرْبٌ۔ ⓫ م: غِرْبِيْبٌ، یہ ملحق بقِنْدِيْل ہے۔ ⓬ یہ مصدر بمعنی وصف فَعِيْل بمعنی فاعل ہے یا یہ مصدر بمعنی مُغْرَم یعنی مُلْزَم (لازم کیا گیا) ہے۔ ⓭ یہ غَرْبٌ کی طرف منسوب اسم ہے، شش اقسام میں یائے نسبت کا لحاظ نہیں کیا جاتا ہے۔ ⓮ م: غُرْفَةٌ ۔ ⓯ یہ اصل میں باب ضرب سے مصدر بمعنی مفعول ہے، لفظ ﴿ غُرْفَة ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① ایک چلو، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، ج: غِرَافٌ ② بالا خانہ، جیسا کہ سورۃ الفرقان:75 میں ہے ﴿أُولَٰئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ﴾ ''ان لوگوں کو بالا خانہ دیا جائے گا''، یہاں یہ بطور اسم جنس کے استعمال ہوا ہے، ج: غُرَفٌ و غُرُفَاتٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
الْغُرُوْبِ [2]	غروب	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	غ ر ب	فُعُوْلِ	×	ق:39
غُرُوْرًا [9]	دھوکے والا	//	//	//	//	مضاعف ثلاثی	غ ر ر	فُعُوْلًا	× ❶	النساء:120
الْغَرُوْرُ [3]	فریب دینے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعُوْلُ	× ❷	لقمان:33
غَزْلَهَا [1]	اپنے کاتے ہوئے سوت کو	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	صحیح	غ ز ل	فَعْلَ	× ❸	النحل:92
غُزًّى [1]	لڑنے والے	اسم فاعل	جمع مکسر	نصر	//	ناقص واوی	غ ز و	فُعًّا	غُزَّوًا ❹	ال عمرٰن:156
غَسَّاقٌ [2]	پیپ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	غ س ق	فَعَّالٌ	× ❺	صٓ:57
غَسَقِ [1]	اندھیرے	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلِ	×	بنی اسرائیل:78
غِسْلِيْنٍ [1]	پیپ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	غ س ل	فِعْلِيْنٍ	//	الحاقة:36
غَشّٰى [1]	چھا گیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	//	ناقص واوی	غ ش و	فَعَّلَ	غَشَّوَ ❻	النجم:54
غِشَاوَةٌ [2]	پردہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	فِعَالَةٌ	× ❼	البقرة:7
فَغَشّٰهَا [1]	پھر اس کو ڈھانپ لیا اس نے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	//	//	//	فَعَّلَ	غَشَّوَ ❽	النجم:54
غَشِيَهُمْ [3]	انہیں ڈھانپ لیا	//	//	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِلَ	غَشِوَ ❾	طه:78
غَصْبًا [1]	زبردستی	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	صحیح	غ ص ب	فَعْلًا	×	الكهف:79
غُصَّةٍ [1]	گلے میں پھنسنے والا	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	مضاعف ثلاثی	غ ص ص	فُعْلَةٍ	غُصْصَةٍ ❿	المزمل:13
غَضَبٌ [14]	غضب	(اسم) مصدر	×	سمع	//	صحیح	غ ض ب	فَعَلٌ	×	الأعراف:71
غَضِبَ [5]	غضبناک ہوگا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلَ	//	النساء:93
غَضْبَانَ [2]	غصہ سے بھرا ہوا	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعْلَانَ	× ⓫	الأعراف:150
غَضِبُوْا [1]	غصے ہوجاتے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلُوْا	×	الشورى:37
غِطَاءٍ [2]	پردہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	غ ط و	فِعَالٍ	غِطَاوٍ ⓬	الكهف:101
غَفَّارًا [5]	بہت بخشنے والا	اسم مبالغہ	//	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	غ ف ر	فَعَّالًا	×	نوح:10
غَفَرَ [3]	معاف کردیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	//	یسٓ:27
غُفْرَانَكَ [1]	بخشش ہے تیری	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعْلَانَ	//	البقرة:285
فَغَفَرْنَا [1]	پس ہم نے معاف کردیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	صٓ:25
غَفْلَةٍ [5]	غفلت	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	غ ف ل	فَعْلَةٍ	//	مریم:39
غَفُوْرٌ [91]	خوب بخشنے والا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	ضرب	//	//	غ ف ر	فَعُوْلٌ	//	البقرة:173

❶ یا یہ اسم مبالغہ ہے۔ ❷ بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے۔ ❸ یہ مصدر بمعنی مفعول بھی ہوسکتا ہے۔ ❹ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، پھر دوساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف کو گرادیا، م: غَازٍ (الْغَازِی) ۔ ❺ یہ اصل میں باب ضرب سے اسم مبالغہ ہے، پھر اسم جامد کے طور پر استعمال ہونے لگا۔ ❻ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ:یرضی)، یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❼ یہ فِعَالَةٌ کے وزن پر اسم آلہ ہے، وہ چیز جس سے کوئی چیز ڈھانکی جائے۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❾ واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہوکر یاء سے بدل گئی (قاعدہ:رَضِیَ)۔ ❿ دو ہم جنس حرف صاد ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ:مَدٌّ)، ج: غُصَصٌ ۔ ⓫ ج :غِضَابٌ۔ ⓬ واؤ اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوکر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ:دُعَاءٌ)، ج: اَغْطِيَةٌ ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
غِلٍّ 3	کینہ	(اسم)مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	غ ل ل	فِعْلٍ	غِلْلٍ ❶	الأعراف:43
غَلَّ 1	اس نے خیانت کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	//	//	فَعَلَ	غَلَلَ ❷	ال عمران:161
غِلَاظٌ 1	سخت دل	صفت مشبہ	جمع مکسر	کرم	//	صحیح	غ ل ظ	فِعَالٌ	× ❸	التحریم:6
غُلَامٌ 11	بچہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	غ ل م	فُعَالٌ	× ❹	ال عمران:40
لِغُلَامَيْنِ 1	بچوں کی	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فُعَالَيْنِ	× ❺	الکہف:82
غُلْبًا 1	گھنے	صفت مشبہ	جمع مکسر	سمع	ثلاثی مجرد	//	غ ل ب	فُعْلًا	× ❻	عبس:30
غَلَبَتْ 2	غالب آئی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	//	//	فَعَلَتْ	×	البقرة:249
غُلِبَتِ 1	مغلوب	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَتِ	غُلِبَتْ ❼	الروم:2
غَلَبِهِمْ 1	اپنے مغلوب ہونے کے	(اسم)مصدر	×	//	//	//	//	فَعَلِ	× ❽	الروم:3
غَلَبُوْا 1	غالب تھے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	×	الکہف:21
فَغُلِبُوْا 1	پس وہ مغلوب ہوگئے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلُوْا	//	الأعراف:119
غُلَّتْ 1	باندھے گئے	//	واحد مؤنث غائب	نصر	//	مضاعف ثلاثی	غ ل ل	فُعِلَتْ	غُلِلَتْ ❾	المائدة:64
غِلْظَةً 1	سختی و بہادری	(اسم)مصدر	×	کرم	//	صحیح	غ ل ظ	فِعْلَةً	×	التوبة:123
غُلْفٌ 2	غلافوں	صفت مشبہ	جمع مکسر	سمع	//	//	غ ل ف	فُعْلٌ	× ❿	البقرة:88
غَلَّقَتِ 1	بند کرلیے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	غ ل ق	فَعَّلَتِ	غَلَّقَتْ ❼	یوسف:23
غِلْمَانٌ 1	لڑکے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	غ ل م	فِعْلَانٌ	× ⓫	الطور:24
فَغُلُّوْهُ 1	پس اسے طوق پہنادو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	غ ل ل	اُفْعُلُوْا	اُغْلُلُوْ ⓬	الحاقة:30
كَغَلْيِ 1	کھولنے کی طرح	(اسم)مصدر	×	ضرب	//	ناقص یائی	غ ل ی	فَعْلِ	×	الدخان:46
غَلِيْظٌ 8	سخت	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	صحیح	غ ل ظ	فَعِيْلٌ	× ⓭	ابراهيم:17
غَمًّا 6	غم	(اسم)مصدر	×	نصر	//	مضاعف ثلاثی	غ م م	فَعْلًا	غَمْمًا ⓮	ال عمران:153

❶ دوہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:مَدٌّ)، یہ مجازی طور پر اسم کے معنی میں استعمال ہورہا ہے، غِلّ اس بغض اور کینہ کو کہتے ہیں جو سینے میں چھپا ہوا ہو۔ ❷ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے لام کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:مَدٌّ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر غُلُولًا ہو۔ ❸ م: غَلِيْظٌ۔ ❹ ج: غِلْمَانٌ و اَغْلِمَةٌ و غِلْمَةٌ۔ ❺ یہ اس کی جری حالت ہے،، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: غُلَامٌ، ج: غِلْمَانٌ و اَغْلِمَةٌ و غِلْمَةٌ۔ ❻ م: غَلْبَاءُ مفرد مذکر اَغْلَبُ آتا ہے، یہ اَفْعَلُ کے وزن پر صفت مشبہ اس لیے آئی ہے کہ اس میں عیب کے معنی پائے جاتے ہیں کیونکہ اس کے اصل معنی ہیں ''موٹی گردن والا ہونا۔ ❼ تاء اصل میں ساکن تھی، آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❽ یہاں یہ مصدر مجہول استعمال ہوا ہے، مصدر معلوم کے معنی غالب ہونا کے ہوتے ہیں۔ ❾ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے لام کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:مَدٌّ)، غُلَّتْ يَدُهٗ اِلٰى عُنُقِهٖ کے معنی بخیل ہونے کے ہیں۔ ❿ م: اَغْلَفُ۔ ⓫ م: غُلَامٌ۔ ⓬ یہ فعل مضارع صیغہ جمع مذکر حاضر معلوم تَغُلُّوْنَ سے بنا ہے، جو اصل میں تَغْلُلُوْنَ تھا، قاعدہ: يَمُدُّ سے تَغُلُّوْنَ بنا، اس سے امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرادیا، اس کا مابعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے، امر بناتے وقت آخر سے (جزم وقفی کی بناء پر) نون اعرابی گر گیا، بعض کے نزدیک یہ اصل سے بنا ہے، اس اعتبار سے یہ اصل میں اُغْلُلُوا بروزن اُفْعُلُوا تھا، قاعدہ يَمُدُّ سے جب دو متحرک ہم جنس حرف لام جمع ہوئے ان کا ماقبل ساکن ہے تو پہلے لام کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے لام کا دوسرے میں ادغام کردیا۔ فاء کلمہ متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں رہی وہ گر گیا، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مصدر غُلًّا ہو۔ ⓭ ج: غِلَاظٌ۔ ⓮ دوہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:مَدٌّ)، یہاں یہ مطلقاً اسم استعمال ہورہا ہے، ج: غُمُوْمٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَلْغَمَامَ [4]	بادل	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	غ م م	فَعَالَ	× ❶	البقرۃ:57
غُمَّةً [1]	پوشیدہ	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مجرد	//	//	فُعْلَةً	غُمْمَةٌ ❷	یونس:71
غَمَرَاتِ [1]	بے ہوشی میں ہوتے	//	جمع مؤنث سالم	//	//	صحیح	غ م ر	فَعَلَاتِ	× ❸	الأنعام:93
غَمْرَةٍ [3]	غفلت	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعْلَةٍ	× ❹	المؤمنون63
غَنَمَ [3]	بکریاں	//	اسم جنس	//	//	//	غ ن م	فَعَلُ	× ❺	الأنبیاء:78
غَنِمْتُمْ [2]	تم غنیمت حاصل کرو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	سمع	//	//	//	فَعِلْتُمْ	× ❻	الأنفال:41
غَنِيٌّ [20]	بے پروا	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	ناقص یائی	غ ن ی	فَعِيلٌ	غَنِيْيٌ ❼	البقرۃ:263
مَا۔غَوٰى [2]	نہ وہ بھٹکا	فعل ماضی منفی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	لفیف مقرون	غ و ی	فَعَلَ	غَوَيَ ❽	النجم:2
غَوَاشٍ [1]	لحاف ہوں گے	اسم فاعل	جمع مکسر	سمع	//	ناقص واوی	غ ش و	فَوَاعٍ	غَوَاشِوٌ ❾	الأعراف:41
غَوَّاصٍ [1]	غوطہ خور	اسم مبالغہ	واحد مذکر	نصر	//	اجوف واوی	غ و ص	فَعَّالٍ	×	صٓ:37
غَوْرًا [2]	بہت گہرا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	غ و ر	فَعْلًا	× ❿	الکہف:41
غَوْلٌ [1]	سردرد	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	غ و ل	فَعْلٌ	× ⓫	الصافات:47
لَغَوِيٌّ [1]	ضرور گمراہ	صفت مشبہ	//	ضرب	//	لفیف مقرون	غ و ی	فَعِيلٌ	غَوِيْيٌ ⓬	القصص:18
غَوَيْنَا [1]	ہم خود گمراہ	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	×	القصص:63
اَلْغَيِّ [3]	گمراہی	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلِ	غَوْيِ ⓭	البقرۃ:256

❶ م:غَمَامَةٌ اس کی جمع غَمَائِم بھی آتی ہے، غَمٌّ کے معنی ہیں کسی چیز کو ڈھانپنا، بادلوں کو غمام اس لیے کہتے ہیں کہ وہ سورج کی روشنی کو ڈھانپ لیتے ہیں۔ ❷ دوہم جنس حرف میم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:مَدٌّ) یہ مخفی اور مبہم کے معنی میں صفت مشبہ کے طور پر استعمال ہو رہا ہے ج: غُمَمٌ ۔ ❸ م:غَمْرَةٌ، یا یہ باب نصر کا مصدر ہے۔ ❹ ج:غُمَرٌ وغِمَارٌ وغَمَرَاتٌ، یا یہ باب نصر کا مصدر ہے ۔ ❺ بھیڑ، بکریاں، اس لفظ سے اس کا واحد نہیں ہے، واحد کے لیے شَاةٌ آتا ہے، اس لیے اسے جمع من غیر لفظہ کہتے ہیں، اس کا اطلاق عام طور پر بکریاں کے ریوڑ پر ہوتا ہے، ج:اَغْنَامٌ وغُنُومٌ ۔ ❻ مال غنیمت سے مراد وہ مال ہے جو مجاہدین، کافروں سے جنگ کے ذریعے حاصل کریں۔ ❼ دوہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:مَدٌّ) ، یہ اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، ج: اَغْنِيَاءُ، لفظ ﴿غَنِيٌّ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① بے پروا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② غنی، مال دار، جیسا کہ سورۃ النساء :6 میں ہے ﴿مَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ﴾ ''جو غنی ہو وہ بہت بچے'' ۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا(قاعدہ: قال) ۔ ❾ واؤ کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ:رَضِيَ)، لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء گر گئی(قاعدہ: رَضُوْا) ،تو یہ غَوَاشٍ ہوگیا، اس کے منصرف اور غیر منصرف ہونے میں اختلاف ہے، اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ اس میں بیک وقت دو صورتیں جمع ہو رہی ہیں، ایک تو اس کے آخر میں حرف علت یاء آنے کی وجہ سے تعلیل کی صورت بن رہی ہے، اور دوسری طرف اسباب منع صرف میں سے جمع منتھی الجموع کے وزن فَوَاعِل پر آنے کی وجہ سے یہ غیر منصرف ہے، اور منع صرف کا سبب مخفی ہے، اس لیے تعلیل مقدم ہوگی یعنی پہلے اس میں تعلیل کریں گے، تو یہ غَــوَاشٍ بنے گا، پھر اس کے غیر منصرف کے سبب وزن کا لحاظ کرتے ہوئے تنوین تمکن کو حذف کردیں گے، جب تنوین کو حذف کریں گے تو دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے یاء واپس آئے گی، جس سے ثقل پیدا ہوگا تو اس خدشہ کے پیش نظر یاء محذوفہ کے عوض تنوین عوض لے آئے، تو یہ غَوَاشٍ غیر منصرف ہی ہوگا، البتہ بعض کے نزدیک اس کے آخر میں تنوین تمکن ہی ہے، اس لیے یہ منصرف ہے، م :غَاشِيَةٌ ۔ ❿ یہ مصدر بمعنی فاعل ہے جو اسم مبالغہ کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، ج:اَغْوَارٌ وغِيرَانٌ ۔ ⓫ شراب سے پیدا ہونے والا سر درد یا نشہ، باب نصر کا مصدر بھی اسی طرح آتا ہے۔ ⓬ دوہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا(قاعدہ:مَدٌّ)، بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے۔ ⓭ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کردیا(قاعدہ: سَيِّدٌ)۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
غَيًّا [1]	غَیّ وادی	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	لفیف مقرون	غ و ی	فَعْلًا	غَوْيًا ❶	مریم:59
غَيَابَتِ [2]	گہرے	//	واحد مؤنث	//	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی	غ ی ب	فَعَالَتِ	× ❷	یوسف:10
غَيْبَ [49]	غیب (پوشیدہ چیز)	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلَ	× ❸	البقرة:33
غَيْثٍ [3]	بارش	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	غ ی ث	فَعْلٍ	× ❹	الحديد:20
غَيْرِ [147]	نہ	//	//	//	//	//	غ ی ر	فَعْلِ	× ❺	الفاتحة:7
غِيضَ [1]	خشک کردیا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	ضرب	//	//	غ ی ض	فِعْلَ	غُيِضَ ❻	هود:44
غَيْظَ [6]	غصہ	(اسم) مصدر	×	//	//	//	غ ی ظ	فَعْلَ	× ❼	التوبة:15
الْغُيُوْبِ [4]	غیبوں	//	جمع مکسر	//	//	//	غ ی ب	فُعُوْلِ	× ❽	المائدة:109

❶ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)۔ یہ جہنم کی ایک وادی کا نام ہے، لیکن صحیح بات یہ ہے کہ یہاں بھی غَيًّا باب ضرب کا مصدر ہے، لیکن یہاں غَیّ کے معنی ہلاکت ہیں کیونکہ غیّ یعنی گمراہی، ہلاکت کا سبب بنتی ہے، اس لیے یہاں سبب بول کر مراد مسبب ہے۔ ❷ الحسن نے اسے غَيَبَةَ پڑھا ہے اس میں احتمال ہے کہ یہ غَلَبَة کی طرح مصدر ہو یا غَائِب کی جمع ہو۔ ❸ یہ اسم فاعل الْغَائِب یا اسم مفعول الْمُغَيَّب کے معنی میں ہے، لفظ ﴿غَيْب﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① غائب اور پوشیدہ چیز، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے۔ سورۃ البقرۃ:3 میں ﴿يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ﴾ ''وہ غیب پر ایمان لاتے ہیں''، امام راغب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس آیت میں غیب سے مراد وہ امور ہیں جو انسانی حواس کی دسترس سے بالاتر اور عقل کی گرفت سے خارج ہیں اور ان کا علم ہمیں صرف انبیاء علیہم السلام کے ارشاد و ابلاغ سے ہی ہوا ہے، ج: غُيُوْبٌ ② غیر موجودگی (خلاف الشهادة)، جیسا کہ سورۃ النساء : 33 میں ہے ﴿حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ﴾ ''غیر حاضری میں حفاظت کرنے والی ہیں''۔ ❹ ج: اَغْيَاثٌ و غُيُوثٌ ۔ ❺ یہ ہمیشہ مفرد مذکر استعمال ہوتا ہے، اگر اس سے مراد مؤنث لینا ہو تو پھر فعل کو مؤنث لایا جاتا ہے، جیسے: جَاءَتْ غَيْرُ هِنْدٍ ، یہ لازم الاضافت ہے، اس کا مابعد ہمیشہ مجرور ہوتا ہے، لفظ ﴿غَيْر﴾ مختلف معانی کے لیے کئی طرح استعمال ہوا ہے: ① برائے صفت، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، اس صورت میں اس کا اعراب موصوف کے مطابق ہوگا ② اسم بمعنی لا ، جیسا کہ سورۃ البقرۃ: 173 میں ہے ﴿فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ﴾ ''پھر جو مجبور کر دیا جائے، اس حال میں کہ نہ وہ بغاوت کرنے والا ہو اور نہ حد سے گزرنے والا''، اس صورت میں یہ حال ہونے کی بناء پر منصوب ہوگا ③ اسم بمعنی اِلَّا (برائے استثناء)، جیسا کہ سورۃ الأعراف:59 میں ہے ﴿مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ﴾ ''اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں'' اس صورت میں اس کا اعراب اِلَّا کے بعد والے اسم کا ہوگا۔ ❻ ماضی مجہول کے عین کلمہ میں یاء واقع ہوئی تو اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دی (قاعدہ: قِيْلَ)۔ ❼ یہ باب افعال ، تفعیل ، مفاعلہ کا اسم مصدر بھی ہوسکتا ہے، یہاں یہ مطلقاً اسم استعمال ہو رہا ہے۔ ❽ م: غَيْبٌ ، یہ اسم فاعل الْغَائِب یا اسم مفعول الْمُغَيَّب کے معنی میں ہے۔

باب الفاء (ف)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَ [1]	پھر	حرف عطف	×	×	×	×	×	×	× ❶	الانفطار:7
فَاءَ تْ [4]	وہ لوٹ آئے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی ومہموز اللام	ف ی ء	فَعَلَتْ	فَيَئَتْ ❷	الحجرات:9
اَلْفَائِزُوْنَ [1]	کامیاب	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	نصر	//	اجوف واوی	ف و ز	فَاعِلُوْنَ	فَاوِزُوْنَ ❸	التوبة:20
فَاءُوْا [1]	وہ واپس ہو جائیں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	ضرب	//	اجوف یائی ومہموز اللام	ف ی ء	فَعَلُوْا	فَيَئُوْا ❷	البقرة:226
اَلْفَاتِحِيْنَ [3]	فیصلہ کرنے والوں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	فتح	//	صحیح	ف ت ح	فَاعِلِيْنَ	× ❹	الأعراف:89
فَاتَكُمْ [1]	چھوٹ گیا تم سے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	اجوف واوی	ف و ت	فَعَلَ	فَوَتَ ❺	آل عمرٰن:153
بِفَاتِنِيْنَ [1]	بہکانے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	ضرب	//	صحیح	ف ت ن	فَاعِلِيْنَ	× ❻	الصافات:162
فَاجِرًا [2]	بدکار	//	واحد مذکر	نصر	//	//	ف ج ر	فَاعِلًا	×	نوح:27
فَاجْلِدُوْا [1]	پس مارو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	ضرب	//	//	ج ل د	اِفْعِلُوْا	❼	النور:2
فَاجْنَحْ [1]	تو مائل ہو جا	//	واحد مذکر حاضر	فتح	//	//	ج ن ح	اِفْعَلْ	//	الأنفال:61
فَاحْتَرَقَتْ [13]	تو وہ بالکل جل جائے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ح ر ق	اِفْتَعَلَتْ	//	البقرة:266
فَاحِشَةً [2]	بے حیائی	(اسم) مصدر	×	ن،ك	ثلاثی مجرد	//	ف ح ش	فَاعِلَةٌ	× ❽	آل عمرٰن:135
فَاخْتُلِفَ [1]	اختلاف کیا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	//	خ ل ف	اُفْتُعِلَ	× ❼	هود:110
فَاخْلَعْ [1]	سو اتار دے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	//	خ ل ع	اِفْعَلْ	//	طٰه:12
فَادّٰرَءْتُمْ [1]	تم ایک دوسرے سے جھگڑنے لگے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	تفاعل	ثلاثی مزید فیہ	مہموز اللام	د ر ء	تَفَاعَلْتُمْ	تَدَارَءْتُمْ ❾	البقرة:72
فَادْرَءُوْا [2]	تو تم ٹال لو	فعل امر حاضر معلوم	//	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	اِفْعَلُوْا	اِدْرَءُوْا ❼	آل عمرٰن:168
فَارَ [1]	جوش مارنے لگا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	اجوف واوی	ف و ر	فَعَلَ	فَوَرَ ❺	هود:40
فَارِضٌ [1]	بوڑھی ہو	اسم فاعل	واحد مذکر	کرم	//	صحیح	ف ر ض	فَاعِلٌ	× ❿	البقرة:68
فَارِغًا [1]	صبر سے خالی	//	//	نصر	//	//	ف ر غ	فَاعِلًا	//	القصص:10

❶ ف، اس کی چار قسمیں ہیں: 1 عاطفہ، یہ تین مختلف معانی کے لیے آتا ہے: ① ترتیب، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② تعقیب جیسا کہ سورۃ المؤمنون: 14 میں ہے ﴿ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً﴾ ③ سببیت، جیسا کہ سورۃ القصص: 15 میں ہے ﴿فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ﴾ 2 فاء جزائیہ، جیسے: ﴿اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ﴾ (سورۃ المائدۃ: 118) 3 فاء مستانفہ، جیسے: ﴿كُنْ فَيَكُوْنُ﴾ (سورۃ البقرۃ: 117) 4 زائدہ، برائے تاکید کلام، جیسا کہ سورۃ المدثر: 4 میں ہے ﴿وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ﴾۔ ❷ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال) ۔ ❸ واؤ فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)۔ ❹ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ "بَيْنَ" ہو، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❻ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❼ شروع میں فاء آنے کی وجہ سے ہمزہ وصلی پڑھنے میں ساقط ہو گیا ہے (قاعدہ: ہمزہ وصلی کا حذف)۔ ❽ یہ اَلْفَحْشَاءُ کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، ج: فَوَاحِشُ، مفرد مذکر فَاحِشٌ قرآن مجید میں اَلْفَاحِشَةُ کو زنا کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے اور فَاحِشَةٌ کو برائی کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ ❾ تائے تفاعل کے بعد دال واقع ہوا تو تائے تفاعل کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا، ساکن سے ابتدا محال تھی اس لیے شروع میں ہمزہ وصلی لے آئے، بعض کے نزدیک اس کا وزن اِتَّفَاعَلْتُمْ اور بعض کے نزدیک اِفَّاعَلْتُمْ ہے، شروع میں فاء آنے کی وجہ سے ہمزہ وصلی پڑھنے میں ساقط ہو گیا ہے (قاعدہ: ہمزہ وصلی کا حذف)۔ ❿ مذکر کے لیے فَارِضٌ اور مؤنث کے لیے فَارِضٌ و فَارِضَةٌ دونوں طرح آتا ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَالْفَارِقَاتِ [1]	پھر جدا جدا کر دینے والیوں	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ف ر ق	فَاعِلَاتِ	×	المرسلات:4
فَارِقُوْهُنَّ [1]	الگ کر دو ان کو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَاعِلُوْ	//	الطلاق:2
فَارِهِيْنَ [1]	تم خوب ماہر ہو	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	کرم	ثلاثی مجرد	//	ف ر ہ	فَاعِلِيْنَ	×❶	الشعراء:149
فَازَ [2]	کامیاب ہوا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	اجوف واوی	ف و ز	فَعَلَ	فَوَزَ❷	آل عمران:185
فَاسِقٌ [2]	کوئی فاسق	اسم فاعل	واحد مذکر	//	//	صحیح	ف س ق	فَاعِلٌ	×	الحجرات:6
فَاسِقُوْنَ [17]	نافرمان ہیں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	×❸	المائدة:59
فَاسِقِيْنَ [18]	نافرمان	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×❶	التوبة:53
الْفَاصِلِيْنَ [1]	فیصلہ کرنے والے	//	//	ضرب	//	//	ف ص ل	//	×❹	الأنعام:57
فَاطِرِ [6]	پیدا کرنے والا	//	واحد مذکر	نصر	//	//	ف ط ر	فَاعِلِ	×	الأنعام:14
فَاعْفُ [3]	چنانچہ آپ معاف کر دیں	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	ناقص واوی	ع ف و	اُفْعُ	اُعْفُوْ❺	المائدة:13
فَاعِلٌ [1]	کروں گا	اسم فاعل	واحد مذکر	فتح	//	صحیح	ف ع ل	فَاعِلٌ	×	الكهف:23
فَاعِلُوْنَ [2]	حاصل کرنے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	×❸	المؤمنون:4
فَاعِلِيْنَ [6]	کرنے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×❶	يوسف:10
فَاقِرَةٌ [1]	مصیبت	//	واحد مؤنث	نصر	//	//	ف ق ر	فَاعِلَةٌ	×❸	القيامة:25
فَاقِعٌ [1]	چمکتا ہو	//	واحد مذکر	ن،ف	//	//	ف ق ع	فَاعِلٌ	×	البقرة:69
فَاكِهَةٌ [11]	میوے	اسم جامد	اسم جمع	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ف ک ہ	فَاعِلَةٌ	×❼	يٰسٓ:57
فَاكِهُوْنَ [1]	خوش ہونے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعِلُوْنَ	×❸	يٰسٓ:55
فَاكِهِيْنَ [2]	//	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×❶	الدخان:27
فَالِقُ [2]	پھاڑنے والا	//	واحد مذکر	ضرب	//	//	ف ل ق	فَاعِلُ	×	الأنعام:95
فَانٍ [1]	فنا ہونے والا	//	//	سمع	//	ناقص یائی	ف ن ی	فَاعٍ	فَانِيٌ❾	الرحمٰن:26
فَاهُ [1]	اس کا منہ	اسم جامد	//	×	//	اجوف واوی	ف و ہ	فَعَ	فَوَهٌ❿	الرعد:14

❶ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❸ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❹ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ امر بناتے وقت اس کے آخر سے حرف علت واؤ گر گئی، اور شروع میں فاء آنے کی وجہ سے ہمزہ وصلی پڑھنے میں ساقط ہو گیا (قاعدہ: ہمزہ وصلی کا حذف)۔ ❻ ج: فَوَاقِرُ۔ ❼ ج: فَوَاكِهُ۔ ❽ ۔لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء اور نون جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❾ یہ اصل میں فَوْهٌ تھا، ہاء کو کثرت استعمال کی وجہ سے تخفیفا حذف کر کے واؤ کو میم سے بدل کر فَـــمٌ پڑھا جاتا ہے، جب میم اس کے ساتھ ہو تو اس پر اعراب بالحرکت لفظی آتا ہے، اور جب میم کو ہٹا کر اس کو یاء متکلم کی علاوہ کسی اور اسم کی طرف مضاف کیا جائے تو اس کے اسماء ستہ مکبرہ میں سے شمار ہونے کی وجہ سے اس کی رفعی حالت واؤ سے، نصبی حالت الف سے اور جری حالت یاء سے آتی ہے، اس آیت میں فَاهُ کی نصبی حالت ہے جو الف کے ساتھ آئی ہے، اس میں "هُ" ضمیر مضاف الیہ ہے، ج: أَفْوَاهٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فُؤَادُ [5]	دل	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	مہموز العین	ف ء د	فُعَالُ	× (1)	القصص:10
فِئَةٍ [8]	جماعت	//	اسم جمع	//	ثلاثی مجرد	مہموز العین وناقص واوی	ف ء و	فِعَةٍ	فِئَوٍ (2)	البقرة:249
فَأْتِ [4]	تو لے آ	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	//	مہموز الفاء وناقص یائی	ء ت ی	اِفْعِ	اِئْتِیْ (3)	البقرة:258
الْفِئَتَانِ [1]	دونوں جماعتیں	اسم جامد	تثنیہ مؤنث	×	//	مہموز العین وناقص واوی	ف ء و	فِعَتَانِ	فِئَوَانِ (4)	الأنفال:48
فَأْتُوا [12]	تو تم لے آؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	ضرب	//	مہموز الفاء وناقص یائی	ء ت ی	اِفْعُوا	اِئْتِیُوْا (5)	البقرة:23
فَأْتِیَا [2]	چنانچہ تم دونوں جاؤ	//	تثنیہ مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعِلَا	اِئْتِیَا (6)	الشعراء:16
فِئَتَیْنِ [2]	دونوں گروہوں	اسم جامد	تثنیہ مؤنث	×	//	مہموز العین وناقص واوی	ف ء و	فِعَتَیْنِ	فِئَوَیْنِ (7)	ال عمران:13
فَأَجَاءَهَا [1]	پھر اُسے لے آیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف یائی ومہموز اللام	ج ی ء	أَفْعَلَ	أَجْيَءَ (8)	مریم:23
فَأْذَنْ [1]	تو آپ اجازت دیں	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	مہموز الفاء	ء ذ ن	اِفْعَلْ	اِئْذَنْ (6)	النور:62
فَأْذَنُوا [1]	تو خبردار ہو جاؤ	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعَلُوا	اِئْذَنُوا (6)	البقرة:279
فَأْوُوا [1]	پناہ لے لو	//	//	ضرب	//	مہموز الفاء ولفیف مقرون	أ و ی	فَفْعُوا	اِأْوِیُوا (9)	الکهف:16
فَبِمَ [1]	سو کس چیز کی	یہ مرکب ہے	×	×	×	×	×	×	فَ بِ مَا (10)	الحجر:54
فَبِمَا [6]	پھر بہ سبب	//	//	//	//	//	//	//	فَ بِ مَا (11)	ال عمران:159
فَتًى [1]	ایک نوجوان	اسم جامد	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ف ت ی	فَعًا	فَتَیًا (12)	الأنبیاء:60
الْفَتَّاحُ [1]	فیصلہ کرنے والا	اسم مبالغہ	//	فتح	//	صحیح	ف ت ح	فَعَّالُ	×	سبا:26
فَتَاهَا [3]	اپنے غلام	اسم جامد	//	×	//	ناقص یائی	ف ت ی	فَعَلَ	فَتَیَ (13)	یوسف:30
فَتَحَ [1]	واضح کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	//	صحیح	ف ت ح	//	×	البقرة:76
فَتْحٌ [12]	فتح	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلٌ	× (14)	النساء:141
فُتِحَتْ [4]	کھول دیے جائیں گے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتْ	×	الأنبیاء:96

(1) ج: أَفْئِدَةٌ۔ (2) اس کے لام کلمہ واؤ کو تخفیفا حذف کرکے اس کے عوض تاء کو لے آئے، یہ اسم جمع ہے، اس کا واحد لفظوں میں نہیں ہے، یہ ناقص یائی بھی ہوسکتا ہے، ج: فِئَاتٌ وفِئُونَ۔ (3) امر بناتے وقت اس کے آخر سے حرف علت یاء گر گئی، اس کے شروع میں فاء عاطفہ آنے کی وجہ سے ہمزہ وصلی گر گیا ہے (قاعدہ: ہمزہ وصلی کا حذف)۔ (4) اس کے لام کلمہ واؤ کو تخفیفا حذف کرکے اس کے عوض تاء کو لے آئے، یہ اس کی رفعی حالت ہے، یہ ناقص یائی بھی ہوسکتا ہے۔ (5) لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے کی وجہ سے یاء کو گرا دیا (قاعدہ: رَضُوْا)، اس کے شروع میں فاء عاطفہ آنے کی وجہ سے ہمزہ وصلی گر گیا ہے (قاعدہ: ہمزہ وصلی کا حذف)، اسی طرح سورۃ البقرۃ: 189 میں تعلیل ہوئی ہے، اس میں واؤ حرف عطف کے بعد ہمزہ وصلی حذف ہوگیا۔ (6) فاء حرف عطف کے بعد ہمزہ وصلی حذف ہوگیا ہے (قاعدہ: ہمزہ وصلی کا حذف)۔ (7) اس کے لام کلمہ واؤ کو تخفیفا حذف کرکے اس کے عوض تاء کو لے آئے، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، یہ ناقص یائی بھی ہوسکتا ہے۔ (8) یاء متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے فتحہ نقل کیا گیا ہے اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)۔ (9) لام کلمہ میں حرف علت مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے کی وجہ سے یاء کو گرا دیا (قاعدہ: رَضُوْا)، اس کے شروع میں فاء عاطفہ آنے کی وجہ سے ہمزہ وصلی گر گیا ہے (قاعدہ: ہمزہ وصلی کا حذف)۔ (10) یہ فاء عاطفہ، باء حرف جر اور ما اسم استفہام سے مرکب ہے، جب ما استفہامیہ سے پہلے حرف جر آئے تو اس کا الف گر جاتا ہے۔ (11) یہ فاء مستأنفہ، باء حرف جر اور ما زائدہ سے مرکب ہے۔ (12) یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف گر گیا، تثنیہ: فَتَیَانِ، فَتَوَانِ، ج: فِتْیَةٌ وفِتْیَانٌ وفُتُوٌّ وفُتِیٌّ۔ (13) یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، تثنیہ: فَتَیَانِ، فَتَوَانِ، ج: فِتْیَةٌ وفِتْیَانٌ وفُتُوٌّ وفُتِیٌّ (14) لفظ ﴿فتح﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہے: ① فتح، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② فیصلہ، جیسا کہ سورۃ السجدۃ: 28 میں ہے ﴿ هٰذَا الْفَتْحُ ﴾ "یہ فیصلہ"۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَتَحْنَا [6]	ہم نے کھول دیے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ف ت ح	فَعَلْنَا	× ❶	الأنعام:44
فَتَحُوْا [1]	انہوں نے کھولا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	یوسف:65
فَتْرَةٍ [1]	وقفہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	ف ت ر	فَعْلَةٍ	× ❷	المائدة:19
فَفَتَقْنٰهُمَا [1]	پھر ہم نے ان دونوں کو الگ الگ کیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	نصر	//	//	ف ت ق	فَعَلْنَا	× ❸	الأنبیاء:30
فَتَنَّا [7]	ہم نے آزمایا	//	//	ضرب	//	//	ف ت ن	//	فَتَنْنَا ❹	الأنعام:53
فِتْنَةٌ [34]	آزمائش	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلَةٌ	× ❺	البقرة:102
فَتَنْتُمْ [1]	تم نے فتنے میں ڈال لیا تھا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	×	الحدید:14
فُتِنْتُمْ [1]	تم کو آزمایا گیا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلْتُمْ	//	طٰه:90
فَتَنُوْا [1]	تکلیفیں دیں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	البروج:10
فُتِنُوْا [1]	تکلیفیں دیے گئے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلُوْا	//	النحل:110
فُتُوْنًا [1]	آزمائش	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعُوْلًا	× ❻	طٰه:40
فَتَیٰتِكُمْ [2]	تمہاری لونڈیاں	اسم جامد	جمع مؤنث سالم	×	//	ناقص یائی	ف ت ی	فَعَلَاتٍ	× ❼	النساء:25
فَتَیٰنِ [1]	دو اور نوجوان	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعَلَانِ	× ❽	یوسف:36
لِفِتْیٰنِهٖ [1]	اپنے غلاموں کو	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فِعْلَانِ	//	یوسف:62
فِتْیَةٌ [2]	کئی نوجوان	//	//	//	//	//	//	فِعْلَةٌ	//	الکهف:13
فَتِیْلًا [3]	ذرہ برابر	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ف ت ل	فَعِیْلًا	× ❾	النساء:49
فَجٍّ [1]	راستے	//	//	//	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ف ج ج	فَعْلٍ	فَجْجٍ ❿	الحج:27
فِجَاجًا [2]	کشادہ	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فِعَالًا	× ⓫	الأنبیاء:31
الْفُجَّارَ [3]	بدکار لوگ	اسم فاعل	//	نصر	//	صحیح	ف ج ر	فُعَّالَ	× ⓬	الانفطار:14
الْفَجْرِ [6]	فجر	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعْلِ	× ⓭	البقرة:187
الْفَجَرَةُ [1]	بدکار	اسم فاعل	جمع مکسر	نصر	//	//	//	فَعَلَةُ	× ⓮	عبس:42
فُجِّرَتْ [1]	پھاڑ دیے جائیں گے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	×	الانفطار:3
فَجَّرْنَا [3]	ہم نے جاری کر دی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	الکهف:33

❶ لفظ ﴿فَتَحْنَا﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہے: ① ہم نے کھول دیے، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② فتح دینا، جیسا کہ سورۃ الفتح: 1 میں ہے ﴿فَتَحْنَا لَكَ﴾ ''ہم نے فتح دی''۔ ❷ اس سے مراد دو نبیوں کے درمیان کا وقفہ ہے، جب اس کے معنی کمزوری، ڈھیلا پن ہوں تو یہ باب نصر اور ضرب کا مصدر ہوتا ہے۔ ❸ اس کے شروع میں فاء عاطفہ ہے۔ ❹ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❺ لفظ ﴿فِتْنَة﴾ قرآن مجید میں چار معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① آزمائش، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② عذاب، جیسا کہ سورۃ الذاریات: 14 میں ہے ﴿ذُوقُوا فِتْنَتَكُمْ﴾ ''تم چکھو اپنا عذاب'' ③ گمراہی، جیسا کہ سورۃ المائدۃ: 41 میں ہے ﴿مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ﴾ ''اللہ جسے گمراہ کرنے کا ارادہ کرے'' ④ فتنہ وفساد، جیسا کہ سورۃ البقرۃ: 193 میں ہے ﴿حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ﴾ ''یہاں تک کہ کوئی فتنہ نہ رہے''، ج: فِتَنٌ۔ ❻ جمع مکسر اسم جامد، م: فِتَنٌ او فِتْنَةٌ، یا یہ مصدر ہے۔ ❼ م: فَتَاةٌ ❽ م: فَتًى۔ ❾ ﴿فَتِيْلًا﴾ یہ معمولی چیز سے کنایہ ہے، یہ اصل میں اس جھلی یا دھاگے کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی میں ہوتا ہے، یا یہ فَعِيْل بمعنی مَفْعُوْل، فَتِيْل بمعنی مَفْتُوْل بٹا ہوا، بل دار، صفت مشبہ ہوتی ہے، ج: فَتَائِلُ۔ ❿ دو ہم جنس حرف جیم ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: فِجَاجٌ۔ ⓫ م: فَجٌّ۔ ⓬ م: فَاجِرٌ، اس کی جمع فَاجِرُوْنَ اور فَجَرَةٌ بھی آتی ہے۔ ⓭ یہ اصل میں تو باب نصر فَجَرَ يَفْجُرُ کا مصدر ہے، پھر بطور اسم جامد کے صبح کی روشنی کے لیے استعمال ہونے لگا۔ ⓮ م: فَاجِرٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَجْوَةٍ 1	کھلی جگہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ف ج و	فَعْلَة	× ❶	الكهف:17
فُجُوْرَهَا 1	اس کی بدی کو	(اسم) مصدر	×	نصر	//	صحیح	ف ج ر	فُعُوْل	×	الشمس:8
الْفَحْشَاءِ 7	بے حیائی	صفت مشبہ	واحد مؤنث	ن،ك	//	//	ف ح ش	فَعْلَاء	× ❷	البقرة:169
كَالْفَخَّارِ 1	بجتی ہوئی مٹی	اسم جامد	اسم جنس	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ف خ ر	فَعَّال	× ❸	الرحمٰن:14
فَخُوْرٌ 4	فخر کرنے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	//	//	//	فَعُوْلٌ	× ❹	هود:10
فِدَاءً 1	فدیہ	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ف د ی	فِعَالًا	فِدَايًا ❺	محمد:4
فِدْيَةٌ 3	//	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	فِعْلَةٌ	× ❻	البقرة:184
فَدَيْنَا 1	ہم نے فدیہ میں دیا اس کو	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	ضرب	//	//	//	فَعَلْنَا	×	الصافات:107
فُرَاتٌ 3	وہ خوش گوار	صفت مشبہ	واحد وجمع مذکر	کرم	//	صحیح	ف ر ت	فُعَالٌ	//	الفرقان:53
فُرَادٰى 2	اکیلے اکیلے	//	جمع مکسر	//	//	//	ف ر د	فُعَالٰى	× ❼	الأنعام:94
فِرَارًا 4	بھاگ پڑتے	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ف ر ر	فِعَالًا	×	الكهف:18
كَالْفَرَاشِ 1	پتنگوں کی طرح	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ف ر ش	فَعَالِ	× ❽	القارعة:4
فِرَاشًا 1	فرش	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فِعَالًا	× ❾	البقرة:22
فَرَاغَ 3	تو وہ متوجہ ہوا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ر و غ	فَعَلَ	رَوَغَ ❿	الصافات:91
فِرَاقُ 2	جدائی	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ف ر ق	فِعَالُ	×	الكهف:78
فَرَّتْ 1	بھاگے ہوئے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ف ر ر	فَعَلَتْ	فَرَرَتْ ⓫	المدثر:51
فَرْثٍ 1	گوبر	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ف ر ث	فَعْلٍ	× ⓬	النحل:66
فُرِجَتْ 1	کھولا جائے گا	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	//	ف ر ج	فُعِلَتْ	×	المرسلات:9
فَرْجَهَا 2	اپنی شرم گاہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فَعْلَ	× ⓭	الأنبياء:91
لَفَرِحٌ 1	خوش ہونے والا	صفت مشبہ	//	سمع	//	//	ف ر ح	فَعِلٌ	×	هود:10
فَرِحَ 2	خوش ہوئے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلَ	//	التوبة:81
فَرِحُوْا 5	بڑے خوش ہوئے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلُوْا	//	الأنعام:44
فَرِحُوْنَ 3	خوش ہو رہے ہوتے	صفت مشبہ	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَعِلُوْنَ	× ⓮	التوبة:50
فَرِحِيْنَ 2	پس خوش ہیں	//	//	//	//	//	//	فَعِلِيْنَ	× ⓯	ال عمرٰن:170

❶ ج: فِجَاءٌ وفَجَوَاتٌ ۔ ❷ بعض کے نزدیک یہ اصل میں مصدر ہے، اور یہاں حاصل مصدر کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، قباحت میں حد سے بڑھنے والے قول اور فعل کو فَحْشَاء کہتے ہیں اس اعتبار سے یہ اسم جامد ہے لفظ ﴿فَحْشَاء﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① برائی جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② بخل جیسا کہ سورۃ البقرۃ :268 میں ہے ﴿يَأْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَاءِ﴾ "وہ تمہیں شرمناک بخل کا حکم دیتا ہے"۔ ❸ م :فَخَّارَةٌ ۔ ❹ یہ اسم مبالغہ بھی ہو سکتا ہے۔ ❺ یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ :دُعَاءٌ) ۔ ❻ فدیہ سے مراد وہ چیز ہے جو جان کے بدلے میں دی جاتی ہے، ج :فِدًى وفِدْيَاتٌ ۔ ❼ م: فَرْدٌ یا فَرِيْدٌ یا فَرْدَانٌ ۔ ❽ م: فَرَاشَةٌ ،الفَرَاش اگرچہ فَرَاشَةٌ کی جمع ہے، مگر یہاں بطور اسم جنس کے استعمال ہوا ہے اسی لیے اس کی صفت مفرد مذکر آئی ہے۔ ❾ ج :فُرُشٌ ، اسی طرح یہ باب نصر فَرَشَ يَفْرُشُ اور ضرب فَرَشَ يَفْرِشُ کا مصدر بھی آتا ہے، یہ اس وقت ثلاثی مجرد ہو گا۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ :قال)۔ ⓫ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے راء کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ :مَدَّ) ۔ ⓬ ﴿فَرْث﴾ اوجھ میں بھرے ہوئے گوبر کو کہتے ہیں، ج : فُرُوْثٌ ۔ ⓭ لفظ فَرْج اصل میں مصدر ہے مگر یہاں بطور حاصل مصدر کے استعمال ہو رہا ہے، دو ٹانگوں کے درمیان کا فاصلہ، کنایۃً شرم گاہ مراد ہے (یہی استعمال غالب ہے)، ج :فُرُوْجٌ ۔ ⓮ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⓯ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَرْدًا [3]	اکیلا	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ف ر د	فَعْلًا	× ❶	مريم:80
الْفِرْدَوْسِ [2]	فردوس	اسم جامد	//	×	رباعی مزید فیہ ملحق خماسی مجرد	//	ف ر د س	فِعْلَوْلِ	× ❷	الكهف:107
فَفَرَرْتُ [1]	پس میں بھاگ گیا	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ف ر ر	فَعَلْتُ	×	الشعراء:21
فَرَرْتُم [1]	تم بھاگو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُم	//	الأحزاب:16
فُرُشٍ [2]	بچھونوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ف ر ش	فُعُلٍ	× ❸	الرحمٰن:54
فَرْشًا [1]	زمین پر لگے ہوئے	//	اسم جمع	//	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلًا	× ❹	الأنعام:142
فَرَشْنَاهَا [1]	ہم نے بچھایا اس کو	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	ضرب	//	//	//	فَعَلْنَا	×	الذاريات:48
فَرَضَ [4]	لازم کرلے	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	ف ر ض	فَعَلَ	× ❺	البقرة:197
فَرَضْتُم [2]	تم نے مقرر کیا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُم	//	البقرة:237
فَرَضْنَا [2]	ہم نے فرض کیا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	الأحزاب:50
فُرُطًا [1]	حد سے بڑھا ہوا	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	ف ر ط	فُعُلًا	× ❻	الكهف:28
فَرَّطْتُ [1]	میں نے کوتاہی کی	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْتُ	فَرَّطْتُ ❼	الزمر:56
فَرَّطْتُم [1]	تم نے کوتاہی کی	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَّلْتُم	فَرَّطْتُم ❼	يوسف:80
فَرَّطْنَا [2]	ہم نے کوتاہی کی	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	×	الأنعام:31
فَرْعُهَا [1]	اس کی شاخیں	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	ف ر ع	فَعْلُ	× ❽	ابراهيم:24
فِرْعَوْنَ [74]	فرعون	//	//	//	×	×	×	×	× ❾	البقرة:49
فَرَغْتَ [1]	متوجہ رہا کرو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	ن،ف	ثلاثی مجرد	صحیح	ف ر غ	فَعَلْتَ	×	الشرح:7
فِرْقٍ [1]	حصہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ف ر ق	فِعْلٍ	× ❿	الشعراء:63
فَرْقًا [1]	پھاڑ کر	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	//	فَعْلًا	//	المرسلات:4
الْفُرْقَانَ [7]	فرقان	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	//	فُعْلَانَ	× ⓫	الفرقان:1

❶ ج: أَفْرَادٌ و فُرَادَى ۔ ❷ یہ ملحق بقِرْطَعْب ہے، یہ جنت کے اعلیٰ حصے کا ایک باغ ہے، اس کے عربی، عجمی، اور سریانی ہونے میں اختلاف ہے، صحیح یہی لگتا ہے کہ یہ لفظ عربی ہے، ج: فَرَادِيسُ ۔ ❸ م: فِرَاشٌ ۔ ❹ اس کا مفرد نہیں آتا، اس سے مراد وہ جانور ہیں جن کا دودھ پیا جاتا ہے یا گوشت کھایا جاتا ہے، جیسے بکری وغیرہ، ﴿فَرْش﴾ یہ باب نصر کا مصدر بمعنی مفعول بھی استعمال ہوتا ہے۔ ❺ لفظ ﴿فَرَضَ﴾ قرآن مجید میں تین معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① لازم کرنا، جب اس کا مفعول الْأَمْرَ ہو، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② فرض کرنا، جب اس کا مفعول الشَّيْ اور صلہ عَلَيْهِ ہو، جیسا کہ سورۃ القصص:85 میں ہے ﴿فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ﴾ ''فرض کیا تجھ پر یہ قرآن'' ③ مقرر کرنا، جب اس کا صلہ لَهُ ہو جیسا کہ سورۃ التحریم:2 میں ہے ﴿فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَانِكُمْ﴾ ''اللہ نے تمہارے لیے تمہاری قسموں کا کفارہ مقرر کر دیا''۔ ❻ یا یہ صفت مشبہ ہے۔ ❼ دو ہم مخرج حرف طاء اور تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس صورت میں لکھنے میں دونوں حرف آتے ہیں جب کہ پڑھنے میں صرف ایک حرف آتا ہے، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشَّيْ یا صلہ فِي ہو۔ ❽ یہ اصل میں مصدر ہے، پھر یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہونے لگا، ج: فُرُوعٌ ۔ ❾ یہ عجمی اسم ہے، لیکن یہ عربی اوزان کے ساتھ ملحق کیا گیا ہے، اس اعتبار سے یہ ملحق بقِرْطَعْب ہے، یہ مصر کے بادشاہ کا لقب تھا، حضرت یوسف علیہ السلام کے دور میں فرعون کا نام ابوفس تھا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پرورش کرنے والے فرعون کا نام رعمیس دوئم تھا، رعمیس کے مرنے کے بعد اس کا بیٹا منفتاح مصر کا حکمران بنا، موسیٰ علیہ السلام نے اس کے دربار میں توحید کا اعلان کیا، موسیٰ علیہ السلام کا اس سے مقابلہ ہوا، بالآخر یہی فرعون سمندر میں غرق ہو کر رہتی دنیا تک کے لیے عبرت بنا، ج: فَرَاعِنَةٌ ۔ ❿ ج: أَفْرَاقٌ ۔ ⓫ یہ اصل میں باب نصر، ضرب کا مصدر بمعنی فاعل ہے، اس سے مراد حق و باطل کو جدا کرنے والی ہر چیز اور ہر بات ہے، مگر یہاں اسم جامد کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے، کیونکہ یہ قرآن کریم کا نام بنا دیا گیا ہے، اور یہ بطور صفت بھی استعمال ہوتا ہے، ﴿يَوْمَ الْفُرْقَانِ﴾ (الأنفال:41) سے مراد جنگ بدر کا دن ہے، اس دن کا یہ نام اس لیے رکھا گیا ہے کہ اس دن یہ پتا چل گیا تھا کہ اسلام حق اور کفر و شرک باطل ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَرَّقْتَ [1]	تو نے تفرقہ ڈال دیا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ف ر ق	فَعَّلْتَ	× ❶	طٰہ:94
فِرْقَةٍ [1]	جماعت	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	//	//	فِعْلَةٍ	× ❷	التوبة:122
فَرَقْنَا [2]	ہم نے پھاڑا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	نصر	//	//	//	فَعَلْنَا	× ❸	البقرة:50
فَرَّقُوْا [2]	انہوں نے اختلاف ڈالا	//	جمع مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلُوْا	×	الأنعام:159
فَفِرُّوْا [1]	پس تم دوڑو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ف ر ر	اِفْعِلُوْا	اِفْرِرُوْا ❹	الذاريات:50
فُرُوْجٍ [6]	شگاف	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ف ر ج	فُعُوْلٍ	× ❺	قٓ:6
فَرِيًّا [1]	بہت برا	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	//	ناقص یائی	ف ر ی	فَعِيْلًا	فَرِيْيًا ❻	مريم:27
فَرِيْضَةً [6]	حق مہر	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ف ر ض	فَعِيْلَةً	× ❼	البقرة:236
فَرِيْقٌ [29]	ایک جماعت	//	اسم جمع	//	//	//	ف ر ق	فَعِيْلٌ	× ❽	البقرة:75
فَرِيْقَانِ [1]	دو فریق	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعِيْلَانِ	× ❾	النمل:45
الْفَرِيْقَيْنِ [3]	دو جماعتیں	//	//	//	//	//	//	فَعِيْلَيْنِ	× ❿	الأنعام:81
فَزَعِ [2]	گھبراہٹ	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	//	ف ز ع	فَعَلِ	×	النمل:89
فَفَزِعَ [2]	تو گھبرا اٹھیں گے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلَ	//	النمل:87
فُزِّعَ [1]	گھبراہٹ دور کردی جاتی ہے	فعل ماضی مجہول	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَ	⓫×	سبا: 23
فَزِعُوْا [1]	وہ گھبرا جائیں گے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِلُوْا	×	سبا: 51
فَسَادٍ [11]	فساد	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	ف س د	فَعَالٍ	//	المائدة:32
فَسَاهَمَ	پھر قرعہ اندازی کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	س ہ م	فَاعَلَ	//	الصافات:141
فَسْئَلْ [6]	لہذا آپ پوچھ لیجیے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز العین	س ء ل	اِفْعَلْ	اِسْئَلْ ⓬	بنی اسرائیل:101
فَسْئَلُوْا [6]	چنانچہ تم پوچھو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعَلُوْا	اِسْئَلُوْا ⓬	النحل:43
لَفَسَدَتِ [2]	یقیناً خراب ہو جاتی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	//	صحیح	ف س د	فَعَلَتِ	فَسَدَتْ ⓭	البقرة:251

❶ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ ''بَيْنَ'' ہو۔ ❷ ج: فِرَقٌ ۔ ❸ لفظ ﴿فَرَقْنَا﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① ہم نے پھاڑا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② ہم نے جدا جدا نازل کیا، جیسا کہ سورة بنی اسرائیل : 106 میں ہے ﴿ قُرْآنًا فَرَقْنَاهُ ﴾ ''ہم نے اسے جدا جدا نازل کیا یا ہم نے اسے کھول کر بیان کیا''۔ ❹ یہ فعل مضارع صیغہ جمع مذکر حاضر معلوم تَفِرُّوْنَ سے بنا ہے، جو اصل میں تَفْرِرُوْنَ تھا، قاعدہ: یَمُدُّ سے تَفِرُّوْنَ بنا، اس سے امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، اس کا مابعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے امر بناتے وقت (آخر سے جزم وقفی کی بناء پر) نون اعرابی گر گیا، بعض کے نزدیک یہ اصل سے بنا ہے، اس اعتبار سے یہ اصل میں اِفْرِرُوْا بروزن اِفْعِلُوْا تھا، قاعدہ یَمُدُّ سے جب دو متحرک ہم جنس حرف راء جمع ہوئے ان کا ماقبل ساکن ہے تو پہلے راء کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلی راء کا دوسری میں ادغام کر دیا۔ فاء کلمہ متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں رہی وہ گر گیا۔ ❺ لفظ ﴿ فُرُوْج ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① شگاف، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② شرم گاہ، جیسا کہ سورة النور: 30 میں ہے ﴿ يَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ﴾ ''وہ اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں''، م: فَرْجٌ ۔ ❻ دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❼ یہ اصل میں باب نصر سے واحد مؤنث صفت مشبہ ہے، فَعِيْلَةٌ بمعنی مَفْعُوْلَةٌ یعنی مَفْرُوْضَةٌ (مقرر کی ہوئی چیز) کے معنی میں ہے، یہاں یہ بطور اسم جامد کے استعمال ہو رہا ہے، بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے، لفظ ﴿ فَرِيْضَة ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① حق مہر، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② مقررہ حصہ، جیسا کہ سورة النساء : 11 میں ہے ﴿ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ﴾ ''اللہ کی طرف سے مقرر حصہ''، ج: فَرَائِضُ ۔ ❽ یہ اسم جمع ہے، ان لفظوں سے اس کا واحد نہیں آتا، ج: فُرَقَاءُ و أَفْرِقَةٌ و فُرُوْقٌ ۔ ❾ یہ اس کی رفعی حالت ہے، م: فَرِيْقٌ ۔ ❿ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: فَرِيْقٌ ۔ ⓫ اس میں سَلْبِ ماخذ پایا گیا ہے۔ ⓬ شروع میں فاء آنے کی وجہ سے ہمزہ وصلی گر گیا (قاعدہ :همزه وصلی کا حذف)۔ ⓭ تاء اصل میں ساکن تھی آگے ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
لَتَفْسَدَنَّ [1]	وہ دونوں ضرور بگڑ جاتے	فعل ماضی معلوم	تثنیہ مؤنث غائب	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ف س د	فَعَلَتَا	×	الأنبياء:22
فَفَسَقَ [1]	پس اس نے نافرمانی کی	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	ف س ق	فَعَلَ	//	الكهف:50
فِسْقٌ [3]	گناہ	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلٌ	//	المائدة:3
فَسَقُوْا [3]	انہوں نے نافرمانی کی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	يونس:33
فُسُوْقٌ [4]	برا گناہ	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعُوْلٌ	//	البقرة:282
فَشِلْتُمْ [2]	تم نے پست ہمتی کی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	سمع	//	//	ف ش ل	فَعِلْتُمْ	//	آل عمران:152
فِصَالًا [3]	دودھ چھڑانے کا	مصدر سماعی	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ف ص ل	فِعَالًا	× ❶	البقرة:233
فَصْلٌ [9]	جدا کرنے والا	(اسم) مصدر	//	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلٌ	× ❷	الطارق:13
فَصَلَ [1]	نکلے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	× ❸	البقرة:249
فَصَّلَ [1]	اس نے واضح کر دیا	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	الأنعام:119
فَصَلَتِ [1]	روانہ ہوا	//	واحد مؤنث غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلَتِ	فَصَلَتْ ❹	يوسف:94
فُصِّلَتْ [3]	تفصیل کی گئی	فعل ماضی مجہول	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	×	هود:1
فَصَّلْنَا [5]	ہم نے تفصیل سے بیان کیا ہے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	الأنعام:97
فَصِيْلَتِهِ [1]	اپنے خاندان کو	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	//	فَعِيْلَةٌ	× ❺	المعارج:13
فِضَّةٍ [6]	چاندی	//	اسم جنس	//	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ف ض ض	فِعْلَةٌ	فِضْضَةٍ ❻	الزخرف:33
فَضْلُ [84]	فضل	(اسم) مصدر	×	کرم	//	صحیح	ف ض ل	فَعْلُ	× ❼	البقرة:64
فَضَّلَ [2]	مرتبہ دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	النساء:32
فَضَّلْتُكُمْ [6]	میں نے فضیلت دی تم کو	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْتُ	//	البقرة:47
فَضَّلْنَا [1]	ہم نے فضیلت دی	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	البقرة:253
فُضِّلُوْا [8]	درجہ دیا گیا	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِّلُوْا	//	النحل:71
فَطَرَ [1]	پیدا کیا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	//	ف ط ر	فَعَلَ	//	الأنعام:79
فِطْرَتَ [1]	فطرت	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلَةٌ	× ❽	الروم:30
فَطَلٌّ	تو پھوار	اسم جامد	اسم جمع	×	//	مضاعف ثلاثی	ط ل ل	فَعْلٌ	طَلَلٌ ❾	البقرة:265

❶ باب مفاعلہ فَاصَلَ کا قیاسی مصدر مُفَاصَلَةٌ آتا ہے، اس کے اصل معنی ساتھی سے تعلق ختم کرنے کے ہوتے ہیں تو چونکہ دودھ چھڑانے میں بھی بچہ ماں سے علیحدہ کر دیا جاتا ہے، اس لیے یہاں یہ دودھ چھڑانے کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ ❷ سورۃ الصافات: 21 میں ہے ﴿ يَوْمُ الْفَصْلِ ﴾ ''فیصلے کا دن'' اس سے مراد قیامت کا دن ہے، سورۃ صٓ: 20 میں ہے ﴿ فَصْلَ الْخِطَابِ ﴾ ''فیصلہ کن بات جو حق و باطل میں فرق کر دے''، یہاں فصل مصدر بمعنی فاعل ہے، یہ اصل میں صفت ہے جو موصوف کی طرف مضاف ہے۔ ❸ فَصَلَ الْقَوْمُ عَنِ الْبَلَدِ: شہر سے نکلنا۔ ❹ تاء اصل میں ساکن تھی، اسے آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے کسرہ دے دیا۔ ❺ ج: فَصَائِلُ
❻ دو ہم جنس حرف ضاد ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: فِضَضٌ و فِضَاضٌ۔ ❼ یا یہ باب تفعیل سے اسم مصدر ہے، لفظ ﴿فَضْل﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① فضل، احسان، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② فضیلت، برتری، جیسا کہ سورۃ ھود: 27 میں ہے ﴿وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ﴾ ''اور ہم تمہارے لیے اپنے آپ پر کوئی برتری نہیں دیکھتے''، ج: فُضُوْلٌ و اَفْضَالٌ۔ ❽ وہ پیدائشی حالت یا صفت و کیفیت جس پر موجود کا وجود ابتداء سے قائم ہوتا ہے، ج: فِطَرٌ۔ ❾ دو ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: طِلَالٌ و طِلَلٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فُطُورٍ [1]	کوئی سوراخ	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ف ط ر	فُعُولٍ	× ❶	الملك:3
فَظًّا [1]	سخت طبیعت والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	//	مضاعف ثلاثی	ف ظ ظ	فَعْلًا	فَظْظًا ❷	آل عمران:159
فَعَّالٌ [2]	کرتا	اسم مبالغہ	//	فتح	//	صحیح	ف ع ل	فَعَّالٌ	×	هود:107
فِعْلَ [1]	کرنے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلَ	//	الأنبياء:73
فَعَلَ [8]	کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	//	الأعراف:155
فُعِلَ [1]	کیا گیا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	//	سبا:54
فَعَلْتَ [4]	آپ کریں گے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	//	يونس:106
فَعْلَتَكَ [1]	اپنا فعل	مصدر مرہ	×	//	//	//	//	فَعْلَةً	× ❸	الشعراء:19
فَعَلْتُمْ [2]	تم نے کیا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	×	يوسف:89
فَعَلْتُهٗ [2]	میں نے اسے کیا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	//	الكهف:82
فَعَلْنَ [2]	وہ کریں	//	جمع مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلْنَ	//	البقرة:234
فَعَلْنَا [1]	ہم نے سلوک کیا تھا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	ابراهيم:45
فَعَلُوْا [9]	انہوں نے کیا ہوتا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	آل عمران:135
فَفَتَقْنَاهُمَا [1]	پس ہم نے جدا جدا کردیا ان کو	//	جمع متکلم	نصر	//	//	ف ت ق	فَعَلْنَا	× ❹	الأنبياء:30
فَفَرَرْتُ [1]	پس میں بھاگ گیا	//	واحد متکلم	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ف ر ر	فَعَلْتُ	//	الشعراء:21
فَفِرُّوْا [1]	تو بھاگ چلو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اِفْعِلُوْا	اِفْرِرُوْا ❺	الذاريات:50
فَفَزِعَ [2]	تو گھبرا اٹھیں گے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	صحیح	ف ز ع	فَعِلَ	× ❹	النمل:87
فَفَسَقَ [1]	پس اس نے نافرمانی کی	//	//	نصر	//	//	ف س ق	فَعَلَ	//	الكهف:50
فَفَسَقُوْا [3]	پھر وہ حکم نہیں مانتے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	بني اسرائيل:16
فَفَهَّمْنَاهَا [1]	تو ہم نے سمجھا دیا اس کا فیصلہ	//	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ف ہ م	فَعَّلْنَا	//	الأنبياء:79
الْفَقْرَ [1]	فقیری	(اسم) مصدر	×	کرم	ثلاثی مجرد	//	ف ق ر	فَعْلَ	× ❻	البقرة:268
فُقَرَاءَ [7]	محتاج	صفت مشبہ	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعَلَاءَ	× ❼	النور:32
فَقَعُوْا [2]	تو تم گر جاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	//	مثال واوی	و ق ع	عَلُوْا	اِوْقَعُوْا ❽	الحجر:29

❶ م :فَـطْرٌ، یا یہ مصدر ہے۔ ❷ دو ہم جنس حرف ظاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج :اَفْـظَاظٌ ۔ ❸ اس کا اطلاق ناپسندیدہ فعل وعمل پر ہوتا ہے، غلط حرکت۔ ❹ اس کے شروع میں فاء عاطفہ ہے۔ ❺ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ما قبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے راء کی حرکت نقل کرکے ماقبل کو دی، اور پہلے راء کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی، اسے حذف کر دیا، یا یہ فعل مضارع معلوم، صیغہ جمع مذکر حاضر تَـفِـرُّوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، اس کا مابعد متحرک ہے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے، آخر سے نون اعرابی گر گیا۔ ❻ یہ اصل میں مصدر ہے اس کے معنی ہیں فقیر محتاج ہونا اور یہاں یہ حاصل مصدر کے طور پر استعمال ہو رہا ہے اس کے معنی ہیں غربت محتاجی۔ ❼ م: فَـقِیْرٌ ۔ ❽ اس کے بارے میں صرفیوں کے دو موقف ہیں: ① یہ اصل سے یعنی اِوْقَـعُوْا سے بنا ہے، اس میں مضارع کی موافقت سے واؤ گر گئی ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرا دیا، اور ② بعض کے نزدیک یہ فعل مضارع میں تعلیل ہونے کے بعد کی حالت سے بنا ہے تو اس اعتبار سے یہ تَقَعُوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع کو گرا دیا، اس کا مابعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے آخر سے نون اعرابی گر گیا، اس کے شروع میں فاء جزائیہ ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
فَقِنَا [3]	سو ہمیں بچا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	لفیف مفروق	و ق ی	ع	اِوْقِیْ ❶	آل عمران:191
فَقِیْرٌ [5]	فقیر	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	صحیح	ف ق ر	فَعِیْلٌ	× ❷	آل عمران:181
فَكُّ [1]	آزاد کرنا	(اسم) مصدر	×	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ف ك ك	فَعْلُ	فَكْكُ ❸	البلد:13
فَكَّرَ [1]	اس نے فکر کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ف ك ر	فَعَّلَ	×	المدثر:18
فَكِهِیْنَ [1]	خوش گپیاں کرتے ہوئے	صفت مشبہ	جمع مذکر سالم	سمع	ثلاثی مجرد	//	ف ك ہ	فَعِلِیْنَ	× ❹	المطففین:31
فُلَانًا [1]	فلاں	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ف ل ن	فُعَالًا	× ❺	الفرقان:28
اَلْفَلَقِ [1]	صبح	//	//	//	ثلاثی مجرد	//	ف ل ق	فَعَلٍ	× ❻	الفلق:1
اَلْفُلْكِ [23]	کشتی	//	//	//	//	//	ف ل ك	فُعْلٍ	× ❼	الأعراف:64
فَلَكٍ [2]	مدار	//	//	//	//	//	//	فَعَلٍ	× ❽	الأنبیاء:33
فَفَهَّمْنَاهَا [1]	تو ہم نے وہ سمجھا دیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ف ہ م	فَعَّلْنَا	×	الأنبیاء:79
اَلْفَوَاحِشَ [4]	بے حیائی کے کاموں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ف ح ش	فَوَاعِلَ	× ❾	الأنعام:151
فَوَاقٍ [1]	وقفہ	اسم مصدر	×	افعال	//	اجوف واوی	ف و ق	فَعَالٍ	× ❿	صٓ:15
فَوَاكِهُ [3]	میوے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ف ك ہ	فَوَاعِلُ	× ⓫	المؤمنون:19
فَوْتَ [1]	بچنے نکلنے کی کوئی صورت	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ف و ت	فَعْلَ	×	سبا:51
فَوْجٌ [2]	ایک گروہ	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	ف و ج	فَعْلٌ	× ⓬	صٓ:59
فَوْرِهِمْ [1]	جوش وخروش	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	ف و ر	فَعْلِ	× ⓭	آل عمران:125
اَلْفَوْزُ [19]	کامیابی	//	//	//	//	//	ف و ز	فَعْلُ	×	النساء:13
فَوْقَ [40]	پر	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ف و ق	فَعْلَ	× ⓮	الانفال:12
فَوَلِّ [3]	چنانچہ آپ پھیر لیں	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	لفیف مفروق	و ل ی	فَعِّ	وَلِّیْ ⓯	البقرة:144
فُوْمِهَا [1]	اپنی گندم	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ف و م	فُعْلِ	× ⓰	البقرة:61
فِیْ [1184]	میں	حرف جر	×	//	×	×	×	×	× ⓱	ھود:108
اَلْفِیْلِ [1]	ہاتھی	اسم جامد	اسم جنس	//	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ف ی ل	فِعْلِ	× ⓲	الفیل:1
فِیْمَ [2]	کس کام میں	یہ مرکب ہے	×	//	×	×	×	×	فِیْ مَا ⓳	النساء:97

❶ اس کے بارے میں دو مؤقف ہیں: ① یہ مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر تَقِیُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، اس کا مابعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے، آخر سے حرف علت یاء کو گرا دیا تو یہ قِ بن گیا۔ ② یہ اصل میں اِوْقِیْ تھا، مضارع کی موافقت سے واؤ کو گرا دیا اب ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے اس کی ضرورت نہ رہی اسے حذف کر دیا اور آخر سے حرف علت یاء بھی گر گئی تو یہ قِ ہو گیا، اس کے شروع میں فاء عاطفہ ہے اور آخر میں نا ضمیر منصوب متصل ہے۔ ❷ ج: فُقَرَاءُ۔ ❸ دو ہم جنس حرف کاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔
❹ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: فَكِهَةٌ۔ ❺ یہ عاقل کے عَلَم سے اسم کنایہ ہے۔ ❻ یہ اصل میں باب ضرب سے مصدر بمعنی اسم مفعول ہے۔ ❼ یہ واحد اور جمع، مذکر اور مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے، اس آیت کریمہ میں یہ مفرد اور سورۃ البقرۃ :164 میں ﴿اَلْفُلْكِ﴾ جمع استعمال ہوا ہے
۔❽ اجرام سماوی کے گھومنے کا مدار، بعض کے نزدیک یہ اسم جنس ہے، ج: اَفْلَاكٌ۔ ❾ م: فَاحِشَةٌ۔ ❿ بعض کے نزدیک یہ اسم جامد ہے، جو وقت پر دلالت کرتا ہے، ج: اَفْوَاقٌ وَاَفْوِقَةٌ۔ ⓫ م: فَاكِهَةٌ۔ ⓬ ج: اَفْوَاجٌ وفُوُوْجٌ، جمع منتہی الجموع اَفَاوِجُ۔ ⓭ یا یہ اسم مطلق فی الفور وقت کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ ⓮ یہ ظرف مکان (ضد تَحْت) اضافت کی صورت میں منصوب ہوتا ہے، جب اس کا مضاف الیہ محذوف ہو تو مبنی علی الضم ہوتا ہے، لفظ ﴿فَوْق﴾ قرآن مجید میں تین معنوں میں استعمال ہوا ہے: ①

بلندی وارتفاع، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② برائے زیادتی، جیسا کہ سورۃ البقرۃ:26 میں ہے ﴿فَوْقَهَا﴾ ''اس سے بڑھ کر'' ③ برائے افضلیت، جیسا کہ سورۃ یوسف:76 میں ہے ﴿فَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ﴾ ''ہر علم والے سے اوپر ایک سب کچھ جاننے والا ہے'' اور کبھی ظرف زمان بھی ہوتی ہے، جیسے: عَاشَ فَوْقَ خَمْسِيْنَ سَنَةً۔ ⑮ امر بناتے وقت اس کے آخر سے حرف علت یاء گر گئی۔ ⑯ م: فُوْمَةٌ، فُوْمٌ کے معنی لہسن بھی ہوتے ہیں۔ ⑰ یہ حرف جر کئی معنوں کے لیے آتا ہے، مثلاً ظرفیت، مصاحبت، تعلیل، استعلاء، مقابلہ اور بمعنی الیٰ وغیرہ، مذکورہ بالا آیت میں فِیْ ظرفیت کے لیے استعمال ہوا ہے، کبھی فِیْ زائدہ بھی ہوتا ہے، جیسے: ﴿قَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا﴾ (ھود:41)۔ ⑱ یہ واحد اور جمع، مذکر اور مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتا ہے، ج: أَفْيَالٌ وفِيَلَةٌ، مفرد مؤنث الْفِيْلَةُ آتی ہے، ﴿اَصْحٰبِ الْفِيْلِ﴾ ''ہاتھی والے''، اس سے مراد صنعاء کے ایک عیسائی سردار ابرہہ کا وہ لشکر ہے جو بیت اللہ کو گرانے کے لیے آیا تھا اللہ تعالیٰ نے ان پر پرندے بھیج دیے جنہوں نے کنکریاں مار کر انہیں ہلاک کر دیا۔ ⑲ فِی حرف جر اور ما اسم استفہام ہے، اس سے پہلے فِی حرف جر آنے سے ما استفہامیہ کا الف گر گیا ہے۔

باب القاف (ق)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
ق [1]	اس کے معنی اللہ جانتا ہے	حروف مقطعات میں سے	×	×	×	×	×	×	×❶	ق:1
قَائِلٌ [4]	ایک کہنے والے نے	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ق و ل	فَاعِلٌ	قَاوِلٌ❷	یوسف:10
قَائِلُوْنَ [1]	دوپہر کے وقت آرام کر رہے تھے	//	جمع مذکر سالم	ضرب	//	اجوف یائی	ق ی ل	فَاعِلُوْنَ	قَايِلُوْنَ❸	الأعراف:4
قَائِلِيْنَ [1]	کہنے والوں کو	//	//	نصر	//	اجوف واوی	ق و ل	فَاعِلِيْنَ	قَاوِلِيْنَ❹	الأحزاب:18
قَائِمٌ [9]	کھڑا	//	واحد مذکر	//	//	//	ق و م	فَاعِلٌ	قَاوِمٌ❷	ال عمرٰن:39
قَائِمَةٌ [5]	قائم	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	قَاوِمَةٌ❷	ال عمرٰن:113
قَائِمُوْنَ [1]	قائم رہتے ہیں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	قَاوِمُوْنَ❸	المعارج:33
قَائِمِيْنَ [1]	قیام کرنے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	قَاوِمِيْنَ❺	الحج:26
قَابَ [1]	فاصلہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ق و ب	فَعَلَ	قَوَبَ❻	النجم:9
قَابِلِ [1]	قبول کرنے والے	اسم فاعل	//	سمع	//	صحیح	ق ب ل	فَاعِلِ	×❼	المؤمن:3
قَاتَلَ [5]	قتال کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ق ت ل	فَاعَلَ	×❽	ال عمرٰن:146
فَقَاتِلْ [1]	پس لڑائی کرو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَاعِلْ	×	النساء:84
فَقَاتِلَا [1]	پس تم دونوں لڑائی کرو	//	تثنیہ مذکر حاضر	//	//	//	//	فَاعِلَا	//	المائدة:24
قَاتَلُوْا [6]	انہوں نے لڑائی کی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَاعَلُوْا	//	ال عمرٰن:195
قَاتِلُوْا [12]	لڑائی کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَاعِلُوْا	//	البقرة:190
قَادِرٌ [7]	قادر	اسم فاعل	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ق د ر	فَاعِلٌ	×❾	الأنعام:37
قَادِرُوْنَ [5]	قدرت رکھتے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	×❿	یونس:24
قَادِرِيْنَ [2]	قادر	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	×⓫	القلم:25

❶ اس سے مراد وہ حروف ہیں جو علیحدہ علیحدہ پڑھے جاتے ہیں، ان کے معانی کے بارے میں کوئی مستند روایت نہیں ہے۔ ❷ واوٗ فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ) ❸ یاء فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❹ واوٗ فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ واوٗ فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: قَائِلٌ)، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ واوٗ متحرک ماقبل مفتوح، واوٗ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، قاب کمان کے وسط سے کنارہ تک کے فاصلے کو کہتے ہیں۔ ❼ جب یہ بغیر صلہ کے آئے تو عموماً اس کے معنی سامنے سے آنے کے ہوتے ہیں، جب اس کا صلہ باء ہو تو اس کے معنی قبول کرنے کے ہوتے ہیں، اور جب اس کا صلہ "علی" ہو تو اس کے معنی شروع کرنے کے ہوتے ہیں۔ ❽ سورۃ التوبۃ :30﴿ قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ ﴾ میں قَاتَلَ فعل ماضی بددعا کے محل میں واقع ہوا ہے اس کے معنی ہیں "اللہ تعالیٰ ان کو ہلاک کرے"۔ ❾ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ عَلَيْهِ اور مصدر قَدَارَةً ہو۔ ❿ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ عَلَيْهِ اور مصدر قَدَارَةً ہو، جب اس کا مفعول الشیء اور مصدر قَدْرًا ہو تو اس کے معنی اندازہ لگانا کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ المرسلات:23 میں ہے ﴿فَنِعْمَ الْقَادِرُوْنَ ﴾ "تو ہم اچھے اندازہ کرنے والے ہیں"، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⓫ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ عَلَيْهِ اور مصدر قَدَارَةً ہو، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَلْقَارِعَةُ [5]	کھڑکھڑانے والی	اسم فاعل	واحد مؤنث	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ق ر ع	فَاعِلَةٌ	(1) ×	القارعة:1
قَارُوْنَ [4]	قارون	اسم جامد	واحد مذکر	×	×	×	×	×	(2) ×	القصص:76
قَاسِطُوْنَ [2]	ظالم	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ق س ط	فَاعِلُوْنَ	(3) ×	الجن:14
قَاسَمَهُمَا [1]	قسم کھائی ان دونوں کے سامنے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	مفاعله	ثلاثی مزید فیه	//	ق س م	فَاعَلَ	×	الأعراف:21
قَاسِيَةً [3]	سخت	اسم فاعل	واحد مؤنث	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	ق س و	فَاعِلَةٌ	قَاسِوَةٌ (4)	المائدة:13
قَاصِدًا [1]	درمیانی	//	واحد مذکر	ضرب	//	صحیح	ق ص د	فَاعِلًا	×	التوبة:42
قَاصِرَاتُ [3]	نیچی رکھنے والیاں	//	جمع مؤنث سالم	نصر	//	//	ق ص ر	فَاعِلَاتٌ	(5)	الصافات:48
قَاصِفًا [1]	سخت جھونکا	اسم جامد	واحد مذکر		//	//	ق ص ف	فَاعِلًا	(6) ×	بنی اسرائیل:69
قَاضٍ [1]	کرنا چاہتا	اسم فاعل	//	ضرب	//	ناقص یائی	ق ض ی	فَاعٍ	قَاضِيٌ (7)	طه:72
اَلْقَاضِيَةَ [1]	فیصلہ کرنے والی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	(8) ×	الحاقة:27
قَاطِعَةً [1]	قطعی فیصلہ کرنے والی	//	//	فتح	//	صحیح	ق ط ع	فَاعِلَةٌ	(9) ×	النمل:32
قَاعًا [1]	ایک میدان	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	اجوف واوی	ق و ع	فَعَلًا	قَوَعًا (10)	طه:106
قَاعِدًا [1]	بیٹھ رہنے والا	اسم فاعل	//	نصر	//	صحیح	ق ع د	فَاعِلًا	×	یونس:12
قَاعِدُوْنَ [2]	بیٹھے رہنے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	(11) ×	المائدة:24
اَلْقَاعِدِيْنَ [4]	بیٹھ رہنے والوں	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	(12) ×	النساء:95
قَالَ [530]	کہا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	اجوف واوی	ق و ل	فَعَلَ	قَوَلَ (13)	البقرة:30
قَالَا [3]	کہا دونوں نے	//	تثنیہ مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَا	قَوَلَا (13)	الأعراف:23
قَالَتْ [43]	کہا	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	قَوَلَتْ (13)	البقرة:113
قَالَتَا [2]	کہا ان دونوں نے	//	تثنیہ مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتَا	قَوَلَتَا (13)	القصص:23
قَالُوْا [332]	کہا انہوں نے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	قَوَلُوْا (13)	البقرة:111

(1) اس سے مراد قیامت ہے، کبھی اس کے مجازی معنی سخت مصیبت بھی کیے جاتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الرعد:30 میں ہے ﴿ قَارِعَةٌ ﴾ "سخت آفت"۔ (2) یہ عجمی علم ہے، جو عجمہ اور علمیت کی بناء پر غیر منصرف ہے، یہ موسیٰ علیہ السلام کے چچا یا چچا کے بیٹے کا نام ہے، یہ بہت زیادہ مالدار، سرکش، مغرور اور بخیل انسان تھا، حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بددعا سے یہ مال سمیت زمین میں دھنس گیا۔ (3) جب اس کا مصدر قِسْطٌ ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں، انصاف کرنا، اور جب اس کا مصدر قَسْطٌ ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں ناانصافی کرنا۔ (4) واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء ہوگئی (قاعدہ:دَاعٍ)۔ (5) قَاصِرَةُ الطَّرْفِ: نیچی نگاہ رکھنے والی شرمیلی عورت، جو اپنے خاوند کے علاوہ کسی مرد کی طرف نگاہ نہ اٹھائے، یہاں اس سے مراد جنت کی حوریں ہیں۔ (6) یہ اصل میں باب ضرب سے واحد مذکر اسم فاعل ہے اور یہاں یہ اسم جامد کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ (7) لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، ج: قَاضُوْنَ، قَاضِيْنَ وقُضَاةٌ۔ (8) ج: قَوَاضِيُ۔ (9) اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول اَمْرًا ہو۔ (10) واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، ج: أَقْوَاعٌ، أَقْوُعٌ وقِيْعٌ وقِيْعَةٌ وقِيْعَانٌ۔ (11) یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ (12) یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ (13) واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
الْقَالِينَ [1]	بیزار ہوں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ق ل ی	فَاعِينَ	قَالِيِينَ ❶	الشعراء:168
قَامَ [1]	کھڑا ہوا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	اجوف واوی	ق و م	فَعَلَ	قَوَمَ ❷	الجن:19
قَامُوا [4]	کھڑے ہو جاتے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوا	قَوَمُوا ❷	البقرة:20
قَانِتٌ [2]	عبادت کرتا	اسم فاعل	واحد مذکر	//	//	صحیح	ق ن ت	فَاعِلٌ	×❸	الزمر:9
قَانِتَاتٌ [3]	اطاعت گزار	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَاعِلَاتٌ	×	النساء:34
قَانِتُونَ [2]	فرمانبردار	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُونَ	×❹	البقرة:116
قَانِتِينَ [4]	عاجزی کرتے ہوئے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِينَ	×❺	البقرة:238
الْقَانِطِينَ [1]	ناامید ہونے والوں میں	//	//	ن، ض	//	//	ق ن ط	//	×❻	الحجر:55
الْقَانِعَ [1]	سوال نہ کرنے والے	//	واحد مذکر	فتح	//	//	ق ن ع	فَاعِلَ	×	الحج:36
الْقَاهِرُ [2]	زبردست	//	//	//	//	//	ق ہ ر	فَاعِلُ	//	الأنعام:18
قَاهِرُونَ [1]	غالب ہیں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُونَ	×❼	الأعراف:127
قَبَائِلَ [1]	قبیلے	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	ق ب ل	فَعَائِلَ	×❽	الحجرات:13
قَبْرِهِ [1]	اس کی قبر	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	//	ق ب ر	فَعْلِ	×❾	التوبة:84
قَبَسٍ [2]	ایک انگارا	//	//	//	//	//	ق ب س	فَعَلٍ	×	النمل:7
قَبْضًا [1]	سمیٹنا	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	//	ق ب ض	فَعْلًا	//	الفرقان:46
قَبَضْتُ [2]	میں نے بھر لی	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	//	طٰہ:96
قَبْضَةً [1]	ایک مٹھی بھر	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	فَعْلَةً	×❿	طٰہ:96
قَبَضْنَاهُ [1]	ہم اسے سمیٹ لیتے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	ضرب	//	//	//	فَعَلْنَا	×	الفرقان:46
قُبُلٍ [3]	سامنے	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ق ب ل	فُعُلٍ	×⓫	یوسف:26
قِبَلَ [4]	طرف	//	//	//	//	//	//	فِعَلَ	×⓬	البقرة:177
قَبْلُ [342]	پہلے	//	//	//	//	//	//	فَعْلُ	×⓭	البقرة:25

❶ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء جمع ہونے سے ایک یاء کو گرا دیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قَال)۔ ❸ لفظ ﴿قَانِت﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① عبادت کرنا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② فرمانبردار، جیسا کہ سورۃ النحل : 120 میں ہے ﴿ قَانِتًا لِّلّٰهِ ﴾ ''اللہ کا فرمانبردار''۔ ❹ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❺ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❼ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❽ م : قَبِيْلَةٌ ، یہ اسم جمع ہے اس کا واحد نہیں آتا۔ ❾ ج: قُبُورٌ۔ ❿ کبھی اس سے مراد باب ضرب قَبَضَ يَقْبِضُ کا مصدر مرّہ ہوتا ہے، لفظ ﴿قَبْضَة﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① مٹھی بھر، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② مٹھی، جیسا کہ سورۃ الزمر: 67 میں ہے ﴿ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ ﴾ ''اور زمین ساری کی ساری اس کی مٹھی میں ہوگی''۔ ⓫ یہ اسم ظرف مکان ہے، اس سے مراد ہر چیز کا اگلا حصہ ہے، سورۃ الانعام :111 میں ﴿قُبُلًا﴾ سے مراد نوع ہے یعنی قسم قسم کے، م: قَبِيْلٌ، اور بعض کے نزدیک یہ بمعنی مقابلہ مصدر ہے۔ ⓬ لفظ ﴿قِبَل﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① طرف، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② طاقت، جیسا کہ سورۃ النمل :37 میں ہے ﴿ لَا قِبَلَ لَهُمْ ﴾ ''نہیں طاقت ہوگی ان کو''۔ ⓭ یہ اسم ظرف زمان و مکان ہے، معرب اور مبنی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے: ① مبنی جب یہ مضاف ہو اور مضاف الیہ متکلم کی نیت میں ہو تو یہ ضمہ پر مبنی ہوتا ہے، جیسے مذکورہ بالا آیت میں ہے ② معرب، جب یہ مضاف نہ ہو، یا یہ مضاف ہو اور مضاف الیہ لفظوں میں موجود ہو، جیسا کہ سورۃ البقرۃ :4 میں ﴿مِنْ قَبْلِكَ﴾ ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قِبْلَةً 7	قبلہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ق ب ل	فِعْلَةً	×❶	یونس:87
الْقُبُوْرِ 5	قبروں	//	جمع مکسر	//	//	//	ق ب ر	فُعُوْلِ	×❷	الحج:7
بِقَبُوْلٍ 1	قبول کرنا	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	ق ب ل	فَعُوْلٍ	×	ال عمرٰن:37
قَبِيْلًا 1	سامنے	اسم جامد	اسم جمع	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعِيْلًا	×❸	بنی اسرائیل:92
قَبِيْلُهٗ 1	اس کا قبیلہ	//	اسم جنس جمعی	//	//	//	//	فَعِيْلُ	×❹	الأعراف:27
قِتَالٌ 13	لڑنا	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	//	//	ق ت ل	فِعَالٌ	×❺	البقرة:217
قَتَرٌ 1	سیاہی	اسم جامد	اسم جنس	×	ثلاثی مجرد	//	ق ت ر	فَعَلٌ	×	یونس:26
قَتَرَةٌ 1	//	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعَلَةٌ	//	عبس:41
قَتَلَ 9	قتل کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	//	ق ت ل	فَعَلَ	//	البقرة:251
قُتِلَ 7	قتل کر دیے جائیں	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	×❻	ال عمرٰن:144
قَتْلَ 10	قتل	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلَ	×	المائدة:30
الْقَتْلٰى 1	مقتولوں	اسم مفعول	جمع مکسر	//	//	//	//	فَعْلٰى	×❼	البقرة:178
قَتَلْتُ 1	میں نے قتل کیا	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	×	القصص:33
قَتَلْتَ 3	تو نے قتل کر دیا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	//	الکہف:74
قُتِلَتْ 1	اس کو مارا گیا	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتْ	//	التکویر:9
قَتَلْتُمْ 1	تم نے قتل کیا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	البقرة:72
قُتِلْتُمْ 2	تم قتل کر دیے گئے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلْتُمْ	//	ال عمرٰن:157
قَتَلْتُمُوْهُمْ 1	تم نے قتل کیا ان کو	فعل ماضی معلوم	//	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	قَتَلْتُمْ❽	ال عمرٰن:183
قَتَلْنَا 1	ہم نے قتل کیا ہے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	×	النساء:157
قُتِلْنَا 1	ہم قتل کیے جاتے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلْنَا	//	ال عمرٰن:154
قَتَلُوْا 3	انہوں نے قتل کیا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	الأنعام:140
قُتِلُوْا 6	نہ مارے جاتے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلُوْا	//	ال عمرٰن:156
قُتِّلُوْا 1	قتل کر دیے گئے	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلُوْا	//	الأحزاب:61
قَتُوْرًا 1	تنگ دل	صفت مشبہ	واحد مذکر	ن،ض	ثلاثی مجرد	//	ق ت ر	فَعُوْلًا	×❾	بنی اسرائیل:100
قِثَّائِهَا 1	اپنی ککڑیاں	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	ثلاثی مزید فیہ	مہموز اللام	ق ث ء	فِعَّالِ	×❿	البقرة:61

❶ یہ باب نصر قَبَلَ يَقْبُلُ کے مصدر ھیئۃ کے وزن پر ہے۔ ❷م: قَبْرٌ۔ ❸ ج: قُبُلٌ ،یا یہ صفت مشبہ ہے،اس کے معنی کفیل وضامن کے ہیں۔ ❹م: قَبِيْلَةٌ، ج: قُبُلٌ۔ ❺ یہ باب مفاعلہ کا سماعی مصدر ہے،قیاسی مصدر مُفَاعَلَة کے وزن پر مُقَاتَلَةٌ آتا ہے۔ ❻ سورة المدثر: 20 میں ﴿ قُتِلَ ﴾ بددعا کے موقع میں آیا ہے،اس کے معنی ہیں ''وہ ہلاک کیا جائے''۔ ❼م: قَتِيْلٌ یہ بمعنی مَقْتُوْلٌ ہے۔ ❽ تُمْ کے بعد هُمْ ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا(قاعدہ:اِتَّخَذْتُمُوْهُ)۔ ❾ یہ اسم مبالغہ بھی ہوسکتا ہے۔ ❿م: قِثَّاءَةٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قَدْ [123]	یقینا	حرف تحقیق	×	×	×	×	×	×	× ❶	البقرۃ:60
قُدَّ [3]	پھٹی	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ق د د	فُعِلَ	قُدِدَ ❷	یوسف:26
قَدَّتْ [1]	اس نے پھاڑ دی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	قَدَدَتْ ❷	یوسف:25
قَدْحًا [1]	سم مار کر	(اسم) مصدر	×	فتح	//	صحیح	ق د ح	فَعْلًا	×	العادیات:2
قِدَدًا [1]	مختلف	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	مضاعف ثلاثی	ق د د	فِعَلًا	× ❸	الجن:11
فَقَدَرَ [1]	پھر تنگ کر دیتا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	صحیح	ق د ر	فَعَلَ	× ❹	الفجر:16
قُدِرَ [2]	مقدر کیا گیا تھا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	× ❺	القمر:12
قَدَرٍ [11]	اندازہ	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعَلٍ	× ❻	المرسلات:22
الْقَدْرِ [6]	قدر	//	//	//	//	//	//	فَعْلٍ	× ❼	القدر:1
قَدَّرَ [8]	اس نے اندازہ لگایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	× ❽	حم السجدۃ:10
قَدِّرْ [1]	اندازہ رکھ	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِّلْ	//	سبا:11
قَدْرًا [1]	ایک اندازہ	(اسم) مصدر	×	ن،ض	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلًا	× ❾	الطلاق:3
فَقَدَرْنَا [1]	پھر ہم نے اندازہ لگایا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	ضرب	//	//	//	فَعَلْنَا	× ❺	المرسلات:23
قَدَّرْنَا [5]	ہم نے فیصلہ کر لیا	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْنَا	× ❿	الحجر:60
مَا قَدَرُوْا [3]	نہیں انہوں نے قدر کی	فعل ماضی منفی معلوم	جمع مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلُوْا	× ⓫	الأنعام:91
قَدَّرُوْهَا [1]	وہ اندازہ لگائیں گے انکا	فعل ماضی معلوم	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلُوْ	× ⓬	الدھر:16
الْقُدُسِ [4]	پاک	(اسم) مصدر	×	کرم	ثلاثی مجرد	//	ق د س	فُعُلٍ	× ⓭	البقرۃ:87

❶ ﴿ قَدْ ﴾ یہ درج ذیل معانی کے لیے آتا ہے:① تحقیق، جب یہ ماضی سے پہلے آئے اسے ماضی قریب کہتے ہیں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے،② تقلیل، جب یہ مضارع سے پہلے آئے، البتہ جب یہ اللہ تعالیٰ کے لیے آئے تو تحقیق کے معنی دیتا ہے، جیسا کہ سورۃ الاحزاب: 18 میں ہے ﴿قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ﴾ ''یقیناً اللہ تعالیٰ جانتا ہے رکاوٹ ڈالنے والوں کو'' ③ تکثیر، جیسا کہ سورۃ البقرۃ :144 میں ہے ﴿قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ ﴾ یقیناً ہم تیرے چہرے کا بار بار پھرنا دیکھ رہے ہیں'' ④ تقریب یعنی ماضی کو حال کے قریب کرنے کے لیے آتا ہے، جیسا کہ سورۃ یونس: 89 میں ہے ﴿قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا ﴾ ''بلاشبہ تم دونوں کی دعا قبول کر لی گئی''۔ ❷ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے دال کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ:مَدَّ) ۔ ❸ م: قِدَّةٌ ۔ ❹ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الرِّزْقَ اور صلہ عَلَيْهِ ہو۔ ❺ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشّيء اور مصدر قَدْرًا ہو اور جب اس کا مفعول الرِّزْقَ اور صلہ عَلَيْهِ ہو تو اس کے معنی کسی کے رزق میں تنگی کرنے کے ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الطلاق:7 میں ہے ﴿مَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ ﴾ ''جس پر اس کا رزق تنگ کیا گیا ہو''۔ ❻ لفظ ﴿قَدَرٍ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے:① اندازہ، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② تقدیر الٰہی، جیسا کہ سورۃ طٰہٰ: 40 میں ہے ﴿ قَدَرٍ ﴾ ''تقدیر الٰہی''، ج:اَقْدَارٌ ۔ ❼ یہ اصل میں مصدر ہے، مگر یہاں بطور اسم جامد رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں سے ایک مقدس رات کا نام ہے جس میں قرآن مجید نازل ہوا تھا۔ ❽ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشّيء ہو۔ ❾ ج:اَقْدَارٌ۔ ❿ لفظ ﴿ قَدَّرْنَا ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے:① ہم نے فیصلہ کر لیا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② مقرر کرنا، جیسا کہ سورۃ الواقعۃ : 60 میں ہے ﴿ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ ﴾ ''ہم نے تمہارے درمیان موت کا وقت مقرر کیا ہے''، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشّيء ہو ۔ ⓫ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول فُلَانًا ہو۔ ⓬ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشّيء ہو۔ ⓭ یہاں یہ بطور صفت بمعنی الْمُقَدَّس استعمال ہوا ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قَدَمٌ 1	مرتبہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ق د م	فَعَلٌ	× ❶	یونس:2
قَدَمٌ 2	قدم	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعَلٌ	× ❷	النحل:94
قَدَّمَ 2	سامنے لایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	صٓ:61
قَدَّمَتْ 14	آگے بھیجے	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَّلَتْ	//	البقرة:95
قَدَّمْتُ 2	میں پہلے بھیج چکا تھا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْتُ	//	قٓ:28
قَدَّمْتُمْ 1	تم نے پہلے جمع کر رکھا ہوگا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَّلْتُمْ	//	یوسف:48
قَدَّمْتُمُوْهُ 1	تم آگے لائے ہو اس کو	//	//	//	//	//	//	//	قَدَّمْتُمْ ❸	صٓ:60
قَدِمْنَا 1	ہم متوجہ ہوں گے	//	جمع متکلم	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعِلْنَا	× ❹	الفرقان:23
قَدَّمُوْا 1	انہوں نے آگے بھیجے	//	جمع مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلُوْا	×	یسٓ:12
قَدِّمُوْا 2	آگے بھیجو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِّلُوْا	//	البقرة:223
قُدُوْرٌ 1	دیگیں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	//	ق د ر	فُعُوْلٌ	× ❺	سبا:13
اَلْقُدُّوْسُ 2	پاک ذات	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	//	ق د س	فُعُّوْلٌ	× ❻	الحشر:23
قَدِيْرٌ 45	قادر	//	//	ضرب	//	//	ق د ر	فَعِيْلٌ	×	البقرة:20
قَدِيْمٌ 3	پرانا	//	//	کرم	//	//	ق د م	//	//	الأحقاف:11
قَذَفَ 2	ڈال دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	//	ق ذ ف	فَعَلَ	//	الأحزاب:26
فَقَذَفْنٰهَا 1	پس ہم نے ان کو ڈال دیا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	طٰہٰ:87
قُرًى 19	بستیاں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	ناقص یائی	ق ر ی	فُعًا	قُرَيٌ ❼	سبا:18
قَرَارٌ 1	قرار ثبات	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ق ر ر	فَعَالٌ	×	ابراهيم:26
قَرَارٍ 8	قرارگاہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	//	//	المؤمنون:13
قَرَاطِيْسَ 1	الگ الگ ورق	//	جمع مکسر	//	رباعی مزید فیہ	صحیح	ق ر ط س	فَعَالِيْلُ	× ❽	الأنعام:91
قُرْاٰنٌ 68	قرآن پاک	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مزید فیہ	مہموز اللام	ق ر ء	فُعْلَانٌ	× ❾	یونس:61
قُرْاٰنَهٗ 2	اس کو پڑھنا	(اسم) مصدر	×	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	فُعْلَانٌ	×	القيامة:17

❶ یہاں مجازی طور پر مسبب کا نام سبب کے ساتھ رکھا گیا ہے، اس سے مراد جنت، بلند مرتبہ اور نیک عمل ہیں، قَدَم اصل میں تو مصدر ہے۔ ❷ ﴿قَدَمٌ﴾ بطور مصدر اور صیغہ صفت کے بھی استعمال ہوتا ہے، ج: اَقْدَامٌ ۔ ❸ تُم کے بعد ہٗ ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوْهُ) ۔ ❹ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ اِلَى الْاَمْرِ ہو۔ ❺ م: قِدْرٌ۔ ❻ بعض کے نزدیک یہ اسم مبالغہ ہے، اس کے معنی ہیں بہت پاک ذات، یہ اسمائے حسنٰی میں سے ہے۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال) ، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا، اگر اس پر الف لام داخل ہو، جیسے ﴿الْقُرٰى﴾ تو پھر قاعدہ قال کے تحت صرف یاء کو الف سے بدل دیں گے، م: قَرْيَةٌ، سورة الأنعام :92 میں ﴿اُمَّ الْقُرٰى﴾ ''بستیوں کے مرکز'' سے مراد مکہ المکرّمہ ہے۔ ❽ م: قِرْطَاسٌ۔ ❾ یہ اصل میں تو باب فتح کا مصدر ہے جو بمعنی مفعول استعمال ہو رہا ہے، پھر یہ کتاب اللہ کا علم بن گیا ہے، بعض کے نزدیک یہ صحیح ہے اور یہ قَرْن (جمع کرنا، ملانا) سے ماخوذ ہے، اور یہ فُعَال کے وزن پر ہے چونکہ اس میں تمام اصول دین جمع کر دیے گئے ہیں اس لیے اسے قرآن کہتے ہیں، سورة بنی اسرائیل :78 میں ﴿قُرْاٰنَ الْفَجْرِ﴾ سے مراد فجر کی نماز ہے، قرآن، نماز کے معنی میں ہے، اس کو قرآن سے اس لیے تعبیر کیا گیا ہے کہ نماز فجر میں قراءت لمبی ہوتی ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قُرِئَ [2]	پڑھا جائے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	ق ر ء	فُعِلَ	×	الأعراف:204
قَرَأْتَ [2]	تم پڑھنے لگو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	//	النحل:98
قَرَأْنَاهُ [1]	ہم اسے پڑھ چکیں	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	القيامة:18
فَقَرَأَهُ [1]	پھر وہ اسے پڑھتا ہے	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	//	الشعراء:199
ذَا ـ قُرْبٰى [16]	قرابت دار	(اسم) مصدر	×	س، ك	//	صحیح	ق ر ب	فُعْلٰى	//	المائدة:106
قَرَّبَا [1]	ان دونوں نے پیش کیا	فعل ماضی معلوم	تثنیہ مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَا	//	المائدة:27
قُرُبَاتٍ [1]	قربتیں	(اسم) مصدر	جمع مؤنث سالم	ن،س،ك	ثلاثی مجرد	//	//	فُعُلَاتٍ	❶ ×	التوبة:99
قُرْبَانًا [3]	نذرانہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ملحق بر باعی مزید فیہ	//	//	فُعْلَانًا	❷ ×	المائدة:27
قُرْبَةٌ [1]	قربت	(اسم) مصدر	واحد مؤنث	ن،س،ك	ثلاثی مجرد	//	//	فُعْلَةٌ	❸ ×	التوبة:99
قَرَّبْنَاهُ [1]	ہم نے قریب کیا اس کو	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْنَا	//	مريم:52
فَقَرَّبَهُ [1]	پھر اس نے اسے قریب رکھ دیا	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَّلَ	×	الذاريات:27
قُرَّةَ [3]	ٹھنڈک	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ق ر ر	فُعْلَةَ	❹ قُرْرَةَ	الفرقان:74
قَرْحٌ [3]	زخم	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ق ر ح	فَعْلٌ	❺ ×	ال عمرٰن:140
قِرَدَةً [3]	بندر	//	جمع مکسر	//	//	//	ق ر د	فِعَلَةً	❻ ×	البقرة:65
قَرْضًا [6]	قرض	اسم مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ق ر ض	فَعْلًا	❼ ×	البقرة:245
قِرْطَاسٍ [1]	کاغذ	اسم جامد	واحد مذکر	×	رباعی مزید فیہ	//	ق ر ط س	فِعْلَالٍ	❽ ×	الأنعام:7
قَرْنَ [1]	تم ٹھہری رہو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مؤنث حاضر	سمع	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ق ر ر	فَلْنَ	❾ اِقْرَرْنَ	الأحزاب:33
قَرْنٍ [7]	امتیں	اسم جامد	اسم جمع	×	//	صحیح	ق ر ن	فَعْلٍ	❿ ×	الأنعام:6
قُرَنَاءَ [1]	کچھ (بُرے) ہم نشین	صفت مشبہ	جمع مکسر	ضرب	//	//	//	فُعَلَاءَ	⓫ ×	حم السجدة:25

❶ م: قُرْبَةٌ ـ ❷ یہاں یہ ملحق بقُرْطَاس ہے، یہ اصل میں باب کرم کا مصدر ہے، جیسا کہ سورۃ الاحقاف :28 میں ہے ﴿اِتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً﴾ انہوں نے اللہ کے سوا قرب حاصل کرنے کے لیے معبود بنائے رکھا، کبھی یہ مصدر بمعنی مفعول بھی ہوتا ہے، جیسا کہ متن میں مذکور ہے، ج: قَرَابِيْنُ۔ ❸ ج: قُرَبٌ و قُرُبَاتٌ ـ ❹ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❺ ج: قُرُوحٌ ـ ❻ م: قِرْدٌ، اس کی جمع اَقْرَادٌ و قُرُوْدٌ بھی آتی ہے، اس کی مؤنث قِرْدَةٌ آتی ہے۔ ❼ کبھی اس سے مراد وہ مال ہوتا ہے، جو بطور قرض کے دیا جاتا ہے، اس آیت کریمہ میں قَرْضًا مصدر بھی ہو سکتا ہے اس صورت میں یہ مفعول مطلق بنے گا اور اس سے مراد مال بھی ہو سکتا ہے اس صورت میں یہ مفعول بہ بنے گا اور یہ مصدر بمعنی مفعول ہوگا۔ ❽ ج: قَرَاطِيْسُ۔ ❾ اس لفظ کی اصل میں اختلاف ہے، اس کے بارے میں صرفیوں کے درج ذیل مؤقف ہیں: ① مضاعف ثلاثی، دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو پہلے کی حرکت ماقبل کو دے دی اور پھر دو ہم جنس حرفوں میں سے ایک راء کو تخفیفاً حذف کر دیا (قاعدہ: حذف سماعی)، فاء کلمہ متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی حذف ہو گیا ② بیضاوی، زمخشری فرماتے ہیں کہ یہ اجوف واوی باب سمع قَارَ يَقَارُ قَوْرًا (اکٹھا ہونا) سے بنا ہے اصل میں اِقْوَرْنَ تھا، واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، پھر دو ساکن الف اور راء جمع ہونے سے الف گر گیا، فاء کلمہ متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے گرا دیا، اس کے معنی ہیں جمع رہو، ③ بعض کے نزدیک وَقَرْنَ کے شروع میں آنے والی واؤ اصلی ہے، یہ مثال واوی باب وَقَرَ يَقِرُ سے بنا ہے اور یہ اپنی اصل پر ہے، اس کے معنی ہیں تم وقار سے رہو۔ ❿ اس کے معنی ''ہم عصر لوگوں کا ایک گروہ'' کے ہیں، ج: قُرُوْنٌ۔ ⓫ م: قَرِيْنٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
ذِی۔الْقَرْنَیْنِ [3]	ذوالقرنین	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	صحیح	ق ر ن	فَعْلَیْنِ	× ❶	الکهف:83
قُرُوْءٍ [1]	حیض	//	جمع مکسر	//	//	مہموز اللام	ق ر ء	فُعُوْلٍ	× ❷	البقرة:228
قُرُوْنًا [13]	امتیں	//	//	//	//	صحیح	ق ر ن	فُعُوْلًا	× ❸	المؤمنون:42
قَرِّیْ [1]	ٹھنڈی کرو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مؤنث حاضر	سمع	//	مضاعف ثلاثی	ق ر ر	فَعْلِیْ	اِقْرَرِیْ ❹	مریم:26
قَرِیْبٌ [26]	قریب	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	صحیح	ق ر ب	فَعِیْلٌ	× ❺	البقرة:186
قَرْیَةٍ [37]	ایک بستی	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	ناقص یائی	ق ر ی	فَعْلَةٍ	× ❻	البقرة:259
الْقَرْیَتَیْنِ [1]	دو بستیوں	//	تثنیہ مؤنث	//	//	//	//	فَعْلَتَیْنِ	× ❼	الزخرف:31
قُرَیْشٍ [1]	قریش	//	واحد مذکر و مؤنث	//	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ق ر ش	فُعَیْلٍ	× ❽	قریش:1
قَرِیْنٌ [7]	ایک ہم نشین	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ق ر ن	فَعِیْلٌ	× ❾	الصافات:51
قَسَتْ [3]	سخت ہوں گے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	نصر	//	ناقص واوی	ق س و	فَعَتْ	قَسَوَتْ ❿	البقرة:74
الْقِسْطَ [15]	انصاف	(اسم) مصدر	×	ن،ض	//	صحیح	ق س ط	فِعْلَ	×	الأنبياء:47
بِالْقِسْطَاسِ [2]	ترازو کے ساتھ	اسم جامد	واحد مذکر	×	×	×	×	×	× ⓫	بني اسرائيل:35
قَسَمٌ [2]	قسم	اسم مصدر	×	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ق س م	فَعَلٌ	× ⓬	الفجر:5
قِسْمَةٌ [3]	تقسیم	(اسم) مصدر	//	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فِعْلَةٌ	×	النجم:22
قَسَمْنَا [1]	تقسیم کردیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	الزخرف:32
قَسْوَةً [1]	سخت	(اسم) مصدر	×	نصر	//	ناقص واوی	ق س و	فَعْلَةً	//	البقرة:74
قَسْوَرَةٍ [1]	شیر	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ملحق رباعی مجرد	صحیح	ق س ر	فَعْوَلَةٍ	× ⓭	المدثر:51
قِسِّیْسِیْنَ [1]	علماء	اسم مبالغہ	جمع مذکر سالم	تفعّل	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ق س س	فِعِّیْلِیْنَ	× ⓮	المائدة:82

❶ یہ علم مرکب اضافی ہے، اس کا پہلا جز ذِیْ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے، اس کی جری حالت یاء کے ساتھ آئی ہے، اس کے معنی ہیں والا اور دوسرا جز قَرْنَیْنِ تثنیہ مذکر ہے اس کی جری حالت یاء کے ساتھ آئی ہے، اس کے معنی ہیں دو سینگ، یہ اس کی جری حالت ہے، م: قَرْنٌ، ج: قُرُوْنٌ، لفظ قَرْنٌ کے لفظی معنی ہیں دو سینگ اور یہاں یہ ذِیْ کے ساتھ مل کر ایک نیک اور عادل بادشاہ کا نام بن چکا ہے۔ ❷ م: قُرْءٌ، اس کی جمع أَقْرُءٌ اور أَقْرَاءٌ بھی آتی ہے۔ ❸ م: قَرْنٌ۔ ❹ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے راء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے راء کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی، اسے حذف کر دیا۔ ❺ امام فراء فرماتے ہیں کہ اگر قَرِیْبٌ سے قریب جگہ مراد لی جائے تو اس کا اطلاق مذکر و مؤنث دونوں پر ہوتا ہے، اور اگر قَرِیْبٌ سے قرابت مراد لی جائے تو مذکر کے لیے قَرِیْبٌ اور مؤنث کے لیے قَرِیْبَةٌ آتا ہے۔ ❻ ج: قُرًی۔ ❼ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: قَرْیَةٌ، ج: قُرًی۔ ❽ یہ ایک قبیلہ کا نام ہونے کی وجہ سے مذکر و مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، خاندان قریش بنو کنانہ کی ایک شاخ ہے، یہ مکہ مکرمہ میں رہائش پذیر تھا، اور یہ بیت اللہ کے متولی تھے،، اسی خاندان سے رسول اللہ ﷺ تعلق رکھتے ہیں، یہ تمام قبائل سے مقام و مرتبہ کے اعتبار سے اعلی سمجھا جاتا تھا، قُرَیْشٌ، قِرْشٌ کی تصغیر ہے اور قِرْش ایک خاص قسم کی بڑی مچھلی ہے جو چھوٹی چھوٹی مچھلیوں کو نگل جاتی ہے، تو اس خاندان کا نام قریش اسی مناسبت سے رکھا گیا ہے کہ یہ عظمت، شرافت اور طاقت کے اعتبار سے تمام قبائل میں ممتاز تھے، ج: قُرُشٌ۔ ❾ یہ کبھی فاعل، کبھی مفعول اور کبھی اسم مبالغہ کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے، یا یہ بمعنی مُفَاعِل یعنی مُعَاوِن ہے، ج: قُرَنَاءُ۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور تاء جمع ہونے سے الف گر گیا۔ ⓫ یہ رومی معرّب لفظ ہے۔ ⓬ ج: اَقْسَامٌ۔ ⓭ ج: قَسَاوِرُ و قَسَاوِرَةٌ یا یہ اسم جمع ہے، یہ ملحق بجعفر ہے۔ ⓮ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: قِسِّیْسٌ، اس کی جمع قَسَاوِسَةٌ و قَسَاقِسَةٌ بھی آتی ہے، بعض کے نزدیک یہ سریانی لفظ ہے، اس سے مراد عیسائیوں کا مذہبی پیشوا ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قَصَّ [1]	بیان کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ق ص ص	فَعَلَ	قَصَصَ ❶	القصص:25
اَلْقِصَاصُ [4]	بدلہ لینا	(اسم) مصدر	×	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فِعَالٌ	× ❷	البقرة:178
قَصْدُ [1]	سیدھا	//	//	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ق ص د	فَعْلُ	×	النحل:9
قَصْرٍ [2]	محل	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ق ص ر	فَعْلٍ	× ❸	الحج:45
قَصَصًا [6]	پیچھا کرتے ہوئے	(اسم) مصدر	×	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ق ص ص	فَعَلًا	× ❹	الكهف:64
قَصَصْنَا [3]	ہم نے بیان کردی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	×	النحل:118
قَصَمْنَا [1]	ہم نے ہلاک کیں	//	//	ضرب	//	صحیح	ق ص م	//	//	الأنبياء:11
اَلْقُصْوٰى [1]	دور والے	اسم تفضیل	واحد مؤنث	نصر	//	ناقص واوی	ق ص و	فُعْلٰی	× ❺	الأنفال:42
قُصُوْرًا [2]	محلات	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ق ص ر	فُعُوْلًا	× ❻	الأعراف:74
قَصِيًّا [1]	دور والی	صفت مشبہ	واحد مذکر	نصر	//	ناقص واوی	ق ص و	فَعِيْلًا	قَصِيْوًا ❼	مريم:22
قُصِّيْهِ [1]	تو اس کے پیچھے جا	فعل امر حاضر معلوم	واحد مؤنث حاضر	//	//	مضاعف ثلاثی	ق ص ص	اُفْعُلِيْ	اُقْصُصِيْ ❽	القصص:11

❶ دو متحرک ہم جنس حرف صاد ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ "عَلٰی" ہو۔ اس باب سے قیاسی طور پر مصدر مُقَاصَّۃٌ آتا ہے، سورۃ البقرۃ :194 میں ﴿ قِصَاصٌ﴾ حاصل مصدر کے طور پر استعمال ہوا ہے اس کے معنی ہیں "بدلہ"، قصاص کے معنی ہیں مجرم سے برابر کا بدلہ، جیسے جان کے بدلے جان، زخم کے بدلے زخم۔ ❸ ج : قُصُوْرٌ۔ ❹ سورۃ ال عمران :62 میں ﴿ اَلْقَصَصُ﴾ کے معنی ہیں "بیان" یہ مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ❺ یہ خلاف قیاس ہے، قیاس کے مطابق فُعْلٰی اسمی کے لام کلمے کا واؤ یاء سے بدل جائے گا، تو یہ قُصْیَا ہوگا۔ ❻ م: قَصْرٌ، یہ اصل میں مصدر تھا، پھر اسم جامد کے طور پر استعمال ہونے لگا۔ ❼ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَیِّدٌ)، یہ ناقص یائی بھی ہوسکتا ہے، اس صورت میں قاعدہ مَدٌّ جاری ہوگا، یعنی یہ اصل میں قَصِيْيًا ہوگا۔ ❽ دو متحرک ہم جنس حرف صاد ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے صاد کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے صاد کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی، اسے حذف کر دیا۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قَضٰی [14]	وہ فیصلہ کرتا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ق ض ی	فَعَلَ	قَضَیَ ❶	البقرۃ:117
قَضْبًا [1]	ترکاری	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	صحیح	ق ض ب	فَعْلًا	× ❷	عبس:28
قَضَوْا [1]	وہ پوری کرلیں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	ضرب	//	ناقص یائی	ق ض ی	فَعَوْا	قَضَیُوْا ❸	الأحزاب:37
قُضِیَ [19]	تمام کردیا جائے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فُعِلَ	×	البقرۃ:210
قَضَیْتَ [1]	آپ نے فیصلہ کیا ہو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	//	النساء:65
قَضَیْتُ [1]	میں پوری کروں	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فَعَلْتُ	//	القصص:28
قُضِیَتِ [1]	پوری کرلی جائے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فُعِلَتِ	قُضِیَتْ ❹	الجمعۃ:10
قَضَیْتُمْ [2]	تم پورا کرلو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	×	البقرۃ:200
قَضَیْنَا [4]	ہم نے فیصلہ بھیجا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	× ❺	الحجر:66
قِطْرًا [2]	پگھلا ہوا تانبا	اسم جامد	اسم جنس	×	//	صحیح	ق ط ر	فِعْلًا	×	الکہف:96
قَطِرَانٍ [1]	گندھک	//	//	//	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعِلَانٍ	//	ابراھیم:50
فَقُطِعَ [1]	چنانچہ کاٹ دی گئی	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	//	ق ط ع	فُعِلَ	× ❻	الأنعام:45
فَقَطَّعَ [1]	تو وہ کاٹ دے گا	فعل ماضی معلوم	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	محمد:15
بِقِطْعٍ [2]	ایک حصہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	//	فِعْلٍ	× ❼	الحجر:65
قِطَعٌ [2]	ٹکڑے	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فِعَلٌ	× ❽	الرعد:4
قُطِّعَتْ [2]	پھاڑی جاسکتی ہے	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فُعِّلَتْ	×	الرعد:31
قَطَعْتُمْ [1]	تم نے کاٹے تھے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلْتُمْ	× ❾	الحشر:5
قَطَّعْنَ [2]	کاٹ بیٹھیں	//	جمع مؤنث غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْنَ	×	یوسف:31
قَطَعْنَا [2]	ہم نے کاٹ دی	//	جمع متکلم	فتح	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلْنَا	× ❾	الأعراف:72
قَطَّعْنَاهُمُ [2]	ہم نے تقسیم کردیا ان کو	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْنَا	×	الأعراف:160
قِطْمِیْرٍ [1]	گٹھلی کے ایک چھلکے	اسم جامد	واحد مذکر	×	رباعی مزید فیہ	//	ق ط م ر	فِعْلِیْلٍ	× ❿	فاطر:13
قِطَّنَا [1]	ہمارا حصہ	//	//	//	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ق ط ط	فِعْلَ	قِطْطَ ⓫	صٓ:16
قُطُوْفُهَا [2]	جن کے پھل	//	جمع مکسر	//	//	صحیح	ق ط ف	فُعُوْلُ	× ⓬	الحاقۃ:23
قَعَدَ [1]	بیٹھے رہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	//	ق ع د	فَعَلَ	×	التوبۃ:90

❶ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، لفظ ﴿قضی﴾ قرآن مجید میں چار معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① اس نے فیصلہ کیا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② پورا کرنا، جیسا کہ سورۃ القصص:29 میں ہے ﴿ قَضٰی مُوْسَی الْاَجَلَ ﴾ "موسیٰ ؑ نے وہ مدت پوری کردی" ③ مقرر کرنا، جیسا کہ سورۃ الانعام: 2 میں ہے ﴿ قَضٰی اَجَلًا ﴾ "اس نے ایک مدت مقرر کی" ④ کام تمام کرنا، جیسا کہ سورۃ القصص:15 میں ہے ﴿ فَقَضٰی عَلَیْهِ ﴾ "تو اس نے اس کا کام تمام کردیا"۔ ❷ م: قَضْبَةٌ۔ ❸ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور واؤ جمع ہونے سے الف کو گرادیا۔ ❹ تاء اصل میں ساکن تھی آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ❺ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا صلہ 'اِلٰی' ہو۔ ❻ قَطَعَ دَابِرَ الْقَوْمِ کے معنی ہوتے ہیں خاتمہ کرنا۔ ❼ ج: اَقْطَاعٌ وقُطُوْعٌ۔ ❽ م: قِطْعَةٌ۔ ❾ اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشیء اور مصدر قَطْعاً ہو۔ ❿ ﴿ قِطْمِیْرٍ ﴾ اس باریک سی جھلی کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی پر لفافے کی طرح چڑھی ہوتی ہے۔ ⓫ دو ہم جنس حرف طاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس کے آخر میں نا ضمیر مجرور متصل ہے، ج: قُطُوْطٌ وقِطَاطٌ وقِطَطَةٌ۔ ⓬ م: قِطْفٌ۔

اَلفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قَعَدُوْا [1]	وہ بھی پیچھے بیٹھے رہے	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	//	آل عمران:168
فَقَعُوْا [2]	تو تم گر پڑنا	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	فتح	//	مثال واوی	و ق ع	عَلُوْا	اِوْقَعُوْا ❶	الحجر:29
قُعُوْدٌ [4]	بیٹھے ہوئے	اسم فاعل	جمع مکسر	نصر	//	صحیح	ق ع د	فُعُوْلٌ	× ❷	البروج:6
قَعِيْدٌ [1]	بیٹھا ہوا	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعِيْلٌ	× ❸	ق:17
قِفُوْهُمْ [1]	تم ان کو ٹھہراؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	ضرب	//	مثال واوی	و ق ف	عِلُوْا	اِوْقِفُوْا ❹	الصافات:24
قَفَّيْنَا [4]	ہم نے پیچھے بھیجے تھے	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ق ف و	فَعَّلْنَا	قَفَّوْنَا ❺	البقرة:87
قُلْ [332]	کہہ دیجیے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ق و ل	فُلْ	اُقْوُلْ ❻	البقرة:80
قَلَّ [1]	قلیل ہو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ق ل ل	فَعَلَ	قَلَلَ ❼	النساء:7
قَلٰى [1]	وہ ناراض ہوا	//	//	//	//	ناقص یائی	ق ل ی	//	قَلَيَ ❽	الضحىٰ:3
اَلْقَلَآئِدَ [2]	پٹے والے جانوروں	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ق ل د	فَعَائِلَ	× ❾	المائدة:2
قَلْبٌ [19]	دل	//	واحد مذکر	//	ثلاثی مجرد	//	ق ل ب	فَعْلٌ	× ❿	ق:37
قَلَّبُوْا [1]	الٹ پلٹ کرتے رہے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلُوْا	×	التوبة:48
قَلْبَيْنِ [1]	دو دل	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلَيْنِ	× ⓫	الأحزاب:4
قُلْتَ [4]	تو نے کہا تھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	اجوف واوی	ق و ل	فُلْتَ	قَوَلْتَ ⓬	المائدة:116
قُلْتُ [3]	میں نے کہا تھا	//	واحد متکلم	//	//	//	//	فُلْتُ	قَوَلْتُ ⓬	المائدة:117

❶ اس کے بارے میں صرفیوں کے دو مؤقف ہیں: ① یہ اصل سے یعنی فعل مضارع حاضر معلوم میں تعلیل ہونے سے پہلے کی حالت تَوْقَعُوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع کو گرا دیا، اس کا مابعد ساکن ہے تو شروع میں ہمزہ وصلی لے آئے، آخر سے نون اعرابی گر گیا، پھر اس میں مضارع کی موافقت سے واؤ گر گئی ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی گرا دیا، اور ② بعض کے نزدیک یہ فعل مضارع میں تعلیل ہونے کے بعد کی حالت سے بنا ہے تو اس اعتبار سے یہ تَقَعُوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع کو گرا دیا، اس کا مابعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے آخر سے نون اعرابی گر گیا۔ ❷ م: قَاعِدٌ اس باب کا مصدر بھی اسی وزن پر آتا ہے، جیسا کہ سورة التوبة:83 میں ہے ﴿ رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ ﴾ ''تم خوش ہوئے بیٹھ رہنے پر'' قُعُوْدٌ اور جُلُوْسٌ دونوں مصدر ہیں ان کے معنی ہیں ''بیٹھنا'' دونوں میں فرق یہ ہے کہ جُلُوْس عام ہے خواہ وہ تھوڑی دیر کے لیے بیٹھنا ہو یا زیادہ دیر کے لیے، لیکن قُعُوْد خاص ہے، یہ زیادہ دیر کے لیے بیٹھنا ہوتا ہے۔ ❸ یہ مفرد ہے اور اس کا معنی مقاعد ہے اور یہ فاعل سے فعیل کی طرف مبالغہ کے لیے پھیرا گیا ہے، کوفی کہتے ہیں کہ یہ تثنیہ کے قائم مقام ہے، لیکن بہتر یہ ہے کہ پہلے سے حذف کر دیا گیا ہے دوسرے کے اس پر دلالت کرنے کی وجہ سے، فراء فرماتے ہیں کہ لفظ قَعِيْد تثنیہ اور جمع دونوں پر دلالت کرتا ہے۔ ❹ مضارع کی مناسبت سے واؤ گر گئی، عین کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا۔ بعض کے نزدیک یہ تَقِفُوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی، اس کا مابعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی لانے کی ضرورت پیش نہ آئی، آخر سے نون اعرابی گر گیا۔ ❺ واؤ اصل میں تیسری جگہ تھی زیادتی کے سبب چوتھی جگہ واقع ہوئی، اس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہے تو واؤ یاء سے بدل گئی (قاعدہ: یرضی)۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ کو گرا دیا، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا، بعض کے نزدیک یہ فعل مضارع حاضر معلوم تَقُوْلُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی، اس کا مابعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی لانے کی ضرورت پیش نہ آئی، آخر سے ساکن کیا تو دو ساکن واؤ اور لام جمع ہونے کی وجہ سے حرف علت واؤ گر گئی۔ ❼ دو متحرک ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے لام کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، یہ ناقص واوی بھی ہو سکتا ہے، اس کے یہ معنی اسوقت ہوتے ہیں جب اس کے بعد فُلَانًا قِلًى ہو۔ ❾ ﴿ الْقَلَآئِدَ ﴾ کے معنی پٹے ہیں، یہاں اس سے مراد ذَاتَ الْقَلَائِدِ یعنی پٹے والے جانور ہیں، م: قِلَادَةٌ۔ ❿ ج: قُلُوْبٌ۔ ⓫ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: قَلْبٌ، ج: قُلُوْبٌ۔ ⓬ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور لام جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: قُلْنَ)۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قُلْتُمْ 9	تم نے کہا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ق و ل	قُلْتُمْ	قَوَلْتُمْ (1)	البقرة:55
الْقَلَمِ 2	قلم	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ق ل م	فَعَلٍ	× (2)	القلم:1
قُلْنَ 2	کہنے لگیں	فعل ماضی معلوم	جمع مؤنث غائب	نصر	//	اجوف واوی	ق و ل	فُلْنَ	قَوَلْنَ (3)	يوسف:31
قُلْنَ 1	تم کہو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مؤنث حاضر	//	//	//	//	//	اُقْوُلْنَ (4)	الأحزاب:32
قُلْنَا 37	ہم نے کہا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	//	قُلْنَا	قَوَلْنَا (3)	البقرة:34
قُلُوْبِ 112	دل	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	صحیح	ق ل ب	فُعُوْلِ	× (5)	ال عمران:151
قَلِيْلٌ 69	تھوڑے	صفت مشبہ	واحد مذکر	ضرب	//	مضاعف ثلاثی	ق ل ل	فَعِيْلٌ	× (6)	ال عمران:197
قَلِيْلَةٍ 1	تھوڑی سی	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعِيْلَةٍ	×	البقرة:249
قَلِيْلُوْنَ 1	//	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَعِيْلُوْنَ	//	الشعراء:54
قُمْ 2	اٹھو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	نصر	//	اجوف واوی	ق و م	قُلْ	اُقْوُمْ (7)	المدثر:2
قُمْتُمْ 1	تم اٹھو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فُلْتُمْ	قَوَمْتُمْ (8)	المائدة:6
قَمَرًا 27	چاند	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ق م ر	فَعَلًا	× (9)	الفرقان:61
قَمْطَرِيْرًا 1	سخت (کر دینے والا)	//	//	//	ملحق خماسی مزید فیہ	//	ق م ط ر	فَعْلَلِيْلًا	× (10)	الدهر:10
الْقُمَّلَ 1	جوؤں	//	اسم جنس جمعی	//	ثلاثی مزید فیہ	//	ق م ل	فُعَّلَ	× (11)	الأعراف:133
قَمِيْصِهٖ 6	اس کی قمیض	//	واحد مذکر	//	//	//	ق م ص	فَعِيْلٍ	× (12)	يوسف:18
قِنَا 3	بچا ہم کو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	لفیف مفروق	و ق ی	عِ	اِوْقِيْ (13)	البقرة:201
الْقَنَاطِيْرِ 1	خزانوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	رباعی مزید فیہ	صحیح	ق ن ط ر	فَعَالِيْلِ	× (14)	ال عمران:14
قِنْطَارًا 2	بہت سا مال	//	واحد مذکر	//	//	//	//	فِعْلَالًا	× (15)	النساء:20

(1) واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور لام جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا(قاعدہ:قُلْنَ)۔ (2) ج:أَقْلَامٌ۔ (3) واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور لام جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا(قاعدہ:قُلْنَ)۔ (4) واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا(قاعدہ: يُقَالُ)، پھر دو ساکن واؤ اور لام جمع ہونے سے واؤ کو گرا دیا، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا، بعض کے نزدیک یہ تَقُلْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء کو گرا دیا، اس کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں ہے، آخر سے نون ضمیر اسی طرح باقی رہے گا۔ (5) م:قَلْبٌ۔ (6) اس کا اطلاق جمع پر بھی ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ الانفال:26 میں ہے ﴿اَنْتُمْ قَلِيْلٌ﴾ اور اسی طرح یہ مفرد کے ساتھ جمع بھی آجاتا ہے، جیسا کہ سورۃ الشعراء:54 میں ہے ﴿لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ﴾۔ (7) واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا(قاعدہ:يُقَالُ)، پھر دو ساکن واؤ اور میم جمع ہونے سے واؤ کو گرا دیا، فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا۔ (8) واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، پھر دو ساکن الف اور لام جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین نہیں ہے تو فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا(قاعدہ:قُلْنَ)۔ (9) ج: أَقْمَارٌ۔ (10) یہ ملحق بِسَلْسَبِيْل ہے اس میں دوسرا راء الحاق کے لیے زائدہ ہے، زجاج کے نزدیک اس کا مادہ قطر ہے اس میں میم اور دوسری راء زائدہ ہے، یہ ثلاثی مزید فیہ ہے، اس کا وزن فَمْعَلِيْل ہے، جیسا کہ تفسیر قرطبی میں ہے، بعض کے نزدیک کہ اس کا مادہ قمطر ہے اور یہ رباعی مزید فیہ ہے اس میں دو حرف میم اور راء زائد ہیں۔ (11) م: قُمَّلَةٌ، یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ (12) یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، ج:أَقْمِصَةٌ وقُمُصٌ وقُمْصَانٌ۔ (13) مضارع کی مناسبت سے واؤ گر گئی، عین کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا، امر بناتے وقت آخر سے حرف علت یاء بھی گر گئی۔ بعض کے نزدیک یہ تَقِيْ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گر گئی، اس کا مابعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی لانے کی ضرورت پیش نہ آئی، آخر سے حرف علت یاء گر گئی، اس کے آخر میں نا ضمیر مفعول بہ ہے۔ (14) م:قِنْطَارٌ، بعض کے نزدیک یہ ثلاثی مجرد قَطْر سے ماخوذ ہے، اس صورت میں یہ بروزن فَنَاعِيْل ہوگا۔ (15) بعض کے نزدیک یہ قَطْر سے ماخوذ ہے، اس صورت میں یہ بروزن فِنْعَال ہوگا، ج: قَنَاطِيْرُ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قَنَطُوْا [1]	وہ ناامید ہوجاتے ہیں	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	ن،ض،س	ثلاثی مجرد	//	ق ن ط	فَعَلُوْا	× ❶	الشورىٰ:28
قِنْوَانٌ [1]	خوشے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	ناقص واوی	ق ن و	فِعْلَانٌ	× ❷	الأنعام:99
قَنُوْطٌ [1]	ناامید	اسم مبالغہ	واحد مذکر	ن،ض،س	ثلاثی مجرد	صحیح	ق ن ط	فَعُوْلٌ	×	حم السجدة:49
الْقَهَّارُ [6]	زبردست	//	//	فتح	//	//	ق ہ ر	فَعَّالٌ	//	يوسف:39
قِهِمْ [2]	تو بچالے ان کو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	//	لفیف مفروق	و ق ی	ع	اِوْقِیْ ❸	المؤمن:7
قُوْا [1]	تم بچاؤ	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	عُوْا	اِوْقِيُوْا ❹	التحريم:6
الْقُوٰی [1]	قوتوں	(اسم) مصدر	جمع مکسر	سمع	//	لفیف مقرون	ق و ی	فُعَلَ	قُوَیَ ❺	النجم:5
قَوَارِيْرَ [1]	شیشے	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ق ر ر	فَوَاعِيْلَ	× ❻	النمل:44
قَوَارِيْرَا [2]	//	//	//	//	//	//	//	//	× ❼	الدهر:15
الْقَوَاعِدَ [2]	بنیادیں	//	//	//	//	صحیح	ق ع د	فَوَاعِلَ	× ❽	البقرة:127
الْقَوَاعِدُ [1]	بیٹھ رہنے والیاں	اسم فاعل	//	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَوَاعِلُ	× ❾	النور:60
قَوَامًا [1]	اعتدال	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	اجوف واوی	ق و م	فَعَالًا	×	الفرقان:67
قَوّٰمُوْنَ [1]	حاکم	اسم مبالغہ	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَعّٰلُوْنَ	× ❿	النساء:34
قَوّٰمِيْنَ [2]	قائم کرنے والے	//	//	//	//	//	//	فَعّٰلِيْنَ	× ⓫	النساء:135
قُوَّةً [29]	قوت	(اسم) مصدر	×	سمع	//	لفیف مقرون	ق و ی	فُعْلَةً	قُوْيَةً ⓬	التوبة:69
قُوْتِلْتُمْ [1]	تم سے لڑائی ہوئی	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر حاضر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ق ت ل	فُوْعِلْتُمْ	قُاتِلْتُمْ ⓭	الحشر:11
قُوْتِلُوْا [1]	ان سے لڑائی ہوئی	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فُوْعِلُوْا	قُاتِلُوْا ⓭	الحشر:12

❶ بعض کے نزدیک یہ تداخل لغات میں سے ہے کیونکہ باب فتح کے لیے شرط ہے کہ اس کا عین یا لام کلمہ حرف حلقی ہو۔ ❷ م: قِنْوٌ، اس کی جمع اَقْنَاءٌ بھی آتی ہے۔ ❸ مضارع کی مناسبت سے واؤ گرگئی، عین کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا، امر بناتے وقت آخر سے حرف علت یاء بھی گرگئی۔ بعض کے نزدیک یہ تَقِیُ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گرگئی، اس کا مابعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی لانے کی ضرورت پیش نہ آئی، آخر سے حرف علت یاء گرگئی۔ ❹ مضارع کی مناسبت سے واؤ گرگئی، عین کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی گر گیا، تو یہ قِيُوْا ہوگیا، اب لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گرگئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ بعض کے نزدیک یہ تَقِيُوْنَ سے بنا ہے، امر بناتے وقت علامت مضارع تاء گرگئی، اس کا مابعد متحرک ہے تو ہمزہ وصلی لانے کی ضرورت پیش نہ آئی، اب لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گرگئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ امر بناتے وقت آخر سے (جزم وقفی کی بناء پر) نون اعرابی بھی گر گیا۔
❺ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، م: قُوَّةٌ۔ ❻ م: قَارُوْرَةٌ۔ ❼ م: اَلْقَارُوْرَةُ، سورۃ الدھر:15 میں قَوَارِيْرَا کے آخر میں الف صرف رسم الخط میں ہے، یہ چونکہ جمع منتہی الجموع کی وجہ سے غیر منصرف ہے اس لیے اس کی نصبی حالت فتحہ کے ساتھ آئی ہے۔ ❽ یہ اصل میں فَاعِلَةٌ کے وزن پر اسم مشتق کی جمع ہے، پھر اسم جامد کے طور پر استعمال ہونے لگا، م: قَاعِدَةٌ اور جب اس کا معنی عمر رسیدہ عورتیں ہو تو اس کا مفرد قَاعِدٌ آئے گا، لفظ ﴿الْقَوَاعِد﴾ قرآن مجید میں دو طرح استعمال ہوا ہے: ① اسم جامد، اس کے معنی ہیں بنیادیں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② بیٹھ رہنے والی عورتیں، جیسا کہ سورۃ النور:60 میں ہے۔ ❾ م: قَاعِدَةٌ، وہ عورت جسے حیض نہ آتا ہو، جس کی اولاد نہ ہوتی ہو، یا اس کا شوہر نہ ہو۔ ❿ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⓫ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓬ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئیں تو واؤ کو یاء سے بدل دیا تو یہ قُيْيَةٌ ہوگیا، اب یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد واقع ہو کر واؤ سے بدل گئی (قاعدہ: مُوْقِنٌ)، پھر تضعیف کی مناسبت سے دوسری یاء واؤ سے بدل گئی تو دو ہم جنس حرف واؤ ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: الْقُوٰی۔ بعض کے نزدیک یہ لفیف مقرون اور مضاعف ثلاثی ہے، مادہ ق و و، اصل میں قُوْوَةٌ تھا، دو ہم جنس حرف واؤ ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا واؤ ساکن ہے تو اس کا دوسرے واؤ میں ادغام کر دیا (قاعدہ مَدٌّ)۔ ⓭ ماضی مجہول بناتے وقت پہلے حرف کو ضمہ دیا تو الف ضمہ کے بعد واقع ہو کر واؤ سے بدل گیا (قاعدہ: ضُوْرِبَ)۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
قَوْسَيْنِ [1]	دو کمان	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ق و س	فَعْلَيْنِ	× ❶	النجم:9
قَوْلٌ [92]	بات	//	واحد مذکر	//	//	//	ق و ل	فَعْلٌ	× ❷	البقرة:263
فَقُوْلَا [3]	تو بات کرنا	فعل امر حاضر معلوم	تثنیہ مذکر حاضر	نصر	//	//	//	اُفْعُلَا	اُقْوُلَا ❸	طه:44
قُوْلُوْا [12]	بولتے رہنا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلُوْا	اُقْوُلُوْا ❸	البقرة:58
فَقُوْلِىْ [1]	تو کہہ دینا	//	واحد مؤنث حاضر	//	//	//	//	اُفْعُلِىْ	اُقْوُلِىْ ❸	مريم:26
قَوْمٌ [383]	قوم	اسم جامد	اسم جمع	×	//	//	ق و م	فَعْلٌ	× ❹	المائدة:11
قُوْمُوْا [1]	کھڑے ہوا کرو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	//	//	//	اُفْعُلُوْا	اُقْوُمُوْا ❺	البقرة:238
قَوِىٌّ [11]	زبردست	صفت مشبہ	واحد مذکر	سمع	//	لفیف مقرون	ق و ی	فَعِيْلٌ	قَوِيْىٌ ❻	الأنفال:52
قِيَامٌ [6]	کھڑے	اسم فاعل	جمع مکسر	نصر	//	اجوف واوی	ق و م	فِعَالٌ	قِوَامٌ ❼	الزمر:68
قِيَامٍ [1]	کھڑے ہونے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعَالٍ	قِوَامٍ ❽	الذاريات:45
الْقِيَامَةِ [70]	قیامت	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فِعَالَةِ	قِوَامَةِ ❾	البقرة:85
قَيَّضْنَا [1]	ہم نے مقرر کر دیا تھا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعیل	//	اجوف یائی	ق ی ض	فَعَّلْنَا	×	حم السجدة:25
بِقِيْعَةٍ [1]	چٹیل میدان	اسم جامد	جمع مکسر	×	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ق و ع	فِعْلَةٍ	قِوْعَةٍ ❿	النور:39
قِيْلَ [49]	کہا جاتا ہے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	نصر	//	//	ق و ل	فُعِلَ	قُوِلَ ⓫	البقرة:11
قِيْلًا [3]	بات	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فِعْلًا	قِوْلًا ⓬	النساء:122
قِيْلِهٖ [1]	اس کے کہنے کی	//	//	//	//	//	//	فِعْلِ	قِوْلِ ⓬	الزخرف:88
قِيَمًا [1]	مضبوط	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	ق و م	فِعَلًا	قَيْوِمًا ⓭	الأنعام:161
قَيِّمًا [5]	بالکل سیدھی	//	//	//	//	//	//	فَيْعِلًا	قَيْوِمًا ⓮	الكهف:2
قَيِّمَةٌ [2]	مضبوط	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَيْعِلَةٌ	قَيْوِمَةٌ ⓯	البينة:3
الْقَيُّوْمُ [3]	قائم رکھنے والا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَيْعُوْلُ	قَيْوُوْمُ ⓰	البقرة:255

❶ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: قَـوْسٌ۔ ❷ یہ اصل میں مصدر بمعنی مفعول ہے، یہاں یہ اسم جامد کے طور استعمال ہو رہا ہے ج: اَقْوَالٌ ، اور جب اس کے معنی "کہنا" ہوں تو یہ باب نصر سے مصدر ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ یٰسٓ: 58 میں ہے: ﴿ قَوْلًا ﴾ "کہا جائے گا"۔ ❸ واؤ متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، فاءِ کلمہ متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا۔ ❹ یہ اسم جمع ہے، اس کا واحد ان لفظوں سے موجود نہیں، بلکہ اس کا واحد رَجُلٌ آتا ہے، ج: اَقْوَامٌ ، سورۃ البقرۃ: 54 میں ﴿ یٰقَوْمِ ﴾ اصل میں یَا قَوْمِیْ تھا، اس کے آخر سے یاء وتخفیفا حذف کر دیا گیا ہے۔ ❺ واؤ متحرک اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، فاءِ کلمہ متحرک ہونے سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی اسے بھی حذف کر دیا۔ ❻ دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ) ، یہ اسمائے حسنیٰ میں سے ہے، ج: اَقْوِیَاءُ ۔ ❼ واؤ جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: رِیَاضٌ)، م: قَائِمٌ ۔ ❽ واؤ مصدر کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: قِیَامٌ)۔ ❾ یہ اصل میں مصدر ہے، یہاں اسم جامد کے طور پر استعمال ہوا ہے، واؤ مصدر کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: قِیَامٌ) ۔ ❿ واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: میزان)، م: قَاعٌ ، اس کی جمع اَقْوَاعٌ و قِیْعَانٌ و قِیَعٌ بھی آتی ہے۔ ⓫ ماضی مجہول کے عین کلمہ میں واؤ واقع ہوئی تو اس کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، پھر واؤ ساکن ماقبل مکسور اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: قِیْلَ)۔ ⓬ واؤ مصدر کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: قِیَامٌ)۔ ⓭ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوبا ادغام کر دیا (قاعدہ: سَیِّدٌ) تو یہ قَیِّمًا ہو گیا، پھر ایک یاء کو تخفیفا حذف کر کے فاء کلمہ کو کسرہ اور عین کلمہ کو فتحہ دے کر قِیَمًا بنا دیا، بعض کے نزدیک یہ مصدر بمعنی صفت مشبہ ہے۔ ⓮ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں وجوبا ادغام کر دیا (قاعدہ: سَیِّدٌ)۔ ⓯ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں وجوبا ادغام کر دیا (قاعدہ: سَیِّدٌ)، اس میں تاء مبالغہ کے لیے ہے، یا پھر دین سے مراد مِلّة ہے۔ ⓰ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوبا ادغام کر دیا (قاعدہ: سَیِّدٌ) ، یہ اسمائے حسنیٰ میں سے ہے، یہ صفت مشبہ بھی ہو سکتا ہے۔

باب الكاف (ك)

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
كَ	طرح	حرف جر	×	×	×	×	×	×	× ❶	القارعة:4
كَاتِبٌ 4	لکھنے والے	اسم فاعل	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ك ت ب	فَاعِلٌ	×	البقرة:282
كَاتِبُوْنَ 1	لکھ رہے ہیں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× ❷	الأنبياء:94
فَكَاتِبُوْهُمْ 1	پس تم لکھ دو ان کو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	مفاعله	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَاعِلُوْ	×	النور:33
كَاتِبِيْنَ 1	لکھنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❸	الانفطار:11
كَادَ 2	قریب تھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	سمع	//	اجوف واوی	ك و د	فَعِلَ	كَوِدَ ❹	التوبة:117
كَادَتْ 1	قریب تھی	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعِلَتْ	كَوِدَتْ ❹	القصص:10
كَادِحٌ 1	کوشش کرنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	فتح	//	صحیح	ك د ح	فَاعِلٌ	×	الانشقاق:6
كَادُوْا 5	قریب تھے	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	سمع	//	اجوف واوی	ك و د	فَعِلُوْا	كَوِدُوْا ❹	الأعراف:150
كَاذِبٌ 4	جھوٹا ہے	اسم فاعل	واحد مذکر	ضرب	//	صحیح	ك ذ ب	فَاعِلٌ	× ❺	هود:93
كَاذِبَةٌ 2	کچھ بھی جھوٹ	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	× ❻	الواقعة:2
كَاذِبُوْنَ 13	جھوٹے ہیں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× ❷	الشعراء:223
كَاذِبِيْنَ 13	جھوٹے ہو	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❸	هود:27
كَارِهُوْنَ 6	ناپسند کرنے والے	//	//	سمع	//	//	ك ر ه	فَاعِلُوْنَ	× ❷	التوبة:48
كَارِهِيْنَ 1	ناپسند کرنے والوں	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❸	الأعراف:88
كَاشِفٌ 2	دور کر سکتا	//	واحد مذکر	ضرب	//	//	ك ش ف	فَاعِلٌ	×	الأنعام:17
كَاشِفَاتُ 1	دور کرنے والے	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	فَاعِلَاتُ	//	الزمر:38
كَاشِفَةٌ 1	کوئی دور کرنے والا	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	× ❻	النجم:58
كَاشِفُوْا 1	دور کر دیں گے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْا	كَاشِفُوْنَ ❼	الدخان:15
كَاظِمِيْنَ 2	غم سے بھر کر	//	//	//	//	//	ك ظ م	فَاعِلِيْنَ	× ❸	المؤمن:18
بِكَافٍ 1	کافی	//	واحد مذکر	//	//	ناقص یائی	ك ف ى	فَاعٍ	كَافِيٌ ❽	الزمر:36

❶ ك، اس کی درج ذیل چار قسمیں ہیں: 1 حرف جر، یہ درج ذیل معنوں کے لیے استعمال ہوتا ہے: ① تشبیہ، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے، ② تمثیل ③ تعلیل ④ زائدہ، جیسے: ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ﴾ 2 اسم بمعنی مثل، جیسے: ﴿كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ﴾ (آل عمران: 49) 3۔ حرف خطاب، یہ اسم اشارہ کے ساتھ آتا ہے، جیسے: ذٰلِكَ، 4۔ ضمیر منصوب اور ضمیر مجرور متصل، جیسے: ﴿مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ﴾ (سورۃ الضحیٰ: 3)۔ ❷ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❸ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❹ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، یہ افعال مقاربہ میں سے ہے، اس کا اسم مرفوع اور خبر مضارع مرفوع یا منصوب بِأَنْ ہوتی ہے، یہ خبر کے اسم سے قریب ہونے پر دلالت کرتا ہے، یہ باب نصر سے بھی آتا ہے۔ ❺ ج: كَاذِبُوْنَ و كُذَّبٌ۔ ❻ بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے۔ ❼ اضافت کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔ ❽ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء کو گرا دیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
كَافَّةً 5	مکمل طور پر	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ك ف ف	فَاعِلَةً	كَافِفَةً ❶	البقرة:208
كَافِرٌ 5	کافر	اسم فاعل	واحد مذکر	//	//	صحیح	ك ف ر	فَاعِلٌ	× ❷	البقرة:217
كَافِرَةٌ 1	کافرہ	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَاعِلَةٌ	× ❸	ال عمرٰن:13
كَافِرُوْنَ 36	انکار کرنے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	فَاعِلُوْنَ	× ❹	الأعراف:76
كَافِرِيْنَ 93	کفر کرنے والے	//	//	//	//	//	//	فَاعِلِيْنَ	× ❺	ال عمرٰن:100
كَافُوْرًا 1	کافور	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَاعُوْلًا	× ❻	الدهر:5
كَالِحُوْنَ 1	بدشکل ہوں گے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	فتح	ثلاثی مجرد	//	ك ل ح	فَاعِلُوْنَ	× ❹	المؤمنون:104
كَالْعُرْجُوْنِ 1	کھجور کی شاخ کی طرح	اسم جامد	واحد مذکر	×	رباعی مزید فیہ	//	ع ر ج ن	فُعْلُوْلِ	× ❼	یسٓ:39
كَالُوْهُمْ 1	ماپ کر دیتے ہیں ان کو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ك ی ل	فَعَلُوْ	كَيَلُوْا ❽	المطففين:3
كَامِلَةٌ 2	مکمل ہو گئے	اسم فاعل	واحد مؤنث	نصر	//	صحیح	ك م ل	فَاعِلَةٌ	×	البقرة:196
كَامِلَيْنِ 1	مکمل	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَاعِلَيْنِ	× ❺	البقرة:233
كَانَ 422	ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	اجوف واوی	ك و ن	فَعَلَ	كَوَنَ ❾	النساء:17
كَانَا 2	تھے وہ دونوں	//	تثنیہ مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَا	كَوَنَا ❾	البقرة:36
كَانَتْ 37	ہے	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	كَوَنَتْ ❾	البقرة:94
كَانَتَا 3	ہوں وہ دونوں	//	تثنیہ مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتَا	كَوَنَتَا ❾	النساء:176
كَانُوْا 267	تھے وہ	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوْا	كَوَنُوْا ❾	البقرة:10
كَاهِنٍ 2	کاہن	اسم فاعل	واحد مذکر	فتح	//	صحیح	ك ہ ن	فَاعِلٍ	× ❿	الحاقة:42
كَأْسٍ 3	گلاس	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	مہموز العین	ك ء س	فَعْلٍ	× ⓫	الواقعة:18
كَأَنَّ 9	جیسے	حرف مشبہ بالفعل	×	//	×	×	×	×	كَأَنَّ ⓬	النساء:73

❶ دو متحرک ہم جنس حرف فاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل مدّہ ہے تو پہلے فاء کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)، یہ مصدر جماعت یا جمیع کے معنی میں استعمال ہوا ہے، یہ نہ مضاف ہوتا ہے، اور نہ ہی اس پر الف لام داخل ہوتا ہے، اور یہ صرف مفرد استعمال ہوتا ہے، اس کا تثنیہ اور جمع نہیں آتا نیز اس کے ساتھ تاء لازمہ موجود رہتی ہے، بعض کے نزدیک یہ اسم فاعل واحد مؤنث ہے، یا یہ اسم فاعل واحد مذکر ہے تاء اس میں مبالغہ کے لیے ہے۔ ❷ ج: كَفَرَةٌ و كُفَّارٌ۔ ❸ كَوَافِرُ۔ ❹ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❺ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ ایک خوشبودار درخت ہے جس سے سفید رنگ کا شفاف مادہ نکالا جاتا ہے اس کو کافور کہتے ہیں، ج: كَوَافِيرُ۔ ❼ بعض کے نزدیک اس کا نون زائدہ ہے اور اس کا وزن فُعْلُوْنَ ہے، ج: عَرَاجِيْنُ۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل مفتوح، واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، اسکے استعمال کی عموماً چار صورتیں ہیں: ① ناقصہ یہ اپنے اسم کے لیے خبر کو زمانہ ماضی میں ثابت کرنے کیلیے آتا ہے، یہ اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، یہ کبھی دوام کے لیے آتا ہے، جیسے: ﴿كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا﴾ (النساء: 17) ''اللہ ہمیشہ سے سب کچھ جاننے والا ہے''، اور کبھی یہ بغیر دوام کے لیے آتا ہے، جیسے: ﴿كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلَامَ اللّٰهِ﴾ ''تھا ایک فریق ان میں سے وہ اللہ کا کلام سنتے'' ② تامہ یہ وَجَدَ اور ثَبَتَ کے معنی میں ہوتا ہے، جیسے: ﴿اِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ﴾ (البقرة: 280) ''اگر کوئی تنگی والا ہو'' ③ بمعنی صار، یہ تبدیلی حالت کے لیے آتا ہے، جیسے: ﴿كَانَ مِنَ الْكَافِرِيْنَ﴾ (البقرة: 34) ''وہ کافروں سے ہو گیا'' ④ زائدہ یہ محض تاکید کے لیے آتا ہے، جیسے: ﴿مَا كَانَ يَنْبَغِيْ لَنَا﴾ (الفرقان: 18) ''ہمارے لائق نہ تھا''، جب كَانَ فعل ماضی سے پہلے آئے تو اسے ماضی بعید کہتے ہیں اور جب مضارع سے پہلے آئے تو اسے ماضی استمراری کہتے ہیں، جیسے: ﴿كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ﴾ (البقرة: 10) ''وہ جھوٹ بولا کرتے تھے''، كَانَ کبھی حال اور استقبال کے لیے بھی آتا ہے، حال کے لیے، جیسے: ﴿كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ﴾ (ال عمرٰن: 110) اور استقبال کے لیے، جیسے: ﴿يَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا﴾ (الدهر: 7)۔ ❿ غیب دانی کا مدعی، نجومی، ج: كُهَّانٌ و كَهَنَةٌ۔ ⓫ ﴿كَأْسٍ﴾ اس پیالے اور جام کو کہتے ہیں جو شراب یا کسی اور مشروب سے بھرا ہوا ہو، اس آیت میں اس سے مراد شراب ہے، ج: اَكْؤُسٌ و كُؤُوْسٌ و كَاسَاتٌ۔ ⓬ یہ حرف مشبہ بالفعل مخففه من المثقلہ ہے، اس کا عمل باطل ہو جاتا ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
كَأَنَّ 22	گویا	×	×	×	×	×	×	×	× ❶	لقمان:7
كَأَنَّمَا 3	//	//	//	//	//	//	//	//	× ❷	الأنعام:125
كَأَيِّنْ 7	کتنے ہی	اسم جامد	واحد مذکر	//	//	//	//	//	× ❸	ال عمرٰن:146
كَبَائِرَ 3	بڑے (گناہوں)	صفت مشبہ	جمع مکسر	کرم	ثلاثی مجرد	صحیح	ك ب ر	فَعَائِلَ	× ❹	النساء:31
كُبَّارًا 1	بہت بڑی	اسم مبالغہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فُعَّالًا	×	نوح:22
كُبِتَ 1	ذلیل کیے گئے تھے	فعل ماضی مجہول	واحد مذکر غائب	ضرب	//	//	ك ب ت	فُعِلَ	//	المجادلة:5
فَكُبَّتْ 1	اوندھے دھکیلے جائیں گے	//	واحد مؤنث غائب	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ك ب ب	فُعِلَتْ	كُبِبَتْ ❺	النمل:90
كُبِتُوا 1	وہ ذلیل کیے جائیں گے	//	جمع مذکر غائب	ضرب	//	صحیح	ك ب ت	فُعِلُوا	×	المجادلة:5
كَبَدٍ 1	مشقت	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ك ب د	فَعَلٍ	× ❻	البلد:4
الْكِبَرُ 6	بڑھاپا	(اسم) مصدر	×	سمع	//	//	ك ب ر	فِعَلُ	×	البقرة:266
كِبْرٌ 2	بڑائی	//	//	کرم	//	//	//	فِعْلٌ	//	المؤمن:56
الْكُبَرِ 1	بہت بڑی (آفت)	اسم تفضیل	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعَلِ	× ❼	المدثر:35
كَبُرَ 5	بڑی ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعُلَ	× ❽	المؤمن:35
الْكُبْرٰى 6	بڑی	اسم تفضیل	واحد مؤنث	//	//	//	//	فُعْلٰى	× ❾	طٰه:23
كُبَرَاءَنَا 1	اپنے بڑوں	صفت مشبہ	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعَلَاءَ	× ❿	الأحزاب:67
كَبُرَتْ 1	بڑی	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعُلَتْ	×	الكهف:5
كَبِّرْهُ 1	اس کی بڑائی کرتے رہو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعِّلْ	//	بنی اسرائیل:111
الْكِبْرِيَاءُ 2	سرداری	(اسم) مصدر	×	کرم	ثلاثی مجرد	//	//	فِعْلِيَاءُ	× ⓫	یونس:78
فَكُبْكِبُوا 1	پھر اوندھے منہ ڈالا جائے گا	فعل ماضی مجہول	جمع مذکر غائب	فَعْلَلة	رباعی مجرد	مضاعف رباعی	ك ب ك ب	فُعْلِلُوا	×	الشعراء:94
كَبِيرٌ 40	بڑا (گناہ)	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	ثلاثی مجرد	صحیح	ك ب ر	فَعِيلٌ	× ⓬	البقرة:217
كَبِيرَةً 4	بڑا	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعِيلَةً	× ⓭	التوبة:121
كِتَابٌ 241	قرآن	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ك ت ب	فِعَالٌ	× ⓮	البقرة:89

❶ یہ حرف مشبہ بالفعل تشبیہ کے لیے آتا ہے، یہ اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے۔ ❷ یہ حرف مشبہ بالفعل تشبیہ کے لیے آتا ہے، اس کے بعد ما زائدہ کافہ ہے جو اس کے عمل کو روک دیتا ہے۔ ❸ یہ اسم کنایہ ہے جو عدد مبہم سے کنایہ کرنے کے لیے آتا ہے، یہ کثیر تعداد پر دلالت کرتا ہے، ابہام کو دور کرنے کے لیے اس کے بعد اکثر مجرور بِمِنْ تمیز آتی ہے۔ ❹ م: كَبِيرَةٌ یا كَبِيرٌ۔ ❺ دو متحرک ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے باء کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ❻ یا یہ باب سمع كَبِدَ کا مصدر ہے۔ ❼ م: كُبْرٰى۔ ❽ كَبُرَ الْأَمْرُ (ك) كِبَرًا و كُبْرًا و كَبَارَةً کے معنی ہیں ''معاملہ کا بڑا یا سنگین ہونا''، جب اس کا صلہ عَلٰی ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں ''شاق گزرنا، گراں ہونا، جیسا کہ سورۃ الانعام: 35 میں ہے ﴿كَبُرَ عَلَيْكَ﴾ ''آپ پر بھاری ہے''۔ ❾ مفرد مذکر: أَكْبَرُ۔ ❿ م: كَبِيرٌ۔ ⓫ یہاں اس سے مراد بادشاہت ہے اس لیے کہ دنیا میں یہ سب سے بڑی چیز ہوتی ہے، سورۃ الجاثية: 37 میں یہ اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ ⓬ عمر میں بڑے کو بھی كَبِيرٌ کہتے ہیں، جیسا کہ سورۃ یوسف: 80 میں ہے ﴿قَالَ كَبِيرُهُمْ﴾ ''ان کے بڑے نے کہا''، ج: كِبَارٌ و كُبَرَاءُ۔ ⓭ جب اس کا صلہ عَلٰی ہو تو اس کے معنی ''بھاری'' ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ البقرۃ: 45 میں ہے ﴿إِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ﴾ ''بے شک وہ بہت دشوار ہے''، ج: كَبَائِرُ۔ ⓮ یہ اصل میں باب نصر کا مصدر بمعنی مفعول ہے، مگر یہاں اسم جامد کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، لفظ ﴿كِتَاب﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① کتاب مجید، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② نامہ اعمال، جیسا کہ سورۃ بنی اسرائیل: 14 میں ہے ﴿اِقْرَأْ كِتَابَكَ﴾ ''آپ اپنا اعمال نامہ پڑھ لیں'' ③ یہ مطلقاً کتاب کے معنی میں بھی استعمال ہوا ہے ج: كُتُبٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
كِتَابًا [12]	فرض	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ك ت ب	فِعَالًا	× ❶	النساء:103
كِتَابِيَهْ [2]	میرا اعمال نامہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فِعَالِ	❷	الحاقة:19
كُتُبٌ [6]	کتابیں	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فُعُلٌ	× ❸	سبا:44
كَتَبَ [8]	لکھا ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلَ	× ❹	البقرة:187
كُتِبَ [13]	فرض کیا گیا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	× ❹	البقرة:178
كَتَبَتْ [1]	لکھا	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	×	البقرة:79
كَتَبْتَ [1]	تو نے فرض کر دیا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	× ❺	النساء:77
كَتَبْنَا [6]	ہم نے لکھ دی	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	× ❻	الأعراف:145
كَتَمَ [1]	چھپا لے	//	واحد مذکر غائب	//	//	//	ك ت م	فَعَلَ	×	البقرة:140
كَثُرَ [1]	زیادہ	//	//	کرم	//	//	ك ث ر	فَعُلَ	//	النساء:7
كَثُرَتْ [1]	وہ زیادہ ہو	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعُلَتْ	//	الأنفال:19
كَثْرَةُ [2]	زیادہ	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلَةُ	//	المائدة:100
فَكَثَّرَكُمْ [1]	پس اس نے زیادہ کیا تم کو	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	//	الأعراف:86
كَثِيبًا [1]	ریت کے ٹیلے	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	ك ث ب	فَعِيلًا	× ❼	المزمل:14
كَثِيرٌ [63]	بہت	صفت مشبہ	//	کرم	ثلاثی مجرد	//	ك ث ر	فَعِيلٌ	×	البقرة:109
كَثِيرَةً [11]	بہت زیادہ	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	فَعِيلَةً	//	البقرة:245
كِدْتَ [2]	تو قریب تھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	سمع	//	اجوف واوی	ك و د	فِلْتَ	كَوِدْتَ ❽	بنی اسرائیل:74
كَدْحًا [1]	محنت کرنا	(اسم) مصدر	×	فتح	//	صحیح	ك د ح	فَعْلًا	×	الانشقاق:6
كِدْنَا [1]	ہم نے تدبیر کی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	ضرب	//	اجوف یائی	ك ی د	فِلْنَا	كَيَدْنَا ❾	یوسف:76
كَذَّابٌ [5]	جھوٹا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	//	//	صحیح	ك ذ ب	فَعَّالٌ	×	صٓ:4
كِذَّابًا [2]	جھوٹ سمجھ کر	(اسم) مصدر	×	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فِعَّالًا	//	النبا:28
كَذَٰلِكَ [86]	اس طرح	یہ مرکب ہے	//	×	×	×	×	×	× ❿	البقرة:73

❶ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے۔ ❷ یہ یائے متکلم کی طرف مضاف ہے، اس کے آخر میں ھاء سکتہ ہے۔ ❸ یہ لفظ مصدر کے معنی میں بھی استعمال ہوا ہے، جیسا کہ سورۃ البینۃ:3 میں ہے ﴿ كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ﴾ ''لکھے ہوئے مضبوط احکام''۔ م: كِتَابٌ ۔ ❹ جب اس کا صلہ ''عَلیٰ'' ہوتو اس کے معنی لازم کرنا، فرض کرنا ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الأنعام: 54 میں ہے ﴿ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ﴾ ''تمہارے رب نے رحم کرنا اپنے آپ پر لازم کر لیا ہے''۔ ❺ كَتَبَ اللّٰهُ الشَّيْءَ کے معنی ہیں: اللہ تعالیٰ کا کسی چیز کا فیصلہ کرنا، فرض کرنا۔ ❻ جب اس کا صلہ ''عَلیٰ'' ہوتو اس کے معنی ''فرض کرنا'' ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ النساء: 66 میں ہے ﴿ كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ ﴾ ''ہم نے ان پر فرض کر دیا''۔ ❼ ج: اَكْثِبَةٌ و كُثُبٌ و كُثْبَانٌ ۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور دال جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا، یہ کلمہ مکسور العین ہے تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ: خِفْنَ)، دو ہم مخرج حرف دال اور تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس صورت میں لکھنے میں دونوں حرف آتے ہیں جب کہ پڑھنے میں صرف ایک حرف آتا ہے، یہ افعال مقاربہ میں سے اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے، اس کی خبر فعل مضارع ہوتی ہے۔ ❾ یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور دال جمع ہونے سے الف گر گیا، ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ یاء دو ساکن جمع ہونے سے گر گیا، یہ کلمہ یائی ہے تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا (قاعدہ: بِعْنَ)۔ ❿ اس کے شروع میں كَ حرف تشبیہ ہے، ذَا اسم اشارہ ہے، لام حرف بُعد اور آخر میں کاف حرف خطاب ہے، جو مخاطب کے لحاظ سے بدل جاتا ہے واحد مؤنث کے لیے كَذٰلِكِ (الذاریات:30)، جمع مذکر کے لیے كَذٰلِكُمْ آتا ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
كَذِب [32]	جھوٹا	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ك ذ ب	فَعِل	×	يوسف:18
كَذَبَ [2]	جھوٹ بولے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	//	الزمر:32
كَذَّبَ [27]	جھٹلائے	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	//	الأنعام:21
كُذِّبَ [2]	جھٹلایا جاچکا ہے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِّلَ	//	ال عمران:184
فَكَذَبَتْ [1]	وہ جھوٹی ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلَتْ	//	يوسف:27
كَذَّبَتْ [14]	جھٹلا چکی ہے	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَتْ	//	الحج:42
كُذِّبَتْ [1]	جھٹلائے جاچکے ہیں	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِّلَتْ	//	الأنعام:34
فَكَذَّبْتَ [2]	تو تو نے جھٹلا دیا تھا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَّلْتَ	//	الزمر:59
كَذَّبْتُمْ [4]	تم نے جھٹلایا	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَّلْتُمْ	//	البقرة:87
فَكَذَّبْنَا [1]	ہم نے جھٹلا دیا	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَّلْنَا	//	الملك:9
كَذَبُوْا [4]	انہوں نے جھوٹ بولا	//	جمع مذکر غائب	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلُوْا	//	الأنعام:24
كُذِبُوْا [1]	جھوٹ کہا گیا ہے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلُوْا	//	يوسف:110
كَذَّبُوْا [64]	انہوں نے جھٹلایا	فعل ماضی معلوم	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلُوْا	//	البقرة:39
كُذِّبُوْا [1]	وہ جھٹلائے گے	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِّلُوْا	//	الأنعام:34
كَذَّبُوْنِ [3]	انہوں نے مجھے جھٹلایا	فعل ماضی معلوم	//	//	//	//	//	فَعَّلُوْ	❶×	المؤمنون:26
كِرَامٍ [3]	بزرگ	صفت مشبہ	جمع مکسر	کرم	ثلاثی مجرد	//	ك ر م	فِعَالٍ	❷×	عبس:16
كَرْبِ [4]	مشکل	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	ك ر ب	فَعْلٍ	❸×	الأنعام:64
كَرَّةٌ [5]	واپسی	مصدر مرۃ	واحد مؤنث	//	//	مضاعف ثلاثی	ك ر ر	فَعْلَةٌ	كَرْرَةٌ❹	النازعات:12
كَرَّتَيْنِ [1]	دوبارہ	//	تثنیہ مؤنث	//	//	//	//	فَعْلَتَيْنِ	كَرْرَتَيْنِ❺	الملك:4
كُرْسِيُّهُ [2]	اس کی کرسی	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ك ر س	فُعْلِيٌّ	❻×	البقرة:255
كَرَمَادٍ [1]	اس راکھ کی مانند	//	//	//	//	//	ر م د	فَعَالٍ	❼×	ابراهيم:18
كَرَّمْتَ [1]	تو نے عزت دی ہے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	//	//	ك ر م	فَعَّلْتَ	×	بنی اسرائيل:62

❶ اس کے آخر میں نون وقایہ ہے، یاء ضمیر متکلم تخفیفاً حذف ہو چکی ہے۔ ❷ لفظ ﴿كِرَام﴾ قرآن مجید میں تین معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① بزرگ، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② معزز، جیسا کہ سورۃ الانفطار: 11 میں ہے ﴿كِرَامًا كَاتِبِيْنَ﴾ ''معزز لکھنے والے''، اس سے مراد وہ فرشتے ہیں جو انسان کے اعمال لکھتے ہیں، ③ باعزت، جیسا کہ سورۃ الفرقان: 72 میں ہے ﴿كِرَامًا﴾ ''باعزت''، م: كَرِيْمٌ، اس کی جمع كُرَمَاءُ بھی آتی ہے۔ ❸ ج: كُرُوْبٌ۔ ❹ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)۔ ❺ دو ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: كَرَّةٌ۔ ❻ اس میں یاء مشدد زائدہ ہے، بعض کے نزدیک یہ رباعی مزید فیہ ناقص یائی كُرْسِيْيٌ بروزن فُعْلِيْلٌ ہے، دو ہم جنس حرف یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: كَرَاسِيُّ، اللہ کی کرسی سے مراد حقیقی کرسی ہے لیکن اس کی کیفیت مجہول ہے، بعض نے اس سے مراد حکومت اور بعض نے علم مراد لیا ہے۔ ❼ اس کے شروع میں کاف حرف جر ہے، ج: أَرْمِدَةٌ۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
كَرَّمْنَا [1]	ہم نے عزت دی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	تفعيل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ك ر م	فَعَّلْنَا	×	بنی اسرائیل:70
كَرِهَ [8]	ناخوش رہیں	//	واحد مذکر غائب	سمع	ثلاثی مجرد	//	ك ر ہ	فَعِلَ	//	الأنفال:8
كُرْهٌ [3]	ناپسند	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعْلٌ	× ❶	البقرة:216
كَرَّهَ [1]	بیزار کر دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعيل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	الحجرات:7
كَرْهًا [5]	مجبور	(اسم) مصدر	×	سمع	ثلاثی مجرد	//	//	فَعْلًا	× ❷	آل عمران:83
كَرِهْتُمُوهُنَّ [2]	تم ناپسند کرتے ہو ان کو	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِلْتُمْ	كَرِهْتُمْ ❸	النساء:19
كَرِهُوا [4]	انہوں نے ناپسند کیا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعِلُوا	×	التوبة:81
كَرِيمٌ [27]	باعزت	صفت مشبہ	واحد مذکر	كرم	//	//	ك ر م	فَعِيلٌ	× ❹	الأنفال:4
كَسَادَهَا [1]	اس کے نقصان	(اسم) مصدر	×	ن، ك	//	//	ك س د	فَعَالَ	×	التوبة:24
كُسَالَى [2]	سست	صفت مشبہ	جمع مكسر	سمع	//	//	ك س ل	فُعَالَى	× ❺	النساء:142
كَسَبَ [3]	کمائے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	ضرب	//	//	ك س ب	فَعَلَ	×	البقرة:81
كَسَبَا [1]	ان دونوں نے کیا	//	تثنیہ مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَا	//	المائدة:38
كَسَبَتْ [16]	اس نے اعمال کیے	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	//	البقرة:134
كَسَبْتُمْ [3]	تم نے اعمال کیے	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	البقرة:134
كَسَبُوا [15]	انہوں نے کمایا	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوا	//	البقرة:202
كِسْفًا [1]	کوئی ٹکڑا	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	//	ك س ف	فِعْلًا	× ❻	الطور:44
كِسَفًا [4]	ٹکڑوں	//	جمع مکسر	//	//	//	//	فِعَلًا	× ❼	بنی اسرائیل:92
كِسْوَتُهُمْ [1]	لباس دینا ان کو	(اسم) مصدر	×	نصر	//	ناقص واوی	ك س و	فِعْلَةٌ	×	المائدة:89
كِسْوَتُهُنَّ [1]	ان کا کپڑا	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	//	//	× ❽	البقرة:233
فَكَسَوْنَا [1]	پس ہم نے چڑھایا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	نصر	//	//	//	فَعَلْنَا	×	المؤمنون:14
كُشِطَتْ [1]	کھال کھینچ لی جائے گی	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	صحیح	ك ش ط	فُعِلَتْ	//	التكوير:11
كَشْفَ [1]	دور کرنے کا	(اسم) مصدر	×	//	//	//	ك ش ف	فَعْلَ	//	بنی اسرائیل:56
كَشَفَ [1]	وہ دور کر دیتا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	//	النحل:54

❶ یہاں مصدر بمعنی مفعول مَكْرُوهٌ استعمال ہوا ہے، لفظ ﴿ كُرْه ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① ناپسند، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② تکلیف، جیسا کہ سورۃ الاحقاف:15 میں ہے ﴿ وَضَعَتْهُ كُرْهًا ﴾ "جنا اس کو تکلیف سے"۔ ❷ یہ صفت مشبہ بھی ہو سکتی ہے۔ ❸ تُم کے بعد هُنَّ ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوهُ)۔ ❹ ج: كِرَامٌ۔ ❺ م: كَسِلٌ یا كَسْلَانُ۔ ❻ م: كِسْفَةٌ۔ ❼ م: كِسْفَةٌ۔ ❽ یہ مصدر بمعنی مفعول المَكْسُوّ یعنی چادر کے معنی میں استعمال ہو رہا ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
كَشَفْتَ [1]	تونے ٹال دیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر حاضر	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ك ش ف	فَعَلْتَ	×	الأعراف:134
كَشَفَتْ [1]	اس نے کھول دیں	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	//	النمل:44
كَشَفْنَا [7]	ہم ٹال دیتے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	//	الاعراف:135
كَطَيِّ [1]	لپیٹنے کی طرح	(اسم) مصدر	×	//	//	لفیف مقرون	ط و ی	فَعْلِ	طَوْيِ ❶	الأنبياء:104
كَظِيمٌ [3]	غم سے بھرے ہوئے	اسم مبالغہ	واحد مذکر	//	//	صحیح	ك ظ م	فَعِيْلٌ	× ❷	يوسف:84
الْكَعْبَةِ [2]	خانہ کعبہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	//	ك ع ب	فَعْلَةِ	× ❸	المائدة:95
الْكَعْبَيْنِ [1]	ٹخنوں	//	تثنیہ مذکر	//	//	//	//	فَعْلَيْنِ	× ❹	المائدة:6
كَعَصْفٍ [1]	جیسے بھوسا	//	اسم جنس	//	//	//	ع ص ف	فَعْلٍ	× ❺	الفيل:5
كَغَلْيِ [1]	کھولنے کی طرح	(اسم) مصدر	×	ضرب	//	ناقص یائی	غ ل ی	فَعْلِ	×	الدخان:46
كَفَّ [3]	روک دیے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ك ف ف	فَعَلَ	كَفَفَ ❻	الفتح:20
كَفَى [27]	کافی ہے	//	//	ضرب	//	ناقص یائی	ك ف ی	//	كَفَيَ ❼	النساء:6
كِفَاتًا [1]	سمیٹنے والی	(اسم) مصدر		تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ك ف ت	فِعَالًا	× ❽	المرسلات:25
كُفَّارٌ [21]	کافر	اسم فاعل	جمع مکسر	نصر	ثلاثی مجرد	//	ك ف ر	فُعَّالٌ	× ❾	البقرة:161
كَفَّارٌ [5]	ناشکرا	اسم مبالغہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعَّالٌ	×	ابراهيم:34
كَفَّارَةٌ [4]	کفارہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّالَةٌ	× ❿	المائدة:45
كُفْرٌ [37]	کفر کرنا	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فُعْلٌ	×	البقرة:217
كَفَرَ [19]	کفر کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلَ	× ⓫	البقرة:102
كُفِرَ [1]	انکار کیا گیا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	×	القمر:14

❶ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)، اس کے شروع میں ک حرف جر ہے۔ ❷ یہ صفت مشبہ بھی ہو سکتی ہے۔ ❸ دنیا میں سب سے پہلی جو عبادت گاہ تعمیر کی گئی وہ خانہ کعبہ ہے، سب سے پہلے اسے فرشتوں نے تعمیر کیا، پھر آدم علیہ السلام نے اس کی تعمیر کی، اس کے بعد شیث علیہ السلام نے اور پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے از سر نو اس کی عمارت بنائی، پھر قوم عمالقہ نے تعمیر کی، پھر قبیلہ جرہم نے اپنے دور میں اس کی تعمیر کی، پھر نبی ﷺ کی بعثت سے پانچ سال پہلے قریش نے اس کی نئی عمارت بنائی اور روپے کی کمی کے باعث کچھ حصہ چھوڑ دیا، پھر حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے قریش کی بنائی ہوئی عمارت کو گرا کر از سر نو ابراہیمی بنیادوں پر عمارت بنائی، پھر عبدالملک بن مروان نے یہ عمارت گرا کر قریش کی قائم کردہ بنیادوں پر عمارت بنائی، ہر دور میں اس خانہ کعبہ کو مقدس اور قابل تکریم سمجھا جاتا رہا ہے، ج: كَعَبَاتٌ و كِعَابٌ، بیت اللہ کا نام کعبہ اس لیے رکھا گیا ہے کہ کعبہ کے معنی ہیں مربع مکان چونکہ بیت اللہ کی بھی مربع یعنی چوکور عمارت ہے اس لیے اس کا نام کعبہ رکھا گیا۔ ❹ م: كَعْبٌ، ج: كِعَابٌ و كُعُوبٌ۔ ❺ م: عَصْفَةٌ و عُصَافَةٌ و عَصِيفَةٌ۔ ❻ دو متحرک ہم جنس حرف فاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے فاء کو ساکن کر کے دوسری میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدَّ)۔ ❼ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)۔ ❽ یہ باب مفاعلہ کا سماعی مصدر ہے، قیاسی مصدر مُفَاعَلَة کے وزن پر آتا ہے، م: كَافِتٌ، یہ مصدر بطور مبالغہ بمعنی فاعل استعمال ہو رہا ہے۔ ❾ لفظ ﴿كُفَّار﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① کافر، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا فاعل الرَّجُلُ اور مصدر كُفْرًا و كُفْرَانًا ہو، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② کسانوں، اس کے یہ معنی اس وقت ہوتے ہیں جب اس کا مفعول الشَّيْءُ اور مصدر كَفْرًا ہو، جیسا کہ سورۃ الحدید :20 میں ہے ﴿الْكُفَّارَ﴾ ''کسانوں''، کافر کے لغوی معنی ''چھپانے والا'' کے ہیں، کافر کے دل میں اللہ کا انکار چھپا ہوتا ہے، اس لیے اسے کافر کہا جاتا ہے اور کسان کو کافر اس لیے کہا گیا ہے کہ یہ بیج کو زمین میں چھپا دیتا ہے، م: كَافِرٌ۔ ❿ یہ اصل میں باب نصر سے اسم مبالغہ ہے، اس سے مراد وہ چیز ہے جو گناہ کو ڈھانپ لے، ﴿كَفَّارَة﴾ سے مراد وہ نیک کام (صدقہ، روزہ، غلام کو آزاد کرنا وغیرہ) ہے جو گناہ گار اپنے گناہ کی تلافی کے لیے کرتا ہے۔ ⓫ كَفَرَ بِاللّٰهِ کے معنی ہیں: اللہ کا انکار کرنا، نہ ماننا، جیسا کہ سورۃ النحل : 106 میں ہے ﴿مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ﴾ ''جو اللہ کے ساتھ کفر کرے''، كَفَرَ نِعْمَةَ اللّٰهِ کے معنی ہیں: ناشکری کرنا، جیسا کہ سورۃ النحل :40 میں ہے ﴿كَفَرَ﴾ ''اس نے ناشکری کی''۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
كَفَّرَ [1]	دور کردیے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ك ف ر	فَعَّلَ	×	محمد:2
كَفِّرْ [1]	دور کردے	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعِّلْ	//	ال عمرٰن:193
كُفْرَانَ [1]	بے قدری	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فُعْلَانَ	//	الأنبياء:94
كَفَرْتُ [1]	میں انکار کرتا ہوں	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	//	//	//	///	فَعَلْتُ	//	ابراهيم:22
كَفَرْتَ [1]	تو انکار کرتا	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتَ	× ❶	الكهف:37
كَفَرَتْ [2]	انکار کردیا	//	واحد مؤنث غائب	//	//	//	//	فَعَلَتْ	× ❷	الصف:14
الْكَفَرَةُ [1]	کافر	اسم فاعل	جمع مکسر	//	//	//	//	فَعَلَةٌ	× ❸	عبس:42
كَفَرْتُمْ [8]	تم نے کفر کیا تھا	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	× ❹	ال عمرٰن:106
كَفَرْنَا [3]	ہم نہیں مانتے	//	جمع متکلم	//	//	//	//	فَعَلْنَا	× ❺	ابراهيم:9
لَكَفَّرْنَا [1]	یقیناً ہم دور کردیں گے	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْنَا	×	المائدة:65
كَفَرُوْا [194]	انہوں نے کفر کیا	//	جمع مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	فَعَلُوْا	//	البقرة:6
كَفَفْتُ [1]	میں نے روکا	//	واحد متکلم	//	//	مضاعف ثلاثی	ك ف ف	فَعَلْتُ	//	المائدة:110
كِفْلٌ [3]	حصہ	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	صحیح	ك ف ل	فِعْلٌ	× ❻	النساء:85
ذَا الْكِفْلِ [2]	ذوالکفل	//	//	//	//	//	//	فِعْلِ	× ❼	الأنبياء:85
كَفَّلَهَا [1]	اس نے اسکا کفیل بنایا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلَ	×	ال عمرٰن:37
كِفْلَيْنِ [1]	دو حصے	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	//	فِعْلَيْنِ	× ❽	الحديد:28
كُفُّوْا [1]	تم روکے رکھو	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	ك ف ف	اُفْعُلُوْا	اُكْفُفُوْا ❾	النساء:77
❶ یہ مصدر بھی ہوسکتا ہے۔ ❷ گردن کے ساتھ ہاتھ باندھنے سے کنجوسی اور بخل مراد ہے۔ ❸ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❹ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)۔ ❺ یہ جمع منتہی الجموع ہونے کی وجہ سے غیر منصرف ہے، م: مِفْتَاحٌ۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، یہ اسم ظرف مکان بھی ہوسکتا ہے۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، یہ مصدر بمعنی اسم فاعل ہے، یہ کبھی اسم ظرف بھی ہوتا ہے، اور یہاں یہ دونوں معنی درست ہیں، لفظ ﴿مَفَازَةٍ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① نجات پا جانا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② کامیابی، جیسا کہ سورۃ الزمر: 61 میں ہے ﴿بِمَفَازَتِهِمْ﴾ ''ان کے کامیاب ہونے کی وجہ سے''، ج: مَفَاوِزُ۔ ❽ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❾ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ: قال)، پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا۔ ❿ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء جمع ہونے سے ایک یاء کو گرا دیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓫ یہ مصدر بروزن مفعول بھی ہوسکتا ہے۔ ⓬ دو متحرک ہم جنس حرف راء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے راء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے راء کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ)، بعض کے نزدیک یہ اسم ظرف مکان ہے، اس کے معنی ہیں ''بھاگنے کی جگہ''، اس پر اعتراض یہ آتا ہے کہ یہ باب ضرب سے مَفْعَل کے وزن پر کیوں آئی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ناقص کی طرح مضاعف سے بھی اسم ظرف مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ ⓭ یہ اس کی رفعی حالت ہے، اَفْرَطَ فُلَانًا کے معنی کسی سے عجلت کرانا کے ہوتے ہیں۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَلْمُفْسِدَ [1]	فساد پسند	اسم فاعل	واحد مذکر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ف س د	مُفْعِلَ	×	البقرۃ:220
مُفْسِدُوْنَ [2]	فساد کرتے رہتے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْعِلُوْنَ	× ❶	الکھف:94
مُفْسِدِيْنَ [18]	فساد کرنے والے	//	//	//	//	//	//	مُفْعِلِيْنَ	× ❷	البقرۃ:60
مُفَصَّلًا [1]	مفصل	اسم مفعول	واحد مذکر	تفعیل	//	//	ف ص ل	مُفَعَّلًا	×	الأنعام:114
مُفَصَّلَاتٍ [1]	الگ الگ	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	مُفَعَّلَاتٍ	//	الأعراف:133
مَفْعُوْلًا [7]	پورا کیا ہوا	//	واحد مذکر	فتح	ثلاثی مجرد	//	ف ع ل	مَفْعُوْلًا	//	النساء:47
اَلْمُفْلِحُوْنَ [12]	خلاصی پانے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ف ل ح	مُفْعِلُوْنَ	× ❶	البقرۃ:5
اَلْمُفْلِحِيْنَ [1]	کامیاب ہونے والوں	//	//	//	//	//	//	مُفْعِلِيْنَ	× ❸	القصص:67
اَلْمَقَابِرَ [1]	قبریں	اسم ظرف	جمع مکسر	نصر	ثلاثی مجرد	//	ق ب ر	مَفَاعِلَ	× ❹	التکاثر:2
مَقَاعِدَ [2]	جگہیں	//	//	//	//	//	ق ع د	//	× ❺	ال عمران:121
مَقَالِيْدُ [2]	چابیاں	اسم آلہ	//	ضرب	//	//	ق ل د	مَفَاعِيْلُ	× ❻	الزمر:63
مَقَامُ [12]	کھڑے ہونے کی جگہ	اسم ظرف	واحد	نصر	//	اجوف واوی	ق و م	مَفْعَلُ	مَقْوَمُ ❼	آل عمران:97
مُقَامَ [3]	ٹھہرنے کی جگہ	//	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	مُفْعَلَ	مُقْوَمَ ❽	الأحزاب:13
اَلْمُقَامَةِ [1]	ہمیشہ رہنے	مصدر میمی	×	//	//	//	//	مُفْعَلَةِ	مُقْوَمَةِ ❾	فاطر:35
مَقَامِعُ [1]	ہتھوڑے	اسم آلہ	جمع مکسر	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	ق م ع	مَفَاعِلُ	× ❿	الحج:21
مَقَامِيْ [2]	میرا کھڑا ہونا	مصدر میمی	×	نصر	//	اجوف واوی	ق و م	مَفْعَلُ	مَقْوَمِ ⓫	یونس:71
اَلْمَقْبُوْحِيْنَ [1]	دور دفع کیے گئے لوگوں	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	فتح	//	صحیح	ق ب ح	مَفْعُوْلِيْنَ	× ❸	القصص:42
مَقْبُوْضَةٌ [1]	قبضہ میں دی جائے گی	//	واحد مؤنث	ضرب	//	//	ق ب ض	مَفْعُوْلَةٌ	×	البقرۃ:283
مَقْتًا [6]	ناراضی	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	م ق ت	فَعْلًا	//	فاطر:39

❶ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❷ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❸ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❹ یہ جمع منتھی الجموع ہونے کیوجہ سے غیر منصرف ہے، م: مَقْبَرَةٌ۔ ❺ یہ جمع منتھی الجموع ہونے کی وجہ سے غیر منصرف ہے، م: مَقْعَدٌ۔ ❻ یہ جمع منتھی الجموع ہونے کی وجہ سے غیر منصرف ہے، م: مِقْلَادٌ و مِقْلِيْدٌ۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ) کبھی یہ مصدر میمی ہوتا ہے، اس کے معنی ہوتے ہیں ''کھڑا ہونا''، جیسا کہ سورۃ الرحمٰن:46 میں ہے ﴿ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ ﴾ ''اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈر گیا''، کبھی یہ مطلقاً جگہ کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ الشعراء : 58 میں ہے ﴿ مَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴾ ''عمدہ جگہیں''، سورۃ البقرۃ :125 میں ہے ﴿ مَقَامِ اِبْرَاهِيْمَ ﴾ ''ابراہیم علیہ السلام کی جائے قیام'' سے مراد وہ پتھر ہے جس پر کھڑے ہو کر انہوں نے بیت اللہ کو تعمیر کیا تھا، اس پتھر پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قدم کے نشانات ہیں، آج بھی وہ پتھر موجود ہے اسے ایک شیشے میں محفوظ کر دیا گیا ہے جسے آسانی سے دیکھا جا سکتا ہے، بیت اللہ کا طواف کرنے کے بعد وہاں دو رکعتیں پڑھنا سنت ہیں، سورۃ بنی اسرائیل : 79 میں ﴿ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴾ ''مقام محمود'' سے مراد وہ مقام ہے جو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ نبی کریم ﷺ کو عطا فرمائیں گے اور اسی مقام پر آپ ﷺ شفاعت کبریٰ فرمائیں گے، جس کے بعد لوگوں کا حساب و کتاب شروع ہوگا۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، بعض کے نزدیک یہ مصدر میمی ہے، اس صورت میں اس کے معنی ہوں گے ''ٹھہرنے کی کوئی صورت''۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ❿ یہ جمع منتھی الجموع ہونے کی وجہ سے غیر منصرف ہے، م: مِقْمَعٌ یا مِقْمَعَةٌ۔ ⓫ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، اس کے آخر میں یائے متکلم مضاف ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مُقْتَحِمٌ [1]	داخل ہونے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ق ح م	مُفْتَعِلٌ	×	صٓ:59
مُقْتَدِرٍ [3]	ہر طرح کی قدرت رکھنے والے	//	//	//	//	//	ق د ر	مُفْتَعِلٍ	//	القمر:42
مُقْتَدِرُوْنَ [1]	قدرت رکھتے ہیں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْتَعِلُوْنَ	× ❶	الزخرف:42
مُقْتَدُوْنَ [1]	چلنے والے	//	//	//	//	ناقص واوی	ق د و	مُفْتَعُوْنَ	مُقْتَدِوُوْنَ ❷	الزخرف:23
الْمُقْتِرِ [1]	غریب	//	واحد مذکر	افعال	//	صحیح	ق ت ر	مُفْعِلٍ	×	البقرۃ:236
مُقْتَرِفُوْنَ [1]	خود کرتے	//	جمع مذکر سالم	افتعال	//	//	ق ر ف	مُفْتَعِلُوْنَ	× ❸	الأنعام:113
مُقْتَرِنِيْنَ [1]	جمع ہوکر	//	//	//	//	//	ق ر ن	مُفْتَعِلِيْنَ	× ❹	الزخرف:53
الْمُقْتَسِمِيْنَ [1]	تفرقہ بازوں	//	//	//	//	//	ق س م	//	× ❺	الحجر:90
مُقْتَصِدٌ [2]	انصاف پر قائم رہتا	//	واحد مذکر	//	//	//	ق ص د	مُفْتَعِلٌ	×	لقمان:32
مُقْتَصِدَةٌ [1]	میانہ رو	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	مُفْتَعِلَةٌ	//	المائدۃ:66
مِقْدَارُهٗ [3]	جس کی مقدار	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	ق د ر	مِفْعَالٌ	× ❻	السجدۃ:5
الْمُقَدَّسِ [2]	پاک	اسم مفعول	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ق د س	مُفَعَّلٍ	× ❼	طٰہٰ:12
الْمُقَدَّسَةَ [1]	مقدس	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	مُفَعَّلَةٌ	× ❽	المائدۃ:21
مَقْدُوْرًا [1]	مقرر شدہ	//	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ق د ر	مَفْعُوْلًا	×	الأحزاب:38
مَقْرَبَةٍ [1]	قرابت	مصدر میمی	×	کرم	//	//	ق ر ب	مَفْعَلَةٍ	× ❾	البلد:15
الْمُقَرَّبُوْنَ [4]	مقرب	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	مُفَعَّلُوْنَ	× ❸	النساء:172
الْمُقَرَّبِيْنَ [4]	مقربوں	//	//	//	//	//	//	مُفَعَّلِيْنَ	× ❺	آل عمرٰن:45
مُقْرِنِيْنَ [1]	تابع رکھنے والے	اسم فاعل	//	افعال	//	//	ق ر ن	مُفْعِلِيْنَ	× ❹	الزخرف:13
مُقَرَّنِيْنَ [3]	وہ جکڑے ہوں گے	اسم مفعول	//	تفعیل	//	//	//	مُفَعَّلِيْنَ	//	ابراھیم:49
الْمُقْسِطِيْنَ [3]	انصاف کرنے والوں	اسم فاعل	//	افعال	//	//	ق س ط	مُفْعِلِيْنَ	//	المائدۃ:42
فَالْمُقَسِّمَاتِ [1]	پھر تقسیم کرنے والے فرشتوں	//	جمع مؤنث سالم	تفعیل	//	//	ق س م	مُفَعِّلَاتِ	×	الذاریات:4
مَقْسُوْمٌ [1]	تقسیم و مقرر	اسم مفعول	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	مَفْعُوْلٌ	//	الحجر:44
مُقَصِّرِيْنَ [1]	بال کتروانے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ق ص ر	مُفَعِّلِيْنَ	× ❹	الفتح:27
مَقْصُوْرَاتٌ [1]	ٹھہرائی ہوئی	اسم مفعول	جمع مؤنث سالم	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	مَفْعُوْلَاتٌ	× ❿	الرحمٰن:72

❶ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❷ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❸ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❹ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ ج: مَقَادِيْرُ، یا یہ (اسم) مصدر ہے۔ ❼ ﴿بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ﴾ مقدس وادی سے مراد کوہ طور کا وہ پاک میدان ہے جہاں مدین سے واپس مصر جاتے ہوئے موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی کا شرف حاصل ہوا تھا، اس وادی کا نام طویٰ ہے۔ ❽ ﴿الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ﴾ ارض مقدس سے مراد بیت المقدس کی پاک سرزمین ہے، جو حضرت یعقوب علیہ السلام کا مسکن تھا۔ ❾ تاء زائدہ مبالغہ کے لیے ہے۔ ❿ م: الْمَقْصُوْرَةُ، گھر میں رہنے والی خوش حال عورت جسے کام کے لیے باہر نکلنے کی ضرورت نہ ہو، پردہ نشین، پاک دامن عورت۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مَقْضِيًّا [2]	فیصلہ شدہ	اسم مفعول	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	ق ض ی	مَفْعُوْلًا	❶ مَقْضُوْيًا	مریم:21
مَقْطُوْعٌ [1]	کاٹی جانے والی	//	//	فتح	//	صحیح	ق ط ع	مَفْعُوْلٌ	×	الحجر:66
مَقْطُوْعَةٍ [1]	ختم ہونے والے ہوں گے	//	واحد مؤنث	//	//	//	//	مَفْعُوْلَةٍ	//	الواقعۃ:33
مَقْعَدِ [1]	مجلس	اسم ظرف	واحد	نصر	//	//	ق ع د	مَفْعَلِ	❷ ×	القمر:55
بِمَقْعَدِهِمْ [1]	اپنے بیٹھ رہنے پر	مصدر میمی	×	//	//	//	//	//	×	التوبۃ:81
مُقْمَحُوْنَ [1]	سر اونچے کیے ہوئے	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ق م ح	مُفْعَلُوْنَ	❸ ×	یٰسٓ:8
اَلْمُقَنْطَرَةِ [1]	جمع کیے ہوئے	//	واحد مؤنث	فَعْلَلَ	رباعی مجرد	//	ق ن ط ر	مُفَعْلَلَةِ	×	آل عمرٰن:14
مُقْنِعِيْ [1]	اوپر اٹھائے ہوئے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ق ن ع	مُفْعِلِيْ	❹ مُقْنِعِيْنَ	ابراھیم:43
لِلْمُقْوِيْنَ [1]	مسافروں کے لیے	//	//	//	//	لفیف مقرون	ق و ی	مُفْعِيْنَ	❺ مُقْوِيِيْنَ	الواقعۃ:73
مُقِيْتًا [1]	نگہبان	//	واحد مذکر	//	//	اجوف واوی	ق و ت	مُفْعِلًا	❻ مُقْوِتًا	النساء:85
مَقِيْلًا [1]	آرام گاہ	اسم ظرف	واحد	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ق ی ل	مَفْعِلًا	❼ مَقْيِلًا	الفرقان:24
مُقِيْمٌ [8]	ہمیشہ رہنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ق و م	مُفْعِلٌ	❽ مُقْوِمٌ	المائدۃ:37
اَلْمُقِيْمِيْ [1]	وہ قائم کرتے ہیں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْعِلِيْ	❾ مُقْوِمِيْنَ	الحج:35
اَلْمُقِيْمِيْنَ [1]	قائم رکھتے	//	//	//	//	//	//	مُفْعِلِيْنَ	❿ مُقْوِمِيْنَ	النساء:162
مُكَآءً [1]	سیٹیاں بجانے	(اسم) مصدر	×	نصر	ثلاثی مجرد	ناقص واوی	م ك و	فُعَالًا	⓫ مُكَاوًا	الأنفال:35
مَكَانٌ [27]	جگہ	اسم ظرف	واحد	//	//	اجوف واوی	ك و ن	مَفْعَلٌ	⓬ مَكْوَنٌ	النساء:20
مَكَانَتِكُمْ [5]	اپنی جگہ	//	//	//	//	//	//	مَفْعَلَةِ	⓭ مَكْوَنَةِ	الأنعام:135

❶ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوبا ادغام کر دیا، اور یاء کی مناسبت سے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا (قاعدہ: مَرْمِيٌّ) ❷ ج: مَقَاعِدُ ۔ ❸ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❹ اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت یاء کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء جمع ہونے سے ایک یاء گر گئی (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ) ❼ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے کسرہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ❽ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، لفظ ﴿مُقِيْمٌ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① ہمیشہ رہنے والا، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② قائم کرنے والا، جیسا کہ سورۃ ابراھیم: 40 میں ہے ﴿مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ﴾ ''نماز قائم کرنے والا''۔ ❾ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہاں مضاف پر الف لام اس لیے آ گیا ہے کہ یہ اضافت لفظی ہے، اضافت لفظی میں جب مضاف صیغہ صفت جمع ہو تو اس پر الف لام آ سکتا ہے، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓫ واؤ اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: دُعَاءٌ)۔ ⓬ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، ج: اَمْكِنَةٌ، لفظ ﴿مَكَانٌ﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① جگہ جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② مرتبہ، جیسا کہ سورۃ المائدۃ: 60 میں ہے ﴿اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا﴾ ''یہ لوگ درجے میں زیادہ برے ہیں''، سورۃ یونس: 28 میں ﴿مَكَانَكُمْ﴾ بعض کے نزدیک یہ اسم فعل بمعنی امر اُمْكُثُوْا کے معنی میں ہے۔ ⓭ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، یا یہ مَكُنَ سے مشتق صحیح، باب کرم کا مصدر ہے، اس صورت میں اس کا وزن فَعَالَةٌ ہوگا، اس صورت میں اس کے معنی ''اپنی حیثیت کے مطابق'' ہوں گے لفظ ﴿مَكَانَة﴾ قرآن مجید میں دو معنوں کے لیے استعمال ہوا ہے: ① جگہ ② مرتبہ، حیثیت، کبھی دونوں معنی درست ہوتے ہیں، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے اور کبھی اس کے معنی صرف جگہ ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ یٰسٓ: 67 میں ہے ﴿لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ﴾ ''تو ہم ان کی جگہوں پر ہی ان کی صورتیں بدل دیں''۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مُكِبًّا [1]	الٹا ہوکر	اسم فاعل	واحد مذکر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ك ب ب	مُفْعِلًا	مُكْبِبًا ❶	الملك:22
مَكَّةَ [1]	مکہ	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	//	م ك ك	فَعْلَةَ	مَكْكَةَ ❷	الفتح:24
مَكْتُوبًا [1]	لکھا ہوا	اسم مفعول	واحد مذکر	نصر	//	صحیح	ك ت ب	مَفْعُولًا	×	الأعراف:157
فَمَكَثَ [1]	پس ٹھہرے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	//	//	//	م ك ث	فَعَلَ	//	النمل:22
مُكْثٍ [1]	ٹھہر ٹھہر کر	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فُعْلٍ	//	بنی اسرائیل:106
الْمُكَذِّبُونَ [1]	جھٹلانے والوں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ك ذ ب	مُفَعِّلُونَ	× ❸	الواقعة:51
مُكَذِّبِينَ [20]	جھٹلاتے	//	//	//	//	//	//	مُفَعِّلِينَ	× ❹	الحاقة:49
مَكْذُوبٍ [1]	جھوٹ بولا گیا	اسم مفعول	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	مَفْعُولٍ	× ❺	هود:65
مَكَرَ [3]	خفیہ تدبیر کی	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	//	//	م ك ر	فَعَلَ	×	ال عمران:54
مَكْرٌ [19]	چال بازی	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلٌ	× ❻	یونس:21
مَكَرْتُمُوهُ [1]	تم نے تدبیر کی	فعل ماضی معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُم	مَكَرْتُمْ ❼	الأعراف:123
مُكْرِمٍ [1]	عزت دینے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ك ر م	مُفْعِلٍ	×	الحج:18
مُكَرَّمَةٍ [1]	قابل ادب	اسم مفعول	واحد مؤنث	تفعیل	//	//	//	مُفَعَّلَةٍ	//	عبس:13
مُكْرَمُونَ [3]	عزت والے	//	جمع مذکر سالم	افعال	//	//	//	مُفْعَلُونَ	× ❸	الأنبياء:26
الْمُكْرَمِينَ [2]	عزت والوں	//	//	//	//	//	//	مُفْعَلِينَ	× ❽	یس:27
مَكَرْنَا [1]	ہم نے خفیہ تدبیر کی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	نصر	ثلاثی مجرد	//	م ك ر	فَعَلْنَا	×	النمل:50
مَكَرُوا [6]	انہوں نے تدبیر کی	//	جمع مذکر غائب	//	//	//	//	فَعَلُوا	//	ال عمران:54
مَكْرُوهًا [1]	ناپسندیدہ	اسم مفعول	واحد مذکر	سمع	//	//	ك ر ه	مَفْعُولًا	//	بنی اسرائیل:38
مَكْظُومٌ [1]	غم سے بھرا ہوا	//	//	ضرب	//	//	ك ظ م	مَفْعُولٌ	//	القلم:48
مُكَلِّبِينَ [1]	تم شکاری بنانے والے ہو	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	ك ل ب	مُفَعِّلِينَ	× ❹	المائدة:4
مَكَّنَّا [8]	ہم نے جگہ دی	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	//	//	//	م ك ن	فَعَّلْنَا	مَكَّنْنَا ❾	یوسف:21
مَكْنُونٌ [4]	چھپا کر رکھے ہوئے	اسم مفعول	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	ك ن ن	مَفْعُولٌ	×	الصافات:49
مَكَّنِّي [1]	طاقت دی مجھے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	م ك ن	فَعَّلَ	مَكَّنَنِي ❿	الكهف:95
الْمِكْيَالَ [2]	ماپ	اسم آلہ	واحد	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ك ی ل	مِفْعَالَ	×	هود:84

❶ دو متحرک ہم جنس حرف باء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے باء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے باء کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: یَمُدُّ) ❷ دو ہم جنس حرف کاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ) ، یہ علمیت و تانیث کی بناء پر غیر منصرف ہے، یہ وہ مقدس شہر ہے جس میں رسول پاک ﷺ پیدا ہوئے، اور اسی شہر میں اللہ تعالیٰ کا مقدس گھر خانہ کعبہ ہے، جہاں پوری دنیا سے مسلمان حج اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے لیے جاتے ہیں، مکہ کو مکہ اس لیے کہتے ہیں کہ یہ مَكٌّ سے مشتق ہیں جس کے معنی چوسنا اور ہڈی سے مخ نکالنا کے ہیں، چنانچہ مکہ میں حج اور عمرہ کے لیے جانے والے کے سابقہ تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں، وہ گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے۔ ❸ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❹ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❺ بعض کے نزدیک یہ مصدر ہے، اس کے معنی ہیں "جھوٹ"۔ ❻ ﴿مَكْر﴾ خفیہ تدبیر کو کہتے ہیں، اگر یہ کسی غلط مقصد کے لیے ہو تو بُری اور اگر کسی اچھے مقصد کے لیے ہو تو اچھی ہوتی ہے۔ ❼ تُم کے بعد ھا ضمیر لاحق ہوئی تو میم کے بعد واؤ زیادہ کر کے میم کو ضمہ دے دیا (قاعدہ: اِتَّخَذْتُمُوهُ) ❽ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❾ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ) ❿ دو متحرک ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے نون کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، دونوں نونوں میں سے پہلا نون نفس کلمہ کا ہے اور دوسرا نون وقایہ ہے، آخر میں یائے متکلم مفعول بہ ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَلْمَكِيْدُوْنَ[1]	چال میں آنے والے	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ك ی د	مَفْعُوْلُوْنَ	مَكْيُوْدُوْنَ ❶	الطور:42
مَكِيْنٌ[4]	رہتے والا	صفت مشبہ	واحد مذکر	کرم	//	صحیح	م ك ن	فَعِيْلٌ	× ❷	يوسف:54
مَلَائِكَةٌ[73]	فرشتے	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	مہموز الفاء	ء ل ك	مَعَافِلَةٌ	مَئَالِكَةٌ ❸	بني اسرائيل:95
مَلَائِهٖ	اس کے درباریوں	//	اسم جمع	//	//	مہموز اللام	م ل ء	فَعَلٍ	× ❹	الأعراف:103
مُلَاقٍ[1]	ملوں گا	اسم فاعل	واحد مذکر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ل ق ی	مُفَاعٍ	مُلَاقِيٌ ❺	الحاقة:20
مُلَاقُوْا[4]	ملنے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفَاعُوْا	مُلَاقِيُوْنَ ❻	البقرة:46
مُلَاقِيْكُمْ[2]	ملنے والی ہے تم کو	//	واحد مذکر	//	//	//	//	مُفَاعِلُ	مُلَاقِيُ ❼	الجمعة:8
مِلْءُ[1]	بھرنے (کے برابر)	اسم جامد	//	×	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	م ل ء	فِعْلُ	× ❽	ال عمران:91
مَلَأٌ[30]	سردار	//	اسم جمع	//	//	//	//	فَعَلٌ	× ❾	هود:38
مُلِئَتْ[1]	بھرا ہوا	فعل ماضی مجہول	واحد مؤنث غائب	فتح	//	//	//	فُعِلَتْ	×	الجن:8
لَمُلِئْتَ[1]	ضرور آپ بھر جاتے	//	واحد مذکر حاضر	//	//	//	//	فُعِلْتَ	//	الكهف:18
مِلَّةِ[15]	دین	اسم جامد	واحد مؤنث	×	//	مضاعف ثلاثی	م ل ل	فِعْلَةِ	مِلْلَةِ ❿	البقرة:130
مُلْتَحَدًا[2]	پناہ کی جگہ	اسم ظرف	واحد	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ل ح د	مُفْتَعَلًا	×	الكهف:27
مَلْجَأً[3]	کوئی بچاؤ کی جگہ	//	//	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	ل ج ء	مَفْعَلًا	//	التوبة:57
مِلْحٌ[2]	کھاری	صفت مشبہ	واحد مذکر	ك،ن،ف	//	صحیح	م ل ح	فِعْلٌ	× ⓫	الفرقان:53
اَلْمَلْعُوْنَةَ[1]	لعنت کی گئی	اسم مفعول	واحد مؤنث	فتح	//	//	ل ع ن	مَفْعُوْلَةَ	×	بني اسرائيل:60
مَلْعُوْنِيْنَ[1]	پھٹکارے ہوئے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مَفْعُوْلِيْنَ	× ⓬	الأحزاب:61

❶ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی (قاعدہ: يُقَالُ)، دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی تو یہ مَكُوْدُوْن۔ ہو گیا، پھر اجوف یائی میں ضمہ منقولہ کو کسرہ سے بدل دیا، اب واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء بن گئی (قاعدہ: مَبِيْعٌ)، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❷ یا یہ كَوْنٌ سے مشتق اجوف واوی، باب نصر ہے، اصل میں مَكْوِنٌ بروزن مَفْعِلٌ تھا، واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، ج: مُكَنَاءُ۔ ❸ اس میں قلب ہوا ہے، یعنی فاء کلمہ میں آنے والے ہمزہ کو عین کلمہ میں آنے والے لام کے بعد لے گئے، اس کی اصل کے بارے میں متعدد اقوال ہیں: ① یہ مہموز الفاء أَلوكة (پیغام) سے مشتق ہے، جو مألك بروزن مَفْعَلٌ کی جمع ہے، پھر اس میں قلب ہوا یعنی ہمزہ کو جو فاء کلمہ میں ہے اٹھا کر عین کلمے کے بعد لے گئے تو یہ مَلْأَكٌ بروزن مَعْفَلٌ ہو گیا، اس طرح مَلَائِكَةٌ بروزن مَعَافِلَةٌ ہو گا۔ ② یہ مہموز العین لَأَكَ سے مشتق ہے، اس طرح مَلَكٌ اصل میں مَلْأَكٌ ہو گا، ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے کر ہمزہ کو گرا دیا، اس طرح مَلَائِكَةٌ بروزن مَفَاعِلَة ہو گا۔ ③ یہ اجوف واوی لَوك سے مشتق ہے، تو مَلَكٌ اصل میں مَلَاكٌ تھا، عین کلمہ کو تخفیفاً حذف کر دیا، تو اس طرح مَلَائِكَةٌ اصل میں مَلَاوِكَةٌ تھا واؤ مدہ زائدہ الف مفاعل کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی (قاعدہ: صَحَائِفُ) ④ یہ صحیح مُلْكٌ سے مشتق ہے، اس کی جمع مَلَائِكَةٌ بروزن مَفَائِلَةٌ آتی ہے، م: مَلَكٌ۔ ❹ اس کا واحد ان لفظوں سے نہیں آتا، ج: أَمْلَاءٌ، اس میں الف زائدہ ہے، صرف قرآنی رسم الخط میں آیا ہے یہ پڑھنے میں مَلَئِهٖ آتا ہے، اسی طرح مَلَائِهِمْ آتا ہے۔ ❺ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا) ❻ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، پھر اضافت کی وجہ سے نون جمع بھی گر گیا، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❼ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❽ ج: أَمْلَاءٌ، ﴿مِلْءُ﴾ کے معنی ہیں کسی چیز کو بھر دینے والی مقدار، ﴿مِلْءُ الْأَرْضِ ذَهَبًا﴾ کے معنی ہیں زمین بھر سونا، بعض کے نزدیک، ﴿مِلْءُ﴾ باب فتح کا مصدر ہے۔ ❾ اس کا واحد ان لفظوں سے نہیں آتا، ج: أَمْلَاءٌ، لفظ ﴿مَلَأٌ﴾ قرآن مجید میں تین معنوں میں استعمال ہوا ہے: ① سردار، جیسا کہ مذکورہ بالا آیت میں ہے ② درباریوں، جیسا کہ سورۃ الاعراف:103 میں ہے اور ③ سورۃ ص:69 میں ﴿بِالْمَلَإِ الْأَعْلٰى﴾ سے مراد بلند قدر فرشتے ہیں۔ ❿ دو ہم جنس حرف لام ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، ج: مِلَلٌ۔ ⓫ جب مِلْحٌ کا معنی نمک ہو تو یہ اسم جامد ہوتا ہے۔ ⓬ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مُلْقُوْنَ [2]	ڈالنا چاہتے ہو	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	ل ق ی	مُفْعُوْنَ	مُلْقِيُوْنَ ❶	یونس:80
فَالْمُلْقِيٰتِ [1]	پھر جوڑا لانے والے ہیں	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	مُفْعِلٰتِ	× ❷	المرسلات:5
اَلْمُلْقِيْنَ [1]	ڈالنے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْعِيْنَ	مُلْقِيِيْنَ ❸	الأعراف:115
مُلْكِ [48]	بادشاہت	(اسم) مصدر	×	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	م ل ك	فُعْلِ	× ❹	البقرة:102
مَلِكٌ [13]	ایک بادشاہ	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	//	//	فَعِلٌ	× ❺	الكهف:79
مَلَكٌ [13]	فرشتہ	اسم جامد	//	×	//	مہموز الفاء	ء ل ك	مَعَلٌ	مَأْلَكٌ ❻	الأنعام:8
مَلَكَتْ [15]	مالک بنیں	فعل ماضی معلوم	واحد مؤنث غائب	ضرب	//	صحیح	م ل ك	فَعَلَتْ	×	النساء:3
مَلَكْتُمْ [1]	تم مالک بنو	//	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فَعَلْتُمْ	//	النور:61
بِمَلْكِنَا [1]	اپنے اختیار سے	(اسم) مصدر	×	//	//	//	//	فَعْلِنَا	//	طٰه:87
مَلَكُوْتَ [4]	بادشاہی	//	//	//	//	//	//	فَعَلُوْتَ	× ❼	الأنعام:75
مَلَكَيْنِ [2]	فرشتے	اسم جامد	تثنیہ مذکر	×	//	مہموز الفاء	ء ل ك	مَعَلَيْنِ	مَأْلَكَيْنِ ❽	الأعراف:20
مُلُوْكًا [2]	بادشاہ	صفت مشبہ	جمع مکسر	ضرب	//	صحیح	م ل ك	فُعُوْلًا	× ❾	المائدة:20
مَلُوْمًا [3]	ملامت	اسم مفعول	واحد مذکر	نصر	//	اجوف واوی	ل و م	مَفُوْلًا	مَلْوُوْمًا ❿	بني اسرائيل:29
مَلُوْمِيْنَ [2]	ملامت زدہ	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مَفُوْلِيْنَ	مَلْوُوْمِيْنَ ⓫	المؤمنون:6
مَلِيًّا [1]	ایک مدت کے لیے	صفت مشبہ	واحد مذکر	//	//	ناقص واوی	م ل و	فَعِيْلًا	مَلِيْوًا ⓬	مريم:46
مَلِيْكٍ [1]	بادشاہ	اسم مبالغہ	//	ضرب	//	صحیح	م ل ك	فَعِيْلٍ	×	القمر:55
مُلِيْمٌ [2]	ملامت کررہا تھا	اسم فاعل	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ل و م	مُفِيْلٌ	مُلْوِمٌ ⓭	الصافات:142
مِمَّ	کس چیز سے	یہ مرکب ہے	×	×	×	×	×	×	مِنْ مَا ⓮	الطارق:5

❶ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❷ اس سے مراد فرشتے ہیں جو وحی کو لانے والے ہیں، بعض نے اس سے ہوائیں مراد لی ہیں۔ ❸ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء جمع ہونے سے ایک یاء کو گرا دیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❹ یہ حاصل مصدر کے طور پر استعمال ہو رہا ہے۔ ❺ ج: اَمْلَاكٌ و مُلُوْكٌ ۔ ❻ اس میں قلب ہوا ہے، یعنی فاء کلمہ میں آنے والے ہمزہ کو عین کلمہ میں آنے والے لام کے بعد لے گئے، تو یہ مَلْأَكٌ بروزن مَعْفَلٌ ہو گیا، ہمزہ مفرد متحرک اس کا ماقبل ساکن ہے تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا (قاعدہ: يَسَلُ)، اس کی اصل کے بارے میں متعدد اقوال ہیں: ① یہ مہموز الفاء أَلُوكة (پیغام) سے مشتق ہے۔ ② یہ مہموز العین لَأَكَ سے مشتق ہے، اس طرح مَلَكٌ اصل میں مَلْأَكٌ ہوگا، ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے کر ہمزہ کو گرا دیا۔ ③ یہ اجوف واوی لَوْكَ سے مشتق ہے، تو مَلَكٌ اصل میں مَلَاكٌ تھا، عین کلمہ کو تخفیفاً حذف کر دیا، ج: مَلَائِكَةٌ۔ ❼ یہ مصدر بطور مبالغہ کے استعمال ہو رہا ہے، اس کے آخر میں تاء مبالغہ کے لیے زائدہ ہے، یہ لفظ اللہ تعالیٰ کی بادشاہت کے ساتھ مخصوص ہے، یا یہ اسم مبالغہ ہے، اس سے مراد مخلوقات ہیں۔ ❽ اس میں قلب ہوا ہے، یعنی فاء کلمہ میں آنے والے ہمزہ کو عین کلمہ میں آنے والے لام کے بعد لے گئے، تو یہ مَلْأَكَيْنِ بروزن مَعْفَلَيْنِ ہو گیا، ہمزہ مفرد متحرک اس کا ماقبل ساکن ہے تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا (قاعدہ: يَسَلُ)، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے، م: مَلَكٌ، ج: مَلَائِكَةٌ، (مزید تفصیل کے لیے دیکھیں مَلَكٌ)۔ ❾ م: مَلِكٌ۔ ❿ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی۔ ⓫ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: يُقَالُ)، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓬ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیا (قاعدہ: مَرْمِيٌّ)۔ ⓭ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ⓮ یہ دو کلمے ہیں مِنْ اور مَا، مِنْ حرف جر اور ما اسم استفہام ہے، حرف جر کے بعد ما کا الف گر گیا، پھر نون کو میم سے بدل کر میم میں ادغام کر دیا۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مِمَّا 111	اس سے جو	×	×	×	×	×	×	×	مِنْ مَا ❶	البقرة:23
مَمَاتُهُمْ 3	ان کی موت	مصدر میمی	//	نصر	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	م و ت	مَفْعَلُ	مَمْوَتُ ❷	الجاثية:21
الْمُمْتَرِيْنَ 4	شک کرنے والوں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	افتعال	ثلاثی مزید فیہ	ناقص یائی	م ری	مُفْتَعِيْنَ	مُمْتَرِيِيْنَ ❸	البقرة:147
مُمَدَّدَةٍ 1	لمبے	اسم مفعول	واحد مؤنث	تفعیل	//	مضاعف ثلاثی	م د د	مُفَعَّلَةٍ	×	الهمزة:9
مُمِدُّكُمْ 1	تمہاری مدد کرنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	افعال	//	//	//	مُفْعِلُ	مُمْدِدُ ❹	الأنفال:9
مَمْدُوْدٍ 1	لمبے	اسم مفعول	//	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	مَفْعُوْلٍ	×	الواقعة:30
مُمَرَّدٌ 1	جڑاؤ کیا گیا	//	//	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	م ر د	مُفَعَّلٌ	//	النمل:44
مُمَزَّقٍ 2	ریزہ ریزہ ہونا	مصدر میمی	×	//	//	//	م ز ق	مُفَعَّلٍ	× ❺	سبا: 7
مُمْسِكَ 1	وہ بند کردے	اسم فاعل	واحد مذکر	افعال	//	//	م س ك	مُفْعِلَ	×	فاطر:2
مُمْسِكَاتُ 1	روک سکتے	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	مُفْعِلَاتُ	//	الزمر:38
مُمْطِرُنَا 1	ہم پر بارش برسائے گا	//	واحد مذکر	//	//	//	م ط ر	مُفْعِلُ	//	الأحقاف:24
مَمْلُوْكًا 1	ملکیت میں آیا ہوا	اسم مفعول	//	ضرب	ثلاثی مجرد	//	م ل ك	مَفْعُوْلًا	× ❻	النحل:75
مِمَّنْ 1	اس سے جس نے	یہ مرکب ہے	×	×	×	×	×	×	مِنْ مَنْ ❼	البقرة:114
مَمْنُوْعَةٍ 1	روکے جانے والے	اسم مفعول	واحد مؤنث	فتح	ثلاثی مجرد	صحیح	م ن ع	مَفْعُوْلَةٍ	×	الواقعة:33
مَمْنُوْن 4	ختم کیا جانے والا	//	واحد مذکر	نصر	//	مضاعف ثلاثی	م ن ن	مَفْعُوْلٍ	//	حم السجدة:8
مَنْ 417	کون	اسم استفہام	//	×	×	×	×	×	× ❽	حم السجدة:33
مِنْ 2341	سے	حرف جر	×	//	//	//	//	//	× ❾	بني اسرائيل:1
مَنَّ 6	احسان کیا	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	م ن ن	فَعَلَ	مَنَنَ ❿	ال عمران:164
الْمَنَّ 4	منّ	اسم جامد	اسم جنس	×	//	//	//	فَعْلَ	مَنْنَ ⓫	البقرة:57
مَنًّا 2	احسان کرنا	(اسم) مصدر	×	نصر	//	//	//	فَعْلًا	مَنْنًا ⓬	محمد:4

❶ یہ دو کلمے ہیں مِنْ اور مَا ، مِنْ حرف جر اور مَا موصولہ، مصدریہ یا زائدہ ہے، پھر نون کو میم سے بدل کر میم میں ادغام کردیا۔ ❷ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ) ۔ ❸ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء جمع ہونے سے ایک یاء کو گرا دیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ) ، یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❹ دو متحرک ہم جنس حرف دال ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہے تو پہلے دال کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، اور پہلے دال کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: يَمُدُّ)۔ ❺ بعض کے نزدیک یہ اسم مصدر ہے۔ ❻ ج : مَمَالِيْكُ ۔ ❼ یہ دو کلمے ہیں مِنْ حرف جر اور مَنْ اسم موصول ہے، نون اور میم قریب المخرج ہیں تو نون کو میم سے بدل کر میم میں ادغام کر دیا۔ ❽ مَنْ کی درج ذیل تین قسمیں ہیں: ١۔ اسم استفہام، جیسے: مَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا (حم السجدة:33) ٢۔ اسم شرط، جیسے: مَنْ يَعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ (النساء: 123) ٣۔ اسم موصول، جیسے: مَنْ تَزَكّٰى (الأعلىٰ: 14)۔ ❾ یہ متعدد معانی کے لیے آتا ہے، مذکورہ بالا آیت کریمہ میں یہ ابتداء کے لیے آیا ہے، اس کے علاوہ یہ درج ذیل معانی کے لیے آتا ہے، بعضیہ، بیانیہ، سببیہ، بدل، ظرفیت، تعلیل، فصل، کبھی یہ زائدہ بھی ہوتا ہے، جیسے: ﴿ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ ﴾، تفصیل کے لیے دیکھیں کتب نحو۔ ❿ دو متحرک ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے نون کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدَّ)، ⓫ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ) ، مَنْ سے مراد میٹھا گوند ہے جو کھایا جاتا ہے یا ترنجبین ہے، اللہ تعالیٰ نے اسے بطور غذا بنی اسرائیل پر نازل کیا تھا، یہ اصل میں مصدر بمعنی اسم مفعول ہے یعنی ممنون بہ ہے۔ ⓬ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس کے معنی ''احسان جتلانا'' بھی ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ البقرۃ :262 میں ہے ﴿مَنًّا﴾ ''احسان جتلانا''۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مَنَاةَ [1]	منات	اسم جامد	واحد مؤنث	×	ثلاثی مجرد	ناقص یائی	م ن ی	فَعَلَة	مَنَيَة ❶	النجم:20
الْمُنَادِ [1]	پکارنے والا	اسم فاعل	واحد مذکر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ن د و	مُفَاع	الْمُنَادِوُ ❷	ق:41
مُنَادِيًا [1]	آواز دینے والا	//	//	//	//	//	//	مُفَاعِلًا	مُنَادِوًا ❸	ال عمران:193
مَنَازِلَ [2]	منزلیں	اسم ظرف	جمع مکسر	ضرب	ثلاثی مجرد	صحیح	ن ز ل	مَفَاعِلَ	× ❹	یونس:5
مَنَاسِكَنَا [2]	ہمارے حج کرنے کے طریقے	مصدر میمی	//	نصر	//	//	ن س ك	//	× ❺	البقرۃ:128
مَنَاصٍ [1]	بھاگنے	//	×	//	//	اجوف واوی	ن و ص	مَفْعَلٍ	مَنْوَصٍ ❻	صٓ:3
مَنَّاعٍ [2]	روکنے والے	اسم مبالغہ	واحد مذکر	فتح	//	صحیح	م ن ع	فَعَّالٍ	×	قٓ:25
مَنَافِعُ [8]	کچھ فائدہ	مصدر میمی	جمع مکسر	//	//	//	ن ف ع	مَفَاعِلُ	× ❼	البقرۃ:219
الْمُنَافِقَاتُ [5]	منافق عورتیں	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	ن ف ق	مُفَاعِلَاتُ	×	التوبۃ:67
مُنَافِقُوْنَ [8]	منافق	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفَاعِلُوْنَ	× ❽	التوبۃ:101

❶ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف سے بدل دیا (قاعدہ:قال)، یہ ایک بت کا نام ہے، یہ مَنَى يَمْنِي مَنْيًا (بہانے) سے ماخوذ ہے، اس کا تقرب حاصل کرنے کے لیے لوگ کثرت سے اس کے پاس جانور ذبح کر کے خون بہاتے تھے، اور بارش کے لیے دعا کی جاتی تھی، قبیلہ بنو ہذیل اور بنو خزاعہ وغیرہ اس کو پوجتے تھے، یہ مکہ اور مدینہ کے درمیان مُشَلل جگہ میں واقع تھا۔ ❷ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوَا) ، پھر اسے تخفیفاً حذف کر دیا گیا۔ ❸ واؤ اسم فاعل کے آخر میں واقع ہو کر یاء ہو گئی (قاعدہ:دَاعٍ)، اس میں قاعدہ رَضِیَ بھی جاری ہو سکتا ہے۔ ❹ یہ جمع منتھی الجموع ہونے کی وجہ سے غیر منصرف ہے، م: مَنْزِلٌ۔ ❺ م: مَنْسَكٌ ، کبھی یہ غیر قیاسی طور پر مَنْسِكٌ بھی آجاتا ہے، اس کے معنی ہیں ''اللہ کے تقرب کے لیے قربانی کرنا'' اور اس کے معنی اطاعت و عبادت بھی ہوتے ہیں، یا یہ اسم ظرف ہے، اس کے معنی ہیں ''قربانی کرنے کی جگہ، یا عبادت کی جگہ۔ ❻ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ:یُقَالُ)۔ ❼ یہ جمع منتھی الجموع ہونے کی وجہ سے غیر منصرف ہے، م: مَنْفَعَةٌ، یہ تاء زائدہ مبالغہ کے لیے ہے۔ ❽ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
اَلْمُنَافِقِيْنَ [19]	منافقوں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ن ف ق	مُفَاعِلِيْنَ	× ❶	النساء:61
مَنَاكِبِهَا [1]	اس کے راستوں	اسم جامد	جمع مکسر	×	//	//	ن ك ب	مَفَاعِلِ	× ❷	الملك:15
اَلْمَنَامِ [4]	خواب	مصدر میمی	×	سمع	ثلاثی مجرد	اجوف واوی	ن و م	مَفْعَلِ	مَنْوَمِ ❸	الصافات:102
مُنْبَثًّا [1]	پھیلا ہوا	اسم فاعل	واحد مذکر	انفعال	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ب ث ث	مُنْفَعِلًا	مُنْبَثِثًا ❹	الواقعة:6
مُنْتَشِرٌ [1]	بکھری ہوئی	//	//	افتعال	//	صحیح	ن ش ر	مُفْتَعِلٌ	×	القمر:7
مُنْتَصِرٌ [2]	غالب آنے والی	//	//	//	//	//	ن ص ر	//	× ❺	القمر:44
مُنْتَصِرِيْنَ [2]	مقابلہ کر سکتے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْتَعِلِيْنَ	× ❻	الذاريات:45
مُنْتَظِرُوْنَ [3]	انتظار کرنے والوں	//	//	//	//	//	ن ظ ر	مُفْتَعِلُوْنَ	× ❼	الأنعام:158
اَلْمُنْتَظِرِيْنَ [3]	//	//	//	//	//	//	//	مُفْتَعِلِيْنَ	× ❻	الأعراف:71
مُنْتَقِمُوْنَ [3]	انتقام لینے والے	//	//	//	//	//	ن ق م	مُفْتَعِلُوْنَ	× ❼	السجدة:22
اَلْمُنْتَهٰى [3]	منتہیٰ	مصدر میمی	×	//	//	ناقص یائی	ن ہ ی	مُفْتَعَل	مُنْتَهَی ❽	النجم:42
مُنْتَهُوْنَ [1]	باز آنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْتَعُوْنَ	مُنْتَهِيُوْنَ ❾	المائدة:91
مَنْثُوْرًا [2]	اڑتے ہوئے	اسم مفعول	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ن ث ر	مَفْعُوْلًا	×	الفرقان:23
مُنَجُّوْكَ [2]	نجات دینے والے ہیں تجھ کو	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	ناقص واوی	ن ج و	مُفَعُّوْ	مُنَجِّوُوْنَ ❿	العنكبوت:33
اَلْمُنْخَنِقَةُ [1]	گلا گھونٹ کر مرنے والے	//	واحد مؤنث	انفعال	//	صحیح	خ ن ق	مُنْفَعِلَةُ	×	المائدة:3
مُنْذِرٌ [5]	ڈرانے والا	//	واحد مذکر	افعال	//	//	ن ذ ر	مُفْعِلٌ	//	الرعد:7
مُنْذِرُوْنَ [1]	ڈرانے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْعِلُوْنَ	× ❼	الشعراء:208
مُنْذِرِيْنَ [19]	//	//	//	//	//	//	//	مُفْعِلِيْنَ	× ❶	البقرة:213
اَلْمُنْذَرِيْنَ [5]	ڈرائے جانے والوں	اسم مفعول	//	//	//	//	//	مُفْعَلِيْنَ	× ❻	يونس:73

❶ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❷ م :مَنْکِبٌ، اس کے مختلف لغوی معنی ہیں:۱۔گوشہ، کنارہ، پہلو، طرف اس معنی کے اعتبار سے
یہاں مَنَاکِب سے مراد زمین کے اطراف واکناف ہیں۲۔کندھا۳۔بلند جگہ اس معنی کے لحاظ سے بعض نے مَنَاکِب سے زمین کے پہاڑ مراد لیے ہیں۔ ❸ واؤ متحرک
ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا(قاعدہ:یُقَالُ)، اس کے معنی ''سونا اور نیند'' بھی ہوتے ہیں، جیسا کہ
سورۃ الروم :23 میں ہے﴿ مَنَامُكُمْ ﴾ ''تمہارا سونا'' اور سورۃ الزمر:42 میں ہے﴿مَنَامِهَا﴾ ''ان کی نیند''۔ ❹ دو متحرک ہم جنس حرف ثاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان
کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے ثاء کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا(قاعدہ:مَدَّ)۔ ❺ اس کے معنی ''بدلہ لینا'' بھی ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ الکھف: 43 میں ہے﴿
مُنْتَصِرًا﴾ ''بدلہ لینے والا''۔ ❻ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❼ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❽ یاء متحرک ماقبل مفتوح، یاء کو الف
سے بدل دیا(قاعدہ:قال)، کبھی اس سے مراد اسم مفعول لیا جاتا ہے، کبھی یہ اسم ظرف ہوتا ہے، جیسا کہ سورۃ النجم:14 میں ہے﴿ اَلْمُنْتَهٰى ﴾ ''آخری حد''۔ ❾ لام کلمہ
میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی(قاعدہ:رَضُوْا)، یہ اس کی رفعی
حالت ہے۔ ❿ لام کلمہ میں حرف علت واؤ مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی
(قاعدہ: رَضُوْا)، پھر اضافت کی وجہ سے نون جمع بھی گر گیا، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔

الفاظ	معانی	اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مُنَزَّلٌ [1]	اتاری گئی	اسم مفعول	واحد مذکر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ن ز ل	مُفَعَّلٌ	×	الأنعام:114
مُنْزَلًا [1]	جگہ	اسم ظرف	واحد	افعال	//	//	//	مُفْعَلًا	//	المؤمنون:29
مُنَزِّلُهَا [1]	اتارنے والا ہوں اس کو	اسم فاعل	واحد مذکر	تفعیل	//	//	//	مُفَعِّلٌ	//	المائدة:115
مُنْزِلُوْنَ [2]	اتارنے والے	//	جمع مذکر سالم	افعال	//	//	//	مُفْعِلُوْنَ	× ❶	العنكبوت:34
مُنْزِلِيْنَ [3]	//	//	//	//	//	//	//	مُفْعِلِيْنَ	× ❷	یسٓ:28
مُنْزَلِيْنَ [1]	اتارے جانے والے	اسم مفعول	//	//	//	//	//	مُفْعَلِيْنَ	//	ال عمران:124
مِنْسَاَتَهٗ [1]	اس کی لاٹھی	اسم آلہ	واحد	فتح	ثلاثی مجرد	مہموز اللام	ن س ء	مِفْعَلَة	×	سبا:14
مَنْسَكًا [2]	قربانی کا طریقہ	مصدر میمی	×	نصر	//	صحیح	ن س ك	مَفْعَلًا	× ❸	الحج:34
مَنْسِيًّا [1]	بھلائی ہوئی	اسم مفعول	واحد مذکر	سمع	//	ناقص یائی	ن س ی	مَفْعُوْلًا	مَنْسُوْيًا ❹	مریم:23
الْمُنْشَئٰتُ [1]	بادبان اٹھائے ہوئے	//	جمع مؤنث سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	مہموز اللام	ن ش ء	مُفْعَلَاتٌ	×	الرحمٰن:24
الْمُنْشِئُوْنَ	پیدا کرتے ہیں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْعِلُوْنَ	× ❶	الواقعة:72
مُنَشَّرَةً	کھلی کھلی	اسم مفعول	واحد مؤنث	تفعیل	//	صحیح	ن ش ر	مُفَعَّلَةً	×	المدثر:52
بِمُنْشَرِيْنَ	دوبارہ اٹھائے جانے والے	//	جمع مذکر سالم	افعال	//	//	//	مُفْعَلِيْنَ	× ❷	الدخان:35
مَنْشُوْرٍ [2]	کھلے	//	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	//	//	مَفْعُوْلٍ	×	الطور:3
مَنْصُوْرًا [1]	مدد کی گئی	//	//	//	//	//	ن ص ر	مَفْعُوْلًا	//	بنی اسرائیل:33
الْمَنْصُوْرُوْنَ [1]	جن کی مدد کی جائے گی	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مَفْعُوْلُوْنَ	× ❶	الصافات:172
مَنْضُوْدٍ [2]	تہ بہ تہ	//	واحد مذکر	ضرب	//	//	ن ض د	مَفْعُوْلٍ	×	هود:82
مَنْطِقَ [1]	بولی	مصدر میمی	×	//	//	//	ن ط ق	مَفْعِلَ	× ❻	النمل:16
مُنْظَرُوْنَ [1]	مہلت دیے جانے والے	اسم مفعول	جمع مذکر سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ن ظ ر	مُفْعَلُوْنَ	× ❶	الشعراء:203
مُنْظَرِيْنَ [5]	مہلت دیے گئے	//	//	//	//	//	//	مُفْعَلِيْنَ	× ❷	الحجر:8
مَنَعَ [8]	منع کرے	فعل ماضی معلوم	واحد مذکر غائب	فتح	ثلاثی مجرد	//	م ن ع	فَعَلَ	×	البقرة:114
مُنِعَ [1]	روک لیا گیا	فعل ماضی مجہول	//	//	//	//	//	فُعِلَ	//	یوسف:63
مُنْفَطِرٌ [1]	پھٹ جائے گا	اسم فاعل	واحد مذکر	انفعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ف ط ر	مُنْفَعِلٌ	//	المزمل:18
الْمُنْفِقِيْنَ [1]	خرچ کرنے والے	//	جمع مذکر سالم	افعال	//	//	ن ف ق	مُفْعِلِيْنَ	× ❺	ال عمران:17

❶ یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❷ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❸ کبھی یہ غیر قیاسی طور پر مَنْسِكٌ بھی آجاتا ہے، اس کے معنی ہیں ''اللہ کے تقرب کے لیے قربانی کرنا'' اور اس کے معنی اطاعت وعبادت بھی ہوتے ہیں، یا یہ اسم ظرف ہے اور اس کے معنی ہیں ''قربانی کرنے کی جگہ، یا عبادت کی جگہ''، ج: مَنَاسِكُ۔ ❹ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیا، اور یاء کی مناسبت سے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا (قاعدہ: مَرْمِيٌّ)۔ ❺ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❻ یہاں یہ حاصل مصدر کے طور پر استعمال ہو رہا ہے، اس کے معنی ''کلام، گفتگو'' ہیں۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مُنفَكِّيْنَ [1]	باز آنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	انفعال	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	ف ك ك	مُنْفَعِلِيْنَ	مُنْفَكِكِيْنَ ①	البينة:1
الْمَنفُوْشِ [1]	دھنکی ہوئی اون	اسم مفعول	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ن ف ش	مَفْعُوْلِ	×	القارعة:5
مُنْقَعِرٍ [1]	اکھڑی ہوئی	اسم فاعل	//	انفعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ق ع ر	مُنْفَعِلٍ	//	القمر:20
مُنْقَلَبًا [2]	لوٹنے کی جگہ	اسم ظرف	واحد	//	//	//	ق ل ب	مُنْفَعَلًا	//	الكهف:36
مُنقَلِبُوْنَ [3]	واپس ہونے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُنْفَعِلُوْنَ	× ②	الأعراف:125
مَنْقُوْصٍ [1]	کم کیے گئے	اسم مفعول	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	//	ن ق ص	مَفْعُوْلٍ	×	هود:109
مُنْكَرٍ [16]	برائی	//	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ن ك ر	مُفْعَلٍ	//	المائدة:79
مُنْكِرَةٌ [1]	انکار کر رہے	اسم فاعل	واحد مؤنث	//	//	//	//	مُفْعِلَةٌ	//	النحل:22
مُنْكِرُوْنَ [3]	نہ پہچاننے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْعِلُوْنَ	× ②	يوسف:58
مُنْكَرُوْنَ [2]	اجنبی	اسم مفعول	//	//	//	//	//	مُفْعَلُوْنَ	× ②	الحجر:62
مَنَنَّا [2]	ہم نے احسان کیا	فعل ماضی معلوم	جمع متکلم	نصر	ثلاثی مجرد	مضاعف ثلاثی	م ن ن	فَعَلْنَا	مَنَنْنَا ③	طه:37
مِنْهَاجًا [1]	طریقہ	اسم آلہ	واحد مذکر	فتح	//	صحیح	ن ه ج	مِفْعَالًا	× ④	المائدة:48
مُنْهَمِرٍ [1]	زور سے برسنے والا	اسم فاعل	//	انفعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ه م ر	مُنْفَعِلٍ	×	القمر:11
مَنُوْعًا [1]	بہت روکنے والا	اسم مبالغہ	//	فتح	ثلاثی مجرد	//	م ن ع	فَعُوْلًا	//	المعارج:21
الْمَنُوْنِ [1]	زمانہ	اسم جامد	//	×	ثلاثی مزید فیہ	مضاعف ثلاثی	م ن ن	فَعُوْلِ	× ⑤	الطور:30
مَنِيٍّ [1]	منی	//	//	//	//	ناقص واوی	م ن و	فَعِيْلٍ	مَنِيْوٍ ⑥	القيامة:37
مُنِيْبٌ [5]	رجوع کرنے والا	اسم فاعل	//	افعال	//	اجوف واوی	ن و ب	مُفْعِلٌ	مُنْوِبٌ ⑦	هود:75
مُنِيْبِيْنَ [2]	رجوع کرتے ہوئے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْعِلِيْنَ	مُنْوِبِيْنَ ⑧	الروم:31
مُنِيْرٍ [6]	روشن	//	واحد مذکر	//	//	//	ن و ر	مُفْعِلٍ	مُنْوِرٍ ⑦	الحج:8

① دو متحرک ہم جنس حرف کاف ایک کلمہ میں جمع ہوئے، ان کا ماقبل متحرک ہے تو پہلے کاف کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ:مَدَّ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ② یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ③ دو ہم جنس حرف نون ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کردیا (قاعدہ:مَدَّ)۔ ④ اس باب سے اسم ظرف کا اس وزن پر آنا غیر قیاسی ہے۔ ⑤ ﴿ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴾ کے معنی ہیں ’’تکالیف زمانہ، حوادثات زمانہ‘‘، مَنُوْن کے معنی ’’موت‘‘ بھی ہوتے ہیں۔ ⑥ واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے اور ان میں سے پہلا ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کردیا (قاعدہ: سَيِّدٌ)، منی سے مراد وہ سفید و گاڑھا سیال مادہ ہے جو جماع اور جنسی تحریک پر جھٹکے کے ساتھ اچھل کر خارج ہوتا ہے، اس کے نکلنے سے غسل فرض ہوجاتا ہے، ج: مُنًى، بعض کے نزدیک یہ اصل میں صفت مشبہ ہے۔ ⑦ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ:يُقَالُ)۔ ⑧ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ:يُقَالُ)، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔

م ھ

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مُهَاجِرٌ 2	ہجرت کرنے لگا	اسم فاعل	واحد مذکر	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ہ ج ر	مُفَاعِلٌ	×	العنكبوت:26
مُهَاجِرَاتٍ 1	ہجرت کرکے	//	جمع مؤنث سالم	//	//	//	//	مُفَاعِلَاتٍ	//	الممتحنة:10
الْمُهَاجِرِيْنَ 5	مہاجروں	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفَاعِلِيْنَ	× ❶	التوبة:100
مِهَادٌ 7	بچھونا	اسم جامد	واحد مذکر	×	//	//	م ہ د	فِعَالٌ	× ❷	الأعراف:41
مُهَانًا 1	ذلیل ہوکر	اسم مفعول	//	افعال	//	اجوف واوی	ہ و ن	مُفْعَلًا	مُهْيَنًا ❸	الفرقان:69
الْمُهْتَدِ 2	ہدایت والے	اسم فاعل	//	افتعال	//	ناقص یائی	ہ د ی	مُفْتَعِ	× ❹	بني اسرائيل:97
مُهْتَدٍ 1	ہدایت پر رہے	//	//	//	//	//	//	مُفْتَعٍ	مُهْتَدِيٌ ❺	الحديد:26
مُهْتَدُوْنَ 8	ہدایت پانے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْتَعُوْنَ	مُهْتَدِيُوْنَ ❻	الأنعام:82
الْمُهْتَدِيْ 1	ہدایت والا	//	واحد مذکر	//	//	//	//	مُفْتَعِلُ	مُهْتَدِيُ ❼	الأعراف:178
مُهْتَدِيْنَ 9	ہدایت پانے والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْتَعِيْنَ	مُهْتَدِيِيْنَ ❽	البقرة:16
مَهْجُوْرًا 1	چھوڑا ہوا	اسم مفعول	واحد مذکر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	ہ ج ر	مَفْعُوْلًا	×	الفرقان:30
مَهْدًا 5	بچھونا	اسم جامد	//	×	//	//	م ہ د	فَعْلًا	× ❾	طٰه:53
مَهَّدْتُّ 1	وسعت دی	فعل ماضی معلوم	واحد متکلم	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعَّلْتُ	مَهَّدْتُ ❿	المدثر:14
مَهْزُوْمٌ 1	شکست خوردہ	اسم مفعول	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	ہ ز م	مَفْعُوْلٌ	×	صٓ:11
مُهْطِعِيْنَ 3	وہ دوڑ رہے ہوں گے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	ہ ط ع	مُفْعِلِيْنَ	× ⓫	ابراهيم:43
كَالْمُهْلِ 3	پگھلے ہوئے تانبے کی طرح	اسم جامد	واحد مذکر	×	ثلاثی مجرد	//	م ہ ل	فُعْلِ	×	الكهف:29
مَهِّلِ 1	تم مہلت دو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	ثلاثی مزید فیہ	//	//	فَعِّلِ	مَهِّلْ ⓬	الطارق:17
مُهْلِكَ 3	ہلاک کرتا	اسم فاعل	واحد مذکر	افعال	//	//	ہ ل ك	مُفْعِلَ	×	الأنعام:131
مَهْلِكَ 2	ہلاکت کے وقت	اسم ظرف	واحد	ضرب	ثلاثی مجرد	//	//	مَفْعِلَ	× ⓭	النمل:49
مُهْلِكُوْا 2	ہلاک کرنے والے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	//	مُفْعِلُوْا	مُهْلِكُوْنَ ⓮	العنكبوت:31

❶ یہ اس کی جری حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❷ ج: اَمْهِدَةٌ و مُهُدٌ ،بعض کے نزدیک یہ اصل میں مصدر ہے، اور بعض کے نزدیک مَهْد مفرد اور مِهَاد جمع ہے۔ ❸ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی، یاء سے فتحہ نقل کیا گیا اسے الف سے بدل دیا (قاعدہ: يُقَالُ)۔ ❹ یاء کو تخفیفاً رسم الخط سے حذف کیا گیا ہے۔ ❺ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی، پھر دو ساکن یاء اور نون تنوین جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❻ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ ہے اس کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا) ، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ❼ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)۔ ❽ لام کلمہ میں حرف علت یاء مکسور اس کا ماقبل بھی مکسور تو حرف علت کی حرکت کو گرا دیا، پھر دو ساکن یاء جمع ہونے سے ایک یاء کو گرا دیا (قاعدہ: تَرْمِيْنَ) ، یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❾ ج: مُهُوْدٌ، اصل میں یہ مصدر ہے، پھر اسم جامد کے معنی میں استعمال ہونے لگا۔ ❿ دو ہم مخرج حرف دال اور تاء ایک کلمہ میں جمع ہوئے ان میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے تو پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیا (قاعدہ: مَدٌّ)، اس صورت میں لکھنے میں دونوں حرفوں آتے ہیں جب کہ پڑھنے میں صرف ایک حرف آتا ہے۔ ⓫ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی جری حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ⓬ یہ اصل میں مبنی بر سکون تھا، آگے ساکن کے ساتھ ملانے کے لیے اسے کسرہ دے دیا۔ ⓭ سورۃ الکھف :59 میں ہے: ﴿ لِمَهْلِكِهِمْ ﴾ ''ان کی ہلاکت کے لیے''، یہ باب ضرب کا مصدر میمی ہے۔ ⓮ اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔

الفاظ وتعداد	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مُهْلِكِي 1	ہلاک کرتے	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	صحیح	ہ ل ك	مُفْعِلِي	مُهْلِكِيْنَ ❶	القصص:59
الْمُهْلَكِيْنَ 1	ہلاک ہونے والوں	اسم مفعول	//	//	//	//	//	مُفْعَلِيْنَ	× ❷	المؤمنون:48
مَهِّلْهُمْ 1	مہلت دو ان کو	فعل امر حاضر معلوم	واحد مذکر حاضر	تفعیل	//	//	م ہ ل	فَعِّلْ	×	المزمل:11
مَهْمَا 1	خواہ کوئی بھی	اسم جامد	×	×	×	×	×	×	× ❸	الأعراف:132
مَهِيْلًا 1	بھربھرے	اسم مفعول	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	اجوف یائی	ہ ی ل	مَفْعُلًا	مَهْيُوْلًا ❹	المزمل:14
مُهَيْمِنًا 2	محافظ	اسم فاعل	//	فَعْلَلَة	رباعی مجرد	//	ہ ی م ن	مُفَعْلِلًا	× ❺	المائدة:48
مَهِيْنٌ 4	حقیر	صفت مشبہ	//	کرم	ثلاثی مجرد	صحیح	م ہ ن	فَعِيْلٌ	× ❻	الزخرف:52
مُهِيْنٌ 14	رسوائی والا	اسم فاعل	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	اجوف واوی	ہ و ن	مُفْعِلٌ	مُهْوِنٌ ❼	البقرة:90
مَوَاخِرَ 2	پھاڑنے والی	//	جمع مکسر	نصر	ثلاثی مجرد	صحیح	م خ ر	فَوَاعِلَ	× ❽	النحل:14
الْمَوَازِيْنَ 7	ترازو	اسم آلہ	//	ضرب	//	مثال واوی	و ز ن	مَفَاعِيْلَ	× ❾	الأنبياء:47
مَوَاضِعِهٖ 3	ان کی اصلی جگہوں	اسم ظرف	//	فتح	//	//	و ض ع	مَفَاعِلِ	× ❿	النساء:46
مَوَاطِنَ 1	جگہوں	//	//	ضرب	//	//	و ط ن	مَفَاعِلَ	× ⓫	التوبة:25
بِمَوَاقِعِ 1	گرنے کی جگہوں	//	//	فتح	//	//	و ق ع	مَفَاعِلِ	× ⓬	الواقعة:75
مُوَاقِعُوْهَا 1	گرنے والے اس میں	اسم فاعل	جمع مذکر سالم	مفاعلہ	ثلاثی مزید فیہ	//	//	مُفَاعِلُوْ	مُوَاقِعُوْنَ ⓭	الكهف:53
مَوَاقِيْتُ 1	وقت معلوم کرنے کے ذریعے	اسم آلہ	جمع مکسر	ضرب	ثلاثی مجرد	//	و ق ت	مَفَاعِيْلُ	× ⓮	البقرة:189
مَوَالِيَ 2	وارث	صفت مشبہ	//	حسب	//	لفیف مفروق	و ل ی	مَفَاعِلَ	× ⓯	النساء:33
مَوَالِيْكُمْ 1	تمہارے دوست	//	//	//	//	//	//	مَفَاعِلَ	مَوَالِيُ ⓰	الأحزاب:5

❶ اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی جری حالت ہے۔ ❷ یہ اس کی نصبی حالت ہے، اس کی نصبی حالت بھی اسی طرح آتی ہے۔ ❸ یہ اسم شرط ہے، مَا کی طرح دو فعلوں کو جزم دیتا ہے، کبھی استفہام کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ❹ یاء متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن یاء کی حرکت ماقبل کو دے دی (قاعدہ: یُقَالُ) دو ساکن یاء اور واؤ جمع ہونے سے یاء گر گئی تو یہ مَهُوْلًا ہو گیا، پھر اجوف یائی میں ضمہ منقولہ کو کسرہ سے بدل دیا، اب واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء بن گئی (قاعدہ: مَبِيْعٌ)۔ ❺ سورۃ الحشر :23 میں ﴿اَلْمُهَيْمِنُ﴾ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ہے۔ ❻ بعض کے نزدیک یہ اجوف واوی ہون سے مشتق اسم مفعول ہے جو اصل میں مَهْوُوْنٌ تھا، واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے ضمہ نقل کیا گیا اسے اس کی حالت پر رہنے دیا (قاعدہ: یُقَالُ)، پھر دو ساکن واؤ جمع ہونے سے ایک واؤ گر گئی تو یہ مَهُوْنٌ ہو گیا، اب ضمہ منقولہ کو کسرہ سے بدل دیا تو یہ مَهِوْنٌ ہو گیا، واؤ ساکن غیر مدغم ماقبل مکسور واؤ کو یاء سے بدل دیا (قاعدہ: مِيْزَانٌ)، اس کے معنی ''ذلیل'' بھی ہوتے ہیں، جیسا کہ سورۃ القلم :10 میں ہے ﴿كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ﴾ ''بہت قسمیں اٹھانے والے ذلیل''۔ ❼ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی، واؤ سے کسرہ نقل کیا گیا اسے یاء سے بدل دیا (قاعدہ: یُقَالُ)۔ ❽ یہ جمع منتہی الجموع کی وجہ سے غیر منصرف ہے، م: مَاخِرَةٌ۔ ❾ م: مِيْزَانٌ، اس کے معنی ''وزن'' بھی ہوتے ہیں، جیسا کہ سورہ الأعراف :8 میں ہے ﴿مَوَازِيْنُهٗ﴾ ''جن کے (عملوں کے) وزن'' یہاں مِيْزَانٌ بمعنی مَوْزُوْنٌ ہے یعنی وہ چیز جس کا وزن کیا جائے۔ ❿ م: مَوْضِعٌ، مضارع مفتوح العین ہونے کے باوجود اسم ظرف مَفْعِلٌ کے وزن پر اس لیے آیا ہے کہ یہ مثال ہے۔ ⓫ یہ جمع منتہی الجموع کی وجہ سے غیر منصرف ہے، م: مَوْطِنٌ۔ ⓬ بعض کے نزدیک یہ مصدر میمی ہے، اس کے معنی ہیں ''گرنا''، م: مَوْقِعٌ۔ ⓭ اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گیا ہے، یہ اس کی رفعی حالت ہے۔ ⓮ م: مِيْقَاتٌ یہ اصل میں مِوْقَاتٌ تھا، واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی (قاعدہ: مِيْزَانٌ)، یہ وزن تو اسم آلہ کا ہے لیکن یہ لفظ کبھی بطور ظرف مکان استعمال ہوتا ہے، جیسے: مَوَاقِيْتُ الْحَجِّ اور کبھی ظرف زمان، جیسے: مَوَاقِيْتُ الصَّلَاةِ شاید اس لیے کہ جس طرح بغیر آلے کے کام نہیں ہوتا اسی طرح ان اوقات سے پہلے نماز نہیں ہوتی۔ ⓯ م: مَوْلًى۔ ⓰ لام کلمہ میں حرف علت یاء مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت گر گئی (قاعدہ: رَضُوْا)، م: مَوْلًى، یہ دراصل اسم ظرف ہے جو بطور صفت مشبہ استعمال ہوتا ہے۔

الفاظ	معانی	سہ اقسام مع نوعیت	صیغہ	باب	شش اقسام	ہفت اقسام	مادہ	وزن	اصل	حوالہ
مَوْئِلًا [1]	کوئی پناہ گاہ	اسم ظرف	واحد	ضرب	ثلاثی مجرد	مثال واوی ومہموز العین	و ء ل	مَفْعِلًا	× ❶	الکھف:58
اَلْمَوْءُ وْدَةُ [1]	زندہ درگور کی ہوئی	اسم مفعول	واحد مؤنث	//	//	//	و ء د	مَفْعُوْلَةٌ	×	التکویر:8
مَوْبِقًا [1]	ہلاکت کی جگہ	اسم ظرف	واحد	//	//	مثال واوی	و ب ق	مَفْعِلًا	× ❷	الکھف:52
مَوْتًا [50]	موت	(اسم) مصدر	×	نصر	//	اجوف واوی	م و ت	فَعْلًا	×	الفرقان:3
اَلْمَوْتٰى [17]	مردوں	صفت مشبہ	جمع مکسر	//	//	//	//	فَعْلٰى	× ❸	البقرۃ:73
اَلْمَوْتَةَ [3]	موت	مصدر مرّہ	×	//	//	//	//	فَعْلَةَ	×	الدخان:56
مُوْتُوْا [2]	مرجاؤ	فعل امر حاضر معلوم	جمع مذکر حاضر	//	//	//	//	فُعْلُوْا	اُمْوُتُوْا ❹	البقرۃ:243
مَوْثِقًا [3]	پختہ عہد	مصدر میمی	×	حسب	//	مثال واوی	و ث ق	مَفْعِلًا	×	یوسف:66
مَوْجٌ [6]	ایک لہر	اسم جامد	اسم جنس جمعی	×	//	اجوف واوی	م و ج	فَعْلٌ	× ❺	النور:40
مَوَدَّةٌ [8]	محبت	مصدر میمی	×	سمع	//	مثال واوی ومضاعف ثلاثی	و د د	مَفْعَلَةٌ	مَوْدَدَةٌ ❻	النساء:73
مَوْرًا [1]	لرزنا	(اسم) مصدر	//	نصر	//	اجوف واوی	م و ر	فَعْلًا	×	الطور:9
اَلْمَوْرُوْدُ [1]	جس پر پینے کے لیے آیا جائے	اسم مفعول	واحد مذکر	ضرب	//	مثال واوی	و ر د	مَفْعُوْلُ	× ❼	ھود:98
فَالْمُوْرِيٰتِ [1]	پھر چنگاریاں اڑانے والوں	اسم فاعل	جمع مؤنث سالم	افعال	ثلاثی مزید فیہ	لفیف مفروق	و ر ی	مُفْعِلَاتِ	×	العادیات:2
مَوْزُوْنٍ [1]	مناسب مقدار	اسم مفعول	واحد مذکر	ضرب	ثلاثی مجرد	مثال واوی	و ز ن	مَفْعُوْلٍ	//	الحجر:19
اَلْمُوْسِعِ [1]	مالدار	اسم فاعل	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	//	و س ع	مُفْعِلِ	//	البقرۃ:236
لَمُوْسِعُوْنَ [1]	ضرور وسعت والے	//	جمع مذکر سالم	//	//	//	//	مُفْعِلُوْنَ	× ❽	الذاریات:47
مُوْسٰى [136]	موسیٰ علیہ السلام	اسم جامد	واحد مذکر	×	×	×	×	×	× ❾	البقرۃ:51
مُوْصٍ [1]	وصیت کرنے والے	اسم فاعل	//	افعال	ثلاثی مزید فیہ	لفیف مفروق	و ص ی	مُفْعٍ	مُوْصِيٌ ❿	البقرۃ:182
مَوْضُوْعَةٌ [1]	رکھے ہوئے	اسم مفعول	واحد مؤنث	فتح	ثلاثی مجرد	مثال واوی	و ض ع	مَفْعُوْلَةٌ	×	الغاشیۃ: 1
مَوْضُوْنَةٍ [1]	جڑاؤ کیے ہوئے	//	//	ضرب	//	//	و ض ن	مَفْعُوْلَةٍ	//	الواقعۃ:15

